# تفسیر مظہری

پارہ دسواں ( ۱۰ )


مفسر صاحب زادہ قاضی محمد ثناء اللہ

خلف الرشید

حکیم الامت مولانا الحاج المفتی احمد یار



ناشر القرآن پبلی کیشنز

اسمِ تاریخی

# اَشْرَفُ التَّفَاسِیْر

۱۳ ھ ۶۳

# تفسیر نعیمی

## پارہ دہم

پیرِ طریقت، مخزنِ حقیقت حکیم الامت الحاج مفتی احمد یار خان صاحب بدایونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر

نعیمی کتب خانہ مفتی احمد یار خان روڈ گجرات

الفاروق بک فاؤنڈیشن لاہور ہدیہ 240/-

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ

اور جانو تم کہ تحقیق چیز جو غنیمت بناؤ تم پس تحقیق اللہ کا ہے پانچواں حصہ اُسکا اور

اور جان لو کہ جو کچھ غنیمت لو تو اس کا پانچواں حصہ خاص

لِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ

اُن کے رسول کا اور رشتہ داروں کا اور یتیموں اور محتاجوں

اللہ اور رسول اور قرابت والوں اور یتیموں اور محتاجوں اور

وَابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا

اور مسافروں کا ہے اگر ہو تم ایمان رکھتے اللہ پر اور وہ جو اتارا ہم نے

مسافروں کا ہے اگر تم ایمان لاتے ہو اللہ پر اور اس پر جو ہم نے اپنے بندے پر

عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ

اوپر بندے اپنے کے دن فرق کے وہ دن کہ ملیں دو جماعتیں اور اللہ اوپر

فیصلہ کے دن اتارا جس دن دونوں فوجیں ملی تھیں اور اللہ

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾

ہر چیز کے قدرت والا ہے۔

سب کچھ کر سکتا ہے۔

**تعلق** اس آیہ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں جہاد کا ذکر ہوا وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ الخ اور اکثر جہاد میں فاتحین کو مال غنیمت بھی ملتا ہے۔ لہٰذا اب تقسیم غنیمت کے احکام بیان ہو رہے ہیں۔ دوسرا تعلق پچھلی آیات میں کفار اور ان کے مالوں کو خبیث فرمایا گیا تھا۔ اب ارشاد ہے کہ اگر ان کا مال جہاد میں بطور غنیمت آئے تو تمہارے لیے طیب ہے۔ بشرطیکہ اس کی تقسیم درست ہو تیسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ مسلمانو تمہارا والی تمہارا ناصر اللہ تعالیٰ ہے اب اس ولایت و نصرت کا ثبوت دیا جا رہا ہے۔ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا الخ

marfat.com

**شان نزول** عام علماء فرماتے ہیں کہ یہ آیۃ کریمہ غزوہ بدر کے موقعہ پر نازل ہوئی جب بعد فتح تقسیم غنیمت کا وقت آیا چونکہ اس سے پہلے کبھی مال غنیمت تقسیم نہ ہوا تھا۔ از حضرت آدم تا حضرت عیسیٰ علیہ السلام تمام گذشتہ دینوں میں مال غنیمت پہاڑ پر رکھ دیا جاتا اگر اس میں خیانت نہ ہوتی تو سفید رنگ کی غیبی آگ آتی اور اسے جلا ڈالتی۔ یہ علامت قبولیت تھی۔ بدر میں پہلا موقعہ تھا کہ مال غنیمت غازیوں میں تقسیم ہوا۔ اس لیے اس تقسیم کے طریقہ میں گفتگو ہوئی۔ تب یہ آیت کریمہ اتری۔ مگر امام واقدی فرماتے ہیں کہ یہ آیۃ کریمہ غزوہ بنی قینقاع کے موقعہ پر آئی۔ کیونکہ سب سے پہلے بنی قینقاع کی غنیمت سے خمس لیا گیا۔ بدر کی غنیمت سے خمس لیا ہی نہ گیا۔ خیال رہے کہ یہ غزوہ قینقاع غزوہ بدر سے ایک ماہ تین دن بعد ہوا ہے۔ یعنی ہجرت کے بیس مہینے بعد شوال کو ہوا جبکہ غزوہ بدر ۱۷ رمضان ۲ھ جمعہ کو ہوا تھا۔ (روح البیان۔ کبیر۔ روح المعانی وغیرہ)۔

**تفسیر** وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ قوی یہ ہے کہ جملہ نیا ہے کسی جملہ پر معطوف نہیں لہٰذا واؤ ابتدائیہ ہے نہ کہ عاطفہ اعلموا میں خطاب حضرات صحابہ سے ہے بر مذہب حنفی کیونکہ تقسیم غنیمت کا طریقہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی شریف میں ہی تھا۔ بعد کو نہ رہا۔ جیسا کہ ان شاء اللہ عنقریب معلوم ہوگا۔ امام شافعی کے ہاں تا قیامت مسلمان غازیوں سے ہے کیونکہ ان کے ہاں یہ طریقہ تقسیم تا قیامت جاری ہے اِعْلَمُوْٓا کے معنی ہیں جان لو اور یاد رکھو۔ جاننے سے مراد یقیناً جاننا۔ انما میں ما کافہ نہیں جیسا کہ عموماً ہوا کرتا ہے بلکہ ما موصولہ ہے بمعنی وہ تو چاہئے تھا کہ ان سے الگ لکھا جاتا جیسا کہ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ میں ہے مگر چونکہ رسم الخط عثمانی میں ما ان سے ملا کر ہی لکھا گیا ہے اس لیے تا قیامت ایسا ہی لکھا جاتا رہے گا۔ قرآن کریم کے رسم الخط میں بھی صحابہ کی پیروی لازمی ہے۔ صحیح یہ ہے کہ ما سے مراد ہر منقولی چیز ہے چھوٹی ہو یا بڑی۔ مفتوحہ زمین اس سے خارج ہے کہ وہ مجاہدین میں تقسیم نہیں ہوتی۔ ورنہ سارے مفتوحہ ملک مجاہدین میں بٹے ہوتے غنم بنا ہے غنم سے غین کے پیش نون کے سکون سے بمعنی تفوق و کامیابی الغرم و بالغنم اصطلاح شریعت میں غنیمت ہر وہ منقولی مال ہے جو کفار سے مسلمان قہر و غلبہ سے حاصل کریں۔ لہٰذا اگر چہ دو چار مسلمان دار الحرب میں گھس کر کفار سے مال چھین لائیں یا جو مال کفار سے بغیر لڑے حاصل ہو جیسے صلح سے یا کفار کے خود بھاگ جانے سے وہ فئی ہے۔ غنیمت میں اس کی تقسیم غنیمت کی طرح نہ ہوگی۔ یوں ہی جزیہ۔ فدیہ سے حاصل شدہ مال غنیمت نہیں۔ یوں ہی سلب۔ یعنی جہاد میں مقتول کافر کا بدنی مال۔ جوڑا گھوڑا وغیرہ اگر حاکم اس انعام کا اعلان کر دے کہ غنیمت میں سارا مومن قاتل کو ملے گا۔ یہ تفصیل خیال میں رہے من شیء کا بیان ہے۔ اس میں شَیْءٍ کا عموم بیان ہوا۔ کچھ شئی چھوٹی ہو یا بڑی حتیٰ کہ سوئی دھاگہ تک خیال رہے کہ قیدی کفار بھی مال غنیمت ہیں۔

marfat.com

اس میں امام کو اختیار ہے جو چاہے کرے (روح المعانی وغیرہ)

فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ۔ یہ عبارت ایک پوشیدہ مبتدا کی خبر ہے اصل میں یوں تھا فَحُکْمُہٗ اَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ اس لئے اَنَّ مفتوح آیا چونکہ مَاغَنِمْتُمْ میں شرط کے معنی تھے۔ اس لیے خبر میں ف جزائیہ آئی۔ ایک قراءۃ میں فَاِنَّ الف کے کسرہ سے ہے تو اس سے پہلے مبتدا پوشیدہ نہیں۔ عام فقہاء فرماتے ہیں کہ یہاں اللہ کا ذکر برکت کے لیے ہے جیسے رب کا فرمان وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ اللہ کا ذکر صرف برکت کے لیے ہے (تفسیر بیضاوی) روح المعانی۔ یا حضور انور کی عظمت دکھانے کے لیے کہ رب تعالیٰ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ کو اپنا حصہ فرمایا۔ یہ ہی حق ہے۔ بعض نے غنیمت کو حصہ کرنے کا حکم دیا۔ اُن کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے نام کا حصہ علیٰحدہ کیا جاوے جو کعبہ معظمہ اور دوسری مساجد پر وہاں کے اماموں اور خطیبوں پر خرچ ہوگا۔ یہ قول ابو العالیہ کا ہے (تفسیر کبیر۔ خازن روح المعانی) مگر یہ قول ضعیف ہے۔ کیونکہ اس صورت میں خمس کے چھ حصے ہو جائیں گے۔ حالانکہ قرآن کریم پانچ کر رہا ہے۔ بعض نے کہا اللہ تعالیٰ کا حصہ تو نکالا جائے گا۔ مگر وہ حضور ہی کے حصہ میں شامل کر دیا جائے گا۔ مگر یہ بھی ضعیف ہے کیونکہ اس صورت میں حضور انور کا حصہ خمس نہ رہے گا۔ بلکہ اس سے زیادہ ہو جائے گا۔ یہ درست نہیں بہر حال یہ فرمان عالی برکت اور حضور کی عظمت کے اظہار کے لیے ہے لہٰذا اس کے معنی ہوئے کہ غنیمت پانچواں حصہ اللہ کی راہ کے لیے ہے اس کی تفصیل آگے ہے۔ کیونکہ یہ لام نہ تو ملکیت کا ہو سکتا ہے نہ نفع کا کہ رب تعالیٰ تو دونوں جہان کا مالک ہے اور نفع اٹھانے سے پاک ہے (معانی) بہر حال یہ حکم اجمالی جس کی تفصیل میں پانچ چیزیں ارشاد ہوئیں۔ پہلی چیز ہے وللرسول۔ یہ معطوف ہے للہ پر اس میں لام ملک کا ہے اور الرسول سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ شاید کوئی خیال کر لیتا کہ جیسے اللہ کا ذکر برکت کے لیے ہے ایسے ہی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر صرف برکت کے لیے ہے

۔اس لیے للرسول علیحدہ لام کے ساتھ ارشاد ہوا تاکہ پتہ لگے کہ للہ میں لام اور مقصد کے لیے تھا اور للرسول میں لام اور مقصد کے لیے۔ وہاں ملکیت نہ تھی یہاں ملکیت مراد ہے قرآن مجید میں الرسول سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ ساری غنیمت کے پانچ حصے کیے جائیں گے ایک حصہ اللہ رسول کا باقی چار حصے مجاہدین کے پھر اس پانچویں حصے کے پانچ حصے ہوں گے جن میں ایک حصہ یعنی ساری غنیمت کا پنجواں حصہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے حضور انور یہ حصہ اپنی ازواج پاک اور اپنی ضروریات پر خرچ کرتے تھے۔ ہر بیوی صاحبہ کو سال کا خرچہ کھجوریں وغیرہ عطا فرما دیتے تھے۔ جو باقی بچتا وہ آئندہ جہاد پر خرچ کرتے تھے۔ تیر۔ تلوار۔ مجاہدین پر دوسرا حصہ۔

marfat.com

وَلِذِی الْقُرْبٰی۔ یہ عبارت معطوف ہے للرسول پر۔ شاید کوئی کہتا کہ یہ حضرات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ میں شامل ہوں گے۔ انہیں علیحدہ حصہ نہ دیا جائے گا۔ اس لیے یہاں علیحدہ لام ارشاد ہوا۔ (روح البیان و معانی وغیرہ) ذی کے معنی ہیں والا۔ قُربیٰ مصدر ہے بمعنی قرابت ذی قُربیٰ قرابتہ دار۔ اس سے حضور کے قرابت والے رشتہ دار مراد ہیں۔ مگر ہر رشتہ دار نہیں بلکہ وہ جنہوں نے حضور انور کا آڑے وقت میں ساتھ دیا۔ حضور انور کا نسب شریف یہ ہے۔ محمد بن عبداللہ ابن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف ابن قصی ابن کلاب ابن مرہ ابن کعب ابن لوی ابن غالب ابن فہر ابن مالک ابن نضر ابن کنانہ نضر ابن کنانہ کی اولاد قریش کہلاتی ہے۔ ہاشم کی اولاد بنی ہاشم کہے جاتے ہیں۔ حضور قرشی ہاشمی ہیں۔ عبد مناف کے کل چار بیٹے تھے۔ ہاشم مطلب عبد شمس۔ نوفل۔ ہاشم کے دو بیٹے تھے عبدالمطلب اور اسد۔ عبدالمطلب کے بارہ بیٹے تھے جن میں عبداللہ۔ ابوطالب حمزہ۔ عباس اور ابولہب حارث زبیر بہت مشہور ہیں۔ یہ تمام لوگ ہاشمی کہلاتے ہیں۔ کہ ہاشم کی اولاد میں ہیں۔ حضرت عثمان عبدالشمس کی اولاد سے ہیں۔ آپ کا نسب یہ ہے عثمان ابن عفان ابن ابی العاص۔ ابن امیہ ابن عبد شمس ابن عبد مناف اور جبیر ابن مطعم نوفل کی اولاد سے۔ حضور انور نے خیبر کی غنیمت کا خمس بنی ہاشم اور بنی مطلب کو تو دیا۔ حضرت عثمان اور جبیر کو نہ دیا۔ ان دونوں حضرات نے شکایت کی کہ بنی ہاشم تو واقعی ہم سے افضل ہیں کہ اُن میں آپ پیدا ہوئے مگر بنی مطلب کا اور ہمارا رشتہ حضور سے یکساں ہے پھر حضور نے بنی مطلب کو کیوں دیا۔ ہم کو کیوں نہ دیا۔ حضور نے جواب دیا کہ بنی مطلب اور بنی ہاشم دونوں نے اسلام کی اشاعت ہماری مدد میں بڑا حصہ لیا ہے باقی دو قبیلوں نے نہیں لیا (روح المعانی وغیرہ) اس سے پتہ لگا کہ یہاں قربیٰ سے مراد قرابت کا قرب نہیں بلکہ نصرت و قرابت دونوں قرب ہیں خیال رہے کہ جہاں نسب نصر جمع تھے وہاں خمس تھا ان اہل قرابت کو قرابت کی وجہ سے یہ حصہ دیا جاتا تھا خواہ وہ فقیر ہوں یا غنی وَالْیَتٰمٰی۔ یہ معطوف ہے ذی القربیٰ پر یتیم وہ نابالغ انسان جس کا باپ فوت ہو چکا ہو۔ یہاں یتامیٰ سے مراد عام مسلمان یتیم ہیں۔ خواہ قرابت رسول والے ہوں یا اُن کے علاوہ۔ ظاہر یہ ہے کہ دوسرے یتیم مراد ہیں۔ کیونکہ قریبی یتیم ذی القربیٰ میں داخل ہیں۔ مراد اس سے یتیم فقیر ہیں۔ چونکہ شبہ تھا کہ یتیم کو حصہ نہ ملے کیونکہ اس نے جہاد نہ کیا۔ اس شبہ کو دفع فرمانے کے لیے اس کا ذکر خصوصیت سے فرمایا (روح المعانی)۔

وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ۔ مسکین اور فقیر کا فرق بیان ہو چکا ہے کہ مسکین وہ جس کے پاس مال بالکل نہ ہو۔ فقیر وہ جس کے پاس مال نصاب سے کم ہو۔ وَابْنِ السَّبِیْلِ راہ گیر مسافر یہ اگرچہ اپنے گھر میں غنی ہو مگر بحالتِ سفر غریب ہو تو اسے بھی اس خمس سے حصہ ملے گا۔

اِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ یہ جملہ نیا ہے جس کی جزا پوشیدہ ہے اس لئے یہ خطاب حضرات صحابہ سے ہے یعنی اگر تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو اس حکم پر ایمان بھی لاؤ۔ عمل بھی کرو۔ غنیمت کا پانچواں حصہ اس طرح تقسیم کرو۔

marfat.com

خیال رہے کہ یہاں اِنْ فرمانا شک و تردُّد کے لیے نہیں بلکہ رغبت دلانے کے لیے ہے جیسے باپ اپنے بیٹے سے کہے کہ اگر تو میرا بیٹا ہے تو میری اطاعت کر۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ۔ یہ عبارت معطوف ہے باللہ پر اس میں مَآ اَنْزَلْنَا سے وہ غیبی مدد۔ فرشتے اور حضور کے معجزات مراد ہیں جو بدر میں واقع ہوئے۔ عبدنا سے مراد حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ حضور کو عبدنا فرمانا آپ کی انتہائی عزت افزائی ہے۔ اس میں یہ بتایا گیا کہ غزوہ بدر کی ساری فتوحات معجزات ملائکہ کا نزول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر ہے تم لوگوں نے ان سے فائدہ اٹھایا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ ان کے طفیل ہے۔ ایک قرأت میں عُبُدنا ہے۔ عین اور ب کے پیش سے جمع عبد کی۔ اس صورت میں اس سے سارے غازی مراد ہیں۔ بعض نے فرمایا کہ یہاں عبدنا بمعنی اسم جنس ہے جس سے مراد غازیانِ بدر ہیں (معانی) مگر یہ ضعیف ہے ورنہ علیکم چاہیئے تھا کہ پہلے کُنْتُمْ آمَنْتُمْ صیغہ خطاب سے ارشاد ہوا۔ یَوْمَ الْفُرْقَان سے مراد بدر کا دن ہے چونکہ اس دن مومن اور کافر کی چھانٹ ہو گئی۔ اسلام کی حقانیت کا ظہور ہوا اس لیے اسے یوم الفرقان کہا گیا۔ یعنی چھانٹ اور فرق کا دن۔

یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ یہ عبارت یوم الفرقان کا بدل یا اس کا بیان ہے۔ جمعان سے مراد کفار و مومنین کے لشکر۔ اِلتقیٰ کے معنی جنگ کے لیے ملے۔ چونکہ بدر کی غیبی امداد پر ایمان لانا اسی کا باعث تھا کہ اس کی غنیمت کی تقسیم منشاء الٰہی کے مطابق ہو۔ کیونکہ یہ فتح اور غنیمت اللہ نے دی ہے۔

وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۔ یہ عبارت نیا جملہ ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ اے مسلمانو تم بدر کا واقعہ دیکھو اور سنو اور میری قدرت کاملہ کا اقرار کرو۔ کہ وہ ایسی قدرت والا کہ اس نے تین سو تیرہ (۳۱۳) نہتوں سے ایک ہزار ہتھیار بند بہادروں کو شکست دے دی وہ چاہے تو ابابیل سے فیل کو ہلاک کر دے۔ ان باتوں پر غور کرو اور پڑھو اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اس آیت کی مکمل تفسیر ہم پہلے پارہ میں عرض کر چکے ہیں۔

**خلاصہ تفسیر** اے غازیانِ بدر یقین رکھو۔ جان لو کہ جہاد میں تم نے جو بھی منقولی مال چھوٹا بڑا۔ کفار سے بطورِ غنیمت حاصل کیا اس کے پانچ حصے کرو ایک حصہ اللہ کا نام کا۔ باقی چار حصے غازیوں کی مِلک۔ اللہ نام کے حصے کے پانچ حصّے کیئے جائیں گے اُن میں سے ایک حصّہ حضور محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا ہے جسے وہ اپنی ذات اپنے گھر والوں پر صرف کریں اور دوسرا حصہ ان محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے ان رشتہ داروں کا ہے جو نسب اور نُصرت میں اُن کے قریب ہیں۔ امیر ہوں یا غریب اور تیسرا حصہ عام یتیموں کا چوتھا حصہ عام مسکینوں کا اور پانچواں حصہ راہ گیر مسافروں کا۔ اے صحابہ اگر تمہارا

marfat.com

اللہ تعالیٰ پر ایمان ہو۔ اور اس فتح و نصرت فرشتوں کے نزول پر بھی ایمان ہو جو بدر کے دن اس بندہ خاص پر نازل ہوئے اور اُن کے صدقہ تم سب پر تو تم ضرور اس حکم پر عمل کرو۔ بدر کا دن حق و باطل میں فیصلہ کُن اور فرق کا دن ہے اس دن دو جماعتیں بھڑی تھیں۔ مومنوں کی اور کافروں کی۔ تم اس دن کی فتح و نصرت پر غور کرو۔ اور پڑھو اللہ تعالیٰ بڑی قدرتوں والا ہے۔ جس نے تین سو تیرہ نہتے کمزور مسلمانوں کے ہاتھوں ایک ہزار ہتھیار بند پہلوانوں کو شکست دے دی۔ جس نے دو کم سن ناتجربہ کار بچوں کے ہاتھوں ابوجہل جیسے سرکش کو قتل کرا کے اس کا غرور خاک میں ملا دیا۔ وہ چاہے تو ابابیل سے فیل مروا دے۔ کمزوروں سے بہادروں کو ہلاک کرا دے اس پر بھروسہ کرو۔

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ مال غنیمت تھوڑا ہو یا زیادہ زمانہ نبوی میں اس کے پانچ حصے ہوتے تھے چار حصے مجاہدین کے اور ایک حصہ اللہ کا۔ یہ فائدہ ما اور من شیئ سے حاصل ہوا۔ اسلام میں مجاہدین کی تنخواہ نہیں ہوتی۔ غنیمت سے انہیں حصہ ملتا ہے **مسئلہ** غنیمت وہ مال ہے جو جہاد میں جبراً کفار سے چھینا جاوے اور مال منقولی ہو۔ زمین غلام اس سے خارج ہیں۔ ان دونوں میں یہ تقسیم نہ ہوگی۔ **مسئلہ** جو مال دو چار مسلمان دار حرب میں جا کر کفار سے چھین لاویں احناف کے ہاں وہ غنیمت نہیں۔ یوں ہی جو مال کفار چھوڑ کر بھاگ جاویں بغیر جنگ کے یوں ہی ذمی کفار سے حاصل کیا ہوا جزیہ ان میں سے کوئی بھی غنیمت نہیں۔ لہٰذا ان میں تقسیم نہ ہوگی۔ **مسئلہ** جہاد میں حاصل شدہ زمین یوں ہی قیدی کفار مال غنیمت نہیں ان میں یہ تقسیم نہیں ان کے احکام جداگانہ ہیں۔ **مسئلہ** سلب اور صفی میں تقسیم جاری نہ ہوگی سلب مقتول کافر کے جسم کا مال گھوڑا۔ جوڑا۔ ہتھیار۔ یہ سب کچھ اس کے قاتل غازی کو ملے گا۔ امام شافعی کے یہاں بہرحال۔ احناف کے ہاں جبکہ امام نے جہاد کے وقت اس انعام کا اعلان کر دیا ہو۔ صفی وہ مال ہے جسے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے لیے پسند فرمائیں۔ اس لیے ایک بی بی صاحبہ کا نام صفیہ ہے یعنی منتخب شدہ بی بی۔ **مسئلہ** اس پر مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاۃ شریف میں غنیمت کے اس خمس کے پانچ حصے ہوتے تھے۔ چھ حصوں کا قول شاذ و نادر ہے ان پانچ حصوں کی تقسیم یوں تھی۔ ایک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ دوسرا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل قرابتہ کا۔ تیسرا یتیموں کا۔ چوتھا مسکینوں کا۔ پانچواں مسافروں کا۔ اس آیت میں یہ ہی ذکر ہے **مسئلہ** حضرت امام شافعی کے نزدیک حضور انور کی وفات کے بعد یہ ہی تقسیم باقی ہے۔ مگر حضور انور کا حصہ مسلمانوں کی مصلحتوں پر صرف ہوگا۔ یا جہاں سلطان مناسب سمجھے اور قرابتہ داروں کا حصہ اس طرح بنی ہاشم اور بنی مطلب پر صرف ہوگا۔ بنی عبد شمس اور بنی نوفل کو نہ ملے گا۔ مگر ہمارے امام اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک حضور انور کی

marfat.com

وفات شریف سے یہ دونوں حصے ختم ہوگئے۔ اب خمس کی تقسیم تین حصوں میں ہوگی۔ یتیموں۔ مسکینوں۔ مسافروں پر۔ ہاں ان تینوں میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل قرابتہ مقدم رکھے جائیں گے (تفسیرات احمدی روح البیان، مدارک وغیرہ) امام اعظم کے دلائل حسب ذیل ہیں:-

۱۔ حضرات خلفاء راشدین نے حضورؐ کی وفات شریف کے بعد خمس کی تقسیم اس طرح کی حتیٰ کہ حضرت ابوبکر صدیق نے بنی ہاشم سے فرمایا کہ ہم اس خمس سے تمہارے فقرا کو دیں گے۔ کنواروں کی شادی کر دیں گے۔ جس کے پاس خادم نہ ہوگا اسے خادم دیں گے۔ مگر تمہارے مالدار لوگ یوں ہی یتیم مالداروں کا حصہ کچھ نہیں۔ (روح المعانی۔ احمدی وغیرہ)۔

۲۔ اہل قرابت رسول کا حصہ صرف قرابت داری کی وجہ سے نہ تھا۔ ورنہ حضرت عثمانؓ اور حضرت جبیرؓ کو بھی ملتا بلکہ حضور انور کی مدد کرنے کی بنا پر ہے وَلِمُدَدِنِی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے ختم ہوگئی تو ان کا حصہ بھی ختم ہوگیا۔

۳۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے صفی ختم ہوگیا۔ کہ جو حضور پسند فرمائیں وہ حضور کا یوں ہی آپ کا خمس کا حصہ بھی ختم ہوگیا۔ (معانی)۔

۴۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی اپنی خلافت میں خمس ان تین ہی حصوں پر تقسیم فرمایا۔ (مدارک تفسیر ابن عباس ان حضرات کا یہ عمل اس آیتہ کی تفسیر ہے۔

**لطیفہ** خمس کے متعلق شیعہ فرقہ کا عجیب عقیدہ ہے۔ ان کے نزدیک اس کے چھ حصّے ہوں گے۔ جن میں اگلے تین یعنی اللہ کا حصہ نبی کا حصہ اور نبی کے اہل قرابتہ کا حصہ امام برحق کا حصہ ہے جو قائم مقام رسول کے ہے۔ باقی تین حصے یتیم مسکین۔ مسافر یہ سب قرابتہ رسول کے لیے خاص ہیں۔ جنہیں اُن کے یتیموں مسکینوں مسافروں کو ملیں گے۔ ان کو چاہیئے کہ اگلے تین حصے امام مہدی کے پاس غار سرمن رایں بھیج دیا کریں۔ جہاں وہ چھپے بیٹھے ہیں۔ کیونکہ وہ ہی قائم مقام رسول ہیں۔ (روح المعانی)

دوسرا فائدہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضور کے صدقہ میں خاص مومنین کا بڑا درجہ ہے کہ رب تعالیٰ نے اُن کے حصہ کو اپنا حصہ فرمایا۔ یہ فائدہ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔ تیسرا فائدہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ قرابتہ دار جو حضور کے مددگار اور معاون رہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بڑے ہی عزت وشان والے ہیں۔ کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے غنیمت کے خمس میں حصہ دار بنایا۔ یہ فائدہ وَلِذِی الْقُرْبٰی سے حاصل ہوا۔ اس کے برعکس جو قرابتہ دار دشمن رہے وہ ساری مخلوق میں بدترین۔ دیکھو ابولہب حضور کا چچا تھا مگر سخت دشمن تھا۔ اس کی برائی میں پوری سورہ نازل ہوئی کسی کافر کے لیے پوری سورہ قرآن میں نہ آئی سوائے

marfat.com

ابولہب کے۔ چوتھا فائدہ غنیمت کے خمس میں درست تقسیم ایمان کی علامت ہے یہ فائدہ اِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ (الخ) سے حاصل ہوا۔ پانچواں فائدہ غزوہ بدر کے واقعات یعنی فرشتوں کا نزول۔ حضور انور کا ایک دن پہلے کفار کے قتل کی جگہ کی خبر دے دینا۔ چھوٹے بچوں کا ابوجہل کو قتل کرنا۔ تھوڑے سے مسلمانوں کا کفار کی بڑی اور مضبوط جماعت پر غالب آنا اللہ تعالیٰ کی وہ نشان قدرت ہیں جن پر ایمان لانا ضروری ہے یہ فائدہ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا (الخ) سے حاصل ہوا۔ چھٹا فائدہ حضرات صحابہؓ ان کے حالات اُن کے صفات رب تعالیٰ کی قدرت کا نمونہ ہیں۔ انہیں دیکھو اور رب کی قدرت کا پتہ لگاؤ۔ یہ فائدہ اس آیۃ کے آخر میں وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر فرمانے سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض** تقسیم غنیمت کا ذکر قرآن مجید میں تین جگہ ہے۔ سورہ انفال کی پہلی آیت میں قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ (الخ) اور یہاں اس جگہ اور سورہ حشر میں مَآ اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ (الخ) مگر سورہ انفال کے شروع میں اس کے انفال فرمایا۔ یہاں غنیمت اور سورہ حشر میں لفظ فی۔ مگر ان آیتوں میں سخت تعارض ہے کیونکہ شروع انفال میں صرف دو مصرف بیان ہوئے للہ وللرسول۔ یہاں پانچ یا چھ سورہ حشر میں بھی چھ یا پانچ۔ اس کی وجہ کیا ہے۔

**جواب** :۔ یہ آیت سورہ حشر کی آیۃ کے تو بالکل موافق ہے دونوں جگہ مصارف یکساں بیان ہوئے صرف لفظ غنیمت اور فی میں فرق ہے مگر وہاں بھی فی سے مراد غنیمت ہے رہی سورہ انفال کی پہلی آیت اُسے تفسیر احمدی میں اس آیۃ سے منسوخ مانا ہے مگر یہ جواب قوی نہیں۔ حق یہ ہے کہ وہ آیۃ مجمل ہے اور یہ آیۃ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا (الخ) اس کی تفصیل ہے وہاں صرف یہ بتانا تھا کہ غنیمت کی تقسیم کا اختیار اللہ رسول کو ہے یہاں اُن کے اختیارات کا اظہار ہے لہٰذا آیات میں تعارض نہیں۔

**دوسرا اعتراض** قرآن کریم کی اس آیۃ نے رسول اور ذی قربیٰ کا خمس میں حصہ مقرر فرمایا اور یہ نہ کہا کہ یہ حکم حضور انور کی زندگی شریف میں ہے بعد میں نہ رہے مگر خلفاء راشدین نے حضور کے بعد صرف تین حصے رکھے دو ختم کر دیے تو کیا صحابہ کو قرآن کریم کی آیۃ منسوخ کرنے کا اختیار تھا۔ قرآن کریم فعل صحابہ سے منسوخ نہیں ہو سکتا تاقیامت پانچ حصے ہیں۔ (شافعی)

**جواب**:۔ اس کا جواب تفسیر احمدی نے یہ دیا ہے کہ فعل صحابہ حدیث متواتر ہے اور حدیث متواتر سے قرآن کریم کا نسخ جائز ہے بلکہ بہت جگہ واقع ہے یہ ہی احناف کا مذہب ہے شوافع کے ہاں جائز نہیں۔ مگر فقیر کے نزدیک قوی جواب یہ ہے کہ خلفاء راشدین کا وہ فعل اس آیت کا فسخ نہیں بلکہ اس کا بیان ہے کہ یہ تقسیم ایک شرط کے ماتحت تھی جب وہ شرط ختم ہوگئی تو حکم بھی ختم ہو گیا۔ یعنی ذی قربیٰ کا حصہ حضور،

marfat.com

کی امداد کی بنا پر تھا۔ وہ امداد تو ختم ہو چکی تو حصہ بھی ختم ہو گیا۔ جیسے قرآن کریم میں زکوٰۃ کے مصارف مؤلفۃ القلوب کا بھی ذکر ہے مگر عہد فاروقی میں انہیں نکال دیا گیا کیوں۔ اس لیے کہ اب وہ وجہ نہ رہی جس سے انہیں مصرف قرار دیا گیا تھا۔ یعنی ضعف اسلام۔

تیسرا اعتراض :۔ یہاں ایمان کے دو رکن بیان ہوئے۔ اللہ تعالیٰ اور بدر کے دن خصوصی واقعات کا ارشاد ہوا۔ اِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ وَمَآ اَنْزَلْنَا الخ حالانکہ ایمان کے ارکان۔ اللہ۔ رسول۔ کتاب قیامت وغیرہ کو مانتا ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے۔

**جواب** :۔ وہ ہمارے ارکان امنتم باللہ میں داخل فرمائے گئے۔ اللہ پر ایمان وہ ہی رکھتا ہے جو اُس کے رسول فرشتے قیامت وغیرہ پر ایمان رکھے۔ چونکہ غازیان بدر اُس دن کے کرشمے اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے اور یہاں ذکر بھی اس بدر کی غنیمت تقسیم کرنے کا ہے اس لیے خصوصیت سے اس کا ذکر ہوا۔ کہ اس کی تقسیم میں اس رب کا اس کے رسول کا حکم مانو جن کے فضل و کرم سے تم کو یہ شاندار فتح نصیب ہوئی۔

چوتھا اعتراض :۔ بدر میں رب کی رحمتیں سارے غازیوں پہ ہی اتری تھیں۔ پھر اُن کو عَلٰی عَبْدِنَا کیوں فرمایا کہ ہمارے بندے محمد مصطفیٰ پر اتریں۔

**جواب** :۔ ایک قرأۃ میں علیٰ عبدنا ہے۔ عین اور ب کے پیش سے عبد کی جمع تب تو کوئی اعتراض نہیں بعض علماء نے فرمایا کہ عبد سے مراد جنس عبد ہے یعنی سارے غازیان اسلام۔ تب بھی کوئی اعتراض نہیں۔ لیکن اگر عبدنا سے مراد حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔ تب ظاہر ہے کہ اللہ کی رحمتیں بدر کی فتوحات وغیرہ بلا واسطہ تو حضور پر اتریں۔ حضور انور کے واسطہ سے دوسروں پر مقصود بالذات حضور انور ہیں۔ اور سب حضور کے طفیلی۔ لہٰذا آیت واضح ہے۔

پانچواں اعتراض۔ خمس کے جو مصارف بیان ہوئے کیا اُن سب پر خمس تقسیم کرنا ضروری ہے۔ یعنی حضور انور یا بعض پر بھی صرف کیے جا سکتے ہیں۔

**جواب** :۔ تفسیر روح البیان نے اس جگہ بحوالہ تحفہ بیان فرمایا کہ یہ تینوں مصارف خمس ایسے ہیں جیسے مصارف زکوٰۃ کہ سب پر صرف کرو۔ تب بھی جائز ہے اور اگر ان میں سے کسی ایک پر صرف کرو تب بھی درست ہے۔ کیونکہ یہ مصرف ہیں اُن میں استحقاق نہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** دنیا میں یہاں کی ساری نعمتیں دینا والوں کو عمر میں سب کچھ گویا مال غنیمت ہے جو ہم کو رب تعالیٰ کی طرف سے بطور عطیہ ملی ہے۔ **شعر** :۔

خیرے کن اے فلاں وغنیمت شمار عمر — زاں پیشتر کہ بانگ برآید فلاں نماند

marfat.com

اس سب کو صرف نفس پر خرچ نہ کر بلکہ اس کے چھ حصے کرو۔ ایک حصہ اللہ کے لیے کہ اس وقت میں اللہ کے فرائض ادا کرو۔ ایک حصہ اس کے رسول کے لیے کہ اُن کی سنتیں ادا کرو۔ ایک حصہ حضور کے قرابتہ داروں اولیاء اللہ مشائخ عظام علماء کرام کے لیے کہ اُن کی طاعت و فرمانبرداری کرو۔ فرماتا ہے اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُو الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ۔ یہ ہے اس غنیمت کی تقسیم ایک یتیم یعنی اپنے نفس کے لیے کہ یہ دنیا میں یتیم ہے ایک حصہ اپنے روح کے لیے کہ یہ اس دنیا میں گویا مسافر ہے اس کا وطن آخرت ہے۔ ایک حصہ اپنے دل کے لیے گویا یہ مسکین ہے۔ اپنی زندگی اور یہاں کی ساعتوں یہاں کی نعمتوں کو ان سب پر تقسیم کرو۔ صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ اے انسان تو اور تیری حقیقت گویا بدر کا میدان ہے جس میں دو جماعتیں نفسانی اور روحانی قوتیں جمع ہیں۔ ایک دن اُن کے فرق کا ہے۔ جب نفس و روح میں چھانٹ ہو جاوے گی۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے جو چاہے کرے متفرقین کو جمع کرے یا جمع کو متفرق فرما دے۔

| | | |
|---|---|---|
| اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی | | |
| جب تم بیچ کنارہ قریب میں تھے | اور وُہ بیچ کنارہ دُور کے | |
| جب تم نالے کے اس کنارہ تھے | اور کافر پرے کنارہ | |
| وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ | | |
| اور قافلہ نیچے تھا تم سے | اور اگر تم وعدہ کر لیتے تو البتہ جھگڑتے تم | |
| اور قافلہ تم سے ترائی میں | اور اگر تم آپس میں کوئی وعدہ کرتے تو ضرور وقت | |
| فِی الْمِیْعٰدِ وَلٰكِنْ لِّیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ | | |
| وعدہ میں | اور لیکن تاکہ پورا کر دے اللہ وُہ کام جو تھا | |
| پر برابر پہنچتے | لیکن یہ اس لیے کہ اللہ پورا کرے جو کام ہوتا ہے | |
| مَفْعُوْلًا ۙ لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّیَحْیٰی مَنْ | | |
| کیا ہوتا تاکہ ہلاک ہو وُہ جو ہلاک ہو کھلی دلیل سے اور زندہ رہے وُہ جو | | |
| کہ جو ہلاک ہو دلیل سے ہلاک ہو | اور جو جیئے | |

marfat.com

حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾

زندہ رہے روشن دلیل سے اور تحقیق اللہ سننے والا جاننے والا ہے

دلیل سے جیے اور بے شک اللہ ضرور سنتا جانتا ہے۔

**تعلق** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا کہ بدر میں فتح وغیرہ صرف عطیہ ربانی تھا۔ نہ کہ تمہاری کوشش کا نتیجہ۔ اب اس کی دلیل دی جارہی ہے کہ ظاہری اسباب بدر میں تمہارے خلاف تھے اس کے باوجود تم کو فتح ہوئی گویا پچھلی آیۃ میں دعویٰ تھا۔ اس آیۃ میں اس کی دلیل ہے۔ **دوسرا تعلق** پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ بدر میں دو ٹولے جمع ہوئے۔ اب اس جمع ہونے کا نقشہ کھینچ کر دکھایا جارہا ہے کہ تم کدھر تھے اور کفار کدھر گویا جنگ کا ذکر پہلے ہوا نقشہ جنگ اب بتایا دکھایا جارہا ہے۔ **تیسرا تعلق** پچھلی آیت میں غزوہ بدر کو فرقان اور اس کے دن کو یوم الفرقان کہا گیا اب اس نام کی وجہ کا ذکر ہے کہ وہ حق و باطل کفر و ایمان کی چھانٹ کیونکر بنی گویا نام پچھلی آیت میں بتایا نام کی وجہ اب ارشاد ہورہی ہے۔

**تفسیر** اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا۔ یہ عبارت یا تو نیا جملہ ہے یا دوسرا بدل یا بیان ہے یوم الفرقان کا پہلی صورت میں یہ اذکر و پوشیدہ فعل کا مفعول بہ ہے اور دوسری صورت میں اَنْزَلْنَا کا ظرف اَنْتُمْ میں خطاب ہے غازیان بدر سے ب بمعنی فی ہے۔ عُدوہ عین کے فتح سے بھی آتا ہے۔ اس کے کسرہ اور پیش سے بھی۔ ہماری قرأۃ میں عین کے پیش سے ہے اس کے معنی ہیں کنارہ۔ جانب جب بارش کا پانی جنگل کے کنارہ سے بڑھ جائے تو سیلاب ہو جاتا ہے اس لیے کنارۂ جنگل کو عدوہ کہا جاتا ہے۔ یعنی آگے بڑھنے کی حد (صادی) یہ بنا ہے عدد سے بمعنی بڑھنا۔ الدنیا بنا ہے دنو سے بمعنی قرب اس کا مذکر ادنی ہے مادہ دنو بمعنی قرب دنیا بمعنی قریب۔ اترین۔ اس سے مراد بدر کا وہ کنارہ ہے جو مدینہ منورہ سے قریب ہے۔ یہ ریتلا تھا جس میں پاؤں دھنستے تھے چلنا پھرنا مشکل تھا نیز ادھر پانی بالکل نہ تھا ان وجوہ سے مسلمانوں کو سخت دشواری تھی۔

وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى یہ عبارت معطوف ہے وَاَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الخ پر ہم سے مراد وہ کفار مکہ ہیں جو اپنے قافلہ کو جس کے سردار ابوسفیان تھے ــــ آئے تھے اور اب باقاعدہ جنگ کیلئے بدر میں پہنچائے گئے تھے عدوہ قصویٰ میں قصوی مؤنث ہے اقصی کا بمعنی دور۔ رب فرماتا ہے مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى اس کا مادہ قصوٌ ہے بمعنی دوری۔ یہاں بھی قیاس یہ ہی تھا کہ یہ بھی دنیا کی طرح قصیا ہوتا یعنی وادی

marfat.com

بدل جاتا مگر خلاف قیاس واؤ باقی رہا جیسے قود میں واؤ باقی رہا (روح البیان) اس سے مراد بدر کا وہ حصہ ہے جو مدینہ منورہ سے دور ہے اور مکہ معظمہ سے قریب اس حصہ میں زمین پختہ تھی جس پر چلنا آسان تھا۔ اور ادھر پانی بھی کثرت سے تھا۔ اس لیے انہیں جنگ کرنا نہایت آسان تھا۔

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ۔ یہ عبارت معطوف ہے وھم بالعدوۃ الخ پر اس میں الرکب کے بعد فی موضع پوشیدہ ہے اسفل اس موضع کی صفت ہے الرکب جمع راکب کی بمعنی سوار۔ اب اصطلاح میں قافلہ کو رکب کہتے ہیں۔ یہاں قافلہ سے مراد ابوسفیان کا وہ قافلہ ہے جو شام سے تجارت کر کے آرہا تھا جسے بچانے کے لیے کفار مکہ آئے تھے۔ اسفل سے مراد کنارہ سمندر ہے جو بدر سے تین میل دور ہے چونکہ کنارہ سمندر بدر سے نیچے یعنی نشیبی علاقہ ہے اس لیے اسے اسفل فرمایا گیا۔ منکم میں خطاب غازیان بدر صحابہ سے ہے اس فرمان عالی میں کفار کی تیسری قوت کا ذکر ہے کہ انہیں اس قافلہ کی کمک پہنچ سکتی تھی کہ وہ ان سے صرف تین میل کے فاصلہ پر تھے تمہارا مددگار سوا رب کے کوئی نہ تھا۔ تمہاری کمک سوا فرشتوں اور کسی طرف سے نہیں آسکتی تھی۔ تم سے مدینہ بہت دور تھا۔

وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ۔ یہ نیا جملہ ہے اس میں اس پروگرام اور اس نقشہ جنگ کی ایک حکمت کا ذکر ہے تَوَاعَدْتُمْ بنا ہے معاددۃ سے یعنی ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔ اس سے مراد ہے مسلمانوں کا کفار سے وعدہ جنگ کرنا اَخْتَلَفْتُمْ کے معنی ہیں۔ وعدہ خلافی کرنا۔ یعنی حالات تمہارے متعلق ایسے خطرناک تھے کہ اگر اس جنگ کے لیے پہلے سے وعدے ہوتے تو تم کفار کی یہ قوتیں دیکھ کر وقت مقررہ پر میدان میں نہ پہنچتے اور نہ یہ جنگ ہوتی نہ حق و باطل کا یہ فیصلہ ہوتا۔

وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ اس عبارت سے پہلے ایک پوری دراز عبارت پوشیدہ ہے مَا اخْتَلَفْتُمْ عَنِ الْقِتَالِ بَلْ جَمَعَ بَيْنَكُمْ بِغَيْرِ مِيْعَادٍ یعنی تم یہ تاریخ نا غہ نہ کر سکے۔ تم دونوں جماعتیں بغیر فیصلہ جمع ہوگئیں۔ اللہ نے اپنا فیصلہ پورا کرنا تھا۔ مفعولا سے مراد ہے کہ جو علم الٰہی میں طے ہو چکا تھا۔ وہ ہو کر رہے۔

لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ۔ اس عبارت کی آسان ترکیب یہ ہے کہ لِيَهْلِكَ الخ بدل یا بیان ہے لِيَقْضِيَ کا اور عَنْۢ بَيِّنَةٍ میں عن بمعنی بعد ہے جیسے رب تعالیٰ کے اس فرمان عالی میں عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ کہ وہاں بھی عن بمعنی بعد ہے۔ ہلاکت سے مراد ہے کافر کا کفر بھی روحانی ہلاکت ہے (روح البیان) یعنی بدر کا یہ واقعہ اچانک اس لیے ہوا کہ اب بدر کا واقعہ دیکھنے کے بعد بھی جو کافر رہے وہ روشن دلیل دیکھنے کے بعد کافر رہے اسے اسلام کی حقانیت کی روشن دلیل مل جاوے پھر کافر رہے تاکہ اچھی طرح اللہ تعالیٰ کی

marfat.com

پکڑ میں آجاوے۔

وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ یہ عبارت معطوف ہے لِيَهْلِكَ پر اس میں تصویر کا دوسرا رخ دکھایا گیا ہے۔ اس میں حیات یعنی زندگی سے مراد ہے ایمان من سے مراد ہے مومن۔ یعنی مومن ایمان پہ قائم ہے اسلام کی حقانیت کی روشن دلیل قائم ہونے کے بعد۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اس فرمان عالی کا مقصد یہ ہے کہ واقعہ بدر سے لوگوں کے ایمان وکفر کا فرق مخلوق پر ظاہر ہوگا۔ رب تعالیٰ تو ہر چیز کو جانتا ہے اُس کے ہر قول کو سنتا ہے اس بدر کے واقعہ کے بعد لوگوں پر اس کا ظہور ہوگا خیال رہے کہ ایمان وکفر دونوں قول اور اعتقاد پر شامل ہے رب تعالیٰ ہر ایک کا ایمانی وکفریہ قول سنتا ہے اور ہر ایک کے کفر وایمان کے اعتقاد کو جانتا ہے اس سے کوئی چیز چھپی نہیں۔

**خلاصہ تفسیر** اے غازی مسلمانوں تم بدر کا وہ واقعہ یاد رکھو کہ جب ظاہری اعتبار سے تمہارے پاس فتح کے اسباب نہ تھے اسباب فتح کفار کو حاصل تھے چنانچہ تم تو بدر کے اس کنارے پر اترے جو مدینہ منورہ کی طرف اس سے قریب ہے جہاں زمین ریتلی ہے۔ جس میں چلنا پھرنا بھی مشکل ہے اس میں پاؤں دھستے ہیں پھر اس کنارہ پر پانی بھی نہیں اور کفار نے بدر کے دوسرے کنارہ پر پڑاؤ ڈالا جہاں کی زمین سخت اور ہموار ہے جس پر چلنا پھرنا آسان۔ پھر وہاں پانی بکثرت موجود۔ اس پر طرہ یہ کہ کفار کا قافلہ ابوسفیان کا قافلہ اُن سے بہت قریب تھا۔ صرف تین میل کنارہ سمندر تھا جس کی کمک کفار کو پہنچ سکتی تھی۔ تم کو یہ بھی حاصل نہ تھا یہ جنگ اچانک اور تمہاری تیاری کے بغیر ہوئی اگر پہلے سے جنگ کا پروگرام بنتا تو حالات تمہارے ایسے خلاف تھے کہ تم وقت پر جنگ کے لیے آنے کی ہمت نہ کرتے۔ اپنی یہ بے سامانیاں اور کفار کے یہ سامان دیکھ کر تم ہمت ہار جاتے۔ اس لیے رب تعالیٰ نے تم کو اچانک ہی کفار سے بھڑا دیا تاکہ جو چیز رب کے پاس طے ہو چکی تھی اس کا ظہور ہو جاوے۔ ان حالات کے ماتحت تمہاری شاندار فتح رب تعالیٰ کی قدرت اسلام کی حفاظت کفر کے بطلان کی کھلی دلیل ہے اب اس کے بعد جو کافر رہے گا وہ محض ہٹ دھرمی سے کافر رہے گا۔ اسلام کی حقانیت کی کھلی دلیل دیکھ کر اور جو ایمان لائے گا وہ روشن دلیل دیکھ کر ایمان لائے گا۔ یہ سب کچھ تم پر ظاہر کرنے کے لیے ہے اللہ تعالیٰ تو ہر ایک کی ہر بات کو سنتا ہے۔ ہر ایک کے دل کے اعتقادات کو جانتا ہے۔ چنانچہ غزوہ بدر سے پہلے رب تعالیٰ نے بارش بھیجی جس کا پانی ادھر مومنین نے حوضوں میں بھر لیا اور ریتہ جم کر بہترین زمین ہوگئی جس پہ چلنا پھرنا نہایت ہی آسان ہوگیا۔ ادھر کفار کی طرف کی زمین پھسلن بن گئی جس پر چلنا پھرنا مشکل ہوگیا۔ یہ بارش مومنوں کے لیے نیک فال ثابت ہوئی اور پہلے ہلہ میں ابوجہل مارا گیا۔

marfat.com

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ غزوہ بدر رب تعالیٰ کو بڑا ہی محبوب و پیارا ہے اور اس کے غازی رب کو بڑے پسند کہ رب نے اس کا نقشہ جنگ کھینچ کر دکھا دیا اور اس کے حالات بہت تفصیل سے بیان فرمائے۔ دوسرا فائدہ:۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہمارے خیال سے ورا ہے اگرچہ ہم سمجھ نہ سکیں۔ دیکھو بدر کے موقعہ پر اچانک لڑائی ہو جانا عقل کے نزدیک بہت تکلیف دہ تھا۔ مگر انجام اس کا بہت شاندار ہوا۔ رب فرماتا ہے عَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ۔ تیسرا فائدہ جب اسباب کی طرف سے بندہ کو ناامیدی ہوتی ہے تب دریائے رحمت الٰہی جوش میں آتا ہے۔ دیکھو غزوہ بدر میں مسلمانوں کی بے سروسامانی اور اسباب کی طرف سے مایوسی انتہا کو پہنچی کہ مسلمانوں کی جماعت تھوڑی سپاہی ناتجربہ کار اور ہر ہتھیار کی بہت ہی کمی۔ پھر ان کی طرف کی زمین ریتلی اور ناہموار۔ پھر ادھر پانی کی کمی۔ پھر کمک پہنچنے کی کسی طرف سے امید نہیں۔ اس کے برعکس کفار کے پاس یہ سب کچھ بہت اعلیٰ۔ دیکھ لو کہ رب کی رحمت نے کیسی دستگیری مسلمانوں کی کی سبحان اللہ۔ چوتھا فائدہ غزوہ بدر قدرت الٰہی کی بڑی نشانی ہے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کی بڑی دلیل یہ فائدہ عن بَيِّنَةٍ سے حاصل ہوا۔ پانچواں فائدہ ایمان جان و دل کی زندگی ہے کفر ان کی موت۔ کافر زندہ رہ کر بھی مردہ ہے مومن مر کر جیتا ہے جسم کی زندگی جان سے ہے اور جان کی زندگی ایمان سے یہ فائدہ لِيَهْلِكَ اور يَحْيٰى فرمانے سے حاصل ہوا۔

**اعتراض** پہلا اعتراض دنیا ادنیٰ کا مونث ہے اور قصویٰ اقصیٰ کا مونث دنیا کا مادہ دنو ہے اور قصوی کا مونث قصو پھر کیا وجہ ہے کہ دنیا میں وَاوْ یِ ہو گیا مگر قصوی میں واؤ باقی رہا۔ جواب۔ بعض قراءتوں میں قصویٰ سے ہے ہماری قرات قصوا واؤ سے ہے چونکہ قصوا اسم بھی ہے صفت بھی اس لیے ان دونوں میں فرق کرنے کے لیے ایک واؤ کو یِ سے بدلا گیا۔ دوسرے میں نہیں (بیضاوی) دیکھو خود ہی واؤ یائے سے تبدیل نہ ہوا۔

دوسرا اعتراض:۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام بزدل بھی تھے اور وعدہ خلاف بھی دیکھو رب تعالیٰ نے یہاں ارشاد فرمایا کہ اگر بدر کی تاریخ دو مہینہ پہلے سے طے ہو جاتا تو صحابہ وعدہ خلافی کرتے اور جنگ میں حاضر نہ ہوتے وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعَادِ (شیعہ) جواب۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ پھر جناب علی رضی اللہ عنہ کی شجاعت کیسے ثابت ہوئی۔ کیونکہ لَاخْتَلَفْتُمْ میں سب غازیوں سے خطاب ہے حضرت علی اُن سے علیحدہ نہیں کیے گئے جواب تحقیقی یہ ہے کہ آیۃ کریمہ کا مقصد بدر میں مسلمانوں کی بے سروسامانی دکھانا ہے اور کفار کا بہت سازوسامان والا بتانا مقصود ہے نہ کہ صحابہ کی بزدلی دکھانا۔ یہ آیت تو اُن کی بہادری دکھا رہی ہے کہ ان ہی ناتجربہ کار نہتے تھوڑے۔ مٹھی بھر صحابہ نے ایسے تجربہ کار لشکر جرار کے مقابل میں شاندار فتح حاصل کی۔ بتانا یہ ہے کہ حالات جنگ مسلمانوں

marfat.com

کے ایسے خلاف تھے کہ ایسے موقعہ پر کفار کے مقابلہ میں آنا آسان نہ تھا۔ اس لیے رب تعالیٰ نے ان حضرات پر عتاب نہیں فرمایا بلکہ اُن کی تعریف فرمائی۔

**تیسرا اعتراض**:۔ فتح بدر کے متعلق یہاں ارشاد ہوا کان مفعولا۔ حالانکہ یہ فتح تو جنگ کے بعد ہوئی نہ کہ پہلے پھر یہاں مفعولاً کیوں فرمایا گیا۔ **جواب**:۔ یہاں فتح سے مراد علم الٰہی میں کیا ہوا وعدہ یعنی جس فتح کے واقع ہو جانے کا فیصلہ ہو چکا تھا اس کا فیصلہ ہو جائے اس لیے اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے ترجمہ فرمایا جو کام ہوتا ہے یعنی یہ اسم مفعول بمعنی ماضی نہیں بلکہ بمعنی مستقبل ہے۔

**چوتھا اعتراض** رب تعالیٰ نے غزوہ بدر کو بینہ کیوں فرمایا یعنی روشن دلیل۔ حضور انور کے سارے معجزات روشن دلیل تھے۔ جو بھی انہیں دیکھ کر کافر رہا وہ روشن دلیل دیکھ کر ہی مرا پھر اس آیت کریمہ کا مطلب کیا ہے۔ **جواب** حضور انور کے دوسرے معجزات میں کفار غور کرتے ہی نہ تھے اور انہیں دیکھتے ہی نہ تھے مگر فتح بدر وہ معجزہ ہے جو انہیں دیکھنا پڑ گیا۔ اس بدر کی وجہ سے حضرت عباس جیسے لوگ ایمان لائے اس کے بعد بھی جو کافر رہا واقعی وہ بڑا بدبخت تھا۔ خیال رہے کہ ستر کفار جو بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں قید ہوئے اور حضرت صدیق اکبر کی رائے پر فدیہ لے کر چھوڑے گئے وہ سارے ہی مسلمان ہو گئے۔ بلکہ بعد میں انہوں نے شاندار خدمات اسلام انجام دیں۔ یہ ہوا حضور انور کا معجزہ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کی کھلی کرامت۔ ان وجوہ سے بھی یہ فتح بدر بینہ ہوئی۔

## تفسیر صوفیانہ

جیسے میدان بدر کے دو کناروں پر دو مختلف جماعتیں جمع ہوئی تھیں۔ ایک جماعت رحمانی دوسری جماعت شیطانی اگر یہ اجتماع نہ ہوتا تو حق و باطل کا فیصلہ نہ ہوتا یوں ہی اے انسان تیرے ایک کنارہ پر نفس امارہ مع اپنی فوج کے ہے دوسرے کنارہ پر قلب و روح مع اپنی فوج کے موجود ہے۔ نفس کی کمک کے لیے شیطان مع اپنی فوج موجود ہے وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ اگر نفس و روح کا تجھ میں اجتماع نہ ہوتا تو روح کو ترقی اور نفس کو تنزل کے ذریعہ حق و باطل کا فیصلہ نہ ہوتا اور روح یہ خطاب کیسے سنتی فَادْخُلِيْ فِيْ عِبَادِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ اس جنگ کی وجہ سے روح دنیا کی قید سے نکل کر جناتِ نعیم میں کیسے داخل ہوتی۔ یہ حالت تو مومنین صالحین کی ہے رہے اشقیاء جو دوزخ کے لیے منتخب ہو چکے ان کا حال ان محبوبین کے خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان میں ترقی کی استعداد بھی رکھی ہے اور تنزل کی بھی جس استعداد کو استعمال کر لو تمہاری مرضی ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ جیسے بدر کے دو کنارے تھے ایک کنارہ قریب والا دوسرا کنارہ دور والا اے انسان تیرے بھی دو کنارے ہیں۔ ایک دین والا جو اللہ سے قریب ہے۔ دوسرا دنیا والا جو اللہ سے دور ہے۔ قریبی کنارہ

marfat.com

ہیں اللہ کی رحمتیں ہیں۔ دور مولے کنارہ ہیں اللہ کے عذاب قریب والے کنارہ کی حفاظت کر۔ اس کنارہ پر اولیاء اللہ بلکہ حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ گر ہیں۔ ملائکہ رحمت کا نزول اسی کنارہ پر ہے۔

| | |
|---|---|
| اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ | |
| جب دکھاتا تھا آپکو اللہ وہ کافر خواب میں آپ کے تھوڑا | اور اگر دکھاتا آپ کو |
| جبکہ اے محبوب اللہ تمہیں کافروں کو تمہاری خواب میں تھوڑا دکھاتا تھا | اور اے مسلمانوں! اگر وہ تمہیں |
| كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ | |
| اللہ ان کافروں کو بہت تو البتہ بزدل ہو جاتے تم اور البتہ جھگڑتے تم اس کام میں | اور لیکن |
| بہت کرکے دکھاتا تو ضرور تم بزدلی کرتے اور معاملہ میں جھگڑا ڈالتے | مگر اللہ نے |
| اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ | |
| اللہ نے سلامت رکھا بیشک وہ جاننے والا ہے دلوں کی باتوں کو | اور جب |
| بچالیا بیشک وہ دلوں کی بات جانتا ہے | اور جب |
| يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا | |
| دیکھا تھا تم نے ان کافروں کو جب ملے تم تمہاری آنکھوں میں تھوڑا | |
| لڑتے وقت تمہیں کافر تھوڑا کرکے دکھائے اور تمہیں ان کی نگاہوں میں تھوڑا کیا | |
| وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ | |
| اور کم کرتا تھا تم کو اُن کی آنکھوں میں تاکہ فیصلہ فرماوے اللہ اس کام کا جو ہے | |
| اور اللہ پورا کرے جو کام ہونا ہے | |
| مَفْعُوْلًا ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴۴﴾ ع ۵ | |
| کیا ہوا اور اللہ کی طرف سب کاموں کا رجوع ہے | |
| اور اللہ کی طرف ہی لوٹائے جاتے ہیں سب کام | |

marfat.com

**تعلق** ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق پچھلی آیات میں کچھ نعمتوں کا ذکر فرمایا گیا جو خاص غزوہ بدر کے دن مسلمانوں کو عطا ہوئیں اب بعض ان نعمتوں کا ذکر ہے جو بدر کے غزوہ سے کچھ پہلے عطا ہوئیں۔ گویا کچھ وقتی نعمتوں کا ذکر فرمانے کے بعد پیشگی نعمتوں کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ غزوہ بدر اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کے ظہور کا دن ہے اب اس کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ اس غزوہ میں غیبی قدرتی وہ کام ہوئے جو عقل انسانی سے ورا ہیں یعنی بڑی جماعت کا تھوڑا نظر آنا۔ تیسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ غزوہ بدر کے بعد جو مومن ہوگا وہ اعلیٰ درجہ کا ہوگا کہ وہ رب کی روشن دلیل دیکھ کر مومن ہوگا اور جو کافر رہے گا وہ پرلے درجے کا بدبخت ہوگا کہ وہ نشان قدرت دیکھنے کے بعد بھی کافر رہے گا اب اس نشان کا ذکر ہے جس کی وجہ سے بدر بینہ یعنی اسلام کی حقانیت کی روشن دلیل ہے۔

**تفسیر** اِذْ یُرِیْكَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ قَلِیْلًا ط یہ عبارت یا تو نیا جملہ ہے تو اذ ایک پوشیدہ فعل اذکر کا مفعول بہ ہے یا اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا کا بدل ہے یا یوم الفرقان کا بدل یا اس کا بیان۔ ان صورتوں میں یہ علیحدہ جملہ نہیں۔ یَرِیْ بنا ہے اِرَاءَۃٌ سے جس کا مادہ رائی ہے رائی دو مفعول چاہتا ہے جب باب افعال میں آیا تو تین مفعول کی طرف متعدی ہوا۔ پہلا مفعول کَ ہے دوسرا هُمْ تیسرا قَلِیْلًا۔ یَرِیْ فرما کر یہ بتایا گیا کہ حضور انور کو یہ خواب دکھانے والا رب تعالیٰ ہے۔ کَ میں خطاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے هُمْ کا مرجع کفار بدر ہیں منام مصدر ہے نوم کا بمعنی خواب۔ رب فرماتا ہے اِنِّیْٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْٓ اَذْبَحُكَ حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ یہاں منام سے مراد ہے آنکھیں۔ کیونکہ وہ نیند کی جگہ ہیں۔ منام اسم ظرف ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیداری میں یہ دیکھا تھا (معانی۔ خازن کبیر) اس لیے بیداری کو منامہ کہا جاتا ہے کہ نیند بیداری کی حالت میں آتی ہے (معانی) مگر پہلی تفسیر قوی کہ یہاں بمعنی خواب ہے قَلِیْلًا یا تو یُرِیْكَ کا تیسرا مفعول ہے یا هُمْ کا حال۔ یعنی اے محبوب وہ وقت یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو خواب میں کفار کی تعداد بہت تھوڑی دکھائی۔ حضور انور نے یہ خواب دیکھ کر غازیانِ بدر سے فرمایا اس سے مومنوں کے دل بہت قوی ہو گئے۔ بولے کہ حضور کی خواب غلط نہیں ہو سکتی۔ کفار تھوڑے ہی ہوں گے۔ خیال رہے کہ یا تو کفار کی کمزوری کم ہمتی حضور کو کم تعداد کی شکل میں دکھائی گئی۔ جیسے یوسف علیہ السلام کو گیارہ بھائی تاروں کی شکل میں اور ماں باپ چاند سورج کی شکل میں دکھائے گئے۔ یا بادشاہِ مصر کو قحط سال کے سات سال سات بالیوں کی شکل میں خواب میں دکھائے گئے۔ یا حضور کو وہ کفار خواب میں دکھائے گئے۔ جو کافر مرنے والے تھے۔ واقعی وہ تو بہت

marfat.com

تھوڑے تھے کہ اکثر کفار بدر آخر مسلمان ہوگئے۔ (معانی۔ بیان خزائن العرفان وغیرہ) لہٰذا حضور کی خواب بالکل صحیح تھی۔

وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ۔ اس فرمانِ عالی میں اس خواب کی حکمت کا ذکر ہے اس میں خطاب غازیان بدر سے ہے یعنی اے غازیو اگر رب تعالیٰ اپنے محبوب کے ذریعہ تم کو کفار کی تعداد زیادہ دکھا دیتا تو اس کے دو خطرناک نتیجے ہوتے ایک تمہارا ہمت ہار جانا اور جہاد کے لیے جرأت نہ کرنا۔ دوسرے تمہارا جہاد سے پہلے ہی آپس میں اختلاف کر بیٹھنا کہ کوئی قرار کی رائے دینا کوئی فرار کی۔ کوئی کہتا کہ ڈٹ جاؤ۔ تھوڑی جماعتیں اللہ کے حکم سے بڑی جماعتوں پر غالب آجاتی ہیں۔ کوئی کہتا کہ اس حالت میں کفار سے لڑنا اپنے کو ہلاکت میں ڈالنا ہے لَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ لہٰذا مدینہ منورہ واپس چلو اور جہاد کے وقت مسلمانوں کا آپس میں جھگڑنا شکست کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ فشل کے معنی ہیں بزدلی۔ اور تنازع بنا ہے نزع سے بمعنی کھینچنا۔ علیحدہ کرنا۔ جھگڑے میں ہر شخص دوسرے کو اس کی رائے اُس کے خیال سے ہٹاتا ہے۔ اس لیے اس نزاع اور تنازع کہا جاتا ہے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ اس فرمان عالی میں رب تعالیٰ کے خاص احسان کا ذکر ہے سَلَّمَ کا مفعول اور متعلق دونوں پوشیدہ ہیں یعنی اللہ نے تم کو اختلاف رائے اور بزدلی سے اس خواب شریف کی برکت سے محفوظ رکھا۔ نبی کی یہ خواب تمہارے لیے صدہا رحمتوں کا باعث ہوئی۔

اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ یہ فرمان عالی رب تعالیٰ کی حمد ہے ذات مونث ہے ذو کا صدور جمع ہے۔ صدر بمعنی سینہ مراد ہے۔ دل جو سینہ میں ہے یعنی اللہ تعالیٰ دل والی باتوں کو خوب جانتا ہے۔ اسے تمہارے دلوں اور مجبوریوں معذوریوں کا پورا پورا علم تھا۔ اس لیے اس کریم و رحیم نے یہ انتظام فرمایا یہاں تک تو اس خواب کا ذکر ہوا جو جہاد بدر سے پہلے حضور انور کو دکھایا گیا۔ اب ایک اور رحمت و کرم کا ذکر ہے۔

وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا یہ عبارت معطوف ہے وَيُقَلِّلُكُمْ اللّٰهُ الخ پر۔ یہاں دکھانے سے مراد ہے بیداری میں دکھانا اور خطاب ہے غازیانِ بدر سے۔ هُمْ سے مراد کفارِ بدر ہیں۔ اَعْيُنٌ جمع ہے عین کی بمعنی آنکھ یعنی اے غازیو! وہ نعمت بھی یاد رکھو جبکہ رب تعالیٰ نے تم کو بحالت بیداری تمہاری نظروں میں کفار کی تعداد بہت تھوڑی دکھائی۔ حتیٰ کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود نے صفِ جہاد میں کھڑے ہوئے کفار کی صفوں کو دیکھ کر اپنے برابر والے غازی سے کہا کہ کفار غالباً ستر ہوں گے اس نے کہا حد درجہ ایک سو ہوں گے (عام تفاسیر) خیال رہے کہ جیسے رب تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ بھینگے

کو ایک کو دو دکھا دے بلکہ ایک کو آٹھ دس دکھا دے ایسے ہی وہ اس پر قادر ہے کہ دو بلکہ دس بیس دکھا دے کہ بعض نظر آئیں بعض نہ آئیں۔ مسلمانوں کو کفار کی تعداد کم نظر آنا اللہ کی اُن پر رحمت تھی۔

وَيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ یہ تصویر کا دوسرا رخ ہے اس میں جنگ بدر کی ابتداء کا ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مشرکین و کفار کی نظر میں غازیوں کی تعداد تھوڑی دکھائی حتیٰ کہ ابوجہل اس وقت اپنی صفوف میں اپنے ساتھیوں سے بولا کہ محمد اور اُن کے ساتھی اُکلۂ جزور یعنی اونٹ کا کھایا ہوا اہل عرب یہ کلمہ کسی چیز کی بیان کرنے کے لیے بولتے تھے۔ پھر بولا کہ ان سے جنگ کرنے کی کیا ضرورت ہے انہیں تو ویسے ہی رسیوں سے باندھ لو یعنی اُن سے جنگ ہماری توہین ہے پھر بولا کہ اب لگے ہاتھوں مسلمانوں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو جڑ سے ہی اکھیڑ دو (تفسیر خازن۔ معانی۔ روح البیان وغیرہ) مگر جب جنگ شروع ہوگئی تو کفار کو یہ مسلمان اپنے سے کہیں زیادہ نظر آنے لگے۔ یا اس طرح کہ انہیں وہ فرشتے بھی دکھائی دیئے جو مسلمانوں کی مدد کے لیے اترے یا یہ مسلمان ہی بہت زیادہ محسوس ہوئے۔ یہ رب تعالیٰ کا کفار پر عذاب تھا۔ اگر یہ پہلے ہی کفار مسلمانوں کو اپنے سے زیادہ اور طاقتور دیکھ لیتے تو شاید جنگ کی ہمت نہ کرتے اور منشاءِ الٰہی پورا نہ ہوتا۔ رب نے اس منشاء کا ذکر یوں فرمایا۔

لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ط۔ یعنی یہ سب کچھ اس لیے ہوا کہ رب تعالیٰ اپنے طے شدہ پروگرام کا فیصلہ کر دے اُسے ظاہر فرما دے جو ہونا ہے وہ ہو کر رہے۔ كَانَ مَفْعُوْلًا کی تحقیق ابھی پچھلی آیۃ کی تفسیر میں عرض کی گئی۔

**خلاصہ تفسیر** غزوۂ بدر کے موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے تین معجزات ظاہر فرمائے جن سے غازیوں کی بڑی ہی ہمت افزائی ہوئی ایک یہ کہ جنگ سے پہلے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں کفارِ بدر کو بہت تھوڑی تعداد میں دیکھا۔ حضور انور نے یہ خواب غازیوں سے بیان فرمائی۔ مسلمان خوش ہو کر بولے کہ نبی کا خواب وحی الٰہی ہوتا ہے وہ بہت تھوڑے ہی ہیں۔ اس سے غازیوں کی ہمت خوب بڑھ گئی۔ دوسرے یہ کہ جنگ کا وقت آیا اور دو طرفہ صفیں آراستہ ہوئیں تو مسلمانوں کو بھی کفار بہت ہی کم محسوس ہوئے حتیٰ کہ سیدنا عبداللہ ابن مسعود نے اندازہ لگایا کہ وہ کل ستر ہیں۔ بعض نے بہت بڑا اندازہ لگایا کہ ایک سو ہیں۔ حالانکہ وہ ایک ہزار تھے۔ اور غازی بولے کہ دیکھ لو حضور کی خواب برحق ہوئی۔ اور ان کے حوصلے اور بلند ہو گئے۔ تیسرے یہ کہ اس وقت کفار کو بھی مسلمانوں کی تعداد بہت کم محسوس ہوئی حتیٰ کہ ابوجہل بولا کہ اس مٹھی بھر لشکر سے لڑنا کیا۔ اسے تو یوں ہی رسیوں سے باندھ کر مکہ لے چلو۔ اس پر کفار جنگ کی ہمت کر کے مقابلہ میں آ گئے۔ جب جنگ چھڑ گئی تو یہ مسلمان کفار کو بہت زیادہ

marfat.com

نظر آنے لگے۔ جس سے اُن کی ہمت ٹوٹ گئی مگر اب کیا ہوتا ہے۔ جنگ چھڑ چکی تھی۔ اس آیۃ کریمہ میں اس واقعہ کا یہاں ذکر ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ اے محبوب یہ واقعہ بھی یاد فرماؤ یا یاد رکھو یا لوگوں کو یاد دلاؤ۔ جبکہ جنگ سے پہلے رب تعالیٰ نے آپ کو خواب میں کفار کی تعداد بہت تھوڑی دکھائی۔ آپ نے غازیوں سے یہ خواب بیان کی تو اُن کی ہمتیں بلند ہو گئیں۔ اگر ہم آپ کے ذریعہ اُن کی کثرت غازیوں کو ظاہر کر دیتے تو ان غریبوں کے حوصلے پست ہو جاتے اور یہ آپس میں اختلاف کر بیٹھتے کہ غزوہ کریں یا نہ کریں اُن کا اس نازک وقت میں یہ اختلاف تباہ کن ہوتا۔ ہم تو دلوں کا حال جانتے ہیں۔ رب نے اپنے محبوب کی خواب کے ذریعہ سے تم کو ان ہلاکتوں سے بچا لیا اور اے غازیانِ بدر تم ہمارا وہ کرم یاد رکھو کہ عین جنگ کی صفیں بنتے وقت ہم نے تم کو کفار کی تعداد تھوڑی دکھائی تاکہ تم دلیر ہو جاؤ۔ ادھر کفار کو تمہاری تعداد تھوڑی دکھائی تاکہ وہ میدان سے بھاگ نہ جائیں۔ تم دونوں میں جنگ ہو اور ہمارا فیصلہ شدہ کام ظاہر ہو کر رہے۔ خیال رکھو کہ فتح و نصرت بلکہ ساری چیزوں کا رجوع رب کی طرف ہے لہٰذا ہمیشہ اس پر توکل کرو۔

**فائدے** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب شریف بھی مومنین کے لیے مشکل کشا و دافعِ بلا ہے کہ فتح بدر کا سہرا حضور کی اس خواب شریف پر ہے۔ جس کی خواب دافع بلا ہو تو وہ خود خواب والا کیسی شان والا ہوگا۔ یہ فائدہ اِذْ یُرِیْکَهُمُ اللّٰهُ الخ سے حاصل ہوا۔ **شعر**:

تمہیں شافعِ برایا تمہیں دافع بلا یا　　تمہیں قاسم عطا یا کوئی تم سا کون آیا

اس لیے رب نے یہ خواب حضور انور کو دکھایا۔ غازیوں کو نہ دکھایا۔ **دوسرا فائدہ** حضرات انبیاء خصوصاً حضور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب رب کی طرف سے ہوتا ہے وہاں شیطان کو دخل نہیں۔ گویا وہ بھی وحی الٰہی ہے۔ جس پر شرعی احکام جاری ہو جاتے ہیں۔ یہ فائدہ یُرِیْکَهُمُ اللّٰهُ سے حاصل ہوا کہ خواب دکھانے والا رب تعالیٰ تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام خواب دیکھ کر ذبح فرزند پر آمادہ ہو گئے۔ **تیسرا فائدہ** ہمیشہ نبی کا خواب سچا ہوتا ہے وہاں غلطی کا احتمال ہی نہیں۔ دیکھو حضور انور نے تین گنا کفار کو تہائی دیکھا واقعی اصل کافر تہائی ہی تھے۔ باقی سارے مسلمان ہو گئے۔ یہ فائدہ قلیلاً سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** بحالت جنگ کفار کا دباؤ بڑھ جانے پر جنگ کی ہمت نہ کرنا گناہ نہیں۔ اس کی اجازت ہے۔ ہاں بہتر یہ ہے کہ ایسی حالت میں جان دے دے مگر جنگ سے نہ ہٹے۔ **پانچواں فائدہ** نبی سے اختلاف رائے جرم نہیں نہ اس پر عتاب ہو یا یہ فائدہ وَلَتَنَازَعْتُمْ سے حاصل ہوا کہ اسے بھی رب نے بغیر عتاب بیان فرمایا۔ فرشتوں نے رب تعالیٰ سے اختلاف رائے کیا کہ عرض کیا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ (الخ) حضور انور کی رائے تھی

marfat.com

کہ جنگ احد مدینہ منورہ میں رہ کر مدافعانہ کی جاوے مگر کثرت رائے یہ ہوئی کہ باہر نکل کر کی جاوے حضور انور نے اُن کی رائے کا احترام کیا۔ چھٹا فائدہ مجتہدین کا اختلاف اچھا ہے! برا نہیں اِس میں کوئی مجتہد گنہگار نہیں ہوتا یہ فائدہ بھی تَنَازَعْتُمْ سے حاصل ہوا! دیکھو اگر غازیانِ بدر میں جنگ کرنے نہ کرنے میں اختلاف ہوتا تو جنگ کی رائے دینے والے اس آیتہ سے دلیل پکڑتے کَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً اور مخالفین اِس آیتہ سے دلیل پکڑتے کہ لَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ کوئی مجرم نہ ہوتا ساتواں فائدہ، اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ چھوٹی چیز کو بڑی دکھا دے اور بڑی چیز کو چھوٹی کر کے دکھا دے! تمام قومیں رب کے قبضے میں ہیں یہ فائدہ وَيُقَلِّلُكُمْ الخ سے حاصل ہوا! آٹھواں فائدہ: غازی مسلمانوں کو چاہیئے کہ فتح و نصرت اللہ کی طرف سے سمجھیں! اِس کے لیے کوشش و تیاری ضرور کریں مگر اِس کے باوجود رب سے بے نیاز نہ ہوں! یہ فائدہ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ سے حاصل ہوا!! شعر

ے گر توکل می کنی در کار کن کسب کن پس تکیہ بر جبار کن

پہلا اعتراض: نبی کی خواب وحی ہوتی ہے! جس میں غلطی کا امکان نہیں پھر حضور انور کی بدر والی خواب غلط کیسے ہو گئی کہ کفار بدر بہت تھے مگر حضور انور کو کم دکھائے گئے! جواب اس کے دو جواب ابھی تفسیر میں گذر گئے کہ خواب شریف بالکل صحیح تھی! اس کی تعبیر بالکل درست تھی تعداد کی کمی سے مراد تھی اُن کی ہمت و جرأت کی کمی یعنی کیفیت کو مقدار کی شکل میں ملاحظہ فرمایا کہ اُن کی ہمت سو سوا سو آدمیوں کی سی ہے یا یہ خواب حقیقت پر مبنی تھی کہ اُن ایک ہزار میں کفر پر مرنے والے بہت تھوڑے ہیں اُن میں سے بہت لوگ اسلام قبول کریں گے! خواب میں اکثر اشارات ہوتے ہیں! دوسرا اعتراض۔ اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ صحابہ بزدل تھے! اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے جھگڑتے بھی تھے! دیکھو ارشاد لَفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ یہ دونوں چیزیں عیب ہیں! (شیعہ) جواب یہ آیتہ تو ان دونوں چیزوں کی صحابہ سے نفی کر رہی ہیں! کیونکہ لو مثبت شرط و جزاء دونوں کی نفی کرتا ہے! مطلب یہ ہے کہ خواب شریف میں کفار زیادہ دکھائے جاتے تو تم لوگ کم ہمت ہو جاتے اور جھگڑتے یعنی اِن میں سے کچھ بھی نہیں ہوا! تعجب ہے حضرات صحابہ کی بہادری پر وہ لوگ اعتراض کرتے ہیں جو دنیا بھر میں سب سے زیادہ بزدل ہیں! تیسرا اعتراض۔ دوسری آیتہ سے معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ نے جاگتے ہوئے بہت کافروں کو کم دیکھا! یہ ناممکن ہے! سامنے قریب کی چیز بہت سی ہو تو کم کیسے نظر آسکتی حالانکہ آنکھوں میں کوئی بیماری نہ ہو! جواب یہ بحکم ربانی حضرات صحابہ کو بعض کفار نظر نہ آئے آج بھی گھبراہٹ میں سامنے کی چیزیں کچھ نظر آتی ہیں! کچھ نہیں آتیں! بلکہ بعض دفعہ کچھ بھی نظر نہیں آتا ہماری تمام قوتیں تابع فرمانِ الٰہی ہیں! بعض حالات میں ہماری زبان مٹھاس نہیں محسوس کرتی اور کبھی غلط محسوس کرتی ہے! کڑوی چیز میٹھی معلوم ہوتی ہے اور

marfat.com

میٹھی چیز کر دی اور ہو سکتا ہے کہ حضرات صحابہ کرام کی آنکھوں نے بھی اس دن حقیقت کو دیکھا ہو نہ کہ صرف اشخاص کو! انہیں وہ ہی کافر نظر آئے ہوں جو کفر پر مرنے والے تھے! چوتھا اعتراض! کسی چیز کو غلط دکھانا دھوکہ بازی ہے یہ رب کی شان کے خلاف ہے پھر رب نے ایسا کیوں کیا! جواب! دھوکہ بازی نہیں بلکہ مومنوں کی امداد ہے اگر اس ذریعہ سے ان کی ہمت بڑھے اور اچھی طرح ہمت سے اللہ کی راہ میں جہاد کریں! اگر دھوکہ ہی ہو تو بھی! جنگ میں دھوکہ جائز ہے! حدیث شریف میں ہے الحرب خدعۃ! تاکہ خونریزی کم ہو! مگر خیال رکھنا کہ! دھوکا! جھوٹ، وعدہ خلافی ان تینوں میں فرق ہے! صرف دھوکہ جائز ہے جھوٹ وغیرہ اس وقت بھی حرام ہے! پانچواں اعتراض! پھر کفار بدر کو مسلمان پہلے تھوڑے بعد میں زیادہ کیوں نظر آئے! جواب اس لیے کہ انہوں نے اولاً صرف مسلمان غازی دیکھے جو واقعی ان کی تہائی سے بھی کم تھے۔ پھر فرشتے بھی دیکھے جو مسلمان کی مدد کے لیے آئے جن کی تعداد پانچ ہزار تھی! چھٹا اعتراض! فرشتے نوری مخلوق ہیں پھر کفار کو نظر کیسے آگئے! ہماری آنکھیں نہیں دیکھ سکتی تھی! جواب! جب وہ اپنی اصلی شکل میں ہوں تو واقعی نظر نہیں آتے مگر جب وہ شکل انسانی میں ہوں تو بخوبی نظر آسکتے ہیں! بدر میں فرشتے شکل انسانی میں تھے! گھوڑوں پر سوار! جبہ دستار پہنے! ہتھیار بند!

## تفسیر صوفیانہ

بدر میں کفار کے نور نظر نے غلطی کی کہ بہت تھوڑا دیکھا! یہ غلطی مومنوں کے لیے رحمت تھی! کفار پر عذاب! نور عقل کا بھی یہ ہی حال ہے مومن کا نور عقل حق کو حق دیکھتا ہے!! باطل کو باطل! مگر کفار کا نور نظر غلط دیکھتا ہے! کہ دنیا کو جو بہت تھوڑی ہے زیادہ محسوس کرتا ہے! آخرت کو جو بہت زیادہ ہے تھوڑا سمجھتا ہے! یوں ہی اللہ کی نعمتوں کو تھوڑا اس کی بھیجی ہوئی تکلیف کو بہت زیادہ محسوس کر کے بے صبری ناشکری کرتا ہے۔ مومن دنیا کو حقیر و قلیل دیکھتا ہے! آخرت! کو عظیم و کثیر۔ مومن اپنے گناہوں کو زیادہ اور اپنی نیکیوں کو کم! یوں ہی اللہ کی نعمتوں کو زیادہ اپنی اطاعتوں شکر گزاریوں کو کم محسوس کرتا ہے! یہ ہے خدا بینی والی عقل! اللہ تعالیٰ وہ نصیب کرے حضور انور کی خواب صحابہ کرام کی بیداری کی نگاہ حقیقت پر مبنی تھی۔ اس جگہ تفسیر روح المعانی نے خواب اور نظر نگاہ پر بہت اعلیٰ درجہ کی بحث کی ہے صوفیاء فرماتے ہیں کہ جیسے دماغ کی آنکھ کے لیے بعض چیزیں مضر ہیں! جو روشنی کم کرتی ہیں! بعض مفید ہیں جن سے روشنی تیز ہوتی ہے اسی طرح نور قلبی کے لیے بعض چیزیں مضر ہیں جن سے وہ نظر کمزور ہوتی ہے! حسد! لالچ کینہ یہ دل کی روشنی دھندلی کرتے ہیں! جب زور کر جائیں تو دل کو اندھا کر دیتے ہیں! وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ۔ مقبولین خدا کی بارگاہ سے محبت اللہ رسول کی اطاعت آخرت کے امور میں غور۔ یہ وہ سرمہ ہے جس سے قلب کی

marfat.com

روشنی تیز ہوتی ہے۔ مولانا فرماتے ہیں شعر

سرمہ کن در چشم خاکِ اولیا تا بہ بینی ز ابتدا تا انتہاء

یہ مقام بہت بلند ہے اللہ تعالیٰ اُن مقبولوں کے صدقہ ہم کو چشمِ حقیقت بین عطا کرے آمین"

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا | |
| اے لوگو جو ایمان لائے | جب ملو تم کسی لشکر سے پس جمے رہو اور ذکر کرو |
| اے ایمان والو | جب کسی فوج سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کی یاد |
| اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا | |
| اللہ کا بہت | تاکہ تم کامیاب رہو اور فرمانبرداری کرو تم اللہ کی اور اس کے رسول کی اور نہ |
| بہت کرو | کہ تم مراد کو پہنچو اور اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو اور آپس میں |
| تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ ع ۴ | |
| جھگڑا کرو ایکدوسرے سے ورنہ پست ہمت ہو جاؤ گے اور اکھڑ جائے ہوا تمہاری اور صبر کرو تحقیق اللہ ساتھ ہے صبر کرنیوالوں کے | |
| جھگڑو نہیں کہ پھر بزدلی کرو گے اور تمہاری بندھی ہوئی ہوا جاتی رہیگی اور صبر کرو بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے | |

**تعلق**:۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں اُن غیبی امدادوں کا ذکر ہوا جو خاص طور پر بدر میں غازیوں پر نازل ہوئیں اب اُن دو عملوں کا ذکر ہے اگر غازی وہ کر لیا کریں تو اُن پر غیبی امداد نازل ہوا کرے۔ جہاد میں ثابت قدمی اور اللہ کا بہت ذکر گویا خصوصی امداد کے بعد عمومی امداد کا وقتی امداد کے بعد دائمی امداد کا ذکر ہے۔ **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیت میں غازیان بدر سے فرمایا گیا تھا کہ کفار اس وقت بہت تھے مگر تمہیں تھوڑے نظر آئے اب اس کی وجہ بیان ہو رہی کہ اُن کے پاس ذکر اللہ کا ہتھیار نہ تھا جس سے انہیں قلت ذلت اور شکست ہوئی۔ اے مسلمانو! تم ذکر اللہ سے غافل نہ رہنا کہ تم تھوڑے ہو کر بھی بہت ہو۔ **تیسرا تعلق**:۔ پچھلی آیات میں اختلاف اور جھگڑے کا ذکر ہوا تھا کہ اگر ہمارے نبی کی خواب کی مدد نہ ہوتی تو تم آپس میں جھگڑ پڑتے۔ اب ارشاد ہوا ہے کہ آئندہ یہ خواب نہ ہوگی مگر تم بہت احتیاط رکھنا کہ یوں تو کبھی بھی مگر خصوصاً بحالت جہاد آپس میں اختلاف نہ کرنا۔ اللہ رسول کی اطاعت کرنا انشاء اللہ فتح و نصرت تمہارے قدم چومے گی۔ **تفسیر**:۔ یٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا یہ فرمان عالی نیا جملہ ہے جس میں مسلمان کو جہاد فی سبیل اللہ کے چار آداب سکھائے۔ ثابت قدمی۔ ذکر اللہ۔ اللہ کے رسول کی اطاعت اتفاق و اتحاد چونکہ جہاد اور جہاد میں صبر

marfat.com

نفس پر ہیبت و شوار تھا اس لیے اس مضمون کو پیاری ندا سے شروع فرمایا گیا۔ تاکہ اس خطاب کی لذت سے جہاد آسان ہو جاوے نیز ایمان کا ذکر فرما کر یہ بتایا کہ یہاں کفار سے جہاد مراد ہے۔ نہ کہ آپس میں لڑائی بھڑائی۔ کیونکہ مومن کی شان یہ ہے کہ اپنے بھائی مسلمان سے نہ لڑے بھڑے اس کی لڑائی یا کفار سے ہو یا مرتدین سے یا خوارج یا باغیوں سے ان جنگوں کے لیے خلفاءِ راشدین کی جنگیں نمونہ ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی جنگیں کفار اور مرتدین سے ہوئیں حضرت عمر و عثمان رضی اللہ عنہما کی جنگیں صرف کفار سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی جنگیں باغیوں اور خوارج سے ہوئیں۔ حق یہ ہے کہ اس میں خطاب اگرچہ صحابہ کرام خصوصاً غازیان بدر سے ہے مگر حکم تا قیامت سارے مسلمانوں سے کیونکہ عبادت عام ہے۔"

اذا لقیتم فئۃ یہ عبارت ندا کا مقصود ہے اذا عموم ظرف کے لیے ہے بمعنی جب کبھی لقیتم بنا ہے لقائے سے لقا اور نزال عموماً جنگ میں دشمن سے بھڑنے کو کہا جاتا ہے۔ (روح المعانی) فیۃ کے معنی ہیں جماعت۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس سے مراد اسلام یا سلطانِ اسلام سے پھر جانے والی جماعت کو فیۃ کہا جاتا ہے یہ بنا ہے فأوت سے بمعنی قطعت فیۃ کٹ جانے والی جماعت۔ اسلام سے کٹ جانے والی سلطان سے فاثبتوا۔ یہ جہاد کا پہلا ادب ہے یہ بنا ہے ثبات سے بمعنی جم جانا ثابت قدم رہنا۔ پیٹھ نہ پھیرنا۔ خیال رہے کہ کفار کا دباؤ بڑھ جانے پر اُن کے مقابلہ سے ہٹ کر اپنی فوج سے مل جانا یا امیر لشکر کے پاس پہنچ جانا بھی ثابت قدمی کی ایک صورت ہے۔ لہٰذا یہ آیۃ اُس آیت کے خلاف نہیں اور متحرف القتال۔ یہاں دشمن کے مقابلہ سے بزدل ہو کر بھاگ جانا مراد ہے۔ (دیکھو خازن کبیر وغیرہ) خیال رہے کہ جب اپنی فتح کی امید ہو تو ثابت قدمی فرض ہے۔ مقابلہ سے ہٹنا گناہ کبیرہ جسے حدیث شریف میں تولی یوم الزحف فرمایا گیا ہے اور جب حالت ایسی خطرناک ہو جاوے کہ معاذ اللہ اپنی شکست اور یہاں ٹھہرنے میں موت یقینی ہو تو ڈٹا رہنا مستحب ہے بہت ہی ثواب کا باعث۔ یہ مسائل کتب فقہ میں دیکھو۔ واذکروا اللہ کثیراً یہ جہاد کا دوسرا ادب ہے۔ یعنی اُس وقت اللہ کا ذکر۔ اس میں گفتگو ہے کہ اس ذکر سے کیا مراد ہے۔ یا نعرہ تکبیر لگانا مراد ہے کہ اس سے کفار کے دل میں ہیبت پیدا ہوتی ہے۔ حضور صلے اللہ علیہ وسلم مجاہدین کو جہاد سے پہلے کوئی خاص ذکر بتا دیتے تھے کہ یہ زبان پر جاری رکھو جیسے اُمت اُمت یا جیسے لا ینصرون اس سے مومن کی پہچان رہتی تھی کہ گرد و غبار کے اندھیرے میں مومن پہچانا جائے اور مسلمان کے ہاتھوں نہ مارا جائے۔ ابھی ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاکستانی فوج نے نعرہ مارا یا علی۔ اس نعرہ کی ہیبت سے بھارتی فوج کا سپاہی رام مر گیا۔ ہیبت کی وجہ سے یہ واقعہ اخبارات میں آیا۔ یا اس سے مراد فتح و نصرت کی دعاء جیسے اللّٰھُمَّ اقْتُلْھُمْ اللّٰھُمَّ اھْزِمْھُمْ یا یہ دعاء اللّٰھُمَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ یا اس سے مراد دل میں اللہ کا خیال کرنا اور فتح نصرت کی اُمید کرنا۔ ظاہر یہ ہے کہ یہ سارے ہی ذکر مراد ہیں۔ کہ ذکر عام ہے (از روح المعانی و کبیر وغیرہ)

marfat.com

غرضکہ جہاد کا نقشہ یہ کہ ہاتھ میں تلوار ہو زبان پر ذکرِ یار۔ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ یہ ان دونوں باتوں کا ظاہر ہے کہ لعلّ اُمید کے لیئے ہے یعنی اس امید پر یہ دونوں کام کرو۔ کہ تم کو فلاح و کامیابی حاصل ہو۔ اس فرمان عالی میں اشارۃً یہ بتایا گیا ہے کہ خطرناک حالات پریشانیوں میں اللہ کا ذکر کمال ہے اور کامیابی کا پیش خیمہ ایک شاعر کہتا ہے۔ شعر

وَلَقَدْ ذَكَرْتُكَ وَالرِّمَاحُ نَوَاصِلٌ ۔۔۔ مِنِّيْ وَبِيْضُ الْهِنْدِ تَشْرَبُ مِنْ دَمٍ

فَوَدِدْتُ تَقْبِيْلَ السُّيُوْفِ لِاَنَّهَا ۔۔۔ بَرَقَتْ كَبَارِقِ ثَغْرِكِ الْمُتَبَسِّمِ (روح المعانی)

میں نے تجھے اُس وقت یاد کیا جب نیزے کھچے ہوئے تھے اور ہندی تلواریں میرا خون چوس رہی تھیں یعنی دل چاہتا تھا کہ ان کھچی ہوئی تلواروں کو چوم لوں اس لیئے کہ ان کی چمک محبوب کے تبسم کی طرح تھی وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ یہ عبادت معطوف ہے اُذْكُرُوا اللّٰهَ پر اس میں جہاد کا تیسرا ادب سکھایا گیا ہے۔ اگرچہ اللہ رسول کی اطاعت ہر وقت ہی ضروری ہے مگر بحالتِ جہاد بہت ضروری ہے کہ اب موت سامنے ہے خدا کرے اُن کی اطاعت کی اطاعت میں جان نکلے تو یہ بہترین موت ہے۔ شعر

؎ نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے ۔۔۔ یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

اس میں اشارہ فرمایا گیا کہ جہاد اپنی ناموری یا غنیمت حاصل کرنے یا محض ملک گیری کی نیت سے نہ ہو۔ محض اللہ رسول کی اطاعت و فرمانبرداری کے لیئے ہو۔ اخلاص مومنوں کی تلواروں کی تیز دھار ہے جس کے سامنے۔ انشاء اللہ کفر نہیں ٹھہر سکتا وَلَا تَنَازَعُوْا یہ عبارت معطوف ہے۔ اَطِيْعُوا اللّٰهَ پر اس میں جہاد کے چوتھے ادب کی تعلیم ہے لڑنا جھگڑنا اگرچہ ہمیشہ ہی بُرا ہے مگر بحالتِ جہاد گناہ بھی ہے اور سخت خطرناک بھی کہ دشمن سامنے ہے وہ تمہارے آپس کے اختلاف و جھگڑوں سے فائدہ اٹھا جاویگا۔ آج کفار کا قول ہے کہ لڑاؤ اور فتح پاؤ۔ راج کرو۔ اس مختصر سے فرمان میں بہت باتیں بتادی گئیں آپس میں سپاہی نہ لڑیں۔ فوج اپنے سردار سے نہ لڑے نہ جھگڑا کرے اس کا ہر جائز حکم مانے۔

فَتَفْشَلُوْا یہ عبارت یا تو لَا تَنَازَعُوْا ہی کا جواب ہے لہٰذا اس سے پہلے ان پوشیدہ ہے یا اس پر معطوف ہے اور جزمی حالت میں ہے اس کا مادہ فشل ہے بمعنی بزدلی یعنی ورنہ تم بزدل ہو جائے گے۔ یا بزدل نہ بنو یا آپس میں جھگڑو نہیں اس خوف سے کہ بزدل ہو جاؤ۔ کیونکہ جھگڑا اور نااتفاقی بزدلی کا سبب ہے وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ یہ عبارت معطوف ہے تَفْشَلُوْا پر ریح کے معنی ہیں ہوا۔ یہاں اس سے مراد ہے شوکت و شان اُردو میں۔ عزت و شان قائم ہو جانے کو کہا جاتا ہے فلاں کی ہوا بندھ گئی۔ اس کے برعکس کو کہا جاتا ہے اس کی ہوا اکھڑ گئی یہ بھی محاورہ عرب کا ہے۔ ایک شاعر کہتا ہے۔ شعر

اِذَا هَبَّتْ رِيَاحُكَ فَاغْتَنِمْهَا ۔۔۔ فَاِنَّ لِكُلِّ خَافِقَةٍ سُكُوْنٌ

marfat.com

وَلَا تَفْشَلُوْا عَنِ الْاِحْسَانِ فِيْهَا فَمَا تَدْرِيْ السُّكُوْنُ مَتٰى يَكُوْنُ

قتادہ اور ابن زید کہتے ہیں۔ کہ اس سے مُراد فتح و نصرت کی ہوائیں ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ مجاہدین پر کرم فرماتے ہوئے بھیجتا ہے یا اس سے مراد فتح و نصرت ہے یا مراد ہمت و جرأت یعنی تمہارے آپس کے جھگڑے کا دوسرا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی کفار کے دلوں میں جو تمہاری دہاک بیٹھی ہے وہ جاتی رہے گی۔ واصبروا یہ پانچواں حکم ہے صبر اگرچہ ہر وقت ہی ضروری ہے۔ مگر جہاد میں تو بہت ضروری۔ صبر کڑوا ہے مگر اس کا پھل بہت میٹھا۔ صبر کے معانی اس کے اقسام و احکام دوسرے پارے کی تفسیر میں عرض ہو چکے ہیں۔ ان اللہ مع الصبرین یہ صبر کے حکم کی وجہ کا بیان ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کا فضل صبر والوں کے ساتھ ہے ساتھ ہونے کے معنی اور ہمراہی کی قسمیں رب تعالیٰ کی معیت کی کیا صورت ہے ہم یہ سب باتیں پارہ دوم میں زیر آیت ان اللہ مع الصابرین عرض کر چکے ہیں۔

**خلاصہ تفسیر**۔ رب تعالیٰ نے اس آیتہ کریمہ میں غازی مسلمانوں کو کفار کے مقابلہ کے لیئے پانچ روحانی ہتھیار عطا فرمائے۔ جن میں سے تین حملہ کرنے کے لیئے ہیں۔ اور دو اُن کے بچاؤ کے لیئے۔ ثابت قدمی۔ اللہ کا ذکر۔ اللہ رسول کی اطاعت یہ کفار پر حملہ کے لیئے روحانی ہتھیار ہیں۔ اور اتحاد تنظیم صبر یہ دونوں دفاعی ہتھیار۔ چنانچہ ارشاد ہے کہ اے مومنو جب کبھی تمہاری مڈھ بھیڑ لشکر کفار یا لشکر اشرار سے ہو تو اُن کے مقابلہ میں تم ثابت قدم رہو کہ کفار اپنی جگہ سے ہٹے تو ہٹے تمہارے قدم نہ ڈگمگائیں اور اس وقت تمہاری زبان پر اللہ کا ذکر بہت ہو کہ جہاد کے دوران نماز کی پابندی ہو عین قتال کے وقت نعرۂ تکبیر نعرۂ رسالت تلاوتِ قرآن دعاؤں وغیرہ سے تمہاری زبانیں تر ہوں حالت یہ ہو کہ ہاتھ کار وَل۔ دل یار وَل۔ دست بہ کار دل بہ یار۔ اگر تم نے یہ عمل کیئے تو امید کرو کہ تم کامیاب ہوں گے اس کے ساتھ ہی ساتھ اللہ و رسول کی فرمانبرداری کرو۔ اس کی اطاعت ہر وقت ہی ضروری ہے مگر جہاد جیسی نازک حالت میں بہت ہی ضروری نیز تمہارا جہاد کسی دنیاوی لالچ سے نہ ہو صرف اللہ رسول کی اطاعت دین کی حمایت کے لیئے ہو۔ اس موقعہ پر تم نہ تو آپس میں لڑو جھگڑو۔ اور نہ تم اپنے حاکم افسر سے لڑو جھگڑو۔ ورنہ تم بزدل ہو جاؤ گے۔ اور تمہاری ہوا جاتی رہے گی۔ تمہارا رعب دشمن کے دل سے نکل جاوے گا۔ دشمن تمہارے اختلاف سے فائدہ اُٹھائیگا اس وقت میں بہت صبر سے کام لو۔ یقین رکھو کہ اللہ کی رحمتیں صبر والوں کے ساتھ ہیں جب وہ تم پر رحمت کرے تو کون ہے جو تمہیں نقصان پہنچائے۔

**فائدے**:۔ ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**:۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں خصوصاً غازیوں پر بہت ہی مہربان ہے کہ انہیں جنگ کی تدبیریں بتاتا ہے کیونکر نہ ہوں کہ یہ امت اگرچہ گنہگار ہے مگر محبوب کی ہے:۔

شعر:۔ ؎ مجرم ہوں روسیہ ہوں اور لائق سزا ہوں — لیکن حبیب کا ہوں مجھ پر عتاب کیسا۔

marfat.com

**دوسرا فائدہ:** - جہاد صرف مسلمان کر سکتے ہیں۔ کفار کی جنگ کا نام نہیں وہ نرا فساد ہے۔ یہ فائدہ مومنوں کو ندا فرمانے سے حاصل ہوا کہ رب نے پہلے ندا دی پھر جہاد کی تدبیریں بتائیں **تیسرا فائدہ:** جہاد صرف کفار یا اشرار پر ہوگا اگر مسلمان آپس میں لڑیں گے تو وہ جہاد نہیں فساد۔ یہ اس کے یہ احکام نہیں۔ یہ فائدہ قتلۃ فرمانے سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر مسلمانوں کی آپس کی جنگوں کا یہ حکم ہے کہ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا۔ اُن میں صلح کراؤ **مسئلہ:** - باغی جماعت سے بھی سلطان اسلام جنگ کرے اس کا ذکر اس آیت میں ہے۔ فقاتلوا التی تبغی حتی تفیئ الی امر اللہ بغاوت کرنے والی جماعت سے جنگ کرو حتیٰ کہ وہ اس حکم الٰہی کی طرف لوٹ آئے **مسئلہ:** - مگر باغیوں سے جنگ میں وہ سختی نہیں جو کفار سے جہاد میں ہے چنانچہ باغیوں کے قیدی لونڈی غلام نہ بنیں گے اُن کا مال غنیمت کی طرح تقسیم نہ ہوگا۔ اُن کے بھاگنے کا پیچھا نہ کیا جاوے گا۔ اس کی مثال حضرت علی رضی اللہ عنہ کا وہ برتاؤ ہے جو انہوں نے جنگ صفین میں حضرت امیر معاویہ کی جماعت سے اور جنگ جمل میں حضرت عائشہ صدیقہ کی جماعت سے کیا صفین والوں کے متعلق فرمایا اِخْوَانُنَا بَغَوْا عَلَيْنَا - - - - یہ ہمارے بھائی ہیں ہم پر بغاوت کر بیٹھے اور حضرت عائشہ صدیقہ کے اونٹ کے پاؤں کاٹے گئے جس سے اونٹ گرا ہودج نیچے آیا تو فوراً خیمہ ڈال دیا مزاج مبارک کی خیریت پوچھی اور بہت احترام سے اپنے شہزادوں کو مدینہ منورہ تک پہنچانے کیلئے ساتھ روانہ کیا

راہ حق میں تھی ڈھڑا دھڑ بھاگ اُن کی — شریعت کے قبضہ میں تھی باگ اُن کی
جہاں کردیا گرم گرما گئے وہ — جہاں کردیا نرم نرما گئے وہ!

**مسئلہ:** مرتدین پر جہاد میں بہت سختی ہے۔ اُن سے صلح جزیہ وغیرہ کچھ بھی قبول نہیں۔ اُن کے لیے دو ہی صورتیں ہیں قتل یا اسلام۔ اُن کے لیے رب فرماتا ہے تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ اس کی تفسیر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وہ برتاؤ ہے جو آپ نے مسیلمہ کے کذاب کے معتقدین اور زکوٰۃ کے منکرین سے کیا۔ یہ سب واقعات ان جیسی آیات کی تفسیر میں ہیں۔ **چوتھا فائدہ:** - جنگ کی دعا نہ کرو مگر جب آپڑے تو ڈٹ کر لڑو یہ فائدہ اشارۃً اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً سے حاصل ہوا **پانچواں فائدہ:** - کبھی دشمن کو حقیر نہ جانو۔ اس کے مقابلہ کی تیاری پوری پوری کرو۔ لڑو تو جم کر لڑو۔ یہ فائدہ اشارۃً فَاثْبُتُوْا سے حاصل ہوا۔ رب فرماتا ہے وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ **چھٹا فائدہ:** - اللہ کا ذکر بہترین عبادت ہے۔ یوں تو ہمیشہ ہی کرے، مگر خاص حالات خصوصاً آفات و بلیات میں زیادہ کرے۔ یہ فائدہ واذکروا اللہ کثیرا سے حاصل ہوا یہ وہ روحانی ہتھیار ہے جو کفار کے پاس نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں۔ کہ انسان کبھی بھی اپنے دل و زبان کو اللہ کے ذکر سے خالی نہ رکھے اگر کوئی شخص مشرق سے مغرب تک مال کی سخاوت کرتا جاوے۔ دوسرا مغرب سے مشرق تک جہاد کرتا جاوے ان دونوں سے اللہ کا ذکر افضل ہے (تفسیر کبیر) **ساتواں فائدہ** جہاد اللہ رسول کی خوشنودی کے لیے ہو اس میں نام نمود یا دنیوی لالچ کو بالکل دخل نہ ہو یہ فائدہ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ سے حاصل ہوا۔ آج کل مجاہدین کی خوش طبعی کے لیے گانے

marfat.com

ناچ۔ اور دوسرے کھیل تماشے کیئے جاتے ہیں۔ خود غازی صاحبان اس زمانہ میں نماز کی پرواہ نہیں کرتے یہ سخت غلطی ہے۔ اس موقعہ پر نمازوں اور ذکر اللہ کی کثرت چاہیئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عین جنگ کی حالت میں نماز کی جماعت بھی نہ چھوڑی۔ نماز خوف پڑھی جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے شعر

آگیا عین لڑائی میں اگر وقت نماز ۔۔۔ قبلہ رو ہو کے کھڑی ہو گئی سب قوم حجاز
ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز ۔۔۔ نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز
بندہ و صاحب و محتاج و غنی ایک ہوئے ۔۔۔ تیرے دربار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے

اللہ تعالیٰ صحابہ کرام جیسی نماز اُن جیسا جہاد نصیب کرے۔ **آٹھواں فائدہ** اللہ رسول کی اطاعت سے قوم میں اتفاق و اتحاد پیدا ہوتا ہے اُن کی نافرمانی قومی نااتفاقی کا سبب ہے یہ فائدہ اس سے حاصل ہوا کہ اطاعت کے حکم بعد لَا تَنَازَعُوا ارشاد فرمانے سے ۔ آج تنظیم و اتحاد کا ڈھنڈورا پیٹنے والے قوم کو پکا مسلمان بنانے کی کوشش کریں پھر اتحاد کا تماشہ دیکھیں۔ **نواں فائدہ**۔ نااتفاقی سے قوم کا رعب جاتا رہتا ہے۔ اتفاق سے قوم کی شوکت عظمت دشمنوں کے دل میں ہیبت پیدا ہوتی ہے یہ فائدہ تَذْهَبُوا رِيحُكُمْ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا جب کہ ریح یعنی ہوا سے مراد شوکت و ہیبت ہو **دسواں فائدہ**: اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو فتح کے بعد رحمت کی ہوا بھیجتا ہے۔ جو فتح و نصرت کی بشارت لاتی ہے یہ فائدہ لِيُحِقَّ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اس سے مراد ہوا ہو۔ حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے پوروا ہوا سے فتح دی گئی اور قوم عاد پچھوا ہوا سے ہلاک کی گئی۔ اس سے غزوہ خندق کی طرف اشارہ ہے۔ حضرت نعمان ابن مقرن فرماتے ہیں۔ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اول دن میں جہاد کرتے تھے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہوتا سورج ڈھلنے کے بعد جہاد فرماتے۔ جب ہوائیں چلتیں رحمت اُترتی ابوداؤد۔ مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

جملہ ذرات زمین و آسمان ۔۔۔ لشکر حق اند گاہ امتحان
بادرا دیدی کہ با عاداں چہ کرد ۔۔۔ ابر آذر دیدی کہ با طوفان چہ کرد

زمین و آسمان کا ہر ریزہ رب تعالیٰ کا لشکر ہے سلطان لشکر سلطان کے دوستوں کا استقبال کرتا ہے اور دشمنوں کا استقبال۔ (ابر بادی) دیکھ لو قوم عاد ہوا سے قوم نوح پانی سے ہلاک کی گئی۔ **گیارھواں فائدہ**۔ صبر ہر حال میں چاہیئے اس کے بڑے نفعے ہیں۔ دیکھو تفسیر پارہ دوم۔

**پہلا اعتراض**:۔ اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ بحالت جہاد غازی کو ڈٹ جانا چاہیئے۔ کسی صورت میں ہٹنا یا بھاگنا نہ چاہیئے۔ مگر دوسری آیتہ میں ہے وَمَنْ يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا :۔
جس سے معلوم ہوا کہ عین جنگ میں دو صورتوں میں مقابلہ سے بھاگ جانا بالکل جائز ہے۔ جنگی تدبیر کے لیئے پیچھے

marfat.com

ہٹنا یا بچھڑے ہوئے غازی کا اسلامی لشکر سے مل جانا تمکے لیئے یہ آیتہ اُس آیتہ کے خلاف ہے۔ **جواب ۱**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ ثابت قدم رہنے کی تین صورتیں ہیں۔ ایک وہاں سے نہ ہٹنا۔ دوسرے جنگی چال کے تحت غیر محفوظ محاذ سے ہٹ کر محفوظ جگہ پہنچ جانا۔ وہاں سے جنگ کرنا تیسرے یہ کہ غازی کسی موقع پر اکیلا رہ جائے اپنی فوج سے کٹ جائے اپنی فوج سے ملنے کے لیئے وہاں سے ہٹ جائے۔ یہ آخری دو صورتیں تمہاری پیش کردہ آیتہ میں مراد ہیں اور پہلی صورت اس آیتہ میں مذکور ہے۔ لہذا آیات میں تعارض نہیں۔ پہلی صورت میں پھر تفصیل ہے ایک حالت میں ہٹنا حرام ہے۔ دوسری صورت میں ہٹنا جائز ہے نہ ہٹنا اور وہاں ہی قتل ہونا بہتر۔ (دیکھو تفسیر)

**دوسرا اعتراض**:۔ تم نے ذکر واللہ کی تفسیر میں نعرہ تکبیر بھی داخل مانا کہ بوقت جہاد نعرہ بھی لگایا جائے مگر حدیث شریف میں ہے کہ غزوہ خیبر کے موقعہ پر صحابہ نے نعرہ تکبیر لگایا تو حضور انور نے اُسی وقت سختی کے ساتھ منع فرمایا۔ تمہاری یہ تفسیر اس حدیث کے خلاف ہے۔ **جواب**:۔ وہاں حضرات صحابہ نے جہاد میں جاتے وقت راستہ میں نعرہ مارا تھا۔ اور حضور کا یہ ارادہ تھا کہ دشمن کو ہمارے آنے کی خبر نہ ہو اور اچانک اُن پر جا پڑیں۔ انہیں سنبھلنے کا موقع نہ دیں بغیر خون خرابہ کے خیبر فتح ہو جائے۔ اس وقت نعرہ مارنا مصلحتِ وقت کے خلاف تھا اس لیئے منع فرمادیا خلاصہ یہ ہے کہ اگر نعرہ مارنا مصلحت کے خلاف ہو تو خفیہ ذکر کریں۔ اور مفید ہو تو وہ نعرہ لگائیں۔ کبھی نعرہ سے دشمن کے پاؤں اکھڑ جاتے ہیں دل دہل جاتے ہیں لہذا واذکروا اللہ کا اطلاق بالکل درست ہے۔"

**تیسرا اعتراض**:۔ تم نے تفسیر میں کہا کہ یہ آیت تا قیامت مسلمانوں کے لیئے ہے مگر اطیعوا اللہ و رسولہ سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف صحابہ کرام کے لیئے ہے کیونکہ انہیں میں حضور انور ہوتے تھے۔ انہیں کو جہاد کے احکام دیتے تھے وہ ہی اُن احکام کی اطاعت کرتے تھے **جواب**:۔ اللہ رسول کی براہ راست اطاعت واقعی اُن حضرات ہی کو میسر تھی مگر بالواسطہ اطاعت تا قیامت مسلمانوں کو میسر ہے۔ عالم۔ شیخ۔ امیر کی اطاعت حضور ہی کی اطاعت ہے۔ فرماتے ہیں۔ مَنْ يُّطِعِ الْاَمِيْرَ فَقَدْ اَطَاعَنِيْ جس نے اپنے حاکم مومن کی اطاعت کی اُس نے میری اطاعت کی اب غزوہ میں سے اپنے سپہ سالار امیر جیش کی اطاعت کرنی چاہیئے اب بھی فوج کو حکم ماننا بہر حال ضروری ہوتا ہے ورنہ انتظام نہیں رہ سکتا۔

**تفسیر صوفیانہ**:۔ مومن کا جہاد فِئَةٍ كَافِرَةٍ یا فِئَةً بَاغِيَةً پر ہوتا ہے فِئَةٍ كَافِرَةٍ بَاغِيَةٍ دو طرح کی ہے ظاہری اور باطنی۔ ظاہری پر ظاہری جہاد تلوار والا ہوتا ہے مگر باطنہ ہمارا نفس امارہ اس کے مددگار ہیں اس آیتہ کریمہ میں اشارۃً اس فِئَةٍ كَافِرَةٍ بَاطِنِيَةٍ یعنی نفس امارہ پر جہاد کا طریقہ بتایا جا رہا ہے کہ اس جہاد کرنے کے لیئے تم چار ہتھیار استعمال کرو۔ پہلا ہتھیار۔ دین پر سنت رسول پر ثابت قدمی کہ مرتے وقت تک سنت رسول کو مضبوطی سے تھامے رہو۔ نفس امارہ اس ہتھیار سے زیر ہوتا ہے۔ دوسرا ہتھیار ہے اللہ کا ذکر کثرت سے کرنا خواہ زبانی ذکر ہو یا جنانی۔

marfat.com

یعنی پاس انفاس یا روحانی یعنی سلطان الاذکار کہ ہر رونگٹا اللہ کا ذاکر ہو۔ لیکن زبانی ذکر حضور قلبی کے ساتھ چاہیے خصوصًا متبرک راتوں متبرک دن اور متبرک ساعتوں میں فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جو فجر کی نماز مسجد میں باجماعت ادا کرے پھر اس جگہ ذکر اللہ میں مشغول رہے۔ اشراق کے نفل پڑھ کر وہاں سے نکلے تو اُسے حج وعمرہ کا ثواب ملتا ہے فرمایا تامۃ تامۃ تامۃ پورے کا پورے کا۔ بعض صوفیاء کے نزدیک ذکر خفی سے ذکر جلی یعنی زبانی ذکر افضل ہے۔ کہ اس کی تحریر کاتبین اعمال فرشتے کرتے ہیں اس میں عمل زیادہ ہے اس سے دوسروں کو ذکر کی رغبت پیدا ہوتی ہے صوفیاء فرماتے ہیں کہ جہاد افضل چیز ہے اس لیئے جہاد کا غبار اور دوزخ کا دھواں ایک جسم پر جمع نہ ہوگا مگر جہاد کفار جہاد اصغر ہے اور جہاد نفس ناہنجار جہاد اکبر اس لیئے اس جہاد کا مقتول شہید ہوتا ہے۔ اور جہاد نفس کا مقتول صدیق ظاہر ہے کہ صدیق شہید سے بہتر ہے جہاد کیلئے تین چیزوں پر موقوف ہے ثابت قدمی رب تعالیٰ کی بہت یاد دل سے کا اخلاص ہے کہ اس میں ملک گیری کی نیت نہ ہونا غنیمت حاصل کرنے کی رب تعالیٰ نصیب کرے۔

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اور نہ ہو تم | مثل اُن لوگوں کے جو | نکلے | گھروں اپنے سے اکڑتے ہوتے اور دکھلاوے کیلئے لوگوں کو |
| اور ان جیسے نہ ہونا | | جو اپنے گھر سے نکلے | اتراتے اور لوگوں کے دکھانے کو |

وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿٤٧﴾

| | | |
|---|---|---|
| اور | روکتے ہوئے راستے سے اللہ کے | اور اللہ اس کو جو وہ عمل کرتے ہیں گھیرے ہے |
| اور اللہ کی راہ سے روکتے | | اور ان سب کے کام اللہ کے قابو میں ہیں |

**تعلق ۱**۔ اس آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پہلی آیۃ کریمہ میں اُن جسمانی عیوب کا ذکر جن سے غازیوں کو بچانا چاہیے اب جسمانی روحانی عیوب کا ذکر ہوا۔ کہ وہ اللہ رسول کی اطاعت کے لیئے جہاد کرتا ہے لہذا وہ غازی اب کفار کے مقصد کا ذکر ہے کہ وہ جو مومن خصوصًا غازی کے لیئے زہر قاتل ہیں یعنی فخر تکبر ریاکاری **دوسرا تعلق ۲**۔ پچھلی آیات میں مومن کے جہاد کا ذکر ہے کہ وہ لڑتا ہے فخر ریاکاری اللہ کی راہ سے روکنے کیلئے لہذا وہ نزاع فساد سے تاکہ مومن اس نیت سے بچیں میسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ اپنے پیارے بندوں صابرین کے ساتھ ہے اب ان کے مقابل بے صبروں یعنی خوروں کا ذکر ہے جن کے ساتھ بجائے خدا کی رحمت کے خدا کا غضب ہے اے مسلمانوں خیال رکھو کہ ہم کو اس سے بچنا ہوگا۔

marfat.com

**شانِ نزول:** جب کفار مکہ ابوجہل کی سرکردگی میں ابوسفیان کے قافلہ کی حفاظت کے ارادہ سے روانہ ہوئے مقام جحفہ میں پہنچے تو ابوجہل کو دو قاصد ملے۔ ایک قاصد ابوسفیان کا۔ اُس نے کہا کہ ابوسفیان مع قافلہ کے بخیریت تمام مکہ معظمہ پہنچ گئے۔ اب تمہارے آگے بڑھنے کی ضرورت نہیں واپس مکہ آجاؤ۔ ہمارا منشاء پورا ہوگیا۔ دوسرا قاصد حشاف کنانی کا جو ابوجہل کا گہرا دوست تھا۔ اُس نے بہت بڑے تحفے اپنے بیٹے کے ہمراہ بھیجے اور پیغام بھیجا کہ اگر تم کو ہماری مدد کی ضرورت ہو تو ہم بہت بڑی فوجی امداد ہتھیار وغیرہ سب کو حاضر کریں۔ ابوجہل نے دوسرے قاصد کو تو جواب دیا کہ ہم لوگ بہت ہیں ہمارے پاس سامان بہت ہے ہم محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اور ان کے ساتھیوں سے نپٹ لیں گے (کبیر) اور ابوسفیان کے قاصد کو جواب دیا کہ ہم بہادر لوگ بدر میں جاکر دم لیں گے۔ کیونکہ آج کل وہاں میلا لگا ہے سارے عرب کے لوگ جمع ہیں وہاں اپنی بہادری دکھائیں گے۔ مسلمان کا نام صفحۂ ہستی سے مٹادیں گے۔ پھر یہ سب کچھ کرچکنے کے بعد وہاں شرابیں پئیں گے کباب کھائیں گے۔ رنڈیاں ہمارے ساتھ ہیں انہیں نچا کر جشن منائیں گے۔ اے ابوسفیان تم بھی مع قافلہ کے یہاں پہنچو یہ نظارہ قابل دید ہوگا۔ یہاں عیش کے سارے سامان جمع ہیں۔ الحمدللہ کہ اس موذی نے بجائے شراب کے اپنا خون پیا۔ رنڈیوں کے گانے کی بجائے اُن پر پیٹنے والیاں روئیں۔ اللہ نے محمد مصطفی صلے اللہ علیہ وسلم اُن کے خدام کو بول بالا کیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ اُن کا بول بالا کرے (خازن۔ روح البیان۔ معالم۔ مدارک۔ بیضاوی وغیرہ) اس واقعہ کے متعلق یہ آیۃ کریمہ نازل ہوئی جس میں مسلمانوں کو تکبر و غرور سے روکا گیا۔"

**تفسیر:** ۔ وَلَا تَكُوْنُوْا قوی یہ ہے کہ یہ جملہ نیا ہے جس میں واؤ ابتدائیہ ہے اور ہوسکتا ہے یہ فرمان عالی معطوف ہو وَلَا تَنَازَعُوْا الخ پر اور واؤ عاطفہ اس میں خطاب تاقیامت غازی مومنوں سے ہے اور وَلَا تَكُوْنُوْا کی ممانعت دائمی ہے یعنی غازی مسلمانو! جہاد میں نہ تو آپس میں لڑو جھگڑو اور نہ اُن متکبرین کی طرح ہو کہ اگر اس کا نزول خاص موقعہ پر ہو مگر الفاظ عام ہیں ۔ كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ اگر لَا تَكُوْنُوْا تامہ ہے تو یہ عبارت اس کے متعلق ہے اور اگر ناقصہ ہے تو یہ عبارت اُس کی خبر سے الذین سے مراد کفار مکہ ہیں جو مسلمانوں کے مقابلہ کے لیئے بدر روانہ ہوئے خرجوا فرما کر یہ بتایا کہ یہ لوگ گھروں سے نکلتے وقت ہی متکبر تھے۔ دیار جمع دار ہے دار کے معنی گھر۔ دیار بمعنی گھروں عرف میں دیار بمعنی شہر ملک وطن بھی آتا ہے یہاں لغوی معنی میں ہے بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ یہ دونوں یا خَرَجُوْا کا مفعول ہیں تب تو اپنے معنی میں ہیں یا خَرَجُوْا کے فاعل سے حال تو یہ دونوں اسم فاعل کے معنی میں ہیں۔ یعنی وہ نکلے اتراتے اور دکھلاوے کے لیئے یا اتراتے اور دکھلاوا کرتے ہوئے ۔ بطر کے معنی ہیں طُغْيَانٌ فِي النِّعْمَةِ یعنی اللہ کی نعمتیں پاکر سرکش ہونا۔ نعمتوں کو رب کی مخالفت میں خرچ کرنا یعنی فخر سے اترانا اور تکبر کرنا ریاء الناس میں اشارہ ابوجہل کے اُس قول کی طرف ہے جو اُس نے کہا تھا کہ آج کل بدر میں سالانہ میلا لگا ہے ہماری بہادری سارے عرب والے دیکھیں گے اور ہماری دھاک سارے عرب کے دلوں پر بیٹھ جاوے گی۔ بدر میں سالانہ میلا لگا کرتا تھا ۲ سنہ ہجری رمضان وہاں میلا

marfat.com

لگا ہوا تھا۔ (کبیر وغیرہ) وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ یہ عبارت معطوف ہے بطراً پر اور رِئَاءَ النَّاسِ مفعول ہے یُنْفِقُ کا۔ یعنی اسم فاعل ہے یعنی صادین یا میسر احال ہے کہ بطر اور ریا دونوں اسم مضارع کے معنی میں ہو کر حال تھے چونکہ پہلے اُن میں دو عیب اثر اً تھا اور ریاکاری دائمی تھے اس لیئے انہیں مضارع کے صیغہ سے استعمال نہیں کیا اور اللہ کی راہ سے روکنا ہمیشہ صادر نہیں ہوتا تھا بلکہ جب سے حضور نے اعلان نبوت کیا تب سے وہ یہ جرم کرنے لگے اس لیئے اسے مضارع استمراری سے بیان کیا جیسے كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ میں کتے کی دائمی حالت بیان فرمائی گئی اور قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ میں رب تعالیٰ کا اُن کو رزق دیتا رہنا بیان ہوا لہذا مضارع ارشاد ہوا کبیر ایسی صورت میں مضارع منطوف ہو سکتا ہے اسم پر چونکہ کفار مکہ منشا اس جنگ سے دو تھے ایک تو مدینہ منورہ کے مسلمانوں کو اسلام سے پھیر نا دوسرے بقیہ عرب کو اسلام سے روکنا کہ ہماری شوکت مسلمانوں کی بے بسی دیکھ کر لوگ مسلمان رہنے سے گھبرا جائیں اس لیئے يَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ارشاد ہوا کہ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ یہ نیا جملہ ہے یعنی اللہ تعالیٰ اُن کے سارے دلی بدنی کھلے چھپے ارادے اور نیتیں گھیرے میں لیئے ہوئے ہے کہ اس کا علم اور قدرت اعمال و عاملین اللہ کے علم و قدرت کے گھیرے میں ہیں۔

**خلاصہ تفسیر:** اے غازی مسلمانوں! تم جہاد میں نہ تو آپس لڑنا جھگڑنا اور نہ ان کفار مکہ ابوجہل وغیرہ کی طرح ہونا جو بدر کی طرف اپنے گھروں سے اتراتے اکڑتے فخر تکبر کرتے مسلمان کو اسلام سے پھیرتے لوگوں کو اسلام سے روکتے ہوئے روانہ ہوئے تم نے اُن کا انجام دیکھ لیا کہ اُن کی چوٹی کے ستر سردار مارے گئے اور ستر سردار قید ہوئے انہوں نے بدر میں شرابیں نہ پیئیں بلکہ اپنے خون کے پیالے پیئے اُن کے سامنے رنڈیوں نے گایا شور مچایا نہیں بلکہ اُن کی نعشوں پر اُن کی عورتوں نے رویا پیٹا۔ ان کی نعشیں خاک و خون میں لوٹیں۔ ان واقعات سے عبرت پکڑو تم جہاد میں عجز و انکسار اللہ کا ذکر آنکھوں میں آنسو دل میں خشوع و خضوع لے کر حاضر ہوا کرو۔

**فائدے:** اس آیۃ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ مومن خصوصاً غازی کو چاہیئے کہ کفار کے طریقے سے بھی دور بھاگے۔ یہ فائدہ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ فرمانے سے حاصل ہوا کہ یہاں یہ نہ فرمایا کہ تم اتراؤ نہیں بلکہ فرمایا تم اترانے والوں کی طرح بھی نہ ہو **دوسرا فائدہ:** تمام عبادات خصوصاً جہاد کے وقت عجز و انکساری اپنے پر بھروسہ نہ کرنا۔ رب کے کرم پر بھروسہ کرنا مومن کا وہ ہتھیار ہے جس کے سامنے کفار تو کیا شیطان بھی نہیں ٹھہر سکتا۔ فخر تکبر ذلت کا پیش خیمہ ہے یہ **مسئلہ** ہمیشہ خصوصاً جہاد میں کفار کو ذلیل و کمزور سمجھنا ایمانی قوت اپنے کو قوی جاننا عبادت ہے جو اپنے کو کمزور سمجھ کر میدان میں آئے گا مار کھائے گا۔ حضرت علی جب میدان میں جہاد میں آئے تو کفار کو للکارتے شعر

انا الذی سمتنی امی حیدر۔

یہ بہادری ہے۔ بہادری اور تکبر و غرور میں فرق ہے۔ اللہ کی نعمت پر خوشی شکر ہے فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا اپنے کمال پر فخر و اکڑ کی خوشی تکبر ہے۔ لَا تَفْرَحْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِينَ **تیسرا فائدہ:** کوئی نیکی لوگوں کو دکھلانے انہیں خوش

marfat.com

کرنے کے لیئے کرنا ریاکاری ہے۔ جس سے ثواب یا کم ہوجاتا ہے یا بالکل جاتا رہتا ہے مگر حضور انور کو دکھانے انہی راضی کرنے کرنے کیلئے کرنا عین اخلاص ہے اور کمال خشوع جس سے اس عمل کی قیمت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے رب فرماتا ہے وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗٓ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ یہ فائدہ ریاءُ النَّاس میں اَلنَّاس کی قید لگانے سے حاصل ہوا۔ **مسئلہ**: اگر کسی نیکی کا اعلان اس لیئے کیا جاوے کہ دوسرے بھی یہ کریں تو وہ ریاء نہیں۔ بلکہ تبلیغ ہے۔ اگر اپنی ناموری کے لیئے اعلان کرے تو ریاء جو شرک اصغر ہے یہ مسئلہ بھی ریاءالناس سے حاصل ہوا۔ رب فرماتا ہے۔ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِیَ **چوتھا فائدہ**: ایک ہی میدان میں مومن و کافر جنگ کرتے ہیں۔ مگر مومن اللہ رسول کا نام بلند کرنے کو اور کافر اُن کا نام بند کرنے کو اور بند میں صرف لام کا فرق ہے مگر اس فرق سے مومن کی جنگ جہاد ہے کافر کی جنگ فساد **نکتہ**:۔ بلند اور بند میں صرف لام کا فرق ہے اور لام کے ۳۰ عدد ہیں تیس۔ قرآن مجید کے سپارے بھی تیس ہیں انشاءاللہ بلند کرنے والوں کو پورے قرآن یعنی تیس پاروں کا فیضان حاصل ہے اور بند کرنے والے قرآن کے فیض سے یکسر محروم ہیں۔ اب پڑھو وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ نکتہ بلند اور بند کا یہ ہی فرق تقریروں جلسوں مدرسوں اور تصنیفات میں بھی ہے جو تقریر تحریر تصنیف تالیف اللہ رسول کا ذکر بند کرنے کے لیئے ہو وہ کفار بدر کے جنگ کی طرح محض فساد ہے اور جو تصنیف تحریر تقریر مدرسہ جلسہ اُس کا نام بلند کرنے کے لیئے وہ بدر کے جہاد کی طرح عبادت ہے۔ **پانچواں فائدہ**:۔ ریاکاری۔ اترانا۔ اللہ کی راہ سے لوگوں کو روکنا یہ وہ بدعملی ہے جس کی سزا کفار کو بھی ملے گی۔ خواہ دنیا میں بھی یا آخرت میں دنیا میں بعض کو آخرت میں سب کو۔ یہ فائدہ۔ بِمَا یَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ سے حاصل ہوا۔ **چھٹا فائدہ**:۔ مومن کو چاہیئے کہ اولیاء صالحین کاملین مقبولین کے نیک اعمال میں بھی غور کرے۔ اُن کی اتباع کرنے کے لیئے۔ اور کفار و مشرکین کی بدعملیوں میں بھی غور تامل کرے ان سے بچنے کے لیئے یہ فائدہ اس پورے واقعہ سے حاصل ہوا۔ ساتواں فائدہ۔ بدانسان اور اس کا ہر اچھا برا کام اللہ تعالیٰ کے علم قدرت کے گھیرے میں ہے۔ وہ گھیرے ہوئے ہے اور ہم گھیرے۔ لہٰذا اس سے کوئی کسی طرح بچ نہیں سکتے۔ اُس کے غضب سے بچنے کے لیئے صرف ایک صورت ہے۔ توبہ اور بعد میں اسکی اطاعت:۔

**پہلا اعتراض**:۔ یہاں اتنی دراز عبارت کیوں ارشاد ہوئی۔ لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ (الخ) صرف یہ ہی کہ دیا جاتا کہ فخر و ریا نہ کرو۔ جواب اسطرح ارشاد فرمانے میں ممانعت کا خوب مبالغہ ہوگا۔ یعنی غرور و ریاء کرنا تو کیا معنی تم متکبرین اور ریاکاروں کی طرح بھی نہ ہو جیسے ارشاد باری ہے لَا تَقْرَبُوا الزِّنَا یعنی زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔ یغرمان الٰہی وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ نیز اس میں اشارۃً بتلایا گیا ہے کہ تم بارگاہ قطع احوال افعال متکبرین کے سے اختیار نہ کرو

**دوسرا اعتراض**:۔ یہاں بطر ارشاد ہوا فخر کیوں نہ فرمایا بطر فخر نفاق میں کیا فرق ہے۔ جواب: بطر میں نعمتوں کا انکار قولی یا عملی اور نعمتوں کا بری جگہ بزعم خود شکر ہے فخر میں یہ بات نہیں نیز بطر میں عمل کا لحاظ ہے اور نفاق میں عقیدے کا لحاظ یعنی رہے کام اچھا کرلے کام خود ہر کرنا سے بطر ہے

marfat.com

برُے عقیدے چھپا کر اچھے عقیدے ظاہر کرنا نفاق ہے بطر کے متعلق ابھی تفسیر میں کچھ عرض کیا گیا۔

**تیسرا اعتراض:** اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ ریاء یعنی لوگوں کو دکھانا بُرا ہے مگر اسلام میں نیکیوں کا اعلان ضروری کرے گا پنجگانہ نماز۔ جمعہ۔ عیدین۔ علانیہ جماعت سے پڑھو۔ حج کو علانیہ جاؤ لبیک لبیک کا شور کرتے یہ اعلان بُرا کیوں نہ ہوا۔ **جواب:** اعلان اور ریاء میں فرق ہے۔ ریاء یہ ہے کہ نیکی کی جائے لوگوں کو خوش کرنے اور اُن میں اپنی ناموری حاصل کرنے کے لیئے۔ یہ بُرا ہے عبادت کا اعلان کبھی تبلیغ کیلیئے بھی ہوتا ہے کہ دوسروں کو بھی اس کام کی رغبت ہو۔ **چوتھا اعتراض:** نحوی قاعدہ سے یصدون معطوف نہیں ہوسکتا بطر اپر کیونکہ یصدون جملہ فعلیہ ہے اور بطراً مصدر۔ فعل کا عطف فعل پر ہوسکتا ہے نہ کہ مفرد پر۔ **جواب:** قرآن مجید قانون نحوی کا پابند نہیں بلکہ قوانین قرآن کے پابند ہیں۔ مذکورہ نحوی قانون تب ہے جب کہ اس میں کوئی فائدہ نہ ہو۔ یہاں اس فرق میں فائدہ عظیم ہے بطرا۔ ریاءً کا مصدر ہونے اور یصدون کا فعل مضارع ہونے میں وہ فوائد ہیں۔ جو ہم نے ابھی تفسیر میں عرض کیئے

**تفسیر صوفیانہ:** نفس کے عیوب انسان کی نیکیوں کو برائیاں میں تبدیل کر دیتے ہیں اترانا۔ ریا یعنی نام و نمود کی نیت لوگوں کو راہ خدا سے روکنے کا ارادہ یہ وہ نفسانی برائیاں ہیں جن سے ہر نیکی بدی بن جاتی ہے۔ اخلاص وہ نفسانی صفت ہے جس سے گناہ نیکی بن جاتی ہے۔ انکسار والے کا گناہ اخلاص سے قریب ہے فخر و تکبر والا نیکی اخلاص سے دور ہے (تفسیر کبیر) ریاء دو قسم کی ہے۔ ریاء فی العمل اور ریاء فی تحسین العمل۔ ریاء فی العمل یہ ہے کہ انسان نفس العمل ریاء کے لیئے کرے کہ۔ اگر کوئی دیکھے تو نیکی کرے ورنہ نہ کرے۔ ریاء فی تحسین عمل یہ ہے کہ اکیلے میں عمدہ سا کرے لوگوں کے سامنے خوب اچھی طرح کرے پہلی صورت میں خود عمل کا ثواب نہ ملے گا دوسری صورت میں اصل عمل کا ثواب ملے گا۔ اس خوبی کا نہ ملے گا۔ جو ریاء کے لیئے کی۔ ریاء کار عمل ایسا ہے جیسے جسم موٹا ہو عقل و ہوش بالکل نہ ہو۔ حضرت حسان فرماتے ہیں۔ شعر

لَا بَأْسَ بِالْغُرْمِ مِنْ طُوْلٍ وَمِنْ عِظَمٍ ۔ جِسْمُ الْبِغَالِ وَاَحْلَامُ الْعَصَافِيْرِ

**حکایت:** ایک بزرگ نے اپنی کھڑکی میں بیٹھے ہوئے سورۂ طٰہٰ شریف کی تلاوت کی رات کو خواب میں دیکھا کہ ایک بزرگ ایک نورانی لمبا چوڑا کاغذ لائے جس میں اس کی سورہ طٰہٰ لکھی ہے اس کے ہر لفظ پر دس نیکیاں لکھی ہیں مگر ایک لفظ کے نیچے کوئی نیکی نہیں لکھی ہے انہوں نے اس شخص سے اس کی وجہ پوچھی وہ بولا کہ اس وقت کھڑکی کے نیچے سے ایک آدمی گذرا تھا تو اس نے اُسے خوش کرنے کے لیئے یہ لفظ خوش الحانی سے ادا کیا یہ ریاء تھی اس لیئے اس کا ثواب بالکل نہیں لکھا گیا۔ (روح البیان) شیخ سعدی فرماتے ہیں۔ شعر۔

دگر سیم اندودہ باشد نخاس ۔ تواں خرید کردن بر ناشناس

مند آب زر بخانِ من بر بشیز ۔ کہ صراف دانا نہ گیرد بہ چیز

marfat.com

یعنی تانبہ پر سونے کا ملمع کرو۔ تو انجان تو اس سے دُھوکا کھا جاوے گا۔ مگر دانا اسے پھینک دے گا۔ بلکہ تجھے مجرم قرار دے گا پیسہ سونے کا ملمع کر دینے سے اشرفی نہیں بن جاتا۔ اُسے صراف قبول نہیں کرتا۔ رب تعالیٰ کے ہاں تو بڑی چھان بین ہے اخلاص اختیار کرو۔"

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ

اور جب آراستہ کر دیے واسطے ان کے شیطان نے کام اُن کے اور کہا کہ نہیں ہے کوئی غالب

اور جبکہ شیطان نے اُن کی نگاہ میں اُن کے سب کام بھلے کر دکھائے اور بولا آج تم پر

لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَاۗءَتِ الْفِئَتٰنِ

آنے والا تم پر آج لوگوں میں سے اور تحقیق میں امن دینے والا ہوں تمکو پس جب دونوں لشکروں نے ایکدوسرے

کوئی شخص غالب آنے والا نہیں اور تم میری پناہ میں ہو ۔ تو جب دونوں لشکر آمنے سامنے ہوئے

نَكَصَ عَلٰي عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰي مَا لَا

کو دیکھا تو وُہ لوٹا اوپر اپڑیوں اپنی کے اور کہا کہ میں دور ہوں تم سے تحقیق میں دیکھ رہا ہوں وُہ جو نہیں

اُلٹے پاؤں بھاگا اور بولا میں تم سے الگ ہوں میں وُہ دیکھتا ہوں جو تمہیں

تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴۸ ع

دیکھتے تم بیشک میں خوف کرتا ہوں اللہ سے اور اللہ سخت عذاب والا ہے

نظر نہیں آتا میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ کا عذاب سخت ہے

ع ۲۱/۲

**تعلق:** ۔ اس آیۃ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق ۔ پچھلی آیۃ کریمہ میں کفار کا ایک عیب بیان ہوا یعنی جنگ کے لیئے اتراتے اکڑتے ہوئے گھروں سے نکلنا اب ان کے دوسرے عیب کا ذکر ہے یعنی ۔ شیطان کی حمایت اس کی حفاظت میں جنگ کے میدان میں پہنچنا کہ اللہ کی حفظ و امان میں تاکہ مسلمان اس عیب سے بھی بچیں ۔ دوسرا تعلق گذشتہ پچھلی آیت میں غازیوں مومنوں کو بحالت جہاد اللہ رسول کی اطاعت کا خصوصی حکم

marfat.com

دیا گیا۔ اب اطاعت کا انجام بیان ہو رہا ہے یعنی عین وقت پر ساتھ چھوڑنا آخر کار شکست ہو جانا تاکہ مسلمانوں کو اللہ رسول کی اطاعت پر رغبت ہو۔ تیسرا تعلق گذشتہ پچھلی آیت میں غازیوں کو بہت ذکر الٰہی کرنے کا حکم دیا گیا تھا تاکہ اس کی برکت سے شیطان دور رہے اب اُس کے مقابل اُن کا انجام بیان ہو رہا ہے جو جنگ میں اپنے ساتھ شیطان کو شریک کرتے ہیں تاکہ مومن ذکر اللہ سے غافل نہ ہوں یہ جہاد خالص اللہ رسول کا کام ہو۔

**نزول**:۔ کفار مکہ مسلمان کے مقابلہ کے لیئے بدر کی طرف روانہ ہوئے۔ راستہ میں بنی بکر ابن کنانہ کی بستی پڑی ان کی بنی کنانہ سے بڑی پرانی دشمنی تھی۔ کیونکہ انہوں نے بنی کنانہ کا ایک آدمی قتل کیا تھا جس کے بدلہ کا بنی کنانہ کی طرف سے انہیں سخت خطرہ تھا۔ انہیں یہاں پہنچ کر خیال آیا کہ ہم سب جگہ خالی کر کے چل دیں ایسا نہ ہو کہ اس موقعہ کو غنیمت جان کر بنی کنانہ ہمارے گھروں پر ٹوٹ پڑیں ہمارے گھر والوں اور مکانوں کو لوٹ لیں اور ہمارے باقی ماندہ عورتوں بچوں کو قتل کر دیں۔ قریب تھا کہ یہ لوگ اس خطرہ سے مکہ معظمہ واپس لوٹ جائیں اگر ابلیس نہ پہنچتا! ابلیس اس قبیلے کے سردار سراقہ ابن مالک ابن جعشم کی شکل میں اپنی بڑی جماعت کے ساتھ جھنڈا ہاتھ میں لیئے ان کے پاس پہنچا اور بولا کہ میں بنی کنانہ کا سردار ہوں اور یہ میرا قبیلہ بنی کنانہ ہے تم چونکہ بڑے اچھے کام کے لیئے جا رہے ہو اس لیئے تمہارے پاس میں خود مع اپنی جماعت کے تمہاری مدد کے لیئے آیا ہوں تم بالکل نہ ڈرو ہم سب تمہارے ساتھ ہیں اس سے ان لوگوں کی ہمت اور بڑھ گئی۔ اُن کے تکبر و غرور میں اضافہ ہو گیا حتی کہ خاص غزوۂ بدر کا دن آگیا۔ ابلیس کفار کے لشکر کے ساتھ تھا جب دو طرفہ صف آرائی ہوئی تو اس مردود کا ہاتھ حارث ابن ہشام کے ہاتھ میں تھا اور جو صف آرائی کر رہا تھا۔ شیطان نے مسلمانوں کی حمایت کے لیئے غیب سے فرشتے اُترتے دیکھے۔ یہ ان سے گھبرا گیا اور حارث کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ نکال کر بھاگنے لگا حارث بولا کہ ایسے نازک وقت میں تو ہمکو کیوں چھوڑتا ہے ابلیس حارث کے سینہ پر ہاتھ مار کر بولا میرا کام اتنا ہی تھا کہ تم سب کو یہاں پہنچا دوں۔ اب تم اور مسلمان جانیں۔ میں وہ چیز دیکھ رہا ہوں جو تمہیں نظر نہیں آتی میں یہ چلا یہ کہا اور چلتا بنا۔ اس سے بھی کفار کی ہمت ٹوٹ گئی، الخ آیت کریمہ میں اسی کا ذکر ہے (تفسیر کبیر۔ خازن۔ خزائن۔ روح المعانی۔ بیان۔ بیضاوی۔ مدارک تفسیر ابن عباس وغیرہ)

**تفسیر**:۔ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ ظاہر یہ ہے کہ یہ نیا جملہ ہے اور اس کی واو ابتدائیہ ہے اذ سے پہلے یا اذکر پوشیدہ ہے اور خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔ یعنی اے محبوب اپنے غلاموں سے یہ تذکرہ کرو یا اذکروا پوشیدہ ہے اور خطاب ہے مسلمانوں سے یعنی اے مومنو یہ واقعہ یاد رکھو تاکہ تم کو عزت حاصل ہو۔ زَیّن بنا ہے تَزْیِیْنٌ سے بمعنی اچھا کر کے دکھانا۔ اور راستہ ظاہر کرنا یہ حق بھی ہوتا ہے اور باطل بھی اگر اس کا فاعل رب تعالیٰ یا اُس کے محبوب ہوں تو صحیح دکھانا مراد ہوگا جیسے حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ اے

marfat.com

مسلمانو رب نے تم کو ایمان پیارا بتادیا اور اُسے تمہارے دلوں میں آراستہ کردیا۔ اچھا کرکے دکھادیا اور اگر اس کا فاعل شیطان یا شیطانی لوگ ہوں تو غلط آراستگی مراد ہوتی ہے یہاں دوسرے معنی مراد ہیں لہم کا مرجع کفار مکہ ہیں جو بدر میں مسلمانوں کے مقابلہ میں آئے تھے الشیطان سے مراد ابلیس ہے جو کہ سراقہ ابن مالک ابن جعشم کی شکل میں کفار کے پاس پہنچا تھا۔ اَعْمَالَهُمْ یہ زَیَّنَ کا مفعول بہ ہے حق یہ ہے کہ اعمال سے مراد کفار کے سارے جسمانی۔ جنانی اور روحانی اعمال ہیں لہذا اس میں ان کے شرکیہ عقائد بت پرستی مسلمانوں کو ستانا اور اب اُن کے مقابلہ کے لیئے بدر میں جانا سب ہی داخل ہیں۔ شیطان نے کفار مکہ سے کہا تھا۔ کہ چونکہ تم بڑے اچھے کام کے لیئے نکلے ہو لہذا میری قوم بنی کنانہ اس وقت تمہاری مدد کرے گی وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ شیطان نے کفار مکہ کو دو دھوکے دیئے۔ پہلا دھوکہ یہ ہے۔ خیال رہے کہ لا نفی جنس ہے غالب اس کا اسم اور لکم سے پہلے کائنٌ پوشیدہ ہے وہ اس کی خبر الیوم سے مراد ہے یہ وقت یہ زمانہ من الناس حال ہے کائنٌ کی خبر سے الناس سے مراد ہیں غازیانِ بدر (تفسیر روح البیان) یہ ترکیب خیال میں رہے یعنی وہ یوں کہ اس معرکہ میں مسلمان تم پر غالب نہیں آسکتے کیونکہ تم زیادہ ہو وہ تھوڑے تم ہتھیار بند ہو وہ نہتے۔ تم تجربہ کار جنگی بہادر لوگ ہو وہ لوگ ناتجربہ کار تم جنگ کی تیاری کرکے آئے ہو وہ کسی اور ارادے سے آئے تھے۔ اچانک جنگ اُن پر آپڑے گی جس کے لیئے وہ نہ تیار تھے اور نہ ہیں ان وجوہ سے وہ تم پر غالب نہیں آسکتے۔ تم ہی غالب آؤ گے اس مردود نے فریقین کے سارے حالات بتادیئے اُس کا دوسرا فریب یہ تھا۔ وانی جار لکم یہ عبارت معطوف ہے لا غالب الخ پر جار بنا ہے جیر سے بمعنی پناہ یا مدد اس سے ہے " وَيُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ " اس لیئے پڑوسی کو جار کہتے ہیں کہ وہ آفت کے وقت امان کا ذریعہ بنتا ہے یعنی بڑی بات یہ ہے کہ میں اپنی قوم کے ساتھ تمہارا حمایتی اور مددگار ہوں۔ تم تو پہلے ہی بہت اور مضبوط ہو۔ میری حمایت سے تمہاری تعداد اور مضبوطی میں اور بھی اضافہ ہوگیا۔ فَلَمَّا تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ اس فرمانِ عالی میں تصویر کا دوسرا رخ دکھایا گیا ہے۔ کہ ابلیس کی یہ چکنی چپڑی باتیں اس وقت تک رہیں جب تک دونوں فوجیں مقابل نہ ہوئیں۔ لمّا ظرف بمعنی شرط ہے تَرَائَتْ بنا ہے رائی سے بمعنی آنکھوں سے دیکھنا باب تفاعل میں آکر اس میں مقابلہ کے معنی پیدا ہوئے یعنی ایک دوسرے کو دیکھا مراد ہے مقابلہ میں آئے۔ فِئَتَانِ سے مراد ہے کفار و مومنین کے لشکر۔ اس کے بعد ایک عبارت پوشیدہ ہے یعنی جب کافر و مومن فوجیں ایک دوسرے کے مقابل آئیں اور شیطان نے مسلمانوں کی مدد کے لیئے فرشتوں کو نازل ہوتے دیکھا تو نکص علی عقبیہ یہ لمّا کی جزا ہے نکص کے معنی ہیں اُلٹے پاؤں لوٹنا چونکہ اس طرح لوٹنے میں انسان ایڑیاں استعمال کرتا ہے اس لیے عقبیہ ارشاد ہوا۔ عقب کے معنی ہیں پیچھے۔ اصطلاح میں ایڑی کو عقب کہا جاتا ہے کہ یہ قدم کے پیچھے ہوتی

marfat.com

ہے یعنی جب مومن کافر لشکر مقابل ہوئے اور شیطان نے غیبی مدد یعنی فرشتوں کا نزول دیکھا تو وہاں سے اُلٹے پاؤں لوٹا۔ وَقَالَ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْکُمْ یہ عبارت معطوف ہے نکص الخ پر۔ اس سے پہلے ایک عبارت پوشیدہ ہے یعنی جب شیطان اُلٹا لوٹنے لگا۔ تو حارث ابن ہشام اُسے پکڑ کر کہنے لگا کہ تو ہم کو ایسے نازک موقعہ پر چھوڑے دیتا ہے ابھی تو کیا کہہ رہا تھا اور اب کیا کر رہا ہے تو شیطان نے حارث کو یہ جواب دیا بَرِیْ کے معنی ہیں الگ یا دور مِنکم سے خطاب سارے کافروں سے ہے یعنی میں تمہاری حمایت سے دور ہوں میں تمہارا تمہاری مدد کا ذمہ دار نہیں۔ اِنِّیْٓ اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ یہ بَرِیْ کی وجہ کا بیان ہے۔ اَرٰی سے آنکھوں سے دیکھنا مراد ہے مَا سے مراد آسمانی مدد ہے یعنی فرشتوں کا نزول یعنی میں تم سے اس لیئے الگ ہو رہا ہوں کہ میں وہ چیزیں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھتے۔ انی اخاف اللہ یہ عبارت شیطان کے بھاگنے کی دوسری وجہ کا بیان ہے کہ مجھے خدا سے ڈر لگتا ہے۔ خیال رہے کہ خوف سے مراد وہ خوف خدا نہیں جو مومن کو ہوتا ہے جس سے ایمان قوی ہو جاتا اور اللہ رسول کی اطاعت کی توفیق ملتی ہے بلکہ خود اس خوف سے مراد ہے اپنی ہلاکت یا اپنی ذلت رسوائی یا فرشتوں کے ہاتھ سے مار کھانے کا خوف جیسے شہاب سے شیطان کو مارا جاتا ہے یعنی اگر میں تمہارے ساتھ رہا تو فرشتوں کے ہاتھوں میں بھی مار کھاؤں گا۔ وَاللّٰہُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ یہ کلام یا تو شیطان کا ہے جو وہ کافروں سے کہہ رہا تھا کہ اللہ بہت سخت عذاب والا ہے اس کا سخت عذاب تو مجھ سے پوچھو۔ کہ سجدہ نہ کرنے پر ہزار ہا سال سے پھٹکارا جا رہا ہوں۔ آخرت کا عذاب اس کے علاوہ ہے یا یہ رب تعالیٰ کا فرمان ہے لوگو اللہ کا عذاب اتنا سخت ہے کہ شیطان بھی اُس سے ڈرتا ہے اے لوگو تم بھی ڈرو۔

**خلاصہ تفسیر:** ۔ اے مومنوں وہ وقت بھی یاد کرو یا یاد رکھو جبکہ شیطان نے بدر میں آنے والے کفار مکہ سے ملاقات کی اور اُن کے ساتھ دو کام کیئے ایک یہ کہ اُن کے کفر شرک حضور صلے اللہ وسلم سے مقابلہ وغیرہ تمام برائیوں کی اُن کے سامنے تعریف کی کہ تمہارے اعمال بہت ہی اچھے اور جس کام کے لیئے تم بدر میں جا رہے ہو وہ بہت ہی اعلیٰ کام ہے۔ دوسرے یہ کہ سراقہ کی شکل بن گیا تھا انہیں اطمینان دلایا کہ تم میری قوم بنی کنانہ سے کوئی خطرہ محسوس نہ کرو۔ میری قوم تمہارے پیچھے تمہارے گھروں پر حملہ نہیں کرے گی۔ بلکہ اس کے برعکس میں تمہارے ساتھ چلتا ہوں تم کو اپنی حفظ و امن میں لیتا ہوں تمہارے ساتھ مکر مسلمانوں سے جنگ کروں گا۔ اس کی ان باتوں سے کفار اور بھی شیر ہو گئے کہا تو یہ مگر کیا یہ کہ سب جب بدر میں پہنچ گئے اور ایک دوسرے کے مقابل میں مومن و کافر صف آرا ہوئے اور شیطان نے فرشتے اُترتے دیکھے تو حارث سے ہاتھ چھوڑا کر اُلٹے پاؤں بھاگنے لگا جب کفار نے شور مچایا کہ اب اس نازک وقت میں تو ہمیں کس پر چھوڑتا ہے تو بولا کہ میرا تمہارا ساتھ یہاں تک ہی تھا۔ اب میں تم سے بری ہوں تم جانو اور مسلمان میں وہ چیزیں دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھتے میں اللہ سے ڈرتا ہوں کہیں تمہارے ساتھ میں بھی نہ مارا جاؤں یا مار کھاؤں اللہ کا عذاب بہت سخت ہے روایۃ میں ہے کہ جب شکست خوردہ کفار واپس مکہ معظمہ پہنچے تو بولے

marfat.com

ہمکو سراقہ بن مالک نے مراد دیا کہ ہم کو وقت پر دھوکا دیا۔ یہ خبر جب کہ سراقہ کو پہنچی وہ قسم کھا کر بولا کہ مجھے تو اُن کے جانے کی خبر جب ہوئی جب کہ میں کھا کر مکہ معظمہ لوٹ آئے۔ تب انہیں پتہ لگا کہ وہ شیطان تھا۔ (مدارک بیضاوی روح المعانی، خازن وغیرہ)

**فائدے:۔** اس آیتہ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:۔** شیطان انسانی شکل میں آ سکتا ہے اور لوگوں سے بات چیت کر سکتا ہے یہ فائدہ اِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر دوسرا فائدہ شیطان کفار و فساق کو انکی بدعملیاں اچھا کر دکھاتا جس پر وہ لوگ فخر کرنے لگتے ہیں اور پھر انکی اصلاح بہت مشکل ہو جاتی ہے یہ فائدہ بھی اذ زین الخ سے حاصل ہوا **تیسرا فائدہ:** جو کوئی ہمارے عیبوں کی تعریف کرے ہم کو بُرائی اور گناہوں کی رغبت دے وہ شیطان ہے اگرچہ مشکل انسانی میں ہو یہ فائدہ بھی اذ زین الخ سے حاصل ہوا۔"

**چوتھا فائدہ:۔** اللہ رسول کی پناہ سچی ہے باقی ساری پناہیں جھوٹی ہیں یہ فائدہ اِنِّیْ جَارٌ لَّكُمْ سے حاصل ہوا مومن کو چاہیئے کہ ہمیشہ اللہ رسول کی پناہ میں رہے یہ پناہ اُن کی اطاعت سے ہوتی ہے۔ **پانچواں فائدہ:** بُرے دوست مصیبت میں پھنسا کر الگ ہو جاتے ہیں یہ فائدہ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ سے حاصل ہوا۔ **چھٹا فائدہ:۔** شیطان اگرچہ شکل انسانی میں ہو مگر نوری مخلوق یعنی فرشتوں کو دیکھ سکتا ہے یہ فائدہ انی اری الخ سے حاصل ہوا کہ اُس نے بدر میں اترتے والے فرشتوں کو دیکھا۔ **ساتواں فائدہ:۔** شیطان کو بھی اللہ کا خوف ہے وہ اُسے قادر مطلق اور سخت عذاب دینے والا جانتا مانتا ہے۔ یہ فائدہ انی اخاف اللہ الخ سے حاصل ہوا۔

**آٹھواں فائدہ:۔** خدا تعالیٰ سے ڈرنا اُس کی ذات و صفات کا قائل ہونا ایمان نہیں۔ ایمان ہے نبی کو ماننا یہ بھی فائدہ انی اخاف اور واللہ شدید العقاب سے حاصل ہوا کہ ابلیس ان باتوں کو مانتے کے باوجود مسلمان نہ ہوا کہ وہ حضور انور اور مسلمانوں کا دشمن تھا اور رہے خوف۔ تقویٰ۔ خشیت میں بڑا فرق ہے اس لیے قرآن مجید میں اکثر تقوے اور خشیت کا حکم فرمایا اِتَّقُوا اللّٰهَ اور فرمایا فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ خوف نفرت خوف۔ اطاعت میں فرق بارہا بیان کیا جا چکا ہے۔"

**پہلا اعتراض:۔** یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ شیطان شکل انسانی میں بھی آجاوے اور پھر شیطان بھی رہے یہ تو اجتماع ضدین ہے شیطانیت اور انسانیت علیحدہ جنسیں ہیں اور ہر جنس دوسری جنس کی ضد ہے۔

**جواب:۔** اللہ تعالیٰ نے ناری فرشتوں اور نوری جنات میں تبدیلیِ شکل کی طاقت دی ہے بارہا حضرت جبریل شکل انسانی شکل میں دیکھے گئے لباس و جسم بھی انسانوں جیسا ہو گیا۔" رب تعالیٰ فرماتا ہے فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا بخاری وغیرہ کی احادیث میں ہے کہ بارہا حضرات صحابہ نے حضرت جبریل کو شکل انسانی میں دیکھا ہے اس صورت میں اُن کی صورت انسانی ہو جاتی ہے۔ سیرت و حقیقت وہ ہی اپنی رہتی ہے

marfat.com

جیسے حضرت موسےٰ علیہ السلام کا عصا سانپ بن جاتا تھا۔ لہٰذا یہ دونوں ضدوں کا اجتماع نہ تھا۔

**دوسرا اعتراض:۔** پھر تو آریوں کا اواگون درست ہوا وہ کہتے ہیں کہ انسان مرنے کے بعد مختلف جانوروں کی جون میں آتا ہے حالانکہ یہ عقیدہ کفر ہے۔ **جواب:۔** آریہ حقیقت کا انقلاب مانتے ہیں کہ انسان درحقیقت کتا۔ گدھا بن جاتا ہے نفس و روح بھی بدل جاتی ہے۔ انقلاب روح ناممکن ہے انقلاب جسم دن رات ہوتا رہتا ہے آگ ہوا بن جاتی ہے ہوا آگ۔ انسان کا جسم گل کر مٹی ہو جاتا ہے۔

**تیسرا اعتراض:۔** جب رب تعالیٰ شیطان کو قیامت تک کی زندگی دے چکا ہے تو اُسے فرشتوں کو دیکھ کر خوف کس چیز کا ہوا۔ اُسے مرنے کا تو خطرہ تھا ہی نہیں۔ **جواب:۔** اس اعتراض کے جواب میں لوگوں نے بہت غوطے کھائے ہیں کسی نے کہا کہ وہ فرشتوں کو دیکھ کر سمجھا کہ قیامت آج ہی ہے کسی نے کہا کہ رب نے اُسے یوم معلوم تک کی مہلت دی ہے شاید وہ دن آج ہی ہے مگر یہ سب جواب کمزور ہیں۔ قوی جواب یہ ہے کہ اُسے موت کا خوف نہ ہوا تھا مار کا خوف تھا کہ آج ان کفار کی شامت آرہی ہے اگر میں اُن کے ساتھ رہا تو میری بھی خیر نہیں

**چوتھا اعتراض:۔** اس آیۃ کریمہ سے معلوم ہوا کہ بدر میں شیطان فرشتوں کو دیکھ کر بھاگا۔ فرشتے ہمارے ظاہر وقت رہتے ہیں ساٹھ تو ہماری حفاظت کے لیئے اور دو ہمارے اعمال کی تحریر کے لیئے تو ہمارے پاس شیطان کیسے آسکتا ہے ان فرشتوں سے کیوں نہیں بھاگتا۔ **جواب:۔** بدر میں فرشتے مسلمانوں کی مدد میں اور کفار کو شکست دینے آئے تھے۔ اُن کی یہ ڈیوٹی دیکھ کر شیطان بھاگا ہمارے ساتھ کے فرشتے ان کی ڈیوٹی صرف حفاظت یا اعمال کی تحریر ہے اس لیئے اسے ان سے کوئی خطرہ نہیں۔ ان وجوہ سے وہ بے خطر ہمارے پاس آیا ہے جیسے وہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کے پاس وسوسہ دینے پہنچ گیا حالانکہ وہاں فرشتے بھی تھے کیونکہ اس جگہ وہ فرشتے اُس وقت اس ڈیوٹی پر نہ تھے۔"

**تفسیر صوفیانہ:۔** دنیا میں تین محبتیں ہیں۔ محبتِ نفسانی۔ محبتِ شیطانی۔ محبت رحمانی۔ محبت نفسانی جو خونی رشتے یا دنیوی وجہ سے ہو۔ جیسے اولاد بیوی یا اپنے دنیوی دوستوں سے محبت شیطانی جو مجرموں بے دینوں کی آپس میں ہو۔ محبتِ رحمانی جو صرف اللہ رسول کے لیئے ہو۔ پہلی دو محبتوں کے لیئے فنا ہے کیونکہ اُن کی اصل کو فنا ہے۔ بلکہ محبتِ شیطانی بہت جلد عداوت میں تبدیل ہو جاتی ہے مگر محبت رحمانی کے لیئے بقاء ہے یہ دین دونیا میں قائم اور باقی ہے شیطان کی اُس دن کفار سے محبت شیطانی تھی یعنی اُن کی عداوت رسول کی وجہ سے یہ محبت بہت جلد ختم ہو گئی۔ یہ محبت ہلاکت کا ذریعہ بن جاتی ہے اگر اُس دن شیطان یہ محبت و حرکت نہ کرتا تو شاید کفار مکہ بنی کنانہ کی بستی سے ہی لوٹ جاتے بدر میں مار نہ کھاتے مگر شیطان کی یہ محبت انہیں بدر میں لائی اور فناہ کر گئی یہ محبت اور اس کا انجام یہ تا قیامت ہوتا رہے گا اللہ کے بعض بندے نورانی ہیں۔"

marfat.com

جن سے ناری شیطان بھاگتا ہے۔ نار نور کے آگے نہیں ٹھہرتے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان عمر کے سائے سے بھاگتا ہے۔ جس گلی میں حضرت عمر جارہے ہوں شیطان اُس گلی سے نہیں گذرتا ہے تاکہ اس پر ولایت فاروقی کے نوری کی شعاع نہ پڑ جائے اور شیطان مصیبت میں نہ پڑ جائے صوفیاء فرماتے ہیں کہ خوفِ خدا چند قسم کا ہے ایک وہ خوف جس سے اطاعت الٰہی کا جذبہ پیدا ہو یہ مومن صالحین کو نصیب ہوتا ہے دوسرا وہ خوف جس سے عشق الٰہی پیدا ہو یہ کاملین کو نصیب ہوتا ہے تیسرا وہ خوف جس سے مجرم خدا سے بھاگے یہ خوف نہ طالبین یعنی بدنصیبوں کا ہے شیطان کو اُس دن یہ تیسرا خوف ہی ہوا تھا جس سے وہ حضور کی خدمت میں نہ آیا۔ بلکہ بھاگ گیا۔

| | |
|---|---|
| اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰۤؤُلَآءِ | |
| جب بولے منافق لوگ | اور وُہ لوگ کہ اُن کے دلوں میں بیماری ہے دھوکا دیدیا ان لوگوں |
| جب کہتے منافق | اور وُہ جن کے دلوں میں آزار ہے کہ یہ مسلمان اپنے دین پر |
| دِیْنُهُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۴۹﴾ | |
| گو دین نے ان کے اور وُہ جو بھروسہ کرے اللہ پر پس تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا ہے | |
| مغرور ہیں اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو بیشک اللہ غالب ہے حکمت والا ہے | |

**تعلق ۱:۔** اس آیۃ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق ۱:۔** پچھلی آیۃ کریمہ میں غزوہ بدر کے متعلق شیطان کی رائے کا ذکر ہوا اب اس آیۃ میں اسی غزوہ بدر کے متعلق شیطانی لوگوں یعنی منافقین وغیرہ کی رائے۔ ان کی گفتگو کا ذکر ہے گویا استاذ کے بعد شاگردوں کا تذکرہ ہے **دوسرا تعلق ۱:۔** پچھلی آیۃ میں بدر کے متعلق کفار کی فوجی برتری کا ذکر تھا جو شیطان کی نظر میں تھی جس سے اُس نے فیصلہ کیا تھا کہ کفار ضرور غالب رہیں گے اب اس آیۃ میں اس بدر کے متعلق مسلمانوں کی فوجی کمزوری کا ذکر ہے جو شیطانی لوگوں کی نگاہ میں تھی۔ جس سے انہیں مسلمانوں کی شکست کا یقین تھا گویا تصویر کا ایک رُخ دکھانے کے بعد دوسرا رُخ دکھایا جارہا ہے۔

**تیسرا تعلق ۱:۔** پچھلی آیت میں کفار بدر کا شیطان پر بھروسہ کرنے اور اس کے نتیجہ کا ذکر ہوا اب غازیان بدر کے اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے اور اُس کے نتیجہ میں شاندار فتح کا تذکرہ ہے گویا غلط بھروسہ کے بعد صحیح بھروسہ کا ذکر ہے۔

marfat.com

**نزول:** ۔ مدینہ منورہ سے ابوسفیان کا قافلہ روکنے کے لیئے تین سو تیرہ غازی مومنین روانہ ہوئے جن میں کوئی منافق شامل نہ تھا سب مخلص مومن تھے ۔مدینہ کے منافقین اس روانگی کے سخت خلاف تھے وہ کہتے تھے کہ مسلمان کفار کے مقابل کبھی غالب نہ آسکیں گے ۔پھر جب بجائے قافلہ روکنے کے باقاعدہ جنگ کی صورت پیدا ہوگئی اور مقابلہ میں ایک ہزار آ گئے کفار آ گئے ،قافلہ والے صرف پچاس تھے اور یہ خبر مدینہ منورہ میں پہنچی تو منافقین بغلیں بجاتے اور ان مومنوں کو طعنے دینے لگے اور اُدھر مکہ معظمہ میں کچھ لوگ ایمان قبول کر چکے تھے مگر اپنے باپ داداؤں اور دوسرے رشتہ داروں کی محبت میں ہجرت نہ کی تھی جیسے قیس ابن ولید ابن مغیرہ ۔ عاص ابن منبہ ابن حجاج ۔ حارث ابن ربیعہ ۔ ابوقیس ابن فاکہ ابن مغیرہ ۔ علی ابن امیہ ابن خلف وغیرہم ۔ اُن کو مجبوراً قریش کے اس لشکر کے ساتھ بدر میں آنا پڑا ۔ ابھی تک ان کے دل میں ایمان مضبوط نہ تھا کبھی کہتے تھے کہ اسلام حق ہے ۔ کبھی کہتے کہ کفار سچے ہیں جب یہ لوگ بدر میں پہنچے اور انہیں کفار کی کثرت اور جنگی سامان سے لیس ہونا اُدھر مسلمانوں کی کمی اور بے سروسامان ہونا معلوم ہوا تو بولے کہ اسلام بالکل غلط ہے مسلمان بہت بے وقوف ہیں کہ جان بوجھ کر موت کے منہ میں آئے ہیں یہ سب اس حالت میں یہاں بدر میں کفر پر مارے گئے ۔اس آیۃ کریمہ میں اُن ہی دونوں جماعتوں کا ذکر ہے یہ بات خوب خیال میں رکھی جاوے بدر میں مسلمانوں کے ساتھ منافق کوئی نہیں آیا تھا (کبیر خازن روح المعانی وغیرہ)

**تفسیر:** ۔ اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ چونکہ یہ فرمان عالی گذشتہ آیۃ پر معطوف نہیں بلکہ اس کا مضمون مستقل ہے اس لیئے یہاں واؤ نہیں آیا اور اِذْ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ کا تعلق خَرَجَ مِنْ دِیَارِهِمْ سے ہے اس لیئے وہاں واؤ لایا گیا (کبیر) یہ عبارت اذکر یا اذکروا پوشیدہ فعل کا مفعول بہ ہے بعض نے فرمایا ۔ زَیَّنَ یا نَکَصَ کا ظرف ہے یا شدید العقاب سے اس کا تعلق ہے (معالی) چونکہ منافقین اولاً تو دل میں کہتے تھے جب دونوں جماعتوں کا اجتماع ہوا ۔ تو زبان سے کہنے لگے یہ حال مکہ والے ضعیف الاعتقاد لوگوں کا ہوا کہ مکہ میں رہ کر تو شک میں مبتلا ہو گئے تھے اور بدر میں آکر حالات جنگ دیکھ کر اسلام کے منکر صراحۃً ہو گئے ۔ اس لیئے بقول مضارع ارشاد ہوا ۔ المنافقون سے مراد مدینہ منورہ میں رہ جانے والے منافقین ہیں کہ یہ لوگ غازیوں کی اس روانگی کے خلاف تھے ۔ اُن میں سے ایک بھی بدر میں نہ آیا ۔ خیال رہے کہ غزوہ بدر اور صلح حدیبیہ یہ دو معرکے وہ ہیں جن میں کوئی منافق مسلمانوں کے ساتھ نہ آیا تھا ۔ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ یہ عبارت معطوف ہے المنافقون پر بعض نے فرمایا کہ عطف تفسیری ہے اس سے منافقین ہی مراد ہیں کہا جاتا ہے اَعْجَبَنِیْ زَیْدٌ وَکَرَمُهٗ اور مرض سے مراد نفاق (معالی) مگر قوی یہی کہ عبارت علیحدہ ہے اس سے مراد ان کے ضعیف الاعتقاد لوگ ہیں جو مکہ معظمہ میں رہ گئے تھے اور بدر میں کفار کے ساتھ آئے تھے اس سے مراد انکا ضعف الاعتقاد ہے جیسا کہ ابھی نزول بیان میں کہا گیا ۔ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِیْنُهُمْ یہ قال کا مفعول ہے غَرَّ بنا ہے غرور سے بمعنی دھوکا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ اس کا فاعل دین ہے اور مفعول هٰٓؤُلَآءِ یعنی ان غازیوں کو اُنکے اسلام قرآن بھی اور جوش اعتقاد نے دھوکا دے دیا ہے اُن کا عقیدہ ہے کہ شہید مرتا نہیں اور فتح اللہ کی مدد سے

marfat.com

ہوتی ہے نہ کہ زیادہ تعداد اور بہت تیاری سے۔ یہ باتیں سوچ کر یہ لوگ ایسی خطرناک جنگ میں آگئے ہیں اور جس میں ان کی ہلاکت کفار کی فتح یقینی ہے یہ لوگ یہ سوچ سمجھے اپنے گھروں سے نکل پڑے انہیں اپنے اسلام پر ناز ہے اس ناز میں یہ اندھے ہو گئے اور بدر میں آگئے (از کبیر خازن وغیرہ) وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ

یہ رب تعالیٰ کا اپنا فرمانِ عالی ہے جس میں اُن دونوں کی تردید ہے۔ توکل کے معنی اور اس کی قسمیں اور کس حال میں کس قسم کا توکل چاہیئے۔ یہ سب باتیں بارہا بیان ہو چکی ہیں۔ یہاں من سے مراد مومن ہے کافر کا توکل اللہ تعالیٰ پر ہوتا ہی نہیں۔ توکل کیلئے ایمان شرط ہے فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۔ یہ عبارت من یتوکل کی جزاء یا شرط نہیں بلکہ پوشیدہ جزاء کی علت ہے اور فع تعلیلہ ہے یعنی جو مومن اللہ پر صحیح معنی سے بھروسہ کرے گا تو اللہ اُسے کافی ہوگا۔ اُسے کوئی مغلوب نہیں کر سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ غالب بھی ہے جس پر وہ کرم کرے اُس پر غالب کوئی نہیں آسکتا حکمت والا بھی اُس نے اپنے محبوب اور اُن کے غلاموں کو اس طرح اس حالت میں بدر پہنچایا اُس میں بھی اُس کی حکمتیں ہیں۔ **خلاصہ تفسیر**۔ اے مسلمانو! وہ وقت یاد کرو یا یاد رکھو۔ جب مدینہ کے منافقین اور مکہ کے ضعیف الاعتقاد لوگ پہلے تو اپنے دلوں میں کہتے تھے پھر تمہارے بدر پہنچ جانے پر نقشہ جنگ دیکھ کر زبان سے علانیہ کہتے تھے کہ مسلمان بڑے بے وقوف ہیں انہیں اپنے اسلام کے وعدوں سے دھوکہ لگ گیا۔ وہ سمجھ بیٹھے کہ دینی طاقت سے اللہ کے بھروسہ پر جنگیں جیتی جاتی ہیں اس ہی خیال میں شرمسار ہو کر ایسی خطرناک جنگ میں آگئے جہاں اُن کی ہلاکت کفار کی فتح یقینی ہے نہ اُن میں سے کوئی بچے گا اور اب نہ مدینہ کی خیر ہے۔ اے مسلمانوں یہ دونوں فریق جھوٹے ہیں۔ ہمارا قانون ہے کہ جو مومن اللہ تعالیٰ پر صحیح توکل کرے تو اللہ اس کے لیئے کافی ہوتا ہے کیونکہ اللہ غالب بھی ہے غالب کرنے والا بھی اور حکمت والا بھی اس کا تم کو اس حالت میں میدانِ جنگ میں پہنچانا اس میں وہ حکمتیں ہیں جو قیامت تک دنیا جانے گی۔"

**فائدے**:۔ اس آیتہ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے:۔ **پہلا فائدہ**:۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ کفار کی باتیں اُن کے طعنے اُن کی بدگویاں یاد رکھیں تاکہ اُن سے خود بچیں رہیں۔ یہ فائدہ اِذْ يَقُوْلُ میں اِذْ سے حاصل ہوا کہ اس سے پہلے اذکر پوشیدہ ہے نماز ظہر و عصر میں قرآن کی قرأت کا آہستہ ہونا کفار کے ظلم اپنی مجبوری یاد رکھنے کے لیئے ہے۔" **دوسرا فائدہ**:۔ کفار کو نہ اپنے مذہب پر اعتماد ہوتا ہے نہ رب تعالیٰ پر الحمد للہ مومنوں کو یہ دونوں اعتماد کامل طور پر حاصل ہیں۔ یہ فائدہ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ (الخ) سے حاصل ہوا **تیسرا فائدہ**:۔ شبہ وسوسہ رب پر بے اعتمادی دل کی بیماریاں ہیں رب تعالیٰ اُن سے مسلمانوں کو بچائے۔ یہ فائدہ فی قلوبہم مرض سے حاصل ہوا کہ مرض سے مراد شبہ فی الدین ہے **چوتھا فائدہ**:۔ متوکل غازی مسلمانوں کو بے وقوف کہنا کفار کا طریقہ ہے مومن تو اپنا تن من دھن اسلام پر قربان کرنے میں اپنی سعادت سمجھتا ہے یہ فائدہ

marfat.com

سے حاصل ہوا موجودہ مسلمان کہلانے والے کفار بھی اس بیماری میں گرفتار ہیں چنانچہ موجودہ دیوبندیوں کے پیشوا مولوی حسین علی ساکن واں بچھراں ضلع میانوالی نے اپنی کتاب بلغۃ الحیران میں حضرت امام حسین کو اندھا کہا اور لکھا کہ وہ اندھے ہو کر اتنے بڑے یزیدی لشکر کے مقابل جا کھڑے ہوئے۔ اے مسلمانوں تم حسین کی طرح مت بن جانا۔ اُن کا شعر یوں ہے :۔

کور کو رانہ مرد در کربلا　　تانہ افتی چوں حسین اندر بلا

یہ وہی منافقین والا طعنہ ہے۔ دیکھو ان کا یہ شعر اُن کی کتاب بلغۃ الحیران پارہ انتیسواں آیۃ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُکِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖ پانچواں فائدہ کافر کا اعتماد صرف ہتھیار پر ہے مومن کا اصل اعتماد اپنے پروردگار پر ہے مومن نفع میں ہے ڈاکٹر علامہ اقبال کہتے ہیں۔ شعر :۔

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ　　مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی۔

توکل علی اللہ کا مطلب یہ نہیں کہ اسباب اختیار ہی نہ کیئے جاویں۔ ضرور کیے جاویں۔ رب فرماتا ہے وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ مگر بھروسہ پروردگار پر کیا جاوے رب فرماتا ہے وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ حضور انور نے حضرات صحابہ کو میدان جنگ میں لے جا کر رب پر توکل کیا :۔

**پہلا اعتراض** :۔ اس آیت کریمہ میں یقول مضارع کیوں فرمایا گیا۔ قال فرمانا چاہیئے تھا۔ کیونکہ منافقوں کا یہ قول تو پہلے ہو چکا تھا۔ **جواب** :۔ یہاں یقول حال یا استقبال کے معنی میں نہیں بلکہ بمعنی ماضی استمراری ہے یعنی کہتے تھے چونکہ اُن کی یہ گفتگو بار بار ہوئی تھی کبھی خلوت میں آپس میں کبھی جلوت میں مسلمانوں کے سامنے جیسا کہ تفسیر میں عرض کیا گیا۔ اس لیئے یقول فرمانا ہی مناسب ہوا۔ **دوسرا اعتراض** :۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ غزوہ بدر میں منافقین بھی شامل تھے۔ تب بھی تو ان مردودوں نے مومنوں کی کمی بے سروسامانی۔ کفار کی زیادتی اور سامان کی فراوانی دیکھ کر یہ کہا۔ **جواب** :۔ بالکل غلط ہے اس مبارک غزوہ میں ایک منافق بھی شریک نہ ہوا نہ صلح حدیبیہ میں منافقوں کی یہ بکواس مسلمانوں کے مدینہ منورہ سے روانگی کے وقت تھی۔ مگر آپس میں خفیہ پھر جنگ تیار ہو جانے کا پتہ لگا تو مسلمانوں سے بھی یہ ہی کہنے لگے اس آیت میں یہ سن کر میدان بدر میں انہوں نے یہ کہا **تیسرا اعتراض** :۔ یہاں دو جماعتوں کا ذکر کیوں ہوا۔ منافقین اور دل کے بیمار منافقین ہی تو دل کی بیماری ہے۔ **جواب** :۔ مفسرین، کا ایک قول یہ بھی ہے اُن کے نزدیک۔ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ عطف تفسیری ہے المنافقون کا مرض سے مراد نفاق کی بیماری ہے مگر محققین مفسرین کا یہ قول ہے کہ منافقین تو مدینہ منورہ میں تھے اور بددلی کے بیمار مکہ معظمہ میں۔ جیسا کہ ابھی نزول کے بیان میں عرض کیا گیا۔ اور مرض سے مراد ہے دل میں وسوسات و شبہات کا رہنا کہ اگر ایسا ہو تو اسلام حق ہے اور اگر ویسا ہو تو کفر برحق ہے ایسا ویسا ہی بیماری ہے اس کی تفسیر وہ آیۃ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اطْمَاَنَّ بِهٖ قَالَ

اَصَابَتْهُ فِتْنَةٌ اِنْقَلَبَ عَلٰی وَجْهِهٖ **چوتھا اعتراض**:۔ منافقین اور دل کے بیماروں میں فرق کیا تھا نفاق بھی تو دل کی بیماری ہے۔ **جواب**:۔ منافقین دل میں پکے کافر تھے زبان کے کلمہ گو۔ یہ بیماری والے ڈھلمل یقین تھے نہ اسلام پر پختہ نہ کفر پر۔ کبھی کہتے کہ اسلام حق معلوم ہوتا ہے کبھی کہتے کہ شاید کفر حق پر ہے۔ **پانچواں اعتراض**:۔ اس کا کیا مطلب ہے غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ان کو ان کے دین نے دھوکا دے دیا۔ دین دھوکہ کیسے دے سکتا ہے۔ **جواب**:۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ دین سے مراد اسلامی عقیدے قرآن مجید اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے وعدے ہیں شہید مر کر جی جاتا ہے دس مسلمان سو پر اور سو مسلمان ہزار کافروں پر غالب آئے گی اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا وعدے اللہ رسول نے صرف مسلمانوں کے دل بہلانے جوش دلانے کو کیے ہیں۔ اس کی حقیقت کچھ بھی نہیں رب نے اپنے وعدے سچے کر دکھائے ہیں۔"

**تفسیر صوفیانہ**:۔ میدان بدر میں دو جنگیں ہوئیں۔ کفار کی مومنین سے کفر کی ایمان سے۔ پہلی جنگ کا نام بدر کا میدان تھا دوسری جنگ کا مقام خود مکہ اور مدینہ بھی تھے۔ اس وقت مومنوں نے یہ جہاد دونوں کیے اور دونوں میں فتح پائی دوسری جنگ نظر یاتی تھی۔ منافقین اس روانگی اور کفار کے مقابلہ کو دھوکا فریب کہہ رہے تھے مخلصین اسے توکل علی اللہ اعتماد علیٰ رسولِ اللہ کہتے تھے۔ منافقین کہتے تھے کہ مسلمان دھوکہ کھا گئے مخلصین کہتے تھے کہ ہم سب کچھ پا گئے ہمارے شہید مر کر جی گئے ہیں۔ انہوں نے سب کچھ کھو کر بھی کچھ نہ کھویا۔ یہ مزہ تو کوئی کربلا والے حسین سے پوچھے غازی شہید سب کچھ کھو کر بھی کچھ نہیں کھوتا شعر۔

جو جوان بیٹے کی میت پر نہ رویا وہ حسین — جس نے سب کچھ کھو کے پھر کچھ بھی نہ کھویا وہ حسین
ننّی سی قبر کھود کے اصغر کو گاڑھ کے — شبیر اوٹھ کھڑے ہوئے ہاتھوں کو جھاڑ کے!

اس راہ میں فنا بقا ہے کھونا پانا ہے صوفیاء فرماتے ہیں کہ منافقین و کفار کے دل کا مرض کا علاج توبہ استغفار زہد۔ طاعۃ ورع و تقویٰ ہے اگر وہ اس کے علاج نہ کریں تو ہالکین میں سے ہونگے تو ان کی ہلاکت کا اندیشہ ہے دیکھو مکہ کے وہ لوگ جو مسلمان ہو چکے تھے اس مرض کی وجہ سے کافر ہو کر مرے غازیان بدر اپنے روحانی حکیم کے پاس تھے اوّلاً انہیں بھی کچھ دغدغہ ہوا مگر آخر کار شفا و کامل حاصل ہوئی۔ شعر:۔

عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نہ کرد — اے خواجہ درد نیست وگرنہ طبیب ہست
مگر اصحاب دل رفتند و شہر عشق خالی شد — جہاں بہ شمس تبریز است و مردے کو جو مولانا

marfat.com

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ

اور اگر دیکھو تم جب کہ موت دیتے ہیں ان لوگوں کو جو کافر ہوئے فرشتے مارتے ہیں وہ چہروں کو ان کے

اور کبھی تو دیکھے جب فرشتے کافروں کی جان نکالنے میں مار رہے ہیں ان کے منہ اور ان

وَاَدْبَارَهُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۵۰﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

اور پیٹھوں کو ان کی اور چکھو تم عذاب جلنے کا یہ اس وجہ سے ہے جو بھیجے ہاتھوں

کی پیٹھ پر اور چکھو آگ کا عذاب یہ بدلہ اس کا جو تمہارے ہاتھوں

اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۵۱﴾

نے تمہارے اور بیشک اللہ نہیں ہے ظلم کرنے والا بندوں پر

نے آگے بھیجا اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا

**تعلق:۔** اِن آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:۔** پچھلی آیات میں کفار کے جرموں کا ذکر ہوا جو وہ دنیا میں کرتے ہیں اب ان جرموں کی سزا کا ذکر ہے جس کی ابتداء اُن کی موت کے وقت سے ہے۔" **دوسرا تعلق:۔** پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ کفار بدر میدان میں ہی بے یار و مددگار رہ گئے کہ شیطان جو اُن کا یار بنا تھا جنگ سے پہلے ہی انہیں پیٹھ دکھا گیا۔ اب ارشاد ہوا کہ کفار موت کے وقت بھی بے یار ہوتے ہیں گویا ان کی دنیاوی بے کسی کے بعد اُخروی بے بسی کا ذکر ہو رہا ہے۔" **تیسرا تعلق:۔** گذشتہ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ بدر میں فرشتوں نے مومن غازیوں کی مدد کی اور کفار کو شکست دی اب ارشاد ہے کہ یہ ہی حال موت اور موت کے بعد ہوگا کہ فرشتے مومن کے لیے مددگار بلکہ خدمتگار بن کر آئینگے اور کفار کے لیے عذاب لے کر۔ **تفسیر** **ولو ترٰی** یہ نیا جملہ ہے اس لیے اس کا واو ابتدائیہ ہے جیسے ان ماضی کو مضارع کر دیتا ہے ایسے ہی لو مضارع کو ماضی بنا دیتا ہے (رُوح المعانی) لہٰذا اس کے معنی ہیں اگر تم دیکھتے۔ ترٰی بنا ہے رؤیت سے یہاں اس سے مراد ہے آنکھوں سے دیکھنا اور قوی یہ ہے کہ اس میں خطاب ہر مومن سے ہو سکتا ہے کہ خطاب غازیانِ بدر سے ہو۔ یعنی اے غازیو تم نے بدر میں تو فرشتوں کا برتاؤ کفار کے ساتھ دیکھ لیا اگر تم وہ برتاؤ ابھی دیکھ لیتے اور خطاب حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے ہو تو دیکھنے سے مراد ظاہری دیکھنا ہے جو دوسروں کو بھی محسوس ہو۔ کیونکہ حقیقت میں تو حضور انور ہر شخص کا حال دیکھتے ہیں۔ **اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ** یہ عبارت ترٰی کا مفعول بہ ہے بعض نے فرمایا کہ ترٰی کا مفعول

marfat.com

پوشیدہ ہے ھَالِھِمْ اور اِذْ اُس پوشیدہ کا ظرف۔ یَتَوَفّٰی بنا ہے وَفٰی سے بمعنی پورا اس سے ہے وفاء عہد وعدہ پورا کرنا توفی کے معنی ہیں پورا لینا۔ عرف میں موت دینے کو توفی کہا جاتا ہے کیونکہ موت میں بندے کو پورا پورا لے لیا جاتا ہے قرآن مجید میں توفی تین معنی میں استعمال ہوا ہے نیند دینا سلانا۔ جیسے ھُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِالَّیْلِ موت دینا۔ اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا پورا لینا یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ الخ بمعنی موت دینا۔ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا اس کا مفعول ہے اور الْمَلٰٓئِکَۃُ اس کا فاعل یعنی جب فرشتے کفار کو موت دیتے ہیں الذین کفروا سے یا تو کفار بدر ہیں جو وہاں مارے گئے یا سارے وہ کفار جو کفر پر مرے ملائکہ سے مراد حضرت عزرائیل علیہ السلام اور اُن کے ساتھی فرشتے جو ان کے ساتھ میت کے پاس پہنچتے اور جان نکالتے ہیں اُن کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ کہ پاؤں کے ناخن سے سینہ تک یہ سب جان کھینچ کر نکالتے ہیں اور پھر سینہ سے حضرت عزائیل جان نکالتے ہیں جیسا کہ روایات میں ہے۔ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْھَھُمْ وَاَدْبَارَھُمْ یہ عبارت یا تو الْمَلٰٓئِکَۃُ کا حال ہے یا کفار کا کیونکہ ان دونوں کی ضمیریں موجود ہیں؛ بعض مفسرین نے فرمایا کہ الْمَلٰٓئِکَۃُ مبتدا ہے اور یَضْرِبُوْا اُس کی خبر اور یتوفی اکا فاعل اللہ تعالیٰ ہے (معانی) مگر پہلی تفسیر قوی ہے کہ اس میں کوئی ضمیر پوشیدہ نہیں ماننی پڑتی۔ ضرب سے مراد یا تو ہاتھوں سے طمانچہ مارنا ہے یا گرزوں یعنی ہتھوڑوں سے مارنا مراد ہے وجوہ جمع ہے وجہ کی وجہ بہت معنی میں قرآن مجید میں آیا ہے۔ ذات، چہرہ۔ توجہ یہاں بمعنی چہرہ ہے ادبار جمع ہے دبر کی بمعنی پچھلا حصہ یعنی پیٹھ۔ وجوہ اور ادبار کی بہت تفسیریں کی گئی ہیں قوی یہ ہے کہ یہ اپنے ظاہری معنی میں ہیں خواجہ حسن بصری فرماتے ہیں کہ ایک صحابی نے حضور اقدس کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے ابوجہل کی پیٹھ میں تسمہ کا نشان دیکھا فرمایا کہ یہ فرشتے کے کوڑے کا نشان ہے (روح المعانی)۔"

وَیَقُوْلُوْنَ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ یہ عبارت معطوف ہے یَضْرِبُوْنَ پر۔ اس سے پہلے یقولون پوشیدہ ہے یعنی وہ مارتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ آگ کا عذاب چکھو۔ یا تو اُن کے طمانچوں اور کوڑوں میں آگ کا اثر ہے جیسے لوہا۔ پتھر سے رگڑے تو آگ نکلتی ہے ایسے ہی جب کوڑا کفار پر پڑتا ہے تو آگ نکلتی ہے جس سے انہیں بہت جلن محسوس ہوتی ہے یا اُس سے مراد دوزخ کی آگ ہے جو کفار کی قبر میں پہنچتی ہے یا خود دوزخ ہے جس میں کفار بعد قیامت جائینگے۔ اس صورت میں ذُوْقُوْا کے معنی ہیں۔ آئندہ چکھو۔ خیال رہے کہ چکھنا بمعنی برداشت کرنا ہے یہ کھانے کا مقابل نہیں۔ جیسے کہا جاتا ہے کہ جیل یا پھانسی کا مزہ چکھ۔ اس وقت مردہ دنیا والوں کی بات نہیں سنتا۔ فرشتوں کی سنتا انہیں دیکھتا ہے۔ جیسے زندگی میں سنتا اُسے دیکھتا تھا۔ فرشتوں کو نہ دیکھتا تھا نہ اُن کی سنتا تھا اُس وقت آنکھوں کانوں میں انقلاب ہو جاتا ہے۔ ذٰلِکَ اَلْکِتٰبُ بِاَنَّ اللّٰہَ قَدَّمَتْ اَیْدِیْکُمْ یہ کلام بھی اُن ہی فرشتوں کا ہے جس میں عذاب مذکور کی وجہ بتائی گئی۔ ذٰلِکَ سے اشارہ مذکور عذاب کی طرف ہے اس کے لئے اشارہ بعید یعنی ذٰلِکَ ارشاد ہوا اُس عذاب کی عظمت دکھانے کے لئے جیسے ذَالِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ میں ہے

marfat.com

بما میں ب بسببیہ ہے ما سے مراد اُن کا کفر وشرک ہے کیونکہ قبر میں عذاب جہنم صرف کفر کا ہوگا۔ یوں ہی موت کے وقت کفر ہی کا عذاب ہوتا ہے نہ کہ ہاتھوں اعمال کی صورت میں اصل سزا تو بعد قیامت دوزخ میں ہوگی۔ ایدی جمع ید کی ہے بمعنی طاقت وقوت بمعنی ہاتھ نہیں کیونکہ کفر وشرک دل سے ہوتا ہے نہ کہ ہاتھوں سے (خازن وتفسیر کبیر) رب فرماتا ہے یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ وہاں ید اور ایدی سے مراد قوت وطاقت ہے وَاَنَّ اللّٰہَ لَیْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ یہ عبارت معطوف ہے ذوقوا پر اور فرشتوں کا مقولہ ہے، اور ہو سکتا ہے۔ یہ علیحدہ جملہ ہو اور اس سے پہلے اعلموا پوشیدہ ہو ظلّام بمعنی ظالم ہے یہاں ظلم سے مراد ہے بے قصور کو سزا دے دینا یا کہ مطیع کو وعدے کے مطابق جزا دینا۔ ظلم کے بہت معنی ہیں۔ رب تعالیٰ کے حق میں اس کے یہ ہی معنی ہوتے ہیں عبید جمع ہے عبد کی بمعنی عابد یا مخلوق، یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مطلقاً ظلم نہیں کرتا انہیں جو سزا ملتی ہے وہ اُن کی اپنی حرکتوں کی ہوتی ہے۔ خیال رہے کہ ظلم کے تین معنی ہیں کسی چیز میں بغیر اُس کے اجازت تصرف کرنا کسی سے کام کرا کر اس کی طے شدہ اُجرت نہ دینا کسی کو بغیر جرم کے سزا دینا۔ پہلے معنی سے تو رب تعالےٰ ظالم ہو سکتا ہی نہیں کہ ہر چیز اُس کی اپنی ہے جو چاہے کسی کے متعلق فیصلہ کرے ان جیسی آیات میں دوسرے یا تیسرے معنی سے ظلم کی نفی کی جاتی ہے یہ ناممکن ہے کہ رب تعالےٰ نے جس نیکی پر جو ثواب واجر کا وعدہ کیا ہے وہ نیکی بندے سے کرا کے اُس کا اجر نہ دے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ یہ بھی ناممکن ہے کہ کسی کو بغیر جرم سزا دے یہ ہی معانی یہاں مراد ہیں

**خلاصہ تفسیر**: اے مسلمانوں تم نے کفار کا دنیاوی عذاب فرشتوں کا ان پر سختی فرمانا سن لیا بلکہ بدر میں اپنی آنکھوں دیکھ لیا اگر تم وہ وقت بھی دیکھتے تو تعجب کرتے جب کہ کافر کا مرنا وقت ہوتا ہے اور ان کی جان نکالنے کے لیے جناب ملک الموت اور اُن کے خدام فرشتے انہیں موت دینے اُن کی جان نکالنے کے لیے اُن کے پاس آتے ہیں اُن کے منہ پر طمانچے ان کی پیٹھوں پر گھونسے یا ان دونوں پر ہتھوڑے مارتے ہیں اور ساتھ ہی کہتے ہیں کہ تو نے دنیا میں بڑی ڈھٹائی کری مہلت کا وقت ختم ہو گیا۔ اب آگ کا عذاب چکھو کہ اب مرتے ہی تیری قبر (عالم برزخ) میں تجھ پر دوزخ کی آگ پہنچے گی۔ اے کافر ہماری یہ مار اور قبر کا یہ عذاب آگ کی جلن اور تپش اوس کفر وشرک کی ہے جو تو نے اپنے ارادے اپنی قدرت اپنے اختیار سے دنیا کی زندگی میں اختیار کیا اور انہیں اپنا توشہ آخرت بنا کر آگے بھیجا۔ اللہ تعالیٰ نے تجھ تیرے بغیر جرم کے سزا نہیں دی کہ یہ ظلم ہے اللہ تعالےٰ اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا

**فائدے**:۔ اس آیۃ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ اللہ تعالیٰ کے کام اُس کے مقبول بندے کی طرف نسبت سے کیے جا سکتے ہیں یہ شرک یا کفر نہیں یہ فائدے یتوفی الذین کفروا الخ سے حاصل ہوا دیکھو موت دینا رب تعالیٰ کا کام ہے فرماتا ہے اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا مگر یہاں اُسے فرشتوں کی طرف نسبت

marfat.com

کیا گیا۔ لہٰذا یہ کہنا جائز ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم کو زندگی بخشتے ہیں۔ رب فرماتا ہے لِمَا یُحْیِیْکُمْ نبی تم کو زندگی بخشتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا اُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰہِ میں بحکم الٰہی مردے جلاتا ہوں۔

**دوسرا فائدہ:۔** جان نکالنے کے لیئے صرف ایک فرشتہ نہیں آتا بلکہ بہت سے فرشتے آتے ہیں جن میں سے ایک سردار یعنی حضرت عزرائیل باقی اُن کے مددگار یہ فائدہ الْمَلٰٓئِکَۃ جمع فرمانے سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ:۔** کافر کو تین وقتوں میں تین قسم کے عذاب ہوتے ہیں جان کنی کے وقت مار دھاڑ لعنت و پھٹکار اور آئندہ تکالیف کی خبر پھر قبر کا عذاب قیامت تک پھر محشر اور اسکے بعد بعد کا عذاب یہ فائدہ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْھَھُمْ سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** کفار کو عذاب یقیناً ہوگا یہ برحق ہے فائدہ عذاب الحریق کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔ **پانچواں فائدہ:۔** مومن و کافر کی موت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ دیکھو کفار کو مرتے وقت فرشتے مارتے ڈانٹتے آئندہ عذاب سے ڈراتے ہیں مگر مومن سے کہتے ہیں یٰٓاَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً مومن و کافر زندگی و موت قبر و حشر میں برابر نہیں۔ لَا یَسْتَوِیْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ **چھٹا فائدہ:۔** کفار کے ناسمجھ بچوں کو نہ عذاب قبر ہوگا نہ عذاب حشر ہوگا۔ یہ فائدہ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْکُمْ سے حاصل ہوا کہ اس میں فرمایا گیا کہ تجھ پر یہ عذاب تیرے پیشگی بھیجے ہوئے کفر و شرک کی وجہ سے ہے ان بچوں نے کچھ بھی نہیں کیا۔"

**پہلا اعتراض:۔** اس آیۃ سے معلوم ہوا کہ جان نکالنے والے فرشتے بہت ہیں۔ دیکھو یہاں الملائکہ جمع ارشاد ہوا مگر دوسری آیت میں ہے۔ قُلْ یَتَوَفّٰکُمْ مَّلَکُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُکِّلَ بِکُمْ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک ہی فرشتہ ہے آیات میں تعارض ہے۔ **جواب:۔** اس آیت میں ملک الموت جنس ہے جو ایک اور زیادہ سب کو شامل ہے۔ یا یوں کہو کہ وہاں سردار کا ذکر ہے یہاں اُس کے ماتحتوں کا یعنی جان نکالنے والے فرشتوں کا سردار ایک ہے عزرائیل کے ماتحت بہت لہٰذا دونوں آیتیں درست ہیں **دوسرا اعتراض:۔** اس آیۃ کریمہ سے معلوم ہوا کہ فرشتے موت دیتے ہیں مگر دوسری آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ رب تعالیٰ موت دیتا ہے فرماتا ہے یُحْیٖ وَیُمِیْتُ اور فرماتا ہے اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا آیتوں میں تعارض ہے۔ **جواب:۔** اللہ تعالیٰ حقیقتاً موت دیتا ہے، فرشتے مجازاً اس کے حکم سے موت دیتے ہیں۔ کارندوں کا کام آقا کا کام ہوتا ہے چپراسی یا سپاہی ملزم کو پکڑ کر لاتا ہے مگر کہا جاتا ہے حکم نے پکڑ لیا۔ وہاں حقیقت کا ذکر ہے یہاں مجاز کا۔ **تیسرا اعتراض:۔** اس آیۃ کریمہ سے معلوم ہوا کہ کافر کو مرتے وقت فرشتے منہ اور پیٹھ پر مارتے ہیں۔ یا طمانچے یا ہتھوڑے فرشتوں کی مار کی برداشت کون کر سکتا ہے وہ تو پہاڑ کو ماریں تو وہ ریتہ بن جاوے۔ یہ مردہ کیسے برداشت کر لیتا ہے۔ **جواب** واقعی یہ مار کافر کی برداشت سے باہر ہے مگر پڑے کی ساری رعایتیں دنیا کی زندگی میں ہیں لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا یہاں کے لیئے ہے وہاں کوئی رعایت نہیں کافر نے جرم حد سے بڑھ کر کیا یعنی بغاوت اُسکی سزا بھی حد

marfat.com

سے باہر ہوگی ۔ **چوتھا اعتراض** :۔ آگ اور جلنے کا عذاب تو بعد قیامت ہوگا فرشتے کافر سے مرتے وقت کیوں کہتے ہیں کہ عذاب آگ کا چکھو۔ یہ کیونکر درست ہے **جواب** :۔ اگر یہاں دوزخ میں داخلہ مراد ہے تو معنی یہ ہے کہ آئندہ دوزخ کا عذاب چکھنا ہے مومن کو مرتے وقت جنت کی بشارت دی جاتی ہے جو بعد قیامت ملے گی یوں ہی کافر کو یہ ڈرانا مرتے وقت ہوتا ہے اور اگر اس سے مراد ہتھوڑوں کوڑوں کی مار ہے یا قبر کا عذاب تب کوئی اعتراض ہی نہیں خیال رہے کہ قبر میں دوزخ کی آگ سے عذاب ، ہے اس طرح کہ آگ وہاں پہنچتی ہے بعد قیامت دوزخ جاکر عذاب پائے گا۔ آگ کا عذاب اور آگ میں عذاب ان دونوں میں فرق ہے **پانچواں اعتراض** :۔ تم نے تفسیر میں کہا کہ قبر کا عذاب صرف کافر کو ہوگا مگر حدیث شریف میں ہے کہ بعض مسلمانوں کو بھی عذاب قبر ہوگا۔ جیسے پیشاب سے نہ بچنے والا یا چغلی کھانے والا۔ تمہارا کلام کیونکر درست ہوا۔ **جواب** :۔ ہاں بے شک بعض مسلمانوں کو عذاب قبر ہوتا ہے مگر اس کے عذاب کے اور کافر کے عذاب میں چند طرح فرق ہے۔ ایک یہ کہ اس مومن کا عذاب عارضی ہوتا ہے جو کچھ دن بعد کسی نہ کسی ذریعہ سے ختم ہو جاتا ہے جیسے قبر پر کسی بزرگ کا گزر یا زندوں کا ایصال ثواب وغیرہ۔ دوسرے یہ کہ مومن کو خاص عذاب اندھیرے اور قبر کی تنگی کا ہوتا ہے مگر قبر میں دوزخ کی کھڑکی کھلنا وہاں آگ کا لو کا عذاب ہونا یہ کفار کے لیے خاص ہے **چھٹا اعتراض** :۔ یہاں ارشاد ہوا بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْکُمْ ان اعمال کی وجہ سے عذاب ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجے حالانکہ کفار کو یہ عذاب اُن کے کفر و شرک کی وجہ سے ہوتا ہے اور کفر و شرک ہاتھ سے نہیں کیے جاتے بلکہ دل سے ہوتا ہے۔ پھر یہ کلام درست کیوں ہوا ؟ **جواب** :۔ اس کا جواب تفسیر خازن اور کبیر نے یہ دیا ہے کہ یہاں ہاتھ سے مراد قوت و طاقت ہے یعنی جو تو نے خدا کی دی ہوئی طاقت و قوت سے بجائے عبادت کے لیے کفر و شرک کیا اُس کی سزا یہ ہے قرآن کریم میں ید کے معنی طاقت بہت جگہ استعمال ہوتا ہے ہو سکتا ہے کہ اس سے ارشاد مشرکہ کاموں کی طرف ہو جیسے بت کے سامنے ہاتھ جوڑنا وغیرہ :۔ **ساتواں اعتراض** :۔ یہاں ارشاد ہوا اَللّٰہُ لَیْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ۔ اور ظلّام مبالغہ کا صیغہ ہے معنی یہ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر بہت بڑا ظلم نہیں کرتا جس سے معلوم ہوتا ہے چھوٹا ظلم کرتا ہے یہ تو صحیح نہیں۔ **جواب** :۔ یہاں ظلام بمعنی ظالم ہے اس تفسیر میں وہ آیتہ ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ بعض لوگوں نے کہا کہ جیسے رب تعالیٰ کی عطا بہت بڑی ہے رحم و کرم بھی بہت بڑا ہے اگر وہ ظلم کرتا تو وہ بھی بہت بڑا۔ بڑے کا ہر کام بڑا ہی ہوتا ہے لہذا یہ فرمان درست ہے یا یوں کہو بہت ظلم سے مراد بہت لوگوں پر ظلم ہے۔ اگر وہ ظلم کرتا تو بہت بندوں پر کرتا۔ جو اگرچہ ہر بندے پر چھوٹا ہوتا ہے مگر سب بندوں کے ملانے سے بہت بڑا ہو جاتا یا یوں کہو کہ ظلام مبالغہ کا ہے ہی نہیں بلکہ نسبت کا ہے۔ جیسے عطار عطر بیچنے والا۔ بزاز کپڑا بیچنے والا خواہ تھوڑا بیچے یا بہت (دیکھو تفسیر روح البیان)

**تفسیر صوفیانہ** :۔ موت سب کو آنی ہے مگر اس کی نوعیتیں تین ہیں۔ کافر کی موت وارنٹ ہے مومن کی موت

marfat.com

سمن۔ اللہ والوں کی موت دعوت نامہ۔ اس آیۃ کریمہ میں پہلی قسم یعنی وارنٹ والی موت کا ذکر ہے کہ اُن کو لات گھونسا بھی ہے ڈانٹ ڈپٹ بھی سمن والی موت میں اگرچہ حاضری ضروری ہوتی ہے مگر الفاظ نرم ہوتے ہیں کہ فلاں تاریخ کو تمہاری گواہی فلاں کچہری میں ہے تم حاضر ہو خرچہ ملے گا۔ مگر دعوت نامہ میں جبر نہیں ہوتی۔ تشریف آوری پر خوشی کا اظہار ہوتا ہے۔ کہ اگر آپ ہمارے ہاں فلاں وقت دعوت میں شرکت کریں تو ہم کو بڑی خوشی ہوگی وغیرہ وغیرہ۔

حضرات انبیاء کرام کو موت کا اختیار دیا جاتا ہے:۔ کہ اگر آپ چاہیں تو تشریف لائیں چاہیں تو دنیا میں ہی رہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس ملک الموت حاضر ہوئے اور عرض کیا اَجِبْ رَبَّکَ تو آپ نے انہیں طمانچہ مار دیا۔ یہ طمانچہ مارنا حکم الٰہی سے ناراضی کی وجہ سے نہ تھا بلکہ اسلیئے تھا کہ انہوں نے دعوت نامہ کو سمن بنا دیا یا موت کی نوعیت بدل دی اَجِبْ صیغہ امر کا استعمال فرمایا اس پیئے جب رب تعالیٰ نے دوبارہ ملک الموت کو ان کی خدمت میں بھیجا تو ارشاد ہوا کہ آپ بیل کی کھال پر ہاتھ رکھیں جتنے بال ہیں ایک سال عطا ہوگا اب یہ ہوا دعوت نامہ صوفیا فرماتے ہیں کہ کافر کی موت ہے اپنے پیاروں سے چھوٹنا اور مومن کی موت ہے پیاروں سے ملنا کافر کے پاس پیارے دنیا اور دنیا والے ہیں مومن کے پاس پیارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ کرام ہیں مومن ہنستا ہوا جان دیتا ہے ؎

نشان مرد مومن با تو گویم۔ چو مرگ آید تبسم بر لب اوست

اللہ تعالیٰ اُس موت سے بچائے جو یہاں مذکور ہے وہ موت نصیب کرے جو دوسری جگہ مومن کی موت کا ذکر ہے مومن کی قبر یار کا خلوت خانہ ہے۔ شعر:۔

سنا ہے قبر میں دیدار ہوگا بے حجابانہ کفن کو پھاڑ کر اٹھینگے مردے اپنے مدفن میں

كَدَأْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ

مثل طریقہ متبعین فرعون کے اور ان لوگوں کے جو پہلے تھے ان سے انکار کیا انہوں نے اللہ کی آیتوں کا پس پکڑ لیا ان کو

جیسے فرعون والوں اور ان سے اگلوں کا دستور وہ اللہ کی آیتوں سے منکر ہوئے اللہ نے انہیں

بِذُنُوْبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا

اللہ نے بوجہ گناہوں کے ان کے تحقیق اللہ قوی ہے سخت عذاب والا یہ اس وجہ سے ہے کہ تحقیق اللہ نہیں بدلنے والا

ان کے گناہوں پر پکڑا بے شک اللہ قوت والا سخت عذاب والا ہے یہ اُس لیے کہ اللہ کسی قوم سے جو نعمت

marfat.com

نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۳﴾

اس نعمت کو جو انعام اور پر کسی قوم کے یہاں تک کہ بدل دیں وہ جو ان کے نفسوں کا ہے اور بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے

اسے دی تھی بدلتا نہیں جب تک وہ خود بدل نہ جائیں اور بیشک اللہ سنتا جانتا ہے۔

**تعلق ۱:** اس آیۃ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق** پچھلی آیات میں کفار مکہ خصوصاً کفار بدر کے دنیاوی اور اُخروی عذابوں کا ذکر ہوا۔ اب ارشاد ہو رہا ہے کہ یہ واقعہ محض اتفاقی نہیں بلکہ ہمارا یہ قانون ہے جو پہلے سے جاری ہوا ہے اور آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اس کے لیئے فرعون اور ان سے پہلے کہ کفار کا حوالہ دیا جا رہا ہے (تفسیر کبیر) **دوسرا تعلق** پچھلی آیات میں کفار بدر کی ڈھٹائی کا ذکر ہوا کہ بدر کی نشانیاں دیکھ کر اُن سب کو ایمان قبول کر لینا چاہیئے تھا۔ مگر نہ کیا اب ارشاد ہو رہا ہے کہ اے محبوب آپ اس سے کچھ غم نہ کریں۔ کفار کا ہمیشہ یہ ہی حال رہا ہے۔ اس کے ثبوت میں فرعون اور دوسرے کفار کا ذکر فرمایا جا رہا ہے **تیسرا تعلق** ۲۔ پچھلی آیات میں بتایا گیا کہ کفار مکہ کو پہلے بہت عزت دی گئی مکہ معظمہ میں رہنے کی وجہ سے اُن کی بہت حرمت کی گئی۔ مگر جب انہوں نے اس سے غلط فائدہ اٹھایا تو انہیں ذلیل کر دیا گیا اب اس کے متعلق فرعون کا واقعہ بیان فرما کر ایک قانون ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ جو قوم اپنا حال بدل دیتی ہے تو رب بھی اپنی نعمت کو زحمت میں بدل دیتا ہے رحمت کا قیام چاہتے ہو تو اطاعت پر قائم رہو۔"

تفسیر کداب ال فرعون یہ فرمان عالی نیا جملہ ہے۔ اس میں مبتدا پوشیدہ ہے و الجملہ داب کے لغوی معنی دائمی عمل جسے انسان ہمیشہ کرے۔ اہل عرب کہتے ہیں فُلَانٌ يَدَأَبُ فِيْ كَذَا فلاں اُدی اس کام میں ہمیشہ رہتا ہے ایک شاعر کہتا ہے شعر

وَمَا زَالَ تِلْكَ الدَّأْبُ حَتّٰى تَجَادَلَتْ هَوَازِنُ وَارْفَضَّتْ سَلِيْمٌ وَّعَامِرُ (مدارک)

اب اصطلاح میں داب عادت کو کہتے ہیں۔ کہ انسان اپنی عادت پر ہمیشہ ہی عمل کرتا ہے۔ اٰل بنا ہے اھل سے بمعنی والا کہا جاتا ہے۔ اہل علم۔ اہل خانہ۔ اہل مال یعنی علم والا۔ گھر والا۔ مال والا۔ وغیرہ اٰل بڑے انسانوں کی طرف ہی نسبت ہوتا ہے "خواہ وہ دنیاوی بڑا ہو جیسے اٰل فرعون یا دینی۔ دنیاوی بڑائی والا جیسے آل رسول اصطلاح میں آل بمعنی متبع آتا ہے۔ آل فرعون سے مراد اُس کی پولیس و فوج نوکر غلام ہیں کیونکہ فرعون لاولد تھا اپنی فوج و پولیس سے ظلم کراتا تھا۔ اسے اٰل فرعون کہا گیا اس معنی سے حضور کے سارے صحابہ بلکہ ساری اُمت

marfat.com

آل رسول ہے اس میں صحابہ اور اہل سُنت اور اہل بیت. سارے اولیاء علماء وغیرہ ہم سب ہی داخل ہیں فرعون کے معنی اور یہ کہ یہ لقب تھا بادشاہ مصر کا فرعون موسیٰ کا نام مصعب ابن ریان تھا۔ اس کی عمر اس کے حالات زندگی ہم پہلے پارہ کی تفسیر میں عرض کر چکے وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ یہ عبارت معطوف ہے آل فرعون پر اور مضاف الیہ ہے ہے آل کا اُن سے مراد قوم نوح قوم ہود قوم صالح وغیرہم ہیں. جو فرعونیوں سے پہلے ہوئے کفروا بایات اللہ یہ عبارت داب آلِ فرعون الخ کا بیان ہے کفر بمعنی انکار ہے آیات اللہ مراد کتب الہیہ کی آیتیں و معجزات انبیاء ان کی تعلیمات ہیں کہ یہ سب اللہ کی معرفت کی دلیلیں ہیں انہوں نے ان سب کا انکار کیا اور کرتے رہے فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ یہ عبارت معطوف ہے کفروا پر اخذ کے معنی ہیں پکڑنا یہاں عذاب میں گرفتار کرنا ہے ذنوب جمع ہے ذنب کی بمعنی گناہ۔ اس سے مراد دلی گناہ. جسمانی گناہ معاملات کا خرابی وغیرہ سب ہی ہیں کہ کافر کی پکڑ سب پر ہوتی ہے اگرچہ اس پر عبادات فرض نہیں اور بہت سے معاملات کا مکلف نہیں لہٰذا ذنوب جمع فرمانا اور اس پر بسببیہ داخل فرمانا بالکل درست ہے اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ یہ فرمان عالی گذشتہ مضمون کی دلیل ہے یعنی اے سننے والے اس عذاب پر تعجب نہ کرنا. اللہ تعالےٰ قوت والا بھی ہے بڑے سے بڑا قوی اُس کے آگے عاجز سے عاجز تر ہے اور اُس کا عذاب بھی سخت ہے اس پر جو کفر کرے گا نبیوں کو جھٹلائے کوئی مجرم اپنی طاقت کے ذریعہ اس کے عذاب سے بچ نہیں سکتا ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ یہ جملہ نیا ہے جس میں اُن کفار کے عذاب کی وجہ بیان فرمائی گئی ذٰلِكَ سے اشارہ اس مذکورہ دنیاوی. برزخی اخروی عذاب کی طرف ہے بان میں بے سببیہ ہے یعنی یہ عذاب و پکڑ اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ یہ عبارت اُن کی خبر ہے لَمْ يَكُ اصل میں یکون تھا۔ واو تو گر گیا۔ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے لم یکن رہا پھر نون بھی تخفیف کے لیے گرا دی گئی کیونکہ لم یکن کا استعمال بہت زیادہ ہے اور جس لفظ کا استعمال زیادہ ہو اُس میں تخفیف زیادہ کی جاتی ہے چنانچہ لم یکن اور لَمْ يَعِنْ ایسے ہی لم یزن سے نون نہیں گرایا گیا کہ اس کا لم یکن کیطرح استعمال زیادہ نہیں مغیراً بنا ہے تغیر سے بمعنی بدلنا اس بدلنے کی چند صورتیں ہیں نعمت کے بدلے عذاب دینا۔ نعمت چھین لینا۔ نعمت میں فرق کر دینا یعنی اعلیٰ کو ادنیٰ. بڑی کو چھوٹی کر دینا۔ یہاں تینوں صورتیں مراد ہو سکتی ہیں نعمت سے عام نعمتیں مراد ہیں دینی ہوں یا دنیاوی۔ قوم سے مراد انسان کی ساری قومیں ہیں بڑی ہوں یا چھوٹی حتیٰ کہ بنی کے ہم وطن ہم نسب بلکہ اُن کے قرابتدار حتیٰ کہ اُن کی اولاد جو بھی اللہ کی نعمت کی ناقدری. اور ناشکری کرے گا اس سے نعمت چھین لی جاوے گی۔

حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ یہ لَا يُغَيِّرُ کی انتہا رہے یہاں بدلنے سے مراد ہے اپنی اچھی صفات اچھی حالات کو بُرے صفات و حالات میں تبدیل کر دینا ما سے یہ ہی مراد صفات و حالات یعنی اللہ تعالیٰ کسی قوم سے اپنی دی ہوئی نعمت نہیں چھینتا یا نہیں بدلتا کہ بجائے نعمت کے ان پر نقمت نازل کر دے. حتیٰ کہ وہ اپنے خیالات بدل

marfat.com

لیتے ہیں اچھے تھے بُرے بن جاتے ہیں مُتقی تھے فاسق یا مومن سے کافر شکر گذار تھے کافر بن جاتے ہیں تو ہماری نعمتیں بھی یا تو چھن جاتی ہیں یا عذابوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ یہ فرمان عالی پچھلے مضمون کا تتمہ ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ رب تعالیٰ تمہاری باتوں کو سننے والا اور تمہارے دلی حالات کو جانتا ہے تمہاری کسی چیز سے بے خبر نہیں۔"

**خلاصہ تفسیر:۔** اے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم آپ کفار مکہ کی ضد اور ہٹ دھرمیوں سے غمگین نہ ہوں اُن کا حال تو فرعونیوں اور اُن سے پہلے والے کفار کی طرح ہے۔ جیسے قوم عاد و ثمود وغیرہ کہ ان لوگوں نے اپنے نبیوں کے معجزات دیکھے اُن کی تعلیمات سنیں اُن کو دیکھا اور ذات و صفات سے مطلع ہوئے مگر ان سب کے باوجود انہوں نے ان سب کو ماننے کی بجائے اُن کا انکار ہی کیا۔ یہ چیزیں آیات الٰہیہ سے تھیں جن کے ذریعے سے وہ مجھے جان پہچان سکتے تھے۔ بلکہ مجھے پا سکتے تھے اس انکار کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اُن سب کو اُن کے کفر اور بدکاریوں کی وجہ سے مختلف عذابوں سے پکڑ لیا۔ اللہ تعالیٰ رحیم و کریم بھی ہے اور ساتھ ہی اُس کا عذاب بہت سخت ہے۔ جب پکڑ لیتا تو اُس سے کوئی نہ چھوٹ سکتا ہے نہ کسی کو چھوڑا سکتا ہے یہ ہی حال اُن کا ہونے والا ہے بدر کی شکست وہاں کی ذلت خواری تو ابتدا ہے۔ اے محبوب ان تمام عذابوں اور سزاؤں کی وجہ یہ ہے کہ رب تعالیٰ کا قانون ہے کہ جو نعمت کسی قوم کو دیدیتا ہے اُسے بلا وجہ اُس قوم سے چھینتا نہیں جب تک کہ وہ خود اپنا حال بدل لیتے ہیں کہ نعمتوں کی قدر نہیں کرتے۔ بجائے شکر کے کفران کرتے ہیں۔ بجائے امانت داری کے خیانت اختیار کرتے ہیں تب اُن سے نعمتیں چھینی جاتی ہیں یا عذابوں میں تبدیل کر دی جاتی ہیں کفار مکہ پر ہم نے نعمتوں کی بارشیں کر رکھی تھیں دنیا بھر میں بدامنی مکہ میں امن تھا۔ ان کی حَرَم میں رہنے کی وجہ سے دنیا بھر میں عزت تھی انہیں قریشی خاندان سے کیا تھا پھر آخری سب سے بڑا نعمت یہ دی کہ نبی آخر الزمان صلے اللہ علیہ وسلم کو ان میں بھیجا۔ قرآن مجید اُن کی زبان میں اُتارا حجاج کی خدمت بیت اللہ کی پاسبانی۔ زمزم کی سقایت انہیں بخشی مگر انہوں نے ان نعمتوں کی قدر نہ کی تو آپ نے دیکھ لیا کہ بدر میں یہ کفار کتے کی موت مارے گئے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کی ہر بات سنتا ہے ہر ایک کا ہر حال جانتا ہے کوئی اپنے کو اُس کی پکڑ سے باہر نہ جانے۔"

**فائدے:۔** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:۔** قیاس شرعی برحق ہے یعنی اصل کا حکم فرع میں جاری کرنا کسی مشترک علت کی وجہ سے یہ فائدہ کداب اٰل فرعون سے حاصل ہوا کہ فرمایا گیا کہ کفار مکہ فرعونیوں کی طرح سخت عذابوں کے مستحق ہیں کہ اُن کے جرم مشترک ہیں۔ چنانچہ وہ غرق ہوئے وہ بدر میں قتل ہوئے **دوسرا فائدہ:** کسی قوم پر عذاب الٰہی بغیر پیغمبر کی مخالفت کے نہیں آیا یہ فائدہ کفر و بآیات اللہ الخ سے حاصل ہوا۔ اس کے بعد فاخذہم اللہ ف سے ارشاد ہوا۔ شعر:۔

marfat.com

بہیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد ۔ تا دلِ صاحب دلے نامد بہ درد

فرعون نے دعوئ خدائی کیا۔ ہزار ہا بچے بنی اسرائیل کے ذبح کرائے مگر غرق ہوا جبکہ موسیٰ علیہ السلام کی بددعا لگی **تیسرا فائدہ:** - اتباع کرنے والوں کو آل کہا جاتا ہے لہذا حضور کی ساری متقی اُمت آل رسول ہے۔ یہ فائدہ آل فرعون سے حاصل ہوا کہ اس آیت میں فرعون کی پولیس اُس کی فوج کو آلِ فرعون فرمایا گیا۔ **چوتھا فائدہ:** مردود قوموں کے حالات زندگی پڑھنا عبرت حاصل کرنے کے لیئے ضروری ہے یہ فائدہ آل فرعون فرمانے اور دَاْبِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فرمانے سے حاصل ہوا۔ لہذا حضرات انبیاء و اولیاء کے تاریخی حالات پڑھنا ذوقِ عبادت شوقِ فرمانبرداری پیدا کرنے کے لیئے بھی ضروری ہے اس لیئے رب نے اِن حضرات کے قصے قرآن مجید میں نقل فرمائے۔ **پانچواں فائدہ:** - ناشکری سے نعمتیں چھن جاتی ہیں۔ شکر سے نعمتیں بڑھ جاتی ہیں۔ یہ فائدہ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا سے حاصل ہوا **چھٹا فائدہ:** - جو قوم اللہ کی اطاعت رسول کی فرمانبرداری پر قائم رہے اِن شاء اللہ اس سے رب کی نعمت نہیں چھنتی یہ فائدہ بھی حَتّٰى يُغَيِّرُوْا سے حاصل ہوا **ساتواں فائدہ:** اسکے برعکس جب کوئی قوم اللہ رسول کی اطاعت سے منہ پھیر لیتی ہے تو اس سے نعمتیں چھین لی جاتی ہیں اسکی مثال گذشتہ قوموں میں دیکھ لو۔ اہل مکہ کو رب تعالیٰ نے بے شمار نعمتیں دے رکھی تھیں مگر جب انہوں نے اللہ رسول سے دشمنی کی تو ذلیل کر دیئے گئے نعمتوں کے روکنے کا ذریعہ اللہ رسول کی فرمانبرداری ہے رب فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ اس کا مطلب خوب سمجھ لو۔ **آٹھواں فائدہ** کفار شرعی احکام کے مکلف نہیں اس لئے کوئی کافر مسلمان ہو کر زمانہ کفر کی نماز روزے قضا کرنا اسکو شراب پینے سے حکومت اسلامیہ نہیں روکتی مگر آخرت میں گناہوں کی سزا ملتی ہے کہ کافر کو کفر و شرک شراب سود نماز سب کی سزا ملے گی یہ فائدہ ہذا نو پھر فرمانے سے حاصل ہوا

**پہلا اعتراض:** - اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ کفار کی پکڑ۔ کفر و شرک۔ چھوٹے بڑے گناہ سب پر ہوگی۔ جب اُن پر شرعی احکام جاری ہی نہیں اُن پر نماز فرض ہی نہیں۔ جوا۔ شراب حرام نہیں تو اس پر پکڑ کیسی۔ یہ آیت قانون شرعی کے خلاف ہے یہاں بدنزبہم کیوں فرمایا۔ **جواب:** - کفار پر نماز وغیرہ فرض نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بحالت کفر اُن پر شرعی ادائے فرض نہیں اور مسلمان ہو جانے پر قضاء فرض نہیں۔ یہ حکم شرعی ہے مگر اللہ کے نزدیک اُن کو حکم ہے کہ ایمان لاؤ۔ نماز و روزہ وغیرہ ادا کریں۔ سود۔ شراب سے بچو۔ اس حکم پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے اُن پر سب جرموں کی سزا اور عذاب ہوگا شریعت کا فرض حرام اور چیز ہے۔ عند اللہ فرض و حرام اور چیز ہے رب فرماتا ہے "مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ" **دوسرا اعتراض:** - اس آیتہ کریمہ کو قوی شدید العقاب پر کیوں ختم کیا رب کی اور صفات پر کیوں ختم نہ ہو فرمایا جواب ان صفات کے ذکر فرمانے میں عذاب کا یقین اور سختی بتائی گئی اگر حاکم مجرم کو سزا دے تو اس کی وجہ یا حاکم کی کمزوری ہوتی ہے کہ وہ پکڑنے پر قادر نہ ہو یا اس کی لاقانون کی پکڑ نرم ہو جس سے مجرم جرموں پر دلیر ہو جائیں رب تعالیٰ قوت والا بھی ہے سخت سزا دینے والا بھی پھر مجرم سزا سے کیسے بچ سکتا ہے اس کے سزا دینے سے بچنے کی صرف ایک ہی صورت ہے توبہ استغفار۔ **تیسرا اعتراض:** - اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ اللہ کی نعمتیں ہماری تبدیلی حالات پر موقوف

marfat.com

ہیں۔یعنی انسان کے کام علت ہوتے ہیں۔ رب کے کام معلول یہ تو ناممکن ہے۔نیز یہ تو بتاؤ کہ بعض کفار بڑی نعمتوں میں ہوتے ہیں انہوں نے کون سی نیکی کی ہے **جواب ۱**۔ آپ نے اس کا ترجمہ ہی غلط کیا ہے یہاں ارشاد ہوا ہے کہ ہم کسی سے عطا فرمودہ نعمت بلاوجہ نہیں چھینتے۔جب وہ خود ہی بری حرکتیں کرکے نعمت کو ختم کردے تو اس کی مرضی۔نعمت ملنا ہمارے کمال پر موقوف نہیں۔شعر:۔

دادِ حق را قابلیت شرط نیست　　بلکہ شرط قابلیت دادِ اوست

رب کا کرم ہماری قابلیت پر موقوف نہیں ہاں اس کا عذاب ہمارے گناہوں کی بنا پر ہے **چوتھا اعتراض** بے گناہوں بچوں پر تندرستی کے بعد بیماریاں کیوں آتی ہیں۔انہوں نے کیا گناہ کیا حضرت حسین پر کربلا کی۔ مصیبت کیوں آئی انہوں نے کیا گناہ کیا تھا۔**جواب ۱**۔یہاں ذکر نعمت چھٹنے عذاب آنے کا ذکر ہے یہ بغیر گناہوں کے نہیں آتا۔تمہاری ذکر کی ہوئی چیزیں عذاب نہیں یہ تو مومن کے لیئے رحمتیں ہیں **پانچواں اعتراض ۱**۔ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ میں آتا ہے کہ کبھی بعض کے گناہوں کی وجہ سے بے گناہوں پر بھی عذاب آجاتا ہے۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً بتایئے کہ ان بے گناہوں سے نعمتِ عافیت کیوں چھوٹی اور عذاب الٰہی اُن پر کیوں آیا وہ آیت اس کے خلاف ہے۔ **جواب ۱**۔اس کا جواب یہی ہے کہ ایسے بے قصوروں کے لیئے یہ عذاب عذاب ہی نہیں بلکہ ترقی درجات کا ذریعہ ہے یہاں ذکر نعمت چھن جانے عذاب آنے کا ہے لہٰذا تعارض نہیں:۔

**تفسیر صوفیانہ ۱**۔آیات الٰہیہ یعنی کتاب اللہ کی آیتیں انبیاء کرام کے معجزات اُن کی تعلیمات گویا بجلی کا پاور ہیں۔بجلی کا پاور مختلف چیزوں سے تعلق رکھ کر مختلف بہاریں دکھاتا ہے۔بلب سے لگے تو روشنی دیتا ہے ہیٹر سے لگے تو گرمی دیتا ہے فریج میں ٹھنڈک پنکھے میں ہوا وغیرہ۔یوں ہی آیات الٰہیہ نیک بخت دل و دماغ سے تعلق رکھیں تو وہاں تصدیقِ ایمان بلکہ ٹھنڈک عرفان۔ایقان سب کچھ پیدا کرتی ہے۔لیکن یہ ہی آیات اگر بدبخت سینوں بدنصیب دماغ سے لگیں تو وہاں طغیانی۔کفران آخرکار عذاب کا باعث ہوتی ہیں ان آیات میں انہیں دوسرے قسم کے لوگ کا ذکر ہے:۔حضرت امام غزالی فرماتے ہیں کہ جو نعمت کی قدر نہ کرے اُس سے نعمت چھن جاتی ہے اس کی نعمت نقصت بن جاتی ہے۔ولاء۔بلاء۔عزت۔ذلت۔اقبال۔ادبار۔یمین یسار بن جاتی ہے اس بے قدری کی اصل غرور و تکبر ہے۔شیخ سعدی فرماتے ہیں۔شعر۔

کسے را کہ پندار در سر بود　　منہ دار ہرگز کہ حق بشنود!

جو اللہ کو پہچانے گا۔وہ اس کی نعمت کی قدر بھی جانے گا نعمت الٰہی کی بے قدری حق کو نہ پہچاننے کی دلیل ہے اللہ کو پہچاننے والا دنیا بلکہ کونین کی طرف توجہ نہیں کرتا کیونکہ اللہ ہر چیز سے افضل و اعلیٰ ہے اور ذکر اللہ ہر شے

marfat.com

سے زیادہ لذیذ ہے (روح البیان)

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

مثل طریقہ متبعین فرعون کے اور ان لوگوں کے جو پہلے ہیں ان کے جھٹلایا انہوں نے نشانیوں کو اپنے رب کی

جیسے فرعون والوں اور ان سے اگلوں کا دستور انہوں نے اپنے رب کی آیتیں جھٹلائیں تو ہم نے

فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾

پس ہلاک کر دیا ہم نے ان کو اور ڈبو دیا ہم نے فرعونیوں کو اور سارے تھے وہ ظالم

ان کو ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کیا اور ہم نے فرعون والوں کو ڈبو دیا وہ سب ظالم تھے۔

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ ع ۷

تحقیق بدترین جانوروں میں پاس اللہ کے وہ لوگ ہیں جنہوں نے انکار کیا پس وہ ایمان نہیں لاتے۔

بے شک سب جانوروں میں بدتر اللہ کے نزدیک وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور ایمان نہیں لائے۔

**تعلق ۱**۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق ۱**۔ ایات میں ذکر ہوا کہ کفار آیات ربوبیت سے انکاری ہیں اب ذکر ہے کہ وہ آیات الوہیت کا انکار کرتے ہیں گویا ایک قسم کے انکار کے بعد دوسرے قسم کے انکار کا ذکر ہو رہا ہے **دوسرا تعلق ۲**۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ رب تعالیٰ کسی قوم سے اپنی نعمت نہیں چھینتا اور نہیں بدلتا جب تک کہ وہ قوم اپنی حالت نہ بدل دے اب اس کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ دیکھو فرعون پر ہم نے بڑے کرم کیے مگر جب وہ ناشکرا ہوا تو ڈوب گیا گویا دعوے پہلے ہوا دلیل اب دی جا رہی ہے۔ **تیسرا تعلق ۳**۔ پچھلی آیات میں اللہ کے سخت عذابوں کا اجمالی ذکر ہوا اب اُس اجمال کی کچھ تفصیل کی جا رہی ہے۔ گویا یہ آیات ان آیات کی تشریح ہیں کہ وہاں پکڑ کا ذکر تھا یہاں ڈبونے کا۔"

**تفسیر ۲**۔ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ اس جملہ کی تفسیر۔ داب کے معنی آل کا مطلب آلِ فرعون کی تعیین اور مِنْ قَبْلِهِمْ کا مطلب یہ سب کچھ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ یہاں اتنا سمجھ لو کہ اس سے پہلے ما بہم مطوی شدہ ہے جو مبتلاء ہے اور کذاب آل فرعون الخ اُس کی خبر و اہم میں ضمیر یا تو مشرکین مکہ کی طرف ہے یا انتم یا علی قوم میں جو محذوف ہے وہ اس کا مرجع ہے یعنی کفار قریش کا حال فرعونیوں کے حال کی طرح ہے یا ناشکری قوم سے نعمت چھین جاتی ہے جیسے فرعونیوں کا حال ہوا دوسری صورت میں یہ آیت اُس قانون قدرت کا ثبوت ہے كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ یہ مضمون ابھی پچھلی آیتہ میں بیان ہو چکا مگر وہاں تھا کفروا۔ یہاں کذبوا تاکہ معلوم ہو کہ وہاں

marfat.com

کفر کے معنے ناشکری نہیں اور وہاں تھا بآیات اللہ اور یہاں ہے بِاٰیٰتِ رَبِّھِمْ تاکہ معلوم ہو کہ وہاں اللہ تعالیٰ کی الوہیت کی نشانیاں مراد تھیں۔ اور یہاں اُس کی ربوبیت کی نشانیاں مراد ہیں۔ خیال رہے کہ نبی رب تعالیٰ کی آیت اُلوہیت بھی ہیں اور آیۃ ربوبیت بھی اُن کا انکار دونوں قسم کی آیتوں کا انکار ہے اس کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّھِمْ میں فرعونی لوگ بھی داخل ہیں اور دوسرے کفار بھی۔ جیسا کہ آیتہ کی روشنی سے معلوم ہو رہا ہے فَاَھْلَکْنٰھُمْ بِذُنُوْبِھِمْ چونکہ اُن کی ہلاکت جھٹلانے کے بعد بلکہ اس پر مرتب تھی اسلیے یہاں ف ارشاد ہوئی اس کا مرجع قوم فرعون کے سواء دوسری قومیں ہیں یعنی وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ کیونکہ فرعونیوں کی ہلاکت کا ذکر تو آگے آرہا ہے اُن میں سے بعض کی ہلاکت زلزلہ سے بعض کی زمین میں دھنسنے سے بعض کی غیبی پتھراؤ سے بعض کی آندھیوں سے بعض کی صورت تبدیل کرنے سے ہوئی۔ جیسا کہ قرآن مجید میں مختلف جگہ اس کا ذکر ہے یوں ہی کفار قریش کی ہلاکت غزوات بدر وغیرہ میں غازیوں کی تلواروں سے ہوئی (تفسیر خازن) ذنوب کے معنی اسکی تفسیر ابھی پچھلی آیتہ سے ذکر ہوئی وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ چونکہ ان سب کفار میں فرعونی لوگ بدترین کافر تھے اور اُن کی سزا بھی نہایت ہی عبرت ناک ہوئی اسلیے خصوصیت سے اُن کا ذکر علیحدہ ہو گیا فرعون کے ڈوبنے کا تفصیلی واقعہ ہم پہلے پارہ کی تفسیر میں عرض چکے ہیں۔ وَکُلٌّ کَانُوْا ظٰلِمِیْنَ یہ فرمانِ عالی نیا ہے لہذا اس کا واو ابتدایہ ہے کل سے مراد یا تو سارے فرعونی ہیں یا ان سے پہلے والی قومیں یا وہ ساری قومیں اور کفارِ قریش (معانی) ظالمین بمعنی کافرین ہے اور کافرین سے مراد منکرین شانِ نبی کہ اس کے بغیر عذاب آتا ہی نہیں جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا۔ ان عذابوں کی تفصیل بیان فرمانے کے بعد اس کا نتیجہ بیان فرمایا۔ چنانچہ ارشاد ہے اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ پہلے ہلاکت شدہ کافروں کا ذکر ہوا اب مطلقاً کفار کا ذکر ہے ہلاکت شدہ ہوں یا دوسرے غیر ہلاکت شدہ۔ چونکہ اس مضمون کے انکاری بہت تھے۔ اور بہت ہیں جن کا خیال ہے کہ انسان اگرچہ کافر ہو مگر جانوروں سے افضل ہے اس لیے اسے اِنَّ سے شروع فرمایا۔ شر ہے تو صفت مشبہ مگر بمعنی اسم تفضیل ہے بہ بمعنی شرارت ہے یعنی بدتری اشر کے معنی ہوئے بدترین دَوَآب جمع ہے دابۃ کی جس کا مادہ دب ہے بمعنی زمین پر چلنا۔ دابہ کہتے ہیں زمین پر چلنے والے جانوروں کو اس میں انسان بھی داخل ہے۔ اب اصطلاح میں دابہ گھوڑے کو کہا جاتا ہے کہ یہاں لغوی معنی میں ہے یعنی تمام جان والی زمین پر چلنے والی مخلوق میں بدترین مخلوق عند اللہ معنی ہیں اللہ تعالیٰ کے علم اس کا فیصلہ یعنی اللہ تعالیٰ کے علم اُس کے فیصلے میں بدترین جانور ہیں۔ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا الذین سے مراد انسان ہیں۔ کفر سے مراد وہ کفر ہے کا کفر ہونا علم الٰہی میں آچکا۔ جو جس سامان کا کفر ہونا علم الٰہی میں آچکا جو اللہ تعالیٰ کے علم میں کفار کی فہرست میں ہیں خواہ مسلمان جنیں یا کافر جنیں۔ کیونکہ اعتبار خاتمہ کا ہے فَھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ یہ کفر کا بیان ہے یعنی اُن کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے کہ کسی ذریعہ سے ایمان لانے والے نہیں۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ فہم میں ف فصیحہ ہے اس سے پہلے اذا علمت پوشیدہ

marfat.com

ہے یعنی تم جان چکے کہ جانوروں سے بدتر وہ کفار ہیں تو جان لو کہ یہ ایمان نہیں لانے کے انہیں پر رنج و غم نہ کرو اگرچہ انہیں تبلیغ کرو کہ آپ کو اس تبلیغ کا ثواب ملے گا۔"

**خلاصہ تفسیر:** - ان کفار کا حال فرعونیوں اور اُن سے پہلے والے کفار کے حال کا سا ہے کہ وہ اپنے کفر و شرک اور بدکاریوں میں مبتلا رہے انہوں نے اپنے رب کی نشانیوں۔ کتابوں۔ نبیوں۔ اُن کے معجزات کو جھٹلایا چنانچہ وہ اپنے گناہوں کی وجہ سے ہلاک کر دیئے گئے اُن کے نشان بھی باقی نہ رہے اور تم کو یہ تو معلوم ہے کہ ہم نے فرعون کے متبعین کو بحر تلزم میں ایک عجیب طریقہ سے ڈبویا یہ سارے کے سارے ظالم کافر۔ نبیوں کے انکاری تھے نبی کے انکار کا انجام یہی ہوتا ہے اس سے پتہ لگا کہ کفار باوجود انسان ہونے کے تمام جانوروں سے بدترین ہیں کہ دنیا میں عذاب اُن پر آئے جانوروں پر نہ آئے بعد قیامت دوزخ میں جائیں گے جانور نہ جائیں گے کیونکہ نبی کا مقابلہ انہوں نے کیا جانوروں نے نہ کیا مگر یہ اُن کا حکم ہے جو کفر پر مریں ایمان قبول نہ کریں اُن کے کفر سے تم ملول نہ ہو۔

**فائدے:** - ان آیات سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** - عذاب یافتہ قوموں کے عذاب سے فرعون کی غرقابی عجیب تر ہے کہ ایک ہی دریا سے اُس وقت بنی اسرائیل سلامت نکل گئے اور اسی وقت اُسی دریا میں فرعون مع اپنے لشکر کے ڈبو دیا گیا۔ کیونکہ اسرائیلی نبی کے ساتھ تھے وہ نبی سے الگ اور دور تھا۔ یہ فائدہ اغرقنا کے بعد اغرقنا فرمانے سے حاصل ہوا۔ **دوسرا فائدہ:** کفر ہلکا ہو یا بھاری دنیا میں سب کی سزا یکساں ہے ہلکے بھاری کا فرق آخرت میں ہوگا کہ سرداران کفر دوزخ کے بدترین طبقہ میں ہوں گے اور ماتحت ہلکے طبقہ میں۔ یہ فائدہ کُلٌّ کَانُوْا ظٰلِمِیْنَ سے حاصل ہوا کہ فرعون اور ہامان سخت ترین کافر اور تمام کے سردار گمراہ کُن تھے اس کے ماتحت لوگ اُن سے ہلکے مگر سب کو یکساں طور پر غرق کیا گیا۔ دنیاوی عذاب ہلکے بھاری کافر میں فرق میں نہیں کرتا۔ **تیسرا فائدہ:** - کافر انسان جانوروں حتیٰ کہ کتے سؤر سے بدترین ہے کیوں کہ کوئی جانور کفر بت پرستی۔ نبی کا مقابلہ نہیں کرتا۔ حالانکہ وہ بے عقل ہے یہ انسان عاقل ہو کر یہ حرکتیں کرتا ہے اس لیئے اس پر عذاب آتا ہے اور آئے گا۔ جانوروں پر نہیں آتا۔ یہ فائدہ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ سے حاصل ہوا اس کی تفسیر وہ آیتہ ہے " اُولٰٓئِکَ ھُمْ شَرُّ الْبَرِیَّۃِ کفار کو رب نے ساری مخلوق سے بدترین فرمایا ہے کشتی نوح میں جانوروں کے لیئے جگہ تھی مگر کنعان کیلئے نہ تھی **چوتھا فائدہ** اسکے برعکس مومن انسان ساری مخلوق سے افضل اسلیئے جنت اور وہاں کی نعمتیں مومن جنات اور فرشتوں کیلئے نہیں یہ فائدہ بھی اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ الخ سے اشارۃً حاصل ہوا اس کی تائید وہ آیت کرتی ہے اُولٰٓئِکَ ھُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّۃِ کہ مومن متقی انسان ساری مخلوق سے خیر ہے

**مسئلہ:** - عام متقی انسان ساری مخلوق سے خیر ہے متقی مومنین عام فرشتوں سے افضل ہیں مگر خاص فرشتے جیسے حضرت جبرائیل و میکائیل عام مومنین سے افضل ہیں اس کی مفصل بحث پہلے پارے میں ہو چکی۔"

marfat.com

**پانچواں فائدہ:** - شریعت کے احکام ظاہر پر ہیں۔ طریقت کے احکام حقیقت اور باطن پر۔ شریعت فی الحال مومن کو مومن مانتی ہے اور فی الحال کافر کو کافر ان دونوں پر ایسے ہی کام جاری فرماتی ہے مگر طریقت و حقیقت کا حکم اصل پر ہوتا ہے یہ فائدہ عند اللہ سے حاصل ہوا **چھٹا فائدہ:** - اعتبار خاتمہ اور انجام کا ہے جو شخص فی الحال مومن متقی معلوم ہوتا ہے مگر کفر پر مرنے والا ہے وہ بدترین خلق ہے اور جو فی الحال کافر و فاسق معلوم ہوتا ہے مگر اس کا خاتمہ ایمان و تقویٰ پر ہونیوالا ہے وہ بہترین خلق ہے یہ فائدہ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ فرمانے سے حاصل ہوا۔ اللہ تعالےٰ خاتمہ ایمان و تقویٰ پر نصیب کرے۔ رب تعالےٰ زندگی و موت ایسی نصیب کرے۔ شعر

نام نامی رہے اون کا ورد زبان ذکر ہوتا رہے سانس چلتا رہے
آخری وقت ہو اُن کے قدموں پہ سر دید ہوتی رہے دم نکلتا رہے

**ساتواں فائدہ:** - عند اللہ شرک و کفر یکساں جرم ہیں ان میں کوئی بخشش کے لائق نہیں اور ہر کافر ہر مشرک جانوروں سے بدتر ہے یہ فائدہ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا فرمانے سے حاصل ہوا۔ آیۃ کریمہ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ اور دوسری آیۃ کریمہ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ ان جیسی آیتوں سے شرک سے مراد کفر ہے شریعت کے بعض احکام میں شرک و کفر میں فرق ہے یہودی عیسائی کافر ہیں مگر ان کے احکام ہلکے اور موحد کفار مرتدین کے احکام سخت ہیں مشرکین کے احکام کچھ اور یہ فرق شرعی احکام میں ہے یہ بات خیال میں رہے **پہلا اعتراض:** - اس جگہ ایک ہی مضمون مکرر کیوں بیان ہوا۔ دیکھو کہ اب آلِ فرعون الخ ابھی کچھ پہلے ارشاد ہو چکا ہے۔ اور اب پھر ارشاد ہوا تکرار بیکار ہوتی ہے۔ یہ یہاں کیوں ہے

**جواب:** - اس اعتراض کا جواب ابھی تعلق کے بیان میں عرض ہو چکا ہے کہ وہ آیۃ مجمل تھی یہ اُس کی تفصیل ہے کہ وہاں اخذ تھا یہاں اَهْلَكْنٰهُمْ ہے وہاں کفروا تھا یہاں کذبوا ہے وہاں شَدِيْدُ الْعِقَابِ تھا یہاں اَغْرَقْنَا ہے پھر تکرار کہاں رہی اور اگر فرق بالکل نہ ہو تب بھی تکرار سے تاکید حاصل ہوتی ہے جس تکرار سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہو قرآن مجید میں ایسی تکرار کہیں نہیں **دوسرا اعتراض:** - اس آیۃ سے معلوم ہوا کہ کافر انسان جانوروں سے بدتر ہے مگر دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے ولقد کرمنا بنی آدم جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مطلقاً انسان عزت والا ہے دونوں آیتوں میں تعارض ہے۔"

**جواب:** - انسانیت اور افراد انسان میں بڑا فرق ہے انسانیت یعنی حقیقت انسان حقیقت ملکیت سے افضل ہے تمہاری پیش کردہ آیۃ میں اسی کا ذکر ہے مگر افراد انسان اُن کے حالات مختلف ہیں بعض انسان فرشتوں سے افضل ہیں اور بعض جانوروں سے بدتر۔ یہ فرق ہم نے اپنی کتاب عصمتِ انبیاء میں بیان کیا۔ **تیسرا اعتراض:** - اس آیۃ کریمہ میں کفروا ماضی اور لا یومنون مضارع کیوں ارشاد ہوا کفر اور بے ایمانی میں کیا فرق ہے۔"

**جواب:** - کفروا سے مراد ہے فیصلہ الٰہی میں ان کا کفر جس کا پہلے فیصلہ ہو چکا ہے اور لا یومنون میں ان کے آئندہ حال کا ذکر ہے مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ پہلے ہی سے کافر ہیں اور آئندہ کافر ہی رہیں گے۔"

marfat.com

**تفسیر صوفیانہ:** سارے انسان صورت میں یکساں ہیں مگر سیرت میں بعض طبع والے بعض ہوائے نفسانی خواہش والے بعض نبی والے بعض خدا والے ہیں یہ سب صورۃً ایک جنس بلکہ نوع ہیں۔ مگر سیرتاً مختلف نوع بلکہ مختلف جنس ہیں۔ صورتاً جانوروں سے معلوم افضل ہوتے ہیں مگر سیرتاً جانوروں سے بدتر اسلیے رب تعالیٰ نے انہیں شر الناس نہ فرمایا بلکہ شر الدواب فرمایا دوسری جگہ ارشاد ہوا۔ اُولٰئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ۔ شعر

دریغ آدمی زادہ بر محمل کہ باشد چو انعام بل ہم اضل

حکایت:۔ مجنوں اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر لیلےٰ کے شہر چلا۔ مگر اونٹنی کا بچہ گھر چھوڑ گیا جب تک مجنوں اونٹنی کی پشت پر جاگتا اسے ہانکتا رہا اونٹنی سیدھی چلتی رہی مگر رات کو مجنوں اسکی پشت پر سو گیا تو اونٹنی واپس گھر کیطرف چل دی کیونکہ اس وقت سوار کا قبلہ آگے تھا یعنی لیلیٰ اور سواری کا قبلہ پیچھے تھا یعنی اونٹنی کا بچہ کبھی بار یہ معاملہ ہوا مجنوں کو دشواری یہ تھی کہ راستہ پیدل طے نہ کر سکتا تھا اب ایک صورت تھی کہ اونٹنی کی پشت پر بیدار رہتا کیونکہ یہاں دونوں کے قبلے الگ الگ سمت پر تھے

انسان تیری روح سوار ہے تیرا نفس اسکی سواری مکر نفس کا قبلہ دنیا ہے اور روح کا قبلہ آخرت اگر سوار بیدار رہے تو اپنی منزل مقصود پر پہنچ جاوے گا اگر غفلت کرے تو نفس تجھے دنیا میں پھنسا دے گا۔ یہ مذکورہ قومیں اسلیے ہلاک ہوئیں کہ انہوں نے غفلت برتی جس سے ان کے نفس نے انہیں دنیا میں پھنسا دیا۔ اور وہ ہلاک ہوئے

الَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ

وہ لوگ جن سے معاہدہ کیا تم نے ان میں سے پھر توڑتے ہیں وہ عہد اپنا ہر بار

وہ جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا پھر ہر بار اپنا عہد توڑ دیتے ہیں اور ڈرتے

وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ

اور وہ نہیں ڈرتے اور اگر پاؤ کبھی تم انہیں جنگ میں بھگاؤ بذریعہ ان کے ان کو

نہیں تو اگر تم انہیں کہیں لڑائی میں پاؤ تو انہیں ایسا قتل کرو جس سے ان کے

خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً

پیچھے ہیں ان کے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں اور اگر کبھی اندیشہ کرو تم کسی قوم سے بدعہدی کا پس

پسماندوں کو بھگاؤ اس امید پر کہ شاید انہیں عبرت ہو اور اگر تم کسی قوم سے دغا کا اندیشہ کرو تو ان کا

فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ ع

پھینک دو طرف ان کے اوپر برابری کے تحقیق اللہ نہیں پسند کرتا بدعہدی والوں کو۔

عہد ان کی طرف پھینک دو برابری پر۔ بے شک دغا والے اللہ کو پسند نہیں

marfat.com

**تعلق** پچھلی ان آیات کریمہ کی پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق** پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ سارے کافر ظالم ہیں پھر اُن کے بعض کے متعلق ارشاد ہوا کہ وہ اللہ کے نزدیک جانوروں سے بدتر ہیں اب اُن کی دوسری بُرائی ہو رہی ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے وعدوں کو توڑتے رہتے ہیں ان وعدوں کا اعتبار نہیں ۔ **دوسرا تعلق** ۔ پچھلی آیات میں کفار کے عیب بیان ہوئے اب ارشاد ہے کہ مسلمان کو ان کے ساتھ برتاؤ کیسا کرنا چاہیئے فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ گویا دوسرے بروں کی بُرائی بیان فرمانے کے بعد اُن سے معاملات کرنے کا طریقہ بتایا جا رہا ہے۔ **تیسرا تعلق** ۔ پچھلی آیات میں خبر دی گئی تھی کہ یہ کفار ایمان نہیں لائیں گے اب اس کی وجہ بیان ہو رہی ہے کہ یہ بدعہد معاملہ کے خراب ہیں کفر پر مرنے والوں کی ایک علامت یہ بھی ہوتی ہے گویا پہلی پہلے ایک غیبی خبر دی تھی اب اس خبر کی حقانیت کی ایک علامت ارشاد ہو رہی ہے ۔

**شانِ نزول** ۔ مدینہ منورہ میں یہود کے دو قبیلے آباد تھے ایک بنی قریظہ دوسرا بنی نضیر جب ہجرت کر کے اللہ کے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم نے یہاں جلوہ ارائی فرمائی تو بنی قریظہ سے معاہدہ کر لیا کہ وہ حضور انور کے مقابل حضور کے دشمنوں کو کسی قسم کے مدد نہ دیں بلکہ غیر جانبدار رہیں مگر جب غزوہ بدر کا واقعہ پیش آیا تو انہوں نے خفیہ طور پر کفار قریش کو ہتھیار دے دئے تھے اور اُن کی جنگی مدد کی ۔ جب اللہ نے مسلمانوں کو کھلی فتح عطا فرمائی اور اُن بدبختوں سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو بولے ہم سے غلطی ہو گئی چنانچہ اُن سے دوبارہ یہ ہی معاہدہ کیا گیا ۔ اُن کے دل میں مسلمانوں کی ہیبت بیٹھ گئی کہ سمجھے کہ حضور انور سچے نبی ہیں اور اسلام غالب ہو کر رہے گا ۔ مگر جب غزوہ اُحد میں مسلمانوں کو کچھ تکلیف پہنچی گئی تو یہ پھر شریر ہو گئے حتیٰ کہ اُن کا سردار کعب ابن اشرف اپنے ساتھیوں کو لے کر مکہ معظمہ پہنچا اور کفار مکہ کو مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے آمادہ کیا اس نے صرف اس پر کفایت نہ کی بلکہ قریباً سارے عرب کے قبیلوں کو ایک فیصلہ کن جنگ کے لیے آمادہ کر لیا جس کے نتیجہ میں غزوہ خندق جسے غزوہ احزاب بھی کہتے ہیں کا واقعہ پیش آیا ۔ اس کے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں ۔ (تفسیر خازن و روح البیان ، بیضاوی ۔ خزائن العرفان و تفسیر صاوی وغیرہ)

**تفسیر** ۔ اَلَّذِیْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ یہ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا الخ کا بدل ہے یا عطف بیان ہے یا اس کی صفت ہے ۔ یا ہم پوشیدہ کی خبر ہے یا پوشیدہ فعل کا مفعول بہ (روح المعانی) لہٰذا اس کی پانچ ترکیبیں ہیں اور پانچ ہی تفسیریں عَہدتَ بنا ہے معاہدہ سے جس کا مادہ عہد ہے یعنی مضبوط وعدہ جس کی حفاظت کی ذمہ داری کی جاوے یہاں عَہدتَ کے معنی ہیں آپ نے عہد لیا ۔ عَہدتَ کا مفعول بہ پوشیدہ ہے ثُمَّ مِنْهُمْ میں مِن بعضیت کے لیے ہے (روح المعانی) یہاں معاہدہ سے جنس معاہدہ مراد ہے جس کی بہت فردیں ہیں جیسا کہ اگلے مضمون سے ظاہر ہے یعنی وہ بنی قریظہ کفار یہود جن سے آپ نے معاہدے کیے اُن سے بار بار عہد لیے ثُمَّ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِیْ كُلِّ مَرَّةٍ یہاں ثُمَّ بمعنی پھر ہے چونکہ ان کا معاہدہ توڑنا کچھ عرصہ کے بعد ہوتا تھا لہٰذا ثُمَّ ارشاد ہوا یہ یَنْقُضُوْنَ پر معطوف ہے

marfat.com

عَاہَدْتَّ پر اسے مضارع فرماکر بتایا گیا کہ وہ بار بار عہد کرتے تھے بار بار توڑتے تھے بلکہ عہد کرتے وقت توڑنے کی نیت کرتے تھے کُلَّمَا یعنی ہر بار سے مراد یا تو ہر بار کا عہد ہے یا ہر بار کی جنگ۔ (روح المعانی) یعنی ہر بار عہد توڑ دیتے تھے۔ یا ہر جنگ کے موقعہ پر عہد توڑ دیتے ہیں وَھُمْ لَا یَتَّقُوْنَ یہ عبارت حال ہے یَنْقُضُوْنَ کے فاعل سے یعنی عہد توڑ دیتے ہیں اس حال میں کہ خدا سے یا دنیا کے لعن طعن سے یا بد عہدی کے بدنما داغ سے یا مسلمانوں کے غالب آجانے پر مسلط ہو جانے سے نہیں ڈرتے (روح المعانی) انہیں اس عہد شکنی کے بدلہ عار و نار سے خوف نہیں۔ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّھُمْ فِی الْحَرْبِ ان کے احوال بیان فرمانے کے بعد ان کے احکام کا ذکر ہے اِمّا بنا ہے ان شرطیہ ما ظرفیہ سے یعنی اگر کبھی تَثْقَفَنَّھُمْ بنا ہے ثَقْفٌ سے بمعنی پکڑنا فتح پانا (کبیر وغیرہ) ہم سے مراد وہ ہی بنی قریظہ ہیں جن کے متعلق یہ آیات اُئیں حرب سے مراد مطلقاً جنگ ہے یا غزوہ بنی قریظہ جو غزوہ خندق کے بعد ہوا فَشَرِّدْ بِھِمْ یہ عبارت اِمّا کی جزاء ہے اس میں ف جزائیہ ہے شَرِّدْ بنا ہے تشرید سے بمعنی تفریق۔ یعنی بکھیر دینا۔ متفرق و پریشان کر کے بھگا دینا۔ ایک شاعر کہتا ہے۔ شعر

اَطُوْفُ بِالْاَبْطَحِ کُلَّ یَوْمٍ فَحَانَۃً اَنْ یُشَرِّدَ لِی یُعَیْلَمْ۔ (معانی)

حضرت ابن مسعود کی قراءۃ میں شرد نقطہ ذال سے ہے معنی ایک ہی ہیں بھم میں ب سببیہ ہے ہم ۱ مرجع وہ بنی قریظہ ہی ہیں مَنْ خَلْفَھُمْ سے مراد یا تو کفار مکہ ہیں یا سارے کفار عرب جو بنی قریظہ کی پشت پناہی کرتے تھے یا اُن کے بلانے پر اُن کے پیچھے لگ گئے اور متفقہ طور پر مسلمان پر حملہ آور ہو گئے یعنی اگر تم بنی قریظہ کی پشت پر قابو پاؤ تو انہیں ایسی سخت سزا دو کہ یہ سارے کفار کے لیئے عبرت بن جاویں۔ پھر جمع ہو کر تم پر حملہ کرنے کی ہمت نہ کریں انہیں سب کیلئے عبرت بنا دو تاکہ آئندہ ان فتنوں کی آگ ہمیشہ کے لیئے بجھ جاوے لَعَلَّھُمْ یَذَّکَّرُوْنَ یہ اس سزا کی حکمت کا ذکر ہے لعلھم اور یذکرون کی ضمیریں لوٹ رہی ہیں مَنْ خَلْفَھُمْ کی طرف لہٰذا مطلب واضح ہے یعنی اس سخت عذاب کا فائدہ یہ ہے کہ ان کا انجام دیکھ کر باقی سارے کفار کو نصیحت مل جاوے کہ وہ آئندہ تم پر حملہ کرنے یا کفر سے باز آجائیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا کہ ان شاء اللہ خلاصہ تفسیر میں عرض کیا جاوے گا۔ اِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِیَانَۃً یہ دوسرا حکم ہے جس کا تعلق باقی کافر جماعتوں سے ہے کیونکہ بنی قریظہ تو سارے قتل ہی کر دیئے گیے اُن کی شوکت ہی ٹوٹ گئی اُن سے بد عہدی کا خوف رہا ہی نہیں یہاں ابھی اما نبا سے اور ان شرطیہ اور ما ظرفیہ سے قوم سے مراد دوسری کافر قوم ہے جیسے کفار مکہ وغیرہ خیانۃ سے مراد بد عہدی ہے یعنی اے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم اگر پھر کبھی آپ کسی کافر قوم سے جنگ بندی کا معاہدہ کریں مگر آپ کو علامات کے ذریعہ خطرہ ہو کہ یہ لوگ بھی بنی قریظہ کی طرح ہو موقع پا کر عہد توڑ دینگے تو انہیں اس کا موقعہ نہ دیں بلکہ یہ کریں کہ فَانْۢبِذْ اِلَیْھِمْ عَلٰی سَوَآءٍ یہ عبارت اِمَّا تَخَافَنَّ کی جزاء ہے اس میں فا جزائیہ

marfat.com

ہے اصلاً نَبذ بنا ہے نبذ سے بمعنی پھینکنا۔ رب فرماتا ہے نَبَذُوْہُ وَرَاءَ ظُھُوْرِہِمْ۔ اس کا مفعول پوشیدہ ہے عَھْدَھُمْ سَوَاءٌ سے پہلے طریق پوشیدہ ہے سواء کے معنی برابر یا ظاہر (خازن) خیال رہے کہ عہد پھینک دینے سے مراد اُن کا عہد توڑ دینا اور علی سواء کے معنی ہیں انہیں پہلے سے اس کی خبر دے دینا یعنی ایسے حالات میں اُن کفار کو خبر بھیج دو کہ چونکہ ہم کو پتہ چلا ہے کہ تم عہد شکنی کرنا چاہتے ہو ہم لوگ تم کو خبر دیتے ہیں کہ ہمارا تمہارا وہ معاہدہ ختم ہو چکا ہم تم پر حملہ کرنے والے ہیں ہوشیار رہو۔ تاکہ اے محبوب تم پر بدعہدی کا الزام نہ آئے اس حملہ کی خبر میں تم اور وہ برابر ہو جاؤ کہ تم کو بھی اس کی خبر ہو اُن کو بھی۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْخَآئِنِیْنَ یہ اَنْبِذْ کی وجہ کا بیان ہے یعنی یہ اطلاع اس لیے دیدو کہ آپ پر عہد شکنی کا الزام نہ آئے اللہ تعالیٰ عہد شکنی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا یا چونکہ وہ لوگ عہد شکن ہیں اور رب کو عہد شکن پسند نہیں ہوتا اس لیے انہیں خبر دے کر حملہ کرو۔ تم محبوب ہو وہ مردود ان دو جماعتوں کی جنگ ہوتی ہی رہے گی۔"

موسیٰ و فرعون شبیر و یزید ایں دو طاقت از ازل آمد پدید

**خیال رہے** کہ محبت کی نفی سے بغض کا ثبوت لازم ہے رب تعالیٰ کے لیے کیونکہ رب کے ہاں محبت و عداوت کے درمیان کوئی واسطہ نہیں بندہ یا محبوب ہوگا یا مردود لہٰذا لَا یُحِبُّ کے معنی ہیں یبغض (روح المعانی) یہ نکتہ یاد رکھو۔"

**خلاصہ تفسیر:۔** ان آیات کریمہ میں دو قسم کے دشمنوں کا زور توڑنے کا حکم دیا ہے ایک وہ جو معاہدے کر کر کے توڑ دیتے ہوں دوسرے وہ جن کے معاہدے توڑ دینے کا اندیشہ ہو۔ ابھی اس نے عہد شکنی تو نہ کی ہو مگر علامات سے اُن کی بدعہدی کا پتہ لگ گیا ہو چنانچہ ارشاد ہے کہ اے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم وہ کفار جن سے آپ نے معاہدے کئے مگر وہ ہر بار عہد توڑتے ہی رہتے ہیں نہ تو خدا کا خوف کرتے ہیں نہ دنیا کی لعن طعن سے ڈرتے ہیں انہوں نے پہلا معاہدہ غزوہ بدر میں توڑا پھر بدر کے بعد معاہدہ کیا تو غزوہ احد کے بعد توڑا سارے کفار عرب کو تمہارے مقابل حملہ آور بنا دیا اُن کی سزا یہ ہے کہ اب جب آپ کی ان سے جنگ ہو اور وہ مغلوب ہوں تو صرف اُن کے زور توڑنے پر کفایت نہ کرو بلکہ انہیں ایسی مار مارو کہ وہ اپنے دوسرے دوستوں کے لیے عبرت بن جاویں۔ جو کفار اُنکی پشت پر پناہی کے لیے آئے تھے یا آنا چاہا۔ انہیں پتہ لگ جائے۔ بدعہد ظالموں کو بدلہ ایسا دیا جاتا ہے وہ سب بکھر جاویں آپ کے مقابلہ کیلئے ایک نہ ہو سکیں چنانچہ غزوہ خندق کے بعد بنی قریظہ کا مسلمانوں نے محاصرہ کر لیا۔ ان کے باغوں کھیتوں میں آگ لگا دی تاکہ وہ مال کی ایسی بربادی دیکھ کر اپنے قلعوں سے اُتر آویں اور اپنے کو مسلمانوں کے حوالہ کر دیں۔ ایسا ہی ہوا کہ وہ نیچے اُترے اور حضرت سعد بن معاذ کے فیصلہ پر رضامندی ظاہر کی۔ انہوں نے فیصلہ کیا کہ اُن کا ہر بالغ قتل کر دیا جائے ایسا ہی کیا اور مدینہ منورہ کی زمین اُنکے وجود نامسعود کے خالی ہو گئی۔ آجکل کی حکومتیں ایسے غداروں پر بم باری کر کے انہیں انکے بچوں جانوروں کو ہلاک اُنکے مکانات جائیدادوں کو برباد کر دیتی ہیں یہ حضور انور کا کام تھا کہ اُنکے بچے مکانات باقی رکھے صرف بالغوں کو قتل کیا جو قریباً چھ سو تھے رہے دوسرے قسم کے دشمن اُنکے متعلق ارشاد ہوا

marfat.com

اے محبوب اگر آپ کسی کافر قوم سے معاہدہ کریں جنہوں نے اس سے پہلے کبھی عہد شکنی نہ کی ہو مگر آپ کو علامات اور قرینوں سے پتہ لگے کہ یہ عہد توڑنے والے ہیں تو آپ انہیں پہلے خبر دیدو کہ ہمکو پتہ لگا ہے کہ تم یہ حرکت کرنا چاہتے ہو لہٰذا مطلع ہو جاؤ کہ فلاں تاریخ تک ہمارا معاہدہ قائم ہے اس کے بعد ہم اس معاہدہ سے بری ہیں تم پر حملہ کردیں گے یہ پہلے سے اطلاع دینا اسلئے ہے کہ آپ پر عہد شکنی کا الزام نہ آئے۔ اللہ تعالیٰ عہد شکنی کرنے والوں سے سخت ناراض ہے۔ خیال رہے! کہ اگر معاہدے کی مدت ختم ہو جائے یا دوسرے فریق نے معاہدے کی کوئی شرط توڑ دی ہو تو آپ کے اطلاع دینے کی ضرورت فوراً حملہ کر دینا جائز ہے دیکھو صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور نے کفار مکہ سے دس سال تک جنگ نہ کرنیکا معاہدہ کیا مگر اس معاہدے کی بہت شرطیں تھیں جن میں ایک یہ تھی کہ بنی خزاعہ ہمارے حلیف ہیں اور بنی کنانہ تمہارے حلیف اگر یہ دونوں حلیف آپس میں لڑیں تو ہم میں سے کوئی اپنے حلیف کی مدد نہ کرے مگر کفار مکہ نے یہ عہد توڑ دیا اور بنی خزاعہ کے مقابلہ میں اپنے حلیف بنی کنانہ کی مدد کردی اس بنا پر حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک سال بعد ہی بغیر اطلاع دیئے حملہ کر دیا اور فتح واقع ہوئی (روح المعانی) صلح حدیبیہ ۶ ہجری میں ہوئی ہے اور فتح مکہ ۸ ہجری میں ہوئی (مدارج جلد دوم) یہ بات خوب یاد رکھنی چاہیئے **فائدے** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے

**پہلا فائدہ:** ۔ قرآن مجید نے ہمکو صرف عبادت ہی نہیں سکھائے بلکہ سلطنت کرنیکے طریقے بھی علیٰ وجہ الکمال تعلیم فرمائے۔ شعر

کلام اللہ بھی نام خدا کیا لوث جان ہے ۔۔۔ عصا بھی ہے تیغ جواں ہے عزیز طفلاں ہے

انسان کی زندگی کا ہر شعبہ قرآن مجید نے مکمل فرمادیا ہے۔ یہ فائدہ ان دونوں آیتوں کے مضمون سے حاصل ہوا **دوسرا فائدہ** دشمن کے حالات سے باخبر رہنا چاہیئے اُن سے غافل ہونا اپنے کو ہلاک کرنا ہے یہ فائدہ ثُمَّ يَنْقُصُوْنَ عَهْدَهُمْ سے حاصل ہوا بہت سی اسلامی سلطنتیں لاپرواہی اور بے خبری کی وجہ سے تباہ ہو گئیں جیسا کہ تاریخ دان حضرات سے مخفی نہیں۔ بلکہ رعایا کے حالات سے باخبر رہنا بھی ضروری ہے ان میں بعض وفادار ہوتے ہیں بعض غدار جن کے دماغ میں بغاوت رہتی ہے **تیسرا فائدہ**: مومن پر وعدہ پورا کرنا لازم ہے رب فرماتا ہے وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ان میں یہ فائدہ بھی ثُمَّ يَنْقُصُوْنَ عَهْدَهُمْ سے حاصل ہوا کہ وعدہ خلافی کفار اور ناپرہیزگار کا طریقہ قرار دیا۔

**چوتھا فائدہ:** ۔ جو بار بار وعدہ خلافی کرے اسکے وعدے کا اعتبار نہیں کرنا چاہیئے بلکہ اب اُسے اس جرم کی سزا دینا چاہیئے یہ فائدہ فی کل مرۃ فرمانے سے حاصل ہوا **پانچواں فائدہ:** ۔ وعدہ پورا کرنا کفار پر بھی ضروری ہے وعدہ خلافی اُن کے لیئے بھی جرم ہے یہ فائدہ وَهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ سے حاصل ہوا۔ کیونکہ یہ ایک طرح کا معاملہ ہے اور معاملات کے مکلف کفار بھی ہیں

**چھٹا فائدہ:** ۔ سزائیں نہایت سخت ہونی چاہئیں جن سے دوسروں کو عبرت ہو تا کہ جرم بند ہوں یہ فائدہ فَشَرِّدْ بِهِمْ سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم رحمت عالم ہیں مگر حضور نے سزائیں مجرموں کو سخت سے سخت دیں کہ دنیا کو جرموں سے خالی کر کے امن و امان قائم کر دینا بھی رحمت ہے آج قوانین نہایت نرم پھر اُن کی گرفت بہت ڈھیلی ہے جس کا انجام دیکھا جا رہا ہے کہ بدامنی غنڈا گردی کا دور دورہ ہے کسی شریف کی عزت محفوظ نہیں کوئی شریف مظلوم انصاف نہیں پا سکتا۔ **ساتواں فائدہ** کفار سے جنگ میں ہر وہ جائز طریقہ استعمال کرنا درست ہے جو کفار کی ہمت توڑ دے اُنکے جانور ہلاک کرنا، اُن کے باغات کھیتوں میں آگ لگانا اُن کی جائیدادوں کو تباہ کرنا وغیرہ یہ فائدہ بھی فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ سے حاصل ہوا ہاں عورتوں بچوں کا قتل حرام ہے آجکل کی جنگ میں پہلے عورتیں بچے ہلاک کیئے جاتے ہیں **آٹھواں فائدہ:** ۔ اگر قرینہ و علامات سے معلوم ہو جائے کہ ہمارا دشمن عہد شکنی کرنے والا ہے تو ہم عہد کے پابند نہ ہونگے پہلے اُسے اطلاع

marfat.com

دیں گے پھر اُس پر حملہ کر دینگے سانپ کے کاٹنے سے پہلے اُس کا سر کچل دو یہ فائدہ واما تخافن الخ سے حاصل ہوا **ماواں فائدہ** ۱۰ مسلمان کو چاہیئے کہ اپنے وعدے کا بڑا پختہ ہو دیکھو ایسی خائن سرکش قوم پر اچانک حملہ جائز نہیں بلکہ اُسے پہلے خبر دیدی جاوے کہ ہم کو پتہ لگا ہے کہ تم بدعہدی کرنے والے ہو لہذا فلاں تاریخ تک ہمارا تمہارا معاہدہ ختم ہے ہم اس تاریخ کے بعد تم پر حملہ کرینگے۔ یہ فائدہ فانبذ اِلَیْھِمْ عَلٰی سَوَاءٍ سے حاصل ہوا **دسواں فائدہ** ۱۰ - خیانت صرف مال میں ہی نہیں ہوتی بلکہ وعدے میں بھی ہوتی ہے وعدہ خلاف شرعاً خائن ہے امین نہیں۔ یہ فائدہ لایحب الخائنین سے حاصل ہوا کہ رب نے بدعہدوں کو خائن فرمایا یہ ہی حال امانت اور امین کا ہے **پہلا اعتراض** ۱۰ - اس آیت سے معلوم ہو کہ غدار باغی ملک و قوم کے دشمن کو یہ سزا ملنی چاہیئے ملک دشمنی پر نہیں پکڑنا چاہیئے بلکہ جب وہ بار بار یہ حرکتیں کریں تب اُن کو پکڑا جاوے کہ فرمایا یَنْقُضُوْنَ عَھْدَھُمْ فِیْ کُلِّ مَرَّۃٍ یہ تو سیاست ملکی کے خلاف ہے اگر یہ رار و زاوتی باید گشت۔ حضور انور نے قریظہ کی بارہا عہد شکنی پر انہیں معافی دی آخر میں پکڑا یہ کیوں **جواب** ۱۰ - ہر وعدہ خلافی بدعہدی بغاوت نہیں جب معمولی سی ہو تو قابل معافی ہے بنی قریظہ نے اوّلاً وعدہ خلافیاں خفیہ اور شخصی طور پر کیں بعد میں معافی مانگتے رہے جب یہ حرکتیں حد بغاوت کو پہنچی تب انہیں سزا دی گئی جو قیامت تک کفار کے لیئے عبرت بن گئی۔ سخت سزا کے لیئے جرم چاہیئے خیال رہے کہ حضور انور نے مدینہ منورہ تشریف لاکر فوراً سلطنت قائم نہ فرمائی بلکہ آہستگی سے پھر بھی دشمنوں کو تا امکان رعایات دی گئیں تاکہ اسلام کو دنیا میں بدنام نہ کیا جاوے کہ اسلام بہت سخت گیر دین ہے اور لوگ اسلام میں داخل ہونے سے ہچکچاہٹ نہ کریں پھر احکام سخت ہوتے رہے منافقوں کی حرکات خبردار ہوتے ہوئے اُن سے درگذر ہوتی رہی حضرت خدیجہ نے فرمایا کہ نفاق زمانہ رسالت میں تھا آج یا کفر ہے یا ایمان (بخاری مشکوٰۃ شریف آخر باب الکبائر و علامات النفاق) **دوسرا اعتراض** ۱۰ - یہاں کفار یہود کے متعلق ارشاد ہوا لَعَلَّھُمْ یَتَّقُوْنَ یہ لوگ تقویٰ اختیار نہیں کرتے کفار متقی کیسے ہو سکتے ہیں تقویٰ کے لیئے ایمان ضروری ہے ۱۰ **جواب** ۱۰ - یہاں تقویٰ سے مراد شرعی تقویٰ نہیں بلکہ اس سے مراد بدنامی سے بچنا بدعہدی کے انجام سے ڈرنا یعنی یہ لوگ بدعہدیاں کرنے میں نہ تو اپنی بدنامی سے خوف کرتے ہیں نہ اس کے انجام سے ڈرتے ہیں **تیسرا اعتراض** ۱۰ - اسلام تو رحمت دلا دین ہے پھر اس میں اس قدر سخت سزائیں کیوں رکھیں ہیں کہ فرمایا فَشَرِّدْ بِھِمْ مَّنْ خَلْفَھُمْ چور کے ہاتھ کاٹنا۔ زانی کو سنگسار کر ڈالنا۔ ڈاکو کے ہاتھ پاؤں کاٹنا بنی قریظہ کا حکم مشاد دینا یہ سزائیں غیر فطری ہیں **جواب** ۱۰ - اس کا تفصیلی جواب ہم نے اپنی کتاب اسرار الاحکام میں دیا ہے یہاں اتنا سمجھ لو کہ رحمت کے معنی صرف دودھ پلانا معافیاں دینا درگذر کرنا ہی نہیں بلکہ سختی سے مجرموں کو کچل دینا جرموں کا خاتمہ کہ جس دنیا میں امن امان ہو یہ بھی رحمت ہے۔ حکیم کا کڑوی دوائیں پلانا گلا سڑا عضو کاٹ ڈالنا اس کی مہربانی ہے شخص قوم پر فدا کیئے جائیں نہ کہ قوم شخص پر ایک دو چوروں کے ہاتھ کاٹ دینے سے اگر ملک میں چوری کا خاتمہ ہو جاوے تو یہ سودا مہنگا نہیں **چوتھا اعتراض** ۱۰ - اس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر کفار سے کیا ہوا معاہدہ ضرورۃً توڑنا پڑ جائے تو پہلے انہیں خبر دی جاوے فَانْبِذْ اِلَیْھِمْ عَلٰی سَوَاءٍ مگر خصوصاً حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے صلح حدیبیہ کے معاہدے کو بغیر اطلاع دیئے توڑ دیا کہ دس سال کا معاہدہ تھا مگر تجدید ہی مکہ معظمہ پر حملہ کر دیا اس آیت اور اس عمل شریف میں تعارض ہے **جواب** ۱۰ - یہاں اس صورت کا ذکر ہے جبکہ کفار نے عہد شکنی کی نہ ہو اندازہ سے معلوم ہو کہ وہ ایسا کرنے والے

marfat.com

ہیں کفار مکہ نے تو خود عہد شکنی کردی تھی اب ان کو اطلاع دینا ضروری نہ تھا اس لیے کسی کافر نے اس وقت حضور علیہ السلام پر عہد شکنی کا الزام نہ نہ لگایا بلکہ خود شرمندہ تھے اس لیے یہاں ارشاد ہوا وَاِمَّا تَخَافَنَّ اگر تم کو عہد شکنی کا خوف ہو یعنی اس کا دقوع نہ ہوا ہو صرف اندیشہ ہو۔

**پانچواں اعتراض:** ایسے خطرناک کفار جن کے متعلق عہد شکنی کا اندیشہ ہو انہیں پہلے سے اپنے ارادہ پر مطلع کیوں کیا جاتا ہے ان پر اچانک حملہ کیوں نہیں کردیا جاتا۔ حملہ کی اطلاع پہلے سے کردینا اصول جنگ کے خلاف ہے یہاں کیوں ارشاد ہوا فانبذ اِلَیْھِمْ علی سواء

**جواب۔** یہ اطلاع طے شدہ معاہدہ کے احترام کیلئے ہے تاکہ کفار مسلمانوں پر عہد شکنی کا الزام نہ لگا سکیں وعدہ خلافی اصول جنگ کے بالکل خلاف ہے اس سے اپنا دفاع جاتا رہتا ہے آج وعدہ خلافیوں کی وجہ سے بھارت دنیا میں بدنام ہے اور پاکستان کا سر بلند ہے کہ اسنے ہمیشہ کیے ہوئے وعدے پورے کیے اسلام کے اصول بڑے ہی اعلیٰ ہیں **تفسیر صوفیانہ** اے مسلمان یہ نہ سمجھ کہ بنی قریظہ ایک کافر قوم تھی جو مدینہ منورہ میں رہتی تھی اب وہ ختم ہو چکی خود تیرے اندر بنی قریظہ موجود ہے یعنی تیرا نفس امارہ اور اسکے برے ساتھی تو ان سے صلح کر کہ وہ دل کے معاملات میں دخل نہ دیں اے اپنی راہ چنے دیں اگر نفس اپنی اس صلح پر قائم رہے تو اس سے جنگ نہ کر لیکن اگر وہ بد عہدی کرے تو ایک دو بار اسے معافی دے آئندہ کیلئے وفاء عہد کا اس سے وعدہ لے لیکن اگر وہ بار بار عہد شکنی کرے تو اسے ایسی سخت سزا دے کہ آئندہ نہ تو اسکی ہمت رہے وعدہ خلافی کی اور نہ اسکے ساتھیوں کی قوت ہے کہ اجتماعی حملہ کریں تاکہ تیرا دل اور روح کا رستہ صاف رہے اور وہ خیریت سے راہ حق کی منزلیں طے کر کے یار کے دربار تک پہنچیں اگر تجھے کبھی اپنے نفس کی طرف سے بہکانے راہ مارنے کا خطرہ ہو تو اس سے خطاب کر کہ درست رہ ورنہ تیرا میرا کوئی معاہدہ نہیں ہم تجھکو سخت سزا دیں گے صوفیاء کرام کے مجاہدات ریاضت اس آیۃ کریمہ پر عمل ہے وہ حضرات اپنے دلوں اعتکاف میں بہت سی حلال چیزوں سے بچتے ہیں کیوں محرمات سے بچنے کے لیے نفس امارہ علم و عقل کی تلوار سے نہیں مرتا یہ عشق کے خنجر سے ہلاک یا تبدیل ہوتا ہے بلبب دیا سلائی سے روشن نہیں ہوتا اسکا تعلق کسی پاور ہاؤس سے کرو تاکہ روشنی دے۔ ڈاکٹر اقبال کہتے ہیں۔ شعر۔

زندگی کچھ اور شے علم ہے کچھ اور شے — زندگی سوز جگر ہے علم ہے سوز دماغ
علم میں لذت بھی ہے قدرت بھی ہے طاقت بھی ہے — ایک مشکل ہے کہ ہاتھ آتا نہیں اپنا سراغ
شیخ مکتب کے طریقوں سے کشادہ دل کہاں — کس طرح کبریت سے روشن ہو بجلی کا چراغ

علم و عقل سے ہر چیز ناپی تولی جا سکتی ہے مگر اُن سے خود اپنا آپ نہ تو ناپا جاتا ہے نہ تولا جاتا ہے نہ نفس کے فریبوں کا اس سے پتہ چلتا ہے یہ کام کسی نظر والے کی نظر کرتے ہیں۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ۭ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ۝۵۹

اور ہرگز گمان نہ کریں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ وہ آگے بڑھ گئے بیشک وہ عاجز نہیں کریں گے
اور ہرگز کافر اس گھمنڈ میں نہ رہیں کہ وہ ہاتھ سے نکل گئے بیشک وہ عاجز نہیں کرتے

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ

اور تیار کرو ان کے لیے وہ جو طاقت رکھو تم طاقت اور باندھنا گھوڑے اور ڈراؤ
اور ان کے لیے تیار رکھو جو قوت تمہیں بن پڑے اور جتنے گھوڑے باندھ سکو

marfat.com

تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ

تم اس سے اللہ کے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو اور دوسروں کو سوا ان کے

کہ ان سے ان کے دلوں میں دھاک بٹھاؤ جو اللہ کے دشمن اور تمہارے دشمن اور ان کے

لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ

نہیں جانتے تم ان کو اللہ جانتا ہے انہیں اور وہ چیز جو خرچ کروگے تم راستہ میں

سوا کچھ اوروں کے دلوں میں جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں جانتا ہے اور اللہ کی راہ میں جو کچھ خرچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٦٠﴾

اللہ کے پوری دی جائے گی تم کو اور تم ظلم نہیں کیے جاؤ گے ۔

کروگے تمہیں پورا دیا جائے گا اور کسی طرح گھاٹے میں نہ رہو گے ۔

**تعلق** :۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے ۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں ان دشمن کفار کا ذکر ہوا جن پر ہم قابو پالیں اور انہیں اس حرکت کی سزا دے سکیں ۔ اب ان کفار کا ذکر ہے جو ہمارے سخت تر دشمن ہوں مگر ہمارے قبضہ میں نہ آئیں بلکہ جنگ سے بخیریت لوٹ جاویں ۔ ان کے متعلق پیش گوئی فرمائی جارہی ہے کہ وہ بھی عنقریب تمہاری گرفت میں آئیں گے ۔ دوسرا تعلق پچھلی آیات کریمہ میں وعدہ خلاف بدعہد کفار کو سزا دینے کا حکم دیا گیا تھا ۔ اب مسلمانوں کو جہاد کی تیاری اپنے میں قوت پیدا کرنے کی تاکید فرمائی جارہی ہے جس سے وہ ان سزاؤں پر قادر رہیں اور جس سے ان کا رعب کفار کے دلوں میں قائم رہے تیسرا تعلق ۔ پچھلی گذشتہ آیات میں اچانک غزوہ بدر واقع ہوجانے اور مسلمانوں کی کمزوری وضعف کے باوجود کفار پر غالب آجانے کا ذکر ہوا ۔ اب ارشاد ہے کہ آئندہ جنگ کی تیاری کرو ۔ اس قسم کی غیبی نصرت وفتح ہمیشہ نازل نہیں ہوا کریگی ۔ بلکہ تمکو تیاری کرنا ہوگی ۔ گویا غزوہ بدر میں قدرتی فتح کے بعد آئندہ قانونی فتح کا ذکر ہے (تفسیر کبیر ہے)

**نزول**، اسلامی غزوات خصوصاً غزوہ بدر مسلمانوں کے مقابل آنے والے کفار تین ٹولے ہوئے ۔ بعض وہ جو غازیوں کے ہاتھوں قتل ہوئے ۔ بعض وہ جو اسلامی قیدی ہوئے بعض وہ جو نہ قتل ہوئے نہ قید بلکہ بھاگ

marfat.com

جانے میں کامیاب ہوئے۔ ان کے متعلق مسلمانوں کو رنج ہوا کہ یہ لوگ تو ہمارے بدترین دشمن ہیں نکل کیوں گئے۔ ان کے متعلق پہلی آیت ولا یحسبن الخ نازل ہوئی جس میں مسلمانوں کو تسلی دی گئی کہ ان کا یہ بچ جانا عارضی ہے عنقریب تمہارے قبضہ میں آئیں گے (معانی) تفسیر وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْٓا:

ہماری قراءۃ میں لَا يَحْسَبَنَّ ی سے ہے۔ اس صورت میں اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا اس کا فاعل ہے اور اَنْفُسَهُمْ پوشیدہ اس کا پہلا مفعول ہے اور سبقوا دوسرا مفعول یا یحسبن کا فاعل ضمیر پوشیدہ ہے مومنین یا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یا ہر سمجھنے والا اور اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا اس کا پہلا مفعول اور سبقوا دوسرا مفعول۔ دوسری قراءۃ لَا تَحْسَبَنَّ ت سے ہے اس صورت میں الذین کفروا اس کا پہلا مفعول ہے اور سبقوا دوسرا مفعول لہٰذا اس آیۃ کریمہ کی چار تفسیریں ہیں۔ الذین کفروا سے مراد وہ کفار ہیں جو مسلمانوں کے مقابل جنگوں میں آئے اور نہ قتل ہوئے نہ قید بلکہ بچ کر بھاگ گئے سبقوا بنا ہے سبقت سے بمعنی آگے بڑھ جانا مراد ہے۔ قبضہ سے نکل جانا بچ جانا یعنی یہ کفار اپنے متعلق یہ خیال نہ کریں کہ وہ مسلمانوں کے رب تعالیٰ کے قبضہ سے نکل گئے یا کوئی مسلمان یہ خیال ہرگز نہ کرے یہ لوگ ہاتھ سے نکل گئے انشاء اللہ یہ لوگ آئندہ مسلمانوں میں قبضہ میں آئیں گے اور ان کے ہاتھوں یا مارے جائیں گے یا قید ہونگے یا مسلمان ہو جائیں گے یا یہ مطلب ہے کہ وہ رب کے قبضہ سے نہیں نکل گئے اگر کفر پر مرے یا مارے گئے تو دوزخ میں جھونکے جائیں گے۔ خیال رہے کہ سبقوا سے ان پوشیدہ ہے قرآن مجید میں بہت جگہ اَن پوشیدہ ہوتا ہے۔ رب فرماتا ہے اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ یہاں اصل میں اَن اَعْبُدَ ہے (تفسیر کبیر) اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ یہ فرمان عالی نیا جملہ ہے اس پر اِنَّ الف کے کسرہ سے ہے۔ مگر یہ لا یحسبن کی وجہ بیان فرما رہا ہے۔ ایک قراءۃ میں انہم الف کے فتحہ سے ہے تب تو ظاہر ہے کہ یہ علت ہے کیونکہ یہ لوگ عاجز نہیں کر سکیں گے۔ مسلمانوں کو بلکہ وہ خود مسلمانوں کے آگے عاجز ہونگے یا وہ اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکیں گے۔ وہ تو ہر وقت اس کے قبضہ میں ہیں لہٰذا اے مسلمانو! تم ان کے بچ نکلنے پر غم نہ کرو انشاء اللہ چاند تمہارا ہی چڑھے گا۔ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ یہ جملہ نیا ہے اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اس فرمان عالی کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانو! سارے کفار پر تم غالب آنے والے ہو لہٰذا تم تیاری کرو۔ اعد بنا ہے اعداد سے۔ جس کے لغوی معنی ہیں کوئی چیز ضرورت کے وقت کیلئے سنبھال رکھنا (خازن) اصطلاح میں تیاری کرنا۔ تیاری رکھنا اعداد ہے لَهُمْ میں مُمْ کا مرجع سارے حربی کافر ہیں۔ نہ کہ صرف کفار مکہ اور لہم میں قتال یا حرب پوشیدہ۔ اعدوا میں خطاب تا قیامت مسلمانوں سے ہے اور بقدر طاقت تیاری جہاد کرنا فرض کفایہ ہے یعنی اے مسلمانو! تم ہمیشہ کفار سے جہاد کرنے کی بقدر طاقت تیاری رکھو مِنْ قُوَّةٍ یہ عبارت بیان ہے استطعتم کا لہٰذا من بیانیہ ہے قوت طاقت کیلئے اس سے مراد جہاد کی طاقت اس میں بعض ۔ ے

marfat.com

فرمایا کہ اس سے مراد مضبوط قلعے وغیرہ ہیں یعنی دفاعی قوت سامان جہاد اسکی تفسیر وہ آیت ہے خُذُوْا حِذْرَكُمْ بعض نے فرمایا اس سے مراد ہر قسم کا سامان جہاد ہے یعنی حسب موقعہ ہتھیار جنگ کا جمع کرنا بنانا ان کے استعمال کا طریقہ سیکھنا وغیرہ لہذا اس میں تاقیامت اسلحہ جنگ داخل ہے جیسے آجکل توپ راکٹ ٹینک بلکہ ایٹم بم وغیرہ حدیث شریف میں ہے ان القوۃ الرمی آگاہ رہو کہ قوت رمی ہے (مسلم وغیرہ) رمی کے اصطلاحی معنی ہیں تیر اندازی اور لغوی ہیں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے اَکَلْتُ الرُّطَبَ وَرَمَیْتُ النَّوَاۃَ میں نے کھجور کھالی گٹھلی پھینک دی مگر اس حدیث میں رمی بمعنی اصطلاحی ہے تو اس زمانہ کے لحاظ سے یہ فرمان عالی ہے جبکہ جنگ تیر تلوار سے ہوتی تھی اور یہ حصر ایسا ہے جیسے اَلنَّدَمُ هُوَ التَّوْبَةُ وَالْحَجُّ هُوَ الْعَرَفَةُ (خازن کبیر وغیرہ) اور اگر رمی لغوی معنی میں ہے تو اس میں تاقیامت تمام ہتھیار داخل ہیں۔ آج کل جنگ میں بم پھینکے جاتے ہیں۔ راکٹ چھوڑے جاتے ہیں اس محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی فصاحت کے قربان جس نے ایک لفظ رمی میں تاقیامت جہادوں کا انتظام فرمادیا ومن رباط الخیل یہ عبارت معطوف ہے مِنْ قُوَّةٍ اور مَا اسْتَطَعْتُمْ کا دوسرا بیان اگرچہ قوۃ میں یہ بھی داخل تھا مگر اس کی عظمت دکھانے کے لیئے اسے علیحدہ بیان فرمایا۔ رباط بروزن فعال ہے مصدر بمعنی اسم مفعول جیسے لباس بمعنی ملبوس اس صورت میں یہاں صفت مضاف ہے موصوف کی طرف یعنی پلے ہوئے باندھے ہوئے گھوڑے یا رباط بمعنی اسم ظرف حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ خیل گھوڑا اور رباط خیل گھوڑی۔ حضرت خالد بن ولید جہاد میں گھوڑی پر ہی زیادہ سوار ہوتے تھے کہ یہ جہاد میں آواز نہیں کرتی اور بہت جم کر میدان میں کھڑی ہوتی ہے۔ اس کی پیٹھ سواری ہے اور اس کا پیٹ نسل کا خزانہ۔ حضرت جبرائیل غرق فرعون کے دن اور فرشتے بدر وغیرہ میں مادہ گھوڑی پر ہی سوار ہو کر موقعہ پر آئے تھے۔ (روح البیان وخازن وغیرہ) بہرحال گھوڑا جہاد کا بہترین آلہ ہے اب بھی جنگوں میں گھوڑوں کی ضرورت رہتی ہے ترھبون بہ عدو اللہ وعدوکم یہ عبارت حال ہے اعدو کے فاعل سے ترھبون بنا ہے رہب سے بمعنی ڈرانا ہیبت دلانا بہ کا مرجع یا تو اعدو کا مصدر رہے یا مذکورہ دونوں چیزوں میں سے ہر ایک۔ ب سببیہ ہے عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ سے مراد یا تو کفار مکہ ہیں یا قیامت سارے حربی کفار جو مسلمانوں کے مقابل آئیں مقصد یہ ہے کہ صرف جہاد کے وقت یہ تیاری نہ کرو بلکہ ہمیشہ ہی تیاری رکھو اس میں بہت فائدے ہیں۔ ایک یہ کہ اس تیاری سے تمہارے دشمن کفار کے دلوں میں تمہاری ہیبت بیٹھے گی جس سے وہ تم پر حملہ کرنے ہمت نہ کرسکیں گے۔ چونکہ مسلمان اللہ کے دوست ہیں اور کفار مسلمانوں کے دشمن اور دوست کا دشمن اپنا دشمن ہوتا ہے لہذا کفار اللہ کے دشمن ہوئے اس لیے انہیں عدو اللہ فرمایا گیا وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ یہ عبارت معطوف ہے عدو اللہ الخ پر اور تُرْهِبُوْنَ کا مفعول بہ مِنْ دُوْنِهِمْ میں من بیانیہ ہے اور یہ آخرین کا بیان ہے دون بمعنی علاوہ یا سوائے اور ھُمْ کا مرجع عدو اللہ الخ ہے یعنی تیاری جہاد کے ذریعہ اپنے کھلے

marfat.com

دشمنوں حربی کفار کو بھی ڈراؤ اور ان کے علاوہ چھپے دشمنوں کو بھی ڈراؤ۔ ان سے مراد یا تو یہود مدینہ ہیں جو بظاہر حضور انور سے صلح کر چکے تھے مگر دل میں بہت دشمن تھے۔ یا مراد مدینہ منورہ کے منافقین ہیں جو بظاہر کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو چکے تھے مگر بہ باطن مسلمانوں کے دشمن کفار کے جاسوس تھے۔ یا اس سے مراد روم و فارس کے کفار ہیں جو ابھی مسلمانوں کے مقابل نہ آئے تھے مگر زمانہ صحابہ میں خصوصاً عہد فاروقی میں مقابل آنے والے تھے۔ یا اس سے مراد کفار جن ہیں کہ تیاری جہاد سے ان کے دلوں میں بھی ہیبت بیٹھتی ہے جس گھر میں آلات جہاد یا جہاد کا گھوڑا ہو اس میں جن کفار داخل نہیں ہوتے (روح البیان و معانی و خازن و کبیر وغیرہ) تفسیر خازن نے آخری قول کو ترجیح دی کیونکہ آگے ارشاد ہے لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ۔ ان دوسرے دشمنوں کو اے مسلمانوں! تم نہیں جانتے انہیں تو اللہ ہی جانتا ہے اگر آخرین سے مراد کفار جن ہیں تب اس فرمان عالی کا مطلب یہ ہے کہ ان کافر جنات کو تفصیلاً تم نہیں جانتے کہ کون کون جن تمہارے دشمن ہیں۔ یہ تفصیل تو رب تعالیٰ ہی جانتا ہے ہاں تم کو اجمالاً اتنا معلوم ہے تو کفار جن مسلمانوں کے دشمن ہیں اور آخرین الخ سے مراد منافقین یا یہود مدینہ ہیں تو مطلب یہ ہے کہ ان کی دشمنی کو تم نہیں جانتے اگرچہ انہیں جانتے ہو تم یہود کی مصالحانہ گفتگو اور منافقوں کی کلمہ گوئی سے سمجھتے ہو کہ یہ مسلمانوں کے دوست ہیں۔ اور اگر مراد فارس و روم کے کفار ہیں تو مطلب یہ ہے کہ تم کو پتہ نہیں کہ تمہیں ان سے بھی جنگ کرنا ہے اور تمہارے ہاتھوں انہیں شکست ہونا ہے خیال رہے کہ یہاں علم بمعنے معرفت یعنی پہچاننا۔ اسلیے اس کا صرف ایک مفعول آیا (روح البیان) اور خطاب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم داخل نہیں۔ حضور انور تو ہر ایک کے ہر حال سے ہر وقت خبردار تھے اور ہیں اور رہیں گے۔ حضور ہی کے بتانے سے تو مسلمان نے منافقوں کو پہچانا رب فرماتا ہے لتعرفنهم فی لحن القول اے محبوب تم منافقوں کو ان کی روش کلام سے ہی پہچان لیتے ہو۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ یہ اس فرمانِ عالی میں تیاری جہاد کا دوسرا فائدہ ارشاد ہو رہا ہے یہاں فی سبیل اللہ سے مراد یا تو جہاد اور تیاری جہاد میں خرچ کرنا ہے یا ہر نیکی کی راہ میں خرچ کرنا جیسے جہاد۔ رباط۔ صدقات و خیرات غریب اہل قرابت کی پرورش وغیرہ۔ یوف بنا ہے توفیہ سے جس کا مادہ وفی ہے بمعنی پورا۔ من شیء میں من توضیحیہ ہے اور شے کی تنوین کمی بیان کرنے کیلئے یعنی تم ادنیٰ و اعلیٰ چیز یا بڑا چھوٹا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے تم کو اس کا عوض پورا پورا دیا جاوے گا۔ دنیا میں بھی کہ تم جہادوں کے ذریعہ مالا مال ہو جاؤ گے اور آخرت میں بھی کہ اس سے تم جنت کے وارث بنو گے وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ یہ عبارت معطوف ہے يُوَفَّ اِلَيْكُمْ پر ظلم کے بہت معنیٰ ہیں علاً کسی کے مال میں ناحق تصرف کرنا۔ کسی کا حق مارنا۔ کسی کو بغیر جرم سزا دینا۔ کسی سے وعدہ خیر کر کے پورا نہ کرنا۔ کسی کے حق میں کمی کرنا

marfat.com

یہاں آخری معنی مراد ہیں یعنی ہم تم کو نقصان نہ دیں گے۔ تم سے وعدہ کیا ہوا پورا پورا دیں گے۔ زامد یعنی ہمارے فضل کی انتہا نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ پورا فرما دیا۔ غریب و مساکین صحابہ کو جہادوں کی برکت سے ملکوں کا مالک بنا دیا۔

**خلاصۂ تفسیر** اے مسلمانو! جنگ بدر وغیرہ میں جو کفار تم سے بچ کر نکل گئے اور بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے ان کے متعلق تم یہ گمان نہ کرو کہ ہمارے قبضہ سے نکل گئے۔ یہ لوگ نہ ہم کو عاجز کر سکیں گے نہ تم کو۔ عنقریب اور جہاد ہونگے۔ یہ یا تو تمہارے ہاتھوں مارے جائیں گے یا قید ہونگے یا مسلمان ہو جائیں گے۔ خیال رکھو کہ تم بیرونی اور اندرونی دشمنوں میں گھرے ہوئے ہو لہٰذا ہر وقت کفار کے مقابلہ کے لیے تیار رہو جو کچھ ہو سکے مدافعانہ۔ جارحانہ جنگ کے اسباب آلات جمع کرو۔ ان کے استعمال کا طریقہ سیکھو۔ اعلیٰ درجہ کے گھوڑوں کی چھاؤنیاں تیار رکھو۔ وقتاً فوقتاً ان کی مشقیں کرتے رہو اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ اس سے تمہارے کھلے دشمنوں کفار مکہ وغیرہ کے دلوں میں بھی تمہارا رعب قائم ہوگا اور تمہارے چھپے دشمنوں کے دلوں میں بھی جیسے مدینہ منورہ کے یہود و منافقین وغیرہم جن کی دشمنی کی تم کو خبر نہیں انہیں اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ یہ خیال رکھو کہ تم لوگ جو کچھ بھی راہ خدا جہاد وغیرہ میں خرچ کرو گے تم کو اس کا عوض پورا پورا دیا جاوے گا۔ کچھ کمی نہ کی جاوے گی تو ایسے نفع بخش سودے میں سستی نہ کرو

**تیاری جہاد** اللہ کی راہ میں کفار سے لڑنے کو جہاد کہتے ہیں اور جنگ کرنے والے کو غازی مجاہد اور جہاد کی تیاری کرنے کو رباط کہتے ہیں۔ اور تیاری کرنے والے کو مرابط۔ جیسے اسلام میں جہاد بڑی اہم عبادت ہے اور مجاہد اوّل درجہ کا عابد۔ یوں ہی تیاری جہاد بڑی اعلیٰ عبادت ہے اور مرابط اول درجہ کا عابد ہے حتیٰ کہ حساب قبر نہ مجاہد غازی اور شہدا سے ہوا اور نہ مرابط فی سبیل اللہ سے قرآن و حدیث میں رباط اور مرابط کے بڑے فضائل وارد ہوئے ہیں۔ چنانچہ مسلم شریف میں بروایت عقبہ ابن عامر مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عنقریب روم فتح کر لوگے مگر تیراندازی سے غافل نہ ہو جانا۔ اسی مسلم میں انہیں عقبہ ابن عامر سے مروی ہے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو تیراندازی سیکھے پھر اسے چھوڑ دے تو وہ ہم میں سے نہیں۔ ابوداؤد شریف میں انہیں عقبہ ابن عامر سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک تیر کی برکت سے اللہ تین شخصوں کو جنت دے گا۔ نیت خیر سے تیر بنانے والا۔ تیر چلانے والا۔ اسے مدد دینے والا۔ لہٰذا تیراندازی اور گھوڑ سواری کرو۔ مجھے گھوڑا سواری سے تیراندازی زیادہ پسند ہے مسلم بخاری میں عروہ ابن جعد بارقی سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گھوڑے کی پیشانی کے بالوں سے تا روز قیامت خیر بندھی ہوئی ہے۔ ثواب اور غنیمت بخاری میں بروایت ابوہریرہ ہے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو نیت خیر سے گھوڑا پالے تو قیامت کے دن گھوڑے کی لید پیشاب اس کی نیکیوں کے پلے میں ہوں گے۔ بلکہ مسلم بخاری میں

marfat.com

انہیں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ غازی کا گھوڑا اگر رسی توڑ کر بھاگ جائے پہاڑی پر چڑھ جائے تو اس کے نشان قدم تک غازی کے نیکیوں کے پلے میں ہوں گے (خازن) اللہ تعالیٰ نے غازی کے گھوڑوں کی ٹاپ سے جو آواز نکلتی ہے اس کے ناخن کی پتھروں کی رگڑ سے جو شعلہ نکلتا ہے ان گھوڑوں کی ہانپ ان کی رفتار کی قسم ارشاد فرمائی ہے کہ فرمایا وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا موسیٰ علیہ السلام نے خضر سے پوچھا کہ تم کو کون سے جانور پسند ہیں فرمایا گھوڑا۔ گدھا۔ اور اونٹ۔ گھوڑا اولوالعزم پیغمبروں کی سواری رہا ہے۔ اونٹ حضرت ہود۔ صالح۔ شعیب اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری ہے۔ گدھا حضرت عیسےٰ اور عزیر علیہما السلام کی سواری ہے۔ اس کو بعد موت زندہ فرمایا گیا اِلٰى لِعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا الخ جس گھر میں غازی کا گھوڑا اس کے جنگی ہتھیار ہوں اس میں جنات نہیں آتے (روح البیان)

**فائدے**۔ ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ جو بیمار اچھا ہو جائے یا آفت زدہ آفت سے نکل جاوے وہ اپنے کو اللہ کی پکڑ سے باہر نہ جانے۔ جسے چھوڑنا آتا ہے اسے دوبارہ پکڑنا بھی آتا ہے۔ یہ فائدہ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ سے حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا خوف ہر حال میں چاہیئے **دوسرا فائدہ**۔ جن مسلمانوں کو جہاد کی طاقت ہے انہیں جہاد کی تیاری کرنا ضروری ہے یہ فائدہ واعدوا صیغہ امر فرمانے سے حاصل ہوا امر وجوب کے لیے ہے مسئلہ عبادت کی تیاری بھی عبادت ہے جس درجہ کی عبادت اسی درجہ کی اس کی تیاری ادا فرض کی تیاری فرض ہے اور واجب کی تیاری واجب سنت کی تیاری سنت۔ جمعہ کی تیاری اس کی رکاوٹیں دور کرنا اسی پر فرض ہے جس پر جمعہ کی نماز فرض ہے۔ رب فرماتا ہے۔ اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ **مسئلہ**۔ یوں ہی حرام کام کی تیاری بھی حرام ہے۔ چوری کے لیے سفر کرنا چوری کا سامان جمع کرنا حرام ہے۔ کیونکہ ذریعہ حرام ہے **تیسرا فائدہ** تیاری جہاد ہر زمانہ کے لحاظ سے مختلف ہے جس نوعیت کا جہاد اسی نوعیت کی تیاری یہ فائدہ مَا اسْتَطَعْتُمْ سے اور قوۃ ورباط خیل کے مطلق فرمانے سے حاصل ہوا۔ اس زمانہ میں جہاد کے گھوڑے دوڑانہ تیر اندازی نیزہ بازی سیکھنا ضروری تھا۔ کہ جہاد انہیں چیزوں سے ہوتا ہے۔ مگر اب بندوق کا نشانہ بازی توپ چلانا۔ ہوا بازی راکٹ اندازی بم برسانے وغیرہ کی مشق تیاری جہاد ہے۔ کہ اب جہاد انہیں چیزوں سے ہوتا ہے۔ یہ فرمان عالی ان سب کو شامل ہے **چوتھا فائدہ** مربی کفار کو ڈرانا دھمکانہ۔ انہیں اپنی فضیلت دکھانا۔ ان سے ہمت و بہادری کی باتیں کرنا سب کچھ جائز بلکہ عبادت ہے یہ فائدہ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ الخ سے حاصل ہوا۔ حتیٰ کہ مجاہد غازی کے بحالت جہاد خضاب لگانا جائز ہے تاکہ دشمن اسے بوڑھا نہ سمجھے۔ اس کے دل میں اس کا رعب بیٹھ جاوے ویسے ہر حال میں خضاب ممنوع ہے دشمن کے سامنے اکڑ کر چلنا بہادری کی باتیں کرنا بھی ثواب ہے کہ اس سے اس کے دل میں رعب

marfat.com

بیٹھے کہ حضور انور نے عمرہ قضاء میں طواف کے تین چکروں میں رمل کا حکم دیا۔ یعنی اکڑ کر پہلوانوں کی طرح چلنا جواب تک قائم ہے یہ ہے تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ کی جیتی جاگتی تفسیر۔ زندہ جاوید پانچواں فائدہ اس کے برعکس مسلمان بھائی کو ڈرانا دھمکانا۔ بلاوجہ اس پر رعب جمانا ممنوع ہے۔ مسلمانوں سے میل محبت رکھنا ان کی دل جوئی کرنا ثواب ہے یہ فائدہ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ فرمانے سے حاصل ہوا۔ مومنین آپس میں بھائی ہیں دشمن نہیں اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ **چھٹا فائدہ**۔ اللہ کے مقبول بندوں کا دشمن اللہ کا دشمن ہے یہ فائدہ عدو اللہ فرمانے سے حاصل ہوا کہ کفار عرب اللہ کے دشمن نہ تھے اس کی تو وہ عبادت کرتے تھے۔ دشمن تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے۔ انہیں رب نے عَدُوَّ اللّٰهِ یعنی اپنا دشمن فرمایا۔ شعر

چوں شدی دور از حضور اولیاء آں چناں داں دور گشتی از خدا

اس کے برعکس متبولوں کا دوست خدا کا دوست ہے شعر: برکہ خواند بم نشینی با خدا او نشیند در حضور اولیا

**ساتواں فائدہ** کھلے کافروں کی علانیہ دشمنوں کی طرح چھپے کافروں خفیہ دشمنوں سے بھی محتاط رہنا انہیں ڈرانا دھمکانا ضروری ہے ان کے دلوں میں بھی مسلمانوں کا رعب ضرور چاہئے یہ فائدہ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اس سے مراد منافقین مدینہ ہوں

**آٹھواں فائدہ**۔ تیاری جہاد سے کافر جن بھی ڈرتے ہیں ایسے گھروندے نہیں جانتے جہاں آلات جہاد ہوں یہ فائدہ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ کی دوسری تفسیر سے حاصل۔ جبکہ اس سے مراد کافر جنات ہوں۔

**نواں فائدہ**۔ جہاد اور تیاری جہاد میں خرچ کرنا اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ہے جہاد بھی فی سبیل اللہ ہے۔ یہ فائدہ وَمَا تُنْفِقُوْا (الخ) سے حاصل ہوا **دسواں فائدہ**۔ اللہ کی راہ میں خیرات کرنے سے مال کم نہیں ہوتا بلکہ بڑھتا ہے یہ فائدہ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ سے حاصل ہوا۔ رب تعالیٰ اس کی توفیق دے۔ خصوصاً غازی کے مال میں تو بہت برکتیں ہوتی ہیں۔ حضرات صحابہ کرام غزوات اور جہادوں کی برکتوں سے امیر و کبیر بن گئے اسکے لیے بخاری شریف حدیث زبیر کا مطالعہ کرو۔

**اعتراضات**۔ پہلا اعتراض۔ حدیث میں ہے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اَلْقُوَّةُ هِيَ الرَّمْيُ یہ عبارت حصر کی مفید ہے یعنی قوت صرف تیر اندازی ہے جس سے معلوم ہوا کہ مسلمان غازیوں کو صرف تیر اندازی ہی کرنا چاہیئے۔ اور کوئی سامان جنگ استعمال نہ کرنا چاہیئے۔ پھر موجودہ زمانہ میں جہاد کیونکر ہو سکتے ہیں جواب۔ اس اعتراض کے تین جواب ہیں۔ ایک یہ کہ حضور انور کا وہ ارشاد عالی اسی زمانہ کے لحاظ سے تھا۔ کہ اس وقت جنگ تیر سے ہی عموماً ہوتی تھی اور تیر اندازی میں نشانہ بازی بڑی کمال تھا۔ دوسرے یہ کہ وہاں حصر ایسا ہی ہے جیسے لَا حَجَّ اِلَّا فِي (الخ) میں ہے یعنی حج صرف

marfat.com

وقوف عرفات ہے یعنی حج کا رکن اعلیٰ وقوف ہے۔ ایسے ہی اس وقت جہاد کا رکن اعلیٰ تیر اندازی ہی تھا تیسرے یہ کہ رمی کے معنی اس حدیث میں صرف پھینکنا یعنی قوت کا مدار اس پر ہے کہ غازی کفار پر پھینک کر مارے جانیوالے ہتھیاروں کا استعمال سیکھیں۔ کیونکہ دست بدست جنگ تلوار و نیزہ سے گاہے یہ گاہے کرنا پڑتی ہے عموماً جنگ دور سے ہوتی ہے۔ آج بھی بم راکٹ وغیرہ پھینک کر ہی مارے جاتے ہیں

دوسرا اعتراض۔ ہماری تیاری جہاد سے کفار کو خوف کیسے ہوگا۔ ہم اپنے ملک میں تیاری کریں گے کفار اپنے میں رہیں گے۔ انہیں اس کا پتہ ہی نہ چلے گا۔ پھر یہ آیت کیونکر درست ہوئی تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ جواب۔ ہر ملک میں دوسرے ملک کے جاسوس رہتے ہیں جو یہاں کی خبریں وہاں پہنچاتے رہتے ہیں۔ ان کے ذریعہ خبریں ضرور پہنچتی ہیں اور آج کل تو سیارے چھوڑ کر بموں کے ازمائشی دھماکے کر کے ایک جگہ کی خبر تمام دنیا میں پہنچا دی جاتی ہے۔ لہٰذا یہ فرمان عالی درست ہے۔ تیسرا اعتراض۔ یہاں ارشاد ہے آخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ اگر ان سے منافقین مراد ہوں تو یہ فرمان کیونکر درست ہوا۔ ہماری تیاری جہاد سے منافقین کیوں ڈریں گے ان سے تو ہماری جنگ ہوگی ہی نہیں۔ جواب۔ منافقین اور کفار ہماری کمزوری دیکھ کر دل قوی ہونگے اور کفار سے اپنے تعلقات قائم کر کے ان سے ہم پر حملہ کرانے کی کوشش کریں گے۔ مگر جب ہمارا مرکز مضبوط ہماری فوجی طاقت بہت ہوگی تو ان کو یہ حرکات کرنے کی جرأت نہ ہوگی۔ اور ممکن ہے ہمارا رعب انہیں مخلص مسلمان بنا دے ان باتوں کا مشاہدہ ہم کو آج ہو رہا ہے سلطنت کی کمزوری مرکز کا ضعف خارجی اور داخلی دونوں دشمنوں کو دلیر کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت مسلمانوں کا رعب ہے دشمن کے دل میں۔ رب فرماتا ہے سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ الخ چوتھا اعتراض۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان منافقین کو نہیں پہنچانتے تھے ان سے بے خبر تھے دیکھو فرمایا گیا لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ پھر تم لوگ حضور انور کے لیئے غیب کیسے مانتے ہو جواب۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ آج تم کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ عبداللہ بن ابی منافق تھا اور اس کا بیٹا مخلص مومن تم نے حضور انور کے بتانے سے ہی تو جانا۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ اس خطاب میں نہ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہیں نہ خاص صحابہ بلکہ عام مومنین سے خطاب ہے جو ان کی چکنی چپڑی باتیں سن کر دھوکا کھا جاتے تھے۔ اس کی مکمل بحث ہماری کتاب جاء الحق حصہ اول میں ملاحظہ کرو۔ تمام عالم کے ایمان کی نبض پر حضور انور کا ہاتھ شریف ہے۔

تفسیر صوفیانہ۔ جہاد دو قسم کا ہے۔ جہاد کفار دوسرا جہاد نفس ناہنجار۔ جہاد کفار تو کسی خوش نصیب کو میسر ہوتا ہے وہ بھی کبھی کبھی مگر جہاد نفس ناہنجار ہر مومن کو ہر وقت میسر ہے جہاد کفار کی تیاری ظاہری تیر و

marfat.com

تفنگ سے ہے مگر جہاد نفس کے لیے دو قسم کے تیر و کمان تیار کرو۔ ایک نالۂ سحر گاہی جو عجز و انکسار کے کمان سے نکلے۔ نالہ و فریاد کا تیر نفس امارہ کو زیر کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ دوسرے نفسانی خواہشات کو دل سے نکالنا اور توجہ ذوالجلال کی طرف کرنا دل کو دنیا سے خالی کرنا دین سے پر کرنا۔ جہاد نفس کے لیے اعلیٰ درجہ کی تیاری ہے۔ حافظ شیرازی کہتے ہیں۔

نیست بر لوح دلم جز الف قامت دوست چہ کنم حرف دگر یاد نہ داد استادم

باطنی مجاہد والے کا ذکر و شغل میں مشغول رہنا یہ اس کے لیے قوت جہاد جمع کرنا ہے اس آلہ سے شیطان اور نفس امارہ دونوں ہی ڈرتے ہیں یہ وہ ہتھیار ہے جو کفار کو میسر نہیں۔ یہ وہ ہتھیار ہے جو کارخانہ نبوی میں تیار ہوتا ہے ثابت قدمی اور ذکر اللہ کی کثرت مومن کا بڑا بھاری ہتھیار ہے رب تعالیٰ فرماتا ہے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَۃً فَاثْبُتُوْا وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا لَّعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ جو کوئی اللہ کے لیے دنیا بگاڑے تو رب تعالیٰ اسے دنیا اور زیادہ عطا فرماتا ہے (از روح البیان مع زیادہ)

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

اور اگر مائل ہوں وہ جانب صلح کے تو مائل ہو تم طرف اس کے اور توکل کرو اللہ پر تحقیق وہ سننے والا

اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو تم بھی جھکو اور اللہ پر بھروسہ رکھو بیشک وہی ہے سنتا

الْعَلِيْمُ ۝۶۱ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۭ هُوَ

جاننے والا ہے اور اگر ارادہ کریں وہ یہ کہ دھوکا دیں آپ کو پس تحقیق کافی ہے تمہیں اللہ وہ ذات

جانتا اور اگر وہ تمہیں فریب دیا چاہیں گے تو بے شک اللہ تمہیں کافی ہے وہی ہے

الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝۶۲ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ

ہے جس نے قوت دی تم کو اپنی مدد سے اور مسلمانوں سے اور الفت ڈال دی اس نے درمیان دلوں کے

جس نے تمہیں زور دیا اپنی مدد کا اور مسلمانوں کا اور ان کے دلوں میں میل کر دیا اگر تم زمین

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ

ان کے اگر خرچ کرتے تم وہ جو زمین میں ہے سارا کا سارا تو نہ الفت ڈالتے تم درمیان دلوں کے ان کے اور

میں جو کچھ ہے سب خرچ کر دیتے ان کے دل نہ ملا سکتے لیکن اللہ نے

لٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۶۳

لیکن اللہ نے الفت ڈال دی درمیان ان کے۔ بیشک وہ غالب حکمت والا ہے

ان کے دل ملا دیے۔ بیشک وہ ہی غالب حکمت والا

تعلق۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق۔ پچھلی آیات میں مسلمانوں کو

marfat.com

تیاری جہاد اور اپنے میں قوت پیدا کرنے کا حکم دیا گیا۔ اب اس کے انجام کا ذکر ہے یعنی کفار کا مرعوب ہو کر مسلمانوں سے صلح کی درخواست کرنا۔ یہاں اس کے احکام بیان ہو رہے ہیں۔ **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں کفار سے جنگ اور اس کی تیاری کا ذکر ہوا اب صلح اور اس پر آمادگی کا تذکرہ ہے گویا ایک قسم کے جہاد کے بعد دوسرے قسم کے جہاد کا ذکر ہے۔ **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ہنگامی حالات میں تیاری جہاد کا ذکر ہوا اب بحالت صلح اللہ تعالیٰ پر توکل اور جہاد سے غافل نہ ہونے کا حکم دیا جا رہا ہے۔ **چوتھا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ایک قسم کی تیاری جہاد کا حکم دیا گیا۔ یعنی اپنے میں قوت پیدا کرنا۔ اب دوسری قسم کا حکم ہے یعنی مسلمانوں کا آپس میں متفق رہنا آپس کے جھگڑے فساد سے بچنا۔

**نزول**۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ آیات یہود مدینہ بنی قریظہ کے متعلق نازل ہوئیں۔ جنہوں نے بارہا حضور انور سے صلح کی اور توڑی جیسا کہ پچھلی آیات میں عرض کیا گیا (تفسیر صاوی۔ روح المعانی۔ تفسیر خازن۔ کبیر وغیرہ) یہ ہی قول مجاہد اور امام سدی کا ہے مگر قوی یہ ہے کہ یہ آیات کفار کی کسی خاص قوم کے متعلق نہیں بلکہ عام کفار کے متعلق ہیں تا قیامت۔ خیال رہے کہ مشرکین عرب سے جزیہ نہیں لیا جاتا۔ ان کے لیے اسلام یا تلوار ہے مگر صلح اور امان کا معاہدہ ان سے بھی درست ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ میں مشرکین مکہ سے دس سال کیلیے صلح فرمائی۔ لہٰذا یہ آیات منسوخ نہیں بلکہ محکم ہیں۔ سلطان الاسلام اگر مناسب جانے تو اب بھی کفار و مشرکین سے صلح اور جنگ نہ کرنے کا معاہدہ کر سکتا ہے (صاوی وغیرہ) تفسیر۔ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا

یہ جملہ نیا ہے جس میں ایک نیا حکم دیا جا رہا ہے یعنی صلح کا۔ لہٰذا اس کا واؤ ابتدائیہ ہے **جُنُوْحٌ** سے بمعنی مائل ہونا جھکنا اس لیئے پرندے کے پَر کو جَناح کہتے ہیں کہ وہ پَر کے ذریعہ اڑتے ہوئے زمین کی طرف جھکتا ہے اس کا فاعل وہ ہی کفار ہیں جن کے مقابلہ میں تیاری جہاد کا حکم دیا گیا تھا۔ فاجنح میں خطاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے یا تا قیامت غازی مسلمان سے یا سلطان اسلام سے۔ **سلم** بمعنی صلح ہے۔ لفظ صلح اگرچہ مذکر ہے مگر سلم مونث اس لیے لہا میں ضمیر مونث اسی کے لیے لائی گئی ایک شاعر کہتا ہے۔

اَلسِّلْمُ تَاْخُذُ مِنْهَا مَا رَضِيْتَ بِهٖ وَالْحَرْبُ تَكْفِيْكَ مِنْ اَنْفَاسِهَا جُرَعٌ

دیکھو شاعر نے منہا کہہ مونث ضمیر سلم کی طرف لوٹائی۔ خیال رہے کہ فاجنح میں امر وجوب کے لیئے نہیں بلکہ صرف مباح کرنے کے لیئے ہے لہٰذا کفار سے صلح واجب نہیں مباح ہے وہ بھی جبکہ اس میں مسلمانوں کا نفع ہو۔ مرتدین سے صلح جائز نہ جزیہ۔ ان کے متعلق صرف دو ہی چیزیں ہیں قتل یا اسلام۔ رب فرماتا ہے تُقَاتِلُوْنَهُمْ اور يُسْلِمُوْنَ حضرت علی نے خوارج سے صلح نہ کی بلکہ جنگ کی۔ آپ نے روافض کو زندہ آگ میں جلایا۔ دیکھو مشکوٰۃ شریف باب قتل اہل الردہ۔ حضرت ابوبکر صدیق نے منکرین زکوٰۃ اور مسیلمہ کذاب کے

marfat.com

معتقدین سے صلح کی گفتگو نہ کی بلکہ ان سے بے تامل جہاد کیا۔ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ یہ عبارت معطوف ہے فاجنح پر اور جزاء ہے ان جنحوا لخ کی۔ مقصد یہ ہے کہ آپ کفار سے ایسی حالت صلح کریں اور ان کے مکر و فریب کا خطرہ دل میں نہ لائیں۔ اللہ پر بھروسہ کریں۔ اللہ آپ کو ان کے فریب سے بچائے گا۔ کیوں کہ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ یہ فرمانِ عالی توکل علی اللہ کی وجہ بیان فرما رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر بات کا سننے والا ہے ہر کھلی چھپی چیز کا جاننے والا۔ وہ کفار کے آپس کے مشوروں کو سنتا ہے ان کی نیتوں ارادوں کو جانتا ہے اگر وہ آپ کے خلاف مشورہ یا ارادے کریں گے تو ان کے ارادے انہیں پر ڈال دے گا۔ آپ پر آنچ نہ آنے دے گا رب تعالیٰ نے اپنے وعدے پورے فرما دیئے جیسا کہ تواریخ شاہد ہیں اس کا بیان یہ ہے وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ یہ عبارت نیا جملہ ہے جس میں اَلسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ کا بیان ہے يُرِيْدُوْا کا فاعل وہ ہی صلح جو کفار ہیں جن کا ذکر ہو رہا ہے يَخْدَعُوْكَ بنا ہے خِدَاعٌ سے اس کی تحقیق پہلے پارہ میں يُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ کی تفسیر میں ہو چکی ہے ان یریدوا کی جزا پوشیدہ ہے اس کی علت ہے حَسْبُكَ اللّٰهُ لہٰذا اس میں ف تعلیلیہ ہے حسب صفت مشبہ ہے بمعنی اسم فاعل اور یہ مضاف ہے کاف خطاب کی طرف لہٰذا کاف مفعول مضاف الیہ ہے ایک شاعر کہتا ہے اِنِّیْ وَجَدْتُ مِنَ الْمَكَارِمِ حَسْبُكُمْ۔ اَنْ تَلْبَسُوْا حُلَلَ الثِّيَابِ وَتَشْبَعُوْا۔ بہرحال اس کے معنی ہیں فَحَسْبُكَ كَافِيْكَ مِنْ شَرِّهِمْ وَنَاصِرُكَ عَلَيْهِمْ تفسیر روح البیان نے فرمایا کہ اس حَسْبُكَ کا معنی یہ ہیں کہ تم کو اتنا دے گا۔ اتنا دے گا کہ تم کہو گے حسبی حسبی بس بس مجھے کافی ہے کافی ہے فرمایا کہ بہرحال یہ فرمان عالی بہت ہی ہمت افزا ہے۔ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ۔

اس فرمان عالی میں ثبوت ہے حسبک اللہ کا۔ اس میں ھو سے مراد ذات باری تعالیٰ ہے اور الذی سے مراد صفت باری تعالیٰ۔ ایدک بنا ہے تائید سے جس کا مادہ ید ہے بمعنی قوت و طاقت بِنَصْرِهٖ میں ب مدد یعنی استعانتہ کی ہے۔ نصر سے مراد رب کی غیبی مدد جو وقتاً فوقتاً خصوصاً بدر خندق وغیرہ نازک موقعوں پر نازل ہوئی۔ بدر میں فرشتوں کا نزول خندق میں فرشتوں اور تیز آندھی کے ذریعہ مسلمانوں کی فتح۔ مومنین سے مراد یا تو سارے صحابہ ہیں یا غازیان بدر یا غازیان خندق و حنین یا انصار ہیں کہ رب تعالیٰ ان کے ذریعہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد فرماتا رہا۔ یعنی آپ کو کافی ہے اللہ تعالیٰ اس کا ثبوت گذشتہ واقعات ہیں۔ جس رب نے آپ کی ایسے نازک موقعوں پر مدد فرمائی کیا وہ آئندہ آپ کی مدد نہ کریگا۔ ضرور کرے گا لہٰذا اس پر توکل کریں وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ یہ عبارت معطوف ہے اَيَّدَكَ پر اور اَلَّذِیْ کا صلہ واؤ عاطفہ ہے اَلَّفَ بنا ہے تَالِيْفٌ سے جس کا مادہ اُلْفٌ ہے یا اُلْفَةٌ۔ اُلْفٌ کے معنی ہیں جمع کرنا۔ اس سے مالوف الفت کے معنی ہیں محبت ہم سے مراد یا تو سارے عرب والے ہیں یا حضرات انصار یعنی اوس و خزرج

marfat.com

عرب کی آپس کی عداوتوں اور سختی دل کا یہ حال تھا۔ کہ وہ قبیلوں خاندانوں میں بٹے ہوئے تھے۔ اگر ایک قبیلہ کا آدمی دوسرے قبیلہ کے بچے کو طمانچہ مار دیتا تو دونوں قبیلے تیر تلواروں سے آراستہ ہو کر مقابلہ میں آجاتے اور بہت خونریز جنگ ہوتی جو صدیوں باقی رہتی۔ مدینہ کے انصار اوس اور خزرج میں ایک سو بیس سال سخت جنگ رہی ان کے ملنے کی کوئی امید ہی نہ تھی۔ درود ہو اس ذات کریم پر جس ایک نے ان سب کو ایک کر دیا ایسا ایک کہ وہ لوگ چند جسم اور ایک دل بلکہ ایک جان بن گئے۔ شعر

بد خلق جو تھے وہ نیک ہوئے لڑتے تھے ہمیشہ وہ ایک ہوئے
جھگڑے تو نے آکر میٹ دیئے تری فہم و ذکاء کا کیا کہنا

حضور انور کے اس معجزہ کا یہاں ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعہ ان کے دلوں کو ایک کر دیا یہ ہے اس کی مہربانی لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ۔ اس فرمان عالی میں انصار بلکہ تمام اہل عرب کی انتہائی عداوتوں کا ذکر ہے کہ ان کی آپس کی دشمنیاں اس حد تک پہنچ چکی تھیں نہ اے محبوب اگر آپ سارے ظاہری اسباب دنیا کی ساری دولتیں صرف کر کے انہیں ملانا چاہتے تو یہ نہ ملتے۔ یہ تو ہماری رحمت آپ کا معجزہ ہوا کہ چند روز میں یہ سب مل کر شیر و شکر ہو گئے۔ یہ سب کچھ غیبی ہاتھ سے ہوا۔ یہاں ظاہری اسباب منقطع تھے وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اس فرمانِ عالی میں بَیْنَهُمْ فرمایا بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ نہ فرمایا جس میں اشارۃً فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے صرف ان کے دل ہی نہ ملائے بلکہ قلب۔ قالب روح سب کچھ ملا دیئے پھر صرف چند روز کے لیے عارضی طور پر نہ ملائے بلکہ دنیا و آخرت میں ملا دیئے کہ اب یہ جدا نہیں ہو سکتے۔ اس سے پتہ چلا کہ صحابہ میں عداوت نہ تھی انہ عزیز حکیم اللہ تعالیٰ غالب بھی ہے کوئی چیز اسے عاجز نہیں کر سکتی۔ سب اس کے حضور عاجز ہیں تمام کے دل اس کے قبضہ و قدرت میں ہیں وہ حکمت والا بھی ہے کہ اس نے ملک عرب کو بدترحال پہنچنے کے بعد آپ کے ذریعہ ترقی کی اعلیٰ منزل پر بھیج دیا جس سے آپ کی عظمت کا پتہ چلے اس میں یہ حکمت تھی۔ غرضکہ فصل کے بعد وصل کے اس واقعہ سے اللہ کی قدرت حضور کی عظمت دونوں کا پتہ چلا ؤ اور حمد و نعت کے گیت گاؤ

**خلاصۂ تفسیر** اگر کفار تمہاری جنگی تیاری دیکھ کر مرعوب ہو جائیں اور صلح کی طرف جھکیں تم سے صلح کرنی چاہیں تو تم کو بھی اجازت ہے کہ ان کی صلح کی طرف جھکو اور ان سے صلح کرو۔ یہ نہ سوچنا کہ شاید ان کے دل میں دغا ہے فریب کے لیے صلح کر رہے ہیں آگے چل کر دھوکا دیں گے۔ اللہ پر بھروسہ کرو رب تعالیٰ ان کی سرگوشیاں سنتا ان کے دلی ارادے جانتا ہے وہ تم کو ان کے شر سے بچائے گا۔ اگر یہ لوگ تم کو دھوکا دینا چاہیں تو بھی تمہارا کچھ بگاڑ نہ سکیں گے کیونکہ تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہے

marfat.com

اے محبوب اللہ تعالیٰ وہ ہی قدرت والا ہے جس نے بدر و حنین وغیرہ نازک ترین موقعوں پر تمہاری غیبی امداد بھی کی اور مومنوں کے ذریعہ ظاہری مدد فرمائی۔ جو مومن اب آپ کی خدمت پر متفق ہیں ان کے دل اللہ تعالیٰ ہی نے جوڑ دیئے ہیں۔ غور کرو کہ ان کی آپس میں کیسی عداوتیں تھیں۔ ان میں صدیوں سے جنگ چلی آرہی تھی۔ بات بات پر کٹنے مرنے رہتے تھے اگر آپ سارے ظاہری اسباب جمع فرما دیتے دنیا کی ساری دولت خرچ کر دیتے انہیں ملانے کے لیے تب بھی ان کے دل جمع نہ ہوتے یہ تو اللہ کی قدرت آپ کا معجزہ ہوا کہ رب نے آپ کے ذریعہ ان سب کو ایک دل جان کر دیا۔ ثابت ہوا کہ رب تعالیٰ سب پر غالب ہے سب کے دل اس کے قبضہ و قدرت میں ہیں حکمت والا بھی ہے۔ عرصہ تک اس نے عرب میں نبی نہ بھیجے جس سے یہ ملک انتہائی بدترین حالت کو پہنچ گیا پھر آپ کے ذریعہ آن کی آن میں ان کی کایا پلٹ دی۔ اس میں اس نے اپنی قدرت آپ کی عظمت ظاہر فرما دی۔

**فائدے**۔ ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ کفار سے صلح کرنا۔ ان سے جنگ نہ کرنے کا معاہدہ کرنا جائز ہے جبکہ اس میں مسلمانوں کا نفع ہو۔ کفار خواہ عرب کے مشرک ہوں یا وہاں کے اہل کتاب یا عجم کے۔ یہ فائدہ اِنْ جَنَحُوْا کے مطلق فرمانے اور فَاجْنَحْ لَہَا کی اجازت سے حاصل ہوا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں مشرکین مکہ سے صلح فرمائی بعض حضرات کا خیال ہے کہ مشرکین عرب سے صلح جائز نہیں کیونکہ ان سے جزیہ لینا جائز نہیں یہ قول قوی نہیں۔ ہاں مشرکین عرب سے صلح علی المال یعنی جزیہ پر درست نہیں لہٰذا یہ آیت منسوخ نہیں بلکہ محکم ہے حضرت مجاہد اور ابن عباس نے اسے منسوخ مانا دیکھو تفسیر روح البیان (**مسئلہ**) بہتر یہ ہے کہ سلطان اسلام کفار سے جنگ بندی کا معاہدہ دس سال سے زیادہ کا نہ کرے دس سال یا اس سے کم کا کرے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں مشرکین عرب سے دس سال کی جنگ بندی پر صلح فرمائی تھی جو کفار نہ نبھا سکے (روح البیان۔ روح المعانی۔ تفسیر خازن) **دوسرا فائدہ**۔ بہتر یہ ہے کہ صلح کی درخواست کفار کریں اور مسلمان اسے قبول کریں بلا وجہ سلطان اسلام صلح کی درخواست نہ کرے یہ فائدہ اس شرط و جزا سے حاصل ہوا وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَہَا۔ اگر کفار صلح کی طرف جھکیں تو تم بھی جھک جاؤ۔ ضرورت کے احکام دوسرے ہیں۔ **تیسرا فائدہ**۔ زمانہ صلح میں کفار پر اعتماد نہ کرے بلکہ رب تعالیٰ پر بھروسہ کرے کفار سے ہوشیار رہے یہ فائدہ تَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ سے حاصل ہوا۔ **چھوتھا فائدہ**۔ مرتدین سے نہ صلح جائز ہے نہ جنگ بندی کا معاہدہ۔ ان سے صرف جنگ یا اسلام قبول ہوگا۔ یہ فائدہ وَاِنْ جَنَحُوْا کی ضمیر سے حاصل ہوا کہ وہ اصل کفار کی طرف ہے ہم ابھی تفسیر میں حضرت ابوبکر صدیق کا معاملہ مانعین زکوٰۃ اور مسیلمہ کذاب کو نبی ماننے والوں کے متعلق اور حضرت

marfat.com

علی کا معاملہ خوارج اور روافض کے متعلق عرض کر چکے۔ رب تعالیٰ مرتدین کے متعلق فرماتا ہے تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ پانچواں فائدہ۔ اگر ہم مومنین متقی بن کر رہیں تو انشاء اللہ کفار سے دھوکا نہ کھائیں رب تعالیٰ ہم کو ان کے فریب سے ضرور بچائے۔ یہ فائدہ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ سے حاصل ہوا یہ وعدہ اگرچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے مگر اس کا حصہ انشاء اللہ مومنوں کو بھی ملتا رہے گا۔ حضور فرماتے ہیں اِتَّقُوْا مِنْ فِرَاسَةِ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ رب فرماتا ہے تَتَّقُوْا **چھٹا فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ نے بدر و غیرہ نازک موقعوں پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو طرح مدد فرمائی ظاہری اور باطنی یعنی غیبی غیبی مدد تو فرشتوں کے ذریعہ اور ظاہری مدد مسلمانوں غازیوں کے ذریعہ یہ فائدہ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ سے حاصل ہوا **ساتواں فائدہ**۔ اللہ کے بندوں سے مدد لینا شرک نہیں نہ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ کے خلاف ہے بلکہ سنت انبیاء ہے یہ فائدہ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ سے حاصل ہوا کہ رب نے مومنوں کے ذریعہ حضور کی مدد کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ **آٹھواں فائدہ**۔ مسلمانوں کا اتفاق اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے اور ان میں آپس میں جنگ و نفاق رب کا عذاب ہے یہ فائدہ اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ سے حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب میں اتفاق دے۔ **نواں فائدہ** اللہ کے مقبول بندوں کے کام درحقیقت رب تعالیٰ کے ہیں یہ فائدہ بھی اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ سے حاصل ہوا۔ دیکھو اہل عرب خصوصاً انصار مدینہ اوس اور خزرج کے درمیان صلح و آشتی حضور انور کی مگر رب تعالیٰ نے فرمایا اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ اللہ نے ان کے دل ملا دیئے **دسواں فائدہ** دریا کا رخ پھیر دینا پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہٹا دینا آبادیوں کو ویرانہ میں اور ویرانوں کو آبادیوں میں تبدیل کر دینا آسان ہے مگر بگڑی قوم کا بنا دینا۔ بچھڑے کو ملا دینا بہت مشکل ہے یہ حضور انور کا خاص معجزہ ہے۔ اتنا بڑا کارنامہ حضور کے سوا کسی نے نہ کیا۔ یہ فائدہ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ الخ سے حاصل ہوا۔ **گیارہواں فائدہ**۔ صحابہ کرام آپس میں متفق تھے ان کے دل ملے ہوئے تھے ایک دوسرے کے دشمن نہ تھے یہ فائدہ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ سے حاصل ہوا ان کے دلوں میں ایک دوسرے سے عداوت کبھی نہ ہوئی۔ کیوں کہ ان آیات میں یہ تو فرمایا کہ اللہ نے ان میں آپس میں الفت ڈال دی۔ یہ نہ فرمایا کہ یہ الفت عارضی ہے عنقریب مٹ جائے گی۔ رب تعالیٰ ان کے شان میں فرماتا ہے اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ وَرُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ جو اُن میں دشمنی ثابت کرے وہ ان آیات کا منکر ہے۔ ان کی آپس میں جنگوں کے متعلق انشاء اللہ ہم اعتراض و جواب میں عرض کریں گے **بارہواں فائدہ**۔ سارے صحابہ سچے پکے مخلص متقی مومن ہیں ان میں کوئی کافر یا فاسق نہیں۔ انہیں رب تعالیٰ نے حضور انور کی مدد کے لیے چنا۔ رب نے ان کے متعلق فرمایا وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ جس سے معلوم ہوا کہ وہ مومن بھی ہیں اور اللہ کی مدد کا وسیلہ بھی دوسری جگہ فرمایا وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ تیسری جگہ ارشاد ہوا وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى دیکھو ہماری کتاب (امیر معاویہ)

marfat.com

**مسئلہ**۔ تمام صحابہ کرام کا مومن متقی۔ جنتی ہونا۔ تمام مسلمانوں سے افضل ہونا۔ ان کا معیار ایمان ہونا آیات قرآنیہ سے صراحۃً ثابت ہے ایمان تقوی کی آیات تو یہ ہیں جو ابھی عرض ہوئیں۔ رب فرماتا ہے۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا اے صحابہ جو تم جیسا ایمان لائیگا وہ ہدایت پر ہوگا۔ اور حضرت ابوبکر صدیق کا صحابی رسول ہونا۔ رسول اللہ کا ثانی۔ حضور کا جانشین اور خلیفہ اول ہونا۔ بعد رسل سب خلق سے افضل ہونا۔ بڑا وسیع القلب ہونا۔ رسول اللہ کا یار غار ہونا۔ یقینی جنتی ہونا۔ آپ کا صدیق ہونا۔ آپ کا رب سے راضی ہونا اور رب کا آپ سے راضی ہونا یہ سب کچھ قرآن کی صریح آیات سے ثابت ہے۔ اس کی تفصیل ہماری کتاب امیر معاویہ میں دیکھو۔ یہاں اجمالاً وہ آیات عرض کیے دیتے ہیں ع۱ ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اس میں آپ کا رسول اللہ کا ثانی یعنی خلیفہ ہونا رسول اللہ کا یار غار ہونا۔ حضور کا صحابی ہونا ثابت ہوا۔ خیال رہے کہ اول اور ثانی کے درمیان کوئی عدد نہیں تو رسول اللہ اور صدیق کے درمیان کوئی خلیفہ نہیں وہ بحکم قرآن ثانی ہیں۔ انہیں تیسرا کون کرے ع۲ وَلَا یَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اس آیت میں حضرت صدیق کا بعد رسل ساری خلق سے افضل ہونا اور وسیع القلب ہونا ثابت ہوا ع۳ وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ اس سے حضرت صدیق کا صدیق اور متقی ہونا ثابت ہے ع۴ وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰى اس آیت سے حضرت صدیق کا جنتی ہونا بعد انبیاء سب خلق سے بڑا متقی ہونا مخلص ہونا ثابت ہوا۔ حضرت ابوبکر صدیق کے فضائل کی آیات ہماری کتاب فہرست القرآن میں مطالعہ فرماؤ۔ آپ کے فضائل سے قرآن بھرا ہوا ہے۔ ہم نے کچھ اشعار آپ کی شان میں عرض کیے ہیں۔

سورۂ نور میں اُن کا ڈیرہ — اور دلیل پر اُن کا قبضہ
سورہ توبہ میں ان کا جلوہ — رضی اللہ تعالیٰ عنہ
سورۂ سجدہ میں تذکرے اُن کے — سورۂ فتح میں اُن کے چرچے
ان کا ثنا خواں خود رب تعالےٰ — رضی اللہ تعالےٰ عنہ
شان اُن کی حجرات سے پوچھو — بلکہ شہِ لولاک سے پوچھو
بعدِ نبی مخلوق سے اعلیٰ — رضی اللہ تعالیٰ عنہ

**پہلا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا اگر کفار صلح کی طرف مائل ہوں تو سلطان اسلام کو صلح کر لینا ضروری ہے کہ ارشاد ہوا فَاجْنَحْ لَهَا مگر بعض موقعوں پر صلح مسلمانوں کیلئے نقصان دہ ہوتی ہے۔

**جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا۔ کہ یہاں امر وجوب کے لیئے نہیں مباح فرمانے کے لیئے ہے۔

**دوسرا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ یہ عبارت مکرر ہے نصر میں اللہ کی مدد آگئی پھر

بالمومنین کیوں ارشاد ہوا۔ **جواب**۔ نصرۃ سے مراد ہے غیبی مدد جو فرشتوں کے ذریعہ ہوئی اور بالمومنین سے مراد ظاہری مدد جو مسلمانوں کے ذریعہ ہوئی ان دو لفظوں میں دو قسم کی مدد کا ذکر ہے۔ **تیسرا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ مومنین حضور کے مددگار ہیں اور تم کہتے ہو کہ حضور انور تمام عالم کے مددگار ہیں۔ جو سب کا مددگار ہو اسے دوسرے کی مدد کی کیا ضرورت ہے۔ **جواب**۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ رب تعالیٰ فرماتا ہے اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ اگر تم خدا کی مدد کرو گے تو خدا تمہاری مدد کرے گا۔ جب خدا تعالیٰ سب کا حامی ناصر ہے تو اسے بندوں کی مدد کی کیا ضرورت ہے۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ مدد دو طرح کی ہے کرم و مہربانی کی مدد دوسری خدمت گذاری اطاعت شعاری کی مدد۔ فوج بادشاہ کی مدد کرتی ہے خدمت کی مدد بادشاہ سپاہیوں کی مدد کرتا ہے مخدومیت اور کرم کی مدد۔ ماں باپ بچے کی مدد کرتے ہیں مہربانی کی پھر جوان بیٹا ماں باپ کی مدد کرتا ہے خادمانہ حیثیت سے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے کہ صَلُّوْا عَلَيْهِمْ اپنی امت کو دعائیں دو۔ یہ دعائیں اور نوعیت کی ہیں ہمکو حکم ہے صلوٰۃ علیہ اپنے نبی کو دعائیں دو یعنی درود شریف پڑھو یہ دعائیں اور نوعیت کی ہیں ماں باپ اولاد کی دعائیں تو وہ اور طرح کی دعا ہے بھکاری فقیر کو دعا دے بھیک لینے کیلیے وہ اور قسم کی دعا ہے **چوتھا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بچھڑوں کو ملانا بگڑی کو بنانا حضور انور کا کام نہیں رب کا کام ہے۔ فرمایا گیا کہ اگر آپ دنیا بھر کا مال خرچ کر دیتے تو بھی انہیں ملا نہیں سکتے تھے ہم نے ملا دیا۔ پھر تم اسے حضور انور کے کمالات سے کیوں شمار کرتے ہو۔ اور کیوں کہتے ہو۔ شعر

اس نے قطروں کو ملایا اور دریا کر دیا　　اس نے ذروں کو ملایا اور صحرا کر دیا

**جواب**۔ نبی کے معجزات رب تعالیٰ کی طرف سے ہوتے ہیں ان کا ظہور نبی کے ہاتھ پر ہوتا ہے سارے عرب کو ملا دینا ان کے بغض و عداوت دور کر دینا حضور انور کا شاندار معجزہ ہے جو رب کی طرف سے ہے حضور کے ہاتھ پر ظاہر ہوا اس آیت کا یہ ہی مقصد ہے کہ یہ کارنامہ دنیاوی اسباب سے نہیں ہوا بلکہ آپ نے معجزانہ طور پر کیا۔ اس میں حضور کی شان کا اظہار ہے۔ **پانچواں اعتراض**۔ تم نے اس آیت سے ثابت کیا کہ حضرات صحابہ آپس میں ایک دوسرے سے بغض و عداوت نہیں رکھتے تھے ان کے دلوں میں الفت تھی۔ مگر جیسا کہ صحابہ میں آپس میں بغض تھا اس کی مثال نہیں ملے گی۔ قتل عثمان۔ حضرت علی و امیر معاویہ اور عائشہ صدیقہ کی خونریز جنگیں اس کا ثبوت ہیں جن میں پچاس ہزار مسلمان دو طرفہ مارے گئے۔ محبت و الفت میں خونریز جنگ ہوتی ہے؟ بتاؤ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ کے کیا معنی ہیں (بعض بے دین) **جواب**۔ اس اعتراض کا تفصیلی جواب ہماری کتاب امیر معاویہ میں دیکھو۔ یہاں اجمالاً

marfat.com

اتنا سمجھ لو کہ جنگ وجدال کی تین وجہیں ہوتی ہیں۔ اختلافِ دین۔ عداوتِ نفسانی اور اختلافِ رائے یا کچھ غلط فہمیاں۔ حضرات صحابہ کی آپس کی لڑائیاں دین یا عداوت کی نہ تھیں صرف اختلاف رائے کی تھیں۔ یہ جنگ محبت والفت کے خلاف نہیں۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے یوسف علیہ السلام سے جو برتاؤ کیا حضرت سارہ زوجہ ابراہیم علیہ السلام نے جناب ہاجرہ و اسماعیل علیہ السلام سے جو برتاؤ کیا وہ سب کو معلوم ہے مگر اس کے باوجود وہ حضرات نہ دشمن بنی ہوئے نہ کافر کہ ان کے یہ عمل اختلاف رائے یا کچھ غلط فہمیاں پر مبنی تھے اس قسم کے اختلاف کے متعلق قرآن کریم فرماتا ہے وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو۔

**تفسیر صوفیانہ** ۔ دشمن سے صلح کی جاتی ہے اور دوست سے الفت و محبت۔ صلح جسمانی تعلق ہے اور الفت روحانی اور دلی تعلق۔ صلح عارضی چیز ہے الفت غیر فانی۔ دائمی چیز۔ دیکھو ان آیات میں کفار سے صلح کی اجازت دی گئی اور مومن کی آپس کی الفت کی خبر دی گئی۔ جس پر احسان جتایا گیا۔ الفت مودت اور موافقت میں فرق ہے یہاں الفت کا ذکر فرمایا گیا۔ مومنین آپس میں ایسے ہیں جیسے دو ہاتھ ہر ایک دوسرے کو دھوتا ہے اور اس کی مدد کرتا ہے۔ ہر مسلمان مسلمان سے فائدہ حاصل کرتا ہے اللہ کی بڑی نعمت اَلْحُبُّ فِی اللّٰهِ وَالْبُغْضُ لِلّٰهِ ہے یعنی اللہ کے لیے محبت کرنا اسی کے لیے عداوت کرنا۔ خیال رہے کہ الفت ایمان کا یہاں ذکر ہے یہ الفت چند طرح حاصل ہوتی ہے۔ صحبت یعنی مل بیٹھنے سے ایک دوسرے کی خیر خواہی سے، سنت رسول کی پیروی سے۔ اس لیے اسلام نے مسلمانوں کے آپس میں مل بیٹھنے کے بہت سے موقعہ فراہم کئے ہیں۔ پنجگانہ نمازوں میں محلہ والے جمعہ میں بستی والے عیدین میں علاقہ والے حج میں دنیا والے مسلمان مل بیٹھیں۔ ان کی الفتیں بڑھیں۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ بزرگوں کی صحبت اگر الفت کے ساتھ نصیب ہو تو بڑی رحمت ہے۔ اللہ والوں کو الفت و محبت سے دیکھنا بھی عبادت ہے کہ اس سے ان کے اخلاق حاصل ہوتے ہیں۔ ہمیشہ غمگینوں کو دیکھنا ان کے ساتھ رہنا انسان کو غمگین کر دیتا ہے یوں ہی مسرور اور خوشدل لوگوں کے ساتھ رہنا خوش دل بنا دیتا ہے۔ جس کا دیدار خوش کر دے اس کی گفتار بھی خوش کرے گی۔ شریر اونٹ سیدھے اونٹوں میں رہ کر سیدھا ہو جاتا ہے۔ ہوا پانی گندگی سے ملے تو گندی ہو جاتی ہے۔ اگر پھول سے تعلق رکھے تو مہک جاتی ہے۔ جب ان بے جان بے شعور چیزوں میں صحبت کا اثر ہو جاتا ہے تو انسان تو جان بھی رکھتا ہے اور شعور بھی۔ اچھوں سے الفت رکھ تو بھی اچھا ہو جاوے گا۔ بروں کی صحبت سے تنہائی اچھی اور تنہائی سے اچھی صحبت اچھی، عمل۔ جن دو شخصوں میں آپس میں دشمنی و عداوت ہو ان کی عداوت دور کرنے کے لیے هُوَ الَّذِیْ اَیَّدَكَ سے

marfat.com

اللہ عن یزحکیم تک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جاوے چند روز یہ عمل کیا جاوے، انشاء اللہ عداوت محبت میں تبدیل ہو جاوے گی مشائخ کا مجرب عمل ہے (روح البیان) بہتر یہ ہے کہ مٹی کے کورے پیالہ میں پانی لیا جاوے اور چالیس دن یہ عمل کرے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾

اے نبی کافی ہے آپ کو اللہ اور وہ جس نے پیروی کی آپ کی مومنوں میں سے

اے غیب کی خبریں دینے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے

**تعلق**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا اللہ پر توکل اور بھروسہ کرو۔ اب ارشاد ہے کہ بندوں سے مدد لینا بندوں کا کافی ہونا توکل علی اللہ کے خلاف نہیں گویا توکل علی اللہ کا ذکر پہلے ہوا توکل کی تفسیر اب ارشاد ہو رہی ہے۔ **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ اللہ آپ کو کافی ہے اب ارشاد ہے کہ اللہ بھی آپ کو کافی ہے اور مومنین خصوصاً حضرت عمر آپ کو کافی وافی ہیں اللہ تو حقیقۃً کافی ہے، حضرت عمر مجازاً بحکم پروردگار۔ کافی گویا کفایت کی ایک قسم کا ذکر پہلے ہوا۔ دونوں قسموں کا ذکر اب ہے۔ **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیت کریمہ میں ارشاد ہوا کہ ہم نے مومنوں کو ایک دل ایک جان شیر و شکر کر دیا۔ اب ارشاد ہے کہ ان سب کو متفق کرنا آپ کی خدمت کے لیے ہے گویا پہلے اتفاق کا ذکر تھا اور اب وجہ اتفاق کا تذکرہ ہے۔

**شان نزول حضرت عمر کا ایمان لانا** اسلام کا شروع دور ابھی تک صرف انتالیس شخص ایمان لائے ہیں تیتیس مرد اور چھ عورتیں۔ تین دن پہلے حضرت حمزہ ایمان لا چکے ہیں، کفار کا مسلمانوں پر ظلم و تشدد حد سے بڑھ چکا ہے بدھ کا دن ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ الٰہی اسلام کو قوت دے یا عمرو بن ہشام یعنی ابوجہل کے ذریعہ یا عمر ابن خطاب یعنی فاروق اعظم کے ذریعہ۔ حضور انور کی یہ دعا حضرت عمر کے حق میں قبول ہوئی اور آپ جمعرات کے دن یعنی اگلے ہی روز ایمان لے آئے اس وقت آپ کی عمر صرف چھبیس ۲۶ سال تھی۔ دیکھو تفسیر روح البیان یہ ہی مقام۔ آپ سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق اور جناب خدیجہ ایمان لا چکے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق کی تبلیغ سے زید بن حارثہ، عثمان بن عفان، زبیر بن عوام، عبدالرحمٰن بن عوف، متعہ ابن ابی وقاص، طلحہ ابن عبیداللہ ایمان لا چکے تھے۔ پھر ان کے بعد عامر ابن عبداللہ ابن جراح جنہیں ابوعبیدہ ابن جراح کہا جاتا ہے، ابوسلمہ عبداللہ بن اسد اور ارقم ابن ارقم، عثمان ابن مظعون معہ اپنے دو بھائیوں قدامہ و عبداللہ، عبیداللہ ابن حارث، سعید ابن

marfat.com

زید اور ان کی بیوی جناب فاطمہ بنت خطاب یعنی حضرت عمر کی بہن ایمان لائے (مواہب جلد اول ص۳۶)
خیال رہے کہ بی بی خدیجہ کے بعد پہلی بی بی جو ایمان لائیں وہ حضرت ام الفضل زوجہ حضرت عباس ہیں پھر حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق بعض نے حضرت عائشہ کہا مگر یہ غلط ہے کیونکہ حضرت عائشہ کی ولادت ایک قول میں نبوت کے چوتھے سال ہے (مواہب اول ص۶۴)۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام کا واقعہ یہ ہوا کہ جب آیت کریمہ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ نازل ہوئی تو ابوجہل نے قریش کو جمع کر کے تقریر کی بولا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اب تمہارے معبودوں کو گالیاں دینا شروع کر دیں، کیا تم میں کوئی ایسا غیرت مند نہیں جو انہیں قتل کر دے میں اسے سو اونٹ انعام دوں گا، خیال رہے کہ ابوجہل حضرت عمر کا ماموں تھا کیونکہ آپ کی ماں ابوجہل کی بہن یعنی ہشام کی بیٹی تھی (روح البیان) اور بولا کہ ایک ہزار اوقیہ چاندی بھی ساتھ دوں گا، حضرت عمر کھڑے ہو گئے کہ ماموں جان کیا تو یہ وعدہ پورا کرے گا۔ وہ بولا ضرور آپ اسے خانہ کعبہ میں ہبل بت کے سامنے لے گئے وہاں اس سے قسم لی کہ وہ یہ وعدہ پورا کریگا اس وقت کعبہ میں ڈیڑھ ہزار بت تھے ان میں بڑا یہ ہی ہبل تھا۔ آپ نے دہنے ہاتھ میں تلوار پکڑی اور بائیں کندھے پر کمان ڈالی۔ اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم مع مسلمانوں کے دار ارقم میں صفا کے پاس پناہ لیے ہوئے تھے۔ وہاں ہی اللہ کی عبادت کرتے تھے۔ راستہ میں ایک صاحب ملے پوچھا عمر کہاں جا رہے ہو۔ بولے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو قتل کرنے۔ انہوں نے بڑا فساد پھیلایا ہے۔ وہ بولے یہ فساد تو تمہارے گھر میں پھیل چکا ہے پہلے اپنا گھر سنبھالو پھر ادھر طرف توجہ کرو۔ آپ وہاں سے اپنے گھر کی طرف لوٹ پڑے۔ وہاں آپ کی بہن فاطمہ بنت خطاب اور آپ کے بہنوئی سعید ابن زید سورہ طٰہٰ پڑھ رہے تھے دروازہ اندر سے بند تھا۔ آواز دی دروازہ کھلوایا اپنی بہن سے پوچھا کیا پڑھ رہی تھیں۔ یہ کہہ کر اپنے بہنوئی سعید کو لپٹ پڑے خوب مارا۔ بہن چھڑانے آئیں انہیں بھی زخمی کر دیا۔ بہن بولیں اے عمر ہم تو مسلمان ہو چکے ہیں۔ قرآن مجید پڑھ رہے تھے تم خواہ ہم کو قتل کر دو ہم اسلام سے نہیں پھر سکتے۔ بہن کی اس بات میں نہ معلوم کیا اثر تھا کہ حضرت عمر کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور بولے مجھ کو یہ کاغذ دکھاؤ جس پر یہ قرآن لکھا ہے۔ وہ بولیں بھیا ابھی تم شرک کی نجاست میں آلودہ ہو اس کو چھونے کے قابل نہیں۔ حضرت عمر نے غسل کیا اور سورۂ طٰہٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى تک پڑھا، حضرت عمر کے دل پر بجلی سی گری، رونے لگے اور یہاں سے دار ارقم کی طرف اسی طرح یعنی شمشیر بہ کف کمان بر کتف روانہ ہوئے مگر اب جانے کی نوعیت کچھ اور ہو گئی۔ دروازہ پر پہنچے، کواڑ کھولنے کو کہا، حضور کے ساتھیوں نے ڈر سے دروازہ نہ کھولا، حضرت حمزہ نے جو کل پرسوں ہی ایمان لائے

marfat.com

تھے فرمایا دروازہ کھول دو اگر عمر اچھے ارادے سے آئے ہیں تو ہم ان کا احترام کریں گے۔ اگر ارادہ برا ہے تو ہم انہیں کی تلوار سے ان کا سر قلم کر دیں گے۔ دروازہ کھلا حضرت عمر کی نگاہ حسن خداداد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑی۔ شعر

آنکھوں آنکھوں میں اشارے ہو گئے تم ہمارے ہم تمہارے ہو گئے

حضور انور نے حضرت عمر کے دونوں بازو پکڑ کر ہلائے۔ پوچھا عمر کیا ارادہ ہے عرض کیا قدموں پر قربان ہو کر اسلام لانے کا۔ حضور انور نے کلمہ طیبہ پڑھایا۔ مسلمانوں نے اللہ اکبر کا نعرہ مارا جو مکہ کے بازار میں سنا گیا۔ اور پھر جبریل امین حاضر ہوئے اور یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ اس وقت فرشتوں میں خوشی سے دھوم مچی ہوئی ہے۔ سب حضرت عمر کے ایمان پر خوشیاں منا رہے ہیں۔ بعض روایات میں ہے کہ حضور انور نے خوشی میں خود تکبیر کہی اللہ اکبر۔ اس وقت حضرت عمر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کفار جھوٹے معبودوں کو علانیہ پوجیں اور ہم سچے خدا کی چھپ کر عبادت کریں چلئے آج خانہ کعبہ میں نماز پڑھیں گے۔ قسم اس رب کی جس نے آپ کو نبی بنایا۔ جن مجالس میں میں کفر ظاہر کیا کرتا تھا انہیں مجالس میں ایمان ظاہر کروں گا۔ کلمہ طیبہ کا اعلان کروں گا۔ اس دن مسلمانوں نے خانہ کعبہ میں علانیہ نماز پڑھی۔ کفار حضرت عمر کی ہیبت سے مسلمانوں کو کچھ کہہ نہ سکے۔ (تفسیر روح البیان۔ مدارج النبوت ص۴۵۔ مواہب الدنیہ جلد اول ص۵۱) آپ کے ایمان کے متعلق اور بہت روایات ہیں یہ روایت قوی تر ہے۔ **نوٹ ضروری۔** تمام مفسرین فرماتے کہ یہ آیت کریمہ حضرت عمر کے ایمان لانے پر نازل ہوئی جیسے تفسیر کبیر۔ خازن۔ بیضاوی۔ مدارک۔ روح البیان۔ روح المعانی۔ تفسیر صاوی وغیرہ۔ ان کے نزدیک یہ آیۃ مکیہ ہے باقی سورہ انفال مدنیہ۔ بعض کے نزدیک یہ آیت غازیانِ بدر کے متعلق نازل ہوئی تو یہ آیت مدنیہ ہے مگر قوی یہ ہے کہ آیت سورہ فاتحہ کی طرح دو بار نازل ہوئی۔ ہجرت سے پہلے بھی اور بعد بھی لہٰذا یہ مکیہ بھی ہے مدنیہ بھی۔ دیکھو تفسیر صاوی علی الجلالین قوی تر یہ ہے کہ حضرت عمر کے ایمان پر یہ آیت اتری اور مکیہ ہے۔

**تفسیر۔** یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ قرآن مجید میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ذاتی نام سے کہیں نہ پکارا یعنی یا احمد یا محمد کہیں نہ فرمایا۔ بلکہ آپ کو چار صفاتی ناموں سے پکارا ہے۔ ایک جگہ مزمل سے یٰٓاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ایک جگہ مدثر سے یٰٓاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ چار جگہ رسول سے یٰٓاَیُّهَا الرَّسُوْلُ اور باقی جگہ نبی سے یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ یہ خطاب بھی ان آخری خطابات سے ہے نبی کے معنی ہیں خبر والا یا خبر دینے والا یا خبر لینے والا یا خبر رکھنے والا۔ چونکہ حضرت عمر کے ایمان کے متعلق حضور انور نے خبر اشارۃً دیدی تھی کہ دعا کی تھی کہ مولا اسلام کو عزت دے علیہ دے یا عمرو بن ہشام یعنی ابوجہل کے ذریعہ یا عمر بن خطاب کے ذریعہ۔ اس لئے یہاں نبی کے لفظ سے خطاب

marfat.com

بہت مناسب ہوا یعنی اے غیب کی خبر دینے والے یا خبر رکھنے والے۔ حَسْبُكَ اللّٰهُ اس آیت کی تفسیر پچھلی آیت میں گذری کہ جب مصدر بمعنی صفت مشبہ ہے یہ ہے خبر مقدم اور لفظ اللہ مبتدا مؤخر۔ حسب کے معانی ابھی پچھلی آیت میں گذرے یعنی آپ کو اللہ تعالیٰ کافی وافی ہے وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ یہ عبارت لفظ اللہ پر معطوف ہے اور حَسْبُكَ کا مبتدا مَنِ سے مراد حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہے۔ اتباع نے معنی نیز اتباع اور اطاعت میں فرق بارہا بیان ہو چکا۔ من بیانیہ ہے جو مَنِ اتَّبَعَكَ کا بیان کر رہا ہے۔ یعنی اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جنہوں نے اسلام عمر کی خبر اشارۃً پہلے ہی دے دی تھی۔ آپ کو اللہ بھی کافی ہے اور یہ عمر جنہیں تم نے اسلام کی طرف بلایا ہے جو مطلوب ہے تمہارا۔ اور اسلام کا جو آج آپ کا متبع مومن بنا۔ وہ بھی آپ کو کافی ہے۔ اس مرد مومن کے ایمان کے بعد آپ مخالف کفار کی پرواہ نہ کریں۔ یہ اکیلا ان سب کے مقابل آپ کو کافی ہے

**خلاصہ تفسیر۔** ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس آیت کریمہ کی تفسیر میں دو ہیں۔ کیونکہ اس کے شان نزول کے متعلق قول دو ہیں ایک یہ کہ اے نبی غیب کی خبر دینے والے آپ کو اللہ تعالیٰ ہر طرح کافی وافی ہے اور یہ عمر جو آج مومن آپ کا متبع ہوا آپ کو کافی ہے۔ اس کے ایمان کے بعد آپ تمام کفار و اشرار کا غم نہ کریں۔ دوسرے یہ کہ اے نبی آپ کو اللہ بھی کافی ہے اور غازی یہ جانثاران یا سارے مسلمان بھی آپ کو کافی وافی ہیں۔ آپ کفار کی پرواہ نہ کریں۔ **فائدے۔** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** دوسرے مسلمان اسلام کے طالب ہیں جو اسلام کو تلاش کرتے ہیں مگر حضرت عمر اسلام کے مطلوب ہیں۔ جنہیں اسلام بلکہ بانی اسلام۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف دعا میں مانگ مانگ کر بلایا۔ ہم میں اور حضرت عمر میں وہ ہی فرق ہے جو طالب اور مطلوب میں ہوا کرتا ہے شعر

فرق است میانِ آنکہ یارش دَر بر — تا آنکہ دو چشم انتظارش بر در

سب اسلام کے منتظر ہیں اور اسلام حضرت عمر کا منتظر۔ ہم نے عرض کیا۔

رسول اللہ نے فاروق کو اللہ سے مانگا — عطاء رب سبحان حضرت فاروق اعظم ہیں

یہ فائدہ اس آیت کے شان نزول سے حاصل ہوا **دوسرا فائدہ۔** حضرت عمر رضی اللہ کا ایمان خالق مخلوق اور محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک بہت ہی قابل قدر ہے۔ یہ فائدہ اس واقعہ سے حاصل ہوا کہ آپ کے ایمان لانے پر نورانی مخلوق یعنی فرشتوں میں خوشیاں منائی گئیں۔ ادھر مکہ کی سرزمین میں خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے خوشی منائی جیسا کہ ابھی شان نزول میں عرض کیا گیا۔ کعبہ بھی حضرت عمر کے ایمان کا منتظر تھا۔ کہ کب عمر ایمان لائیں اور مسلمان میرے نزدیک آکر علانیہ رب کی عبادت کریں۔ **تیسرا فائدہ۔** کبھی شر ذریعہ بن جاتی ہے خیر کا کہ ایک کام شروع ہوتا ہے شر ہو کر ختم ہوتا ہے خیر ہو کر

marfat.com

دیکھو حضرت عمر ابوجہل کے پاس سے چلے تھے شر کے لیے مگر حضور انور کے پاس پہنچے خیر کے لیے، حضور کو شہید کرنے چلے، مگر نگاہ ناز کے شہید ہو گئے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ **چوتھا فائدہ**، بندوں پر اعتماد کرنا اللہ پر توکل کے خلاف نہیں۔ یہ فائدہ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ فرمانے سے حاصل ہوا کہ آپ کو اللہ بھی کافی ہے اور یہ مومن بھی کافی، حقیقۃً رب تعالیٰ کافی ہے اور مجازاً اس کے بندے کافی۔ لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم کو اللہ رسول کافی ہے۔ **پانچواں فائدہ**۔ اللہ کے نیک بندوں کا اللہ کے ساتھ ملا کر ذکر کر سکتے ہیں یہ فائدہ بھی مَنِ اتَّبَعَكَ کو لفظ اللہ پر معطوف کرنے سے حاصل ہوا کہ ارشاد ہوا کہ اللہ اور یہ مومن آپ کو کافی ہیں لہٰذا یہ کہہ سکتے ہیں اگر اللہ رسول نے چاہا تو یہ ہوگا۔ اس کی تفسیر وہ آیت ہے فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ **چھٹا فائدہ**۔ جب حضرت عمر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کافی ہیں بحکم پروردگار تو حضور کی امت کو بھی کافی ہیں۔ لہٰذا حضرت عمر سارے مسلمانوں کے حامی، ناصر، کافی، وافی ہیں یہ فائدہ ومن اتبعك الخ سے حاصل ہوا واقعی آپ کی ذات اسلام۔ قرآن۔ اہل ایمان۔ سب کو کافی ہوئے انہوں نے اسلام کو اتنا پھیلایا کہ اس کی مثال نہیں ملتی شعر

عمر کافی نبی کو حسبک اللہ سے یہ ثابت ہے ہے شاہد جن پہ قرآن حضرت فاروق اعظم ہیں

## حضرت عمر کے فضائل

حضرت عمر کے فضائل بے حد بے شمار ہیں۔ ہم برکت کے لیے کچھ عرض کرتے ہیں ع۱ تمام مسلمان اسلام کے طالب ہیں، حضرت عمر اسلام بلکہ بانی اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے مطلوب اور رب تعالیٰ کے خاص عطیہ ہیں جو رب نے اپنے محبوب کو بخشا، اس لئے ان کے ایمان پر فرشتوں نے بھی خوشیاں منائیں ع۲ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر کو حضور انور کی خاص رفاقت اسلام کی مدد کے لیے چنا۔ جیسا کہ اس آیت میں مذکور ہے یہ انتخاب رب کی طرف سے ہے ع۳ حضور انور نے حضرت عمر کے ایمان لاتے وقت ان کے لیے دعا فرمائی کہ الٰہی عمر کے دل میں جو غل وغش ہے اسے ایمان سے بدل دے ان کا دل ایمان سے بھر دے (روح البیان) ع۴ حضور انور نے فرمایا کہ اے عمر جس راستہ سے تم گذر رہے ہو اس سے شیطان نہیں گذرتا۔ وہ کترا کے دوسرے راہ چلا جاتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ دوسروں کے ساتھ شیطان ایسا رہتا ہے کہ خون کے ساتھ گردش کرتا ہے۔ حضرت عمر سے بھاگتا ہے معلوم ہوا کہ آپ شیطان سے محفوظ ہیں ع۵ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گذشتہ امتوں میں محدثون یعنی الہام والے اولیا اللہ ہوئے ہیں میری امت میں عمر ہیں ع۶ اسلام کے بہت سے احکام قرآن مجید کی بہت سی آیات حضرت عمر کی رائے کے موافق آئیں، جیسے پردہ کی آیت، شراب کی حرمت کی آیت، مقام ابراہیم کو مصلیٰ بنانے کی آیت وغیرہ، حجاج آپکو سلام و خطبہ پڑھتے وقت عرض کرتے ہیں مَنْ وَّافَقَ رَأْيُهُ بِالْوَحْيِ وَالْكِتَابِ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ

marfat.com

ع۷ ایک بار حضرت عمر نے حضور انور سے عمرہ کے لیے مکہ معظمہ جانے کی اجازت چاہی تو فرمایا اے میرے بھائی مجھے اپنی دعا میں نہ بھولنا ع۸ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ نے چار وزیر دو آسمان میں دو زمین میں ہیں۔ زمین کے وزیر ابوبکر و عمر ہیں۔ آسمان کے وزیر جبریل و میکائیل ہیں ع۹ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قیامت میں رب تعالیٰ سے پہلے سلام و مصافحہ حضرت عمر کریں گے (وہ مصافحہ جو اس کی شان کے لائق ہے) ع۱۰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ ایک کنوئیں پر بیشمار پیاسے جانور جمع ہیں حضرت ابوبکر صدیق نے کنوئیں سے دو یا تین ڈول نکالے اور انہیں پانی پلایا۔ پھر حضرت عمر نے ڈول ہاتھ میں لیا تو وہ چرسر بن گیا۔ اور اس قدر پانی نکالا کہ سارے پیاسے جانور سیراب ہو گئے۔ اس خواب میں آپ کی خلافت کی برکات کی طرف اشارہ کیا اور بے شمار آپ کے فضائل ہیں

شعر لَهٗ فَضَائِلُ لَا تَخْفٰى عَلٰى اَحَدٍ اِلَّا عَلٰى اَحَدٍ لَّا يَعْرِفُ الْقَمَرَا (روح البیان

**پہلا اعتراض۔** سورہ انفال مدنیہ ہے یعنی بعد ہجرت نازل ہوئی اور حضرت عمر کا ایمان ہجرت سے کہیں پہلے ہے پھر یہ آیت ان کے اسلام کے متعلق کیسے ہو سکتی ہے لہٰذا یہ آیت ان کے اسلام کے متعلق نہیں ہے وہ تو اخلاص سے ایمان لائے ہی نہ تھے نفاق سے ایمان لائے تھے (شیعہ) **جواب۔** اس اعتراض کے تین جواب ہیں۔ ایک الزامی اور دو تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ تم لوگ سورہ دہر سے ان آیات کو حضرت علی و حسنین کریمین کی شان میں مانتے ہو وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا کہ حسنین کریمین بیمار ہوئے حضرت علی اور فاطمہ زہرہ نے تین روزوں کی منت مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ دونوں شہزادوں کو شفا دے تو ہم روزے رکھیں گے۔ جب انہیں شفاء ہوئی تو روزے رکھے مگر تینوں دن افطار کے وقت سائلین آگئے انہیں روٹیاں دے دیں اور بھوکے سو رہے۔ حالانکہ سورہ دہر مکیہ ہے۔ ہجرت سے پہلے نازل ہوئی۔ جبکہ فاطمہ زہرہ حضرت علی کے نکاح میں بھی نہیں آئی تھیں۔ آپ کا نکاح ۲ھ میں ہوا جو تمہارا جواب ہے وہ ہی ہمارا جواب ہے۔ پہلا جواب تحقیقی یہ ہے کہ دافعی سورہ انفال مدنیہ ہے مگر یہ آیت مکیہ ہے یا یہ آیت مکیہ بھی مدنیہ بھی۔ جیسے سورۃ فاتحہ۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ منافقین مدینہ منورہ میں تھے مکہ معظمہ میں کوئی منافق نہ تھا۔ کیونکہ مدینہ منورہ میں اسلام کا چاند چڑھ چکا تھا۔ بعض کفار ہیبت اسلام کی وجہ سے ظاہری طور پر کلمہ پڑھ لیتے تھے۔ ہجرت سے پہلے کسی کافر کو کیا مجبوری تھی جو وہ منافقت سے ایمان ظاہر کرتا اور جس وقت حضرت عمر ایمان لائے اس وقت مسلمان بڑی مصیبتوں میں تھے۔ حضرت عمر بھی آخر کار ترک وطن یعنی ہجرت پر مجبور ہو گئے۔ اس وقت تو حضرت عمر کا اسلام قبول فرمانا اپنے کو دھکتی آگ میں ڈالنا تھا۔ **دوسرا اعتراض۔** اس آیت کریمہ کا ترجمہ یہ نہیں ہے کہ اے نبی تم کو اللہ بھی کافی ہے

marfat.com

اور یہ مومن بھی۔ یہ تو عین شرک ہے بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ تم کو اور ان مومنوں کو اللہ کافی ہے۔ بھلا کوئی بندہ کسی کو کافی ہو سکتا ہے (وہابی) یعنی وَمَنِ اتَّبَعَكَ معطوف اللہ پر نہیں بلکہ حَسْبُكَ کے کاف میں معطوف ہے **جواب**۔ تمہارا یہ ترجمہ تمام مفسرین بلکہ اجماع امت کے بھی خلاف ہے اور خود قرآن مجید کے بھی خلاف ہے سارے مفسرین جن میں امام جلال الدین سیوطی نے بھی ترجمہ کیا ہے حَسْبُكَ اللّٰهُ وَ حَسْبُكَ مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ تفسیر صاوی نے فرمایا وَمَنِ اتَّبَعَكَ معطوف ہے علی لفظ الجلالۃ قرآن کریم فرماتا ہے فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ اس آیت میں کوئی تاویل نہیں ہو سکتی۔

**تیسرا اعتراض**۔ جب حضور انور کو اللہ کافی وافی ہے تو دوسرے کافی وافی کی کیا ضرورت ہے کیا خدا کی کفایت میں کچھ کمی ہے جو دوسرے کافی کی ضرورت پڑی **جواب**۔ جب اللہ تعالیٰ شافی۔ حاکم۔ حکم ہے تو ڈاکٹروں۔ کچہری کے حاکموں حکیموں کی کیا ضرورت ہے۔ کیا خدا کی شفاء حکم میں کچھ کمی ہے جو تم ان لوگوں کے دروازوں پر جاتے ہو۔ رب تعالیٰ حقیقی کافی وافی ہے اُس کے بندے مجازی کافی بلکہ اسکی کفایت کے مظہر اللہ کی ربوبیت کافی ہے مگر ماں باپ اسکی ربوبیت کے مظہر ہیں کما دیانی مغیرہ۔ **چوتھا اعتراض** اگر حضرت عمر نبی کو کافی ہیں تو نبی کے محتاج ہوئے کہ حضرت عمر ایمان لائیں تو حضور کی حاجت پوری ہو اور تم کہتے ہو کہ سارا عالم حضور انور کا حاجت مند ہے۔ حضور کل کے حاجت روا بہ اذن پروردگار ہیں۔ یہ آیت تمہارے خلاف ہے **جواب**۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کا مددگار ہے نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ مگر فرماتا ہے اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا۔ عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے کہا تھا نحن انصار اللہ ہم اللہ کے مددگار ہیں کیا خدا تعالیٰ بندوں کا محتاج ہے جواب تحقیقی یہ ہے کہ کفایت اور مدد دو طرح کی ہے کریم کی اور خدمت گذاری کی بادشاہ سپاہی کا مددگار ہے حاکم کریم ہو کر کہ اسے تنخواہ دیتا اس کی خبر گیری کرتا ہے مگر سپاہی بادشاہ کا مددگار ہے خادم ہو کر ہو کر بادشاہ کو لاکھوں سپاہی مل سکتے ہیں مگر سپاہی کو دوسرا بادشاہ نہیں مل سکتا بادشاہ کا کرم ہے کہ سپاہی کو نوکر رکھ لیا۔ شعر

منت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنی — منت شناس ازو کہ بخدمت گماشتت

تمہارے سینکڑوں ہم سے گدا ہیں — ہمارے آپ ہی اک آسرا ہیں
تم تو جس خاک کو چاہو وہ بنے بندہ پاک — میں بھی کس کو بناؤں جو خفا تم ہو جاؤ

**تفسیر صوفیانہ**: گذشتہ نبیوں کے دین انکی کتابیں باقی نہ رہیں اول بدل کر فنا ہو گئیں۔ کیونکہ انہیں رب کی طرف سے ہدایت تو دی گئی وہ سب حضرات ہادی مہدی تھے مگر انہیں کفایت نہیں دی گئی یعنی ان کے دینوں کی بقا کی ذمہ داری نہیں لی گئی۔ یہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے کہ رب نے انہیں ہدایت بھی دی کہ ہادی بنایا اور کفایت بھی کہ آپ کے دین و قرآن کی ذمہ داری لی۔ فرمایا اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ فرق یہ ہو گیا کہ ان نبیوں!

marfat.com

کے اصحاب ان کی امتیں ان کے دینوں کی محافظ نہ بن سکیں۔ حضور کے دین کا اللہ والی و ناصر تھا تو اس نے صحابہ کرام خصوصاً حضرت عمر کو توفیق بخشی کہ انہوں نے دور دور تک اسلام پھیلایا۔ جمع قرآن کیا تو صحابہ نے۔ لاکھوں کو مسلمان کیا تو صحابہ نے بڑے بڑے ممالک فتح کیے تو صحابہ نے۔ قیصر و کسریٰ جیسے بادشاہوں کی سلطنتیں پاش پاش کیں تو صحابہ خصوصاً حضرت عمر نے۔ پھر صحابہ کے بعد سے تا قیامت رب نے اسلام میں علماء اولیاء پیدا فرمائے تاکہ دین کا بقاء رہے۔ قرآن کی تفسیریں لکھیں تو علماء نے حدیثیں جمع کیں تو علماء نے احادیث کی شرحیں لکھیں تو علماء نے علم فقہ علم اصول علم میراث جمع کیے بلکہ بنائے تو علماء نے ایک نگاہ سے کالے دل منور کر دیئے اولیاء نے روحانی فیض سے دنیا بھر دی اولیاء نے۔ اس آیت میں اسی کا بیان ہے کہ اے نبی تمہارے لیے ہر طرح ہم کافی وافی ہیں۔ اس کا ظہور اس طرح ہوگا کہ ہم نے آپ کو وہ صحابہ دہ وہ علماء دہ اولیاء بخشے جو آپ کے زمانہ میں اور آپ کے بعد آپ کا دین قایم رکھیں۔ مولانا فرماتے ہیں

شعر
تا قیامت باقیش داریم ما　　تو مترس از نسخ دین اے مصطفیٰ

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ | |
| اے نبی | ابھارو مومنوں کو جنگ پر |
| اے غیب کی خبریں دینے والے مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو | |
| اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ | |
| اگر | ہوں گے تم میں سے بیس صبر کرنے والے |
| اگر | تم میں کے بیس صبر والے ہوں گے |
| يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ | |
| تو غالب آئیں گے وہ دو سو پر | اور اگر ہوں گے تم میں سے |
| دو سو پر غالب ہوں گے | اگر تم میں کے سو ہوں |

marfat.com

| |
|---|
| مِائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا |
| سو تو غالب آئیں گے ہزار پر ان میں سے جنہوں نے کفر کیا |
| تو کافروں کے ہزار پر غالب آئیں گے۔ |
| بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ |
| بیشک وہ ایسی قوم ہے جو نہیں سمجھتی اب ہلکا کر دیا |
| اس لیے کہ وہ سمجھ نہیں رکھتے اب اللہ نے تم پر |
| اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ |
| اللہ نے تم سے اور جان لیا کہ تحقیق تم میں کمزوری ہے |
| تحقیق فرمائی اور اسے معلوم ہے کہ تم کمزور ہو |
| فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ |
| پس اگر ہوں گے تم میں سے ایک سو صبر کرنے والے |
| تو اگر تم میں سو صبر والے ہوں |
| يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ |
| وہ غالب آئیں گے دو سو پر اور اگر ہوں گے تم میں سے ایک ہزار |
| دو سو پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں کے ہزار ہوں تو |
| يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ |
| تو غالب آئیں گے دو ہزار پر حکم سے اللہ کے اور اللہ ساتھ ہے صبر کرنے والوں کے۔ |
| دو ہزار پر غالب ہوں گے اللہ کے حکم سے اور اللہ صبر والوں کے ساتھ ہے |

تعلق۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق پچھلی آیات کریمہ میں ارشاد ہوا

marfat.com

کہ اے نبی آپ کو اللہ تعالیٰ بھی کافی اور اس کے حکم سے مومنین یا حضرت عمر بھی کافی۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ مومنوں کی کفایت کا ظہور اس طرح ہوگا کہ آپ انہیں جہاد کا حکم دیں۔ جہاد کفایت کے ظہور کا ذریعہ ہے گویا کفایت کے بعد اس کے ظہور کے ذریعہ کا ذکر ہے **دوسرا تعلق**۔ گذشتہ آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ اللہ نے بڑا کرم فرمایا کہ آپ کے ذریعہ انصار یا سارے مومنین کو یک دل یک جان بنا دیا۔ اب ارشاد ہے کہ ان کے اس اتفاق و اتحاد سے فائدہ حاصل کیجئے، انہیں جہاد کی رغبت دیجئے، انہیں مجاہد غازی بنائیے گویا شرط جہاد اتفاق و اتحاد کے بعد جہاد کا ذکر ہو رہا ہے۔ وضو کے بعد نماز کا ذکر ہے **تیسرا تعلق**۔ پچھلی گذشتہ آیات میں ذکر ہوا کہ رب تعالیٰ نے اپنی مدد اور مومنوں کے ذریعہ آپ کو قوت دی اب ارشاد ہے کہ جہاد کیجئے اور مسلمانوں سے کرائیے تاکہ اس نصرت اور تائید غیبی کا ظہور ہو جہاد رب تعالیٰ کے کرم اس کی مدد کے ظہور کا ذریعہ ہے۔ گویا مشروط کے بعد شرط کا ذکر ہے (تفسیر کبیر)

**شان نزول**۔ عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ بعد ہجرت جب جہاد کا حکم ہوا تو اولاً بدر وغیرہ کے موقعہ پر مسلمانوں پر لازم کیا گیا، کہ اپنے سے دس گنا کفار کے مقابل جہاد میں ڈٹ جایا کریں۔ ہرگز منہ نہ موڑیں۔ پھر جب مسلمانوں میں قوت بھی آگئی اور یہ حکم بعض طبیعتوں پر گراں بھی تھا کہ ایک دس سے جہاد کرے تب یہ حکم اس آیت سے منسوخ ہوا کہ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ یعنی اولاً پہلی آیت نازل ہوئی۔ ان یکن منکم عشرون پھر اسے منسوخ فرمانے کے لیئے دوسری آیۃ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ الخ نازل ہوئی (تفسیر خازن) پہلی آیت میں بھی حکم ہے دوسری میں بھی۔

**تفسیر**۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ چونکہ جہاد اسلام میں ایک عظیم الشان عبادت ہے اور اس کی رغبت دینا اس پر آمادہ کرنا بڑی شاندار تبلیغ ہے اس لیے اس آیت کو نداء سے شروع فرمایا۔ کسی حکم کو نداء سے شروع فرمانا اس حکم کے عظیم الشان ہونے کی علامت ہے۔ نبی بنا ہے نباء سے بمعنی خبر یا بنا ہے نبوت سے بمعنی شان و شوکت یا بلندی درجہ لہٰذا نبی کے معنی ہیں خبر والا یا بلند درجہ والا حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَى الْقِتَالِ حَرِّضْ بنا ہے تحریضٌ سے جس کا مادہ حَرَضٌ ہے بمعنی قرب۔ تحریض کے معنی ہیں قریب کرنا۔ اصطلاح میں رغبت دینے کو تحریض کہتے ہیں۔ حث کے معنی بھی رغبت دینا۔ تحریض معنی بھی یہ ہی ہیں مگر تحریض میں زیادہ رغبت دینا مراد ہے۔ ترغیب قولی بھی ہوتی ہے عملی بھی۔ قولی ترغیب وعظ بشارت وغیرہ سے ہوتی ہے عملی ترغیب یہ ہے کہ مجاہدین کو تنخواہ یا غنیمت میں سے حصہ دیا جاوے ان کے پیچھے ان کے بال بچوں کی حفاظت و خدمت کی جاوے۔ بہادروں کی قدردانی کی جاوے۔ مثلاً کسی وقت اعلان کیا جاوے کہ جو کسی کافر کو قتل کرے گا اس کا سامان اس غازی کو ملے گا۔ یا جو کفار کے

marfat.com

قلعوں میں پہلے گھسے گا، اسے یہ انعام ملے گا۔ وغیرہ۔ یہ سب تحریض اور ترغیب ہے المومنین سے مراد یا تو غازی صحابہ ہیں یا تا قیامت سارے مسلمان۔ دوسرا قول قوی ہے، کیونکہ جہاد تا قیامت باقی ہے۔ تو مجاہدین اور ان کی ترغیب بھی تا قیامت رہے گی۔ القتال سے مراد کفار سے جہاد ہے اِنْ یَّکُنْ مِّنْکُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ یَغْلِبُوْا مِائَتَیْنِ ۔ قوی یہ ہے کہ یہ فرمان عالی بظاہر ہر خبر در حقیقت امر ہے جیسے وَالْوَالِدَاتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ یا جیسے وَالْمُطَلَّقَاتُ یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِھِنَّ ثَلٰثَۃَ قُرُوْٓءٍ اس آیت کی اصل عبارت یوں ہے اِنْ یَّکُنْ مِّنْکُمْ عِشْرُوْنَ فَلْیَصْبِرُوْا وَلْیُجَاھِدُوْا فِی الْقِتَالِ حَتّٰی یَغْلِبُوْا مِائَتَیْنِ (تفسیر کبیر و روح المعانی) چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر جب سریہ چھوٹا لشکر کم از کم بیس دو سو کے مقابل بھیجا کرتے تھے اور سو ہزار کے مقابل اس لیے اس آیت کریمہ میں ان دو عددوں کا ذکر ہوا۔ یوں نہ فرمایا گیا کہ تم اپنے سے دس گنا کفار سے مغلوب نہ ہوگے (تفسیر کبیر) یہ بھی خیال رہے کہ اس میں خطاب مسلمانوں سے ہے نہ کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے، حضور انور ذات واحد ہزاروں کے مقابل کافی ہیں (روح المعانی) رب فرماتا ہے لَا یُکَلَّفُ اِلَّا نَفْسَکَ اور فرماتا ہے یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ جَاھِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ اس لیے منکم صَابِرُوْنَ۔ یَغْلِبُوْا سب صیغے جمع ارشاد ہوئے یہاں مائتین سے مراد دو سو کافر ہیں۔ یعنی اگر تم بیس صابر ہو تو دو سو کفار کے مقابلہ میں ڈٹ جاؤ حتی کہ غالب آجاؤ وَاِنْ یَّکُنْ مِّنْکُمْ مِّائَۃٌ یَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یہ عبارت معطوف ہے اِنْ یَّکُنْ مِّنْکُمْ عِشْرُوْنَ الخ پر یہاں بھی نسبت وہ ہی ایک اور دس کی ہے کیونکہ ہزار سو کا دس گنا ہے۔ جیسے دو سو دس گنا تھا بیس کا۔ اس عبارت میں مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بیان ہے مائتین اور الفا دونوں کا۔ یعنی اے مسلمانو اگر تم بیس ہو تو دو سو کافروں پر اور اگر ایک سو ہو تو ہزار کافروں پر غالب آؤ گے۔ لہٰذا اتنے کفار کے مقابلہ سے ہرگز نہ بھاگنا۔ ورنہ سخت گنہگار ہو گے ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَھُوْنَ ۔ اس فرمان عالی میں اس مذکورہ غلبہ کی وجہ ارشاد ہوئی ذٰلِکَ سے اشارہ ہے مذکور غلبہ کی طرف بِاَنَّھُمْ میں یہ سببیہ ہے ھُمْ کی ضمیر کفار کی طرف ہے لَا یَفْقَھُوْنَ بنا ہے فقہ سے بمعنی سمجھنا۔ اس سمجھ سے مراد دین کو سمجھنا ہے یعنی کفار جنگ کی روح کو نہیں جانتے جنگ کی روح جس سے جنگ جہاد بن جاتی ہے وہ اللہ کے لیے ہے کلمۃ اللہ بلند کرنا۔ وہ صرف دنیا کے لیے لڑتے ہیں۔ تم اللہ کے لیے لڑتے ہو۔ ان کی جنگ فساد ہے۔ تمہاری جنگ جہاد۔ شعر

جنگِ کافر فتنہ و غارت گری است جنگ مومن سنتِ پیغمبری است

انہیں جنگ کو جہاد بنانا نہیں آتا۔ اس کی تفسیر وہ آیت ہے۔ الذین امنو یقاتلون فی سبیل اللہ والذین کفروا یقاتلون فی سبیل الطاغوت فقاتلوا اولیاء الشیطن ان کید الشیطن کان ضعیفا۔

marfat.com

(خازن، روح البیان وعام تفاسیر) یا یہ مطلب ہے کہ کفار آخرت کو نہیں جانتے نہیں مانتے ان کا اصل مقصد صرف دنیا ہے۔ جب وہ جنگ میں دنیا برباد ہوتے دیکھتے ہیں تو بھاگ پڑتے ہیں پیٹھ دکھا جاتے ہیں۔ بخلاف مومن کے کہ وہ آخرت کو اصلی زندگی سمجھتا ہے۔ دنیا کو محض فانی یعنی آنی جانی چیز جانتا ہے۔ کفار سے لڑتا ہے تو آخرت کے لیے لہٰذا اگر اسے جہاد میں اپنی دنیا جاتی دکھائی دے تو وہ اس کی پرواہ نہیں کرتا۔ وہ سمجھتا ہے کہ جس کے لیے میں جنگ کر رہا ہوں وہ تو مجھے انشاء اللہ حاصل ہونی ہے زندہ بچوں یا شہید ہو جاؤں لہٰذا وہ کسی حالت میں نہیں ہٹتا۔ شعر

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

لہٰذا کفار کو جہاد کی اصل سمجھ ہی نہیں، جنگ صرف ہتھیار سے نہیں جیتی جاتی، یہ ہمت سے جیتی جاتی ہے اور ہمت اللہ پر توکل حضور کے توسل سے نصیب ہوتی ہے۔ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ یہ فرمان عالی پچھلے حکم کا ناسخ ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ جب پچھلی آیت نازل ہوئی اور مسلمانوں نے اس پر عمل کیا تو ایک بار یا دو بار مہاجرین نے عرض کیا کہ الٰہی ہم بھوکے ہیں ہمارے دشمن تنگ دست ہم مسافر ہیں ہمارے دشمن گھر اور وطن والے۔ ہم اپنے گھر بار آل اولاد مال سے نکالے ہوئے ہیں۔ کفار اپنے گھر بار میں۔ اور انصار نے عرض کیا کہ الٰہی ہم ان معزز مہمانوں کی مہمان نوازی میں مصروف ہیں کفار پر یہ ذمہ داری نہیں ہم پر رحم فرما۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں۔ کہ جب مسلمان تعداد میں تھوڑے تھے تب پہلا حکم تھا جب بفضلہ تعالیٰ تعداد میں بڑھ گئے تب یہ حکم آیا۔ بہرحال یہ آیت پچھلی آیت کی ناسخ ہے (تفسیر کبیر) خفف سے معلوم ہوتا ہے کہ پچھلی آیت میں ایک سخت حکم تھا اس آیت میں اس حکم میں تخفیف کی گئی وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ یہ آیت معطوف ہے خفف پر اگر واؤ عاطفہ ہے تو اس کا تعلق بھی الٰئن سے ہے یعنی اب اللہ نے جان لیا کہ تم میں کمزوری ہے تو علم سے مراد علم ظہور یعنی علم وقوعی ہے جو چیز کے ہو جانے کے بعد دیکھ کر ہوتا ہے اور اگر واؤ حالیہ ہے تو اس سے مراد علم ازلی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کو پہلے علم تھا کہ تم میں کمزوری ہے۔ اعلیٰ حضرت کا ترجمہ اسی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ضعف ض کے فتحہ سے بھی آتا ہے اور پیش سے بھی۔ ہماری قرأت میں ض کے فتحہ سے ہے، یہاں اس سے مراد کمزوری ابدان مراد ہے نہ کہ کمزوری ایمان و ایقان۔ خلیل کہتے ہیں کہ ضعف ض کے پیش سے کمزوری بدن ہے اور ضعف ض کے زبر سے کمزوری عقل و کمزوری رائے ہے۔ ایک قراءت میں ضعفا ہے ض اور عین دونوں کے زبر سے ضعیف کی جمع یعنی تم میں کمزور لوگ ہیں (معالم) اس کمزوری کی وجہ کیا ہے اس میں چند احتمال ہیں اب مسلمانوں میں بڈھے بچے بیمار بھی شامل ہو گئے تھے ۱۲۔ مسلمانوں میں تو مسلمین

marfat.com

ضعفاء مومنین بھی شامل ہو گئے جن کا توکل علی اللہ پرانے مومنین کے درجے کا نہ تھا ۱۲ اب مسلمانوں کی تعداد بہت زیادہ ہو چکی تھی جس وجہ سے ان کا توکل علی اللہ پہلے کا سا نہ رہا جو قلتِ تعداد کے وقت تھا جس کا ظہور بدر اور حنین کی جنگوں میں ہوا کہ بدر میں تین سو تیرہ ۳۱۳ نہتوں نے ایک ہزار ہتھیار بند کفار کو مار لیا اور حنین میں مسلمانوں کی تعداد کفار سے کہیں زیادہ تھی مگر ان مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے، رب فرماتا ہے وَيَوْمَ حُنَيْنٍ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا ۔ (تفسیر روح المعانی) مگر یہ کمزوریاں ابدان یا خیالات کی ہیں، عقیدے کی نہیں۔ یہ خیال رہے اور یہ بھی یاد رہے کہ ان سب میں خطاب مومنین سے ہے حضور انور سے نہیں فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ یہ فرمانِ عالی خفف اللہ کا بیان ہے، اس کا مطلب وہ ہی ہے جو اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ میں بیان ہوا وہاں بھی صبر کی قید تھی۔ یہاں بھی وہ ہی قید ہے، یعنی اب اگر مسلمانوں کا مقابلہ دو ہزار کافروں سے ہو جائے تو مسلمانوں پر بھاگ جانا حرام ہوگا مقابلہ میں ڈٹ جاویں امید قوی رکھیں کہ اللہ کے حکم سے ہم ان دگنے کافروں پر غالب رہیں گے یعنی پہلے دس گنا کفار سے ہٹنا جرم تھا اب دوگنا کفار کے مقابلہ سے ہٹنا جرم ہے وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ اس فرمان عالی سے صابرین کی شان صبر کے فائدہ کا ذکر ہے اس کی تفسیر ہم دوسرے پارہ میں اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ کی تفسیر میں کر چکے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کا کرم اس کی نصرت صبر والوں کے ساتھ ہے، مصیبت میں صبر۔ اطاعت پر صبر۔ گناہوں سے صبر۔ ان کی تفصیل دوسرے پارہ میں دیکھو یہاں عام حالت کا صبر اور خصوصاً مصیبت و تکالیف میں صبر والے مراد ہیں۔ صبر تلخ ہے مگر اس کا پھل شیریں ہے۔ شعر

منشین ترش تو از گردش ایام کہ صبر گرچہ تلخ است ولیکن بر شیریں دارد

**خلاصہ تفسیر**۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم فرما چکے کہ ہم نے آپ کی برکت سے مومنین کو متفق کر دیا۔ آپ کی مدد اپنی نصرت اور مومنین کے ذریعہ سے کی۔ آپ کو ہم بھی کافی ہیں اور مومنین خصوصاً حضرت عمر بھی کافی۔ ان تمام کرم نوازیوں سے آپ پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔ ان مومنوں کو قولاً فعلاً عملاً جہاد کی رغبت دیں، ان میں سے مجاہدین کی آخرت کی نعمتوں کی بشارت دیں۔ دنیا میں غنیمت عطاؤں سے ان کی ہمت افزائی فرمائیں اور انہیں حکم دیں کہ اپنے سے دس گنا کفار کے مقابلہ سے نہ ہٹیں۔ اگر مسلمان بیس ہوں اور کفار دو سو ہوں اور اگر مسلمان سو ہوں کفا ہزار ہوں تو ڈٹ جائیں اللہ کے کرم سے اپنے غلبہ کی امید رکھیں انشاء اللہ یہ تھوڑے صابر مسلمان ہی غالب رہیں گے۔ اس غلبہ کی وجہ یہ ہے کہ کفار مسلمانوں کے مقابلہ میں جنگ کرنے نہیں آتے۔ ان کی جنگ فساد ہے مومنوں کی جنگ

marfat.com

جہاد وہ وطن یا قوم یا مال یا ناموری کے لیے لڑتے ہیں مومن صرف اور صرف اللہ کے رسول اور دین و قرآن کے لیے لڑتے ہیں۔ کفار کی نظر صرف دنیا پر ہے مومن کی نظر صرف آخرت پر۔ لہٰذا روح جہاد مسلمانوں کی جنگ میں ہے کفار کی جنگ میں نہیں۔ کفار ناسمجھ قوم ہیں۔ اچھا اب ہم اپنا حکم ہلکا کرتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ اب اے مسلمانوں تم میں بدن، رائے، عقل کی کمزوری ہے کہ تم میں ضعفاء مومنین، بڈھے بیمار بچے بھی ہیں۔ اور اب تمہاری تعداد بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ جس سے تمہارا پہلا سا توکل نہ رہا۔ لہٰذا اب یہ حکم کہ اپنے دوگنوں کفار کے مقابلہ سے نہ ہٹنا۔ اگر تم سو صابر ہو تو دو سو کے مقابلہ سے اگر ہزار ہو تو دو ہزار کے مقابلہ میں ڈٹ جانا۔ اس امید پر کہ اللہ تعالیٰ تم کو ان پر غلبہ دے گا صبر سے کام لو۔ اللہ کی رحمت اس کی نصرت مومنوں کے ساتھ ہے اور رہے گی۔ خیال رہے کہ یہاں اباحت اور رخصت کا ذکر ہے کہ پہلے دس گنا کفار کے مقابلہ میں مسلمانوں کا ہٹنا حرام تھا اب دوگنا کے مقابلہ سے ہٹنا حرام۔ اس سے زیادہ کے مقابلہ سے ہٹنا مباح ہے اگر اب بھی مومنین اپنے سے صدہا گنا کفار کے مقابلہ میں ڈٹ جائیں صبر سے کام لیں تو ثواب پائیں گے اور اللہ ان کی غیب سے مدد کرے گا۔ چنانچہ تفسیر کبیر میں اس جگہ ہے کہ غزوہ موتہ جس میں حضرت جعفر ابن ابی طالب، زید بن حارثہ، عبداللہ ابن رواحہ باری باری سے امیر اور شہید ہوئے اس میں مسلمان صرف تین ہزار تھے اور کفار دو لاکھ۔ ایک لاکھ رومی اور ایک لاکھ عرب و عجم وغیرہ۔ فتوح شام وغیرہ تواریخ میں ہے کہ خلافت فاروقی میں غزوہ یرموک اور قادسیہ میں مسلمانوں کی تعداد چالیس پچاس ہزار تھی۔ اور کفار کی تعداد سات لاکھ۔ مگر مسلمان ڈٹ گئے اور فتح پائی۔ ابھی ۱۹۶۵ء ستمبر میں بھارت کے مشرکین نے پاکستان پر حملہ کیا۔ کفار ۲۰ ہزار تھے ان کے ساتھ ٹینک وغیرہ بہت زیادہ مسلمان پانچ ہزار ان کے پاس سامان بھی تھوڑا۔ یہ صرف لاہور کے محاذ کی تعداد تھی مگر اللہ کے فضل و کرم سے کفار کے دس ہزار سپاہی اور چار سو فوجی آفیسر مارے گئے۔ باقی اتنا بے شمار سامان جنگ وغیرہ چھوڑ کر بھاگ گئے یہ سامان مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ یہ ہے اس آیت کا ظہور جو تا قیامت انشاء اللہ ہوتا رہے گا۔ اس کے علاوہ رن کچھ، چھنب جوڑیاں، سیالکوٹ، قصور وغیرہ کے محاذوں پر جو مسلمانان پاکستان کو فتح اللہ نے دی اس کی تفصیل کے لیے دفتر چاہئیں۔

**فائدے۔** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ۔** جہاد اکثر فرض کفایہ ہوتا ہے کبھی فرض عین یہ فائدہ خرچ خاص المومنین سے حاصل ہوا۔ کیونکہ فرض عین کی صرف رغبت نہیں دی جاتی بلکہ اس کا حکم دیا جاتا ہے۔ آجکل بھی جنگ کے ہنگامی حالات میں جبری بھرتی کی جاتی ہے عام حالات میں بھرتی کی صرف رغبت دی جاتی ہے۔ یہ قانون اس آیت سے بتایا گیا۔

marfat.com

دوسرا فائدہ۔ مجاہد غازیوں میں ہر طرح دل جوئی ہمت افزائی حکومت اسلامیہ کو کرنی چاہئے۔ جس سے وہ اطمینان سے جہاد کر سکیں۔ یہ فائدہ بھی حرض المومنین سے حاصل ہوا کہ ترغیب قولی بھی ہوتی ہے عملی بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ غازیوں کے بال بچوں کی خود نگرانی فرماتے تھے۔ ایک بار حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے لونڈی غلام تقسیم فرمائے۔ حضرت فاطمہ زہرا نے ایک لونڈی مانگی تو آپ نے جواب دیا وہ ان شعروں سے معلوم کر لو

ہیں یہ خادم ان یتیموں کے لیے — باپ جن کے جنگ میں مارے گئے
تم پہ سایہ ہے رسول اللہ کا — آسرا رکھو فقط اللہ کا

آج کل حکومتیں فوجی ملازمین کے بچوں کی تعلیم علاج مفت کرتی ہیں انہیں اچھی پنشن بعض کو تمغے مربعے جائیدادیں بخشتی ہیں۔ ان سب کا ماخذ یہ آیت کریمہ ہو سکتی ہے بعض بہادر شہیدوں کے نام پر اسکول کالج سڑکیں بنائی جاتی ہیں عزیز بھٹی شہید روڈ عزیز شہید کالج وغیرہ یہ سب ترغیب کی صورتیں ہیں یہ آیت بہت گہری ہے۔ **تیسرا فائدہ** جہاد صرف مومن کریں اس کے لیے ایمان شرط ہے نماز زکوٰۃ حج وغیرہ کی طرح جہاد بھی عبادت ہے اور عبادت بغیر ایمان درست نہیں۔ یہ فائدہ حرض المومنین سے حاصل ہوا کہ مومنوں کو رغبت دو لہٰذا اگر کفار مسلمانوں کے ساتھ مل کر دوسرے کفار سے جنگ کریں یا ان کی مالی جنگی اخلاقی مدد کریں تو مجاہدین اور ان کا یہ عمل جہاد نہیں۔ اگر وہ اس حالت میں مارے جائیں تو شہید نہیں کہ یہ چیزیں ایمان کی شرط سے ہیں۔

**چوتھا فائدہ**۔ جہاد کی رغبت دینا مجاہد غازی تیار کرنا اللہ تعالیٰ کا حکم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ اس سے روکنا شیطانی حرکت ہے اور روکنے والا شیطان ہے جیسے مرزا قادیانی جو کہتا ہے کہ میں نے جہاد منسوخ کر دیا۔ اب جہاد کا خیال کرنا بھی گناہ ہے۔ جہاد کے بغیر مسلم قوم زندہ نہیں رہ سکتی۔ **پانچواں فائدہ**۔ جہاد میں فتح و نصرت زیادتی تعداد پر موقوف نہیں۔ یہ تائید الٰہی سے نصیب ہوتی ہے یہ فائدہ اِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ الخ سے حاصل ہوا۔ اس کی دلیل غزوہ بدر۔ قادسیہ۔ یرموک وغیرہ ہیں

**چھٹا فائدہ**۔ کفار جنگ کے سارے ہتھیار بنا سکتے ہیں مگر دو ہتھیار ایسے ہیں جو صرف مسلمانوں کے پاس ہیں کفار ان سے محروم ہیں۔ وہ ہیں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور اس کا ذکر کثیر۔ یہ فائدہ قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر رب فرماتا ہے اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا۔

**ساتواں فائدہ**۔ کفار آپس میں جانوروں کی لڑتے ہیں یعنی صرف نفس اور دنیا کے لیے۔ مومن اللہ کے لیے لڑتا ہے لہٰذا مومن کی جنگ جہاد ہے کافر کی جنگ فساد۔ یہ فائدہ بھی لَّا یَفْقَهُوْنَ سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ بڑا ہی مہربان ہے ہمارے حال کے مطابق ہم کو احکام دیتا ہے یہ فائدہ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ الخ سے حاصل ہوا۔ **نواں فائدہ**۔ مسلمانوں کو اپنے مقابل دوگنے کفار

marfat.com

کے مقابلہ سے بھاگنا ممنوع ہے، ڈھائی گنا یا تین گنا کفار کے مقابلہ سے بھاگنا ممنوع نہیں نہ اسے فرار کہا جاتا ہے حضرت ابن عباس کا یہ ہی قول ہے (تفسیر کبیر)

**پہلا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض نہیں صرف مستحب عبادت ہے جیسے نوافل کیونکہ یہاں ارشاد ہوا حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ آپ مسلمانوں کو جہاد کی رغبت دیں، رغبت ایک نفلی عبادت کی دی جاتی ہے، فرض عبادت کا حکم دیا جاتا ہے، یا اس کے نہ کرنے پر ڈرایا جاتا ہے، **جواب**۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ جہاد کبھی فرض عین ہوتا ہے کبھی فرض کفایا یہ فرمان عالی اس وقت کا ہے جب فرض کفایہ ہو دوسرے یہ کہ فرض عین کی بھی رغبت دی جا سکتی ہے یعنی اس کا حکم بھی دیا جاتا ہے اور رغبت بھی یہاں رغبت۔ سے دوسری آیات میں حکم وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ **دوسرا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ کفار کو جہاد کرنا نہیں آتا قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ مگر آج کل بمقابلہ مسلمانوں کے کفار کو جنگ کرنا زیادہ آتا ہے پھر یہ آیت کیونکر صحیح ہوئی **جواب** واقعی کفار کو جنگ کرنا آتا ہے جہاد کرنا نہیں آتا۔ جہاد صرف مسلمانوں ہی کو آتا ہے جہاد وہ جنگ جو اللہ کے راہ میں کفار سے کی جاوے، ملک یا مال کے لیے جنگ جہاد نہیں یا یوں کہو کہ کافر جنگ میں بے صبرا ہوتا ہے مومن عموماً صبر والا، کیونکہ وہ نفس کے لیے لڑتا ہے مومن اللہ کے لیے وہ سمجھتا ہے کہ جہاد میں مرنا بھی زندگی ہے۔ **تیسرا اعتراض**۔ پہلی آیت سے معلوم ہوا مسلمان دس گنا کافروں سے مغلوب نہ ہوں گے دوسری سے معلوم ہوا کہ دوگنے سے مغلوب نہ ہوں گے مگر دیکھا جاتا ہے کہ کبھی مسلمان برابر والے بلکہ کم سے بھی مغلوب ہو جاتے ہیں اللہ کا یہ وعدہ غلط کیوں ہو جاتا ہے، **جواب** جن مفسرین نے دوسری آیت سے پہلی آیت کو منسوخ مانا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہاں دونوں آیتوں میں وعدہ نہیں ہے بلکہ حکم ہے جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا دوسرے حکم سے پہلا حکم منسوخ ہو گیا، ابو مسلم اصفہانی جو اسے منسوخ نہیں مانتے وہ کہتے ہیں کہ واقعی ہر وعدہ الٰہی ہے مگر اس شرط پر کہ مسلمان نیت و ارادے کے سچے ہوں، صابر ہوں اگر کبھی مسلمانوں کو شکست ہو جاوے تو یا بے صبری کی وجہ سے یا اخلاص کی کمی کے باعث (تفسیر کبیر)

**چوتھا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابہ ضعیف الایمان تھے دیکھو رب فرماتا ہے فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ **جواب**۔ اس کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ ہم تو حضرت علی کو ضعیف ایمان ماننا پڑے گا کیونکہ اس میں ان سب سے خطاب ہے کسی کو الگ نہیں دیا گیا۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ یہاں کمزوری سے مراد کمزوری ایمان نہیں بلکہ کمزوری خیال یا کمزوری ابدان ہے۔ یہ کوئی عیب نہیں واقعی جماعت صحابہ میں بیمار، نا توان بوڑھے، بچے بھی تھے اس لیے لوگوں نے یہاں ضعف یا ضَعْفًا کو ضعیف کی جمع فرمایا ہے

marfat.com

اور اسے ضعفا پڑ صاحبے ض اور عین کے بیچ سے۔ **پانچواں اعتراض**۔ کیا پہلے صحابہ قوی تھے بعد میں کمزور ہو گئے کہ پہلے دس کے مقابلہ کرنے کا حکم پھر دوگنے کے مقابل لڑنے کا حکم رہ گیا **جواب**۔ واقعی جب مسلمان تھوڑے اور نہتے تھے۔ تو ان کا توکل رب تعالیٰ پر بہت زیادہ تھا جب تعداد اور آلات اسباب زیادہ ہو گئے تو توکل کا وہ درجہ نہ رہا۔ نیز پھر ان میں بچے بوڑھے بیمار زیادہ شامل ہونے لگے تب آسانی کر دی گئی **چھٹا اعتراض**۔ یہاں فرمایا گیا کہ اللہ نے جان لیا کہ تم میں ضعف ہے تو کیا رب تعالیٰ پہلے بے علم تھا؟ **جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر چکا کہ علم تین طرح کا ہوتا ہے نشئ سے پہلے کہ ایسا ہوگا، شئ کی موجودگی میں کہ ایسا ہو گیا یا ایسا ہے اور شئ کے فنا ہو چکنے کے بعد کہ ایسا ہوا تھا دوسرے علم کو علم ظہور کہتے ہیں وہ ہی یہاں مراد ہیں یعنی اللہ نے دیکھ لیا کہ تم میں ضعف و کمزوری ہے ایک جگہ فرماتا ہے وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ اللہ نے ابھی تک مجاہدین صابرین کو جانا نہیں یعنی دیکھا نہیں یہ بات خیال میں رہے۔

**تفسیر صوفیانہ**۔ انسان بہ لحاظ انسانیت فطری طور پر بے صبرا ہے خُلِقَ الْاِنْسَانُ هَلُوْعًا اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا مگر بہ لحاظ ایمان بہت قوی ہے فرماتا ہے اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عین ایمان ہیں، حضور کی صحبت خاص کی برکت سے خاص صحابہ اول درجہ کے مومن بن گئے ان کا حال یہ ہے کہ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ وہ اپنے توکل تفقہ، اخلاص تام کی وجہ سے بہادری سے بڑھ کر بہادر ہیں۔ وہ ہر ایک سو کافروں پر بھاری ہیں جس کا ظہور بارہا خصوصاً غزوہ حنین میں ہوا کہ حضور انور اور آپ کے ساتھ خاص جانثار ایسی افراتفری کی حالت میں آگے ہی بڑھتے رہے۔ **شعر**

سیمرغ جان ما کہ رمیدہ است از دو کون — منت خدائرا کہ بجا رام مصطفےٰ است

یہاں پہلی آیت میں مظہریت ایمان کی جھلک ہے اور دوسری آیت میں فطرت انسانی کی جلوہ گری حضور انور کے نام میں طاقت ہے ان کی زبان میں طاقت ہے۔ **حکایت**۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی سے فرمایا کہ تم مصر کے حاکم بنو گے۔ یہ صحابہ ایک جنگ میں حاضر ہوئے کفار نے قلعہ کا دروازہ بند کر لیا، مسلمانوں کو محاصرہ میں بہت دشواری ہوئی۔ ان صحابی نے فرمایا کہ مجھے گوپھن میں رکھ کر قلعہ میں پھینک دو، میں انشاء اللہ کفار سے لڑ کر دروازہ کھول دونگا۔ لوگوں نے کہا کہ تم وہاں نہتے اکیلے کیا کرو گے بولے مجھ سے حضور انور نے وعدہ کیا ہے: حکومت مصر کا اور میں ابھی تک وہاں حاکم نہیں بنا ہوں لہٰذا میں ابھی مر نہیں سکتا حاکم بن کر مروں گا۔ اگر میں اب قلعہ میں پھینک دیا گیا تو اگرچہ اکیلا اور نہتہ ہوں

marfat.com

مگر میں مروں گا نہیں بلکہ ماروں گا۔ یہ ہے قوت ایمان۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ اعضا کے ذریعہ رب تک جانا عمل ہے اور دل کے ذریعہ رب تک جانا نیت ہے جب دل کا مقابلہ عمل سے ہو تو دل لب رہے گا۔ کیونکہ دل بادشاہ ہے۔ ارکان رعایا۔ کفار کے پاس صرف اعضاء ظاہری ہیں جن سے وہ لڑتے بھڑتے ہیں مومن کے پاس دل ہے جس سے وہ جہاد کرتا ہے لہذا مومن قوی ہے کافر سے اِنَّ کَیْدَ الشیطان کان ضَعِیْفًا۔ (روح البیان) رب تعالیٰ ہم کو حزب اللہ میں داخل کرے حزب الشیطان سے بچائے۔

| | |
|---|---|
| مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ | |
| نہیں ہے واسطے نبی کے یہ کہ ہوں اس کے لئے قیدی یہاں تک کہ خوب قتل کرے | |
| کسی نبی کو لائق نہیں کہ کافروں کو زندہ قید کرے جب تک زمین میں ہیں ان کا خون نہ | |
| فِي الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ | |
| زمین میں ارادہ کرتے ہو تم سامان کا دنیا کے اور اللہ ارادہ کرتا ہے | |
| بہاوے۔ تم دنیا کا سامان چاہتے ہو اور اللہ آخرت | |
| الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۷﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ | |
| آخرت کا اور اللہ غالب ہے حکمت والا اگر نہ ہوتی تحریر اللہ کی طرف سے | |
| چاہتا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے اگر اللہ پہلے ایک بات نہ لکھ چکا ہوتا | |
| سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۶۸﴾ فَكُلُوْا مِمَّا | |
| گزر چکی تو پہنچتا تم کو اس میں جو لیا تم نے عذاب بڑا پس کھاؤ تم اس میں | |
| تو اے مسلمانوں تم جو کافروں سے بدلہ کا مال لے لیا اس میں تم پر بڑا عذاب | |
| غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۹﴾ ع ۹ ۵ ۵ | |
| سے جو غنیمت پائی تم نے جائز ستھری اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ | |
| آتا تو کھاؤ جو غنیمت تمہیں ملی حلال پاکیزہ اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے | |

تعلق۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق۔ پچھلی آیات میں مومنوں کو جہاد کے احکام بتائے گئے اور اس کی رغبت دی گئی اب جہاد میں فتح ہو جانے کے بعد کے احکام بیان ہو رہے ہیں۔ گو

marfat.com

ابتدائے جہاد کے بعد اس کی انتہا کا ذکر ہے **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں اس جہاد کا ذکر تھا جو گذشتہ نبیوں کے دین میں بھی تھا یہاں الجہاد کے متعلق ایسی چیز کا ذکر ہے جو کسی آسمانی دین میں نہ تھی صرف اسلام میں ہے یعنی قیدیوں سے فدیہ اور مال غنیمت حلال ہونا۔ گویا جہاد کے عمومی احکام بیان فرمانے کے بعد اس کے خصوصی حکم کا ذکر ہے **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں جہاد کا ذکر تھا اب مجاہدین کے فضائل کا تذکرہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے مجاہدین کی غلطیاں معاف فرماتا ہے اور ان کی آفات دور کرتا ہے لولا کتاب الخ اور جہاد کی برکت سے مجاہدین کی غلطیاں خطائیں معاف کرتا ہے۔

**شان نزول**۔ پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ جنگ بدر کے موقع پر مومنین کی خواہش یہ تھی کہ ہم ابوسفیان کا قافلہ پکڑیں اور ان کا مال چھین لیں وہ اس ارادہ سے مدینہ منورہ سے چلے تھے۔ مگر ہوئی جنگ وہ بھی مسلح اور اپنے سے تگنے کفار سے اس کی حکمت بیان کرنے کے لیے پہلی آیت مَا كَانَ لِنَبِيٍّ (الخ) نازل ہوئی کہ بغیر جنگ کے کفار کو قید کر لینا ان کا مال چھین لینا نبی کی شان کے خلاف ہے اس میں ان کی شان ان کی طاقت و قوت ظاہر نہیں ہوتی ۷۰ غزوہ بدر میں ستر کافر مارے گئے اور ستر کافر قید ہوئے۔ ان میں بڑے بڑے سرداران قریش تھے۔ جیسے حضرت عباس، عقیل، ہشام، عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق وغیرہم۔ ان قیدیوں کے متعلق حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے مشورہ کیا کہ ان کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہیئے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آخر یہ لوگ آپ کے ہم قوم ہیں ممکن ہے آگے چل کر یہ مسلمان ہو جاویں، مسلمانوں کو اس وقت روپیہ کی بہت ضرورت ہے لہٰذا ان سے فدیہ لے لیا جاوے اور انہیں چھوڑ دیا جاوے، یہ فدیہ کا روپیہ آئندہ جہادوں کی تیاری میں کام آوے گا۔ حضرت عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ لوگ کفار کے سردار اور کفر کی جڑ ہیں انہوں نے آپ کی ہر طرح مخالفت کی۔ آپ کو مکہ معظمہ سے نکالا۔ ان سب کو قتل کر دیا جائے اور ہم میں سے ہر شخص اپنے عزیز کافر کو قتل کرے چنانچہ آپ جناب عباس کو قتل کریں حضرت علی اپنے بھائی عقیل کو اور میں اپنے ماموں ہشام کو اور جناب ابوبکر اپنے بیٹے عبدالرحمٰن کو۔ جناب عبداللہ بن رواحہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ان تمام قیدیوں کو ایسے جنگل میں داخل کیا جاوے جس میں سوکھے درخت بہت ہوں پھر اس جنگل میں آگ لگا دی جاوے کہ ان میں سے ایک بھی بچ کر نہ جاوے سارے زندہ جل کر راکھ ہو جاویں حضور انور نے خاموشی اختیار فرمائی اور اپنے خیمہ میں تشریف لے گئے کچھ دیر بعد واپس ہوئے ارشاد فرمایا کہ بعض کے دل دودھ سے زیادہ نرم ہوتے ہیں بعض کے دل پہاڑ کی طرح سخت۔ اے ابوبکر تم حضرت ابراہیم و عیسیٰ علیہم السلام کی طرح نرم دل جناب خلیل نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا تھا فَمَنْ تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي وَمَنْ عَصَانِي۔ فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ اور حضرت عیسیٰ نے عرض کیا إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ اور اے عمر تم حضرت نوح علیہ السلام کی طرح کفار

marfat.com

پر سخت ہو کہ انہوں نے عرض کیا تھا رب لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ خدایا زمین میں کوئی کافر گھر والا چھوڑ اور اے ابن ارواحہ تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرح کفار پر سخت گیر ہو کہ انہوں نے فرعون کے متعلق بددعا کی تھی رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ فرما کر حضرت ابوبکر صدیق کی رائے شریف کو ترجیح دی اور تمام قیدیوں کو فدیہ لینے کی کس میں اوقیہ سونا لیکر چھوڑ دینے کا حکم دیا عباس کو چالیس اوقیہ کا حکم دیا میں اپنے اوپر میں عقیل کے ایک اوقیہ چالیس دینار کا ہوتا تھا جس کے پانچ سو روپیہ یا سو اسودام قریبًا ہوتے ہیں (تفسیر کبیر۔ خازن۔ خزائن۔ روح المعانی و بیان وغیرہ) خیال رہے کہ اس موقعہ پر سوا حضرت عمر اور عبداللہ ابن رواحہ کے باقی تمام صحابہ کی رائے فدیہ لیکر چھوڑنے کی تھی حضور انور نے فرما دیا تھا کہ اگر انہیں فدیہ لے کر چھوڑ دیا گیا تو اگلے غزوے میں ستر حضرات تم میں سے شہید ہوں گے۔ ان حضرات صحابہ نے اسے بخوشی منظور کیا تھا کہ ہمارے ستر غازی شہید و جنتی ہوں چنانچہ اگلے غزوہ یعنی احد میں ستر مسلمان شہید ہوئے (تفسیر روح البیان) یہاں تفسیر روح البیان میں ہے کہ ان سب قیدیوں سے فدیہ لیا گیا مگر ابوالعاص اور وہب ابن عمر بغیر فدیہ چھوڑ دیئے گئے۔ اور نضر ابن حارث اور عقبہ ابن ابی معیط قتل کیے گئے۔ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ (روح البیان بحوالہ سیرت حلبیہ) تفسیر۔ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اس فرمان عالی کے دو ترجمے ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ نہیں ہوا کسی نبی کو۔ دوسرے یہ کہ نہیں لائق ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یعنی نبی کی تنوین یا تو تنکیری ہے جس میں سارے نبی داخل ہیں۔ دوسرے یہ کہ تنوین تعظیم کی ہو۔ یعنی نبیوں کے سردار حضور احمد مختار کو لائق نہیں۔ بعض نے فرمایا کہ یہاں اصحاب پوشیدہ ہے یعنی حضور کے صحابہ کو یہ لائق نہیں۔ کیوں کہ اگلی ساری ضمیریں جمع آرہی ہیں تُرِيْدُوْنَ لَمَسَّكُمْ اور اَخَذْتُمْ وغیرہ ابوالدرداء اور ابوحیوۃ کی قراءۃ میں للنبی ہے (روح المعانی اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ یہ عبارت ماکان کا یا تو فاعل ہے یا اسم موخر۔ اسری جمع ہے اسیر کی جیسے جریح کی جمع جرحی اور قتیل کی جمع قتلی پھر اسری کی جمع ہے اُسارٰی یعنی جمع کی جمع حتی یکون کے متعلق ہے۔ یثخن بنا ہے ثخن یا سخانت سے بمعنی گاڑھا۔ غلیظ۔ کثیف ہونا۔ یہاں مراد ہے۔ قتل میں مبالغہ کرنا۔ کفار کو جنگ میں خوب قتل کرنا۔ جس میں مسلمانوں کا رعب اور اسلام کی ہیبت کفار کے دل میں بیٹھ جائے اور آئندہ وہ مسلمانوں کے مقابلہ کی ہمت و جرأت نہ کر سکیں۔ یا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ بدر میں تم نے قید کرنے میں جلدی کیوں کی۔ صرف ستر ہی کیوں قتل کیے اور زیادہ قتل کیوں نہ کیے۔ نبی کی شان یہ ہے کہ پہلے کفار کو اچھی طرح قتل کرے پھر جب ان پر دھاک بیٹھ جائے تب کچھ تو قید کرے یہ مطلب موزوں نہیں کیونکہ بدر میں غازی صحابہ نے کفار کے قتل میں بالکل سستی نہ کی جتنے قتل ہو سکتے تھے اتنے ہی کئے دوسرے یہ کہ تم جو چاہتے تھے کہ جنگ بدر واقع نہ ہو ہم ابوسفیان کے قافلہ پر حملہ کر کے انہیں قید کر لیں ان کا مال ضبط کر لیں یہ نبی کی شان کے لائق نہ تھا اس لیے یہ جنگ کرائی گئی کہ خوب قتل ہو کر کفار قید ہوں شان

marfat.com

اسلام اسی میں ظاہر ہوتی تھی تُرِیْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْیَا یہ فرمان عالی نیا جملہ ہے جس میں آئندہ عتاب کی وجہ بیان ہوئی تریدون میں خطاب نہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اور نہ حضرت ابوبکر صدیق سے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ضروری نہ تھا کہ اپنے ہاتھ سے کفار کو قتل کریں (تفسیر کبیر) اور حضرت ابوبکر صدیق نے جو فدیہ لینے کا مشورہ دیا اس سے مقصود تھا کہ یہ مال آئندہ جہادوں میں کام آئے لہٰذا انہوں نے دنیاوی سامان نہ چاہا۔ بلکہ جہاد کا ارادہ کیا (تفسیر روح البیان) لہٰذا یہ خطاب یا تو ان حضرات سے ہے۔ جو جنگ بدر چاہتے ہی نہ تھے۔ بلکہ ابوسفیان کا قافلہ پکڑنا ان کا مال چھین لینا چاہتے تھے یا ان عام حضرات سے خطاب ہے جو یہ فدیہ لینا اپنی ذات کے لیے چاہتے تھے۔ ان کے حق میں یہ مال دنیاوی سامان تھا۔ یہ بات خوب یاد رکھی جاوے، عرض کے معنی ہیں عارضی چیز جو قریب فنا ہو۔ سامان دنیا کو عرض اس لیے کہتے ہیں کہ وہ قریب الفنا ہوتا ہے جو چیز نفس کے لیے ہے وہ عرض دنیا ہے جو اللہ کے لیے ہے وہ آخرت کا سامان ہے وَاللّٰہُ یُرِیْدُ الْاٰخِرَۃَ اس فرمان عالی کے دو مقصد ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ بجائے قافلہ ابوسفیان کے جنگ واقعہ ہوئی اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ یہ تھا کہ جنگ واقع ہو اور تم کو آخرت میں جہاد و شہادت کا ثواب ملے جو ہمارا ارادہ تھا وہ ہوا اس صورت میں ارادہ اپنے معنی میں ہے۔ دوسرے یہ کہ اس فدیہ لینے میں اے عام صحابہ تم نے دنیا کے سامان کا ارادہ کیا۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند تھی کہ تم کو ثواب آخرت دے اس صورت میں ارادہ بمعنی رضا ہے لہٰذا اس پر یہ اعتراض نہیں کہ اللہ کا ارادہ نہ ہوا مسلمانوں نے فدیہ لے لیا۔ رضا اور ارادہ میں فرق ہے (روح البیان) وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ اللہ تعالیٰ غالب ہے جسے چاہے جس پر چاہے جب چاہے غالب کر دے۔ دیکھ لو اس نے تھوڑے اور بے سامان غازیان بدر کو اتنے بڑے لشکر جرار پر غالب کر دیا، حکمت والا ہے۔ اس موقعہ پر تمہاری تیاری کے بغیر جنگ کرا دینے میں اس کی خاص حکمت ہے جو ابھی بیان کی گئی لَوْلَا کِتٰبٌ مِّنَ اللّٰہِ سَبَقَ اس جگہ یہ آیۃ کریمہ یقیناً بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینے کے متعلق ہے۔ اس میں روئے سخن غازیان بدر سے ہے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی تعلق نہیں جیسا کہ اگلے مضمون سے ظاہر ہے قرآن مجید میں لفظ کتاب بہت معنی میں استعمال ہوا ہے، آسمانی کتاب جیسے یا اھل الکتاب۔ قرآن مجید جیسے ہذا کتاب انزلناہ مبارک غلام کو مکاتب کرنا وَالَّذِیْنَ یَبْتَغُوْنَ الْکِتٰبَ مِمَّا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ فَکَاتِبُوْھُمْ لکھنا۔ تحریری حکم وغیرہ یہاں کتاب آخری معنی میں ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا تحریر حکم نہ ہو چکا ہوتا یا بمعنی لکھنا یعنی اگر اللہ تعالیٰ پہلے یہ نہ لکھ چکا ہوتا۔ ظاہر یہ ہے کہ لکھنے سے مراد لوح محفوظ میں لکھنا ہو اور ہو سکتا ہے کہ گذشتہ آسمانی کتب کی تحریر مراد ہو۔ ممکن ہے کہ قرآن مجید کی تحریر مراد ہو پھر اس میں گفتگو ہے کہ کونسی تحریر مراد ہے یا یہ فرمان

marfat.com

مراد ہے مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ جن میں حضور انور جلوہ گر ہوں انہیں عذاب نہ دیگا یا یہ کہ بدر کے غازیوں کو عذاب نہ دے گا وہ سب معفور ہیں یا یہ کہ اجتہادی غلطی پر عذاب نہ دے گا بلکہ اس پر ثواب عطا فرمائے گا۔ یا یہ کہ صریحی ممانعت فرمائے بغیر کسی کو عذاب نہ دیگا اس کے متعلق اور بہت قول ہیں دیکھو تفسیر روح المعانی۔ کبیر۔ بیان۔ خازن وغیرہ۔ یہ ہی مقام لَمَسَّكُمْ فِيْمَا اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ یہ فرمانِ عالی لولا کی جزا ہے لمسکم اور اخذتم میں خطاب غازیان بدر سے ہے یعنی تم نے جو فدیہ کا مال لے لیا۔ یا جس کے لینے کا فیصلہ کر لیا اس پر تم کو سخت عذاب دیا جاتا۔ عذاب اس وجہ سے ہوتا کہ تم نے بغیر وحی کا انتظار کیے ہوئے اتنا بڑا کام جو از آدم علیہ السلام تا عیسیٰ علیہ السلام کسی نبی کے صحابہ بلکہ ان کی امتوں نے نہ کیا یعنی فدیہ لے کر قیدیوں کو چھوڑنا تم وحی کا انتظار کرتے ہم براہ راست اس کی اجازت دیتے پھر تم لیتے۔ آخر رب نے قانون یہ ہی بنایا فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاءً نیز یہ مال فدیہ حرام نہ کیا گیا بلکہ حلال رہا چنانچہ امام محی السنت نے روایت کی کہ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی تو غازیان بدر نے چاہا کہ لیے ہوئے فدیہ کو ہاتھ نہ لگائیں۔ کیونکہ یہ ناجائز ذریعہ سے حاصل ہوا ہے تب یہ آیت نازل ہوئی فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا۔ ..... (روح المعانی خازن) یہ عبارت ایک پوشیدہ شرط کی جزا ہے۔ اگر تم اس فدیہ کا حکم معلوم کرنا چاہتے ہو تو کھاؤ لہٰذا جزائیہ ہے کلو بنا ہے اکل سے بمعنی کھانا مگر مراد ہے مطلقاً استعمال کرنا۔ کھانا ہو یا پینا یا پہننا یا کسی اور طرح استعمال کرنا۔ لَآ تَاْكُلُوْا الرِّبٰوا مَا غَنِمْتُمْ سے مراد یہ ہی فدیہ کا مال ہے جس کے متعلق صحابہ کرام کو تردد ہوا تھا۔ فرمایا گیا کہ یہ بھی مال غنیمت ہے جیسے اور غنیمتیں تمہارے لیے حلال ہیں۔ ایسے ہی فدیہ کا مال بھی۔ دوسری غنیمتیں مراد نہیں۔ کیونکہ ان کا حلال ہونا تو اس آیت میں بیان ہوا وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ الخ نیز اسلام میں سب سے پہلے غنیمت وہ تھی جو غزوہ بدر سے پہلے کفار سے حاصل کی گئی اور حضور نے صحابہ میں تقسیم فرمائی۔ چنانچہ حضور انور نے حضرت عبداللہ ابن جحش کی سرکردگی میں مہاجرین کی جماعت بدر اولیٰ کے موقعہ پر کفار کے مقابل بھیجی۔ یہ لوگ کفار قریش کے ایک قافلے پر حملہ کر کے ان کا مال چھین لائے اور وہ مال تقسیم کیا گیا وہ پہلی غنیمت تھی (روح البیان) لہٰذا اس آیت میں فدیہ ہی مراد ہے اسے حلال فرما کر یہ بتایا گیا کہ تمہارا یہ عمل یعنی فدیہ لے لینا جرم نہیں! ورنہ فدیہ حرام ہوتا۔ چوری جوا۔ رشوت حرام کام ہیں تو ان سے حاصل کیا ہوا پیسہ بھی حرام ہی ہوتا ہے۔ طیب فرما کر یہ بتایا کہ اس فدیہ میں حرمت کا شبہ بھی نہیں۔ یہ فدیہ شریعت کو محبوب و مرغوب ہے وَاتَّقُوا اللّٰهَ اس فرمان عالی کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ آئندہ تقویٰ و پرہیزگاری اختیار کرو۔ دوسرے یہ کہ اس فدیہ کو حلال و طیب جانو۔ اللہ سے خوف کرو۔ اسے حرام نہ جانو۔ کیونکہ حلال کو حرام سمجھنا تقویٰ کے خلاف ہے۔

marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اس آیت کو مغفرت اور رحمت کے ذکر پر ختم فرمایا۔ اس کی مغفرت تو یہ ہوئی کہ فدیہ لینے میں جلدی کرنا۔ وحی کا انتظار نہ کرنا خطاء غلطی تھا جو معاف کر دیا گیا۔ رحمت یہ ہوئی کہ آئندہ کے لیے فدیہ لینا جائز کر دیا گیا کہ آئندہ قیدی آویں تو بے دھڑک ان سے فدیہ لے کر چھوڑ سکتے ہو۔ اب تم کو وحی کی ضرورت نہ ہوا کرے گی (روح المعانی) **خلاصۂ تفسیر**۔ یہ تینوں آیتیں یا تو فدیہ کے متعلق ہیں یا پہلی آیت کا تعلق اس سے ہے۔ کچھ مسلمانوں نے بدر کی جنگ سے پہلے چاہا تھا کہ جنگ نہ ہو ابوسفیان کا قافلہ پکڑ لیا جاوے اور باقی دو آیتیں فدیہ لینے کے متعلق ہیں۔ فقیر کے نزدیک دوسرا احتمال قوی ہے اس کا ہم خلاصہ عرض کرتے ہیں اے مسلمانو! نبی کی شان سے یہ بات بعید ہے کہ بغیر جنگ کچھ کفار کو قیدی کرے اور ان کا مال غنیمت بنائے کیونکہ اس میں پیغمبر کی شان ظاہر نہیں ہوتی۔ لوگ کہہ سکتے ہیں کہ کفار بے سامان اور تھوڑے تھے نبی کے ساتھی زیادہ اس لیے ایسا ہوا۔ نبی کی شان یہ ہے کہ اولاً خوب جنگ کریں اور کفار کو اچھی طرح قتل کریں پھر بعد میں انہیں قید کریں، جس سے ان کی دھاک اسلام کا رعب کفار پر بیٹھ جاوے جیسا کہ اب ہوا کہ بدر میں ستر سرداران کفر مارے گئے پھر تم نے انہیں قید کیا تم لوگ صرف دنیاوی سامان چاہتے تھے یعنی بغیر لڑے مال مل جانا۔ مگر ہمارا ارادہ تھا کہ تم کو آخرت کی نعمتیں بخشیں کہ تم غازی بنو تم میں سے چودہ آدمی شہید ہوں اور تمہارا رعب کفار پر چھا جائے۔ اللہ تعالیٰ غالب بھی ہے کہ اس نے تم بے سامان تھوڑوں کو بہت بڑے اور ہتھیار بند کفار پر غالب کر دیا۔ اور حکمت والا بھی ہے۔ یہاں تفسیر خازن نے فرمایا کہ جہاد میں سارے کافروں کو قتل کرنا ضروری نہیں اتنے کفار کا قتل ضروری ہے جس سے کفار پر مسلمانوں کا رعب چھا جائے وہ حضرات صحابہ نے بدر میں اچھی طرح کر لیا۔ لہٰذا انخان یا گیا۔ اب فدیہ کے متعلق ارشاد ہوتا ہے کہ اے غازیان بدر تم نے وحی الٰہی کا انتظار کئے بغیر کفار سے فدیہ لینے کا فیصلہ کر لیا۔ بعض سے لے لیا اور بعض کو حکم دے دیا کہ مکہ معظمہ سے اپنا فدیہ منگاؤ۔ اور چھوٹ جاؤ۔ یہ تم نے خطا اجتہادی کی۔ ہمارا فیصلہ ہو چکا ہے کہ غازیان بدر کو ہرگز عذاب نہ دیں گے نیز جس قوم میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوں اس پر عذاب نہ آوے گا۔ نیز خطا اجتہادی پر عذاب نہ ہوگا۔ اگر یہ فیصلہ نہ ہو چکا ہوتا تو تم پر عذاب آجاتا۔ خیر یہ تو جو ہوا وہ ہوا اب سن لو کہ تمہارا فدیہ لے لینے کا فیصلہ حرام نہیں تاکہ فدیہ کا مال تم پر حرام نہ ہو جائے تمہارا یہ کام درست ہوا صرف ہوا یہ کہ تم نے اس میں جلدی کی ہماری وحی کا انتظار نہ کیا (روح المعانی) (زیر قولہ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ) لہٰذا فدیہ کا حاصل کیا ہوا مال تمہارے لیے حلال بھی ہے طیب بھی۔ اسے اچھی طرح کھاؤ پیو کہ یہ مال غنیمت ہے۔ جیسے تمہارے لیے غنیمت حلال کر دی گئی ویسے ہی فدیہ حلال کر دیا گیا۔ آئندہ تقویٰ و پرہیزگاری اختیار کرو اللہ تعالیٰ غفور بھی ہے کہ اس نے تمہاری اس جلدی کی خطا کو معاف کر دیا۔ رحمت یہ ہے کہ آئندہ کے لیے فدیہ لینا بالکل

marfat.com

مباح فرمادیا اب کسی قسم کے انتظار کی ضرورت نہ ہوا کرے گی۔

**فائدے۔** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ۔** ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی حکمت ہوتی ہے۔ ہماری سمجھ میں آئے یا نہ آئے۔ اس پر اعتراض نہیں کرنا چاہیئے یہ فائدہ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ۔ سے حاصل ہوا کہ مسلمان اس پر خوش تھے کہ بغیر لڑے بھڑے ابوسفیان کا قافلہ کیوں ان کا مال چھین لیں مگر ہوا یہ کہ یہ لوگ غازی شہید مجاہد بہادر بنے اور ان کا رعب کفار پر چھا گیا یہ سب کچھ جنگ ہونے سے ہوا۔ **دوسرا فائدہ۔** نبی بڑے بہادر بڑے دلیر ہوتے ہیں بزدلی نبوت کی شان سے بعید ہے رب تعالیٰ ان کی جرأت و ہمت لوگوں پر ظاہر کرنا چاہتا ہے یہ فائدہ حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر **تیسرا فائدہ** نبی کی شان ان کی عظمت کفار کے قتل سے ظاہر ہوتی ہے ایک شاعر کہتا ہے۔

لَا يُسْلِمُ الْمُسْلِمُ شَرَفَ الرَّفِيْعِ مِنَ الْاَذٰى حَتّٰى يُرَاقَ عَلٰى جَوَانِبِهِ الدَّمُ

نبی کی عظمت ظاہر کرنے کے لیے کفار کی جماعتوں کا قتل کرایا گیا۔ عظمت نبی بڑی اہم چیز ہے۔ دیکھو حضرت یوسف کے دامن سے غلامیت کا دھبہ دور کرنے کے لیے رب تعالیٰ نے جہاں بھر میں سات سال کی عام قحط سالی بھیجی۔ جب ان کے دامن سے یہ داغ دور کر دیا تب بارش بھیجی۔ **چوتھا فائدہ۔** حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اسلام میں بڑی شان ہے کہ بہت دفعہ قرآنی آیات اسلامی احکام آپ کی رائے کے مطابق آئے۔ یہ آیت بھی ان ہی آیات میں سے ہے۔ جو حضرت عمر کی رائے کے مطابق آئیں۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر اس موقعہ پر عذاب آتا تو عمر اس سے بچ جاتے (کتب احادیث و تفسیر کبیر و خازن و معانی وغیرہ) **پانچواں فائدہ۔** بزرگوں کی خطا چھوٹوں کے لیے عطا کا ذریعہ بن جاتی ہے دیکھو حضرت ابوبکر صدیق کی رائے پر بدر کے قیدی فدیہ لے کر چھوڑے گئے نتیجہ یہ ہوا کہ ان میں سے اکثر مومن بلکہ صحابی بنے ان سب پر حضرت صدیق اکبر کا احسان ہوا۔ حتی کہ حضرت عباس، حضرت عبدالرحمٰن ابن ابی بکر، حضرت عقیل بن ابی طالب جیسے حضرات جو آسمان ایمان کے چمکتے ہوئے تارے ہیں ان پر حضرت صدیق کا احسان ہے تمام دنیا کا ظہور حضرت آدم علیہ السلام کی ایک لغزش یعنی گندم کھانے کا نتیجہ ہے۔ **چھٹا فائدہ۔** اصحاب بدر کے سارے جنتی ہیں اسے دنیا یا آخرت میں عذاب نہیں ہو سکتا۔ یہ فائدہ لَوْلَا كِتٰبٌ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ کتاب سے مراد رب تعالیٰ کا فیصلہ ہو جو بدر والوں کے جنتی ہونے کے متعلق ہوا کہ لوح محفوظ میں ان کو جنتی لکھ دیا گیا مسلم بخاری وغیرہما میں حضرت حاطب ابن ابی بلتعہ کے قصہ میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر سے فرمایا کہ حاطب کو قتل نہ کرو تمہیں کیا خبر کہ رب تعالیٰ نے بدر والوں سے فرمادیا ہے کہ تم جو چاہو کرو ہم نے تم کو بخش دیا (روح المعانی) ساتواں فائدہ اجتہادی معاف ہے

marfat.com

مجتہد کو غلطی پر پکڑا نہیں جاتا بلکہ اجتہاد کرنے کا اجر ملتا ہے۔ یہ فائدہ بھی لَوْلَا کِتٰبٌ مِّنَ اللّٰہِ۔ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اس سے مراد ہو رب تعالیٰ کا یہ فیصلہ کہ مجتہد کو غلطی اجتہادی پر پکڑا نہ جاوے گا۔ لہٰذا حضرت امیر معاویہ، حضرت عائشہ صدیقہ اور ان کی جماعت والوں پر کوئی عتاب نہیں آٹھواں فائدہ۔ حضور انور کا تشریف فرما ہونا۔ عذاب الٰہی سے امن ہے جو ان کے دامن میں ہے یا قیامت میں ہوگا دہ کونین کے عذاب سے محفوظ ہے یہ فائدہ بھی لَوْلَا کِتٰبٌ مِّنَ اللّٰہِ کی تیسری تفسیر سے حاصل ہوا۔ جب کہ اس سے مراد رب تعالیٰ کا یہ فیصلہ ہو کہ مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ وَاَنْتَ فِیْھِمْ تو وہ حضرت صدیق و فاروق جو پہلوئے رسول میں گنبد خضرا کے اندر سو رہے ہیں ان کے مراتب کا کیا پوچھنا۔

نواں فائدہ۔ بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینا انہیں چھوڑ دینا شرعاً بالکل جائز تھا اس پر کوئی سرزنش نہیں یہ فائدہ فَکُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے فدیہ کے مال کو غنیمت کہا اسے حلال و طیب فرمایا۔ جو شئی حرام ذریعہ سے حاصل ہو وہ طیب نہیں بلکہ خبیث ہے، جیسے چوری، رشوت۔ سود کے ذریعہ سے حاصل کیا ہوا مال اگر ذریعہ حرام ہو تو مال بھی حرام ہو جاتا ہے۔ عتاب کس چیز پر ہوا انشاء اللہ اس کا ذکر ابھی سوال و جواب میں کیا جاوے گا دسواں فائدہ۔ اللہ تعالیٰ کے ارادہ۔ رضاء حکم میں فرق ہے یہ ناممکن ہے کہ اللہ کے ارادے کے خلاف ہو جاوے۔ ہاں رضاء الٰہی امر الٰہی کے خلاف دن رات ہوتا رہتا ہے یہ فائدہ وَاللّٰہُ یُرِیْدُ الْاٰخِرَۃَ سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر۔

**اعتراضات۔ پہلا اعتراض۔** پہلی آیت سے معلوم ہوا کہ بدر میں مسلمانوں نے کفار کو خوب قتل نہ کیا بلکہ گرفتار کرنے کی کوشش کی مال کے لالچ میں، اس میں حضور انور کی توہین ہوئی کہ آپ پر عتاب آیا مَا کَانَ لِنَبِیٍّ (الخ ... (روافض) **جواب۔** اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ اگر آیت کریمہ کا وہ مطلب ہو جو آپ نے بیان کیا تو حضرت علی بھی اس کی زد میں آجائیں گے کہ وہ بھی بدر میں شریک تھے انہوں نے خوب قتل کیوں نہ کیئے۔ ان کو علیحدہ کرنے کی کونسی آیت لاؤ گے۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ قوی یہ ہے کہ یہ پہلی آیت فدیہ کے متعلق ہے ہی نہیں بلکہ اس کا تعلق بدر کے واقعہ سے پہلے سے ہے جبکہ عام صحابہ کی منشا یہ تھی کہ ہم کو غیر یعنی قافلہ ابو سفیان مل جائے جس سے بغیر محنت مال اور قیدی ہاتھ آجاویں، اس کے متعلق یہ ارشاد ہوا اس کی تفسیر وہ آیت ہے وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَیْرَ ذَاتِ الشَّوْکَۃِ تَکُوْنُ لَکُمْ اس آرزو کی وجہ ظاہر ہے کہ وہ حضرات مدینہ منورہ سے جنگ کی تیاری کر کے نہ چلے تھے، ابھی ہم تفسیر خازن کے حوالہ سے تفسیر میں عرض کر چکے ہیں کہ جہاد میں سارے کافروں کا قتل واجب نہیں جتنا قتل چاہیئے تھا وہ حضرات صحابہ بدر میں کر چکے تھے، لہٰذا اس آیت میں فدیہ لینے یا قیدیوں کو چھوڑنے

marfat.com

کا ذکر نہیں ہے اس کا ذکر اگلی دو آیتوں میں ہے خیال رہے کہ اس خطاب میں حضور انور داخل نہیں ہیں۔ حضور انور پر جہاد کا انتظام تھا۔ قتل کفار آپ کے ذمہ تھا ہی نہیں دیکھو تفسیر کبیر یہ ہی آیت۔ اس سے معلوم ہے کہ حضور انور کے تمام جہادوں میں ایک ہزار آٹھ کافر ہلاک ہوئے۔ جن میں ایک شخص خلف ابن امیہ کو حضور انور نے اپنے دست اقدس سے قتل کیا۔ اس کی وجہ بھی یہ تھی کہ ہجرت سے پہلے اس نے ایک بار حضور انور سے کہا تھا اور تلوار دکھائی تھی کہ میں نے یہ تلوار اے محمد آپ کے قتل کے لیے تیار کی ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ انشاء اللہ اسی تلوار سے تو میرے ہاتھ سے دوزخ میں پہنچے گا۔ لہٰذا اس آیت میں حضور پر کوئی عتاب نہیں اسی واسطے آگے جمع کے صیغے ارشاد ہیں۔ **دوسرا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرام طالب دنیا تھے۔ دیکھو رب نے تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا فرمایا۔ **جواب**۔ اس اعتراض کے بھی دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ اگر اس کا مقصد وہ ہی ہے جو تم نے کہا تو اس کی زد سے حضرت علی کیسے بچیں گے جواب تحقیقی یہ ہے کہ نہ تو دنیا بری ہے نہ دنیا کا سامان بُرا اللہ نے سب کچھ مسلمانوں کے لیے پیدا فرمایا فرماتا ہے قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ آیت کا مقصد یہ ہے کہ تم فقط دنیاوی سامان اور قیدی چاہتے تھے رب چاہتا تھا کہ تمہیں یہ بھی دے اور جہاد و شہادت کا ثواب بھی بخشے تم محبوب کے جو ہوئے ہم سے خوب لو۔ دونوں ہاتھوں سے لو۔ طالب دنیا وہ ہے جو دین کے عوض دنیا لے صحابہ کرام سے یہ ثابت نہیں۔ **تیسرا اعتراض**۔ تم نے کہا کہ نہ تو فدیہ ناجائز تھا نہ اس کا لینا جرم تھا۔ اگر یہ درست ہے تو صحابہ کرام پر اتنا سخت عتاب کس قصور پر ہوا کہ اگر فیصلۂ الٰہی نہ ہو چکا ہوتا تو تم کو بڑا عذاب پہنچتا بے قصور کو عذاب کیسا۔ **جواب**۔ عتاب کی وجہ ہم ابھی تفسیر میں بحوالہ روح المعانی عرض کر چکے۔ وہ فرماتے ہیں مِنْ اِسْتِبَاحَةِ الْغَنَائِمِ قَبْلَ وُرُوْدِ الْاِذْنِ ... کہ ان حضرات نے وحی الٰہی کا انتظار نہیں کیا اسے اور غنیمت پر قیاس کر کے مباح سمجھ لیا۔ مقصد الٰہی ہے کہ از زمانہ آدم تا زمانہ عیسٰی علیہما السلام کفار قیدیوں سے فدیہ کسی نبی کی شریعت میں جائز نہ ہوا تم نے اتنا بڑا کام صرف قیاس سے کیوں کر لیا۔ ہمارا حکم آنے پر کیا ہوتا کہ کوئی دین والا تم پر اعتراض نہ کرتا اگر کرتا تو ہم پر کرتا۔ اچھا اب ہم یہ ہی قانون جاری کرتے ہیں کہ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاءً۔ کہ آئندہ تم کفار قیدیوں پر یا احسان کر کے چھوڑ دیا کرو یا فدیہ لے کر سبحان اللہ اس سے تو ان کی محبوبیت کا پتہ لگتا ہے۔ خیال رہے کہ لولا کتبٌ من اللہ سبق الخ فرمان ایسا ہی ہے جیسے اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ نہ خدا تعالیٰ کے اولاد ہونا ممکن نہ حضور کا اس کی عبادت کرنا ممکن۔ ایسے ہی نہ تو رب تعالیٰ کی تحریر کا بدلنا ممکن ہے نہ اصحاب بدر پر عذاب الٰہی آنا ممکن اللہ کے وعدوں کا خلاف ہونا ایسا ہی ناممکن ہے جیسے دو معبود ہونا

marfat.com

ان حضرات سے جنتی ہونے کا وعدہ فرمایا گیا۔ **چوتھا اعتراض**۔ حدیث شریف میں ہے کہ اس موقعہ پر حضور انور نے فرمایا کہ اگر عذاب الٰہی آتا تو عمر اس سے بچ جاتے معلوم ہوا کہ حضور پر بھی عذاب آجاتا صرف حضرت عمر بچتے (بعض بے دین) **جواب**۔ اس حدیث میں روئے سخن صحابہ سے ہے ایسے موقع پر متکلم علیحدہ ہوتا ہے یعنی تمام وہ صحابہ جنہوں نے فدیہ لینے کی رائے دی وہ مبتلا ہو جاتے ہیں چونکہ حضرت عمر نے یہ رائے نہ دی تھی وہ محفوظ رہتے۔ اس حدیث میں ناممکن کو ناممکن پر معلق کیا گیا ہے عذاب آنا ممکن ہی نہ تھا۔

**پانچواں اعتراض**۔ حدیث شریف میں ہے کہ اس آیت کے نزول پر حضرت ابوبکر صدیق اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بہت روئے ظاہر ہے کہ آپ کا رونا فدیہ لینے کی وجہ سے تھا جو گناہ تھا معلوم ہوتا ہے کہ حضور نے بھی گناہ کیا آپ معصوم نہ تھے (از کبیر) **جواب**۔ یہ گریہ وزاری خوفِ عذاب سے نہ تھی بلکہ خوفِ خدا سے تھی اور یہ خوف کمال ایمان کی دلیل ہے ایمان جس قدر قوی اسی قدر خوف خدا زیادہ۔ عذاب کا تو احتمال بھی نہ تھا۔ **خیال رہے** کہ عصمت انبیا کے منکرین اس آیت سے بھی دلیل پکڑتے ہیں۔ ان کے مکمل جوابات اپنی کتاب قہر کبریا بر منکرینِ عصمتِ انبیا میں دیے گئے۔ وہاں مطالعہ کرو۔ نیز معصوم اور محفوظ کا فرق بھی وہاں ہی دیکھو۔ اور جس قدر یہاں ذکر کیا گیا عاقل کے لیے کافی ہے۔ گناہ، خطاء۔ اور خطا اجتہادی میں بڑا فرق ہے یہاں خطا اجتہادی ہے گناہ نہیں۔

**تفسیر صوفیانہ**۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپکے صدقہ آپ کی امت کو بعض نعمتیں ایسی بخشی ہیں جو آپ سے پہلے کسی نبی یا کسی امت کو عطا نہ ہوئیں۔ جیسے مالِ غنیمت کا حلال ہونا۔ فدیہ کا جائز ہونا۔ فدیہ کی ابتداء جنگ بدر کے قیدیوں سے ہوئی۔ منشاء الٰہی یہ تھا کہ اتنا بڑا کام یعنی فدیہ کا جائز ہونا جو اس سے پہلے کبھی نہ ہوا ہماری طرف سے ہو نہ کہ صرف صحابہ کے اجتہاد سے۔ ساتھ ہی منشاء یہ بھی تھا کہ ان صحابہ کا احسان ان تمام قیدیوں پر ہو جو ان کے اجتہاد کے ذریعہ رہائی پائیں۔ یہ منشاء بھی تھا کہ قیدیوں کا ایمان لانا ان کا صحابی بننا۔ اسلام کی خدمات کرنا لوح محفوظ میں لکھا جا چکا تھا۔ ان کے ایمان کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ اس کا ظہور ان صحابہ کے ذریعہ سے ہوا۔ ان وجوہ سے یہ واقعہ ہوا ان آیات میں صورۃً عتاب ہے۔ حقیقۃً رحمت وکرم۔ حضور انور کی عظمت کبھی جلال سے ظاہر ہوتی ہے کبھی جمال سے۔ سورج کی عظمت سردیوں میں ٹھنڈک سے ظاہر ہوتی ہے گرمیوں میں تپش سے۔ فرمایا گیا کہ جہادوں میں نبی کی عظمت قتل کفار سے ظاہر ہونی چاہیئے دوسرے حالات میں رحم وکرم سے۔ یہاں فرمایا جا رہا ہے کہ اے مسلمانو! یہ وقت تھا جلال کے ذریعہ عظمت رسول دکھانا اس حالت میں فدیہ لیکر چھوڑ دینا اس میں جمال کی جھلک آگئی جو بے موقع ہوئی۔ اس لیے تم پر عتاب ہوا۔ ساتھ ہی حضور کی شان یہ ہے کہ جس قوم میں محبوب ہوں وہاں غیبی عذاب نہ آئے۔ اس لیے تم پر

marfat.com

پر عذاب نہ آیا۔ اس میں جمالی طور پر عظمت مصطفےٰ کا ظہور ہے یہ آیت کریمہ جلال و جمال کی جامع ہے جلال و جمال دونوں ہی حضور کی رحمت ہیں۔ سردی گرمی دونوں موسم سورج کے ذریعہ رب کی رحمت ہے مہربان طبیب کے دونوں کام اپریشن کرنا پھر مرہم رکھنا دونوں اس کی رحمت ہیں۔ اپریشن جلالی مرہم جمالی مگر اپریشن کے وقت مرہم نہ رکھو کہ اس میں جلال میں جمال کا خلط ہے پھر ارشاد ہوا کہ چونکہ اس فدیہ میں حضور انور کی رائے شریف شامل ہے۔ اس لیے یہ تمہارے لیے غنیمت ہے۔ حلال ہے طیب تم اسے بے تکلف کھاؤ۔ ان کے نام سے چیز کی بلکہ انسان کی کایا پلٹ جاتی۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ

اے نبی فرمادو ان لوگوں سے جو تمہارے قبضے میں ہیں یعنی قیدی لوگ اگر چاہے

اے غیب کی خبر بتانے والے جو قیدی تمہارے ہاتھ میں ہیں ان سے فرما دو اگر اللہ نے تمہارے

يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ

گا اللہ دلوں میں تمہاری بھلائی تو دے گا تم کو اچھا اس سے جو لیا گیا

دلوں میں بھلائی جانی تو جو تم سے لیا گیا اس سے بہتر تمہیں عطا فرمائے گا ... اور تمہیں

مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ

تم سے اور بخش دے گا تم کو اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر

بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اے محبوب

يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ

کریں ارادہ وہ لوگ دھوکہ کا تم سے پس وہ خیانت کر چکے اللہ سے اس سے پہلے پس قبضہ

اگر وہ تم سے دغا چاہیں گے تو اس سے پہلے اللہ کی خیانت کر چکے ہیں جس پر اس نے

مِنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

دے دیا ان میں سے بعض پر اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

اتنے تمہارے قابو میں دے دیے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

marfat.com

**تعلق**۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیات میں بدر کے قیدیوں سے فدیہ کا وہ فائدہ بیان ہوا جو مسلمانوں کو پہنچا یعنی انکا حلال ہونا طیب ہونا مال غنیمت ہونا غازیوں کے لیے مباح ہونا۔ اب اس فدیہ کے اس فائدہ کا ذکر ہے جو خود فدیہ دینے والے قیدی کفار کو پہنچے گا۔ کہ اگر وہ مومن ہو جاویں جو حضور انور سے وعدہ وفائی کریں یعنی آئندہ ان کو اس فدیہ سے کہیں زیادہ مال دنیا میں عطا فرمایا جانا۔ آخرت میں بخشش گناہ گویا فدیہ کے نفع کا ذکر پہلے تھا اور دوسرے نفع کا ذکر اب ہے۔ **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ان کفار قیدی پر اظہار جلال تھا۔ اب ان پر اظہار جمال۔ گویا زخم کا ذکر وہاں تھا مرہم کا ذکر اب یہاں ہے یعنی ان کی جان بخشی کا ذکر پہلے ہوا اب ان میں بعض کے لیے ایمان بخشی مال بخشی۔ گناہ بخشی کا ذکر یہاں ہے **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیتہ میں ان غازی مسلمانوں کی تسلی تشفی کی گئی جنہوں نے کفار بدر سے فدیہ لیا کہ فرمایا گیا فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ الخ اب بدر کے ان قیدیوں کی تسلی تشفی کی جارہی ہے جنہوں نے مسلمانوں کو بادلِ ناخواستہ فدیہ دیا کہ مت گھبراؤ تمہیں اس سے زیادہ دیں گے (تفسیر کبیر)

**شان نزول**۔ کفار مکہ نے بدر کی طرف چلتے وقت دس شخصوں کے ذمہ ساری فوج کا کھانا ڈالا تھا کہ مکہ معظمہ لوٹنے وقت تک باری باری سے فوج کو کھانا دیں۔ ان میں ایک حضرت عباس ابن عبدالمطلب بھی تھے آپ مکہ معظمہ سے اپنے ساتھ بیس اوقیہ سونا لے کر چلے تھے اسی خرچ کے لیے ان میں سے نو شخصوں نے اپنی اپنی باری پر فوج کو کھانا دیا۔ خاص غزوۂ بدر کے دن حضرت عباس کے کھانا دینے کی باری تھی کہ معاملہ درہم برہم ہو گیا ستر کافر مارے گئے ستر قید ہوئے ان میں آپ بھی تھے جو قید ہوئے۔ آپ کا بیس اوقیہ سونا مال غنیمت میں مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔ جب ان قیدیوں کو فدیہ دینے کا حکم ہوا تو فی کس بیس اوقیہ چاندی یعنی چالیس درہم فدیہ مقرر ہوا مگر حضرت عباس کے ذمہ ساٹھ یا اسی اوقیہ فدیہ کیا گیا۔ ایک فدیہ ان کا دوسرے ان کے بھتیجے عقیل ابن ابی طالب کا تیسرا ان کے بھتیجے نوفل ابن حارث کا بلکہ بعض روایات کی بنا چوتھا فدیہ ان کے حلیف عتبہ ابن عمر کا (روح المعانی) پہلے تو حضرت عباس نے اتنے بھارے فدیہ دینے میں بہت پس و پیش کیا جب کچھ نہ بنا تو عرض کیا کہ وہ بیس اوقیہ سونا جو مال غنیمت میں مجھ سے چھین لیا گیا ہے وہ اس فدیہ میں کاٹ لیا جاوے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہرگز نہیں وہ سونا تو تم ہمارے مقابل فوج کو کھانا دینے ان کی مدد کرنے کے لیے لائے تھے وہ ہم کو رب نے دیا ہے فدیہ میں نہ گنے گا۔ حضرت عباس نے سرد آہ بھر کر کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اب اپنے چچا یعنی مجھ سے مکہ کی گلیوں میں بھیک منگواؤ گے میرے پاس کچھ بھی نہیں جو فدیہ دوں۔ حضور انور نے فرمایا کہ چچا جان وہ سونا کہاں ہے جو تم نے ام الفضل کو دیا تھا۔ اور ان سے کہا تھا کہ اگر میں جنگ میں مارا جاؤں تو یہ سونا تمہارا

اور میرے بچوں۔ قثم۔ عبداللہ۔ فضل اور عبید اللہ کا ہے۔ آپ حیران ہو کر بولے یہ خبر آپ کو کس نے دی میں نے تو وہ سونا اندھیری رات میں تنہائی میں دیا تھا۔ فرمایا میرے رب نے خبر دی۔ حضرت عباس اسی وقت دل میں ایمان لے آئے اس موقعہ پر یہ آیت نازل ہوئی (تفسیر کبیر۔ خازن۔ بیضاوی۔ معانی۔ روح المعانی) حضرت عباس نے یہ واقعہ عقیل اور نوفل سے بیان کیا وہ بھی دل میں ایمان لے آئے۔

تفسیر۔ یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّمَنْ فِیْٓ اَیْدِیْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓی چونکہ اس آیت کریمہ میں دو شاندار غیبی خبریں حضور انور کے ذریعے دی گئی ہیں۔ جن میں سے ایک کا تعلق دنیا سے ہے دوسری کا تعلق آخرت سے ہے۔ اس لیے پہلے حضور انور کو نبی کے خطاب سے پکارا یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کے احکام کی خبریں دینے والا لطف یہ ہے کہ اس آیت میں نداء اور قل میں خطاب ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ایدیکم میں خطاب ہے غازیانِ بدر سے اور قُلُوْبِكُمْ وَّيَهْدِكُمْ وغیرہ میں خطاب ہے بدر کے قیدیوں سے ایدی جمع ہے ید کی بمعنی قبضہ۔ ید قرآن مجید میں بہت معنیٰ میں استعمال ہوا ہے یہاں بمعنی قبضہ۔ اسٰری جمع ہے اسیر کی بمعنی قیدی یعنی اے غیبی خبر دینے والے محبوب بدر کے سارے قیدیوں سے یا جناب عباس۔ عقیل۔ نوفل وغیرہ سے فرما دو جو آپ کا علم غیب آزما چکے فرما دو جو ابھی آپ کے صحابہ کے قبضے میں ہیں جن کو فدیہ ادا کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے اور انہوں نے سخت مجبوری سے قبول کر لیا اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰهُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ خَیْرًا یہ فرمان عالی قل کا مقولہ ہے اس میں اِنْ شک کرنے کے لیے نہیں بلکہ شک لانے کے لیے ہے۔ یعلم میں علم سے مراد ظہور ہے یا علم بمعنی دیکھنا ہے کسی خبر کا اور دیکھنا کسی شے کا اس کے پیدا ہونے ظاہر ہونے کے بعد ہوتا ہے اگر اس فرمان عالی میں خطاب حضرت عباس وغیرہ ہم ان حضرات سے ہے جو بدر میں ایمان لا چکے تھے تو خبر سے مراد ہے ایمان پر قائم رہنا اور اگر دوسرے قیدیوں سے بھی خطاب ہے تو خبر سے مراد ایمان تقویٰ۔ ایمان دل میں رہتا ہے زبانی کلمہ ظاہری نیکیاں منافقین بھی کر لیتے تھے اس لیے یہاں قُلُوْبِكُمْ ارشاد ہوا یُؤْتِكُمْ خَیْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ..... یہ فرمان عالی جزا ہے اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰهُ (الخ) ــ کی یُؤْتِ کا فاعل رب تعالیٰ ہے کُمْ میں خطاب بدر کے قیدیوں سے ہے جن سے فدیہ لیا گیا۔ یہاں خیر سے مراد ہے بہت سا اور بہت برکت والا حلال طیب مال آخرت کی خیر کا ذکر آگے آ رہا ہے مما اخذ میں ما سے مراد وہ فدیہ ہے جو ان سے وصول کیا گیا۔ رب تعالیٰ نے اپنا یہ وعدہ پورا فرما دیا جیسا کہ خلاصہ تفسیر میں عرض کیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ یہ فرمان عالی معطوف ہے یُؤْتِكُمْ (الخ) پر اس میں دوسرے انعام کا ذکر ہے جس کا تعلق آخرت سے ہے یغفر کا مفعول ارشاد نہیں ہوا۔ جس سے معلوم ہوا کہ ان کے سارے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔ بدعقیدگیاں ہوں یا بدعملیاں۔ گناہ صغیرہ ہوں یا گناہ کبیرہ۔ نئے ہوں یا پرانے۔

marfat.com

کھلے ہوں یا چھپے۔ غرضکہ اس ایک فرمان میں بہت وسعت ہے لکم میں لام نفع کا ہے کہ مغفرت میں بندے کا ہی نفع ہے وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اس فرمان عالی میں مذکورہ دو انعاموں کی دو وجہیں بیان ہوئیں یعنی چونکہ رب تعالیٰ کی مغفرت تمہارے گناہوں سے زیادہ ہے کہ تم عاصی ہو وہ مغفور ہے تمہیں گناہ کرنا آتا ہے اسے بہت ہی بخشنا آتا ہے لہٰذا وہ تمہارے سب کے سب گناہ معاف فرما دے گا۔ چونکہ وہ رحیم بھی ہے اس لیے تمہیں فدیہ سے کہیں زیادہ مال عطا فرمائے گا۔ تم اس کی عطاؤں پر تعجب نہ کرو وَاِنْ یُّرِیْدُوْا خِیَانَتَکَ اس فرمان عالی میں تصویر کا دوسرا رخ دکھایا گیا یُرِیْدُوْا کا فاعل وہ ہی بدر کے قیدی ہیں جن کو فدیہ ادا کرنے کا حکم دیا گیا خیانت مقابل ہے امانت کا۔ اس سے کیا مراد ہے اس میں چند قول ہیں ع۱ اس سے مراد دین میں خیانت ہے یعنی اگر یہ لوگ یہاں کلمہ پڑھ کر جا رہے ہیں لیکن اگر ان کی نیت اس کلمہ سے دھوکا دینا ہو کہ مکہ معظمہ پہنچ کر پھر کافر بن جاویں ع۲ خیانت سے مراد مالی خیانت یعنی یہاں سے وعدہ کر کے جا رہے ہیں کہ ہم فدیہ کا مال مکہ معظمہ جا کر بھیج دیں گے مگر نہ بھیجیں یہاں سے دھوکا دے کر چلے جائیں ع۳ حضور انور نے ان کفار کو فدیہ کا بھی حکم دیا اور ان سے عہد لیا کہ آئندہ کبھی ہمارے مقابل کفار کی حمایت نہ کرنا ہم سے جنگ نہ کرنا یعنی اگر وہ اس عہد و پیمان میں خیانت کرنے ارادہ کریں بدعہدی کریں بہ ہر حال خیانت سے مراد یا خیانت ایمان ہے یا خیانت عہد و پیمان یا خیانت مالی۔ فَقَدْ خَانُوا اللّٰہَ مِنْ قَبْلُ۔ یہ فرمان عالی اِنْ یُّرِیْدُوْا (۱ ع ۲) کی جزا نہیں اس کی جزا پوشیدہ ہے یعنی تو آپ غم نہ کریں۔ اس کی علت یہ ہے لہٰذا اس میں ف تعلیلیہ ہے یعنی کیونکہ وہ اس سے پہلے اللہ سے خیانت کر چکے ہیں اس خیانت سے مراد بدعہدی ہے اس عہد سے مراد یا تو میثاق کے دن کا عہد ہے کہ یہ سب رب سے ایمان لانے کا عہد کر کے دنیا میں آئے مگر ایمان نہ لائے یا مراد وہ عہد و پیمان ہے جو وہ دریا کے سفروں کی مصیبت میں پھنس کر رب سے عہد کرتے تھے لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ ھٰذِہٖ لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الشّٰکِرِیْنَ۔ یا اولاد کی دعا مانگتے وقت کرتے تھے یعنی لَئِنْ اٰتَیْتَنَا صَالِحًا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الشّٰکِرِیْنَ۔ خدایا دریا سے ہم کو اگر تو نجات دے دے تو ہم آئندہ شاکر بندے بن کر رہیں گے یا اگر تو ہم کو نیک بچہ دے تو ہم نیک کار بن کر زندگی گذاریں گے۔ مگر رہائی پانے یا اولاد ملنے پر پھر کافر رہتے تھے (تفسیر کبیر) خلاصہ یہ ہے کہ جب یہ لوگ یعنی کفار مکہ رب تعالیٰ سے بدعہدی کرنے سے نہیں چوکتے۔ تو اگر آپ سے بدعہدی کریں۔ تو آپ غم کیوں کریں۔ بدعہدی تو ان کی عادت ہے فَاَمْکَنَ مِنْھُمْ اس فرمان عالی میں ایک لطیف اشارہ ہے اور خفیہ وعدہ اس میں ف ایک پوشیدہ شرط کی جزا ہے یعنی جب انہوں نے خیانت کرنے کی عادت ڈال لی تو رب نے ان پر مومنوں کو قابو دے دیا امکن بنا ہے مکنتہ سے بمعنی قدرت یا قابو امکن کے معنی ہیں قابو دے دیا۔ اس کا فاعل رب تعالیٰ ہے

marfat.com

مفعول پوشیدہ امکنک یا امکن المومنین منہم من بعضیت کا ہے اور ہو سکتا ہے کہ من زائدہ ہو اور ھم امکن کا دوسرا مفعول ہو یعنی اللہ نے تم کو ان پر قابو دے دیا مقصد یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے بدر میں مسلمانوں کو کفار پر قابو دے دیا ایسے ہی اگر یہ آئندہ خیانت کریں گے تو ہم انہیں تمہارے قابو میں دیں گے پھر تم انہیں قتل و قید کرو گے۔ رب نے اپنا وعدہ پورا فرما دیا جیسا کہ تاریخ اسلام شاہد ہے یہ جملہ مومنوں کے لیے وعدہ ہے کفار کے لیے وَعِيْدٌ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ اللہ تعالیٰ علم والا بھی ہے اس سے کفار کی خیانت مسلمانوں کی امانت چھپی ہوئی نہیں اور حکمت والا بھی۔ اگر خیانت والوں کو ڈھیل دیدے تو اس میں حکمت ہے

**خلاصہ تفسیر**۔ اے مخلوق کو خالق کے احکام کی غیبی چیزوں کی خبر دینے والے محبوب آپ بطور عنایت و کرم ان قیدیوں کو خوش خبری بھی دے دیں اور ڈرا بھی دیں جن سے فدیہ وصول کیا گیا۔ خوش خبری تو یہ دیں اگر یہ لوگ اپنے عہد پر قائم رہے جو مسلمان ہو چکے ہیں وہ اسلام پر ڈٹے رہے جو آپ سے فدیہ کا یا آپ کے مقابل کفار کی مدد نہ کرنے کا وعدہ کر رہے ہیں اس پر قایم رہے اللہ تعالیٰ کو انہوں نے وعدہ وفا کر کے دکھا دیا تو ان سے دو انعاموں کا وعدہ کرتے ہیں ایک کا دنیا میں دوسرے کا آخرت میں۔ دنیا میں انعام یہ ہوگا کہ جتنا فدیہ تم سے لیا گیا ہے اس سے کہیں زیادہ تم کو عطا ہوگا۔ آخرت میں یہ کہ تمہارے سارے گناہ چھوٹے بڑے نئے پرانے یاد اور بھولے ہوئے بخش دیئے جائیں گے۔ ہم غفور بھی ہیں رحیم بھی تمہارے گناہوں سے ہماری رحمت کہیں زیادہ ہے۔ فرماتے ہیں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو رب تعالیٰ کا دنیاوی انعام تو میں نے دیکھ لیا ہے کہ مجھ سے بیس اوقیہ فدیہ میرے وصول کیے گئے تھے آج میرے پاس بیس غلام ہیں۔ جن میں سے ادنیٰ درجہ کا غلام بیس ہزار روپیہ کی تجارت کرتا ہے۔ اور مجھے رب نے چاہ زمزم عطا فرمایا جو مجھے تمام مکہ کے مالوں سے زیادہ عزیز ہے۔ ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بحرین سے اسی ہزار درہم آئے حضور انور نے وضو فرمایا اور نماز سے پہلے وہ سب تقسیم فرما دیا حضرت عباس کو فرمایا کہ اس قدر درہم کی گٹھڑی باندھو جتنی اٹھا کر لے جا سکو لے جاؤ۔ یہ ہے يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ کی تفسیر اور اے محبوب اگر یہ لوگ آپ سے خیانت یعنی بدعہدی کریں کہ یہاں سے کلمہ پڑھ کر جائیں مکہ پہنچ کر کافر ہو جائیں یا یہاں آپ سے غیر جانب دار رہنے کا وعدہ کر کے جائیں وہاں جا کر پھر کفار کی مدد کریں۔ آپ کے مقابلہ میں تو آپ غم نہ کریں یہ تو رب تعالیٰ سے بھی بدعہدی کرتے رہتے ہیں۔ جب سمندر کے تھپیڑوں میں پھنستے ہیں تو کہتے ہیں خدایا ہمیں اس سے نجات دے ہم مومن ہو جائیں گے۔ جب اولاد مانگتے ہیں تو کہتے ہیں خدا اگر تو ہمیں صحیح سالم بچہ دے تو ہم بندہ شاکر بنیں گے۔ مگر کام نکلتے ہی پھر کافر کے کافر رہتے ہیں ایسوں کی بدعہدی کا غم کیا کرنا مگر وہ بھی یاد رکھیں کہ ہم نے بدر میں انہیں مسلمانوں کے قابو میں دے دیا

marfat.com

اگر پھر بدعہدی کریں گے تو ہم پھر انہیں مسلمانوں کے قابو میں دے دیں گے۔ اللہ تعالیٰ علم والا بھی ہے حکمت والا بھی، اسے ان کی ساری حرکتوں کا علم ہے، ڈھیل میں بڑی حکمت ہے۔

**فائدے**۔ ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر دور و نزدیک دن رات اندھیرے اجالے ہر جگہ دیکھ لیتی ہے آپ کی نگاہ کے لیے کوئی چیز آڑ نہیں۔ یہ فائدہ اس آیت کے شان نزول سے حاصل ہوا کہ حضرت عباس نے مکہ معظمہ میں رات کے اندھیرے میں گھر کی چار دیواری میں جو سونا اپنی بیوی ام الفضل کو دیا حضور انور نے مدینہ سے وہ واقعہ ملاحظہ فرمالیا اسی نور نظر کو دیکھ کر حضرت عباس ایمان لے آئے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ تم جو گھروں میں کھاتے بچاتے ہو میں بتا سکتا ہوں۔ یہ تھی نگاہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور یہ ہے قوت نگاہ محمدی، حضور فرماتے ہیں کہ جب کسی مومن سے اس کی بیوی لڑتی ہے تو جنت سے حور پکارتی ہے کہ اس سے مت لڑ یہ تیرے پاس مہمان ہے عنقریب ہمارے پاس آنے والا ہے۔ یہ ہے حور کی نظر تو اللہ کے نور کی نظر کا کیا کہنا۔ حضور انور نے دو قبروں کے متعلق فرمایا کہ ان دونوں پر قبروں میں عذاب ہو رہا ہے ان میں سے ایک چغل خور تھا دوسرا پیشاب کی چھینٹوں سے نہ بچتا تھا ہے نظر پاک مصطفیٰ (مشکوٰۃ شریف) **دوسرا فائدہ**۔ حضرت عباس فتح مکہ کے دن مومنین میں سے ہیں آپ بدر کے دن اس موقعہ پر ایمان لائے مگر اپنے ایمان کا اعلان آپ نے فتح مکہ کے دن کیا۔ رب کا ارادہ یہ تھا کہ آپ مکہ معظمہ کے خاتم المہاجرین ہوں۔ آپ سے راہ مدینہ میں حضور نے ملاقات کی، جبکہ آپ مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ جا رہے تھے۔ حضور معہ لشکر فتح مکہ کے لیے آ رہے تھے۔ جیسے امیر معاویہ عمرہ قضا میں ایمان لا چکے تھے۔ فتح مکہ کے دن اپنے ایمان کا اظہار کیا۔ دیکھو ہماری کتاب امیر معاویہ۔ **تیسرا فائدہ** مبارک ہے وہ قید و بند جس کے ذریعہ ایمان مل جاوے۔ حضرت عباس بڑے خوش نصیب ہیں ان کے لیے جنگ میں آنا قید ہونا ان کے ایمان کی حمایت کا ذریعہ بنا۔ **چوتھا فائدہ**۔ غزوہ بدر میں جیسے غازیان بدر بڑے درجے والے ہیں۔ ایسے ہی ان میں وہ قید ہونے والے بھی بڑے خوش نصیب ہیں جو مومن ہو گئے حضرات صحابہ بدر کے غازی ہیں وہ لوگ بدر کے مومن کہ ان سے رب نے فدیہ سے بڑھ کر عطا کا وعدہ بھی فرمایا اور مغفرت کا بھی۔ یہ فائدہ يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ (الخ) سے حاصل ہوا مگر جو کفار اس غزوہ میں مارے گئے وہ بدترین خلائق ہیں۔ جیسے ابوجہل اور امیہ ابن خلف وغیرہ۔ بدر نے کسی کو بہترین بنا دیا کسی کو بدترین۔ **پانچواں فائدہ**۔ کفار کا حرام مال جب غزوہ میں غازیوں کو ملے تو وہ غنیمت اور ان کے لیے حلال ہو جاتا ہے۔ یہ فائدہ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ سے حاصل

marfat.com

ہوا کہ رب نے اپنی عطا کو ان کے دیئے ہوئے فدیہ سے خیر فرمایا یعنی تمہارا فدیہ مسلمانوں کے لیے اچھا ہے حلال ہے تم کو اس سے اچھا دیا جائے گا۔ **چھٹا فائدہ**۔ انسان کسی حالت میں اپنے کو رب تعالیٰ کی پکڑ سے محفوظ نہ جانے نہ معلوم رب کسی وقت کس طرح پکڑے۔ یہ فائدہ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ سے حاصل ہوا یعنی رب نے انہیں تمہارے قابو میں دے دیا۔

**پہلا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا (الخ) اِنْ شک کے لیے آتا ہے اور یعلم ہے مستقبل اللہ تعالیٰ یقیناً ہمیشہ سے سب کچھ جانتا ہے پھر اس کے علم کے لیے شک یا مستقبل کیسا۔ **جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر چکا کہ یہاں ان شک دلانے کے لیے ہے نہ کہ رب تعالیٰ کے شک کے لیے اور علم سے مراد دیکھنا ہے۔ یعنی دیکھ کر جاننا وہ واقعی آئندہ بھی ہوگا۔

**دوسرا اعتراض**۔ اس آیت میں خطاب کفار مکہ سے ہے جو بدر میں قید ہوئے کافر کے دل میں خیر نہیں ہوتی پھر یہ کیوں ارشاد ہوا کہ اگر اللہ تمہارے دل میں خیر جانے گا۔ **جواب**۔ یہ آیت ان قیدیوں کے متعلق آئی جو حضور کا علم غیب دیکھ کر مومن ہو چکے تھے۔ جیسے حضرت عباس۔ عقیل وغیرہم۔ خیر سے مراد دین پر استقامت ہے یعنی اگر تم مکہ معظمہ پہنچ کر ایمان پر قائم رہے مرتد نہ ہو گئے لہٰذا آیت واضح ہے۔ **تیسرا اعتراض**۔ یہاں آگے ارشاد ہوا عقیل وغیرہ يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ تم کو اس سے بہتر دیا جاوے گا۔ جو تم سے لیا گیا۔ اس خیر سے کونسی خیر مراد ہے ابھی تو خیر سے مراد دین پر استقامت تھی۔ **جواب**۔ اس خیر سے مراد جزیہ کے مال سے زیادہ مال اور بابرکت مال ہے۔ اور اگر اس میں دارین کی عزت بھی داخل ہو تو ہو سکتی ہے۔ **چوتھا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا کہ اگر کفار آپ سے خیانت کریں۔ کفار حضور سے خیانت کیا کر سکتے تھے حضور انور نے تو کبھی ان کے پاس مال امانت نہیں رکھا۔ **جواب**۔ یہاں خیانت بمعنیٰ دغا ہے اس میں خطاب ان قیدی کفار سے ہے جنہوں نے بدر میں حضور انور سے وعدہ کیا تھا کہ ہم کبھی آپ کے خلاف کسی جنگ میں شرکت نہ کریں گے۔ مقصود یہ ہے اگر یہ لوگ اپنا یہ وعدہ پورا نہ کریں تو آپ غمگین نہ ہوں یہ تو رب تعالیٰ سے خلاف وعدہ کرتے نہیں چوکتے۔

**تفسیر صوفیانہ**۔ اللہ والوں کے ہر کام میں حکمت ربانی ہوتی ہے حضرت عباس واقعہ بدر سے پہلے ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتے تھے۔ اسلام سے رغبت رکھتے تھے۔ مگر آپ کے کفار مکہ پر قرضے تھے جو سارے مکہ بلکہ علاقے میں پھیلے ہوئے تھے۔ آپ کو خیال تھا کہ اگر میں مسلمان ہو گیا تو میرا اتنا قرضہ اس کا سود سب مارا جائے گا۔ اس خیال میں رہے کہ بدر کا واقعہ پیش آیا۔ یہاں ان کے دل میں ایمان خوب جم گیا اب آپ مکہ مکرمہ میں حضور انور کی جاسوسی کرتے تھے۔ کفار مکہ کے ارادے خیالات سے

marfat.com

حضور انور کو خبریں بھیجتے رہتے تھے۔ فتح مکہ کے دن ایمان کا اعلان کیا اور خاتم المہاجرین کا لقب پایا۔
(از روح البیان) اس سے پتہ لگا کہ جو شخص دنیا کی قید سے رہائی چاہے وہ ایمان و اخلاص اختیار کرے۔ رب غالب ہے مخلوق مغلوب اس ایمان و اخلاص کی برکت سے رب اسے دنیا سے بہتر خیر عطا فرمائے گا۔ یعنی اسے ذکر اللہ تقویٰ کی توفیق دنیا میں اور جنت کی نعمتیں رب کا دیدار حضور انور احمد مختار کا قرب آخرت میں عطا فرمائے گا۔ دنیا اور اس کی نعمتیں فانی ہیں۔ آخرت اعلیٰ نعمتیں باقی۔ دنیا کو آخرت کا فدیہ بناؤ۔ صوفیا فرماتے ہیں کہ سات چیزوں کی اتباع سات چیزیں پیدا کرتی ہیں۔ نفس کی اتباع ندامت کو فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ۔ ہوی کی اتباع رب سے دوری کا۔ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ۔ شہوات کی اتباع کفر کا۔ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا۔ فرعون کی متابعت سے دنیا میں غرق آخرت میں حرق وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ گمراہ سرداروں کی اتباع سے حسرت يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ شیطان کی اتباع سے دوزخ۔ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ حضور کی اتباع سے اللہ تعالیٰ کی محبوبیت ہے فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (روح البیان) حضرت عباس کو حضور انور کی اتباع سے رب تعالیٰ کی محبوبیت نصیب ہوئی

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ

تحقیق وہ لوگ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور جہاد کیا انہوں نے اپنے مالوں کے

بیشک جو ایمان لائے اور اللہ کے لیے گھر بار چھوڑے اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور

اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا

اور اپنی جانوں کے اللہ کے راستہ میں اور وہ لوگ جگہ دی جنہوں نے اور امداد دی

جانوں سے لڑے اور جنہوں نے جگہ دی اور مدد کی وہ ایک دوسرے کے

اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ

یہ لوگ بعض ان کے وارث ہیں بعض کے اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نہ

وارث ہیں اور وہ جو ایمان لائے اور ہجرت

يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى

ہجرت کی انہوں نے نہیں ہے واسطے تمہارے ان کی میراث سے کوئی چیز کہ ہجرت کریں

نہ کی تمہیں ان کا ترک کچھ نہیں پہنچتا جب تک ہجرت نہ کریں

marfat.com

يُهَاجِرُوا ۚ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ

وہ اور اگر مدد مانگیں وہ تم سے دین میں پس لازم ہے اوپر

اور اگر وہ دین میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر مدد دینا

النَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ ۗ

تمہارے مدد مگر اوپر ایسی قوم کے کہ درمیان تمہارے اور درمیان ان کے عہد و پیمان ہے

واجب ہے مگر ایسی قوم پر کہ تم میں ان میں معاہدہ ہے اور

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٧٢﴾

اور۔اللہ اسے جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔

اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔

**تعلق**۔اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح کا تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**۔پچھلی آیات میں بتایا گیا کہ مومن و کافر اگرچہ رشتہ دار ہوں مگر بے تعلق ہیں۔کیوں کہ رشتہ ایمانی قوی ہے اور رشتہ جسمانی ضعیف۔دیکھ لو بدر کے یہ واقعات۔اب ارشاد ہو رہا ہے کہ دو مومن اگرچہ اجنبی ہوں ان کا آپس میں کوئی رشتہ نہ ہو۔مگر وہ رشتہ دار قریبی ہیں جیسے مکہ معظمہ کے مہاجرین اور مدینہ منورہ کے انصار کہ وہ جسمانی لحاظ سے غیر تھے مگر ایک زمانہ میں ایک دوسرے کے وارث بنا دیئے گئے۔ **دوسرا تعلق**۔پچھلی آیت میں خائن کفار اور ان کی خیانتوں کی برائیاں بیان ہوئیں فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ الخ اب وفا شعار انصار کی وفاداریاں اور ان کے انعام کا ذکر ہے گویا بے وفائی کے بعد وفاداری کا اور بے وفاؤں کے بعد وفاداروں کا تذکرہ ہے۔ **تیسرا تعلق**۔پچھلی آیت کے آخر میں ارشاد ہوا کہ اللہ تعالیٰ علم والا بھی ہے حکمت والا بھی اب ارشاد ہو رہا ہے کہ اے مکہ والے مہاجرو اس نے تمہارے رشتہ دار کفار کو تم سے توڑ دیا اور اجنبی انصار کو تم سے جوڑ دیا اس میں بھی اس کی حکمت ہے گویا علم و حکمت کے دعوے کے بعد اس کا ثبوت دیا جا رہا ہے

**نزول**۔جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے سرزمین مدینہ کو اپنے قدم سے عزت بخشی تو بہت سے مکہ کے مسلمان ہجرت کر کے مدینہ منورہ آنے لگے۔ادھر انصار مدینہ نے ان مہمانوں کی ایسی شاندار دائمی مہمانداری کی جس کی مثال آسمان نے نہ دیکھی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان مہاجرین

marfat.com

اور انصار میں عقدِ مواخات قائم فرمادیا کہ فلاں مہاجر فلاں انصاری کا بھائی اور فلاں مہاجر فلاں کا بھائی اس مصطفوی بھائی چارہ کی بنا پر ان حضرات کی میراث جاری ہوئی۔ یعنی مہاجر کا انصاری بھائی اس کی میراث لیتا تھا اور انصاری کی میراث اس کا مہاجر بھائی حصہ پاتا تھا۔ غیر مہاجر رشتہ دار مہاجر کی میراث سے حصہ نہیں پاتا تھا۔ یہ حکم فتح مکہ تک جاری رہا۔ پھر فتح پر چونکہ وہ ہجرت ہی بند ہوگئی لہٰذا یہ حکم بھی منسوخ ہوگیا۔ اس کی ناسخ وہ اگلی آیت ہے وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ یہ ہی قول ہے سیدنا عبداللہ بن عباس حسن بصری۔ مجاہد۔ قتادہ اور عام مفسرین کا۔ جمہور علماء اسی طرف گئے ہیں (روح المعانی۔ کبیر۔ خازن وغیرہ) اس آیت میں اس مذکورہ میراث کا ذکر ہے اور یہ آیت منسوخ ہے۔

**تفسیر**۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ چونکہ مہاجرین افضل ہیں انصار سے جیسا کہ ہم انشاءاللہ فوائد میں عرض کریں گے۔ اس لیئے پہلے ان کا ذکر ہوا بعد میں انصار کا۔ یہاں الذین سے صرف وہ مہاجرین مکہ مراد ہیں جو فتح مکہ تک مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرتے رہے خواہ براہ راست مکہ سے مدینہ منورہ پہنچ گئے ہوں خواہ مکہ معظمہ سے حبشہ وغیرہ کی طرف پہلے گئے ہوں۔ پھر بعد میں وہاں سے مدینہ منورہ بہرحال ہوں مہاجر مدینہ کیونکہ انصار صرف مدینہ منورہ میں تھے انہیں سے عقدِ مواخاۃ یعنی بھائی چارہ کرایا گیا۔ اس جملہ میں ان کی چار صفات مذکور ہیں۔ پہلے ایمان کیونکہ ایمان کے بغیر کوئی عبادت ہجرت۔ جہاد وغیرہ معتبر نہیں پھر ہجرت یعنی ہجرت مدینہ منورہ کی طرف کیونکہ اس وقت میراث کی شرطیں دو تھیں ایمان اور ہجرت رہا جہاد یہ شرط میراث نہیں۔ یہاں اس کا ذکر ان حضرات کی تعریف و توصیف کے لیے ہے۔ مال سے جہاد یہ ہے کہ مجاہد کو سامان جہاد دیا جاوے۔ اور جہاد بالنفس یہ ہے کہ خود جہاد میں شرکت کی جاوے خواہ جنگ کرے یا جنگ کرنے والوں کی خدمت کرے لہٰذا اس میں مقاتلین اور ان کی مرہم پٹی کرنے والے۔ ان کا کھانا وغیرہ پکانے والے۔ ان کی پشت پناہی کرنے والے سب ہی مجاہد بالنفس یعنی جانی جہاد کرنے والے ہیں۔ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فرما کر فرمایا کہ جنگ ملک یا مال حاصل کرنے کے لیے نہ ہو رضاءِ الٰہی اور دینِ مصطفوی پھیلانے کے لیئے ہو۔ آپس میں مسلمان نہ لڑیں کہ وہ جہاد نہیں فساد ہے۔ جیسا کہ آجکل عموماً مسلمان زن زر زمین عزت کے لیے آپس میں لڑتے بھڑتے رہتے ہیں۔ خیال رہے کہ فی سبیل اللہ کا تعلق دونوں جہادوں سے ہے جہاد بالمال سے بھی اور جہاد بالنفس سے بھی چونکہ جہاد بالمال آسان بھی ہے اور ہلکا بھی اس لیے اس کا ذکر پہلے فرمایا اور جہاد بالنفس دشوار بھی ہے اور جہاد بالمال سے سخت ہے اس لیے اس کا ذکر بعد میں ہوا یعنی ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی ہے (روح المعانی) وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا یہ انصارِ مدینہ کا ذکر ہے اس میں ان کے دو صفات بیان ہوئے ایک مہاجرین کو

marfat.com

اپنے ہاں پناہ دینا انہیں اپنا دائمی مہمان بنالینا دوسرے ہر طرح ان کی کفار کے مقابلہ مدد کرنا۔ ان کے ساتھ ہر طرح ہر مشکل میں شریک ہونا۔ چونکہ مہاجرین کو جگہ دینا پہلے ہوا اور مدد کرنا بعد میں اس لیے پہلے پناہ کا ذکر ہوا بعد میں نصرت کا۔ خیال رہے کہ اگرچہ بادشاہ حبشہ نے بھی مہاجرین کو پناہ دی مگر وہ انصار میں داخل نہ ہوا نہ اس کے احکام ہوئے۔ کیونکہ اس نے شخصی حیثیت سے یہ خدمت کی۔ انصار نے قومی حیثیت سے نیز مہاجرین کا قیام حبشہ میں عارضی ہوا۔ مگر مدینہ منورہ میں دائمی طور پر اس لیے انہی کو انصار کہا گیا انہیں کے فضائل اور احکام ہوئے۔ انصار دو قبیلے تھے اوس اور خزرج۔ یہ حضرات جناب آمنہ والدہ رسول اللہ کے ننھالی رشتہ دار تھے۔ اس بنا پر حضرت عبداللہ مدینہ منورہ گئے اور وہاں بیمار ہو گئے وہاں ہی وفات پائی وہاں ہی محلہ عبداللہ میں آپ کی قبر ہے اور اس رشتہ کی بنا پر جناب آمنہ حضور انور کو لے کر مدینہ منورہ گئیں۔ وہاں سے واپس مکہ معظمہ آرہی تھیں کہ راستہ میں مقام ابواء میں آپ کی وفات ہو گئی۔ وہاں ہی قبر انور ہے حضور کو وہاں سے ہی مکہ معظمہ لایا گیا۔ یہ بات یاد رکھنی چاہئے۔ ان قبیلوں کا نام انصار ہوا کیونکہ انہوں نے دین اسلام اور صحابہ کرام بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شاندار مدد ہر طرح کی۔ یہ لفظ یہاں سے لیا گیا نصرو ا۔ اٰوَوْ بنا ہے اٰوٰی سے بمعنیٰ پناہ اسی سے ہے ماوٰی بمعنیٰ پناہ گاہ۔ **نکتہ**۔ مہاجرین کی ہجرت جہاد بالمال اور جہاد بالنفس کے بعد انصار کی مدد کا ذکر فرما کر یہ بتایا گیا کہ انہوں نے مہاجرین کی عبادت ہجرت جہاد وغیرہ میں مدد کی۔ اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۔ یہ جملہ نیا ہے۔ اس میں اولئک پہلا مبتداء ہے اور بعضہم دوسرا اولیاء بعض خبر۔ اولئک سے اشارہ ان دونوں مذکورہ جماعتوں کی طرف ہے مہاجرین وانصار۔ یوں ہی بعضہم میں ہم کی ضمیر دونوں کی طرف ہے اولیا جمع ہے ولی کی جو ولایت یا ولی بمعنی قرب سے بنا۔ یہاں قرب سے مراد قرابت نسبتی نہیں بلکہ قرابت وراثت ہے یہ ہی قول ہے حضرت ابن عباس مجاہد وغیرہم کا اور عام مفسرین کا۔ یعنی یہ مہاجرین وانصار ایک دوسرے کے وارث ہیں۔ کہ مہاجر اپنے بھائی انصاری اور انصاری اپنے بھائی مہاجر کا وارث ہے۔ جس کو حضور انور نے بھائی بنا دیا تھا اس بنا پر یہ آیت میراث کی آیت سے منسوخ ہے امام اعظم نے فرمایا کہ یہاں اولیا بمعنی وارث نہیں بلکہ بمعنی مددگار ہے اور آیت محکم ہے معنی یہ ہیں کہ مہاجرین وانصار بعض بعض کے یار و مددگار ہیں۔ لیکن یہ معنی اگلے مضمون کے خلاف ہیں دیکھو آگے ولایت کی نفی ہے مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۔ اور نصرت و مدد کا ثبوت ہے فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ جس سے پتہ لگا کہ یہاں ولایت بمعنی مدد نہیں بمعنی وراثت ہے (روح المعانی) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا۔ یہ تیسرے کا دوسرا رخ ہے اس میں ان حضرات کا ذکر ہے جو مکہ معظمہ میں ایمان تو قبول کر چکے مگر مجبوراً یا بلا مجبوری وہاں ہی رہے۔ وہاں سے مدینہ منورہ کو ہجرت نہ کی گویا ان

marfat.com

میں میراث کی ایک شرط نہ پائی گئی یعنی ہجرت۔ ان کا کوئی رشتہ دار مسلمان ہو کر مدینہ منورہ آگیا یہ یہاں وفات پاگیا تو مَالَهُمْ مِنْ وَّلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا یہ عبارت وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی خبر ہے لہم کا مرجع۔ وہ غیر مہاجر مومن ہیں۔ یہاں ولایت سے مراد یقیناً میراث ہی ہے نہ کہ نصرت و مدد یا محبت مِنْ شَيْءٍ میں من بعضیت کا ہے۔ حتی اسی نفی کی انتہا بیان کرنے کے لیے ہے یعنی غیر مہاجر مومن کو اپنے مہاجر قرابت کی میراث قطعاً نہیں ملے گی۔ تاوقتیکہ وہ خود ہجرت کر کے مدینہ منورہ نہ پہنچ جائے۔ یہ حکم منسوخ ہو گیا۔ اب مسلمان اپنے مسلمان قرابت دار کا وارث ہوگا۔ خواہ کسی ملک میں ہو بشرطیکہ کوئی مانع نہ ہو جیسے قتل یا غلام ہونا۔ دیکھو ہماری کتاب علم میراث۔ قوی یہ ہے کہ ولایت واؤ کے کسرہ سے ہے ولایت واؤ کے فتحہ سے دونوں ہم معنیٰ ہیں بعض لوگوں نے کہا کہ ولایت واؤ کے فتحہ سے نسبتی قرب اور ولایت واؤ کے فتحہ سے بادشاہ کا رعایا پر حکومت اسی سے ہے والی جیسے امارۃ سے امیر ایسے ہی ولایت سے ولی (روح المعانی) اس فرمان سے شبہ ہوتا تھا کہ شاید مہاجر مومن کا غیر مہاجر مومن سے کوئی تعلق ہی نہیں۔ غیر مہاجر جیسی مصیبت میں ہوں مہاجر ان سے بے تعلق رہیں اس وہم کو دفع فرمانے کے لیئے ارشاد ہوا وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِى الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ ۔ یعنی اگر غیر مہاجر مسلمان کفار سے لڑ پڑیں یا کفار ان پر ظلم کریں اور وہ تم سے مدد مانگیں ان کافروں کے مقابلہ میں تو اے مہاجرو تم پر لازم ہے کہ ان کی مدد کفار کے مقابلہ میں ضرور کرو۔ کفار کی قید کا خیال رہے اگر غیر مہاجر مومنین آپس میں ہی لڑ پڑیں تو تم کسی کی مدد نہ کرو بلکہ ان میں صلح کرا دو۔ یوں ہی اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۔ یعنی اگر غیر مہاجر مومنین کسی ایسی کافر قوم سے لڑیں جن سے تمہارا معاہدہ ہے کہ تم ان کے مقابل ان کے دشمن کی مدد نہ کرو گے تو اب تم ان غیر مہاجرین کی مدد نہ کرو۔ کہ اس میں بدعہدی ہے بلکہ اس صورت میں ان میں صلح کی کوشش کرو وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ان تمام احکام پر عمل کرو ہم تمہارے کاموں کو دیکھ رہے ہیں۔ ہماری قائم کردہ حدود نہ توڑو۔

**خلاصہ تفسیر**۔ اس آیت کریمہ میں مومنوں کی تین جماعتوں کا ذکر ہوا۔ مہاجرین۔ انصار۔ غیر مہاجر مومنین۔ چنانچہ ارشاد ہوا کہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی اور اپنے مالوں جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔ دوسری جماعت وہ جنہوں نے ان مہاجرین کو اپنے ہاں جگہ دی انہیں اپنا دائمی مہمان بنایا۔ ان کی ہجرت اور جہادوں میں ان کی ہر طرح مدد کی یعنی مدینہ منورہ کے دو قبیلے اوس اور خزرج جن کا نام انصار ہوا یعنی اللہ رسول دین اور مہاجرین کے مددگار۔ یہ دونوں جماعتیں ایک دوسرے کی وارث ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس مہاجر کو جس انصاری کا بھائی بنا دیا وہ ہی آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہو گئے۔ اگرچہ ان کی آپس میں نسبی رشتہ داری نہیں ہے وہ لوگ جو مکہ معظمہ میں ایمان

marfat.com

تولائے مگر عذر سے یا بے عذر مدینہ منورہ ہجرت کر کے نہ آئے انہیں اپنے رشتہ دار مہاجر کی میراث سے کچھ بھی نہ ملے گا۔ کیونکہ اب میراث کی شرط ہجرت ہے اے مسلمانو! ہمارے اس حکم سے یہ نہ سمجھ لینا کہ مہاجر مومنوں کا غیر مہاجر مومنین سے کوئی تعلق ہی نہیں۔ تعلق ضرور ہے تعلق ایمان۔ لہٰذا اگر غیر مہاجر مومنین کسی کافر قوم سے لڑیں اور تم سے ان کے مقابلہ میں مدد مانگیں تو ضرور ان کی مدد کرو۔ ہاں اگر وہ ایسی کافر قوم سے لڑیں جن کا تم سے معاہدہ ہے کہ تم ان کے دشمنوں کو مدد نہ دو گے تو تم غیر مہاجر مومنین کی ان کفار کے مقابل مدد نہ کرو کہ یہ وعدہ خلافی اور بد عہدی ہے ہمارے ان سارے احکام پر عمل کرو۔ یقین رکھو کہ ہم تمہارے سارے کام دیکھ رہے ہیں تم کو نیک و بد اعمال کی سزا و جزا دیں گے۔ ہماری حدود قائم رکھو۔ یہ آیت منسوخ ہے

**فائدے**۔ اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ مہاجرین اور انصار دونوں ہی اللہ تعالیٰ کے محبوب و مقبول بندے ہیں۔ مگر مہاجرین انصار سے افضل ہیں چند وجہ سے ۱ع مہاجرین انصار سے پہلے ایمان لائے اور حضور انور کی خدمت انہیں پہلے نصیب ہوئی ۲ع مہاجرین نے برسوں تک کفار مکہ کے ہاتھوں اسلام کی خاطر مصیبتیں جھیلیں یہ بات انصار کو میسر نہیں ۳ع مہاجرین نے اسلام کی خاطر وطن چھوڑا ترک وطن بڑی قربانی ہے یہ وصف انصار کو میسر نہ ہوا ۴ع قبول دین قبول شریعت مہاجرین کو پہلے میسر ہوا انصار کو بعد میں لہٰذا مہاجرین پیشوا ہیں اور انصار مقتدی (تفسیر کبیر) ۵ع خلفائے راشدین خصوصاً حضرت صدیق و فاروق مہاجرین میں ہیں انصار میں نہیں ۶ع سب سے بڑی بات یہ ہے کہ خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم جماعتِ مہاجرین میں سے ہیں۔ جیسے حضور کی ذات سے عرب کو عجم پر انسان کو غیر انسان پر شرف حاصل ہوا یونہی حضور کی برکت سے مہاجرین کو انصار پر شرف ہے۔ **فائدہ**۔ یہ فائدہ اس کی ترتیب ذکری سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے انصار سے پہلے مہاجرین کا ذکر فرمایا جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا۔ **دوسرا فائدہ**۔ دین و دنیا کے کاموں میں اللہ والوں کی مدد لینا انہیں مددگار یا انصار کہنا شرک و کفر نہیں بلکہ جائز سنت صحابہ بلکہ قرآن مجید سے ثابت ہے بندوں کی پناہ لینا توحید کے خلاف نہیں یہ فائدہ وَنَصَرُوْا سے حاصل ہوا کہ فرمایا گیا کہ انصار نے پناہ دی اور مدد کی اس وجہ سے ان کا نام انصار ہوا یعنی مددگار حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مددگاروں کو نصاریٰ کہا گیا۔ جب انصار مہاجرین کو پناہ دے سکتے ہیں تو حضور انور سارے عالم کی پناہ ہو سکتے ہیں۔ شعر

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ اُن کی ۔۔۔ پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گئے

**تیسرا فائدہ**۔ قرآن میں ولی بہت معنی میں استعمال ہوا ہے۔ دوست۔ مددگار۔ نائب۔ خلیفہ اور وارث۔ یہ فائدہ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ سے حاصل ہوا کہ یہاں اولیا بمعنی ورثاء ہے جیسا کہ ابھی تفسیر میں

عرض کیا گیا۔ **چوتھا فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کا مالک شریعت کا مالک مسلمانوں کے دین و دنیا کا مالک۔ زندگی اور موت کے بعد کے احکام کا مالک بنایا ہے آپ کا فرمان رب کا قانون ہے دیکھو حضور نے اجنبی مہاجرین و انصار کو ایک دوسرے کا وارث بنا دیا اور ان کے سگے باپ بیٹے کو محروم کر دیا تو وہ ہی قانون بن گیا۔ اس آیت نے حضور کے اس فرمان کی تصدیق فرما دی کہ فرمایا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۔ یہ ہے حضور کی سلطنت پھر جب فتح مکہ کے موقعہ پر یہ قانون منسوخ فرما دیا تو قیامت تک میراث نسبی رشتہ سے ملے گی۔ اب ہجرت کی شرط نہ رہی۔ **پانچواں فائدہ**۔ کسی ملک کے مسلمان جب کفار سے جنگ کریں اور دوسرے ملک کے مسلمانوں سے مدد مانگیں تو ان پر بقدر طاقت مدد دینا لازم ہے کہ تمام جہان کے مسلمان چند قالب اور ایک جان ہے۔ جان نے بدن کے سارے اعضاء کو ایک کر دیا۔ آقائے دو جہاں نے سارے جہان کے مسلمانوں کو ایک کر دیا۔ یہ فائدہ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ سے حاصل ہوا۔

**چھٹا فائدہ**۔ مسلمان پر وعدہ معاہدہ کی پابندی بہت ہی ضروری ہے۔ اگرچہ کافر و مشرک سے وعدہ کیا ہو یہ فائدہ اِلَّا قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۔ سے حاصل ہوا جس میں فرمایا گیا کہ اگر مسلمان ایسی قوم کے مقابل تم سے مدد مانگیں جن سے تمہارا معاہدہ ہو تو تم مدد نہ کرو کہ اس میں وعدہ خلافی ہے **ساتواں فائدہ** ایمان ساری عبادت سے پہلے ہے بغیر ایمان کوئی عبادت نہ درست ہو نہ قبول یہ فائدہ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا کی ترتیب سے حاصل ہوا کہ ایمان کو ہجرت جہاد وغیرہ سب پر مقدم فرمایا۔ **آٹھواں فائدہ**۔ جہاد مال سے بھی ہوتا ہے اور جان سے بھی پھر ہر قسم کے مال سے جہاد ہوتا ہے۔ پیسہ روٹی کپڑا ہتھیار گھوڑا وغیرہ یہ فائدہ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ سے حاصل ہوا۔ اور اگر مال و جان دونوں سے جہاد ہو تو سبحان اللہ اس کا بڑا ہی درجہ ہے

**پہلا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ اس زمانہ میں مہاجر و انصاری میں میراث اس شرط سے تھی کہ مہاجر مال و جان کا مجاہد بھی ہوتا گویا شرط میراث تین تھیں۔ ایمان۔ ہجرت۔ مالی و جانی جہاد۔ مگر تم نے کہا کہ صرف ہجرت میراث کی شرط تھی۔ **جواب**۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ ہجرت شرط میراث تھی جہاد کا ذکر ان کی بزرگی بیان کرنے کے لیے ہے گویا ہجرت شرط احترازی ہے جہاد شرط اتفاقی یہ حدیث سے معلوم ہوا

**دوسرا اعتراض**۔ یہاں اولیا بمعنی وارث نہیں بلکہ مددگار ہے اور آیت محکم ہے منسوخ نہیں بلا وجہ آیت کو منسوخ ماننا ٹھیک نہیں۔ **نوٹ**۔ یہ بات امام رازی نے تفسیر کبیر میں فرمائی۔ **جواب**۔ قوی یہ ہے کہ یہاں ولایت بمعنی مدد نہیں کیونکہ ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا مددگار ہے پھر صرف مہاجرین و انصار کی قید کیوں لگائی گئی۔ نیز اس آیت میں غیر مہاجر مومنین کے لئے ولایت کی نفی کی گئی اور مدد و نصرت کا حکم دیا گیا کہ ارشاد ہوا

marfat.com

مَالَكُمْ مِنْ وَّلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ پھر فرمایا فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ جس سے معلوم ہوا کہ ولایت بمعنی وراثت ہے **تیسرا اعتراض**۔ یہاں فی الدین کی قید کیوں لگائی گئی کہ اگر غیر مہاجر مومن دین میں تم سے مدد مانگیں مسلمان بھائی کی مدد بہر حال کرنی چاہیئے۔ **جواب**۔ اس لیے کہ اگر مسلمان مسلمانوں ہی سے کسی دنیاوی وجہ سے لڑ پڑیں تو ان کی مدد نہ کی جاوے بلکہ صلح کی کوشش کی جاوے۔

**تفسیر صوفیانہ** ایک وقتِ خاص میں جو مومن ہجرت کر کے مدینہ منورہ آجاتا تھا وہ مدینہ کے انصار کے مال کا وارث ہو جاتا تھا یہ حکم پھر ختم ہو گیا۔ مگر سلطانِ عشق کا یہ قانون تا قیامت جاری ہے کہ جو مومن وطنِ نفس سے ہجرت کر کے مدینہ والے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کر جاوے جو سارے عالم کے داعمی پناہ اور سب کے ناصر و مددگار ہیں تو انشاء اللہ ان کے کمال کی میراث پائے گا۔

شعر خلق کے دادرس کل کے فریادرس کہفِ روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام

اگر رسول کی میراث چاہتے ہو تو ہجرت الی الرسول کرو۔ اگر اس ہجرت سے محروم رہے تو اگرچہ روحانی مدد تو وہاں سے پہنچتی ہی رہے گی مگر وراثت رسول میسر نہ ہوگی کعبۃ اللہ اللہ کا گھر ہے رسول اللہ اللہ کے حبیب۔ خالی گھر سے بھیک نہیں ملتی، گھر والے سے بھیک ملتی ہے اس لیے کعبہ کے مومنوں کو اس وقت حکم دیا گیا تھا کہ اگر فیضان کی بھیک چاہتے ہو تو کعبۂ جسم سے ہجرت کر کے کعبۂ دل کے مدینہ میں جا بسو۔ شعر

مہاجر چھوڑ کر کعبہ بسے جا کر مدینہ میں مدینہ ایسی بستی ہے مدینہ ایسی بستی ہے

میراث چند طرح کی ہے میراث مالی جو نسبتی رشتہ سے ملتی ہے۔ میراث کمالی جو نسبتی رشتہ سے ملتی ہے۔ میراث حالی جو ہجرت الی الرسول سے نصیب ہوتی ہے کہ اپنا سب کچھ چھوڑ کر اپنی خودی سے منہ سے موڑ کر خود اپنے سے بیگانہ ہو کر واصل الی الرسول ہو کر واصل باللہ ہو جاوے جب معمولی آم یا بیری کسی اعلیٰ آم یا بیری سے وابستہ ہو جاتا ہے تو اس کے آم قلمی اور بیر پیوندی ہو کر عجیب شے بن جاتے ہیں یہ ہے ہجرت کا لطف۔ جو مومن وابستۂ دامانِ مصطفےٰ ہو جاوے نہ معلوم وہ کیا کیا پائے گا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ

| | |
|---|---|
| اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا بعض ان کے وارث ہیں بعض کے | اگر نہ کروگے تم یہ |
| اور کافر آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہیں | ایسا نہ کروگے تو |

marfat.com

| |
|---|
| تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ﴿۷۳﴾ وَالَّذِينَ |
| تو ہوگا بڑا فتنہ زمین میں اور فساد بڑا اور وہ جو ایمان |
| زمین میں فتنہ اور بڑا فساد ہو گا اور جو |
| آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ |
| لائے اور ہجرت کی انہوں نے اور جہاد کیا راستہ میں اللہ کی اور وہ کہ |
| ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں لڑے اور جنہوں نے جگہ دی |
| آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۖ لَهُمْ |
| پناہ دی انہوں نے اور مدد کی یہ ہی لوگ مومن ہیں سچے واسطے |
| اور مدد کی وہ ہی سچے ایمان والے ہیں ان کے لیے |
| مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿۷۴﴾ |
| ان کے بخشش ہے اور روزی کرم والی |
| بخشش ہے اور عزت کی روزی |

**تعلق**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے، **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیت میں نمبر وار تین خوش نصیب جماعتوں کا ذکر ہوا ع۱ جو مومن بھی ہیں اور مہاجر بھی یہ اوّل درجہ کے لوگ ہیں ع۲ جو مومن بھی ہیں اور انصار بھی یہ دوسرے درجہ کے لوگ ہیں ع۳ جو صرف مومن ہیں نہ مہاجر نہ انصاری یہ تیسرے درجہ کے لوگ ہیں۔ اب ان بدنصیبوں کا ذکر ہے جو کسی درجہ کے نہیں یعنی کفار جن کے پاس اصل ایمان ہی نہیں غرضکہ مومنین کی جماعتوں کے بعد کفار کا ذکر ہے گویا روشنی کے بعد اندھیرے کا تذکرہ ہے۔ **دوسرا تعلق** پچھلی آیت میں حکم یہ تھا کہ اگر مسلمان کفار سے جنگ کریں تو تم مسلمانوں کی مدد کرو۔ اب اس پر عمل نہ کرنے کے برے نتیجہ کا ذکر ہے کہ اگر ایسا نہ کروگے تو بڑا فتنہ ہوگا۔ **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیت کریمہ میں مومن مہاجرین اور انصار کے احکام ارشاد ہوئے تھے اب ان دونوں کے فضائل و مراتب ارشاد ہو رہے ہیں هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا گویا مسائل کے بعد فضائل کا تذکرہ ہے۔

**تفسیر**۔ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۔ یہ جملہ نیا ہے اس لیے واؤ ابتدایہ ہے

marfat.com

اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے مراد یا تو مسلمانوں کے کافر رشتہ دار ہیں جیسے باپ مسلمان ہو اس کے بیٹے کافر اور کفر سے مراد ہر قسم کا کفر ہے عیسائیت ہو یا یہودیت یا بت پرستی بَعْضُهُمْ دوسرا مبتداء ہے اور اولیاء بعض اس کی خبر اولیا جمع ہے ولی کی بمعنی دوست۔ مددگار اور وارث۔ سیدنا عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ ہمو وارث ہے اور مطلب یہ ہے کہ اے مسلمانوں تمہارے نسبی خویش واقارب خواہ تم سے کتنا ہی قریبی رشتہ رکھتے ہوں نہ تمہارے وارث ہیں نہ تم ان کے وارث بلکہ وہ آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہیں۔ مثلاً باپ مسلمان ہو اس کے بیٹے بیٹی کافر ہوں تو باپ ان کا وارث نہیں وہ باپ کے وارث نہیں ہاں وہ آپس میں ایک دوسرے کے بھائی بہن ہونے کی وجہ سے وارث ہیں لہٰذا اس سے یہ لازم نہیں کہ کفار مختلف دین رکھتے ہوئے بھی ایک دوسرے کے وارث ہوں۔ عیسائی یہودی یا بت پرست کا وارث نہیں۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہاں الذین کفروا سارے کفار مراد ہیں۔ خواہ کسی ملت کے ہوں اور اولیاء بمعنی دوست و مددگار ہے۔ یعنی سارے کافر مسلمانوں کے مقابلہ میں ایک دوسرے کے دوست و مددگار ہیں۔ دیکھ لو مشرکین عرب اور یہود و نصاریٰ مل کر مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے۔ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِی الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِیْرٌ ۝ - یہ جملہ نیا ہے اور شرطیہ ہے الا اصل میں اِنْ لَا تھا اِنْ حرف شرط اور لَا تَفْعَلُوْهُ شرط اور تَكُنْ فِتْنَةٌ (الخ) اس کی جزاء سے مراد سارے مذکورہ بالا احکام فتنہ سے مراد ہے۔ مسلمانوں کا کفار سے خلط ملط ہو جانا اور فساد کبیر سے مراد کشت وخون یعنی اے مسلمانوں اگر تم مسلمان آپس میں ایک دوسرے سے مل جل کر نہ رہے اور تم نے دوسرے ملک کے مسلمانوں کی کفار کے مقابلہ میں مدد نہ کی انہیں پٹتا دیکھ کر خاموشی تماشائی بنے دیکھتے رہے تو بہت سے ضعیف مسلمان کفار سے مل جائیں گے۔ تم کمزور ہو جاؤ گے۔ کفار کے حوصلے بڑھ جائیں گے جس سے مسلمانوں کا جینا مشکل ہو جاوے گا۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ان کلمات کی تفصیل اور ترتیب ابھی پچھلی آیت میں عرض کی جا چکی کہ ایمان ساری عبادات پر مقدم ہے اور ہجرت جہاد پر مقدم کیونکہ مسلمان کفار کے ملک میں رہ کر جہاد نہیں کر سکتے اس لیے ترتیب میں پہلے ایمان کا ذکر ہوا پھر ہجرت کا پھر جہاد فی سبیل اللہ کا۔ جہاد میں جہاد بالمال اور جہاد بالنفس دونوں شامل ہیں مجاہدین کا پہلے ذکر ہوا انصار کا بعد میں کیونکہ وہ انصار سے افضل ہیں یہ فرمان عالی بلا وجہ مکرر نہیں بلکہ یہاں ان کا ذکر ان کے فضائل بیان کرنے کے لیئے ہے۔ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا اس میں دوسری جماعت یعنی انصار کا ذکر ہے۔ ان کی دو خدمتوں کا ذکر ہے مہاجرین کو اپنے شہر بلکہ اپنے گھروں میں پناہ دینا اور ان کی ہر طرح مدد کرنا۔ چونکہ مدد بعد میں ہوتی ہے پناہ پہلے اس لیے پناہ کا ذکر پہلے مدد کا ذکر بعد میں۔ مدد میں ہر طرح کی مدد داخل ہے مالی ہو جانی۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا۔ یہ عبارت

marfat.com

خبر ہے دونوں والذین کی یعنی سارے مہاجرین وانصار ہی سچے پکے مومن ہیں۔ خیال رہے کہ یہ حصر یا تو اضافی ہے غیر مہاجر مومنین کے مقابلہ میں تو المومنون سے مراد بہت اونچی شان والے مومن ہیں یعنی یہ دونوں جماعتیں غیر مہاجر مومنون سے زیادہ شاندار (مومن ہیں یا یہ حصر حقیقی ہے سارے مومنون کے مقابلہ میں یعنی تاقیامت سارے مومنون سے زیادہ شاندار یہ ہی دو جماعتیں کوئی کسی درجے میں پہنچ کر ان کا درجہ نہیں پا سکتا۔ حقا سے مراد یا تو اخلاص ہے یا پختگی یا ایمان مع تقویٰ یا دین پر مضبوطی سے قائم رہنا۔ یعنی یہ دو جماعتیں مخلص مومن ہیں۔ یا اعلیٰ درجہ کے متقی مومن یا دین و دنیا میں مومن جن کے پھسلنے کا اندیشہ نہیں غرضکہ رب تعالیٰ نے ان کے ایمان تقوے اخلاص کی گارنٹی دے دی۔ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ۔ اس فرمان عالی میں ان بزرگوں کی دو آخروی نعمتوں کا ذکر ہے ایک مغفرۃ دوسری عزت والی وسیع روزی۔ مغفرت کی تنوین تعظیمی ہے یعنی ان کے لیے شاندار بخشش ہے جس سے کوئی خطا گناہ باقی نہ رہے ظاہر یہ ہے کہ رزق سے جنت کا رزق مراد ہے کریم سے مراد عزت والا یا بے ضرر اور وسیع روزی جس کا حساب و کتاب کوئی نہ ہو (روح المعانی) اور ہو سکتا ہے کہ رزق سے مراد دنیاوی روزی ہو اور کریم سے مراد ہے جو بغیر کسی کے احسان اور بغیر محتاجی کے عطا ہو۔ حلال ہو۔ اس کے بعد نیک اعمال کی توفیق میسر ہو۔ رب تعالیٰ نے یہ نعمتیں حضرات صحابہ کرام کو عطا فرمائیں کہ اولاً وہ حضرات عموماً غریب تھے پھر رب نے انہیں مالدار کر دیا پاکیزہ روزی سے کہ انہیں جہادوں میں مال غنیمت بھی بخشا ملک بھی فتح کرائے دنیا میں بھی انہیں سرفرازی بخشی۔

**خلاصہ تفسیر** ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ پہلی آیت کی دو تفسیریں ہیں ۱ حضرت عبداللہ بن عباس کی تفسیر۔ اے مسلمانوں تمہارے عزیز و اقارب جو ایمان نہیں لائے کافر رہے نہ وہ تمہارے وارث نہ تم ان کے وارث بلکہ وہ آپس میں ایک دوسرے کافر کے وارث ہیں ۲ دوسرے مفسرین کی تفسیر اے مسلمانو تم نے آزما لیا کہ کفار خواہ کتنے ہی آپس میں اختلافات رکھتے ہوں مگر تمہارے مقابلہ میں ایک دوسرے کے دوست مددگار۔ معاون ہیں دیکھ لو مشرکین عرب اور یہودی عیسائی آپس میں بہت مختلف ہیں مگر تمہارے مقابلہ میں غزوہ احزاب وغیرہ کے موقعہ پر سب ایک دوسرے کے دوست بن گئے۔ ہم نے جو احکام دیئے ان سب پر سختی سے عمل کرو۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا کفار کو اپنا دوست بنایا یا ان کے ساتھ خلط ملط رہے یا کافروں کے مقابل مسلمانوں بھائیوں کی مدد نہ کی بلکہ تماشائی بنے رہے یا تم مسلمان متفق نہ رہے بکھرے رہے یا آپس میں ایک دوسرے سے لڑتے بھڑتے رہے تو زمین میں بڑا فتنہ پھیلے گا ضعفاء مومنین کفار سے مل جائیں گے یا ان کے دلوں میں کفار کا رعب بیٹھ جائے گا جس سے کفار کی ہمتیں بڑھ جائیں گی اور وہ مسلمانوں کو تباہ کر ڈالیں گے۔ تم نے مہاجرین وانصار کے احکام تو سن لیے اب ان کے فضائل سنو وہ لوگ جو ایمان

marfat.com

لائے اور ساتھ ہی مکہ چھوڑا مدینہ کے مہاجر بنے اپنی جان و مال سے جہاد کئے فی سبیل اللہ اور وہ انصار مدینہ ضعیفوں نے ان مہاجروں کو اپنے شہر مدینہ اپنے گھروں میں پناہ دی انہیں آباد کیا بسایا۔ ان کی ہر طرح مدد کی یہ دونوں جماعتیں کامل اور پختہ مومن ہیں کہ مومن جلیئیں گے مومن مریں گے اور مومن اٹھیں گے ان کی کامل بخشش ہے جس سے ان کا کوئی گناہ باقی نہ رہے اور انہیں دنیا میں بزرخ میں آخرت میں عزت کی طیب و طاہر روزی عطا ہوتی رہے گی۔

فائدے: ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: مومن کافر کا اور کافر مومن کا وارث نہیں اگرچہ کتنا ہی عزیز و قریبی رشتہ دار ہو۔ یہ فائدہ اولیاء کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اس سے مراد وارث ہو دیکھو ابو طالب کی میراث حضرت علی و عقیل کو نہ ملی **مسئلہ**: مختلف دین والے کفار بھی ایک دوسرے کے وارث نہیں یعنی مشرک مجوسی یا عیسائی یہودی کا وارث نہیں کہ اختلافِ دین مانع میراث ہے بلکہ کفار کے لیئے اختلاف ملک بھی میراث سے مانع ہے دیکھو کتاب علم المیراث **دوسرا فائدہ**: سارے کافر مسلمانوں کے مقابل ایک ہیں اَلْکُفْرُ مِلَّۃٌ وَّاحِدَۃٌ یہ فائدہ اولیاء کی دوسری تفسیر سے ہے جبکہ اس کے معنی ہوں دوست یا مددگار **تیسرا فائدہ**: مسلمانوں کے آپس کے اختلاف یا کفار دوستی بڑے فتنہ و فساد کا سبب ہے یہ فائدہ تَکُنْ فِتْنَۃٌ فِی الْاَرْضِ الخ سے حاصل ہوا اس کا تجربہ آج ہو رہا ہے خصوصاً فلسطین میں کہ یہود سر پر سوار ہیں اور حکومت اور فدائی آپس میں لڑ رہے ہیں تیس ہزار ہلاک اور زخمی ہو چکے ہیں رب تعالیٰ مسلمانوں کو ہوش دے اس آیت پر عمل کی توفیق بخشے **چوتھا فائدہ**: بندوں کی مدد برحق ہے شرک نہیں نیز مصیبت میں بندوں کی پناہ لینا کسی کی پناہ میں آجانا سنتِ صحابہ ہے یہ فائدہ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا فرمانے سے حاصل ہوا کہ مہاجرین مکہ انصار مدینہ کی پناہ میں آئے اور ان سے مدد لی لہٰذا آج اگر ہم گنہگار اپنے رسول کی پناہ لیں اور ان سے مدد مانگیں تو بالکل جائز بلکہ سنت ہے مولانا جامی کہتے ہیں: **شعر**

یا رسول اللہ بدرگاہت پناہ آوردہ ام ہمچو کاہے آمدم کوہے گنہ آوردہ ام

**پانچواں فائدہ**: سارے مہاجرین سارے انصار مخلص مومن ہیں ان کے ایمان کی گواہی رب تعالیٰ نے دی یہ فائدہ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ سے حاصل ہوا جو انہیں منافق کہے وہ خود منافق مرتد اس آیت کا انکاری ہے رب تعالیٰ نے یہاں ان کے ایمان کی گواہی دی۔ دوسری جگہ ان کے تقویٰ کا اعلان فرمادیا اَلْزَمَھُمْ کَلِمَۃَ التَّقْوٰی اور جگہ انہیں دین و ایمان کا معیار فرمایا کہ جو ان کا سا ایمان لائے وہ مومن ہوگا۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِہٖ فَقَدِ اھْتَدَوْا ایک جگہ فرمایا کہ اللہ ان سے راضی ہو چکا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ اس کے متعلق پوری تفصیل ہماری کتاب امیر معاویہ میں دیکھو **چھٹا فائدہ**: سارے مہاجرین اور انصار ایمان پر ختم ہوئے ان کے ایمان سے پھر جانے کا خطرہ نہیں وہ دنیا و آخرت میں مومن ہیں یہ فائدہ حَقًّا کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ حقاً یعنی ثابتاً ہو رب فرماتا ہے اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ اللہ نے ان لوگوں کے دلوں میں ایمان نقش کر دیا۔ **ساتواں فائدہ**: سارے صحابہ خواہ مہاجر

marfat.com

ہوں یا انصار سب ہی عادل متقی پرہیزگار ہیں ان میں سے کسی سے کوئی خطا سرزد ہو جائے تو وہ اس پر قائم نہیں رہتے انہیں توبہ نصیب ہو جاتی ہے یہ فائدہ لہم مغفرۃ سے حاصل ہوا آٹھواں فائدہ: صحابہ سارے برحق عادل متقی معیار ایمان ہیں مگر پھر ان کے درجے مختلف ہیں بعض اعلیٰ بعض بہت ہی اعلیٰ یہ فائدہ اس مذکورہ ترتیب سے حاصل ہوا کہ رب نے پہلے مہاجرین غازین کا ذکر فرمایا پھر انصار کا رب فرماتا ہے لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ فَقَاتَلَ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً یہ آیت اس آیت کی تفسیر ہے **پہلا اعتراض**: اگر پہلی آیت میں اولیا بمعنی وارثین ہے تو چاہیئے کہ سارے کافر ایک دوسرے کے وارث ہوں مشرکین مجوسیوں عیسائیوں یہودیوں اور اس کے برعکس کیونکہ وَالَّذِينَ كَفَرُوا میں کوئی قید نہیں مگر **مسئلہ** فقہی یہ ہے کہ مختلف دینوں والے کفار ایک دوسرے کے وارث نہیں **جواب**: اشارۃً ابھی تفسیر میں دے دیا گیا کہ یہاں مہاجرین مکہ کے وہ رشتہ دار مراد ہیں جو کافر رہے نہ تو ایمان لائے نہ انہوں نے ہجرت کی اور مطلب یہ ہے کہ اے مہاجر مسلمانو! نہ تو تم اپنے کافر رشتہ داروں کے وارث ہو نہ وہ تمہارے بلکہ وہ خود ایک دوسرے کے وارث ہیں وہ سارے مشرک تھے لہٰذا ایک دوسرے کے وارث تھے روشِ کلام یہ ہی بتا رہی ہے۔

**دوسرا اعتراض**: اگر اس آیت بعضہم اولیا بعض میں اولیا بمعنی دوست مددگار ہو اور معنی یہ ہوں کہ سارے کفار بعض کے دوست مددگار ہیں تو یہ آیت اس آیت کے خلاف ہے وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ **جواب**: یہاں مسلمانوں کے مقابل ان کی دوستی مراد ہے تمہاری پیش کردہ آیت میں ان کی آپس کی واقعی دشمنی مراد ہے یعنی وہ لوگ ہیں تو ایک دوسرے کے دشمن مگر مسلمانوں کے مقابلہ میں سب مل جاتے ہیں مسلمانوں کو کسی پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے **تیسرا اعتراض**: یہاں دوسری آیت میں ارشاد ہوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حقاً یہ ہی لوگ سچے مومن ہیں تو کیا دوسرے صحابہ یعنی غیر مہاجر مومنین جیسے ابن عباس یا امیر معاویہ ابوسفیان یا فتح مکہ کے دن ایمان لانے والے سچے مومن نہیں نیز تاقیامت کوئی سچا مومن نہیں مرفوع ہی سچے مومن ہیں حصر کے معنی کیسے درست ہیں **جواب**: اس اعتراض کے تین جواب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ حصر خفا کے لحاظ سے ہی ہے یعنی پکا مومن ہونا مومن رہنا مومن مرنا مومن اٹھنا یقینی صرف ان کیلیے ہے کہ ان سے ان تمام صفات کا وعدہ ہو چکا ہے دوسرے لوگ وہ اللہ سے اپنی استقامت اور حسن خاتمہ کی دعائیں کریں لہٰذا حصر حقیقی ہے دوسرے یہ کہ یہ حصر اضافی ہے منافقین کے مقابلہ میں جو ان حضرات پر طعن کرتے تھے اور کرتے ہیں کہ وہ سچے مومن نہیں یعنی اے منافقو یہ ہی سچے مومن ہیں نہ کہ تم جو ان حضرات پر طعن کرتے ہو تیسرے یہ کہ یہ حصر معیار ہونے کے لحاظ سے ہے یعنی سچے مومن یہ ہی ہیں پھر جو ان کے نقشِ قدم پر تاقیامت چلے تو وہ بھی ان کے صدقہ سے سچا مومن ہوگا چوتھے یہ کہ یہاں حصر منقلب ہے معنی یہ ہیں کہ یہ لوگ سچے پکے مومن ہیں ان میں کفر و فسق گناہ کا شائبہ بھی نہیں جیسے اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ کے معنی ہیں بشر ہی ہوں خدا نہیں **چوتھا اعتراض**: اگر حضرات صحابہ مہاجرین و انصار سارے ہی مومن عادل ہیں تو لَهُم مَّغْفِرَةٌ کے کیا معنی بخشش معافی تو گناہوں کی ہوتی ہے **جواب**: ہم سارے صحابہ کو معصوم نہیں مانتے انہیں عادل مانتے ہیں کہ وہ حضرات گناہ پر قائم نہیں رہتے توبہ کر لیتے ہیں رب تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ ان

marfat.com

کی بخشش کر دیتا ہے نیز بخشش کی بہت قسمیں ہیں۔ کفر و شرک کی بخشش جو اسلام قبول کرنے سے ہوتی ہے گناہ کبیرہ کی بخشش جو توبہ سے ہوتی ہے گناہ صغیرہ کی بخشش جو نیک اعمال کی برکت سے ہوتی ہے خطا و غلطیوں کی لغزش سے بخشش۔ آخری قسم کی دو بخششیں حضرات صحابہ بلکہ حضرات انبیاء کرام کو عطا ہوں گئی۔ **شعر**

زاہداں از گناہ توبہ کنند　　عارفاں از گناہ استغفار

**پانچواں اعتراض**۔ لہم مغفرت میں حصر کے معنی ہیں یعنی ان ہی کو بخشش ہے تو کیا دوسروں کو بخشش نہیں۔

**جواب**: اس اعتراض کا جواب ابھی پچھلے اعتراض کے جواب سے معلوم ہو گیا کہ اُن کے شان کے لائق بخشش واقعی صرف انہیں کے لیئے ہے اللہ تعالیٰ ہمارے گناہ کبیرہ صغیرہ معاف فرمائے تو ہماری قسمت کھل جائے:۔

**تفسیر صوفیانہ**۔ کفر بدکاری یوں ہی ایمان و تقویٰ اِن میں جوڑنے کی تاثیر بھی ہے اور توڑنے کی بھی۔ گویا یہ قینچی بھی اور سوئی بھی۔ کفر کافر کو سارے کفار سے جوڑ دیتا ہے اور سارے مومنوں سے توڑ دیتا ہے یوں ہی ایمان مومن کو سارے مومنوں سے جوڑ دیتا ہے اور سارے کافروں سے توڑ دیتا ہے تقویٰ کا بھی یہ ہی حال ہے مولانا فرماتے ہیں۔ **شعر**

ناریاں مر ناریاں را طالب اند　　نوریاں مر نوریاں را جاذب اند

یہاں پہلی آیت میں کفر کے جوڑ توڑ کا ذکر ہے دوسری آیت میں ایمان تقویٰ کے جوڑ توڑ کا تذکرہ سارے کفار بعضہم اولیاء بعض اور مہاجرین و انصار اگرچہ رشتۂ جسمانی و وطنی میں الگ تھے مگر رشتۂ ایمان و تقویٰ کی وجہ سے هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا کے خطاب سے نوازے گئے اگر اچھوں سے ملنا ہے تو ایمان و تقویٰ اختیار کرو۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ مغفرت کے لغوی معنی ہیں چھپانا گنہگار کی مغفرت یہ ہے کہ اس کے گناہ چھپا لیئے جاویں محبوبوں کی مغفرت یہ ہے کہ رب کی رحمت میں چھپا لیئے جاویں کہ انہیں کوئی نہ پہنچانے مگر صاحب راز ولی کو ولی پہچانتا ہے رزقِ کریم دنیا میں توبہ ہے کہ حلال راستہ سے آئے حلال مقصد کے لیئے کھایا جائے اور پیٹ میں پہنچ کر گناہوں سے نفرت عبادات کی رغبت پیدا کرے اور آخرت کا رزق کریم ہے جو جنت میں ملے گا۔ جو پیٹ میں پہنچ کر مشک کی طرح جسم سے نکل جاوے۔ ہوا یا نجاست نہ بنے۔ رزق سب کو ہی ملتا ہے مگر رزق کریم کسی کسی کو۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا

اور وہ لوگ جو ایمان لائے بعد میں　اور ہجرت کی انہوں نے اور جہاد کیا ساتھ تمہارے پس یہ لوگ تم میں سے ہیں اور

اور جو بعد کو ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ جہاد کیا وہ بھی تم ہی میں سے ہیں۔　اور

marfat.com

اَلْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۵﴾

قرابت والے بعض اُن کے زیادہ قرب والے ہیں۔ بعض سے اللہ کی کتاب میں تحقیق اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے

رشتہ والے ایک دوسرے سے زیادہ نزدیک ہیں اللہ کی کتاب میں بے شک اللہ سب کچھ جانتا ہے

**تعلق** اِس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق** پچھلی آیات کریمہ میں مہاجرین اوّلین اور انصار کے فضائل بیان ہوئے اب اس آیت میں اُن مہاجرین۔ کے فضائل کا ذکر ہے جنہوں نے ہجرت ثانیہ یعنی صلح حدیبیہ کے بعد مکہ معظّمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی گویا اُن اول مہاجرین کے بعد دوم نمبر مہاجرین کا تذکرہ ہے۔ **دوسرا تعلق** گذشتہ آیتِ کریمہ میں ارشاد ہوا تھا۔ کہ اے مہاجرینِ مدینہ غیر مہاجر مومنین سے تم کو رشتۂ میراث والا حاصل نہیں مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَىْءٍ اب ارشاد ہو رہا ہے کہ اگر وہ لوگ اب بھی ہجرت کریں تو تمہارا تعلق اُن سے قائم ہو جاوے گا۔ گویا اس آیت میں اُس پچھلی آیت کے حکم کی! انتہاء کا بیان ہے **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ میراث کی بنا ایمان اور ہجرت و نصرت پر ہے نہ کہ جسمانی رشتہ پر اب اس حکم کو منسوخ فرمایا جا رہا ہے کہ یہ حکم عارضی تھا۔ اب میراث کی بناء ایمان اور رشتہ جسمانی پر ہے وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ گویا عارضی حکم اٹھا کر دائمی حکم جاری فرما رہا ہے (حضرت ابن عباس)

تفسیر۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا یہ فرمان عالی نیا جملہ ہے اِس لیئے واو ابتدائیہ ہے الذین سے مراد مکہ والے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ اس وقت کے سارے عرب والے ہوں مِنْۢ بَعْدُ میں بعد سے مُراد یا تو اِس۔ آیت کے نزول کے بعد ہے یا صلح حدیبیہ کے بعد ہے اِس کا تعلق ایمان سے بھی ہے اور ہجرت سے بھی اور ہجرت سے مُراد مدینہ منورہ کی طرف ہجرت ہے خواہ مکہ معظمہ سے ہو یا حبشہ سے لہٰذا اس میں وہ ہجرت والے حضرات داخل ہیں جنہوں نے پہلے مکہ معظّمہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی پھر حبشہ سے مدینہ منوّرہ کی طرف یعنی وہ لوگ جو اِس آیت کے نزول کے بعد صلح حدیبیہ کے بعد ایمان لائے۔ اور انہوں نے مدینہ منوّرہ کی طرف ہجرت کی وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ اس فرمانِ عالی میں ان ثانوی ہجرت والوں کی تیسری صفت کا بیان ہے جہاد سے مُراد مالی جانی دونوں جہاد ہیں مَعَكُمْ فرما کر یہ بتایا کہ اے اول مہاجرین تم جہاد کرتے ہی رہتے ہو اب جو تم جہاد کرو اُس میں یہ ثانوی ہجرت والے تمہارے ساتھ مل کر جہاد کریں۔ کیونکہ تمہارے ساتھ جہاد اُن جہادوں سے افضل ہیں جو تمہارے بغیر ہوں تمہارے ہمراہی سے جہاد کا ثواب قبولیت قربِ الٰہی بڑھ جاتا ہے فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ یہ عبارت گذشتہ شرط کی جزاء ہے اُولٰٓئِكَ سے اشارہ انہیں ثانوی ہجرت والوں کی طرف ہے مِنْكُمْ سے پہلے مُلْحِقُوْنَ پوشیدہ ہے کم میں خطاب مہاجرین اولین سے ہے جن کا ذکر اوپر سے ہوتا چلا آ رہا ہے

marfat.com

یعنی ثانوی ہجرت والے تم سے ملحق ہیں۔ دنیا و آخرت میں اُن کا شمار تمہاری مقدس جماعت میں ہوگا۔ تمہاری طرح مومن صحابی۔ مہاجر۔ مجاہد مانا جائے گا۔ اور اُن ربانی وعدوں میں شامل ہوگا جو تم سے کئے گئے۔ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ یہ فرمان عالی نیا جملہ ہے۔ اُولُوا جمع ہے ذو کی بمعنی والا ارحام جمع ہے رحم کی۔ رحم عورت کی بچہ دانی کو کہتے ہیں اصطلاح میں نسبی رشتہ کو رحم کہا جاتا ہے کیونکہ یہ رشتے رحم مادر سے ہی تعلق رکھتے ہیں وہ ہی یہاں مراد ہیں چونکہ نسبی رشتہ سے میراث ملتی ہے دودھ کے رشتہ سے بالکل نہیں اور سسرالی رشتہ سے صرف خاوند بیوی کو اس لیئے اُولُوا الْاَرْحَامِ ارشاد ہوا اِس میں ذی فرض عصبہ اور ذی رحم سارے وارث داخل ہیں جن کی تفصیل حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دی ہے یہاں صرف اجمالی ذکر ہے اَولیٰ بمعنی اقرب ہے یا بمعنی احق یعنی ان رشتہ داروں کے بعض اپنے بعض سے زیادہ قریب ہیں یا زیادہ حق دار ہیں۔ میراث کے مقابلہ اجنبیوں اور دور کے رشتہ داروں کے لہٰذا اب مہاجر و انصار آپس میں ایک دوسرے کے وارث نہ ہوں گے بلکہ میراث کی وجہ نسبی قرابت داری ہوگی۔ یہ آیت پچھلی آیت کی ناسخ ہے سیدنا حضرت عبداللہ ابن عباس کا یہ قول ہے فِیْ کِتٰبِ اللّٰہِ یہ عبارت اَحَقّ کے متعلق ہے یا ہذا اثابت پوشیدہ سے تعلق رکھتی ہے کتاب اللہ سے مراد لوح محفوظ ہے یا قرآن مجید کی سورۃ یا بمعنی حکم اللہ ہے۔ (روح البیان) اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ اس فرمانِ عالی میں گذشتہ احکام کی حکمت بیان ہوئی کہ اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے اس کے ہر حکم میں حکمت ہے جس وارث کو جتنا دیا حکمت سے دیا اور اب تک جو مہاجرین و انصار کو ایک دوسرے کا وارث بنایا اس میں بھی حکمت تھی اور اب یہ حکم منسوخ فرمایا اس میں بھی حکمت ہے لہٰذا رب کے کسی حکم پر اعتراض نہ کرو

خلاصہ تفسیر۔ مہاجر صحابہ کے چند طبقے ہیں۔ بعض مہاجرین اولین بعض ثانوی ہجرت والے بعض حضرات صاحب ہجرتین یعنی دو ہجرتوں والے کہ پہلے انہوں نے مکہ معظمہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی پھر حبشہ سے مدینہ منورہ کی طرف۔ پچھلی آیات میں مہاجرین اولین کے فضائل بیان ہوئے اب ثانوی ہجرت والوں کے فضائل کا ذکر ہے چنانچہ ارشاد ہوا کہ اے جماعت صحابہ جو لوگ بھی تمہارے ساتھ ہجرت کے بعد یا حدیبیہ کی صلح کے بعد ایمان لائے اور مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت اور تمہارے ساتھ جہاد کیے وہ لوگ بھی تمہارے ساتھ ہی ملحق ہیں اللہ کے نزدیک اُن کا شمار تمہارے ساتھ ہی ہوگا اور اب یہ قانون جاری کیا جاتا ہے کہ آپس میں نسبی رشتہ دار ایک دوسرے کے وارث ہیں اب تک میراث کا جو حکم تھا وہ عارضی تھا کتاب اللہ میں میراث کا دائمی حکم یہی ہے یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اس نے جو حکم دیا جان کر دیا۔ اب تک میراث کا یہ ہی حکم مناسب تھا۔ اب یہ ہی حکم مناسب ہے۔ اور اب میراث کا جتنا حصہ جس وارث کو دیا اس میں حکمت ہے۔

marfat.com

فائدے۔اِس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ سارے صحابہ اللہ کے مقبول بندے ہیں مگر اُن کے مراتب میں فرق ہے بڑے مرتبہ والے مہاجرین اولین ہیں پھر ثانوی دو ہجرتوں والے پھر انصار اِس کی وجہیں ابھی پچھلی آیت میں بیان کی گئی فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ اِمْرَءًا مِّنَ الْاَنْصَارِ اگر ہجرت نہ ہوتی تو ہم انصار میں سے ہوتے ان مہاجرین میں سب سے اعلیٰ وافضل مہاجر حضرات ابو بکر صدیق ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی یہ فائدہ ترتیب ذکری سے حاصل ہوا۔دوسرا فائدہ بعد ایمان کے ہجرت کا درجہ ہے اور ہجرت کے بعد جہاد کا یہ فائدہ هَاجَرُوْا کے بعد جَاهَدُوْا فرمانے سے حاصل ہوا تیسرا فائدہ جو عبادت اللہ کے مقبول بندوں کے ساتھ ادا کی جائے وہ اکیلے یا معمولی لوگوں کے ساتھ والی عبادات سے افضل ہے یہ فائدہ جَاهَدُوْا کے ساتھ مَعَكُمْ فرمانے سے حاصل ہوا یعنی صحابہ کرام کے ساتھ جہاد دوسرے جہادوں سے افضل ہے۔صحابہ علماء۔اولیاء صالحین کے ساتھ نماز دوسری نمازوں سے افضل ہے۔ اب سمجھ لو کہ حضرت صدیق کی ہجرت کیسی بے مثال ہجرت ہوگی کہ حضور کے ساتھ ہے چوتھا فائدہ مہاجرین اوّلین افضل ہیں ثانوی ہجرت والوں سے یہ فائدہ اُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے انہیں مہاجرین اوّلین کے ساتھ ملحق فرمایا ظاہر ہے کہ ملحق سے اصلی افضل واعلیٰ ہے۔پانچواں فائدہ اب وراثت صرف رشتہ داری نسبی سے ہوگی۔ہجرت سے وراثت منسوخ ہو چکی یہ فائدہ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ (الخ) سے حاصل ہوا۔

**مسئلہ**:جسمانی رشتے تین قسم کے ہیں۔نسبی۔رضاعی۔سسرالی میراث صرف نسبی رشتوں سے ملتی ہے رضاعی رشتہ سے بالکل نہیں ملتی۔سسرالی رشتہ سے صرف خاوند بیوی کو ملتی ہے۔**چھٹا فائدہ**۔نسبی رشتوں میں ذی رحم قرابت داروں کو بھی میراث ملے گی صرف ذی فرض یا عصبہ تک محدود نہ ہوگی۔ذی رحم وارث کو جب ملے گی جب کہ ذی فرض یا عصبہ کوئی نہ ہو یہ فائدہ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ سے حاصل ہوا (حنفی) ان رشتوں کی تفصیل ہماری کتاب علم المیراث میں ملاحظہ کرو ذَوِی الْاَرْحَام جیسے ماموں۔خالہ۔نواسے بھانجی وغیرہ۔

**پہلا اعتراض**۔اِس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ بعد والے مہاجرین اگلے مہاجرین یعنی مہاجرین اوّلین سے ملحق تب ہوں گے جب کہ اُن میں تین صفات ہوں۔ایمان۔ہجرت اور اُن کے ساتھ جہاد تو جن حضرات کو یہ آخری صفت نصیب نہ ہوئی کیا وہ ان سے ملحق نہ ہوں گے بعض حضرات معذوری کی وجہ سے جہاد نہ کر سکے کیا وہ اُن سے ملحق نہیں۔**جواب**۔اس کا جواب ابھی پہلی آیت میں دیا گیا کہ جہاد کی قید اتفاقی ہے احترازی نہیں چونکہ جہاد اور وہ بھی حضرات صحابہ کے ساتھ رب کی بڑی ہی نعمت ہے اس لیے خصوصیت سے اس کا ذکر فرمایا۔**دوسرا اعتراض**۔جہاد تو خود ہی بہت اعلیٰ عبادت ہے پھر اس میں مَعَكُمْ کی قید کیوں لگائی۔ کیا جہاد کے لیے صحابہ کی ہمراہی ضروری ہے۔اگر ضروری ہے تو صحابہ کے بعد سے قیامت تک جہادوں کا

marfat.com

کیا حال ہے۔ **جواب** جہاد بذاتِ خود اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے لیکن اگر حضرات صحابہ کرام کے ساتھ میسر ہو جاوے تو اُسے اور چار چاند لگ جاتے ہیں۔ نیز ان کے ساتھ جہاد کرنا اُن کی ہمراہی بلکہ اِن میں داخل ہونے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اِن وجوہ سے مَعْکُمْ کا ذکر فرمایا **تیسرا اعتراض** اُولُوالاَرْحَام میں صرف ذی فرض اور عصبہ وارث داخل ہیں ذی رحم داخل نہیں اس لیے کہ یہاں ارشاد ہوا فِی کِتَابِ اللّٰہِ اور کتاب اللہ سے مراد قرآن مجید کی سورہ نساء ہے وہاں صرف ذی فرض وعصبات کا ہی ذکر ہے لہٰذا اس سے ذوی الارحام کی وراثت ثابت نہیں ہوتی (شوافع) **جواب** ذی رحم قرابت داروں کا میراث پانا صراحۃً حدیث شریف سے ثابت ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (اَلْخَالُ وَارِثٌ مَنْ لَا وَارِثَ لَہٗ) ماموں اس کا وارث ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ سیدنا عبداللہ ابن مسعود اور بہت سے دوسرے فقہاء صحابہ کا مذہب ہے کہ ذی رحم بھی وارث ہیں ہاں اُن کا درجہ ذی فرض اور عصبہ کے بعد ہے! یہاں کتاب اللہ سے مراد لوح محفوظ ہے یا اللہ کا حکم اس مسئلہ کے دلائل کتب فقہ میں ملاحظہ کرو۔

**تفسیر صوفیانہ**۔ مکہ شریف اللہ تعالیٰ کا حرم ہے جس کے حدود اربعہ یہ ہیں۔ جانب مشرق چھ میل جانب مغرب بارہ میل جانب جنوب اٹھارہ میل جانب شمال چھ بیس میل (روح البیان) اِن حدود میں رہنا کعبہ معظمہ کو ایمان کے ساتھ دیکھنا اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کا وہ حرم ہیں۔ جس کے حدود اربعہ غیر محدود ہیں برکت والا ہے وہ جس کا جسم حرم میں مکہ میں ہے اور دل حرمِ رسول ہیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم مکہ سے ہجرت فرمائی تو فتح مکہ سے پہلے وہاں مسلمانوں کو بلا عذر رہنا حرام ہو گیا وہاں سے نکلنا عبادت اور جلد نکلنا اعلیٰ درجہ کی عبادت ہو گیا۔ چنانچہ جو مسلمان وہاں سے بہت جلد نکل کر حرمِ رسول میں پہلے پہنچے انہیں مہاجرین اوّلین کہا گیا وہ مہاجر اوّل درجہ کے ہوئے اُن کا درجہ بہت بلند جنہوں نے وہاں سے نکلنے میں دیر لگائی حرمِ رسول میں پیچھے پہنچے وہ دوسرے درجہ کے مہاجرین ہوئے انہیں رب تعالیٰ کی طرف سے یہ رعایت ملی کہ اگر وہ اولین مہاجرین کے ساتھ مجاہدہ کریں تو اُن سے ملحق ہوں گے۔ معلوم ہوا کہ حرم مکہ سے حرمِ رسول یعنی قربِ رسول زیادہ اہم ہے مقدس جگہوں سے قرب بڑی نعمت ہے ایسے ہی صاف قلوب سے قرب اللہ کا کرم ہے مولانا فرماتے ہیں۔ شعر

مسجدے کہ اندرونِ اولیاء است — سجدہ گاہِ جملہ است آنجا خدا است

آں مجاز است ایں حقیقت اے غزال — نیست مسجد جز درونِ سروراں (روح البیان)

یعنی اولیاء اللہ کے دل سارے جہاں کی مسجدیں ہیں۔ خدا وہاں ہی ملتا ہے اینٹ گارے کی مسجدیں مجازی مسجدیں ہیں دل والوں کے دل حقیقی۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ جو سالک صادق ہو تو متاخرین میں سے مگر ایمان

marfat.com

ہجرت اور جہاد علی النفس کے قدم سے اگلوں کی طرف دوڑے تو انشاء اللہ وہ متقدمین میں شمار ہوگا اللہ کے ہاں شام سویرا نہیں وہاں کے واصل ایک ہی نفس کی طرح ہیں وہ زمان مکان آج اور کل قرب و بعد نیچے اونچے کی قیود سے آزاد ہیں فرماتے ہیں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میری اُمت بارش کی طرح ہے جس کے متعلق نہیں کہا جا سکتا کہ اوّل اچھی یا آخر۔ حضرت حسن علیہ السلام جب سورہ انفال پڑھتے تو کہتے کہ خوشخبری ہو اِس امت کے لیے جن کے پیشرو رسول اللہ ہوں جن کا قلب اسر اللہ ہوں۔ جن کا جہاد طاعۃ اللہ ہو جن کی مدد ملکۃ اللہ ہوتی جن کا ثواب رضوان اللہ۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ چھبیس رجب محترم ۱۳۹۰ھ سنہ ۱۹۷۰ء پیر کے دن دس بجے دوپہر کو تفسیر نعیمی کی سورہ انفال بخیر و خوبی ختم ہوئی اور آج ہی سورہ توبہ شروع ہوئی رب تعالیٰ اس تفسیر کی تکمیل کی توفیق دے اسے قبول فرما کر مجھ گنہگار کے لیے گناہوں کا کفارہ اور صدقہ جاریہ بنائے آمین آمین یارب العلمین بجاہ سید المرسلین محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔

## (نمبر۹) سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ مَدَنِیَّۃٌ (سنہ دنزل ۱۱۳)

اس سورت کے بہت سی فضائل وارد ہوئے ہیں عاملین زاہدین اس کو اپنے اعمال اور وظائف میں بہت اہمیت دیتے ہیں چنانچہ صحابہ کرام سے مروی ہے کہ جو مسلمان ہر روز بعد نماز اشراق اس سورت کو گیارہ بار پڑھے اور حاکم کے سامنے جائے وہ اس سے نرمی کرے اور فرماتے ہیں کہ جو شخص اس سورت کے تعویز کا چلہ کر کے اپنے پاس یا اپنے گھر یا سامان میں رکھے کبھی نقصان نہ ہو اس تعویز کو پاک پانی میں گھول کر باغ یا کھیت میں ڈالے تو خوب پھل ہے احتیاط شرط ہے اس کے کل اعداد ۵۲۸۶۱۵ ہیں چلہ کرنے والے کے لیے ضروری ہے کہ نئے چاند کی پہلی جمعرات سے ہر روز اکتالیس دن تک اسم تعویز اشراق کے وقت لکھے اس کی چال خانہ ۱۳ میں ہے تعویز یہ ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۵۹۰۳ | ۱۷۵۹۰۶ | ۱۷۵۹۱۰ | ۱۷۵۸۹۶ |
| ۱۷۵۹۰۹ | ۱۷۵۸۹۷ | ۱۷۵۹۰۲ | ۱۷۵۹۰۷ |
| ۱۷۵۸۹۸ | ۱۷۵۹۱۲ | ۱۷۵۹۰۴ | ۱۷۵۹۰۱ |
| ۱۷۵۹۰۵ | ۱۷۵۹۰۰ | ۱۷۵۸۹۹ | ۱۷۵۹۱۱ |

marfat.com

سورۃ التوبہ مدینہ وھی مائۃ وتسع وعشرون آیۃ وستۃ عشر رکوعا سورہ توبہ مدنیہ ہے اس میں سولہ رکوع ایک سو انتیس آیات چار ہزار اٹھتر کلمات دس ہزار چار سو اٹھائیس حروف ہیں۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس سورۃ کی آخری دو آیتیں مکیہ ہیں لقد جاءکم رسول الی آخرا (خازن وغیرہ)

اس سورہ کے دس نام ہیں۔ توبہ۔ براءۃ۔ مقشقشہ۔ مبعثرہ۔ فاضحہ۔ سورہ عذاب مخزیہ۔ مدمدمہ۔ مثیرہ۔ مبشرہ چونکہ اس سورہ میں حضرت کعب ابن مالک اور ان کے دو ساتھیوں کی عظیم الشان توبہ کا ذکر ہے۔ لہٰذا سورہ توبہ ہے۔ چونکہ اس میں مشرکین سے بیزاری اور معاہدات سے علیحدگی کا ذکر ہے لہٰذا براءۃ نیز یہ سورہ نفاق سے براءۃ ہے لہٰذا یہ مقشقشہ ہے نیز اس سورہ میں منافقین کی خبریں شائع کی گئی ہیں اور ان سے اس میں مکمل بحث ہے لہٰذا مبعثرہ ہے چونکہ اس سورہ نے منافقین کو رسوا کر دیا لہٰذا فاضحہ اور سورہ عذاب ہے نیز اس میں منافقین کی ہلاکت ہے لہٰذا مدمدمہ ہے نیز اس نے منافقین کی جماعتوں کو بکھیر کر رکھ دیا لہٰذا مثیرہ ہے چونکہ اس سورۃ نے منافقین کے پردے چاک کر دئے لہٰذا مبشرہ ہے (تفسیر خازن و تفسیر کبیر) حضرت سعید ابن جبیر فرماتے ہیں کہ میں نے جناب حضرت عبداللہ ابن عباس سے عرض کیا کہ یہ سورہ توبہ ہے فرمایا بلکہ فاضحہ یعنی منافقوں کو رسوا کرنے والی اس سورت میں منہم منہم اس قدر ارشاد ہوا کہ میں سمجھا کہ کسی منافق کو بغیر رسوا کیے چھوڑے گی ہی نہیں دیکھو تفسیر خازن۔ خیال رہے کہ تمام سورتوں کے اول میں بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھی گئی سواء سورہ توبہ کے اس کے برعکس سورہ نمل میں دو بار بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھی گئی ہے ایک اول سورہ میں دوسری درمیان میں انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لہٰذا قرآن مجید میں جیسے ایک سو چودہ سورتیں ہیں اتنی ہی بسم اللہ ہیں اس سورہ میں بسم اللہ نہ لکھنے کی چند وجہیں مفسرین نے بیان فرمائی ہیں ع۱ کسی نے حضرت عثمان جامع قرآن سے اس کی وجہ پوچھی کہ آپ نے توبہ کو سورہ انفال سے علیحدہ کر کے تو دکھایا ہے۔ مگر بسم اللہ نہیں لکھی۔ اس کی وجہ کیا ہے۔ فرمایا کہ سورہ انفال ہجرت کے ابتدائی زمانہ میں نازل ہوئی اور سورہ انفال آخری دور میں حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اول بسم اللہ لکھنے کا حکم نہ دیا ہم پوچھ نہ سکے مگر سورہ توبہ کا مضمون سورہ انفال کے مضمون کے مشابہ تھا کہ یہ دونوں سورتیں ایک ہی سی ہیں۔ یہ بھی احتمال تھا کہ دو ہیں ہم نے دونوں احتمالوں کا لحاظ رکھتے ہوئے علیحدہ بھی کیا اور نہیں بھی کیا (ترمذی۔ ابو داؤد۔ خازن وغیرہ) اس سے حضرات صحابہ کی انتہائی احتیاط کا پتہ چلا کہ انہوں نے جمع قرآن میں کیسی اہم احتیاط کی ہے۔ ع۲ محمد ابن حنفیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد حضرت علی شیر خدا سے پوچھا کہ آپ حضرات نے سورہ توبہ کے اول بسم اللہ کیوں نہ لکھی فرمایا کہ سورہ توبہ تلوار کے ذریعہ کفار سے امان اٹھانے کے لیے اتری اور بسم اللہ امان کے لیے ہوتی ہے لہٰذا نہ لکھی گئی ع۳ تمام سورتوں کے نازل کرنے پر حضرت جبریل بسم اللہ پڑھتے تھے۔ مگر سورۃ توبہ کے

marfat.com

نزول پر نہ پڑھی۔ ۴ حضور انور کی وفات کے بعد جمع قرآن کے موقع پر حضرات صحابہ میں اختلاف ہوا۔ بعض کا خیال تھا کہ سورہ انفال اور توبہ ایک ہی سورت ہے یعنی سبع طوال سے بعض کا خیال تھا کہ یہ دو سورتیں ہیں۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا فیصلہ نہیں فرمایا تھا لہٰذا دونوں جماعتوں کا لحاظ فرما کر علیحدہ نام تو لکھا گیا مگر بسم اللہ نہ لکھی گئی۔ خیال رہے کہ قرآن مجید کے چند حصے ہیں۔ طوال۔ مئین۔ مثانی۔ مفصل اگر انفال اور توبہ ایک سورہ ہو تو یہ طوال میں سے ہو گی کہ اس صورت میں اُن کی آیات دو سو چار ہوں گی ۵ ۷ آیتیں انفال کی ایک سو انتیس توبہ کی ۔ ۵ عرب میں دستور تھا اور ہے کہ جب کسی قوم سے معاہدہ چھوڑتے اعلان جنگ کرنے کے لیئے خط لکھتے ہیں۔ تو اس کے اول بسم اللہ نہیں لکھتے اس قاعدے سے اس سورہ کے اول میں بسم اللہ نہیں لکھی کہ یہ سورت کفار سے معاہدہ ختم کرنے کے لیئے آئی (تفسیر کبیر۔ خازن۔ صاوی) **مسئلہ**۔ دوران تلاوت میں اگر یہ سورت آجاوے تو بسم اللہ پڑھنا ابن حجر کے نزدیک حرام ہے امام رملی کے نزدیک مکروہ لیکن اگر اس سورت سے تلاوت کی ابتداء کرے تو اکثر علماء کے نزدیک بسم اللہ پڑھے بعض علماء منع۔ فرماتے ہیں۔ اُن کے دو شعر مشہور ہیں۔ شعر

وَمَهْمَا يَقْبَلُهَا ۱ وَبَرَاءَتْ بَرَاءَةٌ ۲ تَنَزِيْلُهَا بِالسَّيْفِ لَسْتَ مُبَسْمِلاً

وَلَا بُدَّ مِنْهَا فِي ابْتِدَائِكَ سُوْرَةً ۳ سُوَرٌ هَا فِي الْاَجْزَاءِ خَيْرٌ مُّثَلَّثٍ (صاوی)

**تعلق** سورہ انفال میں کفار پر جہاد کرنے اُن کا مال غنیمت بنانے پھر اس غنیمت کے تقسیم کرنے کا ذکر تھا اور ظاہر ہے کہ جہاد انہیں کفار پر ہو گا جن سے ہمارا معاہدہ یا صلح نہ ہو سورہ برأت یعنی توبہ میں ان کفار کا ذکر ہے جن سے معاہدہ ہو چکا تھا۔ اب معاہدہ ختم کرنا ہوا گویا ایک قسم کے کفار کے ذکر کے بعد دوسرے قسم کے کفار کا ذکر ہے نیز سورہ انفال کی آخری آیات میں مسلمانوں کو آپس میں میل محبت رکھنے ان کی آپس کی میراث کے احکام کا ذکر ہوا اب کفار سے بیزار ہونے اُن سے تعلقات توڑنے کا حکم ہے گویا جوڑ کے بعد توڑ کا تذکرہ ہے۔ دنیا جوڑ توڑ سے قائم ہے کسی سے جوڑو کسی سے توڑو زندہ رہو۔

**نزول**۔ سورہ برأت شوال ۹ھ ہجری میں نازل ہوئی۔ فتح مکہ ۸ھ ہجری میں ہوئی اور حضور کا حجۃ الوداع ۱۰ھ ہجری میں ہے۔ (خازن مدارک) کبیرہ وغیرہ) فتح مکہ کے بعد ۹ھ کا حج کفار عرب نے دس ذیقعدہ کو ادا کیا۔ کیونکہ وہ مہینوں میں ہیر پھیر کرتے رہتے تھے اگلے سال یعنی ۱۰ھ ہجری کا حج صحیح مہینہ صحیح وقت میں ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۹ھ کے حج میں حضرت ابوبکر صدیق کو حج کا امیر بنا کر بھیجا آپکے پیچھے حضرت علی کو سورۃ برأت کی یہ آیات لوگوں کو سنانے اور ان میں اعلان کرنے - - -

marfat.com

کے لئے روانہ کیا اس حج حضرت ابوبکر صدیق امیر تھے حضرت علی مور حضرت صدیق امام تھے۔ حضرت علی۔ مقتدی حضرت ابوبکر صدیق خطیب تھے حضرت علی آپ کا خطبہ لوگوں تک پہنچانے والے۔ اس واقعہ میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارۃً بتادیا کہ میرے بعد صدیق خلیفہ ہوں گے اور حضرت علی اُن کے وزیر۔ (تفسیر کبیر۔ خازن)

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ①

بیزاری ہے جانب سے اللہ اور اس کے رسول کے طرف ان لوگوں کے کہ معاہدہ کیا تم نے مشرکین میں سے

بیزار کا حکم سنانا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکوں کو جن سے تمہارا معاہدہ تھا اور وہ قائم نہ رہے۔

فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ

پس چل پھر لو زمین میں چار مہینے اور جانو کہ بیشک تم نہیں

زمین میں چلو اور جان رکھو کہ تم اللہ کو نہیں

مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ②

ہو عاجز کرنے والے اللہ کو اور تحقیق اللہ رسوا کرنے والا کافروں کا

تھکا سکتے اور یہ کہ اللہ رسوا کرنے والا ہے

**تعلق**۔ ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں حکم تھا کہ مسلمان مسلمان کے دوست دلی رہیں اب حکم ہے کہ مسلمان کفار سے بیزار اور اُن سے علیحدہ رہیں گویا تقویٰ کے ایک رکن یعنی محبت مومنین کا ذکر پہلے ہوا اس کے دوسرے رکن یعنی کفار سے علیحدگی کا ذکر اب ہو رہا ہے۔ دوسرا تعلق۔ پچھلی آیات میں حکم تھا کہ اگر غیر مہاجر مومنین ایسے کفار سے لڑیں جن سے تمہارا معاہدہ ہو اور تم سے مدد مانگیں تو انہیں مدد نہ دو کہ اس میں وعدہ خلافی ہے اب ارشاد ہو رہا ہے کہ اگر ایسے کفار خود ہی بدعہدی کریں تو تم بھی عہد توڑ دو۔ گویا مضبوط معاہدہ کے احترام کا ذکر فرمانے کے بعد ٹوٹے ہوئے معاہدہ کے احکام بیان ہو رہے ہیں تیسرا تعلق۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ کفار کفار کے دوست ہیں اب ارشاد ہو رہا ہے کہ خبردار مومن کفار کے دوست نہ بنیں کہ کفار کا انجام رسوائی ہے۔

**نزول**۔ اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق چند روائتیں ہیں ① حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کے آس پاس کے تمام کفار سے عہد و میثاق کر رکھا تھا کہ تم ہم سے نہ لڑو ہم تم سے نہ لڑیں

marfat.com

نہ ایک دوسرے کو نقصان پہنچائیں نہ کسی جنگ میں ایک دوسرے کے خلاف دشمن کو مدد دیں مگر جب حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ۹ھ ہجری میں غزوہ تبوک میں تشریف لے گئے تو مدینہ منورہ کے منافقین اور ارد گرد کے کفار نے آپس میں سازش کر کے مسلمانوں کے بیوی بچوں کو ستانا اُن کے گھروں کو لوٹنا چاہا مگر ناکام رہے پھر مدینہ منورہ میں غازیانِ تبوک کے متعلق پریشان کن خبریں اڑائیں تاکہ اُن کے بیوی بچے پریشان ہوں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ انہوں نے عہد توڑا آپ بھی عہد توڑ دیں مگر چار ماہ کی مہلت دے دیں (تفسیر کبیر)

ع۲ حضور انور نے قریباً سارے مشرکین سے معاہدے کیے ہوئے تھے۔ مگر سوائے بنو ضمرہ اور بنو کنانہ کے باقی سارے کفار نے ہر طرح اپنے عہد توڑ دیئے تب یہ آیاتِ کریمہ نازل ہوئیں جس میں عہد توڑنے والوں کے عہد توڑنے کا حکم دیا گیا۔ نہ توڑنے والوں کے عہد پورا کرنے کی تاکید فرمائی گئی (تفسیر کبیر و خزائن العرفان)

ع۳ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۶ھ ہجری میں کفار مکہ سے دس سال کے لیے چند شرطوں پر صلح فرمائی جن میں سے ایک شرط یہ بھی تھی کہ اگر تمہارے حلیف بنی بکر اور ہمارے حلیف بنی خزاعہ آپس میں لڑیں تو ہم تم دونوں غیر جانب دار رہیں نہ تم بنی بکر کی مدد کرو نہ ہم بنی خزاعہ کی۔ اگلے سال ۷ھ میں حضور نے عمرہ قضا کیا پھر بنی بکر اور بنی خزاعہ میں آپس میں جنگ ہوئی کفار قریش نے اپنے حلیف بنی بکر کی ڈٹ کر مدد کی اور اُس معاہدہ کو توڑ دیا۔ تب قبیلہ خزاعہ کا ایک شخص عمرہ خزاعی حضور انور کی خدمت میں فریاد کرتا ہوا حاضر ہوا۔ اور اس نے بہت دردناک قصیدہ پیش کیا جس میں کفارِ مکہ کی اِس بدعہدی کا ذکر کیا جس کے چند اشعار یہ ہیں۔ شعر:

لَاهُمَّ اِنِّیْ نَاشِدٌ مُحَمَّدًا ۔۔۔ حَلَفَ اَبِیْنَا وَاَبِیْهِ الْاَتْلَدَا

قَدْ كُنْتُمْ وَلَدًا وَكُنَّا وَالِدًا ۔۔۔ تَمَنَّعْنَا وَلَمْ نَنْزَعْ يَدًا

فَانْصُرْ هَدَاكَ اللّٰهُ نَصْرًا اَعْتَدَا ۔۔۔ وَادْعُ عِبَادَ اللّٰهِ يَاْتُوْ مَدَدَا

فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَدْ تَجَرَّدَا ۔۔۔ اِنْ سِيْمَ خَسْفًا وَجْهُهٗ تَرْبَدَّا

فِیْ فَيْلَقٍ كَالْبَحْرِ يَجْرِیْ مُزْبِدَا ۔۔۔ اِنَّ قُرَيْشًا اَخْلَفُوْكَ الْمَوْعِدَا

وَانْقَضُوْا مِيْثَاقَكَ الْمُؤَكَّدَا ۔۔۔ وَجَعَلُوْا لِیْ مِنْ كَدَاءٍ رَصَدَا

وَزَعَمُوْا اَنْ لَسْتُ اَدْعُوْ اَحَدَا ۔۔۔ وَهُمْ اَذَلُّ وَاَقَلُّ عَدَدَا

هُمْ بَيَّتُوْنَا بِالْحَطِيْمِ جَهْدَا ۔۔۔ وَقَتَلُوْنَا رُكَّعًا وَّسُجَّدَا

marfat.com

یہ بہت ہی بڑا قصیدہ ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یارسول اللہ فریاد ہے کفار مکہ نے آپ کا عہد توڑ دیا ہم کو بے یار و مددگار سمجھ کر نبی بحر سے مل کر ہم پر ٹوٹ پڑے ہماری مدد کو پہنچو۔ اس پر حضور انور کے آنسو جاری ہو گئے اور اُن کی مدد کا وعدہ فرمایا ۸ھ ہجری میں مکہ معظمہ پر چڑھائی کر کے اُسے فتح فرمایا ۹ھ میں حج کے موقعہ پر حضرت ابوبکر کو امیر الحج بنا کر بھیجا اس موقعہ پر یہ آیات نازل ہوئیں مگر یہ احتمال قوی نہیں کیونکہ کفارِ مکہ سارے ہی فتح مکہ کے دِن ایمان لا چکے تھے اب ان سے یہ خطاب کیسا اولاً حضور انور نے اِن آیات کے اعلان کا حکم بھی ابوبکر صدیق کو دیا تھا مگر بعد میں لوگوں نے عرض کیا کہ حضور عرب کا دستور یہ ہے کہ معاہدہ یا معاہدہ کا ختم کرنا یا خود سلطان کرے یا سلطان کا قریبی رشتہ دار اور نہیں چنانچہ حضور انور نے اِس اعلان کے لیے حضرت علی کو بھیجا جو راستہ میں حضرت صدیق اکبر سے مل گئے۔ جناب صدیق اکبر نے پوچھا کہ اے علی تم امیر بن کر آئے ہو یا مامور عرض کیا کہ امیر تو آپ ہی ہیں مامور بن کر آیا ہوں۔ حج آپ کرائیں گے۔ ان آیات کا اعلان میں کروں گا (تفسیر کبیر۔ روح المعانی۔ خازن۔ خزائن وغیرہ) چونکہ حج میں سارے عرب کے قبیلے جمع ہوتے ہیں جن میں عہد توڑنے والے بھی ہیں اور عہد پورا کرنے والے بھی ہیں اور عہد جوڑنے والے بھی اس لیے ان آیات کا اعلان اس موقعہ پر مناسب ہوا۔

نکتہ عجیبہ: یہاں تفسیر روح المعانی نے عجیب نکتہ بیان کیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق ساری اُمت میں رحمتِ الٰہی کے مظہرِ اتم ہیں، حضور نے فرمایا اَرْحَمُ اُمَّتِیْ بِاُمَّتِیْ اَبُوْبَکْرٍ گویا آپ سراپا جمال ہیں اور یہ آیات نری جلال حضرت علی مظہرِ جلال ہیں کہ اسد اللہ ہیں۔ شکار شیر بھی کرتا ہے اس لیے ان آیات کا اعلان حضرت علی کے منہ سے سجتا ہے۔ میدانِ عرفات مشابہ ہے میدانِ حشر کے۔ حشر میں جمال بھی ہوگا جلال بھی تو مناسب ہوا کہ اِس میدان میں جمال صدیق سے ظاہر ہو جلال حضرت علی سے (روح المعانی) حضور انور نے اس موقعہ پر حضرت صدیق کو حج کا امیر بنایا حضرت علی کو مامور و مقتدی۔ وفات شریف کے موقعہ پر صدیق کو نمازوں کا امام بنایا تاکہ پتہ لگے کہ حضور کے بعد امامِ اکبر اوّلِ خلفاء بھی حضرت صدیق ہیں۔ رضی اللہ عنہ

تفسیر: بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی ساری سورتیں بسم اللہ کی ب سے شروع کیں یہ سورہ لفظ براءۃ کی ب سے شروع فرمائی بسم اللہ میں ب ایک کلمہ یعنی حرف جر ہے یہاں ب ایک کلمہ کی جز ہے مگر ابتداء ب سے ہی ہے (روح المعانی) ہماری قراءۃ میں براءۃ ت کے پیش سے ہے اَنْ ھُوَ اپوشیدہ کی خبر ایک قراءۃ میں براءۃ ت کے فتح سے ہے اَسْمَعُوا پوشیدہ کا مفعول۔ براءۃٌ کے معنیٰ بیزاری بھی ہے حفاظت کا ختم ہونا بھی دور ہونا بھی علیحدگی کو بھی کہا

marfat.com

جاتا ہے فلاں شخص مقدمہ میں بری ہو گیا۔ یا قرض سے بری ہو گیا یا میں فلاں شخص سے بری یعنی بیزار ہوا اس سے الگ ہوں اُس سے الگ ہوں۔ ذمہ دار نہیں براءت کی تنوین تعظیمی ہے۔ مِنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ من ابتدائیہ ہے اس لیئے اس کے الی آرہا ہے جیسے کہا جاتا ہے یہ خط فلاں کی جانب سے ہے فلاں کی طرف لطف یہ ہے کہ براءۃ ایک ہے اور اس کے بعد مبتدا دو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی علیہ وسلم گویا یہ بیزاری چلی ہے رب کی طرف سے بھی اور اُس کے رسول کی طرف سے بھی۔ کیونکہ حضور انور جیسے رب کی رحمتوں کے قاسم ہیں ایسے اس کی ناراضگی کے بھی کہ جس سے حضور بیزار ہو جاویں اُس سے رب بھی بیزار ہے۔ کفار نے حضور انور سے عہد شکنی کی تھی رب بھی ان سے بیزار ہو گیا اِلَی الَّذِیْنَ عٰھَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ اگر براءۃ پوشیدہ مبتدا کی خبر ہو تو براءۃ موصوف ہے اور مِنَ اللّٰہِ الخ پہلی صفت اور الَّذِیْنَ الخ دوسری صفت اور یہ اُس کی خبر غرضیکہ اس فرمان عالی کی بہت تفسیریں ہیں۔ ہر تفسیر کا علیحدہ لطف مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ کا بیان ہے۔ ان مشرکین سے مراد یا تو مشرکین مکہ ہیں تو معاہدہ سے مراد صلح حدیبیہ کا معاہدہ شے مراد وہ معاہدہ ہے جسے پہلے مشرکین مکہ نے ہی توڑا مگر یہ احتمال ضعیف ہے کیونکہ آیات فتح مکہ ایک سال بعد نازل ہوئیں اور سارے مشرکین مکہ فتح مکہ کے دِن ایمان لا چکے تھے۔ پھر ان سے یہ خطاب کیسے ہو سکتا ہے۔ یا مشرکین سے مُراد عام مشرکین عرب ہیں اور معاہدہ سے مراد وہ معاہدہ ہے حضور انور نے اُن سے کیا تھا کہ ہمارے خلاف نہ تو جنگ کرو نہ ہم سے جنگ کرنے والوں کی مدد کرو۔ یہ معاہدہ ان لوگوں نے اجب توڑا۔ جب کہ حضور انور غزوہ تبوک کے لیے گئے ہوئے تھے۔ یا مشرکین سے مراد عموماً وہ مشرکین ہیں جو حضور انور سے عہد کر کے توڑ دیتے تھے جیسا کہ شانِ نزول میں عرض کیا گیا۔ بہر حال روئے سخن اُن ہی کفار سے ہے جو عہد توڑنے میں پہل کرتے تھے عٰھَدْتُّمْ میں خطاب یا تو صلح حدیبیہ والے صحابہ سے ہے یا عام صحابہ سے نکتہ اس آیت کریمہ میں براءۃ کو نسبت کیا گیا اللہ و رسول کی طرف اور معاہدہ کو نسبت کیا گیا مومنوں کی طرف حالانکہ معاہدہ حضور انور نے کیا تھا ان نسبتوں میں حضور انور کی انتہائی عظمت کا اظہار ہے کیونکہ ٹوٹا ہوا عہد اس قابل نہیں جو حضور کی طرف نسبت کیا جاوے ہاں عہد کا توڑنا اس میں عظمت و جلالت کا اظہار ہے اسے نسبت کیا گیا حضور کی طرف مگر ساتھ ہی رب کا نام لیا تبرکاً یہ بتانے کے لیئے کہ حضور انور کا کام رب تعالیٰ ہی کا کام ہے جیسے لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ معاہدہ کے وقت ہی اللہ تعالیٰ کو بھی خبر تھی اور حضور انور کو بھی کہ کفار یہ عہد نباہیں گے نہیں۔ ہاں مومنوں کے نباہ کی قوی اُمید تھی لہٰذا وہ عہد گویا مومنوں نے ہی کیا تھا (روح المعانی)

فَسِیْحُوْا فِی الْاَرْضِ یہ عبارت یا تو قُوْلُوْا پوشیدہ کا مفعول ہے یعنی اے گروہِ صحابہ ان مشرکوں

سے کہہ دو کہ چل پھر لو زمین میں یا کوئی فعل پوشیدہ نہیں تو اس میں التفات ہے کہ پہلے مشرکوں کو غائبانہ الفاظ سے یاد فرمایا پھر خطاب سے سیحوا بنا ہے سیاحت سے جس کے معنی ہیں پانی کا زمین میں پھیلنا۔ اصطلاح میں آزادی سے ہر جگہ چلنے پھرنے کو سیاحت کہتے ہیں۔ ایک شاعر کہتا ہے شعر

لَوْخِفْتُ هٰذَا مِنْكَ مَا نِلْتَنِیْ حَتّٰی تَرٰی خَیْلِیْ اَمَامِیْ تَسِیْحُ (معانی)

غرضیکہ سیر سریٰ اور سیح تینوں میں چلنے پھرنے کے معنی ہیں مگر ان میں بڑا فرق ہے۔ سیر مطلقاً چلنا۔ سریٰ رات میں چلنا اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا اور سیح آزادانہ چلنا۔ سیحو میں خطاب انہیں کفار سے ہے جن کا معاہدہ ختم ہوا۔ سیحو میں امر مباح کرنے کے لیئے ہے الارض سے مراد یا تو زمین عرب ہے یا ساری زمین اگرچہ چلنا پھرنا زمین میں ہی ہوتا ہے مگر ساری زمین میں چلنے کی اجازت ظاہر کرنے کے لیے ارشاد ہوا۔ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ یہ ظرف ہے فَسِیْحُوْا کا چار ماہ کی مہلت اس لیے دی گئی کہ وہ لوگ اس دوران میں اپنے متعلق خوب سوچ بچار کر لیں۔ کہ چار ماہ کے بعد ہمارے لیئے یا قتل ہے یا اسلام۔ ممکن ہے کہ وہ سوچ کر مسلمان ہی ہو جائیں یہ مہلت بھی تبلیغ ہے اور رحم خسروانہ کا اظہار اس میں گفتگو ہے چار ماہ سے کوئی سے چار ماہ مراد ہیں بعض نے فرمایا کہ اس آیت کے نزول کے بعد سے چار ماہ یعنی شوال ذی قعدہ ذی الحجہ اور محرم کیونکہ یہ آیت شروع شوال ۹ھ میں آئی بعض نے فرمایا کہ دس ذی قعدہ سے دس ربیع اول تک۔ کیونکہ اس کا اعلان دس ذیقعدہ کو منیٰ شریف میں حج میں ہوا اُس سال عرب میں دس ذیقعدہ کو ہی حج کیا گیا تھا۔ یہ دوسرا قول ہی قوی ہے اس کے متعلق اور بہت قول ہیں۔ (معانی۔ کبیر۔ خازن) وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَیْرُ مُعْجِزِی اللّٰهِ اے مہلت یافتہ کافرو! تم یقین رکھو کہ تم اس مہلت کے ذریعہ اللہ رسول سے بچ نہیں سکتے تم کہیں بھی جاؤ اُن کی قدرت اُن کی پکڑ میں ہو گے۔ یہ نہ سمجھو کہ کہیں بھاگ کر ہم اُن سے بچ جائیں گے ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نام اپنا لیا ہو: اور مراد رسول اللہ ہوں۔ مطلب یہ ہے کہ تم رسول اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے کیونکہ انہیں پکڑنا قتل کرنا حضور ہی کا کام ہے اِنَّ اللّٰهَ مُخْزِی الْكٰفِرِیْنَ اگر کافرین سے مراد عام کافر ہوں تو رسوائی سے مراد آخرت کی رسوائی ہو گی اور اگر وہ خاص کفار مراد ہوں جن کا عہد ختم کیا گیا تو رسوائی سے مراد دنیا میں قتل کی رسوائی آخرت میں دوزخ کے عذاب کی رسوائی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کفار کو رسوا کرنے والا ہے اگر رسوائی خواری ذلت سے بچنا ہے تو سچے دل سے ایمان قبول کر لو۔ چار ماہ کی مہلت تم کو رسوائی سے نہیں بچا سکتی۔ اِس مہلت میں تم پر خاص مہربانی ہے

خلاصہ تفسیر۔ اللہ رسول کی طرف سے بیزاری کا اعلان عام اُن کفار سے ہے جن سے اے مسلمانو! تم حدیبیہ میں یا دوسرے موقعوں پر معاہدہ کر چکے ہو اور وہ اس معاہدہ پر قائم نہ رہے اُس کی خلاف ورزیاں کرتے رہے ان سے علانیہ کہہ دو کہ آج سے چار ماہ تک تم زمین میں آزادانہ چل پھر لو سیر و سیاحت کر لو تم کو چار ماہ کی

marfat.com

مہلت ہے۔ اس مہلت سے دھوکا نہ کھانا۔ تم اللہ رسول کی پکڑ سے بچ نہیں سکتے کہیں جاؤ تہ خانہ میں قلعہ میں کسی ملک میں رہو گے اُن کے قبضہ میں اللہ تعالیٰ عنقریب کافروں کو رسوا کرنے والا ہے دنیا میں قتل سے آخرت میں آگ کے عذاب سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ۹ھ میں دسویں تاریخ منےٰ میں حج کے موقعہ پر یہ آیات تمام حجاج کو علانیہ سنائیں اور چار اعلان کئے ع۱ اگلے سال کوئی مشرک حج نہ کرے ع۲ کوئی ننگا طواف نہ کرے ع۳ جنت میں سوا مومن کے کوئی نہ جائے گا ع۴ چار ماہ کے بعد ہمارا کفار سے کوئی عہد نہیں۔ اس کے جواب میں کفار بولے کہ ہماری طرف سے اپنے بھائی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو خبر دو کہ ہم میں اُن میں کوئی معاہدہ نہ رہا۔ اب تیر سے ہی ہمارا اُن کا فیصلہ کریں گے۔ (کبیر خازن وغیرہ) خیال رہے۔ کہ تین صورتوں سے عہد ٹوٹتا ہے ایک یہ کہ کفار کی طرف سے خیانت بدعہدی ظاہر ہو جاوے۔ اُن کے ضرر کا اندیشہ ہو۔ دوسرے یہ کہ معاہدہ وقتی ہو اور اس کی میعاد ختم ہو جاوے۔ تیسرے یہ کہ معاہدے میں یہ شرط ہو کہ ہم جب چاہیں گے اس سے علیحدہ ہو جائیں گے۔ (تفسیر کبیر) اِن شرطوں کا ذکر آگے آرہا ہے اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ۔ (الخ)

فائدے۔ ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ حضرات صحابہ کرام نے جمع قرآن میں بڑی احتیاط سے کام لیا ہے اس میں شبہات سے بچے ہیں۔ یہ فائدہ سورۃ توبہ کے شروع میں بسم اللہ نہ لکھنے سے حاصل ہوا کہ جب ان حضرات کو اس کے مستقل سورۃ ہونے کا یقین نہ ہوا اور حضور انور نے اس پر بسم اللہ لکھنے کا حکم نہیں دیا تو انہوں نے بسم اللہ نہ لکھی اور چونکہ احتمال تھا کہ یہ سورت علیحدہ سورت ہو تو اس کا نام لکھ دیا۔ یہ انتہائی احتیاط ہے یہ فائدہ بسم اللہ نہ لکھنے کی پہلی وجہ سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ۔ قہر اور غضب کے کام پر بسم اللہ (الخ) نہیں پڑھنی چاہیئے۔ اس لیئے ذبح کے وقت بسم اللہ اللہ اکبر پڑھتے ہیں الرحمٰن نہیں پڑھتے۔ یہ فائدہ یہاں بسم اللہ (الخ) نہ لکھنے کی دوسری وجہ سے حاصل ہوا کہ بسم اللہ امان کے لیئے ہے اور یہ سورۃ امان ختم کرنے کے لیے آئی جیسا کہ حضرت علی کا فرمان ہے تیسرا فائدہ دربارِ خدا دربارِ رسول ہے یوں ہی اِس کے عکس دربارِ رسول دربارِ خدا ہے جو وہاں سے ہو وہ یہاں سے ہو جو یہاں سے ہو یہ فائدہ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فرمانے سے حاصل ہوا کہ ایک بیزاری مبدا اللہ رسول دونوں کو قرار دیا گیا۔

## شعر

نجدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آکے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

چوتھا فائدہ۔ یوں ہی اللہ کی رحمتوں کا حال ہے کہ وہ اللہ رسول سے ملتی ہیں اُن کا مبداء دونوں

marfat.com

آستانے ہیں فرماتا ہے اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ اور فرماتا ہے سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ بلکہ رب دیتا ہے نبی کریم کے دروازہ سے

## شعر

بے اُن کے واسطے کے خدا کچھ عطا کرے حاشا غلط غلط یہ ہوس بے بصر کی ہے

**پانچواں فائدہ**۔ جس سے حضور انور بیزار ہو جائیں تو ممکن ہے کہ رب تعالیٰ اُس سے راضی ہو۔ یہ فائدہ بھی مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فرمانے سے حاصل ہوا کفار عرب نے حضور انور سے بد عہدی کر کے حضور کو بیزار کیا۔ اللہ بھی بیزار ہو گیا یہ ہو سکتا ہے کہ کسی گنہگار سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو تو حضور انور شفاعت فرما کر اُسے راضی کر دیں کہ وہ دنیا میں اِسی لیئے تو آئے ہیں کل قیامت میں حضور کے ایک سجدہ سے جلال جمال میں اور قہر مہر میں تبدیل ہو جاوے گا محشر کا نقشہ بدل جاوے گا۔

## شعر

بھیکا وہ رُکو ڑ ہیں جو جا میں گر کو اور رب روٹھے گر میل دے گر روٹھے نہیں چھوڑ

ہمارے پاس رب کو راضی کرنے والا کوئی کام نہیں۔ انہیں کی شفاعت کا بھروسہ ہے۔ شعر

تم قیامت میں بنا دو گے تو بن جائیگی ورنہ بگڑی ہوئی باتیں ہیں ہماری ساری

دُنیا میں دیکھ لو حضور کی تشریف آوری سے رب کے قانون حکومت بدل گئے۔ ارشاد ہوا کہ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ **چھٹا فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حضور انور کی بڑی عزت و عظمت ہے کہ جو چیز اُن کے آستانہ عالیہ کے لائق نہ ہو وہ اُن کی طرف نسبت ہی نہیں کی جاتی۔ یہ فائدہ عٰهَدْتُّمْ فرمانے سے حاصل ہوا کہ کفار معاہد حضور انور نے کیے تھے مگر چونکہ اب وہ معاہدے ٹوٹ گئے۔ تو انہیں مومنوں کی طرف نسبت کیا گیا۔ حضور انور کی طرف نہ کیا گیا۔ خیال رہے کہ گناہ حضور کے دامن تک نہیں پہنچتے مگر گناہ گار اُن کے دامن سے ہی وابستہ رہتے ہیں کہ وہ انہیں کو اپنے دامن میں چھپانے کے لیے تو آئے ہیں۔ شعر

عاصیاں وابستۂ دامان تو اے پناہ ما غریباں السلام
اے نہ بے قسمت کہ تو بر ما عزیز جان عالم بر تو قربان السلام

**ساتواں فائدہ**۔ جب کفار کی طرف معاہدہ کی خلاف ورزی ہو جائے یا خیانت کا اندیشہ ہو انہیں اطلاع دے کر معاہدہ توڑ دیا جاوے یہ فائدہ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ الخ سے حاصل ہوا آٹھواں فائدہ انسان کو چاہیئے کہ رب تعالیٰ کی ڈھیل اور مہلت سے ناجائز فائدہ نہ اٹھاوے موقعہ کو غنیمت جانے اور اپنی اصلاح کر کے اُسے راضی کرے یہ فائدہ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ الخ سے حاصل ہوا۔ کوئی بھی اللہ کے قبضے سے باہر نہیں۔

**پہلا اعتراض**۔ تم نے سورہ توبہ کے اول میں بسم اللہ نہ لکھنے کی جو وجہ بیان کی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

نے نہ تو سورہ توبہ کی جگہ بتائی کہ کس جگہ رکھی جاوے نہ یہ بتایا کہ یہ الگ سورہ ہے یا نہیں۔ حضرت عثمان غنی نے اپنی رائے سے اِسے یہاں رکھا اور انہیں خود شبہ رہا کہ یہ سورہ انفال کا جز ہے یا الگ سورہ اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرات صحابہ نے سورتوں کی ترتیب خود دی ہے اور اپنی طرف سے اِس میں فرق کیا۔ ہے۔ تو ممکن ہے کہ انہوں نے قرآن میں زیادتی کمی بھی کر دی ہو۔ لہٰذا قرآن مجید مشکوک ہے۔ (روافض)

**جواب** ۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی **جواب الزامی** ۔ تو یہ ہے کہ جمع قرآن اکیلے حضرت عثمان نے نہیں کیا بلکہ اس کے لیے آپ نے صحابہ کی ایک کمیٹی بنائی جس میں حضرت علی بھی شامل تھے تو یہ الزام اُن پر بھی آتا ہے نیز حضرت علی و امام حسنین نے اسی قرآن کو نمازوں میں تلاوت کیا۔ اِسی پر عمل کیا۔ اس کی اصلاح کبھی نہیں کی۔ اگر اس کی ترتیب وغیرہ میں غلطی تھی تو انہوں نے درست کیوں نہ کیا۔ :

**جواب تحقیقی** یہ ہے کہ ترتیب ان دونوں سورتوں کی حضور انور نے دی تھی۔ مگر چونکہ حضرت جبریل نے اس کے اوّل میں بسم اللہ نہیں پڑھی۔ حضور نے بھی اس کا حکم نہیں دیا۔ حضرت علی نے اس کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ بسم اللہ امان ہے اور یہ سورۃ امان اٹھانے کے لیے آئی یہ ہی قوی ہے اور زیادہ صحیح ہے حضرات صحابہ صرف جامع قرآن نہیں ترتیب ایک ایک لفظ کی حضور ہی نے دے دی تھی کہ ہر آیۃ کے متعلق حضور فرما دیتے تھے کہ اُسے فلاں آیت کے بعد رکھو (از تفسیر کبیر) دوسرا اعتراض۔ تمہارے پیش کردہ واقعہ سے معلوم ہوا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب حضرت ابوبکر صدیق کو اُس حج میں امارت سے معزول کر کے حضرت علی کو امیر بنایا۔ معلوم ہوا کہ جناب صدیق امیری کے لائق نہ تھے امیری کے لائق حضرت علی تھے۔ جب وہ امیر حج نہ بن سکے تو امیر المومنین کیسے بن سکتے تھے لہٰذا ان کی خلافت باطل تھی خلیفہ برحق حضرت علی تھے۔ اس کے لائق نہ تھے اس کے لائق حضرت علی تھے۔ (روافض) **جواب** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا اگر حضرت صدیق امارت کے لائق نہ تھے تو حضور انور نے اولاً انہیں امیر بنایا ہی کیوں۔ یہ محض غلط ہے کہ حضور نے حضرت صدیق کو معزول کر کے ان کی جگہ حضرات علی کو قائم کیا۔ بلکہ حضرت علی کو ان آیات کا اعلان کرنے بھیجا اُن وجوہ سے جو ابھی تفسیر میں عرض کی گئیں۔ اس واقعہ سے تو حضرت صدیق اکبر کی خلافت اولیٰ کا ثبوت ملتا ہے کہ حضور انور نے حج کا امیر بنایا تو آپ کو اور بوقت وفات اپنے مصلّے پر کھڑا کیا تو آپ کو ہم نے عرض کیا ہے

**شعر**

اس امامت سے کھلا تم ہو امام اکبر ۔۔۔ تھی یہی مرزبنی کہتے ہیں حیدر صدیق

خود حضرت علی نے آپ کی خلافت پر یہ ہی دلیل قائم کی کہ ابوبکر کو حضور نے ہمارے دین کا امام بنا دیا ہم نے انہیں دنیا کا امام بنا لیا تیسرا اعتراض۔ کیا ہوا عہد توڑنا تو عیب ہے پھر رب نے عہد کیوں توڑا

marfat.com

اور بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ کیوں فرمایا (ہندو) **جواب** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ اول عہد توڑنے والے خود مشرکین و کفار تھے یہ تو اللہ رسول کا کرم و رحم ہے انہیں پھر چار ماہ کی مہلت دے دی پہلے سے انہیں آگاہ کر دیا۔ دیکھو تفسیر۔ **چوتھا اعتراض** مذکورہ عہد مسلمانوں نے بھی کیا تھا اور حضور انور نے بھی پھر عَاهَدْتُّمْ کیوں فرمایا کہ اے مسلمانو! جو عہد تم نے کیا تھا۔ **جواب** اس لیے کہ وہ عہد ناقص و توڑنے کے قابل ہو چکا تھا۔ ناقص چیز رب تعالیٰ کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف نسبت کے قابل نہیں

**تفسیر صوفیانہ**۔ جیسے نور وابستہ ہے شمع کے ساتھ کوئی شخص شمع گل کر کے یا اس سے دور رہ کر نور حاصل نہیں کر سکتا۔ شمع وسیلہ نور مقصود مگر یہ مقصود اس وسیلہ سے وابستہ ہے یوں ہی حضور انور وسیلۂ عظمیٰ ہیں خدا رسی کا کوئی شخص کسی وقت میں حضور کا دامن چھوڑ کر رب سے نہیں مل سکتا۔ حضور کے مہر و قہر سے رب تعالیٰ کا رحم و قہر وابستہ ہے ناممکن ہے کہ کوئی شخص حضور کو ناراض کر کے رب کو راضی کر سکے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ **شعر**

منبر و محراب سازم بہر تو
از محبت قہرِ من در قہرِ تو

یوں ہی ناممکن ہے کہ جس سے حضور راضی ہوں رب تعالیٰ اس سے ناراض ہو۔ دیکھو کفار مکہ اور کفار عرب نے جب حضور انور سے معاہدہ کیا تو وہ رب تعالیٰ کے عہد اور اس کی امان میں آ گئے اور جب انہوں نے حضور انور سے معاہدہ کیا تو وہ رب تعالیٰ کے عہد اور اس کی امان میں آ گئے۔ اور جب انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد شکنی کی اور حضور ان سے بیزار ہوئے تو رب تعالیٰ بھی بیزار ہوا۔ ۔ بلکہ اپنی برأت کا ذکر پہلے فرمایا اور حضور کی بیزاری کا ذکر بعد میں اور چونکہ وہ کفار اس عہد سے نکل چکے تھے تو اظہار غضب کے لیئے اور ٹوٹے ہوئے عہد کو اپنی اور حضور انور کی طرف نسبت بھی نہ کیا بلکہ فرمایا عٰهَدْتُّمْ۔ اعلیٰحضرت قدس سرہ فرماتے ہیں **شعر**

اُن کے در کا جو ہوا خلقِ خدا اس کی ہوئی
اُن کے در سے جو پھرا اللہ اس سے پھر گیا

اللہ کی ہر رحمت کا کارخانہ حضور کی ذات والا صفات ہے پھر ان نعمتوں رحمتوں کی دکانیں حضور کے خدام یعنی اولیاء اللہ کے آستانے ہیں۔ کعبہ معظمہ میں حج۔ مسجدوں میں نمازیں ملتی ہیں مگر یہ سب چیزیں بنتی ہیں کارخانہ قدرت یعنی مدینہ منورہ میں کھیت میں دانہ اور باغ میں پھل بنتے ہیں پھر دکانوں سے ملتے ہیں صوفیاء فرماتے ہیں کہ ہم نے میثاق کے دن رب سے ایمان اور

marfat.com

تقوی و شکر کا وعدہ کیا تھا دنیا میں اگر توڑ دیا رب نے ہم کو مہلت دی کہ اب بھی سمجھ جاؤ تم کو بچپن۔ پھر جوانی پھر کہولت (ادھیڑ عمر) پھر بڑھاپا۔ ان چار زمانوں کی مہلت ہے کسی وقت بھی توبہ کر لو۔ اگر تم نے یہ چار ماہ یعنی چار زمانے غفلت میں گزارے تو جان لو کہ اللہ تعالیٰ کافروں یعنی کفران نعمت کرنے والوں کو رسوائی کی سزا دے گا۔

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ

اور اعلان عام جانب سے اللہ اور اس کے رسول کے طرف لوگوں کے بڑے حج کے دن کہ بے شک

اور منادی پکار دینا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے سب لوگوں میں بڑے حج کے دن کہ

اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ

اللہ بیزار ہے مشرکوں سے . اور اس کا رسول پس اگر توبہ کر لو تم پس وہ بہتر ہے واسطے تمہارے

اللہ بیزار ہے مشرکوں سے اور اس کا رسول تو اگر تم توبہ کرو تو تمہارا بھلا ہے

لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ

اور اگر منہ پھیرو تم پس جان لو کہ بیشک تم نہیں ہو عاجز کرنے والے اللہ کو اور خوشخبری

اور اگر منہ پھیرو تو جان لو کہ تم اللہ کو تھکا نہ سکو گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ (۳)

دو ان کو کفر کیا جنہوں نے عذاب تکلیف دہ کی

اور کافروں کو خوشخبری سناؤ دردناک عذاب کی

**تعلق:** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق** پچھلی آیتہ میں مشرکین سے اللہ رسول کی بیزاری کا ذکر تھا اب اس بیزاری کے اعلان کا حکم ہے گویا پچھلی آیت میں واقعی بیزاری کا ذکر تھا یہاں اس واقعی خبر کے اطلاع کا تذکرہ ہے۔ **دوسرا تعلق** پچھلا آیتہ میں عہد توڑنے والے کفار سے بیزاری کا ذکر تھا ان کی بدعہدی کی وجہ سے اب سارے مشرکین و کفار سے بیزاری کا ذکر ہے ان کے شرک و کفر کی وجہ سے گویا خاص بیزاری کے بعد عام بیزاری کا تذکرہ ہے۔ **تیسرا تعلق** پچھلی آیات میں روئے سخن صرف کفار سے تھا اِلَی الَّذِیْنَ اب اس آیتہ میں روئے سخن سارے لوگوں سے ہے مومن ہوں یا کافر عہد

marfat.com

توڑنے والے ہوں یا عہد پر پابند کہ فرمایا اِلی النّاس **چوتھا تعلق** ۔ پچھلی آیت میں اللہ رسول کی بیزاری کا ذکر ہوا اب اس آیۃ میں اُس کے اعلان کے وقت کو اسکی جگہ کا ذکر ہے کہ اے صحابہ تم ہماری بیزاری کا اعلان حج اکبر کے دن مکہ معظمہ میں کرو تاکہ سارے کافر سُن لیں۔ ہر جگہ یہ اعلان پہنچ جائے۔

**تفسیر** وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ یہ فرمان عالی یا تو بَرَاءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ پر معطوف ہے یعنی جُملہ کا جُملہ پر عطف تو واؤ عاطفہ ہے یا نیا جملہ ہے اور واؤ ابتدائیہ اَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ کی وہی نحوی ترکیبیں ہیں۔ جو بَرَاءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ کی تھیں کہ یا تو براءت خبر ہے ہذا پوشیدہ کی یا اَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ مبتدا ہے اور مِنَ اللّٰہِ الخ اس کی خبر۔ اَذَانٌ یا تو بنا ہے اَذِنَ سے الف کے کسرہ سے بمعنیٰ اجازت یا خبر یا نبا ہے اَذُنَ الف کے پیش سے بمعنیٰ کان عام اطلاع کو اَذان اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں عام لوگوں کو سننے کی اجازت ہوتی ہے سب کے کان میں یہ خبر ڈالی جاتی ہے نماز کی اطلاع کو اس لیے اذان کہتے ہیں کہ اس میں نماز کا اعلان عام ہوتا ہے اور سب کو مسجد میں آنے کی اجازت دی جاتی ہے یہ بروزن اَمَانٌ یا عَطَائٌ (روح المعانی وروح البیان) اِلَی النَّاسِ یہ متعلق ہے اَذَانٌ مصدر کے یا اُس کی خبر ہے ناس سے مراد سارے انسان ہیں۔ مومن ہوں یا کافر بدعہد ہوں یا عہد کے پابند۔ یَوْمَ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ یہ اَذَانٌ کا ظرف نہیں بلکہ الی الناس جس کے متعلق ہے اُس کا ظرف ہے (روح المعانی) یوم سے مراد یا تو خاص دن ہے نویں یا دسویں ذی الحجہ۔ حج کا پورا زمانہ آٹھویں تاریخ سے تیرھویں تک جیسے کہا جاتا ہے یَوْمُ الْجَمَلِ یا یَوْمُ صِفِّیْنَ یعنی جنگ جمل جنگ صفین کا زمانہ ایسے ہی یوم حج اکبر یعنی حج کا زمانہ حج اکبر کے متعلق ۶ قول ہیں ع۱ ہر حج حج اکبر ہے عمرہ حج اصغر کیونکہ عمرہ میں حج سے کم کام ہوتے ہیں ع۲ صرف حج تو حج اصغر ہے اور قرآن حج اکبر یعنی حج و عمرہ ملا کر ادا کرنا ع۳ ذی الحجہ کی نویں تاریخ یعنی عرفہ کا دِن حج اکبر ہے کیونکہ حج کا بڑا رکن اُس دِن ادا ہوتا ہے جس پر حج کا دار و مدار ہے یعنی وقوف عرفات ع۴ بقر عید کا دِن یعنی دسویں ذی الحجہ حجِ اکبر ہے۔ کیونکہ حج کے زیادہ کام قربانی۔ سر منڈانا۔ طواف زیارت۔ رمی جمرہ عقبہ اُس دِن ہوتی ہے۔ سارے ایامِ تشریق حج اکبر ہیں۔ ع۵ جو حج جمعہ کو ہو وہ حج اکبر ہے کیونکہ اُس کا ثواب ستر حج کا ہے ع۶ جس سال حضور انور نے حج کیا وہ حج اکبر تھا۔ کیونکہ اس دِن عیسائیوں یہودیوں مجوسیوں سب کی عیدیں تھیں اتنی عیدوں کا اجتماع کبھی نہیں ہوا مگر یہاں یہ آخری دو معنیٰ مراد نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ اعلان ۹ نو ہجری میں ہوا جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا۔ اس سال نہ تو حضور انور نے حج کیا اور نہ وہ جمعہ کا دِن تھا۔ بلکہ دس ذی قعدہ کو ہوا۔ جیسے کفارِ عرب نے دَس ذی الحجہ بنایا ہوا تھا۔ اُن کے مانے ہوئے کے لحاظ سے اُسے حج اکبر فرمایا گیا۔ ورنہ واقعہ میں وہ نہ حج کا دِن تھا نہ حج کا مہینہ اَنَّ اللّٰہَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَرَسُوْلُہٗ ہماری قراءۃ میں اَنَّ الف کے فتحہ

marfat.com

سے اَذَانٌ مِنَ اللّٰہِ کا مفعول۔ حسن اور اعرج کی قراءت میں اِنَّ الف کے کسرہ سے ہے یا اس لیئے کہ اذان میں قول کے معنیٰ ہیں اور قول کے مفعول میں ان کسرہ سے آتا ہے یا اس لیئے کہ یہاں یقول پوشیدہ ہے۔ (معانی) بَرِیْٓءٌ صفت مشبہ ہے برلہٗ بمعنے بیزار سخت ناراض اَلْمُشْرِکِیْنَ سے مراد سارے کفار ہیں تاقیامت کیونکہ اللہ رسول ہر کافر سے بیزار و ناراض ہیں۔ خواہ کسی قسم کا کافر ہو۔ قرآن مجید میں اکثر مشرک بمعنی کافر ہے یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ صرف مشرکوں سے تو ناراض ہے باقی دَھرئے مجوسی یہودی۔ عیسائی سارے کافروں سے راضی ہے۔ ہماری قراءت میں وَرَسُوْلُہٗ ہے پیش سے یہ معطوف ہے بَرِیْٓءٌ کی ضمیر ہُوْ پر۔ یعنی اللہ رسول سارے کفار سے بری ہیں یعقوب اور زہد کی قراءت میں وَرَسُوْلَہٗ فتحہ سے ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ بَرِیْٓءٌ کے لفظ اللہ پر معطوف۔ یہ ہی قراءت حسن ابن ابی اسحاق یعنی ابن عمرو کی ہے یا واؤ بمعنیٰ مع ہے اور رَسُوْلُہٗ مفعول معہ حسن کی ایک قراءت وَرَسُوْلِہٖ کسرہ سے ہے۔ کیونکہ واؤ قسمیہ ہے حرف جار یعنی اللہ مشرکوں سے بیزار اس کے رسول کی قسم جیسے رب نے حضور کی عمر۔ آپ کے زمانہ۔ آپ کے شہر کی قسمیں قرآن مجید میں فرمائی ہیں ایسے ہی یہاں آپ کی قسم ارشاد فرمائی (کبیر۔ مدارک۔ روح المعانی) مگر یہ کسرہ کی قراءت خطرناک ہے کہ اس میں شبہ ہوتا ہے کہ رسولہ معطوف ہے مشرکین پر اور معنیٰ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کافروں اور اپنے رسول سے بیزار ہے (یہ صریح کفر ہے) اس طرح ہرگز نہ پڑھا جائے۔ حکایت ایک بدوی نے کسی کو اس طرح تلاوت کرتے سنا تو بولا کہ اگر رسول اللہ سے اللہ بیزار ہے تو میں بھی بیزار ہوں دوسرے نے اُسے گرفتار کر کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں پیش کیا تو بدوی نے وہ ہی قراءت بیان کی حضرت عمر نے تب حکم دیا کہ علم نحو مرتب کیا جاوے اور اس کی تعلیم دی جاوے۔ (تفسیر مدارک و روح المعانی) بعض روایات میں ہے وہ صاحب ابوالاسود دؤلی تھے جنہوں نے یہ واقعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا تب آپ نے علم نحو کے کچھ قواعد جمع کیے۔ (معانی) فَاِنْ تُبْتُمْ فَھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ :۔ یہ جملہ نیا ہے جو گذشتہ جملہ پر مرتب ہے اس لیے ف ترتیب کی ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس سے پہلے ایک شرط پوشیدہ ہے یہ اس کی جزا ہے اور ف جزائیہ تو تُبْتُمْ میں خطاب سارے کفار سے ہے اور توبہ سے مراد کفر سے توبہ ہے یعنی مسلمان ہو جانا۔ اس کلام میں التفات ہے کہ مشرکین کا نام لیا گیا پھر ان سے خطاب فرمایا گیا۔ خیر سے مراد دونوں جہان میں بہتر یعنی اے کافرو اگر تم کفر سے توبہ کر لو مسلمان ہو جاؤ۔ تو تمہارے لیے یہ دنیا و آخرت میں بہتر ہے کہ دنیا میں اللہ والوں کی تلوار سے بچ جاؤ گے اور آخرت میں اللہ کی مار سے وَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّکُمْ غَیْرُ مُعْجِزِی اللّٰہِ یہ تصویر کا دوسرا رخ ہے جس میں توبہ نہ کرنے کے انجام کا ذکر ہے یعنی اگر تم نے توبہ سے اسلام سے منہ موڑا اور اپنے کفر

marfat.com

پر قائم رہے تو یقین رکھو کہ تم اللہ کے عذاب سے بچ نہیں سکتے خواہ وہ دنیا میں بھی تم کو عذاب دے۔ اور آخرت میں بھی یا صرف آخرت میں دے وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ یہ جملہ نیا ہے بشر میں خطاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے یا ہر قرآن پڑھنے والے مسلمان سے الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے معلوم ہوا کہ مشرکین سے مراد کفار ہیں عَذَابٍ اَلِیْمٍ سے مراد ہے الم درنج دینے والے عذاب یعنی دردناک اس ڈرانے کی خبر کو بشارت فرمانا کفار کو ذلیل کرنے کے لیئے ہے یعنی اِن ضدی کافروں کو دردناک عذاب کی خوشخبری دے دو کہ وہ اپنی اِس ضد پر بہت مار کھائیں گے۔

خلاصہ تفسیر۔ اے مسلمانو! اللہ رسول کی طرف سے سارے لوگوں کو اعلان عام ہے جیسے دسویں سال حج اکبر یعنی عرفات کے دن کہتے ہیں عرفہ میں یا قربانی کے دن منے میں تمام کفار تک پہنچا دو۔ کہ اللہ سارے کفار سے ہی بیزار ہے ان کے کفر کی وجہ سے اور اُس کا رسول بھی ان سے بیزار ہے یہ خبر سُن کر اگر تم کفر سے توبہ کر کے مسلمان ہو جاؤ تو تمہارے لیے دنیا و آخرت میں بہتر ہے اس میں تمہارا ہی بھلا ہے نہ کہ اللہ رسول کا وہ تم سے بے نیاز ہیں تم مسلمان ہو کر دنیا میں بھی عزت پاؤ گے اور آخرت میں اور اگر تم یہ سب کچھ سننے کے بعد بھی اسلام سے منہ پھیرے رہے کفر پر ڈٹے رہے تو جان رکھو کہ تم خدا تعالیٰ کی پکڑ سے بچ نہیں سکتے اور اے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم سارے ہی کافروں کو نہایت دردناک عذاب کی خوشخبری دے دو۔

**فائدے۔** اِس آیۃ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کام و کلام رب تعالیٰ کے کام و کلام ہیں یہ فائدہ اَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ سے حاصل ہوا۔ کیونکہ یہ اعلان حج کے موقعہ پر حضور کی طرف سے ہوا مگر رب نے فرمایا کہ ہماری طرف سے اور ہمارے رسول کی طرف سے اعلان ہے **دوسرا فائدہ۔** کفار زمانہ کفر میں جو کام کریں اُن میں سے اکثر پر شرعی احکام جاری ہو جاتے ہیں اگرچہ اسلامی قاعدے سے نہ ہوئے ہوں یہ فائدہ حج اکبر کی تفسیر سے حاصل۔ دیکھو سنہ ۹ ہجری کا حج کفار نے دسویں ذی قعدہ کو کیا جو کہ اسلامی قاعدے سے غلط تھا کہ اس کی تاریخ نویں بقرعید ہے مگر اُسے رب نے حج فرمایا لہٰذا کفار کے آپس کے نکاح پر اسلامی احکام جاری ہو جائیں گے۔ اگرچہ وہ اسلامی قانون کے مطابق نہ ہوئے ہوں۔ ان کی اس نکاح کی اولاد حلالی ہوگی۔ اگر خاوند بیوی مسلمان ہو جاویں تو انہیں دوبارہ نکاح کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ وہ کفر کے زمانہ کا نکاح قائم رہے گا رب تعالیٰ فرماتا ہے سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَہَبٍ وَّامْرَاَتُہٗ دیکھو ابولہب کی بیوی جمیلہ کو امرأتہ فرمایا حالانکہ اس کا نکاح اسلامی قانون کے مطابق نہ ہوا تھا **تیسرا فائدہ۔** اگر فاسق ظالم سلطان ایک آدھ دن آگے

marfat.com

پیچھے حج کرادے جبراً تو گنہگار وہ ہوگا مسلمانوں کا حج ہو جاوے گا۔ یہ فائدہ بھی یوم الحج الاکبر فرمانے سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ۹ھ ہجری کے غلط حج کو جو ذی قعدہ میں ہوا حج فرمایا اور حضرت ابوبکر صدیق و علی مرتضیٰ نے اس میں حج ادا کیا۔ **چوتھا فائدہ** ۔ اللہ کے ساتھ حضور انور کا نام لینا بغیر ثم کے بالکل جائز اور سنت الٰہیہ ہے یہ فائدہ مِنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ سے حاصل ہوا لہٰذا یہ کہنا جائز ہے کہ اللہ رسول نے ایمان دیا۔ اللہ رسول بھلا کریں وغیرہ رب فرماتا ہے اَغْنٰھُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ **پانچواں فائدہ** جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ناراض یا بیزار ہو جائیں اللہ تعالیٰ بھی اس سے ناراض یا بیزار ہوتا ہے یہ فائدہ اِنَّ اللّٰہَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَرَسُوْلُہٗ سے حاصل ہوا لہٰذا جس سے حضور راضی ہو جاویں تو اللہ تعالیٰ بھی راضی ہو جاتا ہے۔ **چھٹا فائدہ** ۔ جو نیکی مبارک دن یا مبارک جگہ میں کی جاوے اس کا ثواب بڑھ جاتا ہے یہ فائدہ حج اکبر کی پانچویں تفسیر سے حاصل ہوا کہ جو حج جمعہ کو ہو اس کا ثواب ستر حج کے برابر ہے یہ ہی حال ماہ رمضان کا ہے کہ رمضان کا عمرہ حج کے برابر ثواب رکھتا ہے اس مہینہ کی ہر نیکی ستر گنا ہے یونہی اس ماہ میں یا جمعہ کے دن گناہ ستر گنا ہوں کے برابر ہے۔ **ساتواں فائدہ** جو نیکی اللہ کے مقبول بندوں کے ساتھ کی جاوے اس کا ثواب بڑھ جاتا ہے یہ فائدہ حج اکبر کی چھٹی تفسیر سے حاصل ہوا۔ یعنی جس سال حضور نے حج کیا وہ حج اکبر تھا کیونکہ نبی اکبر کے ساتھ کیا گیا نماز فجر اور نماز عصر بہت افضل ہیں کیونکہ ان میں دن رات کے فرشتوں کا اجتماع ہوتا ہے فجر کے متعلق رب فرماتا ہے اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْھُوْدًا اور عصر کے متعلق فرماتا ہے حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی **آٹھواں فائدہ** ۔ ہم سب حضور انور کے محتاج ہیں حضور ہم سے بے نیاز یہ فائدہ فَھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ سے حاصل ہوا کہ توبہ کرنا اسلام لانا تمہارے ہی لیے بھلا ہے حضور انور سورج ہیں ہم سب گویا زمین والے اگر کوئی سورج سے نور نہ لے تو سورج کا کچھ نہیں بگڑتا **نواں فائدہ** ۔ اللہ تعالیٰ مومن گنہگار کو عَذَابٍ اَلِیْمٍ یعنی دردناک عذاب سے بچائے گا۔ ذلت رسوائی۔ دردناک ہمیشہ والا عذاب صرف کفار کو ہے یہ فائدہ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ سے حاصل ہوا کہ رب نے عَذَابٍ اَلِیْمٍ کے لیئے اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا فرمایا

**پہلا اعتراض** ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان آیات کا اعلان ۹ھ کے حج میں حضرت علی سے کرا دیا وہ نہ حج تھا کیونکہ دس ذی قعدہ کو ہوا نہ اکبر تھا۔ کیونکہ نہ وہ جمعہ کو ہوا نہ حضور انور نے اس سال حج کیا۔ تو یہاں یوم الاکبر فرمانا کیونکر درست ہوا۔

**جواب** ۔ ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ یہاں حج کے معنیٰ پانچویں یا چھٹے نہیں بلکہ یہ عمرہ کے

marfat.com

مقابل ہے ہر حج حج اکبر ہے عمرہ حج اصغر یعنی چھوٹا حج لہٰذا حج اکبر وہ ہی حج تھا جس میں حضرت علی نے ان آیات کا اعلان فرمایا وہ اگرچہ واقعہ میں دس ذیقعدہ کو ہوا مگر چونکہ کفار نے اسے ذی الحجہ مانا تھا ان کے عرف کے لحاظ سے اسے حج فرمایا گیا اور اگر اس سے مراد حضور انور کا حج ہو جو ۱۰ھ میں ہوا تب بھی حرج نہیں کہ حضور انور نے بھی یہ اعلان اپنے حج میں کیا۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ یہ اعلان اے حبیب حج اکبر یعنی اپنے حج میں بھی کر دیں ایک اعلان دو بار ہو سکتا ہے **دوسرا اعتراض** براءۃ کے بارے میں ارشاد ہوا۔ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مگر یہاں اذان کے متعلق ارشاد ہوا اِلَى النَّاسِ اس فرق کی وجہ کیا ہے **جواب** وہاں عہد توڑنے والے کفار سے بیزاری کا ذکر تھا غداری بے وفائی کی وجہ سے لہٰذا ان سے ہی خطاب ہوا یہاں مشرکین و کفار سے بیزاری کا ذکر ہے اس لیے لِلنَّاسِ ارشاد ہوا کہ مشرکین۔ کفار مومنین سب ہی سن لیں۔ کفار یہ اعلان سن کر مومن بن جائیں مشرکین یہ سن کر مومن بن جائیں مومنین یہ سن کر ایمان پر پختہ ہو جاویں۔ ہمیشہ مومن رہیں **تیسرا اعتراض**۔ کیا اللہ رسول صرف مشرکوں سے بیزار ہیں دوسرے کافروں سے راضی ہیں بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ کیوں فرمایا گیا۔ **جواب** ابھی تفسیر میں کہا گیا کہ ان جیسے مقامات پر مشرکین سے مراد سارے کافر ہوتے ہیں چونکہ عرب میں مشرکین بہت تھے دوسرے کافر تھوڑے اس لیے اکثر مشرکین کہا جاتا ہے۔ رب فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ اس آیت کا مطلب یہی ہے کہ اللہ کسی قسم کا کفر نہیں بخشے گا! اور فرماتا ہے وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا اس کے معنی یہ ہی ہیں کہ اپنی لڑکیوں کا نکاح کفار سے نہ کرو۔ یہاں تک کہ وہ ایمان لاویں۔

**تفسیر صوفیانہ**۔ کعبۂ دل تک رسائی حج اصغر ہے اور کعبۂ وصال یار تک رسائی حج اکبر ہے۔ نفس امارہ جس میں دنیا کی طرف رغبت ہے گویا مشرک ہے حکم ہو رہا ہے کہ اے مومن جب تو کعبۂ وصال میں پہنچے اور تجھے اللہ تعالیٰ یہ حج اکبر نصیب کرے تو تو اپنے نفس امارہ سے خطاب کر کہ۔ اے نفس تو ابھی تک مشرک ہے تجھ سے اللہ رسول بیزار ہیں اگر تو اس کعبہ کا طواف چاہتا ہے تو تو اس شرک سے توبہ کر اپنی انا کو فنا کر نفس مطمئنہ بن جا یہ تیرے لیے بہتر ہوگا اور پھر تجھے خطاب ربانی ہوگا۔ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ لیکن اگر تو اس شرک خفی میں گرفتار رہا تو اللہ کے عذاب کی خبر سن لے بہرحال کعبۂ وصال کا طواف اسے نصیب ہوتا ہے جو جذب الٰہی سے مجذوب ہو۔ فرعونی جادوگروں نے سجدہ میں گر کر ایمان قبول کیا فرعون کے ڈرانے پر بولے اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ (روح البیان)

marfat.com

| |
|---|
| اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ |
| سوا ان لوگوں کے کہ عہد کیا تم نے ان سے مشرکین میں سے پھر نہ کمی کی انہوں نے تم سے |
| مگر وہ مشرک جن سے تمہارا معاملہ تھا پھر انہوں نے تمہارے عہد میں کچھ کمی نہ کی |
| شَیْـًٔا وَّلَمْ یُظَاهِرُوْا عَلَیْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْۤا اِلَیْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰی |
| کچھ اور نہیں مدد دی انھوں نے اوپر تمہارے کسی کو پس پورا کرو تم طرف ان کے عہد ان کا تک |
| اور تمہارے مقابل کسی کو مدد نہ دی تو ان کا عہد ٹھہری ہوئی مدت تک پورا کرو |
| مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۴ |
| مدت اُن کی بیشک اللہ پسند کرتا ہے پرہیزگاروں کو |
| بے شک اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے |

تعلق ۔ اس آیتہ کریمہ کا پچھلی آیتہ سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق ۔ پچھلی آیات ان مشرکین کے احکام بیان ہوئے جنہوں نے حضور انور سے معاہدہ کر کے توڑ دیا اب ان مشرکین کے احکام بیان ہو رہے ہیں جو اپنے عہد پر قائم رہے گویا غداروں کے بعد وفاداروں کے احکام بیان ہو رہے ہیں دوسرا تعلق ۔ پچھلی آیتہ کریمہ میں بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الخ میں بہت اجمال تھا دہ کیا پڑھتا تھا کہ جن مشرکین سے بھی معاہدہ ہوا اُن سب سے براءۃ و بیزاری کا اعلان ہو گیا ۔ اَب اس اجمال کی تفصیل ہو رہی ہے کہ وہاں وہ مشرکین مراد ہیں جنہوں نے وعدہ شکنی کی ابتداء کی گویا یہ آیت کریمہ گذشتہ آیت کی تفصیل ہے یا تفسیر تیسرا تعلق ۔ پچھلی آیت کریمہ میں عہد توڑنے والے مشرکین قریش مکہ وغیرہم کو چار ماہ کی مہلت دی گئی تھی ۔ فَسِیْحُوْا فِی الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ اب وفاداروں کو نو ماہ تک کی مہلت کا ذکر ہے گویا غداروں کی مدت کے بعد!! وفاداروں کی مدت کا ذکر ہے

نزول ۔ بنی کنانہ میں ایک قبیلہ تھا بنی ضمرہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے بھی معاہدہ کیا تھا کچھ شرائط کے ساتھ ان لوگوں نے اپنا معاہدہ من و عن پورا کیا اس اعلان کے وقت اُن کے معاہدہ کے نو مہینے باقی تھے اس آیتہ میں ان کی یہ نو ماہ کی میعاد پوری کرنے کا ذکر ہے یہ آیت کریمہ اُن کے متعلق نازل ہوئی (خازن کبیر ۔ روح المعانی بیان وغیرہ)

marfat.com

تفسیر اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ اس عبارت کا تعلق بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الخ سے ہے یا اس آیۃ سے مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ سے یا فَسِیْحُوْا میں جو اَنْتُمْ ضمیر پوشیدہ ہے اس سے اِلَّا بمعنی لٰکِنْ ہے اور یہ مذکورہ چیزوں سے مستثنیٰ منقطع ہے اگرچہ مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ میں ایک پوری آیۃ کا فاصلہ ہو گیا! وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ سے بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ تک مگر چونکہ یہ آیت کریمہ بالکل اجنبی نہیں ہے اس سے تعلق رکھتی ہے کہ اس میں بھی بیزاری کا ذکر ہے اور اُس میں بھی اس لیے فاصلہ مضر نہیں (تفسیر روح المعانی وغیرہ) اَلَّذِیْنَ سے مراد وہی بنی ضمرہ ہیں جن کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ اگرچہ اس آیت کا نزول خاص ہے مگر اس کا حکم عام مسلمان اپنا وعدہ پورا کرے خواہ مسلمان سے کیا ہو یا کفار سے جب کہ وُہ لوگ عہد شکنی کی ابتداء نہ کریں عٰهَدْتُّمْ کا مفعول بہ پوشیدہ ہے اصل میں عَاهَدْتُمُوْهُمْ ثُمَّ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ میں مِنْ یا تو اَلَّذِیْنَ کا بیان ہے یا بعضیت کے لیئے ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ شَیْـًٔا۔ یہ عبارت معطوف ہے عٰهَدْتُّمْ الخ پر ثُمَّ فرما کر یہ بتایا کہ باوجودیکہ اس عہد و معاہدہ کو زمانہ گزر گیا مگر انہوں نے عہد شکنی بالکل نہ کی جمہور کی قراءۃ یَنْقُصُوْكُمْ ہے نقصان سے مشتق اس کا پہلا مفعول كُمْ ہے دوسرا شَیْـًٔا یعنی اونہوں نے عہد و معاہدہ کی شرطوں میں سے کسی شرط کی کمی نہیں کی ساری پوری کیں۔ حضرت عکرمہ اور عمار کی قراءۃ میں یَنْقُضُوْا كُمْ ہے ضاد نقطیہ سے نَقْضٌ سے بنا یعنی اور۔ تمہارے عہد کو بالکل نہ توڑا ہر طرح پورا کیا مگر پہلی قراءۃ قوی ہے کہ جمہور کی ہے نیز آگے اس کے مقابل ظَاهَرُوْا آرہا ہے تمام نقصان کا مقابل ہے نہ کہ توڑنے کا (معانی) وَلَمْ یُظَاهِرُوْا عَلَیْكُمْ اَحَدًا یہ عبارت معطوف ہے لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ (الخ) پر عہد توڑنے کی دو صورتیں ہو سکتی ہے براہ راست توڑنا کہ تمہارے مقابلہ میں آجائیں یا بالواسطہ توڑنا کہ تم سے لڑنے والوں کی فوجی مدد کرنا لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ سے پہلی صورت مراد ہے اور لَمْ یُظَاهِرُوْا (الخ) میں دوسری صورت یعنی انہوں نے براہ راست بھی تم سے جنگ نہ کی اور تمہارے دشمنوں کی مدد بھی نہ کی۔ کفار مکہ نے دوسری قسم کی بدعہدی کی تھی جس کی فریاد زوجہ وکرعمر ابن سالم نے حضور سے یوں کی تھی شعر

لَاهُمَّ اِنِّیْ نَاشِدٌ مُحَمَّدًا ۲ حَلْفَ اَبِیْنَا وَاَبِیْكَ الْاَتْلَدَا ۲
اِنَّ قُرَیْشًا اَخْلَفُوْكَ الْمَوْعِدَا ۲ وَنَقَضُوْا مِیْثَاقَكَ الْمُؤَكَّدَا ۲
هُمْ بَیَّتُوْنَا بِالْحَطِیْمِ هُجَّدًا ۲ وَقَتَلُوْنَا رُكَّعًا وَّسُجَّدًا ۲ ۔ (تفسیر کبیر)

وَلَمْ یُظَاهِرُوْا ۲ میں اس طرف اشارہ ہے فَاَتِمُّوْٓا اِلَیْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ یہ عبارت اَلَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ کی خبر ہے چونکہ اس مبتداء میں شرط کے معنیٰ تھے اس لیئے اس کی خبر میں ف

marfat.com

جزائیہ لائی گئی۔ اس میں خطاب صحابہ کرام سے ہے لہٰذا اِسْتَقَامُوْا کا فاعل وہ ہی حضرات ہیں اِلَیْھِمْ کا مرجع وہ ہی ضمیر ہیں جن کے متعلق یہ آیۃ کریمہ آئی۔ عہد کی اضافت ھُمْ کی طرف یا مفعول کی طرف ہے یا فاعل کی جانب اس سے وہ مراد وہ ہی معاہدہ ہے جو حضور انور نے اُن سے کیا تھا مدت سے مراد نو مہینے ہیں جو اس اعلان کے وقت باقی تھے اگر اور زیادہ مدت ہوتی تو وہ بھی پوری کی جاتی یعنی ان لوگوں کے عہد کی باقی مدت پوری کرو کہ اس زمانہ میں اُن سے کچھ نہ کہو! نہیں چلنے پھرنے جہاں چاہیں جانے آنے کی عام اجازت دو کیونکہ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ اپنا عہد پورا کرنا تقویٰ ہے اور عہد پورا کرنے والے متقی۔ اللہ تعالیٰ کو متقی مسلمان بڑے پیارے ہیں۔

خلاصہ تفسیر۔ اے مسلمانو۔ سارے عہد شکن کفار میں اعلان کردو کہ تم کو چار ماہ کی مہلت ہے اس عرصہ میں سوچ لو۔ مسلمان ہو جاؤ ورنہ مارے جاؤ گے مگر اُن میں سے وہ بنی ضمرہ جن سے تمہارا معاہدہ کچھ شرائط کے ماتحت ہے پھر ان لوگوں نے اس دراز مدت میں معاہدہ کی کوئی شرط نہیں توڑی نہ تو انہوں نے اس عرصہ میں تم سے خود جنگ کی نہ تمہارے یا تمہارے حلیفوں کے مقابل دشمنوں کی کسی طرح مدد کی آدمیوں سے یا سامان جنگ سے بلکہ بالکل علیحدہ رہے اُن سے کہہ دو کہ تمہارے واسطے یہ اعلان نہیں ہے تمہارے معاہدہ کی جو مدت باقی ہے یعنی نو مہینہ وہ ضرور پوری کی جاوے گی یہ وعدہ وفائی مومن متقی کی علامت ہے اللہ تعالیٰ متقی پرہیزگاروں سے بہت محبت فرماتا ہے۔ خیال رہے کہ عہد توڑنے والے کفار کو چار ماہ کی مہلت اور ان لوگوں کو نو ماہ کی مہلت دی گئی۔ ان مدتوں کے ختم ہونے کے بعد ان دونوں کے لیے ایک ہی حکم ہوگا۔ یا اسلام یا تلوار جیسا کہ آگے آرہا ہے کیونکہ مشرکین عرب کے لیے جزیہ نہیں ان کے لیے دو ہی چیزیں ہیں۔ اسلام یا قتل۔

فائدے۔ اس آیۃ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ۔ مسلمان پر اشد ضروری ہے کہ اپنے وعدے اور معاہدے بہر حال پورے کرے۔ خواہ مسلمان سے کیے ہوں یا کفار و مشرکین نے یہ فائدہ اِلَّا الَّذِیْنَ (الخ) سے حاصل ہوا یہ ہی حال امانت اور قرض کا ہے کہ کافر مشرک کی امانت و قرض ادا کرنا ضروری ہے افسوس کہ آج ہم سے یہ صفات جاتی رہیں ہم بدعہدی۔ خیانت۔ قرض مار لینے میں مشہور ہو گئے اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہ رب تعالیٰ ہماری زندگی قرآنی بنائے۔

## شعر

گر تو مے خواہی مسلمان زیستن
نیست ممکن جز بہ قرآن زیستن

marfat.com

دوسرا فائدہ۔ دشمن کا دوست اس کا مددگار اپنا دشمن ہے اس کے ساتھ دشمن والا سلوک کرنا چاہیئے ورنہ اپنی زندگی خطرے میں پڑ جاوے گی یہ فائدہ وَلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ الخ سے حاصل ہوا تیسرا فائدہ دشمن کی مدد خواہ جانی ہو یا مالی یا سامان جنگ سے سب کا یہ ہی حکم ہے یہ فائدہ وَلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ کے مطلق فرمانے سے حاصل ہوا۔ کفار مکہ نے بنی بکر کی مدد کی بنی خزاعہ کے مقابلہ سے ہتھیاروں سے ہی کی تھی۔ کہ حضور انور نے اُن پر حملہ فرمادیا اور مکہ معظمہ فتح ہوگیا چوتھا فائدہ۔ کامل متقی وُہ ہے جس کی عبادات بھی کامل ہوں اور معاملات بھی درست ہوں یہ دونوں تقویٰ کے دو پر ہیں جن سے مومن راہِ خدا کو اڑ کر طے کرتا ہے اور اللہ سے جا ملتا ہے پہنچتا ہے یہ فائدہ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے عہد پورا کرنے والوں کو متقی فرمایا۔ عبادات آسان ہیں صفائیٔ معاملات مشکل ہے

پہلا اعتراض۔ تم نے کہا کہ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مستثنیٰ ہے بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الخ) سے یا فَسِيْحُوْا کی ضمیر سے مگر نحوی قاعدہ یہ ہے کہ مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ اجنبی کا فاصلہ نہ چاہیئے۔ یہاں ایک بڑی آیت وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ الخ کا فاصلہ ہوتے ہوئے یہ استثنا کیوں درست ہوا۔ (نحوی) جواب۔ اس کے دو جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو گئے ایک یہ کہ یہ مستثنیٰ منقطع ہے اور اِلَّا بمعنی لٰکِنْ ہے۔ اس میں فاصلہ درست ہے وہ قاعدہ مستثنیٰ متصل کے لیئے ہے۔ دوسرا یہ کہ مستثنیٰ متصل میں بھی اجنبی سے فاصلہ جائز ہے اور آیۃ کریمہ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ الخ اجنبی نہیں کیونکہ وہاں بھی اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بیزاری کا ہی ذکر ہے غدار کفار سے اور اس آیۃ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ میں بھی انہیں کی بیزاری کا ذکر ہے مضمون قریبًا یکساں ہے۔ (روح المعانی) تیسرا اعتراض۔ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا میں ہر قسم کی خلاف ورزی کا ذکر ہوگیا۔ پھر لَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ علیحدہ کیوں ارشاد ہوا یہ ایک زائد چیز ہے۔ جواب اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہوگیا کہ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا میں براہِ راست خلاف ورزیاں مراد ہیں اور لَمْ يُظَاهِرُوْا الخ میں بالواسطہ عہد توڑنا مراد ہے یعنی تمہارے دشمنوں کی تمہارے مقابل یا تمہارے حلیفوں کے مقابل کسی طرح کی مدد نہ کریں لہٰذا یہ عبارت مکرر نہیں

تفسیر صوفیانہ۔ ہم سب نے اللہ تعالیٰ سے چند معاہدے کیے ہیں کچھ میثاق کے دن کچھ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوتے وقت۔ ان معاہدوں میں سے ایک معاہدہ وُہ ہے جو یہ نمازی نماز وتر میں کیا کرتا ہے۔ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ خدایا ہم تیرے دشمنوں کو چھوڑ دیں گے اُن سے بے تعلق رہیں گے۔ اب ہم میں سے جو کوئی عبادت نہ کرے یا اللہ کے محبوبوں سے محبت اُن کی اطاعت نہ کرے اللہ کے دشمنوں سے نفرت یا عداوت نہ رکھے اُن سے میل جول رکھے یا اُن سے بے تعلق رہے کہ ہمیں کیا وہ جانیں رب جانے۔ وہ رب کے عہد کو توڑتا ہے۔ عذاب الٰہی کا مستحق ہے۔ جسمانی زندگی کے لیئے

marfat.com

ضروری ہے کہ مفید صحت چیزوں سے تعلق رکھے جیسے غذا۔ پانی۔ لباس۔ مکان اور مضر صحت چیزوں جان کے دشمنوں سے دشمنی رکھے۔ سانپ سے محبت نہ کرے ورنہ جان کھو بیٹھے گا۔ ایسے ہی روحانی زندگی کے لیئے اللہ والوں سے محبت اُن کی صحبت ان کی اطاعت اختیار کرے اللہ کے دشمنوں کفار و بدکاروں سے نفرت رکھے ورنہ ایمان کھو بیٹھے گا۔ خود گناہ کرنا بھی گناہ ہے گناہ کی مدد کرنا بھی گناہ اس لیئے یہاں ارشاد ہوا ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا پھر ارشاد ہوا وَلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا یہ آیت کریمہ تقوی قلوب کی جامع ہے رب فرماتا ہے وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ جب تمہارے عہد کو توڑنے والا مجرم ہے تو رب تعالے اس کے رسول کے عہد کو توڑنے والا کیوں نہ مجرم ہوگا:۔

| | |
|---|---|
| فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ | |
| پس جب نکل جائیں حرام ہونے کے مہینے | پس قتل کرو مشرکوں کو جہاں کہیں |
| پھر جب حرمت والے مہینے نکل جاویں | تو مشرکوں کو مارو جہاں پاؤ |
| وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ | |
| پاؤ تم ان کو | اور پکڑو تم ان کو اور قید کرو ان کو اور بیٹھو تم ان کے لیے |
| انہیں پکڑو اور قید کرو اور ہر جگہ ان کی تاک میں بیٹھو | |
| كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ | |
| ہر گھات میں | پس اگر توبہ کریں وہ اور قائم کریں وہ نماز کو اور دیں وہ زکواۃ کو |
| پھر اگر توبہ کریں اور نماز قائم رکھیں اور زکواۃ دیں تو ان کی راہ | |
| فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ | |
| خالی کردو تم راستہ ان کا | بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے |
| چھوڑ دو | بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے |

تعلق۔ اس آیۃ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیات میں معاہدہ والے مشرکین کی دو جماعتوں کی امان کا ذکر ہوا غداروں کے لیے چار ماہ عہد پورا کرنے والوں کے لیے بقیہ مدت یعنی ۹ ماہ

marfat.com

اب ان مدتوں کے ختم ہو جانے کے احکام کا ذکر ہے گویا امان کے بعد پکڑ کا تذکرہ ہے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ امان کے زمانہ میں معاہدین کفار سے کہیں بھی کچھ نہ کہو انہیں آزاد پھرنے دو۔ اب ارشاد ہے کہ یہ زمانہ گزرنے کے بعد انہیں کہیں بھی نہ چھوڑو نہ حل میں نہ حرم میں گویا نہ پکڑنے کے بعد نہ چھوڑنے کا تذکرہ ہے فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ

تیسرا تعلق۔ پچھلی آیات میں عارضی امان کا ذکر تھا جس سے کفار دنیا میں چند ماہ امن سے رہ لیں یعنی عہد و پیمان کی امان اب ان کے لیے دائمی ایمان کا ذکر ہے جس سے وہ دنیا و دین میں ہمیشہ امن و ایمان سے رہیں یعنی ایمان۔ نماز وغیرہ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ الخ

تفسیر فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ یہ جملہ نیا ہے اذا عموم ظرف کے لیئے ہے کیونکہ اس سے پہلے دو قسم کے کافروں کے لیئے دو مدتیں بیان ہوئیں۔ غداروں کے چار ماہ اور وفاداروں کے لیئے بقیہ ۹ ماہ اب دونوں مدتوں کے گذرنے کے بعد کا حکم ہے لہٰذا اذا سے مراد جب کبھی ہے انسلاخ بنا ہے سلخ سے جس کا مادہ ہے سلخ بمعنی جانور کی کھال کھینچنا جس سے گوشت ننگا ہو جاوے کھال گوشت کو ڈھانپے۔ ہوتی ہے یہ چار یا نو ماہ کی مدت ان کو ڈھانپے اپنی امان میں لیئے ہوئے تھی۔ اس لیئے اس مدت کو کھال سے تشبیہ دے کر انسلاخ ارشاد ہوا (روح المعانی) بعض نے فرمایا کہ سال۔ مہینہ دن وغیرہ زمانہ زمانیات کو اپنے اندر ایسے لیئے ہوتا ہے جیسے کھال گوشت کو اس لیئے زمانہ کے گذرنے کو انسلاخ کہتے ہیں۔ (روح البیان۔ معانی۔ کبیر وغیرہ) عرب کے محاورہ میں مہینہ گذرنے کو انسلاخِ شہر کہا جاتا ایک شاعر کہتا ہے۔ شعر

اِذَا مَا سَلَخْتُ الشَّهْرَ اَهْلَلْتُ قَبْلَهٗ ۔۔۔ كَفٰى قَاتِلًا سَلْخِيْ الشُّهُوْرَ اِهْلَالِيْ

اَلْاَشْهُرُ جمع ہے شَهْرٌ کی بمعنی مہینہ اس کی پوری شرح پہلے پارے میں کی جا چکی ہے۔ حرم جمع ہے حرام کی حرام کے دو معنی ہیں یا تو وہ حرمت سے بنا بمعنی احترام جیسے بیت الحرام یا مقابل ہے حلال کا۔ اصطلاحاً اَشْهُرِ حُرُم چار مہینے ہیں۔ رجب۔ ذی قعدہ۔ ذی الحجہ۔ محرم کہ شروع اسلام میں اس زمانہ میں جنگ قتل و غارت سب حرام تھی۔ رب فرماتا ہے يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ پھر یہ حرمت منسوخ ہو گئی یا تو اجماع امت سے یا اس حدیث سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا محاصرہ کیا۔ بیس محرم کو۔ نسخ قرآن حدیث سے جائز ہے اور نسخ پر اجماع امت سے بھی (روح المعانی) یہاں وہ معنی مراد نہیں بلکہ معاہدہ کے مہینے مراد ہیں غداروں کے لیے چار ماہ دس ذی قعدہ سے دس صفر تک اور وفاداروں کے لیئے نو مہینے یعنی ماہ رجب تک یہ ہی قول ہے مجاہد اور محققین مفسرین کا بعض نے اس سے

marfat.com

وہ مشہور حرمت والے مہینے مراد لیے مگر قول اول قوی ہے۔ (روح المعانی۔ وکبیر۔ جلالین خازن وغیرہ) اس صورت میں یہ آیت منسوخ نہیں اور اگر اس سے محترم مہینے مراد ہوں تو منسوخ ماننا پڑے گی کیونکہ وہ حکم منسوخ ہو چکا یعنی جب معاہدے والے مہینے گذر جاویں تو تم کو چار چیزوں کی اجازت ہے ایک یہ کہ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ یہ عبارت جزاء ہے فاذا انسلخ کی ظاہر یہ ہے اُقْتُلُوْا اباحت کے لیئے ہے۔ کیونکہ ممانعت کے بعد ہے۔ قتل سے مراد مطلقاً ہلاک کر دینا ہے۔ خواہ دہار دار آلے سے ہو یا کسی اور طرح۔ اَلْمُشْرِكِيْنَ سے مراد وہ ہی عہد والے مشرکین عرب ہیں۔ جن سے ترکِ جنگ کا معاہدہ ہوا تھا اور انہوں نے غداری کی تھی۔ دوسری قسم یعنی وفادار مشرکین کا قتل اس سے خود سمجھ میں آ جاتا ہے اور ہو سکتا ہے اس سے دونوں قسم کے معاہدین مشرک مراد ہوں حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ یہ فَاقْتُلُوْا کا ظرفِ مکان ہے حیث سے مراد ہے ہر جگہ جہاں وہ ملیں حرم میں یا حل میں۔ (معانی) جلال الدین سیوطی نے فرمایا کہ اس ایک آیت سے معانی۔ درگذر۔ چشم پوشی کی ساری آیات منسوخ ہو گئیں۔ علامہ ابن حجر نے فرمایا معانی کی آیات کی ناسخ وہ آیت ہے۔ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً۔ بعض نے فرمایا یہ دونوں آیتیں ناسخ ہیں جمہور علماء فرماتے ہیں کہ یہ آیتہ تمام کفار کے لیے عام ہے لہٰذا سارے جہان کے کفار عربی ہوں یا عجمی۔ حبشی ہوں یا رومی سب سے قتال جائز ہے بعض وقت ضروری ہے (روح المعانی) دوسرا حکم یہ ہے وَخُذُوْهُمْ۔ یہ عبارت اُقْتُلُوْا پر معطوف ہے پکڑنے سے مراد مشرکین عرب کو قید کرنا نہ کہ غلام بنانا۔ کیونکہ مشرکین عرب کو غلام بنانا جائز نہیں۔ اسی سے ہے اخیذ بمعنی قیدی مقصد یہ ہے کہ انہیں قیدی بنا کر اور سوچنے غور کرنے کی مہلت دو شاید وہ غور کے بعد مومن ہو جاویں تیسرا حکم یہ ہے۔ وَاحْصُرُوْهُمْ یہ عبارت معطوف ہے خُذُوْهُمْ پر۔ حصر سے مراد ہے اُن کا محاصرہ کرنا یعنی اگر وہ اپنے قلعوں یا بستیوں میں پناہ لے لیں تو تم اُن قلعوں بستیوں کا محاصرہ کرو کہ وہ تنگ آ کر یا مسلمان ہو جائیں یا اپنے کو قتل کے لیئے پیش کر دیں۔ سیدنا ابن عباس کی یہی تفسیر ہے (خازن) لہٰذا۔ خُذُوْهُمْ اور اُحْصُرُوْهُمْ میں فرق ہے۔ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ۔ یہ چوتھا حکم ہے۔ بیٹھنے سے مراد نگہبانی کرنا اور ناکہ بندی کرنا ہے لَهُمْ کا مرجع وہ ہی کفار ہیں مرصد اسم ظرف رصد کا۔ بمعنی تاک لگانا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے اُرْصُدْ فُلَانًا میں فلاں کی تاک میں منتظر رہا۔ مرصد کا ترجمہ گھات نہایت موزوں ہے یعنی اُن کے تمام رستے بند کرو۔ جن سے وہ کہیں جا نہیں آ سکیں۔ خلاصہ یہ کہ انہیں گلی کوچوں یا شہروں گاؤں میں پھرنے کی اجازت نہ دو۔ ان کے سارے راستے بند کر دو اُحْصُرُوْا میں قلعوں مکانوں کی ناکہ بندی کا حکم تھا اور اُقْعُدُوْا الخ میں شہروں گاؤں کی ناکہ بندی کا حکم ہے۔ یہ احکام جب ہیں۔

marfat.com

جب کہ وہ کفر پر قائم رہیں لیکن فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ فَخَلُّوْا سَبِیْلَھُمْ یہ تصویر کا دوسرا رُخ تھا تو بہ سے مراد کفر سے توبہ ہے۔ یعنی مسلمان ہو جانا۔ نماز قائم کرنے سے مراد نماز پڑھنا شروع کر دینا۔ آئندہ پابندیِ نماز کا عہد کرنا اگر وہ امیر آدمی ہو تو زکوٰۃ دینے کا وعدہ کرنا۔ کیونکہ زکوٰۃ اسلام لانے سے ایک سال بعد واجب ہو گی۔ اگر وہ مالدار رہے۔ اگرچہ روزہ حج وغیرہ ارکانِ اسلام ہیں مگر چونکہ نماز بدنی عبادات میں اور زکوٰۃ مالی عبادات میں بہت اہم ہے اس لیے خصوصیت سے ان کا ذکر فرمایا گیا۔ خلاصہ یہ ہے کہ وہ مسلمان ہو جاویں اِقْرَارًا بھی عَمَلًا بھی نماز و زکوٰۃ اسلام کا عملی ثبوت ہیں اور ہو سکتا ہے کہ نماز و زکوٰۃ سے مراد سارے ارکانِ ایمان ہیں۔ دو فرضیں بول کر سارے ارکان مراد لیئے جاویں جیسے یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔ یعنی اگر وہ زبان سے کلمہ پڑھ لیں اور عمل سے اپنے مسلمان ہونے کا ثبوت دے دیں کہ نماز شروع کر دیں اور زکوٰۃ دینے کا پختہ ارادہ کر لیں اور اس کے ضمن میں سارے ارکانِ اسلام کا اقرار اُن پر کاربند ہونے کا ارادہ کریں تو فَخَلُّوْا سَبِیْلَھُمْ۔ یہ عبارت جزا ہے فَاِنْ تَابُوْا الخ کی۔ خلو بنا ہے تخلیہ سے بمعنی چھوڑ دینا۔ سبیل سے مراد جنس راستہ یعنی اُن کے تمام راستے خالی کر دو انہیں آزاد چلنے پھرنے دو۔ اُن سے کوئی تعرض نہ کرو۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ لغتِ عربی میں راستہ خالی کرنے سے مراد ہوتا ہے چھوڑ دینا۔ ایک شاعر کہتا ہے۔

## شعر

خَلِّ السَّبِیْلَ لِمَنْ تُبْنِیْ الْمَنَارَ بِہٖ
وَاْبُرْ زُبَیْرَۃَ حَیْثُ اضْطَرَّکَ الْقَدَرُ

خلاصہ یہ ہے کہ مذکورہ مشرکین و کفار سے کلمہ پڑھتے ہی مسلمان ہوتے ہی ساری آفات ٹل جائیں گی اب وہ نو مسلم اور تم پرانے مسلمان احکام و حقوق میں برابر ہو جاؤ گے۔ اُن سے کچھ نہ کہو وہ اور تم آزادی میں برابر ہو۔

خلاصہ تفسیر۔ اے مسلمانو! جب یہ مذکورہ مدت جن میں مشرکین سے جنگ کرنا حرام تھا یعنی غداروں کے چار مہینے اور عہد پورا کرنے والوں کے لیے بقیہ مدت نو ماہ گذر جائیں تو تم آزاد ہو انہیں قتل کرو۔ اُن کو قید کرو۔ ان کے مکانوں۔ قلعوں کا محاصرہ کرو۔ ان کے راستوں کا ناکہ بندی کرو کہ وہ نہ تو کہیں نکلنے پائیں۔ نہ سفر کر سکیں۔ جب اُن پر قابو پا ڈٹ مار دو لیکن اگر وہ کفر سے توبہ کر کے مسلمان ہو جائیں نماز پڑھنے لگیں اگر امیر ہوں تو سال گذرنے پر زکوٰۃ دینے کا ارادہ کریں جس سے اُن کے سچے مسلمان ہونے کا ثبوت ہو جاوے تو اُن کے راستے کھول دو انہیں

marfat.com

چھوڑ دو اب وہ اور تم اسلام میں برابر اور برادر ہو گئے یہ حکم تو تم کو دیا گیا۔ ہم بھی وعدہ کرتے ہیں کہ ہم غفور یعنی گناہ بخشنے والے بھی ہیں اور رحیم بھی یعنی رحمتیں دینے والے بھی اب ہم ان کو سزا نہ دیں گے بلکہ رحمتیں دیں گے۔

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** مکرہ یعنی مجبور کا ایمان شرعاً معتبر ہے یعنی اگر کافر جنگ کی حالت میں ایمان لائے تو اُسے مسلمان مانا جائے گا اگرچہ ڈر سے ہی مسلمان ہو! یہ فائدہ فَاِنْ تَابُوْا سے حاصل ہوا کیونکہ یہاں توبہ کو مطلق رکھا گیا۔ خوشی سے ہو یا جبراً **دوسرا فائدہ**۔ نماز اور زکوٰۃ مسلمان ہو جانے کی علامت ہے کیونکہ یہ دونوں کام نیکیوں کی جڑ ہے یہ فائدہ وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ الخ سے حاصل ہوا **تیسرا فائدہ** جو کافر قیدی ایمان تو قبول کرے مگر نماز نہ پڑھے وہ رہائی کا مستحق نہیں یہ فائدہ فَخَلُّوْا سَبِیْلَھُمْ سے حاصل ہوا کہ آزادی کو نماز پڑھنے پر موقوف رکھا گیا **چوتھا فائدہ** کافر پر مسلمان ہوتے ہی نماز فرض ہے نماز سیکھنے کا زمانہ منہا نہ ہوگا۔ اگر ظہر کے وقت ایمان لایا تو اسی وقت نماز پڑھے جماعت میں امام کے پیچھے کھڑا ہو جائے۔ اگر نماز سیکھنے میں کچھ دن لگیں تو ان دنوں کی نماز قضا کرے یہ فائدہ وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ سے حاصل ہوا۔ ہاں اگر عورت کافرہ بحالت حیض و نفاس مسلمان ہوئی تو اس پر نماز پاک ہونے پر فرض ہوگی۔ **مسئلہ** ہاں تو مسلم پر زکوٰۃ فرض ہونے کی دو شرطیں ہیں ایک یہ کہ وہ امیر یعنی صاحب نصاب ہو۔ دوسرے یہ کہ اسلام قبول کرنے کے بعد اُس پر سال گذر جائے۔ غرضیکہ جو پرانے مسلمانوں کے احکام ہیں وہ ہی اس نو مسلم کے ہوں گے۔ **پانچواں فائدہ** اسلام میں نئے اور پرانے مسلمانوں میں فرق نہیں دونوں یکساں مسلمان ہیں جو شخص مسلمان ہوتے ہی مر جائے وہ پرانے مسلمانوں ہی کی طرح اللہ کی رحمتوں کا مستحق ہے۔ یہ فائدہ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ سے حاصل۔ **چھٹا فائدہ**۔ مشرکینِ عرب سے جزیہ قبول نہ ہوگا اُن کے لیے صرف اسلام یا قتل ہے۔ یہ فائدہ فَاِنْ تَابُوْا اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ سے حاصل ہوا کہ ان کو چھوڑنے کی شرط صرف توبہ اور نماز و زکوٰۃ قرار دی گئی۔ دوسروں کے متعلق ارشاد ہوا حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ عَنْ یَّدٍ وَّھُمْ صٰغِرُوْنَ **ساتواں فائدہ** مشرکینِ عرب کو قید کرنا جائز ہے یہ فائدہ وَخُذُوْھُمْ الخ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے چار باتوں کا حکم دیا یعنی قتل۔ قید محاصرہ۔ ناکہ بندی غلام بنانے کی اجازت نہ دی **نواں فائدہ** مشرکین عرب کو حل و حرم ہر جگہ قتل کیا جاوے گا یہ فائدہ حَیْثُ وَجَدْتُّمُوْھُمْ سے حاصل ہوا۔ **دسواں فائدہ** محترم مہینوں یعنی رجب۔ ذیقعدہ ذی الحجہ۔ محرم میں بھی جہاد جائز ہے اور قتل کفار بھی درست اُن میں جنگ کی حرمت منسوخ ہو چکی۔ یہ فائدہ۔ اِنْسَلَخَ الْاَشْھُرُ الْحُرُمُ الخ سے حاصل ہوا کہ ارشاد ہوا جب معاہدہ کے مہینے گذر

marfat.com

جاویں تو مشرکین کو قتل کرو قتل کی مطلقاً اجازت دی جب بھی ہو ان چار مہینوں میں یا ان کے علاوہ۔
**گیارہواں فائدہ** - عرب کے اہل کتاب کفار کو غلام بنانا ان پر جزیہ مقرر کرنا سب جائز ہے۔ یہ فائدہ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ فرمانے حاصل ہوا کہ کفار نہ فرمایا مشرکین فرمایا یہ مسائل فقہ کی کتب میں ملاحظہ کرو۔ **بارہواں فائدہ**۔ جہاد میں کفار کی شکست کے لیے ہر جائز تدبیر کرنا چاہیئے۔ قتل قید محاصرہ وغیرہ یہ فائدہ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ سے حاصل ہوا کہ فرمایا گیا ہر طرح ان کی تاک میں بیٹھو۔
**تیرھواں فائدہ** مومن کی جنگ صرف اللہ کے لیئے ہے جس میں نفسانیت کا شائبہ نہیں دیکھو کفار کی عمر بھر کی دشمنی صرف توبہ اور نماز سے ختم ہوگئی۔

**پہلا اعتراض** اس آیت کریمہ میں الشہر حرم سے مراد محترم مہینے یعنی رجب ذی قعدہ ذی الحجہ محرم اور حکم ہے کہ ان چار ماہ کے بعد مشرکین کو قتل کرو یہ آیت منسوخ ہے جیسا کہ بعض مفسرین نے فرمایا۔ **جواب** یہ تفسیر قوی نہیں اولاً تو اس لیئے کہ وہ مہینے مسلسل نہیں رجب اور ذی قعدہ کے درمیان تین مہینے ہیں شعبان رمضان شوال اور انہیں چار ماہ کی مسلسل امان دی گئی تھی دوسرے اس لیئے کہ یہ امان کا اعلان دس ذی قعدہ کو ہوا جب کہ مشرکین نے حج کیا اس حساب سے آخر محرم تک دو ماہ بیس دن امان ہوگی نہ کہ چار مہینے تیسرے اس لیئے کہ بلا ضرورت آیات کو منسوخ ماننا مناسب نہیں لہٰذا قوی یہ ہی ہے کہ یہاں اشہر حرم سے مراد وہ ہی چار ماہ ہیں۔ جن کی انہیں امان دی گئی ہے۔ **دوسرا اعتراض**۔ یہاں فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ کیوں ارشاد ہوا الکافرین کیوں نہ فرمایا گیا۔ کیا جہاد صرف مشرکین پر ہوتا ہے باقی کفار پر نہیں **جواب** یہاں جس قسم کے جہاد کا حکم ہے وہ صرف مشرکین عرب پر ہی ہوتا ہے دوسرے کفار یا عجمی مشرکین پر نہیں ہوتا یعنی صرف قتل یا اسلام دوسروں کے لیئے قتل۔ جزیہ اور اسلام اور غلام بنانا لہٰذا الْمُشْرِكِيْنَ فرمانا بالکل درست ہے۔ **تیسرا اعتراض**۔ اس آیت میں انہیں چھوڑنے کی تین شرطیں ارشاد ہوئیں توبہ نماز کی پابندی زکوٰۃ دینا۔ جب یہ تین کام وہ کریں تو انہیں چھوڑ دو تو لازم آئے گا کہ انہیں مسلمان ہونے کے بعد بھی ایک سال تک قید رکھا جائے جب سال گذرنے پر زکوٰۃ ادا کریں تب چھوڑا جائے یہ تو بہت مشکل ہے۔ **جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ زکوٰۃ دینے سے مراد ہے اس کا ارادہ کر لینا نہ کہ فی الحال دینا۔ یہ ارادہ ان کے ایمان کی علامت ہے جیسے رب فرماتا ہے۔
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ۔ وہاں یہ ہی مراد ہے کہ نماز روزانہ پڑھو زکوٰۃ سال پر دو یہ فرق یاد رہے **چوتھا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جب وہ مشرکین نماز پڑھیں تو انہیں چھوڑ دو

marfat.com

اور ظاہر ہے کہ کوئی شخص مسلمان ہوتے ہی نماز نہیں پڑھ سکتا اولاً نماز سیکھے گا جس میں کچھ عرصہ لگے گا پھر پڑھے گا تو کیا اس وقت تک اُسے قیدی رکھا جائے گا۔ **جواب** ہر نومسلم کے لیئے حکم یہ ہے کہ مسلمان ہوتے ہی نماز پڑھے جماعت میں شریک ہو کر پڑھے جس میں تلاوت نہیں کرنا پڑتی عملی ارکان دوسروں کے ساتھ ادا کر سکتا ہے یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ صرف کلمہ پڑھنے پر ہی انہیں نہ چھوڑو بلکہ اطمینان کر لو کہ یہ دل سے مسلمان ہو گیا ہے۔ اِس کی علامت نماز شروع کر دینا زکواۃ کا ارادہ کر لینا ہے **پانچواں اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ بے نمازی کو قتل کر دیا جاوے کیونکہ یہاں تین چیزوں پر کفار کو چھوڑا گیا ایمان۔ نماز۔ زکواۃ۔ ان میں سے اگر ایک بھی نہ ہو اُسے قتل کیا جائے گا۔ (شوافع) **نوٹ** یہ اعتراض بطور دلیل تفسیر کبیر اور تفسیر بیضاوی نے پیش کیا۔ وہ دونوں شافعی ہیں احناف کے ہاں بے نماز قتل نہیں کیا جائے گا کہ وہ گنہگار ہے کافر نہیں۔

**جواب**۔ اِس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ پھر تو زکواۃ نہ دینے والے کو بھی قتل کیا جائے کہ یہاں اِس کا ذکر ہے حالانکہ یہ تمہارا مذہب بھی نہیں۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ یہاں نماز پڑھنا اُن کے ایمان کی علامت قرار دیا گیا۔ کہ جو قیدی کافر کلمہ پڑھ لے نماز نہ پڑھے اُسے نہ چھوڑو۔ جب نماز پڑھنے لگے تب چھوڑو۔ علامت اور ہے حقیقت کچھ اور بعض نے ان جیسے اعتراضات کا جواب یہ دیا ہے کہ یہاں نماز قائم کرنے اور زکواۃ دینے سے مراد ہے ان کی فرضیت کا قائل ہونا۔ پھر تو آیت صاف ہے کہ نماز یا زکواۃ کا انکار کفر ہے منکر کافر مرتد قابل قتل ہے۔ خیال رہے کہ حضرت ابوبکر صدیق نے زکواۃ کے منکروں پر چڑھائی کی تھی نہ کہ زکواۃ کے تارکوں پر۔ ترک زکواۃ کفر نہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** انسانی زندگی کے چار دور یعنی بچپن۔ جوانی۔ کہولت (ادھیڑ عمر) بڑھاپا گویا مہلت اور امان کے چار مذکورہ مہینے ہیں مبارک ہیں وہ لوگ جوان ہیں سے کسی زمانہ میں توبہ کر کے متوجہ الی اللہ ہو جائیں جو یہ زمانے غفلت میں گذار دیں تو اُن پر جہاد کرو مشرکین کا قتل ظاہری تلوار سے غافل نفس پر جہاد باطنی تلوار سے اس کا قتل یہ ہے کہ اس کی خواہش کی چیز اُسے نہ دی جاوے اور جو اس پر گراں ہے وہ اُس سے کرایا جاوے اُسے اسی طبع اور طبیعت کے خلاف استعمال کیا جاوے۔ کسی نے حضرت امام حسین ابن علی صلوٰت اللہ وسلامہ علی جدہٖ وعلیہما سے پوچھا کہ کونسا جہاد افضل ہے آپ نے فرمایا مُجَاهَدَةُ نَفْسِكَ لِهَوَاكَ اپنی خواہشات پر جہاد کرنا۔ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ کا مطلب ہے کہ نفس کو اطاعت میں پاؤ یا گناہ میں اسے قتل کرو۔ اطاعت میں قتل کے معنیٰ یہ ہیں کہ اسے اس پر قائم رکھو۔ اور اس میں عجب و فخر پیدا نہ

marfat.com

ہونے دو۔ امام بوصیری قصیدہ بُردہ میں فرماتے ہیں۔ شعر

وَرَاعِهَا وَهِيَ فِي الْاَعْمَالِ سَائِمَةٌ ۝ وَاِنْ هِيَ اسْتَحْلَتِ الْمَرْعٰى فَلَا تُسِمِ

یعنی جب نیکیاں کر رہا ہو تب بھی اس کی نگہداشت کرو کہ وہ اس چراگاہ میں چرتا رہے اور طرف بھاگ نہ جائے پھر اگر نفس توبہ کرے غفلت چھوڑ کر متوجہ الی اللہ ہو جائے اور نماز یعنی توجہ الی اللہ پر قائم رہے اور زکوٰۃ دے یعنی بُرے عیوب کو چھوڑ دے تو اس پر تم سختی چھوڑ دو۔ اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے وہ بلا وجہ کسی پر سختی نہیں کرتا۔ (از رُوح البیان)

| | |
|---|---|
| وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ | |
| اور اگر کوئی مشرکوں میں سے | امان مانگے آپ سے تو امان دے دو اسے حتیٰ کہ وہ سن لے |
| اور اے محبوب اگر کوئی مشرک | تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دو کہ وہ |
| كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا | |
| کلام اللہ کا پھر پہنچا دو اسے امن کی جگہ اس کی | یہ اس وجہ سے ہے کہ تحقیق قوم ہے جو |
| اللہ کا کلام سنے پھر اسے اس کی پناہ کی جگہ پہنچا دو | یہ اسلئے کہ وہ نادان |
| يَعْلَمُوْنَ ۝٦ | |
| جانتی نہیں | |
| لوگ ہیں | |

**تعلق** ۔ اِس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق۔ **پہلا تعلق** ۔ پچھلی آیات کے مضمون سے شبہ ہوتا تھا کہ مذکورین کفار کو مذکورہ مدت گذرنے کے بعد ضرور قتل کیا جاوے گا اب انہیں تبلیغ اسلام نہیں کی جاوے گی۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کافی تبلیغ پہلے ہی کر دی تھی اب اس آیت میں یہ شبہ دُور کیا جا رہا ہے کہ نہیں اگر اب بھی وہ تبلیغ کا مطالبہ کریں تو ضرور ... کی جاوے گویا یہ آیت کریمہ گذشتہ آیات کی تفصیل یا تشریح و تفسیر ہے جس سے پچھلی آیات واضح ہو جاتی ہیں **دوسرا تعلق** پچھلی آیات میں کفار کی توبہ کا ذکر تھا کہ اگر وہ توبہ کریں۔ تو انہیں چھوڑ دو۔ اب توبہ کے ذریعہ کا ذکر ہے جس سے انہیں توبہ نصیب ہو یعنی مسلمانوں کے پاس اٹھنا بیٹھنا اور کلام الٰہی سننا گویا توبہ کے بعد

marfat.com

تمہیدِ توبہ کا تذکرہ ہے۔ **تیسیر التعلق** :۔ پچھلی آیات میں کفار کے لیئے دائمی نجات کے ذریعہ کا ذکر تھا یعنی مسلمان ہو جانا نماز وغیرہ پر پابندی کرنا اب انہیں کے لیئے عارضی نجات کا ذریعہ ارشاد ہو رہا ہے یعنی کلام اللہ سننے کے لیئے مہلت مانگنا کہ جب یہ مہلت گذر جائے گی تو پھر اُن کا خون مباح ہو جائے گا۔ کچھ شرائط کے ماتحت جن کا ذکر ابھی ہو گا۔

**تفسیر**۔ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ۔ ظاہر یہ ہے کہ یہ فرمان عالی علیحدہ جملہ ہے لہٰذا واؤ ابتدائیہ ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ یہ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ پر معطوف ہے اور واؤ عاطفہ ہو ان شرطیہ ہے جس کے بعد ایک فعل پوشیدہ ہے جس کی تفسیر اِسْتَجَارَكَ کر رہا ہے کیونکہ ان شرطیہ کبھی اسم پر داخل نہیں ہوتا۔ ہمیشہ فعل پر آتا ہے اَلْمُشْرِكِيْنَ سے مراد وہ ہی مشرکین ہیں جن کی میعادِ امان پوری ہو چکی اور ان کا قتل مباح ہو چکا۔ استجار بنا ہے جوار سے بمعنیٰ امان استجارہ امان مانگنا کہ یہاں خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے مگر یہ حکم تا قیامت باقی ہے بشرطیکہ کسی علامت سے یہ نہ معلوم ہو کہ وہ محض دھوکا دینے اور جال سے بچانے کے لیئے یہ حرکت کر رہا ہے فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ۔ یہ فرمان عالی جزا ہے۔ وَاِنْ اَحَدٌ الخ کی لہٰذا فِ جزائیہ ہے اور اجر کا مصدر اجارہ ہے جس کا مادہ بھی جوار ہے اجارہ کے معنیٰ ہیں امان دینا کبھی یہ اجرۃ سے بنتا ہے جس کے معنیٰ ہوتے ہیں کہ کرایہ کا معاملہ کرنا یہاں وہ نہیں ہے آخر میں خطاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے ۞ کا مرجع وہ ہی مشرک ہے۔ حَتّٰى انتہا ہے امان دینے کی حَتّٰى يَسْمَعَ۔ فرما کر یہ بتایا کہ اس امان کی کوئی مدت مقرر نہیں جب تک وہ سننے سمجھنے کی خواہش کرے اُسے رکھو۔ سننے سے مراد صرف الفاظ سننا نہیں بلکہ سمجھنا غور کرنا کچھ شبہات ہوں تو ان کو دور کرنا سب ہی ہیں کلام اللہ سے مراد یا پورا قرآن مجید ہے یا سورہ توبہ یا جس قدر سے اُس کی تسلی ہو جائے اس قدر سننا تفسیر کبیر نے اِس تیسرے احتمال کو ترجیح دی۔ **خیال رہے**۔ کہ یہاں کلام اللہ سے مراد کلام نفسی نہیں بلکہ یہی قرآن مجید ہے جو پڑھا سنا جاتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ کلام اللہ میں قرآن مجید حضور انور کے ارشادات سب ہی داخل ہوں کہ وہ بھی کلام اللہ ہیں وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى۔ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ میں عبارت معطوف ہے فَاَجِرْهُ پر ثم فرما کر بتایا کہ بہت عرصہ تک بھی انہیں اپنے پاس رکھو۔ کیونکہ ثم مہلت کے لیے آتا ہے اَبْلِغْ کا مطلب یا تو یہ ہے کہ اگر وہ اسلام قبول نہ کرے تو اس کو قتل نہ کرو بلکہ اُسے دار الاسلام سے اپنے وطن کی طرف چلا جانے دو یا یہ مطلب ہے کہ اپنے انتظام اُسے پہنچا دو۔ مَاْمَنَ اسم ظرف ہے اَمِنَ کا بمعنیٰ امن کی جگہ اس سے مراد یا اس کا اپنا وطن ہے یا جہاں وہ کہے اور جیسے وہ اپنا جاءِ امن سمجھے۔ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ اِس فرمانِ عالی میں اس حکم کی حکمت ارشاد

marfat.com

ہوئی۔ ذٰلِکَ سے اشارہ یا اس حکم کی طرف ہے یا سارے ارشادات کی طرف یعنی یہ حکم یا یہ امان۔ یہ سنانا پھر انہیں اُن کی پناہ گاہ تک پہنچانا۔ بِاَنَّھُمْ میں ب سببیہ ہے ھُمْ کا مرجع مذکور مشرکین ہیں یعنی یہ سب کچھ اس وجہ سے ہے کہ مشرکین نہیں جانتے کہ اسلام کی حقیقت کیا ہے اِس میں کیا خوبیاں بغیر جانے سمجھے یا بغیر بتائے سمجھائے انہیں قتل کر دینا آپ کے مقصد بعثت کے خلاف ہے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم جن کفار کا زمانہ امان ختم ہو جائے اور ان کا قتل درست ہو جاوے مگر اُن میں سے کوئی دلائل اسلام سُننے آپ کی مجلس پاک میں حاضر ہو کر قرآن کی تعلیم حاصل کرنے اُس میں غور کرنے کا شوق ظاہر کرے تو اُسے امان دے دو اپنے پاس اسوقت تک رکھو جب تک کہ اسکی تسلی ہو جاوے پھر اگر مسلمان ہو کر مترک وطن اور ہجرت الی المدینہ پر تیار ہو جاوے تو اُسے اپنے پاس مستقل رکھو اور اگر مسلمان نہ ہو تو اُسے یہاں قتل نہ کرو بلکہ وہ اپنے وطن یا کسی امن کی جگہ جانا چاہے تو اُسے وہاں چلا جانے دو یا اُسے وہاں پہنچا دو پھر جب کبھی مسلمان کو اُس پر قابو ملے تو قتل کر دیں

**حکایت**۔ ایک مشرک نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ اگر اس مقررہ میعاد گزر جانے پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے اور کلام اللہ سُننے کا ارادہ کرے تو کیا تم اُسے قتل کر دو گے فرمایا نہیں اور آپ نے یہی آیت کریمہ تلاوت کی۔ (تفسیر کبیر و معانی)

**فائدے** اِس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**۔ مذکور مشرک خود سلطانِ اسلام سے امان لے اور سلطان کے پاس رہے اُس کے ماتحت رہیں اس کے انتظام میں قرآن اور احکام اسلام سنیں یہ درست نہیں کہ کافر مسلمانوں میں گھس کر کہہ دے کہ ہم کو مہلت دو۔ ہم کسی سے قرآن سن لیں گے۔ یہ فائدہ اِسْتَجَارَکَ اور اَجِرْہُ فرمانے سے حاصل ہوا کہ اِسْتَاْذَنَ اور اِئْذَنْہُ نہیں فرمایا سلطان سے ہی امن لے اور اس کی اَمان میں رہے **دوسرا فائدہ** اللہ کے مقبول بندوں کی پناہ لینا اُن سے امان حاصل کرنا بالکل جائز ہے۔ نہ شرک ہے نہ کفر نہ حرام یہ فائدہ بھی اِسْتَجَارَکَ اور اَجِرْہُ سے حاصل ہوا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم امان اور پناہ دیتے ہیں لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں۔ **شعر**

یا رسول اللہ بدرگاہت پناہ آوردہ ام
ہمچو کاہے آمدم کوہے گنہ آوردہ ام

یا رسول اللہ میں گنہگار خطا کار ہوں مجھے امان دو روضۂ اطہر پر آخری سلام کے بعد عرض کرتے ہیں۔ اَلْاَمَانَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلْاِیْمَانَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔ اَلْوَدَاعَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلْفِرَاقَ

marfat.com

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ۔ اس کا ماخذ یہ آیۃ ہے جب کفار و مشرکین کو حضور کے ہاں پناہ اور امان ملتی ہے تو مومنوں کو کیوں نہ ملے گی۔ شعر

دوستاں را کجا کنی محروم تو کہ با دشمناں نظر داری

**تیسرا فائدہ**۔ ذمی کی طرح مستامن کافر بھی دارالسلام میں امان ملے گی اس کا جان و مال محفوظ ہوگا کہ نہ اسے قتل کیا جائے گا نہ اس کا مال چھینا جاوے گا۔ ہاں فرق یہ ہے کہ ذمی کو دائمی امان ہوگی مستامن کو عارضی ذمی وہ کافر جو ہماری رعایا بن کر ہمارے ملک میں رہے۔ مستامن وہ کافر جو وبندے سے پر چند روز کے لیئے ملک میں آئے یہ فائدہ بھی اَجِرْہُ کو مطلق فرمانے سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** مستامن کو دارالسلام میں ہمیشہ رہنے کی اجازت نہ ہوگی بلکہ میعاد ختم ہو جانے پر اسے سلامتی سے سرحد پار کر دیا جاوے گا یہ فائدہ حَتّٰی یَسْمَعَ (الخ) سے حاصل ہوا ہاں اگر وہ ذمی بن کر رہنا چاہے اور حکومت اسلامیہ منظور کرے تو اب وہ مستامن نہیں بلکہ ذمی ہے **پانچواں فائدہ** مستامن کو تبلیغ احکام کرنی چاہئے شاید وہ مسلمان ہو جاوے۔ یہ فائدہ بھی حَتّٰی یَسْمَعَ (الخ) سے حاصل ہوا بلکہ مسلمانوں کے اعمال ایسے پاکیزہ ہونے چاہئیں کہ لوگ خود بخود اسلام کی طرف کھچے چلے آویں عملی تبلیغ قولی تبلیغ سے زیادہ موثر ہے **چھٹا فائدہ**۔ دین اور عقائد میں تقلید کافی نہیں بلکہ اپنی تحقیق سے اسلام قبول کرنا چاہئے یہ فائدہ بھی حَتّٰی یَسْمَعَ کَلَامَ اللّٰہِ سے حاصل ہوا کہ کافر کو اتنی مہلت دے کہ وہ کلام الٰہی خود سنے سوچے سمجھے۔ اور مسلمان ہو۔ یہ ہے تحقیق اگر تقلید ہوتی تو کہا جاتا کہ جیسے ہم مومن ہیں تو بھی مومن ہو جا۔ یہ بات خوب خیال میں رکھو۔ (تفسیر کبیر) **ساتواں فائدہ**۔ ایسے کافر کی امان کے لیئے کوئی مدت مقرر نہیں جتنی مدت حاکم مقرر کرلے اسے اختیار ہے یہ فائدہ بھی حَتّٰی یَسْمَعَ کَلَامَ اللّٰہِ سے حاصل ہوا۔ بعض ذہین لوگ جلد سمجھ جاتے ہیں بعض دیر سے **آٹھواں فائدہ** مستامن کافر کو جیسے امان و حفاظت سے اپنے ملک میں رکھا جاوے گا ایسے ہی حفظ و امان کے ساتھ اسے سرحد پار کر دیا جائے گا۔ یہ فائدہ ثُمَّ اَبْلِغْہُ مَاْمَنَہٗ سے حاصل ہوا۔ اسلام بہت خود دار اور روادار دین ہے:۔

**پہلا اعتراض** حربی کفار کو اس قدر دعائیں کیوں دی گئی ہیں کہ اگر بحالت جنگ خونخوار کافر کلمہ پڑھے تو اسے چھوڑ دو۔ اگرچہ وہ قرآن سننے کا وعدہ کرے تو چھوڑ دو۔

**جواب** تاکہ پتہ لگے کہ شعر

جنگِ کافر فتنہ و غارتگری است جنگِ مومن سنت پیغمبری است

marfat.com

مسلمان ملک۔ مال۔ عزت کے لیے نہیں لڑتا وہ صرف اللہ رسول کے لیئے لڑتا ہے کافروں کو مارنے لوٹنے کے لیئے نہیں لڑتا۔ کفر کا زور توڑنے یا کفار کو تبلیغ کے لیئے لڑتا ہے **دوسرا اعتراض**۔ ان قواعد سے مسلمان کفار پر کبھی فتح نہیں پا سکتے۔ کیونکہ کافر مسلمانوں کو بحالتِ جنگ بے دریغ قتل کرے مگر جب۔ مسلمان کا اس پر داؤ چلے تو وہ یا تو کلمہ پڑھ دے یا کہہ دے کہ مجھے مہلت دو قرآن سنو تو اب غازی مسلمان کے ہاتھ قرآن و حدیث نے باندھ دیئے کہ اسے مت قتل کرو۔ یعنی کفار کے ہاتھوں قتل ہو رہو مگر انہیں قتل کرو نہ اُن کیلئے بچاؤ کے دو دروازے ہیں (بعض بے دین) **جواب** اس اعتراض کا جواب تفسیر کبیر نے اس طرح دیا ہے کہ قرآن مجید نے فرمایا۔ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ۔ یہ امان جاہل بے سمجھ سیدھے سادے کفار کے لیئے ہے جن کے متعلق ہمارا اندازہ ہو کہ یہ واقعی تبلیغ چاہتا ہے مگر جب قرائن سے معلوم ہو کہ یہ چلاک ہے اس تدبیر سے اپنی جان بچا رہا ہے تو اس کا یہ حیلہ نہ مانا جاوے۔ (کبیر) رہا کافر کا کلمہ پڑھ دینا ایسے موقعہ پر اس کے متعلق قرآن کریم نے فیصلہ کر دیا۔ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ۔ فتح کے دن نہ کافروں کا ایمان قبول ہو نہ انہیں مہلت دی جائے۔ جن احادیث میں ہے کہ کلمہ پڑھنے پر کافر کو قتل نہ کرو وہاں یہ بھی قید ہے لَا يَعْلَمُوْنَ والی یعنی اگر قرائن سے معلوم ہو کہ واقعی یہ انجان ہے اور مسلمان ہونا چاہتا ہے چالاک کافر کا حکم یہ نہیں چنانچہ فتح مکہ کے دن جب حضرت خالد ابن ولید کے مقابلہ سے قوم بنی کنانہ نہ بھاگی۔ حضرت خالد نے جب اُن پر گھیرا ڈالا تو انہوں نے کلمہ پڑھ دیا جان بچانے کے لیئے حضرت خالد نے انہیں قتل کر دیا۔

(جمل۔ خزائن العرفان) **تیسرا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا حَتّٰى يَسْمَعَ كَلَامَ اللّٰهِ قرآن مجید سننے سے کیا فائدہ صرف قرآن سننے سے تو ایمان نہیں ملتا **جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گزر گیا کہ یہاں سننے سے مراد سمجھنے کا منشا ہے لہٰذا اس میں قرآن سننا سمجھنا اس کی تفسیر پر غور کرنا اسلام پر سوال و جواب کرنا سب ہی شامل ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** دنیا آفات کی جگہ ہے جہاں قدم قدم پر آفتیں ہیں۔ ایسی جگہ میں کسی پناہ کی سخت ضرورت ہے جس کے دامن میں آکر درندوں اور دیگر مہلکات سے امن ہے، ہم جیسے گنہگار اکثر شرک خفی میں گرفتار ہیں۔ یہاں اس آیت میں بظاہر خطاب ہے۔ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے مگر درحقیقت خطاب ہے سارے گنہگاروں سے کہ اے گنہگارو تمہارے لئے امن کی جگہ اگر کوئی ہے۔ تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا آستانہ ہے جو ان کے دامن میں آگیا وہ رب کے کرم میں آگیا۔

شعر

marfat.com

شعر میں مجرم ہوں آقا مجھے ساتھ لے لو کہ رستہ میں ہیں جا بجا تھانہ والے

**صوفیاء** فرماتے ہیں کہ جیسے کفار شرعی احکام نہیں جانتے ایسے ہی نفس اور اس کے صفات اللہ تعالیٰ اور اس کے الطاف کو نہیں جانتے رب تعالیٰ نے اپنے کرم سے اسے مہلت دی تاکہ وہ رب کی اطاعت کی طرف رجوع کرے (از روح البیان) انسان کو چاہیئے کہ مرتے مرتے رجوع الی اللہ کرے ہمارا حال تو یہ ہے۔ شعر

شَیْخٌ کَبِیْرٌ لَہٗ ذُنُوْبٌ تَعْجِزُ عَنِ الْجُمَلِ الْخَطَایَا

قَدْ بَیَّضَتْ شَعْرَہُ اللَّبَالِیْ وَسَوَّدَتْ قَلْبَہُ الْخَطَایَا

مجھ بوڑھے نے اتنے گناہ کیے کہ انہیں اونٹ نہیں اٹھا سکتے میرے بال سفید ہو گئے مگر گناہوں کی وجہ سے دل کالا ہے۔

| |
|---|
| كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ |
| کیسے ہوگا واسطے مشرکوں کے عہد نزدیک اللہ کے اور نزدیک |
| مشرکوں کے لیے اللہ اور اس کے رسول کے پاس |
| رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ |
| رسول کے اس کے سوا ان لوگوں کے کہ عہد کیا تم نے عزت والی مسجد کے پاس |
| عہد کیونکر ہوگا مگر وہ جن سے تمہارا معاہدہ مسجد حرام کے پاس ہوا |
| فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ |
| پس جب تک وہ قائم رہیں تمہارے لیئے پس قائم رہو تم ان کیلئے تحقیق اللہ محبت کرتا ہے |
| تو جب تک وہ تمہارے لیے عہد پر قائم رہیں تو تم ان کے لیے قائم رہو بیشک پرہیزگار اللہ کو |
| الْمُتَّقِيْنَ ۝ |
| پرہیزگاروں سے |
| خوش آتے ہیں |

marfat.com

**تعلق** اِس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق** ۔ پچھلی آیات میں صحابہ کرام کو کفار سے کیئے ہوئے عہد و پیمان کے توڑ دینے کا حکم تھا کہ عہد شکنی تو بڑی چیز ہے قرآنی تعلیمات کے بھی خلاف ہے۔ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ الخ اس آیت میں اس شبہ کا جواب دیا جا رہا ہے کہ کفار نے عہد توڑنے میں خود پہل کی لہٰذا اب وہ عہد قابل وفا نہ رہا گویا یہ آیۃ کریمہ گذشتہ آیات سے ایک شبہ دور کر رہی ہے :۔ **دوسرا تعلق** ۔ پچھلی آیات کے مضمون سے شبہ ہوتا تھا کہ حدیبیہ کا معاہدہ حدودِ حرم شریف میں ہوا تھا۔ حرم بڑی عزت والی جگہ ہے وہاں کی ہر چیز کا احترام ہے تو اس معاہدہ کا بھی احترام چاہیئے تھا۔ اب اس حرمت و احترام کا جواب دیا جا رہا ہے فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ کہ اگر کفار حرم کی حرمت کا خیال۔ رکھیں تو تم بھی خیال رکھو۔ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ **تیسرا تعلق** ۔ پچھلی آیات میں مشرکین مکہ کی بدعہدیوں کا ذکر ہوا جو حدیبیہ میں معاہدے کر کے اُن سے پھر گئے اب دوسرے کفار کی بدعہدیوں کا ذکر ہے یہ تعلق اس صورت میں ہے جب کہ یہاں اَلْمُشْرِكِيْنَ دوسرے بدعہد کفار مراد ہوں۔ **چوتھا تعلق** ۔ گذشتہ آیات میں ایک عہد کا ذکر ہوا جو مشرکین مکہ نے کیا مگر بدعہدی کی اَب آئندہ ہمیشہ کے لیئے ایک قانون بنایا جا رہا ہے کہ بدعہد کفار کا اعتبار نہ کرو یہ تعلق اس صورت میں ہے کہ اَلْمُشْرِكِيْنَ۔ سے مراد سارے ہی کفار ہوں۔

**تفسیر**۔ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ اس فرمانِ عالی میں کیف سوال کا ہے اور سوال یا تعجب کا ہے یا انکار کا بمعنی لا یہاں يَكُوْنُ بمعنیٰ استقبال ہے ظاہر یہ ہے يَكُوْنُ تَامَّہ ہے عَهْدٌ اس کا فاعل لِلْمُشْرِكِيْنَ یا تو يَكُوْنُ کے متعلق ہے یا عہدٌ کا حال اَلْمُشْرِكِيْنَ سے مراد یا تو مشرکینِ مکہ ہیں جنہوں نے حدیبیہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے معاہدے کیئے اور توڑ دیئے یا عرب کے دوسرے قبیلے جو حضور انور سے عہد کر کے توڑ چکے تھے یا سارے کفار۔ عہد سے مراد ہے عزت و حرمت والا معاہدہ جس کی مسلمان پابندی کرنے پر مجبور ہوں یعنی مشرکین کے عہد و پیمان قابل اعتبار کیسے ہو سکتے ہیں۔ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ یہ عبارت یا تو ظرف ہے مشرکین کا اور وہ صفت ہے عہد کی یا ظرف ہے يَكُوْنُ کا یعنی اللہ رسول کے نزدیک مشرکین کے عہد و پیمان قابل اعتبار نہیں۔ تم بھی ان کا اعتبار نہ کرو۔ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ یہ عبارت مستثنیٰ ہے عہد سے اور اس سے پہلے عہد پوشیدہ ہے اَلَّذِيْنَ سے مراد قتادہ کے نزدیک مشرکینِ مکہ ہیں جن سے حدیبیہ میں صلح ہوئی۔ سدی۔ محمد ابن عباد۔ محمد ابن اسحاق کے نزدیک وہ بنو خزیمہ بنو مدلج بنو الدیل ہیں جو بنی بکر کے قبیلے ہیں انہوں نے بھی حدیبیہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے عہد کیا تھا۔ مجاہد کے

marfat.com

نزدیک وہ بنی خزیمہ ہیں۔ (تفسیر خازن) عٰھٰدتُّم میں خطاب حضرات صحابہ کرام سے ہے مسجد حرام سے مراد میدان حدیبیہ ہے جو حدودِ حرم میں واقعہ ہے گویا کعبۃ اللہ شریف سے قریب ہی ہے خیال رہے کہ حدیبیہ کے میدان کا بعض حصہ حدودِ حرم میں ہے بعض اس سے خارج یعنی حل میں ہے صلح حدیبیہ اس حصہ میں ہوئی جو حدودِ حرم میں ہے اس لیئے عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فرمایا گیا۔ اس فرمان عالی سے اس معاہدہ کی عظمت دکھانا مقصود ہے کہ جو کام بھی حرم شریف میں ہو بہت محترم ہے فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ یہ عبارت اِلَّا الَّذِيْنَ (الخ) کا بیان ہے چونکہ گذشتہ عبارت میں شرط کے معنی کی بو تھی اس لیئے اس پر ف جزائیہ لائی گئی مَا اسْتَقَامُوْا میں ما بمعنی مادام ہے جس میں شرط کے معنی ہیں اس لیئے آگے فَاسْتَقِيْمُوْا میں ف جزائیہ آئی استقامت سے مراد ہے عہد و پیمان پر قائم رہنا۔ کفار مکہ اولاً کچھ دن اپنے عہد پر قائم رہے حضور انور نے بھی اُن سے کچھ تعرض نہ کیا۔ جب انہوں نے بنی خزیمہ کے مقابل بنی بکر کی مدد کی جو معاہدہ کے خلاف تھی تب حضور انور نے فتح مکہ فرمایا اور انہیں چار ماہ کی مہلت دی کہ اس عرصہ میں تم لوگ یا مسلمان ہو جاؤ یا کسی اور ملک میں نکل جاؤ وہ سارے کے سارے مسلمان ہو گئے مگر قوی یہ ہے کہ قریش مراد نہیں کیونکہ ان آیات کا نزول قریش کے عہد توڑنے کے بعد ہوا پھر فَمَا اسْتَقَامُوْا کے کیا معنی لہٰذا ان سے مراد بنی ضمرہ ہیں جنہوں نے وفاءِ عہد کی اور حضور انور نے بھی مدتِ عہد پوری فرمائی اس بنا پر آیت کریمہ پر کوئی اعتراض نہیں (تفسیر خازن) مطلب یہ ہے کہ جب تک بنو ضمرہ اس عہد پر قائم رہیں۔ اے صحابہ تم بھی قائم رہو۔ کیونکہ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ۔ عہد پورے کرنے والے مسلمان متقی پرہیزگار ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو پرہیزگار پیارے ہیں۔ متقی کے معنی اس کے اقسام هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ میں عرض ہوئے۔

**خلاصہ تفسیر** اے مسلمانو! ان مشرکین یا سارے مشرکین کے عہد و پیمان کا اللہ رسول کے نزدیک اعتبار ہی کیسے ہو سکتا ہے کیونکہ انہیں اپنا وعدہ توڑتے دیر نہیں لگتی جیسا کہ تم نے بارہا تجربہ کر لیا لہٰذا ان کے ٹوٹے ہوئے عہد و پیمان کو توڑنے میں تم کچھ پس و پیش نہ کرو۔ عہد شکنی کی ابتدا تو یہ کر چکے ہاں مشرکین مکہ کے علاوہ اور جن مشرکوں بنی ضمرہ وغیرہ سے تم نے مکہ معظمہ کے پاس حدودِ حرم میں عہد کیا اور انہوں نے اب تک کوئی خلاف ورزی نہیں کی تو جب تک وہ اس عہد پر قائم رہیں تم بھی قائم رہو۔ تم توڑنے کی ابتدا نہ کرو۔ کیونکہ وعدہ پورا کرنا تقویٰ ہے اور وعدہ پورا کرنے والے مومنین متقی ہیں۔ رب تعالیٰ پرہیزگار متقیوں سے محبت کرتا ہے۔

**فائدے**۔ اِس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ عموماً کفار و مشرکین

marfat.com

بدعہد اور وعدہ خلاف ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ ان کے وعدوں کا اعتبار نہ کریں۔ ان سے ہوشیار رہیں یہ فائدہ کَیْفَ یَکُوْنُ الخ سے حاصل ہوا۔ ان کی وعدہ خلافیوں کا مشاہدہ آج تک ہو رہا ہے۔ **دوسرا فائدہ**۔ جب کفار اپنے عہد کا پاس نہ کریں۔ تو ہم بھی ان کے عہد و پیمان کا لحاظ نہ کریں گے۔ ان کے مجرم اور ذمہ وار وہ ہوں گے۔ نہ کہ ہم یہ فائدہ بھی کَیْفَ یَکُوْنُ (الخ) سے حاصل ہوا۔ یعنی جس معاہدہ پر کفار و مسلمانوں کا سمجھوتا ہو گیا۔ اسے کفار نے کلاً یا جزواً توڑ دیا تو اب ہم بھی توڑ دیں گے۔ کہ ابتداء ان کی طرف سے ہوئی۔ جس کی مثال صلح حدیبیہ کے بعد فتح مکہ کا واقعہ ہے۔ **تیسرا فائدہ**۔ جو عہد و معاہدہ کفار پورا کریں۔ اس کو ہم بھی پورا کریں گے۔ اس کا توڑنا حرام ہے یہ فائدہ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَکُمْ (الخ) سے حاصل ہوا۔ اس کی مثال بنی ضمرہ کا واقعہ ہے۔ کہ انہوں نے حدیبیہ والے معاہدہ کی پابندی کی۔ تو حضور انور اور صحابہ کرام بھی اس پر کاربند رہے **چوتھا فائدہ**۔ حضور انور سے وعدہ خلافی کرنا رب تعالیٰ سے وعدہ خلافی کرنا ہے اور حضور کے وعدے پورے کرنا رب کے وعدے پورے کرنا ہیں بلکہ حضور سے وعدہ رب سے وعدہ یوں ہی حضور کا وعدہ رب کا وعدہ ہے جس سے حضور جنتی ہونے کا وعدہ کریں۔ اس سے رب نے وعدہ کر لیا۔ یہ فائدہ عِنْدَ اللّٰہِ وَعِنْدَ رَسُوْلِہٖ سے حاصل ہوا کہ حدیبیہ میں کفار کے وعدے حضور سے ہوئے تھے۔ حضور انور نے انہیں اپنی طرف بھی نسبت فرمایا۔ **پانچواں فائدہ**۔ جو مسلمان کافر سے بدعہدی کرے وہ بھی متقی نہیں۔ یہ فائدہ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ سے حاصل ہوا۔ افسوس ان مسلمانوں پر جو خود مسلمانوں سے بدعہدی کریں انہیں دھوکا دیں۔

**پہلا اعتراض**:۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ مشرکین کے وعدوں کا اعتبار نہیں مگر آج دیکھا جا رہا ہے کہ بمقابلہ مسلمانوں کے کفار زیادہ زبان کے پابند ہوتے ہیں۔ پھر یہ آیت کیونکر درست ہوئی۔ **جواب**۔ اس کی وجہ صحبت ہے یعنی ہم کفار کی صحبت میں غدار بدعہد بن گئے۔ اور کفار ہماری صحبت میں رہ کر وفادار بن گئے۔ ہماری خوبیاں انہوں نے نہ لیں۔ ان کی برائیاں ہم نے اختیار کر لیں مگر اتنا خیال رہے کہ کفار کی یہ عہد پابندیاں اللہ کے خوف سے نہیں بلکہ سیاسی اغراض سے اپنے نفع کے لیئے ہوتی ہے **دوسرا اعتراض**:۔ حدیبیہ میں جو عہد و پیمان ہوئے تھے ان کے متعلق عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ کیوں فرمایا وہ جگہ تو کعبہ معظمہ اور حرم شریف سے بھی بہت دور ہے **جواب**۔ حرم کے یہی معنی ہیں وہ مسجد جس میں کعبہ معظمہ ہے۔ پورا مکہ شہر۔ حدود حرم جہاں شکار کرنا حرام ہے۔ حدیبیہ کے دو حصے ہیں ایک حصہ حدودِ حرم میں داخل ہے۔ دوسرا حصہ خارج یعنی حل میں واقع ہے۔ یہ حصہ بمقابلہ دوسرے حصہ کے مسجد حرام سے زیادہ قریب ہے۔ صلح حدیبیہ چونکہ اس حرم والے حصہ میں واقع ہوئی تھی۔ یہ بات بتانے کے لیئے یہ ارشاد ہوا۔ **تیسرا اعتراض**:۔ اس آیت میں ارشاد ہوا کہ جب تم سے مشرکین وعدہ وفائی کریں تب تک تم بھی یہ کرو جس کا مطلب یہ ہوا کہ جب وہ وعدے توڑ دیں تم بھی توڑ دو۔ تعجب ہے کہ قرآن مجید نے مسلمانوں کو گناہ کرنے کی اجازت دے دی۔ وعدہ خلافی تو گناہ کفار گناہ کریں ہم کیوں کریں (بعض بے دین) کیا اگر کفار

marfat.com

جواب۔ شراب۔ زنا پر عامل ہوں تو مسلمان بھی یہ کام کریں۔ **جواب**:۔ معترض نے آیۃ کے معنی غلط کیئے یہاں ذکر وعدے عہد کا نہیں بلکہ معاہدہ کا ہے یعنی جو عہد دو طرفہ ہوا ہو مسلمان اور کافر سے۔ مگر کافر اس پر قائم نہ رہا اس نے توڑ دیا تو اب مسلمان بھی پابند نہ ہوگا۔ مثلاً جنگ بندی کا معاہدہ دس سال کے لیئے ہوا۔ کفار نے دو تین سال کے بعد جنگ چھیڑ دی یا تیاری کر لی تو اب مسلمان خاموش نہ رہیں یہ تو عین انصاف ہے۔

## تفسیر صوفیانہ

کافر و مومن میں ازلی فرق ہے۔ بندوں نے سب سے پہلے وعدہ میثاق کے دن اپنے رب سے کیا کہ رب کی الوہیت اپنی بندگی کا اقرار کیا۔ دنیا میں آکر کافر نے وہ وعدہ توڑ دیا۔ مومن نے پورا کیا۔ جو خدا کے وعدے پر قائم نہ رہا وہ اے مسلمانو! تمہارے وعدے پر کیسے قائم رہے کافر کی وفاءِ وعدہ اتفاقی عارضی ہے۔ اگر یہ عارضی وفا قائم رہے تو مسلمانوں تم بھی اپنی اصل وفا پر قائم رہو۔ لیکن اگر کافر اس عارضی وفاء سے ہٹ جائے۔ اپنے اصلی رنگ یعنی بے وفائی ظاہر کرے تو وہ وعدہ، وعدہ رہا ہی نہیں تم اے مسلمانوں اسے اس کی سزا دو مگر جو کافر اپنی عارضی وفا پر قائم رہے تو اے مسلمانو! تم اپنی اصلی وفا پر ضرور قائم رہو وہ عارضی چیز کو نہیں چھوڑتا تم اپنی اصل حالت کو کیوں چھوڑو۔ تم عند اللہ متقی ہو۔ اللہ متقیوں کو پسند کرتا ہے۔

كَيْفَ وَإِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ إِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ

کیسے ہوا اور غالب ہوں وہ تم پر تو نہ خیال کریں تم پر رشتہ داری کا نہ وعدوں کا راضی کر دیتے ہیں

بھلا کیونکر اُن کا حال تو یہ ہے کہ تم پر قابو پائیں تو نہ قرابت کا لحاظ کریں نہ عہد کا اپنے منہ سے تمہیں

يُرْضُوْنَكُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَأَكْثَرُهُمْ

وہ تم کو منہوں سے اپنے اور انکار کرتے ہیں دل اُن کے اور بہت سے اُن کے

راضی کرتے ہیں اُن کے دلوں میں انکار ہے اور ان میں سے اکثر بے حکم ہیں اللہ کی آیتوں

فٰسِقُوْنَ ۝٨ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا

بد عہد ہیں خرید کی انہوں نے اللہ کی آیتوں کی عوض قیمت تھوڑی پس روکا

کے بدلے تھوڑے دام مول لیتے ہیں تو اس راہ سے روکا بے شک وہ بہت ہی

عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ إِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٩

انہوں نے اللہ کے راستہ سے بیشک برا ہے وہ کام جو وہ کرتے ہیں

برے کام کرتے ہیں

marfat.com

**تعلق**:۔ ان آیتہ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**:۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ مشرکین کے عہد و پیمان کا اعتبار نہیں اب اس کی وجہ کا ذکر ہے کہ موقع پاتے ہی اپنے سارے عہد و پیمان طاق میں رکھ دیتے ہیں گویا دعوے کے بعد دلیل کا ذکر ہے **دوسرا تعلق**:۔ پچھلی آیات میں صحابہ کرام کو اُن مشرکین پر جہاد کرنے کا حکم دیا کیا تھا کہ اپنے وعدے توڑ بیٹھے تھے۔ اب اس آیتہ میں اس اجازت کی وجہ بتائی جارہی ہے یہ لوگ اگر موقع پائیں تو تمہاری کوئی رعایت نہ کریں تو تم اُن کی رعایت کیوں کرتے ہو **تیسرا تعلق**:۔ پچھلی آیات میں کفار کی گمراہی کا تذکرہ ہوا اب ان کے گمراہ ہونے کا ذکر ہے کہ وہ خود بھی تمہارے دشمن ہیں اور دوسروں کو تمہارا دشمن بناتے ہیں۔ یہ زہریلے سانپ ہیں ان کا سر کچل دینا ہی اچھا ہے۔"

**نزول**:۔ ایک بار ابوسفیان نے عرب کے قبیلوں کو جمع کیا اُنکی پرتکلف دعوت کی کھانا وغیرہ کھلانے کے بعد ان سبکو اپنے عہد معاہدے توڑ دینے کی رغبت دی جو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئے تھے کہا کہ اپنے عہد و معاہدے توڑ دو اور متفق ہو کر مسلمانوں کو مٹا دو ان کے متعلق آیتہ کریمہ اِشْتَرَوْا بِاٰیٰتِ اللّٰہِ الخ نازل ہوئی (تفسیر روح البیان)

**تفسیر**:۔ کَیْفَ وَاِنْ یَّظْهَرُوْا عَلَیْكُمْ۔ یہاں بھی کیف یا تو تعجب دلانے کے لیئے ہے یا انکار کیلئے اسکے بعد ایک فعل پوشیدہ ہے یعنی مشرکین کے عہد و پیمان پر کیونکر اعتماد ہو یا اے مسلمانوں تم انکے قتال سے کیسے بچتے ہو واو حالیہ ہے یَظْهَرُوْا بنا ہے ظُہُوْر سے جسکے معنی ہیں اوپر ہونا۔ چڑھا جانا ہے۔ ظَهَرْتُ عَلَی السَّقْفِ میں چھت پر چڑھ گیا ظاہر ہونا اس سے ظہور فتح و نصرت غلبہ۔ رب فرماتا ہے فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِیْنَ اور فرماتا ہے یُظْهِرُهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ہاں ہونا یہاں بمعنی قدرت غلبہ ہے اس کا فاعل مشرکین کی ضمیر ہے (کبیر) یعنی اے مسلمانوں تم ان پر بدعہد مشرکین سے جنگ کرنے میں تامل کیوں کرتے ہو انکا حال تو یہ ہے کہ اگر وہ تم پر غلبہ و قدرت پائیں تو لَا یَرْقُبُوْا فِیْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً یہ عبارت اَنْ یَّظْهَرُوْا کی جزا ہے یَرْقُبُوْا بنا ہے رَقْبٌ سے بمعنی انتظار کرنا۔ غور کرنا رعایت و حفاظت کرنا رب فرماتا ہے وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِیْ تم نے میرے کلام کی حفاظت نہ کی اسی سے ہے رقیب اسکا فاعل بھی وہ مشرکین ہیں فیکم میں خطاب مومنین سے ہے اِلّ کے چار معنی ہیں عہد و پیمان ایک شاعر کہتا ہے

وَجَدْنَا هُمُوْا كَاذِبًا اِلُّهُمْ وَذُوْا اِلِّ وَالْعَهْدُ لَا یَكْذِبُ

اس شعر میں اِلّی بمعنی عہد و پیمان ہے قرابتہ اور رشتہ داری حضرت حسان کہتے ہیں

لَعَمْرُكَ اِنَّ اِلَّكَ مِنْ قُرَیْشٍ كَاِلِّ السَّقْبِ مِنْ رَاْلِ الْمَقَامِ

اس شعر میں اِلّی بمعنی رشتہ داری و قرابتہ ہے۔ اور تیسرے معنی حلف و قسم ہے اوس ابن حجر شاعر کہتا ہے۔ شعر

لَوْلَا بَنُوْ مَالِكٍ وَاِلِّیْ مُرَتَّبَةٌ وَهَالِكٌ فِیْهِمُ اِلًّا وَّاَشْرَفُ

اس شعر میں اِلّا بمعنی قسم ہے اللہ تعالیٰ کا نام اسی سے ہے اہل یعنی اہل بیت جبرئیل اسی سے آل بنا اہل عبرانی زبان میں ہے

اسم الٰہی ہے جسے عربی میں اللہ کہتے ہیں اسکے بہت معنی کیے گئے (کبیر بمعانی) ذمہ بمعنی عہد و پیمان اس کی جمع ہے ذمم یا ذام جس عہد کے توڑنے پر لوگ برا کہیں وہ ذمہ ہے اسی سے ہے مذموم یعنی بُرا کیا ہوا اگر یہ مشرکین تم پر غلبہ و موقعہ پائیں تو تمہاری قرابتہ داری رشتہ داری کا لحاظ کریں نہ اپنے عہد و پیمان کا لہذا تم اُن پر اعتماد کیوں کرتے ہو۔ رب فرماتا ہے اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ان کی قسموں کا اعتبار نہیں۔ اُن کا موجودہ حال یہ ہے کہ یُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَ تَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ جب وہ تم سے دبے ہوئے تمہارے سامنے مغلوب ہوتے ہیں تو تم کو میٹھی باتوں جھوٹے وعدوں سے خوش کر دیتے ہیں مگر ان کے دلوں میں تمہاری محبت و الفت ذرہ بھر نہیں بلکہ اُن میں تمہاری طرف سے عداوت کی آگ بھڑک رہی ہے وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ یہ جملہ یا تو نیا ہے واو ابتدائیہ یا حالیہ ہے یا فاسق بمعنی بدعہد ہے لہذا اکثر فرمانا بالکل درست ہے کیونکہ بعض کفار عہد کے پکے بات کے سچے ہیں اگرچہ کافر ہیں جیسے کفار عرب میں بنی ضمیرہ جن کا ذکر ابھی پہلے ہوا بمعنی کفر یا بدکاری نہیں اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا اس فرمان عالی میں گذشتہ دعویٰ کی دلیل ہے اس آیتہ کی تفسیر پہلے پارہ میں وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا میں گذر چکی ہے یہاں اتنا سمجھ لو کہ آیات اللہ سے مراد توریت یا انجیل کی آیات نہیں کیونکہ مشرکین عرب اہل کتاب نہ تھے اس سے مراد یا تو آیات قرآنیہ ہیں کہ کفار عرب نے معمولی لالچ میں قرآن کریم کو نہ مانا یا اس سے مراد عہد و پیمان ہیں جن کا پورا کرنا ملّتِ ابراہیم میں بھی ضروری تھا اور مشرکین عرب اُسے مانتے تھے۔ قرآن مجید میں بھی اس کی تاکید ہے اور ثمن قلیل سے مراد ابوسفیان کی وہ دعوت ہے اور ان کے لذیز کھانے جنہیں کھا کر مشرکین نے حضور سے کیے ہوئے عہد و پیمان توڑ دیئے جس کا ذکر ابھی نزول میں گذرا۔ لہذا آیتہ واضح ہے دنیاوی دولت کو ثمنِ کیوں کہا اور قلیل کیوں فرمایا اس کی نہایت نفیس ولذیز وجوہ پہلے پارے میں دیکھو۔ فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ یہ عبارت معطوف ہے اِشْتَرَوْا پر صَدُّوْا لازم بھی آتا ہے اور متعدّی بھی۔ یہاں دونوں احتمال ہیں۔ اللہ کی راہ سے مراد یا تو دین اسلام ہے جو خدا رسی کا ذریعہ ہے یا عہد و پیمان پورا کرنا جس سے رب تعالیٰ راضی ہوتا ہے اور ممکن ہے کہ اس کی برکت سے ایمان کی توفیق مل جاوے یعنی یہ لوگ اللہ کی راہ وفاءِ عہد یا اسلام سے رُک گئے یا انہوں نے دوسروں کو بھی اسلام سے روکا یا بدعہدی پر آمادہ کیا یہ عمل ایسا منحوس ہے اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ اس فرمان عالی میں اُن کی بدعہدی کا نتیجہ سنایا گیا یعنی اُن کا عمل بہت ہی بُرا ہے کہ خود بھی بُرا اور دوسرے بُرے کاموں کا ذریعہ ہے۔

**خلاصہ تفسیر:** ۔ اے مسلمانوں تم ان بدعہد بے وفا مشرکین سے جنگ و قتال سے کیونکر اور کیسے بچتے ہو ان کا حال تو یہ ہے کہ اگر یہ تم پر قابو پائیں تو یہ نہ تو تمہاری قرابتہ داری کا لحاظ کریں نہ اپنے عہد و پیمان کا تم سے عہد و پیمان کر لیتے ہیں مگر تم سے فوراً جنگ کریں جب وہ تمہارے قبضہ میں ہوتے ہیں تو تم کو چکنی چوپڑی میٹھی نرم باتوں سے خوش کر دیتے ہیں تم سے عہد و پیمان کر لیتے ہیں مگر اُنکے دل انکاری ہوتے ہیں ان میں سے اکثر بدعہد ہیں کچھ تھوڑے عہد کے پابند ہوئے ہیں نے تھوڑے سے دنیاوی مال دعوت کے کھانے کے عوض اللہ کی آیتیں یعنی ملّتِ ابراہیمی کے عہد پورے کرنے کے فرمان چھوڑ دیئے پھر اس

marfat.com

کا وبال یہ ہوا کہ یہ خود بھی اسلام سے رُک گئے اور دوسروں کو بھی روکنے لگے۔ اگر عہد کی پابندی کرتے تو اُس عہد کی برکت سے شاید انہیں ایمان کی توفیق مل جاتی۔ ان کے یہ کام بہت ہی بُرے ہیں اور بہت برائیوں کا پیش خیمہ۔

**فائدے:۔** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ کافر مسلمان کا دوست کبھی نہیں ہو سکتا اگرچہ اسکا سگا باپ بھائی ہو یا بیٹا اس پر مسلمان کبھی اعتبار نہ کرے یہ فائدہ وَاِنْ یَّظْهَرُوْا عَلَیْكُمْ سے حاصل ہوا جو کفار حضور انور کے خون کے پیاسے ہو گئے تھے وہ قریبًا سارے ہی حضور کے رشتہ دار تھے **دوسرا فائدہ:۔** مسلمان اللہ رسول کے فرمان کے مقابل کسی کے دباؤ رشتہ کی پرواہ نہ کرے اگر ماں باپ یا پیر استاد۔ امیر نماز وغیرہ سے روکیں تو کبھی نہ مانے یہ فائدہ کیف سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر۔ **تیسرا فائدہ:۔** مومن کو چاہیئے کہ ایک سوراخ سے دوبار نہ کاٹا جاوے جہاں سے بے وفائی کا تجربہ ہو چکا ہے اس پر آئندہ اعتماد نہ کرے یہ فائدہ بھی کیف فرمانے سے حاصل ہوا دیکھو بھارت نے مسلمانوں سے کتنے وعدے کیے مگر سب سے پھر گئے۔ **چوتھا فائدہ:۔** اکثر کفار زبان کے میٹھے دل کے کڑوے زہر ہوتے ہیں ایسے لوگ بہت خطرناک ہیں یہ فائدہ یُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ سے حاصل ہوا جنہوں نے ہندوں بنیوں کو دیکھا ہے انہیں اس کا تجربہ ہے کالا سانپ شور نہیں مچاتا چپکے سے کاٹتا اور سلا دیتا ہے **پانچواں فائدہ:** بعض کفار زبان کے پکے وعدوں سے سچے بھی ہوتے ہیں یہ فائدہ اَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر مگر ایسے بہت کم ہیں **چھٹا فائدہ:۔** دنیاوی نفع کی لالچ میں دین چھوڑ دینا یا دین میں نرمی کرنا طریقہ کفار ہے دین کو مضبوطی سے پکڑو دنیا خود بخود آئے گی۔ دانہ کی تلاش کرو بھوسہ مل جاوے گا۔ یہ فائدہ اِشْتَرَوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ الخ سے ملا **ساتواں فائدہ:** بعض گناہوں کی نحوست سے انسان ایمان سے محروم ہو جاتا ہے یہ فائدہ فَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا کہ اکثر مشرکین عرب بدعہدیوں کی وجہ سے ایمان سے محروم رہے **آٹھواں فائدہ:** زبان کا کڑوا دل کا صاف اس سے اچھا ہے جو زبان کا میٹھا دل کا بے ایمان ہیبہ فائدہ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ سے حاصل ہوا اگر اللہ تعالیٰ کسی کو زبان شیریں دل صاف دونوں عطا فرمائے تو اس کا خاص کرم اور مہربانی ہے۔ رب تعالیٰ نصیب کرے **پہلا اعتراض:۔** اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ کفار مومن کے پکے دشمن ہیں۔ موقعہ پائیں تو رشتہ داری وغیرہ کا بھی لحاظ نہ کریں مگر ابو طالب نے باوجودیکہ ایمان قبول نہ کیا مگر وہ حضور انور کے بڑے خدمت گذار خیر خواہ رہے یہ آیت کریمہ کیونکر درست ہوئی۔

**جواب:۔** اس اعتراض کے چند جوابات ہیں ایک یہ کہ یہ آیت خاص بدعہد کفار کے متعلق ہے جنہوں نے حدیبیہ کا عہد توڑا دوسرے یہ کہ اس آیتہ کریمہ میں کفار کا اصل حال بیان ہو رہا ہے جو کفار مومنوں کے خدمت گار رہے وہ ان کا عارضی حال ہے جیسے بعض مومن ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو جاتے ہیں اُن کی یہ دشمنی عارضی ہے تیسرے یہ کہ یہاں ذکر اُن کفار کا ہے جو دل زبان دونوں کے کافر ہیں ابو طالب صرف زبان کے کافر رہے دل میں وہ ایمان رکھتے تھے یعنی سا تر تھے لہذا وہ اس آیت سے خارج ہیں اس لیئے اُن کی بیوی فاطمہ بنت اسد اور بچے علی عقیل وغیرہ مومن ہو گئے انہوں نے کوئی اعتراض

marfat.com

نہ کیا۔ دوسرا اعتراض۔ یہاں ارشاد ہوا کہ اکثرھم فاسقون۔ بہت سے کافر فاسق یعنی بدکار ہیں حالانکہ سارے کافر ہی فاسق و بدکار ہیں پھر اکثر کیوں فرمایا۔ جواب۔ اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ یہاں فاسق بمعنی بدعہد ہے واقعی بہت سے کافر بدعہد ہوتے ہیں کچھ زبان کے پختہ بھی۔ تیسرا اعتراض۔ یہاں فرمایا کہ انہوں نے آیات کے عوض تھوڑی قیمت لے لی انکے پاس آیات الٰہی تھیں ہی نہیں وہ تو مشرک تھے اہل کتاب نہ تھے پھر یہ فرمان کیونکر درست ہوا۔ جواب یہ لوگ اپنے کو ملت ابراہیمی کا متبع کہتے اور بہت سے احکام ابراہیمی پر عمل کرتے تھے جیسے مہمان نوازی خدمت کعبہ وغیرہ یہاں آیات اللہ سے مراد وہی ابراہیمی احکام ہیں جو انہوں نے ابوسفیان کی دعوت کھا کر توڑے لہٰذا یہ فرمان بالکل درست ہے چوتھا اعتراض۔ یہاں ارشاد ہوا کہ فَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ انہوں نے اللہ کی راہ سے روکا وہ لوگ کسی کو اسلام سے نہ روکتے تھے ہاں خود کافر تھے پھر یہ فرمان کیونکر درست ہوا۔ جواب۔ اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو گیا صدوا کے معنی ہیں خود رک گئے اور اگر روکنا مراد ہے تب بھی درست ہے کہ ابوسفیان نے انہیں روٹی کھلا کر بدعہدی کرائی پھر ان لوگوں نے دوسروں کو بدعہدی پر ابھارا۔

تفسیر صوفیانہ۔ دنیا قیمت ہے اور آخرت اصل سامان مبارک۔ وہ جو دنیا سے دین خریدے منحوس ہے وہ دین سے دنیا خریدے یہ حرکت ایسا منحوس عمل ہے کہ اس سے بہت سی بدعملیاں پیدا ہوتی ہیں جیسا کہ فصدوا عن سبیل اللہ سے معلوم ہوا وہ فاسد عہد اگر کافر بھی کرے تو انشاء اللہ آخر کار مومن ہو جائے گا کہ یہ ازلی نیک بختی کی علامت ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

من ندیدم در جہان جستجو ٭ ہیچ اہلیت بہ از خونکو ٭ در پے خو باش و با خو شخو نشیں ٭ خوں پذیری روغن و گل را ہمیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ ابن جبل کو حسب ذیل نصیحتیں فرمائیں اے معاذ اللہ سے ڈرو۔ سچی بات کہو وعدہ پورا کرو امانت ادا کرو۔ خیانت سے بچو۔ پردیسی پر مہربانی کرو یتیم پر رحم کرو۔ بات نرم کرو۔ ہر ایک کو سلام کرو۔ حساب آخرت کی تیاری کرو۔ اپنے کو نرم رکھو اور اے معاذ کسی حکم کو برا نہ کہو۔ بچے کو مت جھٹلاؤ۔ بدکار کی اطاعت نہ کرو۔ سلطان اسلام کی بغاوت نہ کرو۔ زمین میں فساد نہ کرو۔ ہر قسم کے گناہ سے توبہ کرو چھپے گناہ سے چھپی توبہ کرو کھلے گناہ سے کھلی توبہ خود اچھے بنو اور لوگوں کو اچھا بناؤ (روح البیان)۔ شعر ؎ اِلْزَمِ الصِّدْقَ وَالتُّقٰی وَاتْرُکِ الْعُجْبَ وَالرِّیَاءَ ٭ وَاعْلَمِ النَّفْسَ وَالْھَوٰی وَزَرِ الْمَوْتَ وَالْبَلَا

لَا یَرْقُبُوْنَ فِیْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ۝

نہیں لحاظ کرتے وہ کسی مومن میں رشتہ داری کا اور نہ وعدے کا اور یہ لوگ ہیں حد سے آگے بڑھنے والے

کسی مسلمان میں نہ قرابت کا لحاظ کریں نہ عہد کا اور وہ ہی سرکش ہیں

فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ ؕ

پس اگر توبہ کریں اور قائم کریں نماز کو اور دیں زکوٰۃ پس وہ بھائی ہیں تمہارے دین میں

اور نماز قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں

marfat.com

وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾

اور تفصیل وار بیان کرتے ہیں ہم آیتیں واسطے اس قوم کے جو علم رکھیں

اور آیتیں مفصل بیان کرتے ہیں جاننے والوں کے لیے

**تعلق:** ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق:** پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ مشرکین عرب حضرات صحابہ کی قرابتہ داریوں اُنکے عہد و پیمان کا لحاظ نہیں کرتے موقع ملتے ہی اُن سے جنگ انہیں قتل کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں اب ارشاد ہو رہا ہے کہ ارے کفار تا قیامت کسی مسلمان کی قرابت اور معاہدہ کا لحاظ نہیں کرتے نہ کریں گے لہذا تا قیامت مسلمانوں کو اُن پر اعتماد نہ کرنا چاہیئے گویا خاص کفار کے بعد عام کفار کا حال بیان ہو رہا ہے اس لیئے وہاں فِیْکُمْ ارشاد ہوا ہے یہاں فِیْ مُؤْمِنٍ ہے۔ **دوسرا تعلق:** پچھلی آیات میں ان کفار کی اسلامی دشمنی بیان ہو رہی جنہوں نے حدیبیہ میں مسلمانوں سے معاہدے کئے تھے اب ان کفار کی اسلام کی دشمنی کا تذکرہ ہے جو ابوسفیان کی دعوت کھا کر مسلمان کے خلاف بھڑکے یا پہلے ان کی بدعہدی کا ذکر ہوا اب اُن کے لالچ کا تذکرہ ہے کہ صرف دو روٹیاں کھا کر بڑے سے بڑے کام کر لیتے ہیں **تیسرا تعلق:** پچھلی آیات میں ان کفار کی بُری خصلتوں کا ذکر ہوا کہ وہ بدعہد لالچی ہیں اب ان عیوب کے علاج کا تذکرہ ہے ایمان۔ نماز زکوٰۃ فَاِنْ تَابُوْا کہ اگر یہ لوگ ان صفات کو اختیار کر لیں تو ان تمام عیوب سے نجات پا جاویں گویا بیماری کے بعد علاج ذکر ہے۔

**تفسیر:** لَا يَرْقُبُوْنَ فِیْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ابھی پچھلی آیتہ میں یَرْقُبُوْنَ اِلًّا اور ذِمَّةً کی تفسیر گذری یہاں اتنا سمجھ لو کہ یَرْقُبُوْنَ کا فاعل یا تو تا قیامت مشرکین ہیں۔ یا ابوسفیان کے ہاں دعوت کھانے والے عرب کے کافر قبیلے اور ہو سکتا ہے کہ اس کا فاعل وہ ہی بدعہد کفار ہوں جنہوں نے حدیبیہ کے معاہدے توڑے مگر یہاں پہلا احتمال قوی ہے حق یہ ہے کہ مومن سے مراد ہر مومن ہے عربی ہو یا عجمی اس زمانہ کا ہو یا بعد کا کیونکہ وجہ مخالف مومن کا ایمان ہے یعنی تا قیامت کوئی کافر کسی مسلمان کی قرابتداری کسی وعدے عہد و پیمان کا لحاظ نہ کریگا۔ یہ بات یاد رکھو اس فرمان عالی کا ظہور آج تک ہو رہا ہے ہم آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ موقع پر کافر اپنے سگے بھائی مومن پر ہاتھ صاف کر دیتا ہے۔ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ یہ فرمانِ عالی یا تو نیا جملہ ہے اور واؤ ابتدائیہ ہے لَا يَرْقُبُوْنَ۔ پر معطوف ہے اور واو عاطفہ اُولٰٓئِكَ سے اشارہ انہیں مذکورین کفار کی طرف ہے معتدون کے معنی ہیں حد سے بڑھنے والے ہیں نہ کہ عہد توڑنے والے یہاں حصر اضافی ہے یعنی ان حالات میں وہ مشرکین ہی حد سے بڑھنے والے ہیں نہ کہ مسلمان۔ ان دونوں کی جنگ ہو تو مسلمانوں کی طرف وہ جنگ جہاد ہوگی اور کفار کی طرف فساد لہٰذا آیت واضح ہے فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ اس فرمان عالی میں رحمت الٰہیہ کا اظہار ہے یعنی مشرکین و کفار یہ سب مذکورہ حرکتیں کر چکنے کے بعد تین کام کر لیں تو ان کو دامن کرم

marfat.com

ہیں لینے کو تیار ہیں توبہ کے معنی ابھی پچھلی آیات میں عرض کیے جاچکے ہیں کہ اس سے مراد کفر سے توبہ ہے یعنی ایمان قبول کر لینا مسلمان ہوجانا نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے سے مراد انکی فرضیت کا اعتقاد رکھنا ہے اور ان پر عمل کرنے کا پختہ ارادہ کر لینا روح البیان چونکہ تمام شرعی احکام ہیں یہ دونوں چیزیں بڑی اہم ہیں کہ نماز بدنی عبادت ہیں اور زکوٰۃ مالی عبادات میں اہم اس لیے ان دو کا خصوصیت سے ذکر فرمایا ورنہ سارے ارکانِ اسلام پر ایمان لانا ضروری ہے فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ یہ عبارت جزائیہ ہے فان تابوا کی لہٰذا جزائیہ ہے اِخْوَانُكُمْ خبر ہے ہم پوشیدہ کی اور فِی الدِّیْنِ اَلنَّابِتُوْنَ سے متعلق ہو کر اخوانکم کی صفت یعنی تو وہ لوگ تمہارے دینی یعنی اسلامی بھائی ہیں کہ اگرچہ تم پرانے مسلمان ہو وہ نئے مسلمان مگر اسلام و ایمان میں تم اور وہ برابر ہو کہ سارے احکام تم پر ان پر یکساں ہیں اسلامی ایمانی عزت میں تم اور وہ برابر کے شریک ہیں۔

نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ تفصل بنا ہے تفصیل سے بمعنی الگ الگ جداگانہ بیان کرنا اس کا مقابل اجمال ہے آیات سے مراد سارے قرآن مجید کی آیتیں ہیں یا احکام کی آیتیں یا کفار و مشرکین پر جہاد کرنے کی آیتیں یا کفار کے کفر و ایمان دونوں حالتوں کے احکام کی آیتیں اس چوتھے احتمال کی تفسیر کو روح البیان نے اختیار فرمایا لِقَوْمٍ کا تعلق نُفَصِّلُ سے ہے علم سے مراد دینی احکام کا علم ہے یا اجتہادِ مجتہدین یعنی جیسے ہم نے کفار کے ساتھ جنگ و صلح عہد باقی رکھنے توڑنے ان کے مسلمان ہو جانے کے بعد کے احکام تفصیل وار بیان کیے اسی طرح ہم دوسری آیات تفصیل وار بیان کرتے ہیں مگر جاہلوں کے لیے نہیں بلکہ علماءِ مجتہدین کے لیے جن میں آیات سے احکام نکالنے کی طاقت ہے قرآن مجید اُن کے لیے مفصل ہے سمندر کے موتی غواص کو ہی ملتی ہے۔

**خلاصہ تفسیر:۔** ان عہد توڑنے والے کفار ہی پر موقوف نہیں سارے کافروں کا یہ ہی حال ہے کہ وہ کسی مومن کی کبھی رعایت نہیں کرتے نہ قرابت داری کا لحاظ کرتے ہیں نہ اپنے وعدہ پیمان کا جب انہیں موقعہ ملے مومنوں کو قتل غارت ایذا رسانی سے باز نہیں آتے وہ ہی ہر قسم کی حدود سے آگے نکلے ہوئے ہیں مومن کی یہ شان نہیں لہٰذا اے مسلمانوں تم ان سے کبھی وفا کی امید نہ رکھنا ان حالات میں اگر تمہاری اُن کی جنگ ہو جائے تو فسادی وہ ہیں تم نہیں تم مجاہد ہو لیکن ان مذکورہ حرکات کے باوجود اگر وہ کفر سے توبہ کر کے مسلمان ہو جاویں نماز قائم کرنے زکوٰۃ ادا کرنے کے معتقد ہو جاویں کہ انہیں فرض جانیں اور اُن پر عمل کرنے کا مضبوط ارادہ کریں تو اُن کے گذشتہ سارے گناہ معاف اب وہ تمہارے دینی بھائی ہیں کہ تم اور وہ نفس ایمان میں برابر۔ ہم آیات قرآنیہ تفصیل وار بیان کرتے ہیں مگر کن کے لیے علم و اجتہاد والے لوگوں کے لیے ان آیات سے تفصیلی احکام وہ ہی نکالتے ہیں عام مسلمان اُن کے واسطہ سے معلوم کریں

**فائدے:۔** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے:۔ **پہلا فائدہ** تھوڑے پیسوں دنیاوی لالچ سے دین میں تبدیلی کر دینا عہد توڑنا۔ لوگوں کو اچھے راستہ سے روکنا مومنوں کی قرابت داریوں اُس سے کیے ہوئے عہد و پیمان کا لحاظ نہ کرنا نہیں ستانا یہ سب کفار کے عیوب ہیں مسلمانوں کو اُن سے بچنا چاہیئے یہ فائدہ لَا یَرْقُبُوْنَ الخ سے

marfat.com

حاصل ہوا دوسرا فائدہ :۔ جب بھی مسلمانوں کی جنگ کفار سے ہو تو مسلمان کی جنگ جہاد ہے کافر کی جنگ جہاد نہیں کیونکہ کافر ..... حد سے نکلا ہوا ہوتا ہے مومن حد میں داخل یہ فائدہ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ کے حصر سے حاصل ہوا ہے **تیسرا فائدہ** :۔ مسلمان ہونے کے لیئے صرف کلمہ ہی پڑھ لینا کافی نہیں بلکہ ارکانِ اسلام نماز روزہ زکوٰۃ حج وغیرہ کی فرضیت کا ماننا بھی ضروری ہے یہ فائدہ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ الخ سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر :۔ **چوتھا فائدہ** :۔ مسلمان ہونے کے لیئے تمام کفریہ عقیدوں سے توبہ کرنا بھی ضروری یہ فائدہ فَاِنْ تَابُوْا سے حاصل ہوا **پانچواں فائدہ** :۔ اسلامی اخوت و بھائی چارہ عالم گیر اخوت ۔ ہے اسلام میں عربی عجمی ہندی سندھی کالے گورے کا فرق نہیں یہی اتفاق سچی اخوت ہے ملکی اور قومی اخوتیں عارضی و محدود ہیں یہ فائدہ اخوانکم سے حاصل ہوا .. **چھٹا فائدہ** .. مسلمان آپس کے بھائی ہیں نہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ۔ یہ فائدہ اخوانکم سے حاصل ہوا کہ اخوانکم میں مسلمانوں سے خطاب ہے **ساتواں فائدہ** :۔ نفسِ ایمان و اخوت میں نیا اور پرانا مسلمان دونوں برابر ہیں یہ فائدہ بھی اَخَوَانُكُمْ سے حاصل ہوا کہ یہاں پرانے مسلمانوں کو فرمایا گیا کہ یہ نومسلم تمہارے بھائی ہونگے **آٹھواں فائدہ** :۔ اللہ کے نزدیک عالم وہ ہے جس کی نظر آیات پر تفصیلاً ہو اس کے بغیر عالم نہیں منطقی فلسفی ہونا آسان ہے مگر عالمِ دین ہونا مشکل ہے اللہ تعالیٰ عالمِ دین بنائے یہ فائدہ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ الخ سے حاصل ہوا **نواں فائدہ** :۔ قرآن و حدیث صرف علمائے دین کے لیئے ہیں عوام کے لیئے علمائے دین کے اقوال ہیں وہ ان کی اطاعت کریں اگر عوام قرآن و حدیث سے مسائل نکالنا شروع کر دیں تو بے دین ہو جائیں گے یہ فائدہ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ سے حاصل ہوا۔ علمِ طب کی کتابیں کامل حکیموں کے لیئے بیماروں کے لیئے طبیب کے نسخے **پہلا اعتراض** :۔ اس آیتہ کریمہ سے معلوم ہوا کہ صرف کفار ہی حد سے بڑھتے ہیں اُن کے سوا کوئی نہیں بڑھتا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ہم سے حصر حاصل ہوا مگر دیکھا جاتا ہے کہ بہت سے مسلمان حد سے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ بڑے بڑے ظلم کرتے ہیں **جواب** :۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ یہاں حصر اضافی ہے یعنی اگر بدعہد کفار سے تمہاری جنگ ہو تو فسادی اور حد سے بڑھنے والے وہ ہوں گے نہ کہ تم یا یہ مطلب ہے کہ ایمان کی حد سے بڑھنے والے صرف کفار ہی ہیں نہ کہ مومن : **دوسرا اعتراض** :۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہمارے بھائی وہ ہیں جو مومن ہوں نماز بھی قائم کریں اور زکوٰۃ بھی دیں کیونکہ یہاں بھائی بنانے کو تین شرطوں پر معلق کیا تو کیا بے نمازی اور بخیل مسلمان ہمارے بھائی نہیں **جواب** :۔ اس اعتراض کے بہت جواب ہیں آسان اور قوی جواب یہ ہے کہ یہاں نماز قائم کرنے زکوٰۃ دینے سے مراد ہے ان دونوں کاموں کو فرض جاننا۔ اس کی فرضیت کا انکار نہ کرنا اور واقعی جو کلمہ پڑھے مگر نماز زکوٰۃ کی فرضیت کا منکر ہو وہ ویسا ہی کافر ہے جیسے کلمہ کا انکاری وہ ہمارا بھائی کیسے ہو سکتا ہے نماز کا عمل اور رہے اس کا عقیدہ کچھ اور **تیسرا اعتراض** :۔ اس آیت سے معلوم ہو کہ آیاتِ قرآنیہ تفصیل وار بیان ہوئیں مگر دیکھا جاتا ہے کہ آیاتِ قرآنیہ بہت مجمل ہیں حتیٰ کہ نماز زکوٰۃ کی آیات تک میں بہت اجمال ہے صرف صلوٰۃ و زکوٰۃ کا نام ہے

marfat.com

تفصیل بالکل نہیں پھر یہ فرمان عالی کیونکر درست ہوا۔ **جواب**:۔ اس اعتراض کا جواب یہاں موجود ہے لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ یعنی آیات قرآنیہ مفصل ہیں علماء کے لیے نہ کہ عوام کے لیے علماء کرام حدیث شریف اور اجتہاد کے ذریعہ احکام [illegible]

**تفسیر صوفیانہ**:۔ ایمان نور ہے کفر تاریکی جیسے نور اندھیرے کا بھائی نہیں نور اور اندھیرا کبھی جمع نہیں ہو سکتے ایسے ہی ایمان و کفر ایک جگہ جمع نہیں ہوتے اور کبھی کافر مومن کا بھائی نہیں ہو سکتا کہ دو ضدیں جمع نہیں ہوتیں۔ اگرچہ مومن خونی۔ وطنی۔ زبانی۔ پیشہ کے رشتوں سے بھائی ہوں مگر یہ بھائی ہونا عارضی اور محدود ہے جو بہت جلد ٹوٹ جاتا ہے اسی لیئے یہاں ارشاد ہوا کہ کافر مومن کے رشتہ دار ہونے کا پاس اور لحاظ نہیں کرتا۔ اس وجہ سے مومن بھائی کی میراث کافر کو نہیں ملتی نہ اس کے برعکس۔ اس میں قصور کافر کا ہے اولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ایمان گویا سورج ہے۔ نماز۔ زکوٰۃ اس کی تجلی اور نورانی شعاعیں جو ظاہر جسم پر پڑتی ہیں۔ سورج آسمان پر ہے اس کی شعاعیں زمین پر۔ یوں ہی ایمان دل میں ہے اس کی شعاعیں نماز روزہ زکوٰۃ جسم میں۔ یہ اعمال ظاہری اس باطنی سورج یعنی ایمان کی دلیلیں ہیں اس لیے ارشاد ہوا اقاموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ ۔ ۔ یا یوں کہو کہ ایمان کا تخم دل کی زمین میں ہوتا ہے اس کی شاخیں پھول پھل اعضاء ظاہری میں پھلے کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء نمازیں اور زکوٰۃ اس تخم کے پھول پھل یا پھول پھل دار شاخیں ہیں یہ تفصیل علم والوں کو ہی معلوم ہوتی ہے

---

وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ

اور اگر توڑ دیں وہ قسمیں اپنی بعد وعدے کے اپنے اور طعنہ کریں تمہارے دین میں

اور عہد کر کے اپنی قسمیں توڑیں اور تمہارے دین پر نہ آئیں

فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ﴿۱۲﴾ اَلَا

تو لڑو سرداروں سے کفر کے تحقیق وہ ہی قسمیں ان کی تاکہ وہ باز آجائیں کیا نہیں

تو کفر کے سرغنوں سے لڑو بیشک ان کی قسمیں کچھ نہیں اس امید پر کہ شاید وہ باز آئیں کیا اس

تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ

جنگ کرو گے تم اس قوم سے کہ توڑیں جس نے قسمیں اپنی اور قصد کیا رسول کو نکالنے کا

قوم سے نہ لڑو گے جنہوں نے اپنی قسمیں توڑیں اور رسول کے نکالنے کا ارادہ کیا حالانکہ

marfat.com

وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ

اور انہوں نے شروعات کی تم سے پہلی بار کیا ڈرتے ہو اُن سے

انہیں کی طرف سے پہل ہوئی کیا اُن سے ڈرتے ہو

فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ

پس اللہ زیادہ حقدار ہے کہ ڈرو تم اُس سے اگر ہو تم

تو اللہ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس سے ڈرو اگر

مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱۳

ایمان والے

ایمان رکھتے ہو

تعلق۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیات میں بدعہد کفار کی توبہ اور اس کے احکام کا ذکر تھا فَاِنْ تَابُوْا الخ اب تصویر کا دوسرا رخ دکھایا جا رہا ہے کہ اگر وہ توبہ نہ کریں بلکہ تمہارے دین ہی کو برا کہنے لگیں علانیہ تمہارا کریں تو ان کا کیا حکم ہے گویا نرم احکام کے بعد گرم احکام کا ذکر ہے۔ **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں بدعہد کافروں کے مومن ہو جانے گذشتہ بدعہدیوں سے توبہ کر لینے کا ذکر تھا اب انہیں کے مرتد ہو جانے کا تذکرہ ہے یہ تعلق اس صورت میں ہے جبکہ اس آیت میں مرتدین کا ذکر ہو **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ان کفار کا ذکر ہوا جو ایکبار عہد کر کے توڑ بیٹھے انکے احکام بیان ہوئے اب ان کفار کا تذکرہ ہے جو بار بار عہد کر کے قسمیں کھا کر توڑ دینے کے عادی ہو چکے یعنی ایک بار کے مجرموں کے بعد عادی مجرموں کا تذکرہ ہے

**نزول**:۔ اس کے نزول کے متعلق چند روایات ہیں۔ ع۱ سیدنا عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ یہ آیات ابوسفیان ابن حرب حارث ابن ہشام۔ سہل ابن عمرو۔ ابوجہل۔ عکرمہ ابن ابوجہل اور تمام سردارانِ قریش کے متعلق نازل ہوئی جنہوں نے حضور انور کو یا تو مکہ معظمہ میں تنگ کیا حتیٰ کہ آپ نکلنے پر مجبور ہو گئے یا حضور انور سے حدیبیہ کے عہد کے خلاف کیا لہٰذا یہ آیت گذشتہ آیات کا نتیجہ ہے۔ ع۲ حضرت مجاہد کہتے ہیں کہ یہ آیات کفار روم و فارس کے متعلق نازل ہوئیں جن پر عہدِ فاروقی میں جہاد ہوئے ان آیات میں ایک طرح کی پیش بندی کر دی گئی ہے ع۳ حضرت حذیفہ ابن یمان فرماتے ہیں کہ یہ آیات آئندہ قریب قیامت کفار کے متعلق نازل ہوئیں جو دجال کے مدد و معاون ہونگے (تفسیر خازن و کبیر) اور ہو سکتا ہے کہ یہ آیات کفارِ قریش کے علاوہ دوسرے عرب قبیلوں کے متعلق آئی ہوں جو حضور انور سے عہد کر کے پھر گئے یا یہودِ مدینہ کے متعلق ۔

marfat.com

تفسیر:۔ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ یہ عبارت معطوف ہے فَاِنْ تَابُوْا پر اور واؤ عاطفہ ہے یا نیا جملہ ہے اور واؤ ابتدائیہ ہے مفسرین نے فرمایا کہ اس سے مراد سرداران قریش ابوجہل۔ ابوسفیان وغیرہ ہیں قسم توڑنے سے مراد حدیبیہ کا وعدہ توڑنا ہے مگر یہ قول قوی نہیں کیونکہ ابوجہل غزوہ بدر میں مارا گیا اور ابوسفیان وغیرہ فتح مکہ میں ایمان لا چکے تھے یہ آیات کریمہ فتح مکہ سے ایک سال بعد آئیں لہذا یہ ظاہر ہے کہ اس سے مراد دوسرے کافر قبیلے ہیں جو حضور انور اور مسلمانوں سے عہد کر کے وعدے توڑ چکے تھے اُن کے متعلق ارشاد ہوا اگر یہ توبہ کر کے مسلمان ہو جائیں تو تمہارے بھائی ہیں اور اگر توبہ نہ کریں عہد توڑنے پر قائم رہیں یا آئندہ توڑیں یا مسلمان ہو کر پھر مرتد ہو جاویں تو ان کا حکم یہ ہے نَكَثُوْا بنا ہے نکثٌ سے بمعنی بٹا ہوا سوت کھول دینا رب فرماتا ہے مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا اصطلاح میں وعدہ توڑنے کو نکث کہا جاتا ہے وہ یہی مراد ہے ایمان جمع ہے یمین کی بمعنی داہنا ہاتھ اس کا مقابل ہے یسار (بایاں ہاتھ) اصطلاح میں قسم کو یمین کہتے ہیں یا اس لیئے کہ اہل عرب قسم کھاتے وقت داہنا ہاتھ ہلاتے تھے یا اس لیئے کہ داہنے ہاتھ میں قوت زیادہ ہوتی ہے قسم سے بھی کلام میں قوت ہوتی ہے (تفسیر کبیر) ایک قراءۃ میں ایمانہم ہے الف کے کسرہ سے کفر کا مقابل (کبیر) مگر ہماری قراءۃ ایمان الف کے فتحہ سے زیادہ مشہور ہے عہد سے مراد وہ عہد و پیمان ہیں جن پر انہوں نے قسمیں کھائیں تھیں وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ یہ عبارت معطوف ہے نَكَثُوْٓا پر اس میں کفار کا دوسرا عیب بیان ہوا۔ طعن کے لفظی معنی ہیں۔ نیزا مارنا مگر کسی کو عیب لگانا طعنہ دینا بھی طعن کہلاتا ہے کہ اس سے بھی زیادہ نیزہ کی طرح گھاؤ لگتا ہے بلکہ اس طعن کا زخم جو دل پر لگتا ہے وہ نیزہ کے زخم سے زیادہ سخت ہوتا ہے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ شعر۔

جِرَاحَاتُ السِّنَانِ لَهَا الْتِيَامُ وَلَا يَلْتَامُ مَا جَرَحَ اللِّسَانُ

چھری کا تیر کا تلوار کا تو گھاؤ بھرا لگا جو زخم زبان کا رہا ہمیشہ ہرا

دِيْنِكُمْ سے مراد اسلام ہے اسلام پر طعنہ کرنے کی چند صورتیں ہیں ۱ اسلامی مسائل پر زبان طعن دراز کرنا۔ ۲ اسلامی عقائد پر طعنے کسنا ۳ کلمہ طیبہ اذان۔ نماز۔ قرآن مجید۔ کعبہ معظمہ کی شان میں گستاخی کرنا ۴ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنا باقی گستاخیوں سے توبہ قبول ہے مگر گستاخِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی توبہ بھی قبول نہیں اُن کا گستاخ اگر توبہ کر کے اسلام قبول کرے تو اس کا اسلام معتبر ہے مگر اُسے بحقِ رسول قتل کیا جاوے گا اور بعد قتل اس کی نماز جنازہ اور دفن ہوگا کہ مسلمان ہو چکا ہے جیسے کوئی قاتل مسلمان ہو تو اُس کا اسلام قبول ہے مگر اُسے قصاصًا قتل کیا جاوے گا حقِ رسول حق العبد ہے توبہ سے معاف نہیں ہوتا۔ اور حضور انور کی عزت عظمت کسی مقتول کی جان سے زیادہ ہے کہ دونوں جہان حضور کی عظمت کے مقابل مجھ کے پر برابر نہیں (کتب فقہ روح البیان) روح المعانی نے بہت نفیس تقریر کی ہے حضور کی عظمت کو روحِ ایمان قرار دیا۔

marfat.com

اصلِ ایمان۔ روحِ قرآن۔ مغزِ دین بہست حُبِّ رحمۃ للعٰلمین

فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ یہ عبارت جزاء ہے وَاِنْ نَّكَثُوْٓا کی۔ خیال رہے کہ کفار سے جنگ بہر حال ہوگی خواہ وہ صرف عہد شکنی کریں یا صرف اسلام پر طعن یا دونوں یہاں بجائے ہم کے ائمۃ الکفر فرمایا تاکہ اس جہاد کی اہمیت معلوم ہو ایک سردارِ کفر کا مار دینا بہت کافروں کے مارنے سے بہتر ہے کہ وہ کفر کی جڑ ہے جڑ کاٹ دو شاخیں خود بخود سوکھ جائیں گی۔ ائمہ جمع ہے امام کی پیشوا یعنی یہ اصل میں تھا ائمۃ بروزن افعلۃ جیسے مثال کی جمع ہے امثلہ چونکہ اس میں دو میم جمع ہوئے تو پہلے میم کا کسرہ ہمزہ کو دیا اور دونوں میم کا ادغام کر دیا اب دوسری ہمزہ کو باقی رکھو یہ بھی درست ہے اور اسے ی سے بدل دو اور ئمہ پڑھو یہ بھی درست ہماری قراءۃ ائمہ دو ہمزہ سے ہے اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ اس فرمان عالی میں قتال کی وجہ ارشاد ہوئی اور فرمایا گیا کہ اگر اب وہ تم سے عہد و معاہدے کریں قسمیں بھی کھائیں تب بھی قبول نہ کرو کیونکہ تم نے آزما لیا کہ ان کی قسمیں کچھ نہیں ایک قراۃ میں لا ایمان ہے الف کے کسرہ یا کفر کا مقابل ایمان یا اَمْن یُؤْمِنُ کا مصدر بمعنی امن دنیا۔ (تفسیر کبیر) ہماری قراءت زیادہ مشہور ہے بعض لوگوں نے اس آیۃ کی بنا پر کہا ہے کہ مرتد کی توبہ قبول نہیں (روح المعانی) مگر یہ قول درست نہیں کیونکہ آگے ہے لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ اس عبارت کا تعلق بھی فَقَاتِلُوا الخ سے ہے یعنی تم اس نیت سے جہاد کرو کہ وہ کفار آئندہ اسلام پر طعنے کرنے مسلمانوں کو ستانے سے باز رہیں۔ تمہاری نیت اس کے سوا اور کچھ نہ ہونی چاہیئے محض ایذا رسانی کے لیئے جہاد نہ ہو کہ یہ کام مجاہدین کا نہیں بلکہ موذیوں کا ہے (روح المعانی) اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ۔ اس فرمان عالی میں مجاہد مسلمانوں کو کفار کی گذشتہ ایذا رسانیاں یاد دلا کر انہیں جہاد کی رغبت دی جا رہی ہے لفظ الا رغبت دینے کے لیئے ہے اس میں یہاں بھی گفتگو ہے کہ اس سے کون سے کفار مراد ہیں ایک قول یہ ہے کہ اس سے کفارِ مکہ مراد ہیں اور قسم توڑنے سے مراد حدیبیہ والا عہد توڑنا۔ بنی بکر کی حمایت کرنا اور رسول کے نکالنے سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ معظمہ میں اس قدر تنگ کرنا کہ آپ ہجرت پر مجبور ہو گئے مگر یہ تفسیر اسلیئے قوی نہیں کہ اس آیۃ کے نزول کے وقت وہ سب مسلمان ہو چکے تھے۔ کیونکہ یہ آیات فتح مکہ کے ایک سال بعد آئیں کفار مکہ سنہ ۸ھ میں مومن ہو چکے پھر ان سے جنگ کرنے کے کیا معنی اسلیئے بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس سے مراد یہود مدینہ ہیں جنہوں نے غزوہ احزاب کے موقعہ پر مسلمان سے عہد شکنی کی اور کفار عرب سے مل کر حضور انور کی مدینہ سے نکال دینے کی کوشش کی مگر یہ بھی ضعیف ہے کیونکہ اس کے نزول کے وقت یہود مدینہ بنی قریظہ تو قتل کیئے جا چکے تھے اور بنی نضیر مدینہ منورہ سے جلاوطن کر کے خیبر میں آباد کیئے جا چکے تھے۔ ان سے جہاد کرنے کے کیا معنی۔ لہٰذا قوی یہ ہی ہے کہ اس سے دوسرے عرب قبائل مراد ہیں جنہوں نے غزوہ احزاب وغیرہ موقوں پر مدینہ منورہ پر حملہ کیا حالانکہ وہ حضور انور سے معاہدے کر چکے تھے ان کی خواہش تھی کہ حضور انور کو مدینہ منورہ میں بھی نہ رہنے دیں اسکی تحقیق تفسیر کبیر اور روح المعانی میں دیکھو۔ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ۔ اس فرمان عالی میں کفار کا تیسرا عیب بیان ہوا اگر یہاں کفار مکہ مراد ہیں تو اس ابتداء سے جنگ بدر مراد ہے یعنی انہوں نے ہی تم پر حملہ کی ابتداء کی کہ ان کا قافلہ بخیریت مکہ معظمہ پہنچ گیا تھا۔ مگر وہ جنگ سے نہ رکے اور اگر اس سے یہود مراد ہیں تو ان کا کفار عرب کی امداد کرنا مراد ہے غزوہ احزاب کے موقعہ پر اور۔۔

marfat.com

اگر دوسرے قبیلے مراد ہیں تب بھی غزوہ احزاب میں مدینہ منورہ پر حملہ مراد ہے یہ ہی قوی ہے جیسا کہ ابھی عرض کیا گیا اَتَخْشَوْنَهُمْ یہ نیا کلام ہے اس کا مقصود بھی مسلمانوں کو جہاد پر رغبت دینا ہے ہم کا مرجع مذکورین کفار ہیں یعنی اے مسلمانوں کیا تم ان کفار سے ڈرتے ہو کہ اگر تم نے ان پر حملہ کیا تو تم کو اُن کی طرف سے کوئی آفت و مصیبت پہنچے گی خوف خشیت۔ تقویٰ ان سب کا فرق ہم پہلے پارہ میں کر چکے فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ یہ عبارت ایک پوشیدہ جملہ کی علت ہے لہٰذا اس کی ف تعلیلیہ ہے یعنی اُن سے نہ ڈرو اللہ سے ڈرو کیونکہ وہ ڈرنے کے لائق ہے لہٰذا اس کے حکم پر جہاد کرو ان کفار کی پرواہ نہ کرو اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اس شرط کی جزا پوشیدہ ہے یعنی اگر تم کامل مومن ہو تو کفار سے نہ ڈرو اللہ سے ڈرو اور ان کفار پر جہاد کرو۔ خیال رہے کہ یہاں ان فرمانا شک کے لیے نہیں اللہ تعالیٰ شک سے پاک ہے نہ صحابہ کرام کا ایمان مشکوک ہے بلکہ اس قسم کی اگر مگر ترغیب کے لیے ہوتی ہے جیسے باپ اپنے بیٹے سے کہے کہ اگر تو میرا بیٹا ہے تو میری اطاعت کر یعنی واقعی تو میرا بیٹا ہے۔ لہٰذا فوراً اطاعت کر

**خلاصہ تفسیر:۔** وہ بدعہد مشرکین جو توبہ کر کے مسلمان بن جائیں تم نے اُن کے کا حکم تو معلوم کر لیا اور اگر وہ مسلمان نہ بنیں اپنے گذشتہ عہد قسمیں توڑیں یا توڑتے رہیں۔ اور تمہارے دین یعنی اسلام پر طعنے کسیں خواہ مسائل پر خواہ عقائد پر خواہ شعائر اللہ پر تو ایسے سردارانِ کفر سے سختی سے جنگ کرو اور اب اُن کی قسموں وعدوں کا اعتبار نہ کرو کہ اُن کی قسمیں کچھ نہیں جیسا کہ تم کو تجربہ ہو چکا تمہارے جہاد محض بدلہ لینے انہیں ایذاء دینے کے لیے نہ ہوں بلکہ کفر کا زور توڑنے کے لیے ہوں تاکہ کفار اپنی مذکورہ حرکتوں سے باز آجائیں اے مسلمانوں تم ایسی قوم سے جنگ کیوں نہیں کرتے جنہوں نے تین زیادتیاں کیں ایک یہ کہ تم سے کیے ہوئے عہد و پیمان ان پر قسمیں توڑیں دوسرے یہ کہ تمہارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ منورہ سے نکالنے کی کوشش کی غزوہ بدر یا احزاب کے موقعہ پر تیسرے یہ کہ بدر یا احزاب میں جنگ کی پہل انہوں نے ہی کی۔ ان میں سے ہر جرم اس قابل ہے کہ اُن سے جنگ کی جاوے انہوں نے تو تین جرم کیے اے مسلمانوں کیا تم اُن سے لڑنے میں ڈرتے ہو کہ تم کو یہ مصیبت میں ڈال دیں گے اگر تم پختہ مومن ہو تو اللہ سے ہی ڈرو وہی ڈرنے کے لائق ہے اس کا خوف تمام خوفوں سے نجات کا ذریعہ ہے شعر ؎

وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

**فائدے:۔** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: جو شخص بار بار وعدے اور قسمیں توڑ چکا ہو اس کی قسم کا وعدہ کا آئندہ اعتبار نہ کیا جاوے مومن ایک سوراخ سے دوبارہ نہیں کاٹا جاتا یہ فائدہ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ سے حاصل ہوا یوں ہی جو بار بار مسلمان اور کافر ہوتا رہے اُس کے اسلام کا اعتبار نہیں دوسرا فائدہ جو ذمی کافر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرے یا اسلام پر آوازے کسے اس کا عہد ٹوٹ جاوے گا اور اُسے قتل کیا جاوے گا یہ فائدہ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ سے حاصل ہوا جب ہم مسلمان دوسرے دینوں پر اس قسم کے حملے نہیں کرتے تو دوسرے

marfat.com

لوگ ہمارے دین پر حملہ کیوں کریں **مسئلہ ۵**۔ ہر قسم کے کفار کی توبہ قبول ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے کی توبہ قبول نہیں اگرچہ اس توبہ کرنے سے اُسے مسلمان مان لیا جائیگا مگر قصاص کے طور پر اُسے قتل ضرور کیا جائے گا جیسے قاتل کافر مسلمان ہو تو اُسے قصاص میں ضرور قتل کیا جائے گا مذہب امام مالک یہی ہے اسی پر فتویٰ فقہا حنفیہ دیتے ہیں (کتب فقہ وروح البیان) **مسئلہ ۶**۔ جو شخص حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی چیز کی اہانت کرے وہ کافر ہے حتیٰ کہ نعلین شریف حضور کے بال مبارک کی توہین کفر ہے **حکایت ۱**۔ ہارون رشید بادشاہ کے دسترخوان پر کدو کی ترکاری تھی کسی نے کہا کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کدو پسند فرماتے تھے ایک دریائی بولا کہ لیکن مجھے پسند نہیں امام ابو یوسف نے ہارون رشید سے کہا کہ یہ کافر ہو چکا اگر توبہ کرے تو خیر ورنہ اس کی گردن ماردی جاوے آخر کار اس نے توبہ کی تب اُس کی جان بچی (رُوح البیان) یہ حکم سب ہے جبکہ اہانت کی نیت سے کہے **تیسرا فائدہ ۷**۔ جہاد میں یہ کوشش کی جائے کہ سردارانِ کفر پہلے قتل ہوں اس سے فوج کی ہمت ٹوٹے گی۔ اور بغیر خون ریزی فتح نصیب ہوگی انشاء اللہ یہ فائدہ فَقَاتِلُوْا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ سے حاصل ہوا غزوہ بدر میں پہلے ہلّے میں ابوجہل قتل ہوگیا تو رب نے فرمایا مسلمانوں کو بہت شاندار فتح دی یہ ہی حکم باغی۔ خوارج اور فسادیوں کا ہے کہ سرغنوں کو پہلے ہی ختم کرو تاکہ فتنہ ختم ہو جاوے آج کل فساد کی جڑوں کی خوشامد کی جاتی ہے اور اُن کے بہکائے ہوؤں پر گولیاں برسائی جاتی ہیں انجام دیکھ رہے ہو **چوتھا فائدہ ۸**۔ کافر کی قسم پر شرعی احکام جاری نہیں یعنی کافر اگر زمانہ کفر میں قسم کھائے اور اسلام قبول کرنے کے بعد توڑ دے تو اُس پر کفارہ واجب نہیں یہ فائدہ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ سے اشارۃً حاصل ہوا شوافع کے ہاں کفارہ اس پر واجب ہے (کبیر۔ معانی) **پانچواں فائدہ ۹**۔ جہاد کا مقصد کفار کو ہلاک کرنا نہیں نہ مال غنیمت حاصل کرنا نہ محض ملک گیری بلکہ اس کا مقصد صرف کفر کا زور توڑنا ہے جس سے وہ اسلام کی ترقی میں رکاوٹ نہ بنیں مسلمانوں کو نہ ستائیں یہ فائدہ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ سے حاصل ہوا۔ دین کی خدمت کی نیت سے جہاد کرو ملک اور غنیمت انشاء اللہ خود ہی حاصل ہونگے۔ بلکہ جہاد میں کسی کو جبراً مسلمان بنانا بھی درست نہیں رب فرماتا ہے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ **چھٹا فائدہ** اپنے شہر سے اللہ کے مقبول بندوں کو نکالنے کی کوشش کرنا بڑی بدنصیبی ہے مقبولوں کے دم قدم سے اللہ کی رحمتیں آتی ہیں نبی کو نکالنے کی کوشش کرنا تو کفر ہے یہ فائدہ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ سے حاصل ہوا کوشش کرو کہ تمہارے محلہ بستی میں کوئی اللہ کا بندہ رہے جس کی برکت سے محلے بستی کی آفتیں دور ہوتی رہیں رب فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا **ساتواں فائدہ** جس کافر قوم سے ہمارا معاہدہ ہو چکا ہے اس سے جنگ میں ہم پہل ہرگز نہ کریں اگر وہ پہل کریں تو پھر ہم انہیں ہرگز نہ چھوڑیں یہ فائدہ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ سے حاصل ہوا حربی کفار پر ہم بخوشی جنگ میں پہل کر سکتے ہیں یہ بات قادیانیوں کے خلاف ہے۔

**آٹھواں فائدہ** مومن کے دل میں اللہ کا خوف چاہیئے غیر اللہ کا خوف نہ چاہیئے یہ فائدہ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ سے حاصل ہوا یعنی خوف اطاعت یا خوف نفرت یا خوف ظلم یا خوف ایذا وہ کفار کا ہو یا ظالم موذی کا ہو سکتا ہے موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے متعلق رب سے عرض کیا

marfat.com

کیا تھا اننا نخاف اَنْ یَّقْفُوْطَ عَلَیْنَا خوف اور اس کی اقسام واحکام پہلے پارہ میں بیان ہو چکے۔
**پہلا اعتراض ؛۔** یہاں قسم توڑنے والوں عہد و پیمان کے خلاف کرنے والوں سے کون کفار مراد ہیں۔ کفار مکہ تو ان آیات کے نزول سے ایک سال پہلے یعنی فتح مکہ میں ایمان لا چکے تھے یہود مدینہ غزوہ احزاب کے بعد قتل یا جلاوطن کئے جا چکے تھے۔ **جواب ؛۔** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر میں گذر چکا ہے کہ قوی یہ ہی ہے کہ حضور انور نے عرب کے بہت سے قبیلوں سے معاہدہ کیے ہوئے تھے ان میں سے اکثر اپنے عہد توڑ بیٹھے وہ ہی اس جگہ مراد ہیں۔ **دوسرا اعتراض ؛۔** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ معظمہ سے نکالنے والے تو کفار مکہ ہی تھے وہ ہی یہاں مراد ہونے چاہئیں وَھَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ اور وہ سب تو ان آیات کے نزول سے ایک سال پہلے ایمان لا چکے تھے۔ یہ مجمع کیونکر حل ہو؛۔ **جواب ؛۔** یہاں نکالنے کا ذکر نہیں بلکہ نکالنے کا ارادہ کرنے کا ذکر ہے کفار مکہ کے متعلق دوسری جگہ یوں ارشاد ہے اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ وہاں کفار مکہ مراد ہیں یہاں عرب کے دوسرے قبیلے مراد ہیں جنہوں نے بارہا حضور انور کو پریشان کر کے مدینہ منورہ سے نکالنے کی کوشش کی تھی کفار مکہ نے۔ تو نکالنا چاہا ہی نہ تھا۔ انہوں نے قتل کی کوشش کی تھی جو حضور انور کے مکہ معظمہ چھوڑنے کا سبب بنی لہذا آیتہ بالکل واضح ہے **تیسرا اعتراض ؛۔** اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ اگر کفار جنگ کی ابتداء کریں۔ تو مسلمان دفاع کر سکتے ہیں وہ خود جارحانہ حملہ نہیں کر سکتے لہذا کبھی مسلمان کو جنگ کی ابتدا نہیں کرنی چاہیئے ارشاد ہوا وَھُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ (قادیانی) **جواب ؛۔** یہاں مجاہدین کفار سے جنگ کرنے کا ذکر ہے اوپر سے اس کا ذکر چلا آرہا ہے مِنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ اور اِنَّهُمْ لَاۤ اَیْمَانَ لَهُمْ وغیرہ واقعی ان سے ہم جنگ کرنے کی ابتدا نہ کرتے کہ یہ بدعہدی ہے رہے حربی کفار جن سے ہمارا کوئی معاہدہ نہیں اُن پر ہر طرح حملہ جائز بلکہ بعض وقت ضروری ہے رب فرماتا ہے قَاتِلُوا الْمُشْرِكِیْنَ كَآفَّةً۔ **چوتھا اعتراض ؛۔** تم نے کہا کہ کافر کی قسم شرعاً قسم ہی نہیں نہ اس پر شرعی احکام جاری ہوں لَاۤ اَیْمَانَ لَهُمْ مگر اسی قرآن مجید نے فرمایا نَكَثُوْۤا اَیْمَانَهُمْ بَعْدَ عَهْدِهِمْ انہوں نے اپنی قسمیں توڑ دیں اس پر ملامت بھی فرمائی معلوم ہوا کہ کفار کی قسمیں معتبر ہیں (تفسیر کبیر) نوٹ) امام رازی شافعی ہیں انہوں نے امام اعظم پر یہ اعتراض بہت قوی سمجھ کر کیا ہے۔ شوافع کے ہاں کفار کی قسم معتبر ہے **جواب ؛۔** اس کے دو جواب ہیں۔ ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ اگر کفار زمانہ کفر ہی میں قسم کھائے اور اور اس زمانہ میں توڑ دے تو تمہارے ہاں بھی اس پر کفارہ نہیں اگرچہ بعد میں مسلمان ہو جائے بتاؤ اس پر وَاِنْ نَّكَثُوْۤا اَیْمَانَهُمْ کا حکم تم نے جاری نہ کیا جواب تحقیقی یہ ہے کہ وہاں اَیْمَان قسم سے مراد نہیں اُن کے عقیدے میں قسم نہیں جس کو وہ عہد قسم سمجھتے ہیں وہ انہیں بھی توڑ دیتے ہیں شرعی قسم مراد نہیں **پانچواں اعتراض ؛۔** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ کفار تین حرکتیں کریں تب اُن سے جنگ کی جاوے عہد توڑنا نبی کو نکالنے کا ارادہ کرنا خود جنگ کی ابتداء کرنا۔

marfat.com

دیکھو لاتقاتلون قوما نکثوا ایمانھم تو چاہئے کہ اب کسی کافر سے جنگ نہ کی جاوے یہ تین حرکتیں کسی میں جمع نہیں (یعنی منکرینِ جہاد) **جواب**:۔ آیۃ کریمہ کا مقصد یہ ہے مسلمانوں کو جہاد کی رغبت دینا کہ ان کفار میں تین وجہیں جہاد کی پائی جاتی ہیں جن میں سے ہر ایک جہاد کی وجہ ہے تو تم ایسے بے دینوں پر جہاد کیوں نہیں کرتے جیسے مہربان باپ کہے کہ میں تیرا باپ ہوں میں نے تجھے پالا تجھے تعلیم دلائی تجھے کاروبار سکھایا تو میری خدمت کیوں نہیں کرتا تو اسکا مطلب یہ نہیں کہ اگر کوئی باپ یہ کام نہ کرے تو اُس کی خدمت ہی نہ کی جاوے

قرآن کی سچی فہم چاہیئے **تفسیر صوفیانہ**:۔ ظاہری کفار سے کبھی کسی کو جہاد نصیب ہوتا ہے مگر باطنی کافروں یعنی نفس امارہ شیاطین بُرے یار برے خیالات سے ہر شخص کو ہر دم جہاد کرنا پڑتا ہے۔ اے انسان تیرا نفس ہی وہ کافر ہے جو تجھ سے بار بار عہد کر کے پھر جاتا ہے تیرے دین یعنی دینی اعمال میں طعنے کرتا ہے کہ نمازیں کیوں پڑتا ہے۔ وقت ضائع کرتا ہے۔ زکوٰۃ و حج میں پیسہ کیوں برباد کرتا ہے کسی اور جگہ یہ پیسہ لگا۔ ائمہ کفر یہ ہی چیزیں ہیں یہ تیرے دل سے رسول کی عظمت کم کر کے اُن کی محبت کو نکالنا چاہتا ہے لہٰذا اے مومن کے دل اس پر جہاد کر حتّٰی کہ اس نفس امارہ کی طاقت بالکل ختم ہو جائے اور تجھے بہکانا چھوڑ دے۔ شریعت کی تلوار طریقت کے تیروں سے اس پر ایسا جہاد کر کہ یہ فنا ہو کر نفس مطمئنہ بن جاوے شیطانوں کی کثرت بُرے لوگوں کی قوت نفسانی خیالات سے خوف نہ کر۔ اللہ سے ڈر وہ تیرے لئے کافی ہے مولانا فرماتے ہیں شعر ؎

نفسِ ما ہم کمتر از فرعون نیست  یک اورا عون ما را عون نیست

---

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ

جنگ کرو اُن سے عذاب دیگا انہیں اللہ تمہارے ہاتھوں سے اور بے مددگار چھوڑ دیگا انہیں

تو اُن سے لڑو اللہ انہیں عذاب دے گا تمہارے ہاتھوں اور رُسوا کرے گا

وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ

اور مدد کریگا تمہاری اوپر اُن کے اور شفا دے گا مسلمان قوم کے سینوں کو

اور تمہیں اُن پر مدد دے گا اور ایمان کا جی ٹھنڈا کرے گا

وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ

اور لے جائے گا غصہ دلوں کا اُنکے اور توبہ ڈالتا ہے اللہ اس پر جسے

اور اُن کے دلوں کی گھٹن دُور فرمائے گا اور اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرے

marfat.com

يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۵﴾

چاہے اور اللہ علم والا حکمت والا ہے

چاہے توبہ قبول کرے اور اللہ علم وحکمت والا ہے

**تعلق ۱:۔** ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح سے تعلق ہے **پہلا تعلق ۱:۔** گذشتہ آیات میں کفار عرب سے جہاد کرنے کی سات وجہیں بیان فرمائی گئیں تھیں جن میں سے ہر وجہ جہاد کا سبب تھی۔ بدعہدی قسمیں توڑنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ منورہ سے نکالنے کی کوشش کرنا ۴ مسلمانوں سے جنگ کی ابتداء کرنا ۵ دین اسلام پر طعنے کرنا۔ لوگوں کو ایمان سے روکنا۔ آیاتِ الٰہیہ کو تھوڑی قیمت پر فروخت کرنا یہ سات چیزیں وہ تھیں جو پائی جا چکی تھیں جن کی وجہ سے جہاد کا حکم مسلمانوں کو دیا گیا اب اُن پر جہاد کرنے کے پانچ فائدے اور نتیجے بتائے جا رہے ہیں جو جہاد کے بعد حاصل ہوں گے۔ کفار کو مسلمانوں کے ہاتھوں عذاب دینا انہیں رسوا کرنا مسلمانوں کا مظفر ومنصور ہونا۔ مومنوں کا دل ٹھنڈا ہونا۔ مسلمانوں کے دل کی گھٹن دور ہونا غرضیکہ اسباب جہاد کے بعد فوائدِ جہاد کا ذکر ہے **دوسرا تعلق ۲:۔** پہلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ مسلمانوں کو صرف اللہ سے خوف چاہیئے اب اُس خوف کے نتیجہ کا ذکر ہے اگر خوفِ خدا نصیب ہو جاوے تو اللہ کی مدد اُسکی نصرت انہیں پہنچے گی اور دنیا اُن سے ڈرے گی **تیسرا تعلق ۳:۔** پہلی آیات میں مسلمانوں کو بدعہد کفار سے جہاد کا حکم دیا گیا اب اس کا وہ فائدہ بیان ہو رہا ہے جو مجاہدین کے علاوہ دوسرے ضعیف وکمزور مسلمانوں کو حاصل ہوگا یعنی اُن کے دل ٹھنڈے ہونا کہ رب نے کفار کو ہم پر ظلم کرنے کا خوب مزہ چکھایا۔"

**نزول ۱:۔** ہجرت سے پہلے یمن اور سباء کے کچھ لوگ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں مکہ معظمہ حاضر ہو کر اسلام سے مشرف ہوئے جب یہ لوگ اپنے وطن واپس پہنچے تو اپنے وطن اپنی قوم والوں سے ایسی ایذائیں اور تکالیف دیکھیں کہ خدا کی پناہ اُن لوگوں نے حضور کی خدمت میں پیام بھیجا کہ حضور کفار کی ایذائیں ہماری برداشت سے باہر ہو چکیں۔ حضور انور نے فرمایا خوش ہو جاؤ کہ کشاکش انشاء اللہ قریب ہے بعد ہجرت حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت کریمہ نازل فرما کر اُن یمنی مومنین کے اس واقعہ کو یاد دلایا گیا تاکہ مسلمانوں میں جوشِ جہاد اور زیادہ ہو (تفسیر روح البیان بیضاوی)

**تفسیر ۱:۔** قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ۔ یہ نیا فرمانِ عالی ہے جس میں خطاب حضرات صحابہ سے ہے ہم سے مراد وہی مشرکین عرب ہیں جنہوں نے بدعہدیاں کیں۔ یہاں عذاب سے مراد ہے کفر پر موت دینا جو خود بھی عذاب ہے اور آخرت کے تمام عذابوں کا سبب یعنی اے صحابہ کرام اِن بدعہد مشرکین پر جہاد کرو۔

marfat.com

اس جہاد کے پانچ نتیجوں میں سے ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ وہ تمہارے ہاتھوں وہ کفر پر مارے جائیں یہ قتل بھی ان پر میرا عذاب ہے وَيُخْزِهِمْ یہ معطوف ہے يُعَذِّبْهُمْ اور دوسرے نتیجہ کے بیان خزی یعنی رسوائی سے مراد ہے کفار کا مسلمانوں کے ہاتھوں قید ہونا (تفسیر معانی) وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ یہ معطوف ہے يُخْزِهِمْ پر اور جہاد کا تیسرا فائدہ یعنی اللہ تعالیٰ اے مسلمانوں تم کو ان پر مدد دیگا۔ کہ تم باوجود کم ہونے بے ہتھیار ہونے کے ان پر فتح پاؤ گے اس سے ہماری قدرت تمہارے نبی کے معجزات کا ظہور ہوگا وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ عبارت معطوف ہے يَنْصُرْكُمْ پر اور جہاد کا چوتھا فائدہ شفاء سے مراد کلیجہ ٹھنڈا کرنا۔ دل خوش کرنا۔ قوم مومنین سے مراد وہ ہی یمن اور سبا کے مسلمان ہیں جو صرف مسلمان ہونے کی وجہ سے کفار کے ہاتھوں سالہا سال تک بہت مصیبتوں میں گرفتار رہے اب جب وہ ان کو قتل ہوتے قید ہوتے دیکھیں گے تو ان کو ٹھنڈک ہوگی کہ رب تعالیٰ نے ان موذیوں سے ہمارا بدلہ لے لیا اس ٹھنڈک کا ثواب تم کو ملے گا کہ مسلمان کو خوش کرنا بھی ثواب ہے وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ یہ عبارت معطوف ہے يَشْفِ صُدُوْرَهُمْ پر اور جہاد کا پانچواں فائدہ بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ ان مسلمانوں کے دلوں کی شفاء کا بیان ہے یعنی شفاء سے مراد ہے ان کا غصہ دور کر دینا مگر قوی یہ ہے کہ یہ علیحدہ چیز ہے دل کی شفا سے مراد تھی ظالم کفار کی سزا اپنی آنکھوں سے دیکھنا اپنا بدلہ دیکھ کر خوش ہونا اور غصہ دور کرنے سے مراد ہے انتظار کی تکلیف دل کی گھٹن دور کرنا یعنی سالہا سال سے وہ منتظر تھے کہ کب قہر الٰہی کو جوش آوے گا اور کب ہم ان کو ذلیل ہوتے ہوئے دیکھیں گے۔ لہٰذا وہ اور چیز تھی یہ کچھ اور چیز ہے اللہ تعالیٰ نے یہ پانچوں وعدے پورے فرمادئے اور یہ غیبی خبریں دنیا نے اپنی آنکھوں دیکھ لیں۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کھلے معجزات وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ اس میں بھی ایک غیبی خبر ہے کہ تمہارے مقابل آنے والے کفار اور تمہارے ہاتھوں قید ہونے والے قیدی سارے ہی کافر نہ رہیں گے بلکہ بعض مومن ہو جائیں گے۔ یہ خبر بھی بحمد اللہ واقع ہوئی۔ مقصد یہ ہے کہ تمہارا جہاد بعض کفار کے توبہ کا سبب بنے گا۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ یعنی اللہ تعالیٰ علم والا ہے اور حکمت والا بھی ہے وہ جانتا ہے کہ کون کس ذریعہ سے اور کب ایمان لاوے گا اور کس وقت کونسا کام ہوگا اور کس کام میں دیر ہونا اس میں رب کی لاکھوں حکمتیں ہیں لہٰذا بندے کو اس پر اعتراض نہیں کرنا چاہیئے۔ انتظار کرنا چاہیئے رحمت کا انتظار بھی عبادت ہے۔"

**خلاصہ تفسیر:** اے محبوب کے صحابہ تم وہ سات باتیں تو سن چکے جو کفار پر جہاد کا سبب ہیں اب جہاد کے پانچ فائدے سنو اور ان پر بے تامل جہاد کرو مرضی الٰہی یہی ہے کہ ان بدنصیبوں کو تمہارے ہاتھوں عذاب دے کہ جہاد میں وہ کفر پر مارے جائیں اور برزخ و محشر کے عذاب میں گرفتار ہوں اور چاہتا ہے تمہارے لمنے انہیں رسوا کرے ان کی دنیاوی عزت خاک میں ملادے کہ وہ مسلمانوں کو ستانے والے تمہارے سامنے

marfat.com

قیدی ہو کر پیش ہوں اور تم اُن کے فیصلے کرو وہ تمہارے فیصلے پر سرِ تسلیم خم کریں اور چاہتا ہے کہ تم کو ان پر غیبی امداد کے ذریعہ فتح دے دینا تمہاری فتح دیکھ کر دنگ رہ جائے اور چاہتا ہے کہ جن مسلمانوں کے ہاتھوں سالہا سال تک تکالیف پہنچی سخت اذیتیں اور مصیبتیں پہنچی اب ان مردودوں کے یہ حالات دیکھ کر اُن کے کلیجے ٹھنڈے ہوں کہ رب نے ہمارا بدلہ خوب لیا اور چاہتا یہ ہے کہ ان بے کس و بے بس مسلمانوں نے جو اب تک انتظار کی گھڑیاں گذاریں اُن کے دل گھٹے رہے اب اُن کے دلوں کی گھٹن دور ہو۔ یہ سارے فائدے تمہارے جہاد کرنے پر مرتب ہونگے پھر یہ خیال رکھو کہ تمہارے جہاد کی بدولت بہت سے کافر توبہ کر کے مسلمان ہو جائیں گے یعنی یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ علم والا بھی ہے حکمت والا بھی وہ جانتا ہے کہ کون کب کہاں اور کس طرح مسلمانوں ہوگا اور اس کے ہر کام میں صدہا حکمتیں ہیں اب تک مسلمان اُن کے ہاتھوں مصیبتوں میں رہے اس میں بھی رب کی حکمت تھی اور اب حالات کے پلٹہ کھانے اُن گرے ہوؤں کو اٹھانے میں بھی حکمت ہے۔

**فائدے:۔** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:** کفر پر مرنا یا مارا جانا اللہ کا عذاب ہے خود بھی عذاب اور صدہا عذابوں کا ذریعہ یہ فائدہ یُعَذِّبْہُمُ بِاَیْدِیْکُمْ سے حاصل ہوا: اس کے برعکس ایمان پر مرنا یا شہید ہونا اللہ کی رحمت ہے خود بھی رحمت اور ہزارہا رحمتوں کا ذریعہ۔

**دوسرا فائدہ:۔** اللہ والوں کے ہاتھ اُن کے آستانے رب تعالیٰ کے قہر کا بھی ذریعہ ہیں اور اس کی رحمتوں کا ذریعہ بھی۔ یہ فائدہ بِاَیْدِیْکُمْ فرمانے سے حاصل ہوا جب کفار کو غازی مومنین صحابہ کے ہاتھوں اللہ کا عذاب ملتا ہے تو مومنوں کو اُن کے ذریعہ اللہ کی رحمتیں ملتی ہیں ہاتھ ایک ہیں مگر فقیروں کی جھولیاں جداگانہ۔ بجلی کا پاور ہیٹر میں گرفریج میں ٹھنڈا **تیسرا فائدہ:۔** کفار کے لیے مومن کی قید میں آنا رسوائی ہے کہ اُس کے تمام کام نفس کے لیے ہوتے ہیں وہ مسلمان سے جنگ کرتے ہیں اپنی سربلندی کے لیے اُن کا قید ہونا سرنگونی ہے یہ فائدہ یُخْزِہِمْ سے حاصل ہوا اس کے برعکس مومن مرے تو شہید۔ اگر کفار کے ہاتھوں قید ہو تو صابر ہوا گر مارے تو غازی کیونکہ اُس کے سارے کام اللہ کے لیئے ہیں رب راضی ہو گیا تو اُس کا مقصد حاصل ہو گیا۔

مرے شہید ہو مارے انہیں تو غازی ہو ❊ یہ کام وہ ہے کہ ہر طرح سرفرازی ہو

**چوتھا فائدہ:۔** موذی کافر کی موت پر خوشی منانا سنتِ صحابہ بلکہ سنت انبیاء کرام ہے یہ فائدہ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ سے حاصل ہوا۔ عاشورہ کا دن بنی اسرائیل کے لیے عید کا دن تھا ہمارے ہاں بھی اُس دن خوشی میں روزہ رکھنا سنت ہے کیونکہ اُس دن فرعون غرق ہوا **پانچواں فائدہ:۔** اگر کافر قیدیوں کو قید میں اگرچہ توبہ اور ایمان نصیب ہو جاوے تو اس کے لیئے یہ قید و بند اللہ کی رحمت ہے کہ جنت کا ذریعہ ہے یہ بظاہر گرفتاری ہے مگر حقیقتاً دوزخ سے رہائی یہ فائدہ وَیَتُوْبُ اللّٰہُ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ سے حاصل ہوا ہے۔

marfat.com

**چھٹا فائدہ:۔** اللہ تعالیٰ کے کسی فعل پر اعتراض نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ وہ علیم وحکیم ہے اُس کے ہر کام میں حکمت ہے یہ فائدہ علیم حکیم سے حاصل ہوا مصیبت میں صبر کرے کہ اس کا پھل شیریں ہے۔ شعر ؎

منشین ترش نو از گردشِ ایام کہ صبر — گرچہ تلخ است ولیکن بر شیریں دارد
آنکس کہ تو انگرت نمی گرداند — او مصلحت تو از تو بہتر داند

**پہلا اعتراض:۔** اس آیۃ کریمہ سے معلوم ہوا کہ کفار کا غزوات میں مارا جانا اللہ کا عذاب ہے مگر قرآن کریم میں دوسری جگہ ارشاد ہے وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ آپ کے ہوتے اللہ انہیں عذاب نہ دے گا دونوں آیتوں میں تعارض ہے **جواب:۔** اس کا جواب تفسیر کبیر وخازن نے یہ دیا ہے کہ تمہاری پیش کردہ آیات میں عذاب استیصال کی نفی ہے جس میں ساری قوم بالکل تباہ کردی جاوے۔ جہاد میں بعض کفار کا مارا جانا قومی عذاب نہیں بلکہ شخصی عذاب ہے کہ جس سے بعض کافر مارے جاتے ہیں اور بقیہ لوگ باقی رہتے ہیں مگر فقیر کے نزدیک قوی یہ ہے کہ تمہاری پیش کردہ آیات میں غیبی عذاب کی نفی ہے جیسے آسمان سے آگ برسنا صورتیں مسخ ہونا کہ حضور انور کی تشریف آوری سے وہ بند ہوگئے ظاہری عذاب قتل وغارت وغیرہ باقی **دوسرا اعتراض:۔** اس آیۃ کریمہ میں وعدہ فرمایا گیا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو کفار پر فتح ونصرت دے گا وہ نصر کم علیہم مگر بہت دفعہ مسلمان کفار کے مقابل شکست کھاتے ہیں تو یہ فرمان کیونکر درست ہوا۔"

**جواب:۔** یہاں یہ وعدہ صحابہ کرام سے کیا گیا عرب کے مشرکین کے مقابل شکست، فتح کا جو پورا ہو چکا جیسا کہ علیہم سے معلوم ہو رہا ہے ہمارے متعلق وعدہ مشروط ہے وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ہم جب بھی مار کھاتے ہیں تو ایمانی کمزوری اور آپس کی غداری سے۔ شعر ؎

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم — کہ با من آنچہ کرد است آشنا کرد

اللہ کا وعدہ سچا ہے ہم جھوٹے ہیں۔" شعر

اللہ کی راہ اب تک ہے کھلی اور نام ونشان سب قائم ہیں۔ اللہ کے بندوں نے لیکن اس راہ پہ چلنا چھوڑ دیا۔ **تیسرا فائدہ:۔** اس آیۃ سے معلوم ہوا کہ مسلمان کفار کے مرنے پر خوش ہوتے ہیں کہ فرمایا وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ حالانکہ دشمن کے مرنے پر خوش نہیں ہونا چاہیئے۔ آخر مرنا ہم نے بھی ہے۔ ؎

اگر بمرد عدو جائے شادمانی نیست — کہ زندگانی ما نیز جاودانی نیست۔

**جواب:۔** اپنے ذاتی دشمن کی موت پر واقعی خوش نہیں ہونا چاہیئے۔ مگر دینی دشمن کے مرنے پر خوشی منانا سنت ہے عبادت ہے سنتِ انبیاء رہے حضور انور نے ابوجہل کی موت پر سجدۂ شکر کیا موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے ڈوبنے پر روزہ شکر رکھا جو آج تک چلا آرہا ہے۔"

marfat.com

**تفسیر صوفیانہ:۔** رب تعالیٰ بڑی قدرت والا ہے یہ اس کی قدرت ہے کہ کافر مظہر قہر الٰہی ہے مگر اس کے ذریعہ جو مومن کو موت نصیب ہو وہ عین رحمت ہے یعنی شہادت اور مظہر رحمت الٰہی ہے مگر اُس کے ذریعہ سے کافر کی موت ہے وہ رب تعالیٰ کا عذاب ہے گویا عذاب ذریعہ رحمت اور رحمت ذریعہ عذاب ہے مومن کا سینہ محبوبوں کی محبت اور دشمنانِ دین کی نفرت سے بھرا ہونا چاہیئے یہ محبت و نفرت ایمان کے دو رکن ہیں ظاہر روح کے دو پر جن سے پرواز کر کے وہ قربِ الٰہی میں پہنچتا ہے یہ آیات کریمہ بہت گہری ہیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم وہ رحمت کا بادل ہیں جن کے سبب بعض لہلہا جاتے ہیں اور بعض کمھلا جاتے ہیں۔

---

أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ

کیا سمجھ لیا تم نے یہ کہ چھوڑ دیئے جاؤ گے تم حالانکہ اب تک نہیں جانا اللہ نے ان لوگوں کو

کیا اس گمان میں ہو کہ یوں ہی چھوڑ دیئے جاؤ گے اور ابھی اللہ نے پہچان نہیں کرائی ان کی جو

جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَا

جنھوں نے جہاد کیا تم میں سے نہیں بنایا انہوں نے مقابل اللہ کے اور

تم میں سے جہاد کریں گے اور اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کے سوا کسی کو

رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٦﴾

اُس کے رسول کے اور نہ مومنین کے راز دار اور اللہ خبردار ہے اس سے جو تم کرتے ہو

اپنا محرم راز نہ بنائیں گے اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے

---

**تعلق:۔** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:۔** پچھلی آیات میں جہاد کے پانچ فائدے بیان ہوئے جن کا تعلق مومنین اور کفار سے تھا اب اس آیات میں جہاد کا چھٹا فائدہ بیان ہو رہا ہے جس کا تعلق مومنین اور منافقین سے ہے کہ جہاد میں مومن خدمتِ دین کے لیئے جاتے ہیں منافقین کفار کی جاسوسی کے لیئے گویا ان دونوں میں چھانٹ کا ذریعہ ہے **دوسرا تعلق:۔** پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا کہ جہاد کے ذریعہ کفار رسوا ہونگے اب ارشاد ہو رہا ہے کہ اس جہاد کے ذریعہ منافقین رسوا ہو کر مخلص مومنین سے چھٹ جائیں گے گویا کھلے کافروں کی رسوائی کے بعد چھپے

marfat.com

یعنی منافقین کی رسوائی کا ذکر ہے۔ **تیسیر التعلق**:۔ پچھلی آیتہ کے آخر میں ارشاد ہوا کہ اللہ تعالیٰ علیم بھی ہے حکیم بھی اس کے ہر کام میں حکمتیں ہوتی ہیں اب جہاد کی خاص حکمت کا ذکر ہے کہ یہ عبادت اگرچہ بعض دلوں پر گراں ہے مگر اس میں بڑی حکمت ہے گویا پچھلی آیتہ میں ایک دعویٰ تھا اس آیتہ میں اُس کا ثبوت ہے۔"

**تفسیر**:۔ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا۔ ظاہر یہ ہے کہ اس میں خطاب اُن ضعفاء مومنین سے ہے جن پر جہاد گراں تھا کہ اس میں تکلیف بہت ہے (روح المعانی) حسبان کے معنی ہیں گمان کرنا۔ خیال باندھنا تُتْرَكُوْا بنا ہے ترک سے بمعنی چھوڑنا یہاں چھوڑنے سے مراد ہے چھوڑے رکھنا۔ جہاد فرضی نہ کرنا۔ یعنی کیا تم اس گمان میں ہو کہ تم یوں ہی آزاد چھوڑے جاؤ کہ تم پر جہاد فرض نہ ہو وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا ظاہر ہے کہ واو حالیہ ہے اور یہ عبارت تُتْرَكُوْا کے فاعل اَنْتُمْ سے حال ہے (روح المعانی) لَمْ کے معنی ہیں نہیں لَمَّا کے معنی ہیں اب تک نہیں یعنی لَمَّا اِستغراق زمانہ کے لیئے آتا ہے۔ علم سے مراد ظہور اور مشاہدہ کا علم ہے جو کسی چیز کے ہو چکنے کے بعد دیکھ کر حاصل ہوتا ہے بعض مفسرین نے فرمایا کہ علم سے مراد ہے ظاہر ہونا پہچان کرانا یعنی دوسرے کو علم دینا (روح المعانی) اعلیحضرت قدس سرہ کا ترجمہ اسی تفسیر پر ہے بعض نے فرمایا کہ علم سے مراد خود معلوم یعنی جہاد ہے (کبیر) کیونکہ سزا و جزا اللہ کے علم سے نہیں بلکہ معلوم یعنی بندوں کے عمل سے ہے الذین سے مراد مومنین ہیں یعنی ابھی اللہ نے مجاہدین کو جہاد کرتے دیکھا نہیں یا لوگوں کو مجاہدین دکھائے بتائے نہیں۔ ظاہر نہیں کیے یا ابھی تک مجاہدین نے جہاد کیا نہیں۔" وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً یہ عبارت معطوف ہے جَاهَدُوْا پر اور اَلَّذِيْنَ کا صلہ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ الخ سے مراد ہیں کفار مشرکین وَلِيْجَةً ہے ولوج سے بمعنی خول اسی سے ہے یَلِجُ۔ رب فرماتا ہے يَلِجُ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ اصطلاح میں غیر جنس کے داخل کرنے کو وِلج کہا جاتا ہے یہ واحد اور جمع سب پر بولا جاتا ہے کبھی اس کی جمع ولائج بھی آجاتی ہے (روح المعانی) یہاں اس سے راز دان مشیر صاحب سر مراد ہے یعنی اب تک اُن مناصین کو نہ دیکھا جو اللہ رسول مومنین کے مقابل میں اُن کے دشمن کفار کو اپنا راز دار صاحب اسرار نہیں بناتے یہ رازداری مخلص اور منافق کی چھانٹ ہے شاید کوئی طالبعلم اللہ سے دھوکا کھاتا یا دھوکہ دیتا کہ اللہ تعالیٰ کو علم غیب نہیں۔ وہ ہر چیز کو اُس کے پیدا ہونے کے بعد جانتا ہے جیسے ہشام ابن حکم (کبیر۔ روح المعانی) یا ہمارے زمانہ میں دیوبندیوں کا سردار مولوی حسین علی واں بھچراں والا (بلغۃ الحیران) اس لیے ارشاد ہوا۔ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ اللہ تعالیٰ تمہارے سارے کاموں پر خبردار ہے جو تم کر چکے یا کر رہے ہو یا کرو گے سب اُس کے علم میں ہے ان اسباب جہاد وغیرہ کے ذریعہ تم کو بتایا دکھایا جاوے گا۔"

**خلاصہ تفسیر**:۔ اے وہ لوگو جن پر حکم جہاد گراں اور جہاد شاق ہے کیا تم یہ سمجھ بیٹھے ہو کہ تم کو یوں ہی آزاد چھوڑ دیا جاوے جہاد فرض نہ کیا جاوے حالانکہ ابھی اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو نہ دیکھا یا نہ ظاہر کیا جو جہاد کریں اور اللہ رسول

marfat.com

اور مومنین کے مقابل اُن کے دشمن کفار کو اپنا رازدان نہ بنائیں بحالت جہاد ان کی جاسوسی نہ کریں مخلص مومن ہوں۔ ایسے لوگ مخلص مومن ہیں اور جو جہاد سے جی چرائیں یا جہاد میں جاکر مجاہدین کی خبریں کفار کو پہنچائیں اُن کی جاسوسی کریں وہ منافقین ہیں اے مسلمانوں یہ خیال نہ کرنا کہ ہم تم سے بے خبر ہیں یہ صرف صرف تمہارے لیئے ہے ہم تمہارے اعمال کو ہمیشہ سے جانتے ہیں کہ تم کیا کر چکے کیا کر رہے ہو اور کیا کب کرو گے۔

**فائدے:۔** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:۔** دنیا دار العمل ہے آخرت دار الجزاء یہاں اعمال ہے جی چرانا آرام طلبی کرنا سخت محرومی ہے یہ فائدہ اَمْ حَسِبْتُمْ سے حاصل ہوا یہاں عمل کی کوشش کرو جزا نہ ڈھونڈو وہاں عمل نہ ہوگا انشاء اللہ جزاء ہوگی **دوسرا فائدہ:۔** مشکل اور دشوار اعمال سے مخلصین و منافقین کی چھانٹ ہوتی ہے مخلص مومن خندہ پیشانی سے انہیں قبول کر لیتا ہے منافق اُن سے جی چراتا ہے یہ فائدہ اَنْ تُتْرَكُوا سے حاصل ہوا۔ کاشت کے زمانہ میں محنت کی پروا نہ کرو یہ محنت کا زمانہ ہی ہوتا ہے جب کھیت کاٹنے کا وقت ہو اور زندگی کی کھیتی خیریت سے کیٹے تب آرام کر لینا چاہیئے اللہ تعالیٰ توفیق دے **تیسرا فائدہ:۔** آخرت کی سزا و جزاء اللہ تعالیٰ کے علم کی بنا پر نہیں بلکہ دنیا میں اعمالِ خیر و شر کی بنا پر ہے جب تک عمل نہ ہو تب تک نہ احکام مرتب ہوں نہ سزا و جزا ہو یہ فائدہ لَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ الخ سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر۔ **چوتھا فائدہ:۔** مسلمان کو کفار کا جاسوس بننا حرام ہے اس پر اجرت لینا حرام یہ فائدہ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ الخ سے حاصل ہوا یہ کام منافق کیا کرتے ہیں **پانچواں فائدہ:۔** کفار کو ملکی اسامیوں پر رکھنا انہیں اپنا رازدار بنانا حرام ہے اور خطرناک بھی یہ فائدہ دیجہ کی تفسیر سے حاصل ہوا۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ **چھٹا فائدہ:۔** جیسے اللہ تعالیٰ کی دوسری صفات قدیم اور واجب ہیں ایسے ہی اس کا علم قدیم ہے واجب ہے وہ ہمیشہ سے سب کو جانتا ہے یہ فائدہ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔

**پہلا اعتراض:۔** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرات صحابہ بزدل آرام پسند سخت عبادات خصوصاً جہاد سے گھبراتے تھے اس لیئے تو اُن کے متعلق اس قسم کی آیات آئیں جن میں انہیں ملامت کی گئی اَمْ حَسِبْتُمْ (الخ) (الخ) (الخ)

**جواب:۔** اس اعتراض کے دو جواب ہیں۔ ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ پھر تم حضرت علی کے متعلق کیا کہو گے وہ بھی اس زد میں آئیں گے کیونکہ آیت میں اُن کا استثناء نہیں کیا گیا جواب تحقیقی یہ ہے کہ یہاں خطاب ہے ضعفاءِ مومنین سے جو نئے نئے مسلمان ہوئے تھے ابھی اُن کے دلوں میں ایمان پختہ نہیں ہوا تھا پھر ان جیسی آیات سے وہ ایسے بہادر شیر دل ہو گئے کہ ساری فتوحات خصوصاً عہدِ فاروقی کی فتوحات انہیں نے کیں۔ اسلام انہوں نے ہی پھیلایا۔ اس آیات میں اُن پر عتاب نہیں بلکہ انہیں جہاد پر بھڑکانا ہے **دوسرا اعتراض** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ کسی وقت کسی چیز کا علم نہیں۔ واقعہ ہو چکنے کے بعد اُسے معلوم ہوتا ہے دیکھو یہاں

marfat.com

ارشاد ہوا کہ لَمَّا یَعْلَمِ اللّٰہُ اب تک اللہ نے مجاہدین کو جانا نہیں **جواب** اس سوال کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ ان جیسی آیات میں علم سے مراد یا مشاہدہ کا علم ہے جسے علمِ ظہور کہتے ہیں جو کسی چیز کے دیکھنے کے بعد حاصل ہوتا ہے اس علم پر سزا جزاء ہے عام محققین مفسرین نے یہ جواب دیا ہے بعض نے فرمایا کہ یہاں علم سے مراد اعلام ہے یعنی دوسروں کو دکھانا بتانا بعض نے فرمایا کہ یہاں علم سے مراد خود معلوم ہے یعنی اُن کا جہاد کرنا وغیرہ غرضکہ یہاں سے علم کی نفی ہرگز ثابت نہیں **تیسرا اعتراض**:۔ اگر جہاد کے ذریعہ مخلص و منافق کی چھانٹ ہے تو جب جہاد فرض نہیں ہوا تھا اُن کی چھانٹ کیسے ہوتی تھی کیا اس وقت یہ دونوں ملے جلے رہتے تھے جیسے ہجرت سے پہلے کے مسلمان جہاد تو بعد ہجرت فرض ہوا۔ **جواب**:۔ اُس زمانہ میں سارے مخلص ہی تھے اُن میں منافق کوئی نہ تھا منافقین بعد ہجرت شامل ہوئے جب اسلام کا زور ہوا اور مسلمان ہو کر دنیاوی فوائد بھی حاصل ہونے لگے ہجرت سے پہلے مسلمان ہونا گویا کانٹوں کی سیج پر سونا تھا اور اپنے کو آفات و بلیّات میں ڈالنا"

**تفسیر صوفیانہ**:۔ قرآن کریم نے بہت جگہ حضور صلی علیہ وسلم بلکہ مومنین کے معاملہ کو رب کا معاملہ قرار دیا دیکھو فرماتا ہے یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ منافقین اللہ کو اور مسلمان کو دھوکہ دیتے ہیں اللہ کو دھوکہ دینے سے مراد رسول اللہ کو دھوکا دینا اور فرماتا ہے وَلٰکِنَّ اللّٰہَ قَتَلَھُمْ دیکھو مسلمانوں کے فعل کو رب تعالےٰ کا فعل قرار دیا گیا ایسے یہاں لَمَّا یَعْلَمِ اللّٰہُ الْمُجَاھِدِیْنَ میں اللہ کے علم سے مراد ہے مومنین کا علم یعنی اے لوگو ابھی حضرات صحابہ نے تمہارا جہاد اور کفار سے علیحدہ ہونا دیکھا نہیں تم کیسے آزاد چھوڑے جاؤ گے تمہارا ایمان کا ثبوت یہ ہے کہ تم اللہ رسول اور مومنین کے ہو کر رہو۔ اللہ تو پہلے ہی سے علیم و خبیر ہے مومن وہ جسے اللہ کے مقبول بندے مومن جانیں متقی وہ جسے اللہ کے مقبول متقی کہیں رب فرماتا ہے" لِتَکُوْنُوْا شُھَدَآءَ عَلَی النَّاسِ لہٰذا مومنوں کو اپنا ایمان اپنے نیک اعمال اسلیئے دکھانا چاہئیں کہ کل قیامت میں وہ ہمارے ایمان و تقویٰ کے گواہ ہوں ان کی گواہی بڑی کام آنے والی چیز ہے"

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ

نہیں ہے حق مشرکوں کو | یہ کہ آباد کریں | وہ مسجدیں اللہ کی گواہی دیتے ہوئے
مشرکوں کو نہیں پہنچتا کہ | اللہ کی مسجدیں آباد کریں | خود اپنے

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ۟ وَفِي

اوپر جانوں اپنی کے کفر کی | یہ لوگ ہیں کہ ضبط ہو گئے عمل اُن کے | اور
کفر کی گواہی دیکر | اُن کا سب کیا دھرا اکارت ہے | اور

marfat.com

النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

آگ میں ہی وُہ ہمیشہ رہیں گے اس کے سوا نہیں کہ آباد کرتے ہیں مسجدیں اللہ کی وُہ جو ایمان لائے

وُہ ہمیشہ آگ میں رہیں گے اللہ کی مسجدیں وُہ ہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت پر

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ

اللہ پر اور آخری دن پر اور قائم کی انہوں نے نماز اور دی زکاۃ

ایمان لاتے اور نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں

وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰۤى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۸﴾

اور نہ ڈرے مگر اللہ سے پس قریب ہے یہ لوگ ہوجائیں ہدایت والوں میں سے

اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تو قریب ہے کہ یہ لوگ ہدایت والوں میں ہوں۔

**تعلق ۱:۔** اِن آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق ۱:۔** پچھلی آیات میں کفار کی بدعملیوں کا ذکر۔ ہوا عہد توڑنا قسمیں پوری نہ کرنا۔ اسلام پر طعنے کرنا وغیرہ اب ارشاد ہے کہ اُن کے نیک اعمال قابلِ اعتبار نہیں جیسے بیت اللہ کی خدمت وغیرہ کیونکہ اُن کے پاس ایمان نہیں اور بغیر ایمان کے کوئی نیکی قبول نہیں۔ یعنی گناہوں کا ثبوت پچھلی آیات میں تھا نیکیوں کی نفی ان آیات میں **دوسرا تعلق ۲:۔** پچھلی آیات میں فرمایا گیا تھا کہ کفار ان گناہوں کی وجہ سے دین و دنیا میں عذاب کے مستحق ہیں اب ارشاد ہو رہا ہے کہ وہ اپنی نیکیوں کی وجہ سے عذاب سے بچ نہیں سکتے گویا اُن کے گناہوں کے مضر ہونے کا ذکر پہلے اور نیکیوں کے مفید نہ ہونے کا ذکر اب ہو رہا ہے **تیسرا تعلق ۳:۔** ابھی پچھلی آیات سے معلوم ہوا کہ جہاد کفر و اسلام کا فرومومن میں فرق کرنے والا ہے اب ارشاد ہے کہ اُس کے فرق کے لیئے کعبہ کی خدمت مسجد میں رہنا کافی نہیں۔" **چوتھا تعلق ۴:۔** اب تک کفار کے اُن گناہوں کا ذکر ہوا جو سب کے لیئے ہیں جیسے بدعہدی وغیرہ اب اُن اعمال کا ذکر ہے جو مومن کے لیئے نیکی ہیں کفار کے لیئے گناہ جیسے خدمت کعبہ وغیرہ

**شانِ نزول ۱:۔** غزوہ بدر میں جب کفارِ مکہ گرفتار ہوئے جن میں حضرت عباس بھی تھے تو غازیان بدر نے انہیں ملامتیں کیں حتیٰ کہ حضرت علی نے جناب عباس سے کہا کہ تم کو شرم نہیں کہ تم حضور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

کے مقابلہ میں آئے تم نے رشتے دار کا لحاظ بھی نہیں کیا تب حضرت عباس نے حضرت علی سے عرض کیا کہ آپ ہمارے عیوب گنتے ہیں ہمارے اوصاف پر نظر نہیں کرتے حضرت علی نے فرمایا کہ آپ کے اوصاف کیا ہیں فرمایا ہم خادم کعبہ ہیں ہم حاجیوں کی خدمت کرتے انہیں پانی پلاتے ہیں موقعہ ملے تو کھانا بھی دیتے ہیں اُن پر آپ نظر کیوں نہیں کرتے اُس موقع پر یہ آیات کریمہ نازل ہوئی جس سے حضرت عباس کے خیال کی تردید کی گئی۔ (خازن روح البیان۔ کبیر۔ معانی وغیرہ)

**تفسیر:۔** مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ۔ اس فرمان عالی میں كَانَ دوام کے لیئے یہاں نفی بمعنی نہیں ہے وہ بھی دائمی المشرکین سے مراد سارے ہی کفار ہیں خواہ مشرک ہوں خواہ دہریہ خواہ یہود نصاریٰ اہل کتاب۔ كَانَ کے بعد حقًّا یا جائزًا یا لائقا یا مناسبًا پوشیدہ ہے یعنی کفار کے لیئے نہ جائز تھا نہ ہے اور نہ ہوگا اُن کا یہ حق ہی نہیں اُن کے لیئے یہ کام باعث ثواب نہیں بلکہ باعث عذاب ہے اگرچہ وہ اسے خیال میں ثواب سمجھیں۔ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ یہ كَانَ کا فاعل یا اس کا اسم مؤخر ہے يَعْمُرُ بنا ہے عُمْرٌ سے بمعنی آبادی اسی سے ہے تعمیر۔ عمارت اور انسان کی زندگی کے زمانہ کو بھی اسلیئے کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں روح جسم کو آباد رکھتی ہے ہماری قرأۃ میں مساجد اللہ ہے بعض کی قرأت میں مَسْجِدَ اللّٰهِ واحد ہے مساجد اللہ سے مراد یا تو ساری دنیا کی ساری مسجدیں ہیں یا مسجد حرام شریف۔ چونکہ وہ تمام مسجدوں کا قبلہ ہے اُس کو آباد کرنے والے کو تمام مسجدیں آباد کرنے کا ثواب ملتا ہے (خزائن) یا چونکہ اُس مسجد کا ہر حصہ علیحدہ۔ ہے اُس کا رُخ دوسرے حصوں سے جُداگانہ ہے کسی حصہ کا رُخ مشرق کو کسی کا مغرب کو کسی کا شمال یا جنوب کو کیونکہ کعبہ بیچ میں واقع ہے یہ بات کسی اور مسجد کو حاصل نہیں (رُوح البیان) ان وجوہ سے اسے مساجد اللہ کہا گیا یعنی اللہ کی مسجدیں یعنی کفار کو نہ جائز تھا نہ ہے نہ ہوگا کہ وہ اللہ کی مسجدیں آباد کریں۔ **خیال رہے** کہ مسجد آباد کرنے کی گیارہ صورتیں ہیں، مسجد تعمیر کرنا۔ اس میں اضافہ کرنا۔ اُسے وسیع کرنا۔ اُس کی مرمت کرنا۔ اس میں چٹائیاں۔ فرش و فروش بچھانا۔ اُس کی قلعی چونا کرنا۔ اُس میں روشنی وزینت کرنا۔ اس میں نماز و تلاوتِ قرآن کرنا اس میں دینی مدرسہ قائم کرنا۔ وہاں داخل ہونا۔ وہاں اکثر جانا آنا رہنا۔ وہاں اذان و تکبیر کہنا۔ امامت کرنا (تفسیر خازن۔ کبیر۔ روح البیان وغیرہ) ان میں سے کوئی کام کفار کے لیئے جائز نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ کو بحالت کفر مسجد نبوی کے ستون سے باندھا اور وفد ثقیف کفار کیلیئے مسجد شریف میں ٹھہرایا (روح البیان و خازن تفسیر کبیر وغیرہ) شَاهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ یہ عبارت اَنْ يَّعْمُرُوْا کے فاعل سے حال ہے گواہی سے مراد عملی گواہی ہے یا قولی بھی انفس جمع ہے نفس کی بمعنی ذات بالکفر سے معلوم ہوا کہ مشرکین سے مراد کفار ہیں اگرچہ کفار اپنے کو کافر یا مشرک نہ کہیں مگر وہ اپنے اعمال سے اپنے کفر کے گواہ ہیں۔ بت پرستی:۔ تلبیہ میں لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ کے بعد اِلَّا شَرِيْكًا هُوَ لَكَ واحدًا کہنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

کی نبوت کا انکار کرنا وغیرہ یہ تمام چیزیں اُن کے کفر کی گواہی ہیں اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ اس فرمانِ عالی میں یا تو حضرت عباس کے قول کا جواب ہے کہ انہوں نے کہا تھا کہ ہم یہ یہ نیکیاں کرتے ہیں فرمایا گیا کہ تمہاری تمام نیکیاں سارے اعمال ضبط ہیں اُنکے ان اعمال سے کا گناہ ہونا یعنی یہ چیزیں ساری نیکیاں حبط ہیں اُن کا ذکر ہی نہ کرو یا مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ کی وجہ سے اور حبط اعمال مراد ہے اُن کے ان اعمال کا گناہ ہونا یعنی یہ چیزیں جن پر تم کو ناز ہے تمہارے لیئے گناہ ہیں جیسے گندے گندوں کو مسجد میں جانا وہاں نماز پڑھنا وغیرہ گناہ ہے تم دل کے گندوں کے لیئے بھی یہ کام گناہ ہے وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ یہ فرمان عالی یا تو الگ جملہ ہے یا حَبِطَتْ الخ پر معطوف اور اُولٰٓئِكَ کی خبر یعنی کفار کچھ بھی کریں کعبہ کی خدمت کریں مسجد حرام کو آباد کریں وہ رہیں گے آگ میں ہمیشہ انہیں کوئی عمل آگ کی ہمیشگی سے بچا نہیں سکتا۔ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ یہ تصویر کا دوسرا رُخ ہے یہاں تعمیر میں وہ ہی گیارہ احتمال ہیں جو ابھی عرض کیئے گئے مساجد اللہ سے مراد یا ساری مسجدیں ہیں یا مسجد حرام شریف انما حصر کے لیئے ہیں یہ جملہ یا خبر ہے یا اسلامی قانون یعنی اللہ کی مسجدیں صرف وہ لوگ آباد کرتے رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ یہ عبارت یَعْمُرُ کا فاعل ہے اللہ کی ذات وصفات بذریعہ نبی ماننا ایمان باللہ اس لیئے بالرسول کا ذکر نہیں ہوا۔ رسول پر ایمان عین اللہ پر ایمان ہے اور اس کے برعکس بھی رسول اللہ سے جدا ہی نہیں۔ کلمہ اذان۔ تکبیر خطبہ پڑھ کر دیکھو (تفسیر روح المعانی وخازن۔ بیضاوی کبیر وغیرہ) ایمان باللہ ارکانِ ایمان کا مبداء ہے اور قیامت پر ایمان ارکانِ ایمان کا منتہا۔ دو کناروں کو لیا گیا درمیان کے ارکان انہیں میں آگئے لہٰذا یہ آیت ایمانیات کی جامع ہے یہاں مسجدیں آباد کرانے والوں کی چار صفات کا ذکر فرمایا ایک ایمان دوسری اور تیسری وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ یہ عبارت معطوف ہے اٰمَنَ بِاللّٰهِ الخ پر نماز قائم کرنے زکوٰۃ دینے وہ ہی مطلب ہے جو ابھی کچھ پہلے عرض کیئے گئے یعنی نماز قائم کرنے زکوٰۃ فرض ہونیکا اعتقاد رکھے کہ یہ رکن ایمان ہے اور نماز پڑھنا زکوٰۃ دینا علامات ایمان ہے وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ۔ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے اَقَامَ الصَّلٰوةَ پر اور مومنین کی تیسری علامت اس فرمان کے تین مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ مسجد بنانے اس کے آباد کرنے میں کسی ملامت وغیرہ کا خوف نہیں کرتے نہ ریا و نام نمود کیلیے مسجد بناتے ہیں صرف خوفِ خدا سے تعمیر کرتے ہیں اس کا مظہر حضرت ابوبکر صدیق ہیں جنہوں نے شروع اسلام میں کفار کے محلہ کے بیچ میں یعنی اپنے دروازہ پر مسجد بیت بنائی جہاں نوافل اور تلاوت کرتے تھے کفار اس وجہ سے انہیں ایذا دیتے تھے مگر آپ پرواہ نہ کرتے (کبیر) دوسرے یہ کہ اپنے کسی دینی کام میں صرف خدا سے ڈرتے ہیں اور کسی سے نہیں ڈرتے کہ اس کے ڈر سے اسلام چھوڑ دیں تیسرے یہ کہ بتوں سے نہیں ڈرتے جیسا کہ کفار مکہ ڈرتے ہیں جس میں یہ چار صفات جمع ہوں۔ ایمان۔ نماز۔ زکوٰۃ۔ مخلوق سے بے خوفی۔ فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا

marfat.com

مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ـــــ یہاں عسیٰ فرمانا ان بندوں کے لحاظ سے ہے نہ کہ اللہ تعالیٰ کی لحاظ سے وہ احتمال اور تردد سے پاک ہے مُهْتَدِيْنَ سے مراد جنت کی طرف ... ہدایت پانے والے درحقیقت یہ مومنین کی پانچویں صفت ہے کہ یہ حضرات ایمان و نیک اعمال کے جامع ہونے کے باوجود اپنی ہدایت خدا رسی پر جنت پانے کا یقین نہیں کرتے بلکہ امید کرتے ہیں رب کے کرم و رحم کے منتظر رہتے ہیں ان کفار کا کیا حال ہے کہ ڈرتے نہیں اور اکڑتے ہیں کفر و بدکاری کرتے ہیں اور جنت کے مالک بنتے ہیں۔"

**خلاصہ تفسیر:۔** مشرکین و کفار مسجد حرام کے آباد کرنے کعبہ کی کلید برداری حجاج کی خدمت پر ناز نہ کریں ان کو تو مسجد آباد کرنے کا حق ہی نہیں انہیں یہ کام جائز ہی نہیں جب کہ وہ اپنے شرک و کفر پر خود عملی و قولی گواہیاں دے رہے ہیں بت پرستی بھی کریں اور خدمت کعبہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار بھی کریں اور حاجیوں کی خدمت بھی یہ تو ضدین کا اجتماع ہے ان کے سارے نیک کام ضبط ہو چکے یہ بہر حال آگ والے ہیں اس میں انہوں نے ہمیشہ رہنا ہے مسجدیں آباد کرنے کا حق صرف ان لوگوں کو ہے جن میں یہ چار صفات جمع ہوں ۱ وہ اللہ پر ایمان رکھیں اس طرح کہ اس کی ذات صفات کو نبی کے ذریعہ سے مانیں اور آخری دن یعنی قیامت کو نبی کی معرفت مانیں ان دونوں عقیدوں یعنی ایمان اور قیامت کے درمیان کے سارے ارکان اسلام کے معتقد ہوں۔ نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ دیں ان دونوں کاموں کو فرض جانیں۔ دین میں خدا کے سوا کسی سے نہ ڈریں کہ اس کے ڈر سے دینی یا نیک اعمال چھوڑ دیں۔ ایسے لوگ ہیں جن کے جنتی ہونے کی امید ہے وہ مسجدیں آباد کرنے کے اہل ہیں ان کے لیئے یہ کام باعثِ ثواب ہے کفار کے لیئے یہ کام یعنی آبادی مسجد باعثِ عذاب

**فائدے:۔** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:۔** مسجدیں تعمیر کرنے کا حق صرف مسلمانوں کو ہے کسی کافر کو یہ حق نہیں لہٰذا تعمیر مسجد کے لیئے کسی کافر سے چندہ نہ لیا جاوے خصوصاً جب کہ وہ اس کے عوض میں اُتنا یا اُس سے زیادہ مسلمانوں سے اپنے مندروں کے لیئے چندہ طلب کرے جیسا کہ آج کل دیکھا جا رہا ہے یہ فائدہ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ الخ سے حاصل ہوا **دوسرا فائدہ:۔** مسجد کی چٹائی وہاں روشنی کے لیئے تیل امام یا موذن کی تنخواہ مشرک سے قبول نہ کی جاوے یہ سب خرچے مسلمان خود برداشت کریں یہ فائدہ بھی مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ الخ سے حاصل ہوا **تیسرا فائدہ:۔** کفار کو مسجد میں آنے وہاں ان کو اپنی عبادت کرنے کی اجازت نہ دی جاوے کہ مسجد اسلامی عبادات کے لیئے ہیں نہ کہ کفر و بت پرستی کے لیئے یہ فائدہ بھی مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ سے حاصل ہوا **چوتھا فائدہ:۔** کفار کو مسجدوں میں بلانا وہاں انہیں منبر پر بیٹھا کر تقریر کرانا ان کی تعریفیں کرنا حرام ہے یہاں تفسیر کبیر نے فرمایا کہ کفار مشرکین بحکم قرآن پاک نجس ہیں۔ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ اور مسجدوں کو پاک و صاف رکھنا ضروری رب فرماتا ہے اِنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِيْنَ وَالْعَاكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ اس لیئے

marfat.com

انہیں داخلہ کی اجازت نہ دی جاوے (کبیر) مسئلہ مجبوراً یا ضرورۃً کفار کو مسجد میں آنے کی اجازت دینا جائز ہے۔ مسلمان کی اجازت سے کر آسکتے ہیں لہذا مشرکین راج مزدور یا انجینئر مسجد میں بلائے جا سکتے ہیں حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ ابن اثال کو جب وہ مشرک تھے مسجد نبوی کے ستون سے باندھا۔ قبیلہ بنی ثقیف کو جو کفار تھے مسجد نبوی شریف میں ٹھہرایا جیسا کہ ابھی تفسیر میں کہا گیا مگر اس صورت میں خیال رہے کہ اُن کے کپڑے جوتے بدن گندے نہ ہوں کہ مسجد گندی کریں **پانچواں فائدہ**:۔ کفار کے لیئے مسجدیں بنانا وہاں رہنا وہاں خدمت کرنا ثواب نہیں بلکہ گناہ ہے جیسے جنبی حائضہ کے لیئے وہاں داخل ہونا تلاوت کرنا گناہ ہے یہ فائدہ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جب کہ اس کے معنی ہوں کہ کفار کو یہ کام جائز نہیں جیسا کہ ابھی تفسیر میں کہا گیا **چھٹا فائدہ**:۔ کفار کی بنائی ہوئی نہ مسجد ہے نہ اس پر مسجد کے احکام جاری ہوں نہ نماز پڑھنے میں مسجد کا ثواب ہے جیسے مسجد ضرار یہ فائدہ بھی مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ الخ سے حاصل ہوا۔

**ساتواں فائدہ**:۔ مسلمان کے لیئے مسجد میں اُس کی مرمت کرنا اُس کی قلعی چونہ کرنا وہاں اعلیٰ فرش بچھانا وہاں روشنی کرنا وہاں بڑی راتوں میں چراغاں کرنا وہاں جھاڑو صفائی کرنا وہاں حاضر ہوتے رہنا اُسے آباد رکھنے کا شوق ہونا وہاں دینی تعلیم دینا وہاں دینی مدرسے جاری کرنا یہ سب کام بڑی اعلیٰ عبادات ہیں کہ یہ سب تعمیری یعنی آبادی مسجد میں داخل ہے یہ فائدہ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ سے حاصل ہوا (تفسیر روح البیان وغیرہ) **آٹھواں فائدہ**:۔ مسجد بنانے یا اُسے آباد کرنے یا وہاں باجماعت نماز ادا کرنے کا شوق صحیح مومن ہونے کی علامت ہے انشاء اللہ ایسے لوگوں کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ یہ فائدہ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ الخ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جب کہ یہ جملہ خبریہ ہو اور اس کے معنی یہ ہوں کہ اللہ کی مسجدیں وہ ہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے **مسئلہ**:۔ مسجد کی روشنی انشاء اللہ قبر کی روشنی کا ذریعہ ہے حضرت سلیمان علیہ السلام نے مسجد بیت المقدس کے منارہ پر کبریت احمر کی روشنی کی تھی جس کی روشنی میں بارہ میل مربع عورتیں چرخہ کات لیتی تھیں (روح البیان) اُسے بخت نصر ظالم نے گل گیا اور یہاں کا سارا سامان بابل لے گیا (روح البیان) مسجد نبوی شریف میں پہلے کھجور کی لکڑیاں جلا کر روشنی کی جاتی تھی پھر حضرت تمیم داری ایک سفر سے قندیلیں تیل اعلیٰ زنجیریں اپنے ساتھ لائے اور مسجد نبوی کے ستون میں آویزاں کیں حضور انور نے فرمایا اے تمیم داری تم نے ہماری مسجد روشن کی اللہ تمہاری قبر روشن کرے (روح البیان یہ ہی مقام) مسئلہ مسجد نبوی میں سب سے پہلے اعلیٰ درجے کے فرش حضرت عمر نے بچھائے تھے اس سے پہلے وہاں بجری تھی سب سے پہلے رمضان کی راتوں خصوصاً ختم قرآن کی رات مسجد نبوی میں شاندار چراغاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا جسے حضرت علی نے دیکھ کر کہا اے عمر رضی اللہ عنہ تم نے مسجد نبوی روشن کی خدا تمہاری قبر منور کرے

(روح البیان) مسجد نبوی کی شاندار عمارت سب سے پہلے حضرت عثمان غنی نے بنوائی خیال رہے کہ مسجد میں قندیل جلانے والے تمیم داری ہیں اور پہلے بہت سی قندیلیں روشن کرنے والے حضرت عمر ہیں لہذا احادیث میں تعارض نہیں مسئلہ مسجد کی عمارات وہاں کی زینت وہاں اچھے مصلّے اس میں دین اسلام کی زینت ہے یوں قرآن کریم کو بڑے سائز میں چھپانا اس کی مزین آیتیں سنہری نقشین بنانا اس کی جلد اعلیٰ درجہ کی باندھنا یوں ہی بزرگان دین کی قبور پر گنبد بنانا وہاں چادر و پردے ڈالنا سب سے ہی اچھا ہے کہ اس سے دین کی عظمت ہے (روح البیان و شامی) جب ہمارے مکانات عالی شان بننے لگے تو اس اللہ کی مسجد بزرگوں کے مقبرے اعلیٰ کیوں نہ ہوں۔"

**نواں فائدہ:۔** جماعت کی نماز مسجد میں پڑھنا بہتر ہے جماعت سے گھر میں نماز پڑھنے میں جماعت کا ثواب ملے گا مگر مسجد کا نہ ملے گا شعر ؎

دو صد محراب گر در خانہ داری نماز آں بہ کہ در مسجد گذاری

یہ فائدہ بھی اِنَّمَا یَعْمُرُ الخ سے حاصل ہوا حضرت ابو سعید خدری مرفوعاً فرماتے ہیں کہ تم جسے مسجد میں حاضری کا عادی دیکھو اُس کے ایمان کی گواہی دو اور یہ ہی آیت تلاوت فرمائی (ترمذی خازن) فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مسجد میں روشنی کرے صبح و شام مسجد میں نماز کے لیئے آنے کا عادی ہو رب تعالیٰ جنت میں اُس کی مہمانی تیار فرمائے گا۔ (مسلم بخاری خازن) فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص مسجد میں روشنی کرے جب تک اس کا چراغ روشن رہے گا اُس کے لیے فرشتے دعائے رحمت کرتے رہیں گے (کبیر) فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ زمین میں میرے گھر میری مسجدیں ہیں جو مومن گھر سے وضو کر کے مسجد میں آوے وہ میرا مہمان ہے۔ (کبیر) بہ ہر حال آبادی مسجد اللہ کی بڑی عبادت ہے خدا نصیب کرے۔"

**پہلا اعتراض:۔** تم نے کہا کہ کفار کو اسلامی مسجدوں میں اپنی عبادات کرنے کی اجازت نہیں مگر حدیث شریف میں ہے کہ نجران کے عیسائی مسجد نبوی شریف میں آئے اور انہوں نے اُس مسجد میں عیسائیوں والی نماز پڑھی حضور انور نے نہ روکا نہ کسی صحابی کو روکنے دیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کفار اپنی عبادات ہماری مسجدوں میں ادا کر سکتے ہیں (صلح کلی) **جواب:۔** یہ کہیں ثابت نہیں کہ حضور انور نے انہیں اپنی عبادات ادا کرنے کی اجازت دی ہو۔ ہوا یہ کہ جب عیسائی مسجد نبوی میں آئے تو نماز عصر ہو رہی تھی ان لوگوں نے گوشۂ مسجد میں اپنی عیسائیوں والی نماز شروع کر دی۔ اخلاق مجسم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز تڑائی نہیں بلکہ پوری کر لینے دی جیسے ایک اعرابی نے محراب النبی میں پیشاب کرنا شروع کر دیا تو حضور نے فرمایا کہ اسے پیشاب کر لینے دو بعد میں مسجد دھلوا دی اس سے لازم یہ نہیں کہ مسجدوں کی محرابوں میں پیشاب کرنے کی اجازت ہے ایسے ہی یہاں ہوا۔ کیا کوئی مسلمان گوارا

marfat.com

کرے گا کہ ہندو مسجدوں میں بت رکھیں اُن کی پوجا کریں گھنٹ بجائیں پھر تو مسجدیں مندر بن جائیں گی حیرت ہے کہ مندروں گرجاؤں میں ہماری نماز مکروہ ممنوع ہو مگر ان کی پوجا پاٹ مسجدوں میں جائز ہو رب سمجھ دے

**دوسرا اعتراض ۲:۔** تم نے کہا کہ کفارِ مکہ و مشرکین مسجد میں نہ آئیں حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی ثقیف کو مسجد میں ٹھہرایا ثمامہ کو مسجد نبوی کے ستون سے باندھا حالانکہ وہ مشرک تھے بعد میں مسلمان ہو گئے اگر تمہارا مسئلہ درست ہے تو ہندو تمہارے مزدوروں سے مسجد تعمیر نہ کرائی جائے حالانکہ دن رات یہ کام ہوتا ہے۔

**جواب ۲:۔** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ کفار مومنوں کی اجازت کے بغیر مسجد میں نہیں آسکتے قبیلہ بنی ثقیف اور ثمامہ حضور انور کی اجازت سے آئے تھے **تیسرا اعتراض ۳:۔** تم نے کہا کہ مسجد میں جھاڑو کفار نہیں دے سکتے کہ یہ بھی آبادی مسجد میں داخل ہے مگر حدیث شریف سے ثابت ہے کہ حضور انور کی مسجد میں ایک یہودی بچہ حضور کے زمانہ پاک میں جھاڑو دیتا تھا تمہارا یہ قول اس حدیث کے خلاف ہے **جواب ۳:۔** وہاں حضور انور کو علم تھا کہ جھاڑو دینا ہی اُس بچے کے ایمان کا ذریعہ بنے گی اور ہوا بھی ایسا ہی یہ خصوصی اجازت تھی **چوتھا اعتراض ۴:۔** بحکم قرآن کفار اور مشرکین نجس ہیں وہ احتلام ہونے پر نہاتے نہیں تھے پیشاب کے بعد استنجا نہیں کرتے رب فرماتا ہے اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا پھر حضور انور نے مذکورہ واقعات میں انہیں مسجد میں آنے کی اجازت کیوں دی **جواب ۴:۔** ان لوگوں پر طہارت کے شرعی احکام جاری نہیں ہوتے یعنی اُن پر منی نکالنے سے غسل پیشاب پاخانہ سے استنجاء شرعاً فرض نہیں لہٰذا وہ شرعی نجس نہیں آیۃ کریمہ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نجس میں نجاست اعتقادی مراد ہے اور مسجد حرام ہے میں نہ آنے سے مراد حج کے لیے نہ آنا ہے اس لیے وہاں نَجَسٌ جیم کے فتحہ سے ہے اور نہ آنے کے ساتھ ارشاد ہے بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا یعنی اس سال کے بعد نہ آئیں لہٰذا آیت و حدیث میں تعارض نہیں وہاں اس کا خیال رکھا جاوے کہ اون کے کپڑے اور جسم تر نجس نہ ہو کہ مسجد کا فرش نجس ہو جاوے **پانچواں اعتراض ۵:۔** آخر اس میں حرج ہی کیا ہے کہ کفار بے تکلیف ہماری مسجدوں میں آجایا کریں اس سے کیوں منع فرمایا گیا ہے ہماری مسجدوں میں وہ اپنی عبادت کریں ان کے مندروں گرجاؤں میں ہم عبادت کریں (صلح کلی) **جواب ۵:۔** اس کی بہت سی حکمتیں یہاں تفسیر نے ارشاد فرمائیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ مسجدیں اللہ کی توحیدی عبادت کے لیے بنائی گئی ہیں تاکہ شرکیہ عبادت کے لیے اُن کا ہماری مسجدوں میں آنا ایسا ہی ہے جیسے ہم باورچی خانہ میں کتے گدھے پالیں۔ ہمارا اُن کے مندروں میں عبادات کے لیے جانا ایسا ہی ہے جیسے ہم پاخانہ میں بیٹھ کر روٹی پکائیں دوسرے یہ کہ اجتماع سخت فساد و خونریزی کا ذریعہ ہے ہم نماز پڑھ رہے ہوں وہ اس جگہ مسجد کے اندر باجے گھنٹے بجا رہے ہوں اگر جگہ مسجد کے باہر بجانے پر فساد ہو جاتے ہیں تو اگر مسجد کے اندر بجیں تو کیا حال ہو۔

**تفسیر صوفیانہ ۲:۔** حقیقی مسجدیں اللہ والوں کے دل ہیں جو ہر قسم کے عیوب سے پاک و صاف ہیں مولانا فرماتے ہیں شعر

marfat.com

مسجدے کو اندرونِ اولیا است — سجدہ گاہے جملہ است آنجا خدا است
آں مجاز است ایں حقیقت آخراں — نیست مسجد جز درونِ سروران

اس لیے مومن کا دل ستانے کو مسجد ڈھانے سے زیادہ گناہ کہا جاتا ہے۔ ایک پنجابی شاعر کہتا ہے۔ شعر

مسجد ڈھاوے مندر ڈھاوے ڈھاوے جو کجھ ڈھیندا — اک مومن دا دل نہ ڈھائیں اس وچہ سوہنا رہندا

فرمایا گیا کہ دلوں کی مسجدوں کو مشرکین یعنی نفس امارہ اور اس کے ساتھیوں سے یوں ہی برے لوگوں سے آباد نہ کراؤ کہ اس میں برے اور بروں کی محبت رہے کیسے ہو سکتا ہے کہ دل میں یار بھی رہے اور اغیار بھی ان مسجدوں کو وہ اللہ والے آباد کریں جو ایمان تقویٰ خوفِ خدا ساری صفات سے موصوف ہوں۔ یہ لوگ ہدایت حقیقی پر ہیں یہ یار کے پاس ہیں جو ان کے پاس ہیں وہ بھی یار کے پاس ہیں دل کی مسجد کی آبادی ذکر اللہ سے ہے اور ذکر اللہ کرنے کی نظرِ کرم سے نصیب ہوتا ہے اس مسجد کو اُن سے آباد کراؤ۔"

| | | |
|---|---|---|
| اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ | | |
| کیا بنا لیا تم نے پانی پلانا | حاجیوں کو اور آباد کرنا مسجد حرام کو | مثل اس کے |
| تو کیا تم نے حاجیوں کی سبیل | اور مسجد حرام کی خدمت اس کے برابر ٹھہرائی جو | |
| اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ | | |
| جو ایمان لایا اللہ اور آخری دن پر اور جہاد کیا اس نے راستے میں اللہ کے نہیں برابر ہیں | | |
| اللہ اور قیامت پر ایمان لایا | اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا | وہ اللہ کے نزدیک |
| عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ | | |
| نزدیک اللہ کے | اور اللہ نہیں ہدایت دیتا ظلم والی | قوم کو |
| برابر نہیں | اور اللہ ظالموں کو | راہ نہیں دیتا |

**تعلق:۔** اس آیتہ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق:۔** پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ کفار کو مسجدوں خصوصاً مسجد حرام کی خدمت کا حق نہیں اب ارشاد ہے کہ کفار یہ کام کریں تو وہ اس کی وجہ سے اُن مومنوں کے برابر نہیں ہو سکتے جو ایمان اور جہاد سے مشرف ہوں گویا پہلے فاعلوں کا ذکر تھا اب فعلوں کا تذکرہ ہے

marfat.com

یعنی مسجد حرام کی آبادی حجاج کی خدمت اور ایمان و جہاد **دوسرا تعلق** ہے۔ پچھلی آیات ایمان۔ تقوی۔ خوفِ خدا کا ذکر ہوا کہ جس میں تین صفات ہوں اُسے مسجد حرام کی آبادی کا حق ہے اب ارشاد ہے کہ یہ تین کام مسجد کی آبادی حجاج کی خدمت سے بھی افضل ہیں یعنی وہ مسلمان جسے یہ تین کام کامل درجہ کے حاصل ہیں مگر اُسے خدمت بیت اللہ میسر نہیں وہ اس مسلمان سے افضل ہے جسے خدمت کعبہ تو میسر ہے مگر جہاد فی سبیل اللہ اور صحبتِ رسول اللہ میسر نہیں تیسرا تعلق پچھلی آیات میں یہ ذکر ہوا کہ متقی اللہ سے خوف رکھنے والا مومن اُسے ہدایت جنت کی امید ہونی چاہیئے فَعَسٰی اُولٰٓئِكَ (الخ) مگر خدمتِ کعبہ۔ خدمتِ حجاج کرنے والے کافر کو یہ امید نہیں کیونکہ ہدایتِ جنت کا ذریعہ ایمان ہے نہ کہ صرف آبادیِ کعبہ"

**شانِ نزول ہے**۔ اس آیتہ کریمہ کے متعلق مجھے چند روایات ملی ہیں ۱؎ ایک بار طلحہ ابن شیبہ اور حضرت عباس ابن مطلب اور حضرت علی جمع ہوئے حضرت طلحہ نے کہا کہ مجھے اللہ نے عزت دی ہے کہ میں کعبے معظمہ کا کلید بردار ہوں چاہوں تو کعبے کے اندر سو رہوں کسی اور کو یہ شرف حاصل نہیں حضرت عباس نے فرمایا کہ مجھے اللہ نے عزت دی ہے کہ میں زم زم کنوئیں سے نکالتا ہوں حجاج کو پانی پلاتا ہوں سقایا کی خدمت مجھے میسر ہے حضرت علی نے فرمایا کہ مجھے اللہ نے یہ عزت دی ہے کہ میں نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی ہے حضور کی صحبت میں رہا ہوں حضور انور کے ساتھ مجھے جہاد میسر ہوئے ہیں گویا کعبہ کی خدمت اُن دو نے بیان کی کعبہ والی امت کے رکھوالی حضور انور کی صحبت حضرت علی نے بیان کی حضرت علی کی تائید میں یہ آیت نازل ہوئی (تفسیر کبیر و خازن روح البیان۔ معانی وغیرہ) **خیال رہے**۔ کہ اس وقت حضرت طلحہ اور عباس مومن نہ ہوئے تھے بعد میں وہ حضرات ایمان لائے اور طلحہ کے پاس چابی اور حضرت عباس کے پاس سقایہ زم زم حضور نے باقی رکھی جواب تک اُن کی اولاد میں ہے (تفسیر صاوی خازن)، ۲؎ غزوہ بدر میں حضرت عباس دل میں ایمان لا چکے تھے اُن سے حضرت علی نے فرمایا کہ چچا جان میری طرح تم بھی ہجرت کر کے مدینہ منورہ آجاؤ انہوں نے کہا کہ مجھے مکہ معظمہ میں مسجد حرام کا آباد کرنا۔ حجاج کو پانی پلانا زم زم کنوئیں سے نکالنا وغیرہ عظمتیں میسر ہیں اگر میں مدینہ منورہ آگیا تو ان سب سے محروم ہو جاؤنگا۔ اُن کی تردید اور حضرت علی کی تائید میں یہ آیتہ نازل ہوئی (روح المعانی بروایت مسلم)، ۳؎ ایک بار مشرکین مکہ نے یہود سے کہا کہ ہم لوگ مسجد حرام کی آبادی۔ حجاج کی خدمت۔ قیدیوں کو چھڑانا۔ کعبہ کی نگرانی کرتے ہیں حضور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے ساتھی ان تمام فضائل سے محروم ہو چکے ہیں بتاؤ بہتر کون ہے یہود بولے تم لوگ اُن سے اچھے جواب میں یہ آیتہ نازل ہوئی۔ ۴؎ حضرت نعمان ابن بشیر فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ جمعہ کا دن تھا بعد نماز فجر کچھ لوگ منبر شریف کے پاس بیٹھے باتیں کر رہے تھے بعض نے کہا کہ حجاج کو پانی پلانا بڑی ہی نیکی ہے بعض نے کہا مسجد حرام کی آبادی بڑی نیکی ہے بعض نے کہا کہ جہاد فی سبیل اللہ بہترین عبادت ہے حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ منبر رسول کے پاس شور نہ مچاؤ

marfat.com

میں آج بعد نماز جمعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا فیصلہ کرالونگا اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں جہاد کی افضیلت ظاہر کی گئی (روح المعانی بروایۃ مسلم۔ ابوداؤد۔ ابن جریر۔ ابن منذر۔ روح البیان) ۵ عموماً مشرکین مکہ اپنے کو حضرات صحابہ سے افضل کہا کرتے تھے کہتے تھے کہ ہم کو سقایہ حجاج خدمت کعبہ وغیرہ میسر ہے جس سے مسلمان محروم کر دیئے گئے ہیں انکی تردید میں یہ آیت آئی۔ (روح المعانی) مگر قوی یہ ہے کہ ۲ اور ۳ کی روایات درست ہیں کیونکہ مہاجر صحابہ مومنین کا مقابلہ غیر مہاجر صحابہ ساقیِ حجاج خادمِ کعبہ مومنین سے کیا گیا ہے نہ کہ کفار سے کیونکہ ارشاد ہے اعظم درجۃ عند اللہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں درجے والے ہیں مگر مہاجرین مجاہدین مومن بڑے درجے والے اور ظاہر ہے کہ مشرک و کافر عند اللہ درجے والا ہوتا نہیں پھر اعظم درجہ کے کیا معنے ہیں۔"

**تفسیر:۔** اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ اس فرمانِ عالی میں سوالِ انکار یا سرزنش کے لیئے ہے جعل بمعنی خلق نہیں کیونکہ انسان کسی چیز کا خالق نہیں ہوتا بلکہ بمعنی صیر ہے یعنی بنانا اور مراد ہے اپنے دل میں ایسا بنانا یا سمجھنا اس میں خطاب اُن غیر مہاجر مسلمانوں سے ہے یا مشرکین مکہ سے جو سمجھے ہوئے تھے کہ ایمان و ہجرت و جہاد سے ہماری خدماتِ کعبہ بہتر ہے یا برابر ہیں جیسا کہ شانِ نزول کی روایت سے معلوم ہوا۔ سقایا اصل میں مصدر ہے جیسے رعایۃ۔ روایۃ۔ عمارت صیاقۃ۔ وقایۃ۔ اہلِ عرب اس ظرف کو سقایہ کہتے ہیں۔ جس میں پانی بھر کر لوگوں کو پلایا جاتا ہے یعنی سبیل یا پنجابی مٹی حضرت عباس رضی اللہ عنہ حج کے موسم میں زمزم میں کشمش بھگو کر ایک بڑے برتن میں رکھ دیتے تھے جس سے حجاج یہ شربت پیئں اور اس پر فخر کرتے تھے (تفسیر صاوی) یہاں ساقیہ سے مراد یا تو یہ ہی سبیل ہے یا معنی مصدری میں ہے اعلیحضرت قدس سرہ کا ترجمہ پہلے لحاظ سے ہے ہمارا ترجمہ دوسرے اعتبار سے۔ عمارہ بمعنی آبادی یا خدمت ہے دوسرے اس کا ذکر ابھی پچھلی آیات میں انما یعمر کی تفسیر میں ہو چکی۔ مسجد حرام وہ مسجد مبارک جس میں خانہ کعبہ ہے سقایہ جَعَلْتُمْ کا پہلا مفعول ہے اور دوسرا مفعول کَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ ہے **خیال رہے** ۱۔ کہ یہاں لفظ اہل پوشیدہ ہے تاکہ تشبیہ ذات کی ذات سے ہو اس کی تائید حضرت امام باقر۔ عبداللہ بن زبیر۔ ابو جعفر وغیرہ ہم کی قرأۃ ہے انکی قرأت میں سقاۃ الحاج وعمرۃ المسجد الحرام ہے سقات جمع ساقی کی جیسے نخاۃ جمع نامی کی وطاۃ جمع رامی کی اور عَمَرَہ میں و میم کے فتحہ سے جمع عامر کی اس کی قراۃ میں معنی یہ ہوئے کہ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے والوں مسجد حرام کو آباد کرنے والوں مومنین مجاہدین کی مثل سمجھ لیا اور ہو سکتا ہے کہ کَمَنْ اٰمَنَ میں صفات پوشیدہ ہو بہر حال یہاں صفت کی تشبیہ ذات سے نہیں (روح المعانی جلالین۔ کبیر۔ روح البیان) کَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ

یہ عبارت جَعَلْتُمْ کا دوسرا مفعول ہے ایمان باللہ کے معنی ابھی پچھلی آیۃ میں عرض کیئے گئے اور اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کو بذریعہ نبی ماننا ایمان ہے لہذا اس میں ایمان بالرسول داخل ہے اللہ تعالیٰ کو واحد ستار غفار وغیرہ

marfat.com

اس لیے مانو کہ محمد رسول اللہ نے فرمایا ارکانِ ایمان کی دو حدیں ارشاد ہوئیں باقی ارکان اس میں آگئے یعنی توحید سے کر قیامت تک کے سارے ارکان ایمان کو حضور کی معرفت مانے ہیں۔

وَجَاهَدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یہ عبارت معطوف ہے اٰمَنَ بِاللّٰهِ الخ پر چونکہ حضرت علی نے حضرت عباس سے جہاد کا ہی ذکر فرمایا تھا اس لیے یہاں بھی خصوصیت سے جہاد کا ذکر فرمایا گیا۔ دوسری عبادات کا ذکر نہیں ہوا نیز اس کا مطلب یہ نہیں کہ غیر مجاہد مومن کافر سے افضل نہیں نفس ایمان کفر سے مومن کافر سے بدرجہا افضل ہے چہ جائے کہ صحابی مجاہد ہو **خیال** رہے ۱۲۔ کہ کفار مکہ یا حضرت عباس نے خدمت کعبہ وغیرہ کو حضور انور کی صحبت اور جہاد سے بہتر کہا تھا۔ رب نے ان کے جواب میں فرمایا کہ بہتری تو دور ہے وہ تو اُن حضرات کے برابر بھی نہیں۔ چنانچہ فرمایا۔ لَا یَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ یہ دونوں جماعتیں اللہ کے نزدیک برابر بھی نہیں مومن صحابی مجاہدوں دوسروں سے کہیں افضل ہیں چہ جائیکہ دوسرے اُن سے افضل ہیں اس صاف فرمان کے باوجود کفار مکہ نہ مانیں گے وہ اپنے ہی کو افضل کہے جائیں گے کیونکہ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ اللہ کافر قوم کو حق ماننے کی توفیق نہیں دیتا۔ اسلامی مسائل کو حق وہ مانے گا جو پہلے مسلمان بنے گا اس صورت میں یہ فرمان عام بالکل واضح ہے یا یہاں ظالمین سے وہ کفار مراد ہیں جن کا کفر پر مرنا علم الٰہی میں آچکا اور ہدایت سے مراد ہے مقصود پر پہنچا دینا دینی احکام نبی قبول کر لینا نہ رہبری تو معنی یہ ہوئے کہ جو علم الٰہی میں کافر ہیں انہیں قول رسول فرمان قرآن قبول کرنے کی ہدایت نہیں ملتی۔ ہدایت کے معنی اس کے اقسام ہم اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کی تفسیر میں عرض کر چکے ہیں ۱۲۔

**خلاصۂ تفسیر**:۔ اے طلحہ و عباس یا اے قریش مکہ کیا تم نے یہ غضب کیا کہ حجاج کو پانی پلانے اور مسجد حرام شریف کی خدمت کو مومنوں کے اللہ رسول و آخرت پر ایمان لانے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے بہتر سمجھ لیا۔ تم نے سخت غلطی کی۔ تمہارے یہ اعمال مکہ معظمہ میں رہ گئے اور مومنوں کے وہ اعمال مکہ معظمہ سے دور مگر جناب مصطفیٰ کے حضور رہ کر نیز تم یہ مذکورہ اعمال کرنے والے اور مومن حضور کی صحبت میں رہنے والے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے سے افضل تو کیا برابر بھی نہیں ہو سکتے تم کعبہ کو دیکھنے والے جو لوگوں کو حاجی بناتا ہے وہ چہرۂ مصطفیٰ کو دیکھنے والے جو مومن کو صحابی بناتا ہے تم کعبہ کے حرم میں رہنے والے جس کے حدود چند میل ہیں وہ حرم رسول میں رہنے والے جس کے حدود شریف مشرق و مغرب ہیں تم اوس حرم میں رہنے والے جہاں جانور کو شکار سے امن ملتی ہے وہ اس حرم میں رہنے والے جہاں گنہگار کو عذاب سے امن ملتی ہے۔ شعر

خوف نہ کر ذرا رضا تو ہے عبد مصطفیٰ ۔۔۔ تیرے لیے امان ہے تیرے لیے امان ہے

مگر تم یہ باتیں مانو گے نہیں کیونکہ رب تعالیٰ کافر کو فرمانِ خدا و رسول ماننے کی ہدایت نہیں دیتا ہدایت اعمال ہدایت

marfat.com

ایمان کے بعد ہے۔"

**فائدے:۔** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:۔** اللہ تعالیٰ اپنے مخلص بندوں کی ایسی طرف داری فرماتا ہے کہ جو اُن پر اعتراض کرے اس کا خود جواب دیتا ہے دیکھو مشرکینِ مکہ یا حضرات طلحہ اور عباس نے جانثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی بڑائی بیان کی تو رب نے انہیں جواب دیا اس زمانے میں بذریعہ وحی جواب دیا جاتا تھا اب مخلوق کی زبان سے جواب دلوایا جاتا ہے آج کسی مقبول بندے کی کوئی بُرائی کرے تو دنیا اس کا منہ نوچ لیتی ہے یہ ہے خدا تعالیٰ کا جواب جو تا قیامت جاری رہے گا **دوسرا فائدہ:۔** کعبہ کے پاس رہنے سے حضور انور کے پاس رہنا افضل ہے دیکھو ان لوگوں نے حضرات صحابہ پر فخریہ طور پر کہا تھا۔ کہ ہم کعبہ کے خدام ہیں رب نے جواب دیا کہ یہ صحابہ میرے محبوب کے خدام اٰمَنَ بِاللّٰہِ میں یہ ہی تو فرمایا حضور کے غلام کا دوسرا نام مومن ہے کعبہ حاجی بناتا ہے حضور مومن کو صحابی بناتے ہیں۔" **تیسرا فائدہ:۔** حضور صلے اللہ علیہ وسلم۔ کعبہ معظمہ۔ کتاب اللہ قرآن مجید عرش و فرش سب سے افضل ہیں کہ اُن کے صحبت یافتہ کعبہ والوں قرآن والوں سے افضل۔ اس کی مفصل بحث ہماری کتاب مرآت جلد ہشتم میں ملاحظہ کرو **چوتھا فائدہ:۔** نبی کی اولاد نبی کا رشتہ دار ہونا کمال نہیں بلکہ نبی کا امتی یعنی مومن ہونا کمال ہے دیکھو اس آیت کریمہ میں حضور کے رشتہ داروں پر مومن مہاجرین و انصار کو فضیلت دی گئی ہے جو حضور کے امتی اور مجاہد صحابی تھے کہ فرمایا لَا یَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰہِ نوح علیہ السلام کے بیٹے کنعان کو ڈبو دیا گیا۔ کہ وہ نبی کا بیٹا تو تھا مگر امتی نہ تھا۔ اجنبی مومنوں کو بچا لیا گیا کشتی میں سوار کر لیا گیا کیونکہ وہ اگرچہ نبی کی اولاد نہ تھے مگر امتی تھے ہاں جسے اللہ تعالیٰ نبی سے نسب اور نسبت دونوں۔

عزتیں بخشے تو سبحان اللہ بڑی ہی خوش نصیبی ہے **پانچواں فائدہ:۔** ایمان کے بغیر کوئی نیکی کہیں رہنا کہیں رہ کر عبادت کرنا قبول نہیں سب کی قبولیت کے لیئے ایمان ایسا ضروری ہے جیسے نماز کیلئے وضو۔ یہ فائدہ کَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ الخ سے حاصل ہوا دیکھو مشرکین کو اُن کے شرک کی وجہ سے مکہ معظمہ میں رہنا کعبہ کی خدمت کرنا وغیرہ کچھ مفید نہ ہوا۔"

**پہلا اعتراض:۔** اس آیت سے معلوم ہوا ہے کہ غیر صحابی مومن مجاہد صحابی غیر مجاہد سے افضل ہو کہ یہاں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا گیا کہ مدینہ کے مومن مجاہد تم سے افضل ہیں اگرچہ تم کعبہ کے خدام ہو تو چاہیئے کہ قیامت تک کے مجاہدین مومنین اُن صحابہ سے افضل ہو لیکن جو جہاد نہ کر سکے **جواب:۔** یہاں صحابہ کے متعلق گفتگو ہے کہ صحابی مجاہد غیر مجاہد صحابی سے افضل ہے۔ اگرچہ غیر مجاہد خادم کعبہ ہی کیوں نہ ہو بعد کے لوگ اگرچہ کتنے ہی نیک ہوں مگر صحابی کے گردِ قدم کو نہیں پہنچتے یہاں صحابی کا صحابی سے مقابلہ ہے نہ کہ تمام دنیا کے مجاہدوں غوث و قطب سے ایک صحابی جو ایک آن کے لیئے حضور کی صحبت میں بیٹھا وہ افضل ہے اس کے دلائل ہماری کتاب امیر معاویہ میں دیکھو۔

marfat.com

**دوسرا اعتراض:۔** اگر یہ آیتِ کریمہ مشرکین مکہ کے جواب میں آئی جو اپنے کو مومنین صحابہ سے افضل کہتے تھے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اچھے تو وہ بھی ہیں مگر مومن صحابہ اُن سے زیادہ اچھے ہوں حالانکہ مشرک تو کسی طرح اچھا نہیں ہوسکتا۔ **جواب:۔** اس کا جواب انشاء اللہ اگلی آیت میں اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰہِ کی تفسیر میں دیا جائے گا یہاں اتنا سمجھ لو کہ یہاں مشرکین کے عقیدے پر گفتگو ہو رہی ہے کہ تمہارے عقیدے میں خدمت کعبہ حجاج کو پانی پلانا تمہارے لیے افضل ہے اگر تمہارا یہ خیال درست ہو تب بھی مومنین غازی تم سے افضل ہونے چاہئیں کہ تم جسمانی عبادت کرتے ہو وہ دلی عبادت نیز آرام کی عبادت کرتے ہو وہ میدانِ جہاد میں جان مال کی بازی لگاتے ہیں **تیسرا اعتراض:۔** یہاں ارشاد ہوا کہ اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا مگر قرآن کریم اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم هُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ہیں سارے جہانوں کے لیے ہدایت کیا کفار جہانوں سے الگ ہیں **جواب:۔** ہدایت بمعنی راہ دکھانا سب کو ہے مگر ہدایت بمعنی قبول توفیق دینا منزل پر پہنچانا کسی نصیب والے کو میسر ہے قرآن وحدیث کا ہدایت دینا عام ہے مگر ہدایت لینا عام نہیں۔"

**تفسیر صوفیانہ:۔** اس آیت کریمہ میں کعبہ والوں اور محبوب والوں کعبہ میں رہنے والوں دامنِ محبوب میں بسنے والوں کے عجیب مناظرے اور عرش والے رب کے عجیب فیصلہ کا ذکر ہے کعبہ والوں نے کہا کہ ہم کعبہ کے حرم میں رہنے والے ہیں مدینہ والوں نے کہا ہم محبوب کے حرم میں رہنے والے ہیں انہوں نے کہا ہم خدام کعبہ کے ہیں یہ بولے ہم خدام آستانہ ہیں رب تعالیٰ نے عجیب فیصلہ فرمایا کہ یہ مہاجر وہ لوگ ہیں جنہوں نے جہاد یعنی مشقت فی سبیل اللہ کی اس طرح کہ بمشکل تمام کعبہ کو چھوڑ کر مکہ سے سفر کر کے مدینہ۔ منزل بہ منزل میرے محبوب تک پہنچے گویا مجھ تک پہنچے انہوں نے وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ کی عملی تفسیر کر کے دکھائی۔ شعر۔

مہاجر چھوڑ کر کعبہ بسے آکر مدینہ میں مدینہ ایسی بستی ہے مدینہ ایسی بستی ہے

یہ دونوں برابر نہیں کہ تم کعبہ والے ہو یہ محبوب والے ہیں تو اللہ والے بھی عشاق کہتے کہ کعبہ میں رہنے والے مدینہ میں رہنا افضل ہے اگرچہ کعبہ کی عبادت کا ثواب زیادہ ہے مگر مدینہ کی عبادت کا ثواب الٰہی زیادہ

روحِ نماز ہے یہی اصلِ نماز ہے یہی میں تیرے روبرو رہوں تو میرے روبرو رہے

صوفیاء فرماتے ہیں کہ جہاد فی سبیل کا ایک ڈھانچہ ہے دوسری روح ایک مجاز ہے دوسرا حقیقت جس جہاد سے کفار کو مغلوب کیا جائے ملک و غنیمت حاصل ہو وہ مجازی جہاد ہے جس جہاد سے نفس امارہ کو مغلوب کیا جائے اور عشق رسول خوف خدا میسر ہو وہ جہاد حقیقی ہے۔ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ اس لیے یہاں ایمان اور جہاد فی سبیل اللہ کو ملا کر ذکر فرمایا۔"

marfat.com

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ

وُہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا اللہ کی راہ میں مالوں سے اپنے

وُہ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال وجان سے اللہ کی راہ میں

وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝۲۰

اور جانوں سے اپنی بڑے ہیں درجے میں نزدیک اللہ کے اور یہ لوگ کامیاب ہیں

لڑے اللہ کے ہاں اُن کا درجہ بڑا ہے اور وُہ ہی مراد کو پہنچے

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا

خوشخبری دیتا ہے اُن کو رب اُن کا رحمت کی اپنی طرف سے اور رضامندی کی اور جنتوں کی ان کے لیے

اُن کا رب انہیں خوشی سناتا ہے اپنی رحمت اور اپنی رضا اور ان باغوں کی جن میں انھیں

نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝۲۱ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

ان میں نعمتیں ہیں ہمیشہ کی ہمیشہ رہیں گے اس میں تحقیق اللہ

دائمی نعمت ہے ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے بے شک اللہ

عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

اس کے نزدیک ثواب ہے بڑا

کے پاس بڑا ثواب ہے

**تعلق ۱:۔** ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق ۱:۔** پچھلی آیات میں یہ تو بتایا گیا ہے کہ مومنین مجاہدین اور دوسرے لوگ برابر نہیں مگر یہ نہ بتایا گیا تھا کہ ان میں افضل کون ہے اور مفضول کون اب اس آیت کریمہ میں اس امر کا فیصلہ کیا جا رہا ہے کہ مومن مجاہدین افضل ہیں کہ دوسرے لوگ مفضول گویا یہ آیت گذشتہ آیات کی تفصیل بلکہ تفسیر و تشریح ہیں" **دوسرا تعلق ۲:۔** پچھلی آیات میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ مومن مجاہدین اور دوسرے

marfat.com

لوگ برابر نہیں مگر اس کی دلیل بیان نہیں ہوئی تھی کہ کیوں برابر نہیں اب ان آیات میں اس دعوے کی دلیل ارشاد ہے کہ مسجد نبوی مسجد حرام کی آبادی حجاج کی خدمت وغیرہ آرام کی عبادات وغیرہ ہیں جن سے ناموری بھی ہوتی ہے اور دولت بھی ملتی ہے مگر ہجرت وجہاد مشقت والی عبادتیں ہیں تم لوگ اپنی عبادات سے کماتے ہو یہ مہاجرین مجاہدین گنواتے بلکہ لٹاتے ہیں مہاجر وطن گنواتے ہیں اور مجاہد مال وجان لٹاتے ہیں گویا پچھلی آیات میں دعویٰ تھا ان آیات میں اس کی دلیل ہے **تیسرا تعلق**:۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہے کہ مجاہدین اور مومنین اور دوسرے لوگ برابر نہیں اب ارشاد ہو رہا ہے کہ دونوں نہ دنیا میں برابر ہیں نہ آخرت میں ان مجاہدین کو دنیا میں رب کی طرف سے بشارتیں ہیں آخرت میں جنت کی نعمتیں وہ بھی اعلیٰ درجہ کی۔ دوسرے کو یہ نصیب نہیں چوتھا تعلق۔ پچھلی آیات میں ظالمین یعنی کافرین کی پھٹکار کا ذکر تھا کہ اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا۔ اب مومنین مہاجرین کی رحمت کا ذکر ہے کہ اللہ انہیں کیا کیا نعمتیں دیتا ہے گویا محرومین کے بعد مرحومین کا تذکرہ ہے۔

**تفسیر** اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ظاہر یہ ہے کہ الذین سے مراد حضرات صحابہ کرام ہوں جنہیں ایمان شعوری عطا ہوا کہ وہ حضور انور کی ذات وصفات معجزات۔ حالات کمالات آنکھوں سے دیکھ کر ایمان لائے بلکہ انہوں نے وہ آنکھ دیکھ لی جس نے خدا کو دیکھا تو ان آنکھوں کے واسطہ سے انہوں نے خدا تعالیٰ کو دیکھ لیا۔ اس ایمان میں ان کا کوئی شریک نہیں۔ شعر

جن نیناں نے دلبر دیکھا وہ نیناں تکیاں :: تو ملیوں تو دلبر ملیوں ہن آساں مگ پیاں

اس ایمان شہودی کی تمنا حضرت ابراہیم نے کی تھی وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ اور ہجرت سے مراد ہے مکہ معظمہ سے مدینہ کی طرف بلکہ اپنے طرف سے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کرنا گویا وطن چھوڑنا حضور کو پالینا یہ ہجرت بھی اُن کے سوا تاقیامت کسی کو میسر ہو گی نہیں اور جہاد سے بھی حضور انور کے ساتھ رہ کر جہاد کرنا مراد ہے اگر شہید ہوں تو حضور انور کے تکتے تکتے جان نکلے۔ شعر

نام نامی ہے اُن کا وردِ زباں ذکر ہوتا ہے سانس چلتا ہے
آخری وقت ہو اُن کے قدموں میں سر دیدہ ہوتی ہے دم نکلتا ہے

ایسا جہاد بھی اُن کے سوا کسی کو میسر نہ ہوا سبیل اللہ سے مراد اخلاصِ تام ہے جس میں دنیا طلبی کو بالکل دخل نہ ہو۔ اموال میں ہر قسم کا مال داخل ہے اور یہاں ان صحابہ کی فضیلت اُن صحابہ پر بیان ہو رہی ہے جو ایمان لائے مگر اپنے گھروں میں آرام سے رہے خدمت کعبہ حجاج کی تو اضح کو ان کاموں سے افضل سمجھتے رہے اس صورت میں آیۃ کریمہ بالکل واضح ہے اور اس پر کوئی اعتراض نہیں اور ہو سکتا ہے کہ الذین سے مراد تاقیامت مومنین ہوں اور ہجرت وجہاد سے عام ہجرتیں اور جہاد ہوں تب مقابلہ دوسرے مسلمانوں

marfat.com

ہے ہوگا یعنی. مومنین مہاجرین مجاہد دوسرے اُن عام مسلمانوں سے بہتر ہیں جو ہجرت و جہاد نہ کر سکے اب مقابلہ حضرات صحابہ سے نہ ہوگا۔ کیونکہ مقابلہ جنس کا جنس سے ہوتا ہے ہم لوگ اور درجہ کے مومن مہاجر اور مجاہدین حضرات صحابہ کرام کسی اور ہی اعلیٰ درجے کے مومن ہیں۔ اُن کے ایک نظر حضور کو دیکھنے پر ہمارے عمر بھر کے نیک اعمال قربان ہوں اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ یہ فرمان عالی اَلَّذِیْنَ کی خبر ہے اس کی تفسیر میں بہت دشواری محسوس ہوگی ہے قوی یہ ہے کہ اگر یہ مقابلہ حضرات صحابہ کا مشرکین عرب سے ہے تو بمعنی عظیم ہے نہ کہ بمعنی تفضیل کیونکہ مشرکین کا اللہ کے نزدیک کوئی درجہ نہیں تاکہ یہ لوگ ان سے بڑے درجہ میں ہوں جیسے اَفَمَنْ یَّهْدِیْ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْ (الم) وہاں احق بمعنی احقیق ہے جیسے قُلِ اللّٰهُ خَیْرٌ اَمَّا یُشْرِكُوْنَ یا جیسے ذٰلِكَ خَیْرٌ اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ یا جیسے اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ یَوْمَئِذٍ خَیْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِیْلًا ان سب آیات میں لفظِ خیر مقابلہ کے لیئے نہیں (تفسیر کبیر) اور اگر مجاہد و مہاجر مومنین یا مہاجر و مجاہد صحابہ کا مقابلہ غیر مہاجر غیر مجاہدین مومنین یا صحابہ سے ہے تو اعظم اپنے ہی معنی میں ہے یعنی بہت ہی بڑے دوسرے لوگ کم بڑے درجہ سے مراد مرتبہ۔ رتبہ۔ عزت و کرامت ہے نہ کہ مکان منزل (خازن بیان) عند اللہ سے مکان و جگہ کا قرب مراد نہیں کہ رب تعالیٰ جگہ اور مکان سے پاک ہے بلکہ عندیت قرب کی۔ جیسے رب فرماتا ہے وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ ۔ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۔ یہ عبارت حصر کیئے ہے۔ یعنی صرف یہ ہی لوگ کامیاب ہیں اگر مقابلہ مشرکین سے ہے تو مطلب ظاہر ہے کہ صرف یہ لوگ کامیاب ہیں مشرکین۔ کامیاب نہیں اگرچہ وہ کعبہ کی حفاظت کریں یا حاجیوں کی خدمت اور اگر مقابلہ دوسرے مومنین سے ہے تو فوز سے مراد اعلیٰ درجہ کی کامیابی ہے یعنی اگرچہ دوسرے مومن بھی کامیاب ہیں مگر یہ حضرات اول درجہ کے کامیاب فوز کے معنی ہیں دین و دنیا میں کامیابی پانا سعادت پانا مراد کو پہنچنا۔ یُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ یہ اُن خوش نصیبوں کی تیسری سعادت ہے یبشر بنا ہے بشارت سے بشارت وہ خوشخبری جس کو سن کر بشرہ یعنی چہرہ کھل جائے یہ مضارع یا بمعنی حال یا بمعنی استقبال یعنی دنیا میں ہی رب تعالیٰ انہیں خوشخبری دیتا ہے یا حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ یا اس طرح کہ دنیا انہیں ولی مقبول محبوب مانتی ہے ان کے عرس ختم کراتی ہے کہ یہ اللہ کی بشارت ہے یا مرتے وقت فرشتوں کے ذریعہ خوش خبری دیگا یا اَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ اِلٰى رَبِّكِ یا قیامت میں جنت میں براہِ راست رب خوشخبری دے گا یا بذریعہ ملائکہ کے رحمت کی تنوین عظمت کی ہے یعنی بڑی ہی رحمت کی۔ اس سے مراد گناہوں کی معافی بے شمار عطیاتِ خسروانہ کی عطا رحمت سے مراد رحمتِ خاصہ ہے۔ جو ان ہی لوگوں کی عطا ہوگی دوسرے مسلمانوں کو نہیں رِضْوَانٍ ۔ یہ معطوف ہے رحمت سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کا راضی ہونا کبھی ناراض نہ ہونا خیال رہے کہ اللہ کی رضا دوسری نعمتوں سے بڑھ کر ہے جیسا کہ احادیث سے معلوم

marfat.com

ہوتا ہے اس رحمت و رضوان سے مراد یا تو دنیا میں رحمت و رضا کی عطا ہے کہ رب کی رحمت سے انہیں ایمان ملا اعمال خیر کی توفیق ملی پھر وہ عمل قبول ہوئے اور رب تعالیٰ اُن سے راضی ہوا یا جنت و رضا مراد ہے۔ رب تعالیٰ جنتیوں سے فرمائے گا کہ تم کو ایسی نعمت دوں گا جو تمام نعمتوں سے اعلیٰ ہے وہ یہ کہ تم سے راضی رہوں گا کبھی ناراض نہ ہوں گا ہی نہیں اللہ نصیب کرے وَجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۔۔۔ یہ عبارت معطوف ہے رضوان پر چونکہ ایک ایک جنتی کو بہت جنتیں عطا ہوں گی اس لیے جَنّٰت جمع ارشاد ہوا لَهُمْ یا تو جنت کی صفت ہے اور لام ملکیت کا یعنی یہ باغات اُن کی ملکیت ہوگی یا لَهُمْ خبر مقدم ہے اور نعیم مقیم مبتدا مؤخر ہم کا مرجع وہ جنتی لوگ ہیں فیہا کی ضمیر یا جنات کی طرف ہے یا رحمت کی طرف نعیم کے معنی ہیں نعمت یا وہ نعمت جو کامل ہو اور کسی تکلیف سے مخلوط نہ ہو مقیم دائمی کہ نہ نعمت فنا ہو نہ نعمت والے اور نہ نعمت اُن سے منتقل ہو نہ وہ نعمت سے نیز کسی نعمت کے لیے کوئی موسم مقرر نہ ہو ہمیشہ رہے نیز کسی نعمت سے جنتی کا پرہیز نہ ہو۔ طبی و شرعی ممانعت نہ ہو خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا یہ فرمانِ عالی لَهُمْ کی ضمیر سے حال ہے اور یا تو مقیم کا بیان ہے یا تصویر کا دوسرا رخ کہ نعمتیں ہمیشہ رہیں گی کیونکہ وہ مقیم ہیں اور وہ ہمیشہ رہیں گے کیونکہ وہ خَالِدِيْنَ ہیں فیہا کا مرجع یا جنات ہے یا رحمت یا نعیم ابد فرما کر بتایا کہ خلود بمعنی دوام ہے نہ کہ بمعنی دراز قیام۔ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ یہ فرمان عالی یا پہلے فرمان کی تاکید ہے تو اجر عظیم سے مراد وہ ہی مذکورہ نعمت ہے یا یہ علیحدہ خبر ہے تو اجر عظیم سے مراد مذکورہ نعمتوں کے علاوہ اور نعمتیں مثلاً وہاں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا دیدار بلکہ خود رب تعالیٰ کا دیدار جو تمام نعمتوں سے اعلیٰ و افضل ہے۔ عظیم فرما کر بتایا کہ وہ ثواب تمام دنیا سے بڑا تمہارے خیال تمہارے اعمال سے بڑا۔ ابھی تمہارا خیال بھی وہاں تک نہ پہنچے گا انشاء اللہ دیکھ کر ہی معلوم ہوگا۔"

**خلاصہ تفسیر:** ان آیات کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی تین صفات بیان فرمائیں۔ ایمان۔ ہجرت مالی جانی جہاد کے مقابلے میں تین عطاؤں کا ذکر فرمایا۔ رحمت۔ رضوان اور جنت ان دونوں کی ترتیب ایسی پیاری ہے کہ سبحان اللہ پہلے ایمان کا ذکر فرمایا۔ کیونکہ یہ تمام عبادات کی جڑ ہے پھر ہجرت کا کیونکہ یہ جہاد کی موقوف علیہ ہے کفار میں پھنسے ہوئے مسلمان جہاد نہیں کر سکتے دار الاسلام میں پہنچ کر ہی کر سکتا ہے پھر جہاد کا۔ جہاد میں مالی جہاد کا ذکر پہلے کہ مال اوّلاً خرچ کیا جاتا ہے اور جانی جہاد کا ذکر بعد میں ہے کیونکہ جان بعد میں ہے یوں ہی جزائیں پہلے رحمت کا ذکر ہوا جو ایمان کی جزاء ہے کیونکہ یہ ایمان پر موقوف ہے اور ایمان کی طرح تمام نعمتوں سے عام بھی پہلے بھی پھر رضوان کا ذکر ہوا جو احسان کی انتہا ہے یہ جہاد کی جزاء قرار پائی ہے کہ مجاہد نے جہاد میں مال و جان کی قربانی دی ہے رب نے انہیں اس کے عوض اپنی رضاء عطا کی پھر جنتوں کا ذکر ہوا۔ ہجرت کی جزاء کہ مہاجر نے راہ خدا میں اپنا وطن چھوڑا تو رب نے انہیں بہترین وطن یعنی جنت عطا فرمائی۔ چونکہ ہجرت میں اپنی دولت عزیز و اقارب گھر بار ہی چھوڑنا پڑتا ہے

marfat.com

اس کے عوض رب نے فرمایا انہیں وہاں کی نعیم مقیم بخشیں (روح المعانی) اس آیت کریمہ کی چند تفسیریں ہیں جیسا کہ ہم ابھی تفسیر میں عرض کر چکے ہیں ہم اُن میں سے ایک تفسیر کا خلاصہ کرتے ہیں مہاجر مجاہدین مومن غیر مجاہدین غیر مہاجر کے برابر نہیں کیونکہ جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور ہجرت کی اور اپنے مال وجان سے اللہ کی راہ میں اخلاص سے جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑے درجے والے ہیں یہ ہی لوگ اوّل درجے کے کامیاب ہیں اللہ تعالیٰ انہیں دنیا میں بواسطہ رسول اور بواسطہ زبان خلق بشارت دیتا ہے اور مرتے وقت فرشتوں کے واسطے سے قبر و جنت میں بلاواسطہ بشارت دیگا اپنی رحمت خاصہ کی اپنی رضامندی کی اور ایسی جنتوں کی جو اُن کی دائمی ملک ہونگی اُن کو نہ فنا ہے نہ موسم وغیرہ کی پابندی ادھر یہ لوگ بھی اُس میں ہمیشہ رہیں گے نہ وہاں سے نکلیں نہ انہیں موت آئے اُن کے لیئے اللہ کے نزدیک اور بہت بڑے ثواب ہیں۔ رہے غیر مہاجر غیر مجاہد مومنین اگرچہ جنتی وہ ہیں مگر اُن کے درجے ان کے برابر نہیں۔ رہے مکہ معظمہ کے مشرکین وہ اگرچہ حفاظتِ کعبہ آبادیِ مسجد حرام خدمتِ حجاج کریں وہ ان میں سے کسی ثواب کے مستحق نہیں اوّلاً تو وہ ایمان سے محروم ہیں دوسرے وہ ایسی عبادتیں کرتے ہیں جن میں تکلیف کوئی نہیں آرام وہ عبادت کے ساتھ ہی مال آمدنی اور عزت یہ عبادات کے ذریعے کماتے ہیں وہ مومنین گنواتے ہیں۔ کہ ہجرت کرکے اپنے گھر بار مال دولت عزیز و اقارب چھوڑ کے جہاد کرکے اپنا مال اپنی جان قربان کی یہ لوگ اُن کے درجہ کو کیسے پہنچ سکتے ہیں۔"

**فائدے:۔** ان آیات سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:۔** ایمان ہجرت جہاد سے افضل ہے یہ فائدہ مذکورہ ترتیب سے حاصل ہوا کہ ہجرت کا ذکر جہاد سے پہلے ہوا۔ **دوسرا فائدہ:۔** مہاجرین صحابہ حضرات انصار سے افضل ہیں کیونکہ انہوں نے اللہ کے لیئے ترکِ وطن کیا اسلیئے ہمیشہ سے مہاجرین کا ذکر قرآن مجید میں انصار سے پہلے ہوتا ہے مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر ہجرت نہ ہوتی تو ہم انصار میں سے ہوتے۔ مگر خیال رکھنا کہ انصار کی شان بھی ہمارے وہم و گمان سے ورا ہے یہ ہمارے نبی کے میزبان ہوئے مہاجرین پناہِ اسلام کی اشاعت کرنے والے ہیں۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہم نے سب کے احسانات کے بدلے کر دیئے سوا ابوبکر صدیق اور انصار کے ان کا بدلا رب تعالیٰ سے کروایا جائے گا۔ **تیسرا فائدہ** جہاد تین طرح کا ہے مرف مالی جہاد جیسے کسی مجاہد کو سامانِ جہاد دیکر محاذ پر بھیجنا۔ صرف جانی جہاد خود میدان میں جانا جیسا مسلمین مجاہد کرتے تھے جان و مال دونوں سے جہاد کہ خود بھی میدان میں جانا اور دوسرے مجاہدین کو سامان بھی دینا جیسے حضرت عثمان غنی صدیق اکبر کے جہاد۔ ان سب میں آخری جہاد سب سے افضل ہے۔ یہ تینوں فائدے اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً سے بھی حاصل ہوئے۔

**چوتھا فائدہ:۔** بہتر یہ ہے کہ جہاد میں ہر قسم کا مال خرچ کرے۔ کھانا۔ کپڑا۔ سواری۔ ہتھیار یہ فائدہ

marfat.com

اَمْوَالِہِمْ جمع فرمانے سے اشارۃً حاصل ہوا **پانچواں فائدہ**:۔ جہاد میں صرف ملک گیری۔ غنیمت۔ ناموری کی نیت نہ ہو بلکہ محض اللہ رسول کی خوشنودی اُس کی رضا کی نیت ہو بلکہ ہجرت میں صرف پناہ لینے مال دولت حاصل کرنے کی نیت نہ ہو رضاءِ الٰہی مقصود ہو یہ فائدہ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فرمانے سے حاصل ہوا دیکھو تفسیر جو ابھی کی گئی۔ **چھٹا فائدہ**:۔ حضور انور کے کام درحقیقت رب تعالیٰ کے کام ہیں۔ دیکھو ان حضرات کو خوشخبری حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دی مگر ارشاد ہوا۔ یُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ جیسا کہ اس کی ایک تفسیر سے معلوم ہوا **ساتواں فائدہ**:۔ مخلوق میں اپنا اچھا چرچہ اللہ تعالیٰ کی خاص نعمت ہے یہ فائدہ یُبَشِّرُهُمْ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا کہ بشارت سے مخلوق کی گواہی مراد ہے کہ فلاں شخص ولی ہے مقبول ہے وغیرہ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعاء کی تھی وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ خدایا میرا اچھا چرچہ دنیا میں رکھ دیکھ لو آج یہودی عیسائی مسلمان بلکہ ہندو بھی اُن کی تعریفیں کر رہے ہیں حتیٰ کہ درود ابراہیمی میں آپ پر درود پڑھا جاتا ہے حضور کے ساتھ حج۔ قربانی۔ ختنہ۔ کعبہ معظمہ بلکہ خود شہر مکہ۔ مقام ابراہیمی۔ آب زمزم اور سب سے بڑھکر حضور انور جناب ابراہیم کی یادگاریں ہیں۔ علیہ السلام۔ **آٹھواں فائدہ**:۔ اللہ کی رضا تمام نعمتوں سے اعلیٰ ہے یہ فائدہ ورضوان کو رحمت کے بعد ذکر فرمانے سے حاصل ہوا رضاءِ الٰہی کے لیئے امام حسین رضی اللہ عنہ نے کربلا میں مصیبتیں جھیلیں۔ اس رضا کے لیئے جہاد۔ ہجرت۔ نمازیں بلکہ ساری عبادتیں کی جاتی ہیں۔ **نواں فائدہ**:۔ جنت اور وہاں کی نعمتیں یوں ہی جنتی اور ان کا نعمتوں سے فائدہ اٹھانا یہ سب کے سب فنا سے محفوظ ہیں ان سب کے لیئے دائمی بقاء ہے یہ فائدہ نعیم کو مقیم فرمانے اور جنتیوں کے متعلق خَالِدِیْنَ فِیْهَا اَبَدًا فرمانے سے حاصل ہوا۔ یہ مضمون بہت وسیع ہے۔"

**پہلا اعتراض**:۔ رب تعالیٰ نے یہ تو فرمایا کہ مومن مہاجرین بڑے درجے والے ہیں یہ نہ فرمایا کہ کس سے بڑے ہیں یعنی اعظم اسم تفضیل ہے مفضّل تو الذین اٰمنوا ہے مفضّل علیہ کون ہے۔ **جواب**:۔ اگر اعظم بمعنی عظیم ہے تب تو یہ سوال پیدا ہی نہیں ہوتا اور اگر اپنے معنی اسم تفضیل میں ہے تو مفضل علیہ کا ذکر نہیں کیا گیا جس سے معلوم ہوا کہ سب سے اعظم ہیں۔ ایسے موقعوں پر کسی چیز کا پوشیدہ کرنا عموم اور اطلاق کا فائدہ دیتا ہے **دوسرا اعتراض**:۔ تو کیا آج کل کے وہ مومن جو مہاجر بھی ہوں اور مجاہد بھی وہ اُن صحابہ سے افضل ہیں جو مجاہد مہاجر نہ تھے کیونکہ اعظم کے معنی ہیں سب سے افضل۔ **جواب**:۔ اگر اٰمَنُوْا سے مراد شہودی ایمان یعنی حضور انور کو دیکھ کر ایمان لانا ھَاجَرُوْا سے مراد ہو مدینہ طیبہ ہجرت کر کے حضور کے پاس آنا اور جہاد سے مراد ہو حضور کے ساتھ جہاد کرنا۔ حضور کو تکتے تکتے شہید ہونا تب یہ سوال پیدا ہوتا ہی نہیں کیونکہ اب آیت کے معنی یہ ہیں کہ مجاہدین مہاجرین صحابہ غیر مہاجرین غیر مجاہدین صحابہ سے اعظم ہیں ہم جیسے مہجوروں کا ذکر ہی نہیں اور اگر مطلقاً مومن مہاجر مجاہد لوگ مراد ہوں تو مقابلہ جنس کا جنس سے ہوتا ہے اب معنی یہ ہوں گے عام

marfat.com

مہاجر مجاہد مومنین عام غیر مجاہد غیر مہاجرین سے اعظم ہیں اور مہاجر مجاہد صحابہ غیر مجاہد صحابہ سے اعظم ہیں یعنی غیر صحابی کا مقابلہ صحابی سے نہ ہوگا۔ **لطیفہ**:۔ حضرت محدث کچھوچھوی قدس سرہ سے کسی نے پوچھا کہ حضور غوثِ اعظم کا درجہ بڑا ہے یا امام اعظم کا تو جواب دیا کہ غوث اعظم حضرات اولیاء اللہ کے چوٹی کے سردار ہیں اور امام اعظم حضرات علماء فقہاء کے چوٹی کے سردار ہیں دونوں کا درجہ بڑا ہے مقابلہ ایک طبقہ کے لوگوں سے ہوتا ہے اگر کوئی پوچھے کہ سپرنٹنڈنٹ پولیس کا درجہ بڑا ہے یا کلکٹر کا۔ تو غلط سوال کرتا ہے یہ دونوں اپنے اپنے محکمہ کے چوٹی کے افسر ہیں ہاں یہ پوچھو کہ تھانیدار کا درجہ بڑا ہے یا سپرنٹنڈنٹ پولیس کا تو سوال درست ہوگا یہ دونوں ایک ہی محکمہ کے افسر ہیں حضرات صحابہ اور طبقہ کے مسلمان ہیں جن کے قدم تک دوسروں کے سر کی رسائی نہیں ہوتی اُن سے دوسروں کا مقابلہ کیسا؟ **تیسرا اعتراض**:۔ کیا امام حسین سے حضرت بلال وعثمان فارسی افضل ہیں کہ وہ حضرات مومنین مہاجر۔ مجاہد سب ہی کچھ ہیں اور حضرت حسین نہ مہاجر ہیں اور نہ مجاہد۔ **جواب**:۔ کربلا نے حضرت حسین کو یہ تمام منزلیں طے کرادیں وہ اس سفر میں بے مثال غازی۔ بے مثال مہاجر بے مثال مجاہد بے مثال روزے دار گھر بار راہ خدا میں لٹانے والے ہوئے۔ کون کہتا ہے کہ وہ مہاجر و مجاہد نہ تھے تا قیامت مہاجرین و مجاہدین کی ہجرت و جہاد ان کے قدم کے صدقے سے قبول ہوں گے۔ شعر

شاہ است حسین بادشاہ است حسین — دین است حسین دین پناہ است حسین
جاں داد نہ داد دست در دستِ یزید — حقّا کہ بنائے لا الٰہ است حسین

**چوتھا اعتراض**:۔ اگر اس آیت میں مومن صحابہ کا مقابلہ مشرکین مکہ سے کیا ہے جیسا کہ ایک شان نزول سے معلوم ہو چکا تو اعظم فرمانا کیونکر درست ہو کیونکہ مشرکین کا تو کوئی درجہ عند اللہ ہے ہی نہیں پھر اُن سے بڑا درجے والا ہونے کے کیا معنی **جواب**:۔ مفسرین خصوصاً تفسیر کبیر نے اس کے چند جواب دیئے ہیں ۱ یہ فرمانِ عالی مشرکین مکہ کے عقیدے کے لحاظ سے ہے جو اپنے کو حفاظتِ کعبہ عمارۃِ مسجدِ حرام خدمتِ حجاج کی وجہ سے سب سے بڑا کہتے تھے فرمایا کہ تم سے بڑے مومن مہاجرین ہیں کہ تمہاری عبادات آرام کی ہیں جن میں نفسانی نفع ہے اُن کی عبادات مشقت کی ہیں جن میں بظاہری دنیاوی نقصان ہی نقصان ہے ۲ ان آیات کا مقصد یہ ہے کہ یہ مہاجر مجاہدین مومنین دوسرے غیر مہاجر غیر مجاہدین مومنین سے بھی افضل و اعظم ہیں تو اے مشرکو تم کس شمار میں ہو ۳ یہاں اعمال کا مقابلہ اعمال سے ہے یعنی اے مشرکو تمہارے مذکورہ اعمال خدمتِ کعبہ وغیرہ سے ایمان آبادیِ مسجدِ حرام سے ہجرت۔ خدمتِ حجاج سے جہاد افضل ہے تو اے کافرو تمہارا تو ذکر ہی کیا ہے تمہارے یہ اعمال تو بالکل باطل ہیں۔"

marfat.com

**تفسیر صوفیانہ:۔** حق تعالیٰ نے یہاں تین نعمتوں کا ذکر کیا ہے۔ رحمت[1] رضوان[2] جنّات[3]۔ گناہگاروں کیلیے رب تعالیٰ کی رحمت ہے اطاعت شعاروں کے لیئے اس کی رضا اور سب مومنوں کے لیئے جنّات مگر ان رحمت کا ذکر پہلے کیا تاکہ گناہگار اس کے امیدوار ہو جائیں پتہ لگے کہ تمام جہان کے گنہگاروں کے گناہوں سے اس کی رحمت زیادہ ہے۔ شعر:۔

گنہِ ما فزوں شود ز شمار　　عفوت افزوں تر از گناہِ ہمہ
قطرۂ آبِ رحمتِ تو بس است　　شستنِ نامۂ سیاہِ ہمہ

دریاءِ رحمت کا ایک قطرہ ہم سب گنہگاروں کا سیاہ دفتر دھونے کے لیئے کافی ہے مگر چاہیئے یہ کہ گنہگار رحمتِ غفّار کا طلبگار رہے۔ طلب بڑی چیز ہے۔ شعر۔

دنیا داری و آخرت طلبی　　ایں ناز نجانۂ پدر باید کرد

اللہ دین کا خادم بنائے متخادم نہ بنائے خادم وہ جو مخدوم کی خدمت اس کے لیئے کرے متخادم وہ جو مخدوم کی خدمت اپنے فائدہ اپنی غرض کے لیئے کرے کفار مکہ کعبہ وغیرہ کے خادم نہ تھے متخادم تھے۔ مومنین مدینہ اگرچہ کعبہ سے دور تھے مگر کعبہ کے خادم تھے انہوں نے ہجرت و جہاد کعبہ کی خدمت کے لیے کیئے (از روح البیان) عبدیت اور عندیت دونوں ہی اچھی چیزیں ہیں مگر عبدیت سے عندیت یعنی قرب الٰہی بہت افضل و اعلیٰ ہے رب فرماتا ہے وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۔ اس لیئے یہاں ارشاد ہوا کہ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ جس سے اشارۃً بتایا گیا کہ اجر عظیم کے ساتھ ساتھ انہیں عندیت کا درجہ بھی ہوگا اللہ تعالیٰ کے بعض بندے۔ رحمت سے راضی بعض جنت سے بعض رضوان سے اور بعض رحمان سے اس آیۃ کریمہ میں اشارۃً ان چاروں بندوں کا ذکر کر دیا گیا ہے آخری لوگ پہلوں سے افضل ہیں اس لیئے اُن کا ذکر پہلے ہوا باقیوں کے لیئے رحمت و رضوان۔ جنّات کا ذکر بعد میں فرمایا گیا۔ (تفسیر کبیر)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْۤا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ

اے وُہ لوگو جو ایمان لاچکے نہ بناؤ تم اپنے باپوں اور اپنے بھائیوں کو دوست

اے ایمان والو اپنے باپ اور بھائیوں کو دوست نہ سمجھو

اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ

اگر وُہ پسند کریں کفر کو ایمان پر اور جو محبت کرے گا اُن سے

اگر وُہ ایمان پر کفر پسند کریں اور تم میں جو کوئی اُن سے دوستی کرے گا

marfat.com

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَ

پس یہی لوگ ظالم ہیں فرماؤ اگر ہوں باپ تمہارے اور

تو وُہی ظالموں میں ہے تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور

اَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ

بیٹے تمہارے اور بھائی تمہارے اور بیویاں تمہاری اور کنبہ تمہارا اور وُہ مال جو

تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری

اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ

کمائے تم نے اور وُہ بیوپار جو ڈرتے ہو تم اس کے گھاٹے سے اور وُہ مکانات

کمائی کے مال اور وُہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند

تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَ

کو پسند کرتے ہو تم زیادہ پیارے طرف تمہارے اللہ اور رسول سے اور

کے مکان یہ چیزیں اللہ اور اُس کے رسول اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ

جِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ

جہاد سے اُس کی راہ میں پس انتظار کرو تم یہاں تک کہ لائے اللہ حکم اپنا

پیاری ہوں تو راستہ دیکھو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾ ع

اور اللہ نہیں ہدایت دیتا بدکار قوم کو

اور اللہ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا

marfat.com

**تعلق ۱:** ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق ۱:** پچھلی آیات میں کفار پر جہاد کرنے کا حکم دیا گیا اب کافر قرابت داروں سے رشتہ توڑ لینے اُن سے علیحدہ ہو جانے کا تاکیدی حکم دیا جا رہا ہے گویا اجنبی کفار کے بعد قرابتِ کفار کے احکام بیان ہو رہے ہیں **دوسرا تعلق ۲:** پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ کفار کی نگرانیِ کعبہ۔ تعمیرِ مسجدِ حرام۔ خدمتِ کعبہ کچھ کام نہ آئے گی اب یہ ارشاد ہو رہا ہے کہ انہیں مومن صحابہ کی قرابت داری بالکل مفید نہیں ۔ **تیسرا تعلق ۳:** پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ مجاہد مہاجر مومنین بڑے درجے والے ہیں اب ارشاد ہے کہ کفار سے دلی تعلق رکھنے والے لوگ بدترین ہیں گویا تصویر کا ایک رُخ پہلے دکھایا گیا دوسرا رُخ اب دکھایا جا رہا ہے ۔

**شانِ نزول ۱:** جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ معظمہ سے ہجرت فرمائی تو وہاں سے مسلمانوں کو ہجرت کرنا واجب ہو گیا بلا عذر وہاں ہی رہنا حرام ہو گیا اس پر بعض نے ہجرت کا ارادہ کیا تو اُن کے بال بچے اُن سے لپٹ گئے اور بولے کہ ہم کو بے یار و مددگار کس پر چھوڑے جاتے ہو تمہارے پیچھے ہم برباد ہو جائیں گے اس پر وہ ہجرت سے رُک گئے اُن کے متعلق پہلی آیت لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ۔ نازل ہوئی یہ قول مجاہد کا ہے (خازن۔ کبیر۔ روح البیان) مگر یہ قوی نہیں کیونکہ یہ آیات فتح مکہ کے ایک سال بعد نازل ہوئیں اس وقت مکہ معظمہ کے سارے باشندے مسلمان ہو چکے تھے اور وہاں سے ہجرت کرنے کا سوال ہی نہ رہا تھا (تفسیر کبیر و خازن و روح البیان) ۲ ایک صحابی حاطب ابن بلتعہ نے فتح مکہ کے موقعہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارادوں سے کفارِ مکہ کو ایک عورت کے ذریعہ مطلع کرنے کی کوشش کی وہ عورت اور اس کے پاس سے یہ خط پکڑے گئے اُن کے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئی۔ (خازن روح البیان) ۳ جب سورۂ براءۃ کی گذشتہ آیات نازل ہوئیں جن میں مسلمانوں کو کفار سے تعلق توڑنے اُن سے بیزاری کا حکم دیا گیا تو بعض حضرات نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا کہ حضور یہ کیسے ہو سکے گا۔ اس سے تو ہمارے تجارتی کاروبار تک تباہ ہو جائیں گے اور اپنے بھائی بھتیجوں کو کیسے چھوڑا جائیگا تو اس پر یہ دونوں آیتیں نازل ہوئیں خزائن العرفان روح البیان کبیر) ۴ جو شخص پہلے مسلمان ہو کر مدینہ منورہ میں آئے پھر مرتد ہو کر بھاگ گئے اُن کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں جن میں اُن مرتدین کے قرابت دار مومنین کو ان سے بے تعلق ہو جانے کا حکم دیا گیا (تفسیر مدارک)

**تفسیر** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اگرچہ ان آیات کا نزول ایک خاص جماعت یا خاص شخص کے متعلق ہے مگر اس کا حکم تا قیامت مسلمانوں پر جاری ہے اس لیے اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے صرف حضرات صحابہ مراد نہیں بلکہ تا قیامت سارے مومنین مراد ہیں۔ چونکہ ان آیات کا حکم نفس پر شاق تھا اس لیے پہلے پیارے القاب

marfat.com

سے خطاب کیا پھر حکم سنایا تاکہ خطاب کی لذت سے یہ مشکل حکم آسان ہو جاوے چونکہ ایمان ایک روشنی ہے کفر تاریکی اس لیے صفت ایمان کا ذکر فرمایا کہ کافر اگرچہ تمہارا سگا باپ بیٹا ہو۔ مگر وہ ہے تمہارا ضد تم سے اُس کا اجتماع نہیں ہو سکتا۔ یہ خطاب نہایت ہی موزوں ہے "

لَا تَتَّخِذُوْا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ یہ ہے وہ حکم جس کے لیے ہم کو پکارا گیا۔ لَا تَتَّخِذُوْا عام ہے سمجھنا۔ کہنا دوستوں کا سا برتاؤ کرنا اس میں سب ہی داخل ہے چونکہ یہاں ولایت کا ذکر ہے نہ کہ محبت کا اس لیے صرف باپ و بھائی کا ذکر ہوا ولایت میں محبت اور مدد و نصرت دونوں کا اعتبار ہے (روح المعانی) ولایت وہ محبت جس میں رائے مشورہ مدد سب ہی ظاہر ہے کہ ایسی محبت بیوی بچوں سے نہیں ہوتی اس لیے صرف باپ دادا اور بھائیوں کا ذکر ہوا اولیاء جمع ہے ولی کی اس کے بہت معنیٰ ہیں۔ قریب۔ مددگار۔ دوست والی وارث وغیرہ یعنی اے مومنوں اپنے باپ دادا اور بھائیوں کو اپنا دوست نہ جانو نہ کہو۔ ان سے دوستی و محبت کا برتاؤ نہ کرو۔ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ یہ لَا تَتَّخِذُوْا کی شرط موخر ہے استحباب بنا ہے حب سے بمعنی محبت کرنا چونکہ اس میں اختیار اور حرص کے معنیٰ شامل ہیں اسلیے اس کے بعد علیٰ مقابلہ کا آیا یعنی اگر وہ ایمان کے مقابل کفر پسند کریں اُسے اختیار کریں اس شرط سے یہ بتایا کہ اگر وہ ایمان کی طرف مائل ہوں اور تم کو امید ہو کہ تمہارے ساتھ رہنے سہنے تمہارے اخلاق کے برتاؤ سے وہ مسلمان ہو جائیں گے تو تم مزدوران سے محبت کا برتاؤ کرو خیال رہے، کہ اس آیت کریمہ میں کافر باپ دادوں بھائیوں کی محبت سے منع فرمایا گیا ہے نہ کہ پدری مادری برادر کے حقوق ادا کرنے سے لہٰذا اُن کا حق ضرور ادا کیا جائے محبت اور ادائے حق میں بڑا فرق ہے فرماتا ہے وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وہاں والدین مطلق ارشاد ہوا یوں نہ فرمایا وَبِالْوَالِدَيْنِ الْمُؤْمِنَيْنِ اِحْسَانًا یہ بات وضاحت میں رہے لہٰذا یہاں نہ تو آیات میں تعارض ہے نہ اس آیت اور ان احادیث میں جن میں کافر ماں باپ سے سلوک کا حکم دیا گیا ہے " وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۔ اس فرمان عالی میں ان سے دوستی رکھنے کا نتیجہ ارشاد ہوا اور منکم میں خطاب مومنین سے ہے لفظ ظالم گنہگاروں اور کافر دونوں کو شامل ہے یعنی جو مسلمان خواہ کسی درجے کا ہو ان کا باپ دادوں سے محبت۔ قلبی۔ زبانی دلی رکھے تو وہ ظالم ہے اگر اُن کے عقائد سے محبت رکھے تو خود کافر ہے کہ کفر سے راضی ہونا کفر ہے اگر اُن کی ذات سے محبت رکھے تو سخت گنہگار ہے یہاں من کا عموم اور دوستی کے متعلق ہونے کا خیال رہے۔ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ۔

اس آیت کریمہ میں آٹھ چیزوں کا ذکر ہے پانچ قرابتدار اور باپ دادے۔ بیٹے۔ بھائی۔ بیوی۔ یا کنبہ والے

marfat.com

اور تین قسم کے مال کمایا ہوا مال۔ تجارتی مال۔ مکانات کوٹھیاں بلڈنگیں وغیرہ ان کی ترتیب بڑی پیاری ہے ان پانچ قرابتداریوں میں پہلے تین تو نسبی قرابت دار مذکور ہوئے پہلے باپ دادوں کا ذکر ہوا کہ انسان کو ان سے پیدائشی تعلق ہوتا ہے اولاد شادی کے بعد میسر ہوتی ہے وہ بھی سب کو نہیں پھر اولاد کا کہ ان سے قدرتی طور پر انسان کو بہت محبت ہوتی ہے خصوصاً بیٹے سے آباء میں باپ اور بیٹوں کے مقابلہ میں کم آباء میں باپ دادے اور ابناء میں بیٹے پوتے داخل ہیں اس کے بعد بھائیوں کا ذکر فرمایا کہ ان سے محبت مال باپ اور بیٹوں کے مقابلہ میں کم ہوتی ہے بھائیوں میں سگے۔ سوتیلے سارے بھائی داخل ہیں کہ یہ قوتِ بازو ہوتے ہیں۔ نسبی رشتہ داروں کے بعد نکاحی رشتہ دار یعنی بیویوں کا ذکر فرمایا خیال رہے کہ لفظِ ازواج زوج کی بھی جمع ہے اور زوجہ کی بھی۔ یہاں زوجہ کی جمع ہے کیونکہ خطاب مردوں سے ہے عشیرہ۔ سارے کنبہ والے جن سے انسان کا معاشرہ قائم ہے خواہ نسبی ہو یا سسرالی۔ یہ لفظ بنا ہے عشرہ سے بمعنی صحبت یعنی وہ رشتہ دار جن سے عموماً خلط ملط صحبت رہتی ہے وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا یہ معطوف ہے عشیرہ پر اس میں منقولی اور غیر منقولی ہر مال داخل ہے۔ اموال جمع ارشاد ہوا۔ اقتراف کے معنی ہیں کسی چیز کو اپنی جگہ سے ہٹانا اصطلاح میں کمانے کو اقتراف کہتے ہیں کہ اس کے ذریعہ سے دوسرے کا مال اُس سے منتقل کر کے اپنے قبضہ میں لایا جاتا ہے کمائی کا ذکر اسلئے فرمایا کہ اپنی محنت سے کمایا ہوا مال انسان کو زیادہ پیارا ہوتا ہے (روح المعانی۔ وتفسیر نور العرفان)

ایک قراءت میں عشیرات ہے مگر وہ قوی نہیں کیونکہ عشیرہ کی جمع عشائر آتی ہے نہ کہ عشیرات (کبیر)

وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا۔ یہ عبارت معطوف ہے اموال پر تجارت سے مراد یا تو تجارتی مال ہے جو فروخت کرنے کے لیے خریدا گیا ہو یا تجارتی کاروبار و کاندار کساد بمعنی نقصان گھاٹا معمولی ہو یا بڑا یعنی وہ تجارتی مال یا تجارتی کاروبار جس کے متعلق تم کو اندیشہ ہو کہ اگر ہمارے تعلقات کفار سے نہ رہے تو مال فروخت نہ ہوگا۔ یا کاروبار میں خسارہ ہو جائے گا کیونکہ انہیں سے تو ہماری تجارت چل رہی ہے۔

وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ یہ عبارت معطوف ہے تجارۃ پر مساکین جمع ہے مسکن کی بمعنی جائے سکونت یعنی مکانات کوٹھیاں بلڈنگ جو تم نے بڑے شوق سے بنوائیں ان میں رہنا سہنا بہت مرغوب ہے ہجرت یا جہاد سے اُن کے چھوٹ جانے کا اندیشہ ہو۔ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ یہ خبر ہے کان کی ابتک کی ساری مذکورہ چیزیں اس کا اسم تمہیں اَحَبَّ تفضیل فرما کر یہ بتایا کہ اللہ رسول اور ان مذکورہ چیزوں سے محبت کرنا برا نہیں ہاں اللہ رسول اور جہاد وغیرہ کے مقابل زیادہ محبت کرنا بُرا ہے (معانی) اس مقابلہ میں بتایا گیا کہ اللہ رسول سے طبعی محبت زیادہ چاہیے نہ کہ محض عقلی محبت چونکہ

marfat.com

جہاد میں اکثر ان پسندیدہ چیزوں کے چھوٹنے کا ذریعہ ہوتا ہے نہ کہ نماز روزہ وغیرہ اس لیئے صرف جہاد کا ذکر ہوا نماز وغیرہ کا ذکر نہ فرمایا گیا فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ ط ۔ اس امر یعنی فرمان کے متعلق مفسرین کے بہت قول ہیں مگر قوی یہ ہے کہ اس امر سے مراد دنیاوی یا اخروی عذاب ہے یا کفار کے مقابل مسلمانوں کا مغلوب ہو جانا اپنی دنیاوی طلبی آرام طلبی کی وجہ سے یعنی پھر تم انتظار کرو اُس وقت کا جب اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی تم تک پہنچے یعنی تمہاری مغلوبیت کفار کا غلبہ تمہاری شان و شوکت میں کمی آجانا اُن کے دِلوں سے تمہارا خوف نِکل جانا کیونکہ دنیا میں سپاہی قوم کو عزّت سے جینے کا حق ہے اللہ تعالیٰ بزدل اور کمزور قوم کو پسند نہیں کرتا۔ شعر۔

تنِ بے جان سے بیزار ہے رب خدا زندہ ہے زندوں کا خدا ہے

وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ یہ فرمانِ عالی گذشتہ حکم کی وجہ ہے یعنی ایسے لوگ فاسق اور حد کے توڑنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ فاسقوں کو دنیا میں عزت و آبرو سے رہنے سہنے کی راہ نہیں دکھاتا دنیا کی عزت دین پر قائم رہنے سے ملتی ہے "

**خلاصہ تفسیر:۔** اے ایمان والو اگر تمہارے باپ یا دادے بھائی بھتیجے ایمان کے مقابل کفر سے محبت کریں کہ اُسے اختیار کریں تو تم انہیں اپنا دوست اپنا ولی وارث کسی طرح نہ بناؤ۔ قول عمل ہر طرح اُن سے بیگانہ ہو جاؤ۔ خیال رکھو کہ اسی حالت میں جو مسلمان انہیں دوست جانے مانے یا کہے وہ ظالم ہو گیا۔ اگر اُن کے کفر سے محبت کرے تو خود کافر ہو گا کہ کفر سے محبت کفر ہے اور اگر اُن سے دنیاوی محبت کرے تو سخت گنہگار و فاسق ہو گا۔ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ سارے مسلمانوں سے علانیہ کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ دادے تمہارے بیٹے پوتے تمہارے بھائی بھتیجے تمہاری بیویاں بلکہ تمہارے سارے سُسرال نسبی رشتہ دار کنبے والے اور تمہارے خود اپنے کمائے ہوئے مال اور تمہارے تجارتی کاروبار جس کے متعلق تم کو اندیشہ ہو کہ اگر ہم کفار سے تعلق چھوڑ دیں تو اس میں خسارہ ہو جاوے گا اور تمہاری پسندیدہ کوٹھیاں بلڈنگیں جنہیں تم نے شوق سے رہنے سہنے کے لیئے بنایا ہے یہ چیزیں تم کو اللہ رسول سے زیادہ پیارے جہاد فی سبیل اللہ سے زیادہ پسند ہوں کہ ان کی وجہ سے تم اللہ رسول کے فرمان نہ مانو جہاد سے جان چھڑاؤ تو پھر اللہ کے عذاب کا انتظار کرو اس وجہ سے تم بزدل ہو جاؤ گے اور کفار تم پر چڑھ جائیں گے جس سے نہ تمہاری عزت رہے گی نہ وقار۔ کیونکہ ایسے دنیا طلب آرام طلب لوگ فاسق ہیں اللہ تعالیٰ فاسق کو راہ ہدایت دکھاتا ہی نہیں ان کو ہمیشہ اُلٹی ہی سوجھتی ہے وہ مال عہدہ جتھا۔ کفار کی خوشامد کو ہی ترقی و عزت سمجھنے لگتے ہیں "

marfat.com

**فائدے:۔** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:۔** سب سے بڑھ کر اللہ رسول کا حق ہے اس کے مقابل نہ ماں باپ کا حق ہے نہ کسی اور کا یہ فائدہ لَا تَتَّخِذُ والخ سے حاصل ہوا **دوسرا فائدہ:۔** کافر مومن کا کبھی دوست نہیں ہوسکتا اگرچہ عزیز رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔ یہ فائدہ لفظِ اولیاء سے حاصل ہوا اس کا تجربہ برابر ہو رہا ہے جیسے تاریکی کو روشنی سے الفت نہیں۔ سانپ کو انسان سے محبت نہیں ایسے ہی کافر کو مومن سے محبت نہیں ہوتی۔ اگر مومن ان سے محبت کرے تو سخت غلطی کرتا ہے۔" **تیسرا فائدہ:۔** کافر ماں باپ بھائی بیٹیوں سے محبت کرنا انہیں اپنا دوست سمجھنا غلط ہے مگر اُن کے حقوق شرعیہ ضرور ادا کرنے ہونگے یہ فائدہ بھی اولیاء فرمانے سے حاصل ہوا جیسے کافر قرض خواہ کا قرضہ اُس کی امانت ضرور ادا کرنی ہوگی ایسے ہی کافر ماں باپ کے حقوق مادری پدری ضرور ادا کرنے ہونگے۔ رب فرماتا ہے وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وہاں والدین میں مومن کی قید نہیں اس کے متعلق احادیث شریفہ بہت ہیں فقہاء کرام نے اس کی بہت تفصیل فرمائی ہے علماء فرماتے ہیں کہ اگر بوڑھے یا بے دست و پا ماں باپ جو مشرک ہوں بت خانہ میں جانا چاہیں تو مسلمان بیٹا نہ پہنچائے کہ یہ کفر پر امداد ہے۔" لیکن اگر بت خانہ سے گھر واپس آنا چاہیں تو لے آئے کہ یہ ان کے ساتھ بھلائی ہے۔" **چوتھا فائدہ:۔** اگر کوئی کافر بے خبری سے کفر میں گرفتار ہے اس کے متعلق امید ہے کہ اگر نرمی سے اور محبت سے سمجھایا جاوے تو مومن بن جاوے گا اس سے اخلاق و محبت سے پیش آنا بالکل جائز ہے کہ کافر سے محبت نہیں بلکہ تبلیغ اسلام ہے یہ فائدہ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ سے حاصل ہوا۔ **پانچواں فائدہ:۔** کفار سے دینی دوستی و محبت کفر ہے اور قومی یا خاندانی محبت حرام بھی ہے خطرناک بھی یہ فائدہ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ الخ سے حاصل ہوا۔ مسئلہ:۔ عیسائی اور یہودی عورت سے مسلمان نکاح کر سکتا ہے اور بعد نکاح اس کے حقوق زوجیت بھی ادا کرے مگر نہ اُس سے دلی محبت کرے نہ اسے اپنا رازدار بنائے جس سے وہ اسے نقصان پہنچا سکے اگر ان احتیاطوں پر قادر ہو تو نکاح کرے ورنہ ہرگز نہ کرے وہ پلید مسلمان جس کے اس نکاح سے کافر بن جانے کا خطرہ ہو اُسے یہ نکاح کرنا حرام ہے اس کے لیئے شامی وغیرہ کتب فقہ کا مطالعہ کرو **چھٹا فائدہ:۔** جب خالق و مخلوق کے حقوق کا مقابلہ ہو جائے کہ مخلوق کا حق ادا کرنے سے خالق کا حق ادا نہ ہو سکے گا تو خالق کا حق مقدم ہے کہ رب کا حق ادا کرے مخلوق کا حق ادا نہ کرے اگر آقا یا ماں باپ نماز کے وقت اپنی خدمت لینا چاہیں جس سے نماز جاتی رہے تو نماز پڑھے اُن کی خدمت نہ کرے یہ فائدہ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ الخ سے حاصل ہوا **ساتواں فائدہ:۔** دنیا دنیا کی چیزوں سے محبت کرنا حرام نہیں ہاں اللہ رسول کے مقابلہ محبت یا کفر یا حرام یہ فائدہ احب اسم تفضیل فرمانے سے حاصل ہوا یہ جائز محبتوں کے متعلق عرض کیا گیا۔ ناجائز محبتیں بہرحال حرام ہیں جیسے اجنبی عورت سے محبت

marfat.com

**آٹھواں فائدہ:** حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے محبت اُسی درجہ کی چاہیے جس قسم اور جس درجہ کی محبت اللہ تعالیٰ سے کرے یہ فائدہ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فرمانے حاصل ہوا کہ یہاں واؤ ارشاد ہوا فِیْ ارشاد نہ ہوا یعنی فِیْ رَسُوْلِهٖ نہ فرمایا گیا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت سے حاصل ہوتی ہے جیسے رب کی اطاعت حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے نصیب ہوتی ہے مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ **نواں فائدہ:** اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت طبعی چاہیئے نہ کہ محض عقلی کیونکہ یہاں باپ دادے اولاد بیویاں مال وغیرہ سے مقابلہ کیا گیا ہے اور ظاہر ہے کہ اور ان چیزوں سے محبت طبعی ہوتی ہے نہ کہ محض عقلی طبیعت اور دل کا رجحان اللہ رسول کی طرف زیادہ چاہیئے ان پر دل و جان نچھاور کرنا چاہیئے۔ رب تعالیٰ نصیب کرے۔ شعر

ذرّۂ عشقِ نبی از حق طلب — سوزِ صدیق و علی از حق طلب
تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے — دلِ مرتضیٰ سوزِ صدیق دے

**دسواں فائدہ:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت عظمت و اطاعت والی چاہیئے برابر والی نہ چاہیئے یہ فائدہ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فرمانے سے حاصل ہوا حضور سے محبت اللہ کی سی کرو۔ **گیارہواں فائدہ** اللہ تعالیٰ کے ساتھ حضور کی محبت ہونا شرک نہیں بلکہ ایمان کا رکن ہے یہ فائدہ بھی وَرَسُوْلِهٖ فرمانے سے حاصل ہوا **بارہواں فائدہ:** دل میں حضور کی محبت نہ ہونا کفر ہے جس پر عذاب آجانے کا اندیشہ ہے یہ فائدہ۔ فَتَرَبَّصُوْا الخ سے حاصل ہوا کہ اس پر عذاب سے ڈرایا گیا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تم میں سے کوئی مومن نہیں ہو سکتا حتیٰ کہ میں اُسے اس کی اولاد ماں باپ اور تمام انسانوں سے زیادہ پیارا ہو جاؤں یعنی نفس ایمان اس محبت پر موقوف ہے۔"

**پہلا اعتراض:** یہاں پہلی آیت میں صرف دو رشتہ داروں کا ذکر ہوا ہے اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ تمہارے باپ دادے اور تمہارے بھائی مگر دوسری آیتہ کریمہ میں پانچ رشتہ داروں اور تین قسم کے مالوں کا ذکر ہوا اس فرق کی وجہ کیا ہے۔ **جواب:** دو وجہوں سے ایک یہ کہ پہلی آیت کریمہ میں ولایت کا ذکر ہے دوسری میں محبت کا۔ ولایت محبت سے خاص ہے۔ ولایت صرف باپ بھائی سے ہو سکتی ہے یعنی وہ محبت جس میں مدد مشورہ قوت شامل ہو مگر مرف محبت سے ہو سکتی ہے دوسرے یہ کہ دوسری آیتہ کریمہ میں اللہ رسول کے مقابلہ میں محبت کا ذکر ہے جو کسی سے بھی جائز نہیں خواہ رشتہ دار ہوں یا انسان یا کوئی اور مخلوق ان وجوہ سے وہاں بہت کا ذکر ہے۔" **دوسرا اعتراض:** پہلی آیت میں ارشاد ہوا کہ اگر تمہارے باپ بھائی کفر کو ایمان پر پسند کریں تو انہیں ولی نہ بناؤ۔ تو کیا اگر وہ ایسا کریں تو انہیں ولی دوست بنا لینا جائز ہے۔ کفار سے

marfat.com

محبت تو بہر حال حرام ہے **جواب** ہاں اگر اُن کے دل میں کفر کی محبت مضبوط نہیں ہے صرف دھوکے میں ہیں اگر انہیں محبت واخلاق سے تبلیغ کی جاوے تو مسلمان ہو جاویں تو اُن سے ضرور محبت کر کے انہیں مسلمان کیا جائے حتیٰ کہ شروع اسلام میں انہیں زکوٰۃ دینا بھی جائز تھی۔ یعنی مؤلفۃ القلوب **تیسرا اعتراض**:۔ اگر کفار سے محبت نہیں تو کافرہ اہلِ کتاب عورتوں سے نکاح کیوں جائز ہے جب اُن سے نکاح ہو گا تو لامحالہ محبت بھی ہو گی:۔ **جواب**:۔ ایسا کمزور دل آدمی جو ادائے حقوق اور محبت میں فرق نہ کر سکے بیوی سے محبت میں گرفتار ہو جاوے اُسے عیسائی یہودن سے نکاح کرنا ہرگز جائز نہیں کہ اس میں اس کے ایمان کا خطرہ ہے یہ نکاح اُسی قوی الایمان کو درست ہے جو اُس بیوی کے صرف حقوق ادا کرے اور اُسے تدبیر سے مسلمان بنانے کی کوشش کرے اُسکی محبت میں پھنس نہ جائے اُسے اپنا خاص مشیر راز دار نہ بنائے اس سے ملک تباہ ہو چکے ہیں محبت اور ادائے حقوق میں بڑا فرق ہے اسی لئے مسلمان عورت کا نکاح یہودی عیسائی مرد سے جائز نہیں کہ بیوی اس پر قادر نہ ہو سکے گی **چوتھا اعتراض**:۔ اگر حضور کی محبت سارے عزیزوں اور مال وغیرہ سے زیادہ ہونا ایمان کے لئے ضروری ہے تو آج کوئی بھی مسلمان نہیں بڑے بڑے لوگ بال بچوں کی محبت میں پھنس کر حضور انور کی بہت نافرمانیاں کر لیتے ہیں ایک طرف بیوی بچوں کی ضد ہوتی ہے دوسری طرف حضور کا فرمان وہ بچوں کی ضد پوری کرنے کو چوری۔ رشوت سود وغیرہ لیتے ہیں "۔

**جواب**:۔ تم نے مقابلہ غلط کیا محبتوں کا مقابلہ کفر و ایمان کے موقعہ پر ہوتا ہے ہم نے جاہل ماں باپ کو دیکھا ہے کہ اگر ان کا اکلوتا بیٹا کافر ہو جائے تو اس پر تھوک دیتے ہیں اُس کی شکل نہیں دیکھتے ابھی پاکستان و ہندوستان کی جنگ جب ۱۹۶۵ء میں ہوئی تو جاہل بے علم ماؤں کے اکلوتے لعل شہید ہوئے اُن کی لاش ماں کے پاس آئی تو انہوں نے بجائے ماتم کرنے کے اس پر خوشی کی کہ میرا بچہ اللہ رسول کی راہ میں قربان ہوا گجرات کی ایک ماں یہ کہتے سُنی گئی کہ میں اپنے سوہنے بیٹے کو اپنے سوہنے نبی کے نام پر ان کے دین پر قربان کیا تاکہ قیامت میں میرا حشر حضرت فاطمہ زہرا کی لونڈی باندیوں میں ہو۔ یہ ہے غلبۂ محبتِ رسول رہے گناہ وہ کبھی غفلت سے بھی ہو جاتے کبھی بیماری بد پرہیزی کر کے زیادہ بیمار ہو جاتا حالانکہ اُسے جان عزیز ہے بعض صحابہ کو رحم کیا۔ مگر فرمایا گیا اِنَّہٗ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ یہ اللہ رسول کا پیارا ہے اے اللہ ہم کو اپنا خوف رسول کی محبت نصیب کر"

**تفسیر صوفیانہ**:۔ یہ آیاتِ کریمہ اللہ رسول کی محبتوں کی اصل ہیں انسان کے پاس چند چیزیں ہیں جسم نفس دل۔ ارواح۔ نسبی رشتہ داروں سے محبت جسمانی رشتہ کی وجہ سے ہوتی ہے ان کا ذکر اٰبَآؤُکُمْ وَاَبْنَآؤُکُمْ میں ہوا بیوی سے محبت نفسانی رشتہ ہے اس سے خونی رشتہ یعنی نسب نہیں یونہی مال۔ کوٹھیاں باغ وغیرہ سے محبت نفسانی تعلق سے ہے ان چیزوں میں تمام دنیاوی تعلقات رشتے داخل ہیں مگر اللہ رسول سے محبت۔

marfat.com

روحانی رشتہ کی بناء پر ہے چونکہ روح ان دونوں سے قوی ہے تو چاہیئے کہ روحانی محبت بھی ان تمام سے زیادہ ہو یہ ہی مدارِ ایمان ہے اگر کسی کا نفس و جسم اس کے دل و روح پر غالب ہے اور اُسے جسمانی نفسانی رشتہ و تعلق والے اللہ رسول سے زیادہ پیارے ہیں تو وہ کافر مطلق ہے اُس میں ایمانی شائبہ بھی نہیں۔ اب پڑھو وہ فرمانِ عالی لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّلَدِہٖ وَوَالِدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ بعض لوگ کہتے ہیں کہ محبت کی پرکھ اطاعت سے ہے۔ وہ یہ شعر پڑھتے ہیں۔

یَعْصِی الرَّسُوْلَ وَاَنْتَ تُظْھِرُ حُبَّہٗ ھٰذَا لَعَمْرِیْ فِی الْعُقُوْلِ بَدِیْعٌ

لَوْ کَانَ حُبُّکَ صَادِقًا لَاَطَعْتَہٗ اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ یُّحِبُّ مُطِیْعٌ

اگر تم رسول کے سچے محبت والے ہوتے تو ان کی اطاعت کرتے دوست دوست کا مطیع ہوتا یہ فائدہ درست نہیں۔ منافقین حضور کی اطاعت کرتے تھے مگر محب نہ تھے۔ بعض لوگ کبھی گناہ کر لیتے تھے مگر محب تھے حضور النور نے حضرت ماعز کو رجم کرایا بعض شراب پینے والوں کو کوڑے لگوائے بعض کے ہاتھ کاٹے مگر ان پر لعنت نہ کرنے دی بلکہ فرمایا کہ اللہ رسول کے پیارے ہیں محبت کی۔ اہل محبت کے نزدیک چند علامات ہیں ۱ محبوب کا زیادہ چرچہ مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ ۲ محبوب کی عیب جوئی نہ کرنا نہ برداشت کرنا ۳ محبوب کی خوبیاں تلاش کرنا۔ اُن کا چرچہ کرنا۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰہِ مَثْنٰی وَفُرَادٰی ثُمَّ تَتَفَکَّرُوْا مَا بِصَاحِبِکُمْ مِّنْ جِنَّۃٍ یعنی اے لوگو تم پر جو میرا حق ربوبیت ہے اسی خاطر ایک ایک دو دو جمع ہو کر غور کرو۔ کہ تمہارے دل و جان کے ایمان کے ساتھ محمد مصطفیٰ میں جنون نہیں۔ پتہ لگا کر حضور کے اوصاف میں غور کرنا حق ربوبیت ادا کرنا ہے صوفیاء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے روح ہمارے دلوں کی نسبت بھی ہے نسب بھی نسبت تو یہ کہ ہم مومن ہیں حضور ایمان ہم بھکاری ہیں حضور داتا نسب یہ کہ حضور اصل ہیں ہم سب فرع۔ اَنَا نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ وَکُلُّ الْخَلْقِ مِنْ نُوْرِیْ شیخ سعدی فرماتے ہیں۔ شعر

تو اصلِ وجود آمدی از نخست دگر ہر چہ موجود شد فرعِ تُست

اور محبت یا نسبت سے ہوتی یا نسب سے جب حضور سے دونوں تعلق ہیں تو اُن سے محبت بھی سب سے زیادہ چاہیئے۔"

marfat.com

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ

البتہ تحقیق مدد کی تمہاری اللہ نے بہت موقعوں میں اور دن حنین کے

بے شک اللہ نے بہت جگہ تمہاری مدد کی اور حنین کے دن جب تم

اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا

جب کہ پسند آئی تم کو زیادتی تمہاری پس نہ دفع کیا اس نے تم سے کچھ بھی

اپنی کثرت پر اِترا گئے تھے تو وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور زمین

وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ

اور تنگ ہو گئی اوپر تمہارے زمین باوجود اس کے کہ فراخ تھی پھر لوٹے تم

اتنی وسیع ہو کر تم پر تنگ ہو گئی پھر تم

مُّدْبِرِيْنَ ۝۲۵

پیٹھ دیکر پھر گئے

**تعلق ۱**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح کا تعلق ہے **پہلا تعلق** ہے پچھلی آیات میں مسلمانوں کو دین کی خاطر کفار ماں باپ قرابت داروں سے تعلق چھوڑ دینے کا حکم دیا گیا جو فطری طور پر نفس پر گراں تھا۔ اب انہیں اسلامی غزوہ خصوصاً غزوۂ حنین کا واقعہ یاد دلایا جا رہا ہے تاکہ معلوم ہو کہ کامیابی زیادہ تعداد اور زیادہ مال سے نہیں بلکہ رب تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہے لہٰذا تم ان کفار سے مل کر اپنی تعداد بڑھانے کی کوشش نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم مانگو خلاصہ یہ کہ ایک گراں حکم پچھلی آیت میں دیا گیا اب تسلی اس آیت کریمہ میں دی جا رہی ہے **دوسرا تعلق** پچھلی آیت میں مسلمانوں کو اللہ رسول کے مقابلہ میں تجارت اور مکانات کو ٹھیوں بلڈنگوں کی محبت سے منع فرمایا گیا اب واقعہ حنین کا ذکر ہے جس میں مسلمانوں کو پہلے ظاہری شکست اور فوراً بعد شاندار فتح ہوئی جس سے پتہ لگا کہ دنیا کی زیادہ محبت ذریعہ ہے ضعف اور کمزوری کا اور دین سے محبت ذریعہ ہے قوت و فتح مندی کا۔ جو دین حاصل کرنا چاہے گا اس کو دنیا خود بخود حاصل ہو گی۔ تم اللہ رسول کی خوشنودی حاصل کرو دنیا تمہارے قدموں میں ہو گی۔ **تیسرا تعلق** پچھلی آیات میں حکم دیا گیا تھا کہ اگر تمہارے باپ دادے بھائی بھتیجے ایمان پر کفر کو اختیار

marfat.com

کریں تو تم ان سے رشتہ توڑ لو۔ اب اس کی جیتی جاگتی تصویر و تفسیر دکھائی اور بتائی جارہی ہے یعنی غزوہ حنین کا واقعہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دودھ کی ماں حلیمہ سعدیہ ہوازنیہ کی قوم ہوازن سے اللہ کے لیئے جنگ کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ لوگ آخر کار مسلمان ہو گئے لہٰذا استقامت تمہارے کافر قرابت داروں کو اسلام کی طرف کھینچ لے گی۔

## نزول واقعہ غزوہ حنین

ان آیات کا نزول غزوہ حنین کے متعلق ہے جس کا مختصر واقعہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۲ یا ۱۷ رمضان ۸ھ آٹھ ہجری میں مکہ معظمہ فتح کیا۔ دس ہزار صحابہ کے لشکر جرار کے ساتھ مکہ معظمہ سے تین دن کی راہ پر طائف کے قریب ایک مقام ہے حنین۔ جہاں کی حضرت حلیمہ تھیں وہاں کے دو قبیلے سخت سرکش تھے ہوازن اور ثقیف ان قبیلوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان و شوکت بہت بڑھی جارہی ہے اگر یہ ہی حال رہا تو وہ ہم پر بھی غالب آجائیں گے اس لیئے ہم دونوں قبیلے متفق ہو کر ان پر حملہ کر دیں انہیں پتہ چل جاوے گا کہ ہم کیسے بہادر ہیں۔ غرضکہ وہ دونوں قبیلے مسلمانوں پر حملہ کی تیاری کرنے لگے حضور انور نے یہ حالات معلوم کر کے ان پر حملہ کی تیاری کی دس ہزار فاتحان مکہ اور دو ہزار فتح مکہ میں ایمان لانے والوں کل بارہ ہزار غازیوں کی جماعت لے کر شروع شوال ۸ھ آٹھ ہجری شنبہ کے دن مکہ کے دن مکہ معظمہ سے روانہ ہوئے اور دس شوال آٹھ ہجری منگل کے دن مقام حنین میں پہنچے مقابلہ میں ہوازن اور بنی ثقیف دونوں قبیلے آئے ہواز کا سردار مالک ابن عوف تھا ثقیف کا سردار کنانہ ابن عبد تھا ان دونوں قبیلوں کی تعداد چار ہزار تھی۔ بعض مسلمانوں نے جو غالباً سلمہ ابن سلامہ ابن وقیس انصاری تھے کہا کہ آج ہم کفار سے تین گنا ہیں ہرگز مغلوب نہ ہوں گے۔ یہ قول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ناگوار ہوا کہ ان کی نظر اپنی کثرت پر گئی۔ اللہ کی مدد پر نہ گئی (مدارج النبوۃ، خازن، کبیر، معانی وغیرہ) آخر کار گھمسان کی جنگ ہوئی۔ ہوازن اور ثقیف بھاگ نکلے مسلمانوں نے ان کا پیچھا کیا ان کے ساتھ مال بہت زیادہ تھا مسلمان مال غنیمت جمع کرنے انہیں قید کرنے میں مشغول ہو گئے کہ ان دونوں قبیلوں نے پلٹ کر بہت زور سے حملہ کیا یہ لوگ تیر اندازی نشانہ بازی میں بہت ماہر تھے۔ ان کے تیروں کی بارش سے مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے اور ان میں بھگدڑ مچ گئی مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مقام پر ڈٹے رہے۔ بلکہ آگے بڑھتے رہے۔ حضور کے ساتھ حسب ذیل حضرات تھے۔ عباس ابن عبد المطلب۔ ابو سفیان ابن حارث ابن عبد المطلب جعفر ابن ابو سفیان ابن حارث۔ علی ابن ابی طالب۔ ربیعہ ابن حارث۔ فضل ابن عباس۔ اسامہ بن زید ایمن ابن عبید جو حضور کی حفاظت میں شہید ہو گئے۔ ابو بکر صدیق۔ عمر ابن خطاب یہ دس حضرات ساتھ رہے حضرت عباس نے اس کے متعلق اشعار کہے ہیں (روح المعانی)

نَصَرْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِي الْحَرْبِ تِسْعَةً ۔۔۔ وَقَدْ فَرَّ مَنْ فَرَّ مِنْهُمْ وَاقْشَعُوْا

marfat.com

وَعَاشَرْنَا لَآ تِیْ اَحْمَامَ بِنَفْسِہٖ بِمَامَسَّہٗ فِی اللّٰہِ لَا یَتَوَجَّعُ

ان کے علاوہ ایک سو حضرات اور بھی تھے جو جمے رہے مگر وہ حضور انور کے ساتھ نہ تھے اپنے اپنے مرکزوں میں تھے (صاوی) کفار نے حضور انور پر یک بارگی حملہ کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے ہوئے خچر سے تلوار سونت کر اترے اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ حضور انور کی یہ شجاعت بے مثال دیکھ کر کفار کا ئی کی طرح پھٹ گئے۔ اس وقت حضرت عباس حضور کے خچر کی لگام پکڑے تھے اور ابو سفیان ابن حارث رکلب شریف۔ حکم دیا کہ عباس ان مسلمانوں کو پکارو کہ میں یہاں ہوں تم کہاں جا رہے ہو۔ حضرت عباس کی آواز آٹھ میل تک سنی جاتی تھی (صاوی) حضرت عباس نے پکارا اے سورۂ بقر والو اے مدینہ والو رسول اللہ یہاں ہیں ادھر آؤ۔ سب لبیک لبیک کہتے ہوئے لوٹ پڑے اور حضور انور کے گرد جمع ہو گئے حضور نے ایک مٹھی کنکر کفار کی طرف پھینکے جو ان کی آنکھوں میں ایک ایک پڑا اور فرمایا

یہ لڑائی گرم ہونے کا وقت ہے پھر جو مسلمانوں نے حملہ کیا تو رب تعالیٰ نے اپنے حبیب کے صدقہ مسلمانوں کو شاندار فتح عطا فرمائی۔ اس غزوہ میں مسلمانوں کو بہت مال غنیمت ہاتھ لگا۔ چھ ہزار قیدی جن میں عورتیں بچے بہت تھے۔ چوبیس ہزار اونٹ بکریوں کا تو شمار ہی نہیں۔ ان قیدیوں میں رسول اللہ کی دودھ کی بہن یعنی حلیمہ کی بیٹی بھی تھیں حضور نے ان کا بہت احترام فرمایا انہیں بہت مال دے کر آزاد فرما دیا یہ اپنی قوم میں پہنچیں اور حضور انور کے کرم و رحم کا ذکر کیا وہ سب ہی مسلمان ہو کر مدینہ منورہ پہنچے۔ حضور انور نے ان کے قیدی واپس فرما دیئے (صاوی وغیرہ) پھر حضور انور یہاں سے ہی طائف تشریف لے گئے پھر مقام جعرانہ میں حضور انور نے مال غنیمت تقسیم فرمایا۔ یہاں سے ہی حضور نے عمرہ کا احرام باندھا اور عمرہ کیا۔ اس موقعہ پر حضور انور نے ابو سفیان بن حرب۔ صفوان ابن امیہ۔ عیینہ ابن حصین۔ اقرع ابن حابس کو سو سو اونٹ عطا فرمائے (خازن)

شعر ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا ان کے دست سماحت پہ لاکھوں سلام

**خیال رہے** کہ اس غزوہ میں فرشتوں کا شریک ہونا ثابت ہے مگر ان کا مسلمانوں کے ساتھ مل کر کفار سے جنگ کرنا ثابت نہیں انہوں نے یہ عمل صرف غزوہ بدر میں کیا حضور انور نے حنین سے فارغ ہو کر غزوہ طائف فرمایا۔ اس کا محاصرہ کیا حتی کہ اسے فتح فرمائے ذی قعدہ کا مہینہ آگیا غزوۂ طائف میں مسلمانوں کے امیر ابو عامر شہید ہوئے ذی قعدہ میں جعرانہ سے عمرہ فرمایا پھر غزوہ اوطاس فرمایا۔ اس موقعہ پر انصار کا وہ واقعہ پیش آیا کہ حضور انور نے ان سے فرمایا کہ لوگ اپنے گھر مال غنیمت لے کر جائیں تم محمد رسول اللہ کو لے کر جاؤ (دیکھو مسلم بخاری وغیرہ خازن) اس واقعہ کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔

میں نے آج یکم رمضان ۱۳۹۰ھ مطابق دوم نومبر ۱۹۷۰ء دوشنبہ کے دن یہ واقعہ لکھا۔ دعا ہے

marfat.com

کہ اللہ تعالیٰ صدقہ سے فاتح بدر وحنین کے صدقے ہمارے پاکستان کو قوت دے یہاں امن وامان دے اور یہاں حضور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حکومت قائم فرمائے۔ آمین۔

تفسیر:۔ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ۔ ان واقعات کی اہمیت ظاہر فرمانے کے لیئے انہیں لام اور قد کی تاکید سے شروع فرمایا۔ نصرت سے مراد ہے غیبی امداد خواہ بذریعہ فرشتوں کے ہو یا کفار کے دلوں میں رعب ڈال کر اور مسلمانوں کو ہمت وجرأت عطا فرما کر۔ اس میں خطاب حضرات صحابہ کرام مجاہدین سے ہے مواطن جمع ہے موطن کی بمعنی جا، قیام۔ یہاں مراد ہے غزوات کے موقع۔ اس وقت تک اتنی چھوٹے بڑے غزوات وسریہ ہو چکے تھے۔ جن میں بدر۔ قریظہ۔ بنی نضیر۔ حدیبیہ۔ فتح مکہ وغیرہ مشہور ہیں (روح المعانی) مواطن خود جمع منتہی الجموع کثیرۃ فرما کر ان کی زیادتی کی اور تاکید فرما دی یعنی اے صحابیو! اللہ تعالیٰ نے بہت سے غزوات کے موقعوں پر تمہاری مختلف صورتوں سے مدد فرمائی و یَوْمَ حُنَيْنٍ یہ عبارت یا تو اُذْکُرُوْا محذوف فعل کا مفعول ہے یعنی غزوہ حنین کا دن یاد کرو۔ تب تو کوئی اشکال نہیں۔ تفسیر جلالین اور صاوی نے اسی کو اختیار کیا۔ باقی موطن پر معطوف ہے اور نصرکم کا ظرف اگرچہ مواطن ظرف مکان ہے اور یوم حنین ظرف زمان مگر قوی یہ ہے کہ یہ عطف جائز ہے روح المعانی نے فرمایا کہ مواطن ظرف زمان بھی ہو سکتا ہے جیسے کہا جاتا ہے مقتل حسین یعنی حضرت حسین کی شہادت کا زمانہ تو بے تکلف عطف جائز ہے۔ اس غزوہ میں فرشتوں کے ذریعہ مدد فرمائی گئی۔ جیسا کہ اگلی آیت میں آرہا ہے۔ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ یہ عبارت یَوْمَ حُنَيْنٍ کا بدل ہے اور اس کا تعلق صرف یَوْمَ حُنَيْنٍ سے ہے نہ کہ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ سے کیونکہ حضرات صحابہ کو اپنی زیادتی وکثرت تعداد پر ناز صرف حنین کے دن ہی ہوا تھا۔ اَعْجَاب بنا ہے عُجْب سے بمعنی پسند آنا یہاں اترانے کے معنی میں ہے نہ کہ شکریہ کا فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا ۔ اس فرمان عالی میں دو بحثیں ہیں تو اطمینہ مگر اترانے کا نتیجہ بیان فرمانے کے لیئے ہے تغن بنا ہے اِغْنَاءٌ سے بمعنی بے نیاز کرنا مگر جب اس کے بعد مفعول بہ آوے تو بمعنی دفع کرنا ہوتا ہے۔ وہ معنی یہاں ہیں۔ کیونکہ آگے اس کا مفعول شَيْئًا آرہا ہے۔ خیال رہے کہ اَعْجَبَتْكُمْ میں بھی کم ضمیر جمع تھی۔ اور یہاں عنکم میں بھی کم ضمیر جمع ہے مگر وہاں ایک دو آدمیوں کا فعل سب کی طرف نسبت کیا گیا کیونکہ اپنی زیادتی پر ناز عام صحابہ نے نہ کیا تھا۔ صرف ایک دو نے کہا تھا۔ یہاں عنکم میں سب سے ہی خطاب ہے یعنی اے جماعت صحابہ جب تم میں سے بعض کو اپنی کثرت پر ناز ہوا تو تمہاری جماعت تمہاری کثرت نے جنگ کی کسی آفت کو تم سے دفع نہ کیا۔ اگر تم ناز نہ کرتے تو یہ ہی جماعت بلکہ بہت چھوٹی جماعت سب کچھ کر لیتی۔ دیکھو بدر میں کیا ہوا۔ وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے لَمْ تُغْنِ الخ پر اور دوسرے نتیجہ کا ذکر ہے۔

marfat.com

اَلْاَرْض سے مراد زمینِ حنین ہے مَارَحُبَتْ میں ما مصدریہ ہے پ بمعنیٰ باوجود ہے۔ رَحُبَ بمعنیٰ وسعت و فراخی یعنی جب تم میں بھاگڑ پڑی تو حنین کی زمین باوجود بہت فراخ ہونے کے تم پر تنگ ہوگئی کہ تم کسی جگہ اطمینان سے نہ بیٹھ سکے۔ جیسے تنگ جگہ سے انسان بھاگتا ہے تم ایسے بھاگنے لگے۔ خیال رہے کہ اس فرمانِ عالی میں خطاب ان ہی حضرات سے ہے جن کے قدم اوکھڑ گئے تھے۔ اس خطاب میں حضور انور سَیِّدُ الْاَشْجَعِین صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے بعض مخصوص جانثار صحابہ جن کی تعداد ایک سو سے زیادہ تھی جو وہاں جمے رہے وہ اس خطاب میں داخل نہیں کہ وہ تو اطمینان سے اپنی جگہ رہے ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ یہ عبارت ضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الخ کا بیان ہے ثم صرف ترتیب بیانی کے لیئے ہے وَلَّيْتُمْ بنا ہے تولیۃ سے بمعنیٰ پھرنا۔ مدبرین بنا ہے اَدْبَار سے بمعنیٰ دبر یعنی پیٹھ دکھانا یہ وَلَّيْتُمْ کے فاعل سے حال ہے یعنی پھر یہ بھی سن لو کہ تم کفار کی طرف پیٹھ کرتے ہوئے لوٹے کہ اسی میدان میں دوڑتے پھرے۔ یہ انجام ہوا اترانے کا رب کے کرم کا ذکر اگلی آیت میں ہے۔

**خلاصہ تفسیر** اے مسلمانو! یہ خیال نہ کرنا کہ کفار سے الگ ہو جانے کی صورت میں ہم تھوڑے اور بے مددگار رہ جائیں گے۔ زیادہ جماعت بڑے کام کی چیز ہے اس گمان میں نہ رہو۔ تم اپنی تاریخ دیکھو کہ رب تعالیٰ نے بہت سی جنگوں کے موقعوں پر تمہاری غیبی مدد فرمائی اور تم تھوڑے ہونے کے باوجود کفار کی بڑی جماعت پر غالب آئے۔ دیکھ لو جنگِ بدر۔ غزوۂ بنی نضیر و بنی قریظہ۔ حدیبیہ خیبر۔ تبوک۔ فتحِ مکہ وغیرہ اسّی ۸۰ جنگیں ہیں جن میں تم معجزہ کے طور پر غالب آتے رہے زیادہ جماعت کا حال دیکھنا ہے تو غزوۂ حنین کو یاد کرو کہ اس جنگ میں تم بارہ ہزار تھے۔ تمہارے مقابل ہوازن و ثقیف صرف چار ہزار تم میں سے بعض لوگوں کو اپنی کثرت پر ناز ہو گیا وہ اتراتے ہوئے بولے کہ آج ہم کفار سے تگنے ہیں ضرور غالب آئیں گے۔ اس ناز کا انجام یہ ہوا کہ تمہاری زیادتی کچھ کام نہ آئی۔ تمہارے قدم اوکھڑ گئے اور تم پر میدانِ حنین باوجود وسیع ہونے کے ایسا تنگ ہو گیا کہ تم کو کہیں قرار نہ ہوا۔ تم یوں ہی اِدھر اُدھر بھٹکنے لگے کفار سے پیٹھ پھیر کر دوڑ پڑے۔ لطیفہ:۔ سلطان متوکل علی اللہ ایک بار بیمار پڑا اس نے نذر مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے شفا دے تو میں مالِ کثیر خیرات کروں گا۔ اسے رب نے شفا دی۔ اس نے علماء سے پوچھا کہ مال کثیر کتنا ہوتا ہے۔ میں کتنا خیرات کروں۔ علماء کا اس پر اختلاف رہا۔ اس نے حضرت علی ابن محمد ابن علی ابن موسیٰ کاظم سے پوچھا۔ آپ نے فرمایا اسّی ۸۰ دینار خیرات کرے کہ یہ مال کثیر ہے آپ نے اس آیت سے دلیل لی فِیْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ کہ رب نے اسّی غزوات کو کثیر فرمایا۔ معلوم ہوا کہ اسّی عددِ کثیر ہے جب گنے گئے تو حنین سے پہلے اسّی غزوات ہوئے تھے (روح المعانی / تفسیر کبیر نے بھی حنین سے پہلے اسّی غزوات گنے ہیں

**فائدے:۔** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:۔** غزوۂ حنین تمام غزوات میں عجب شان والا ہے۔ اس غزوہ میں قدرت نے تین شانیں دکھائیں اولاً مسلمانوں کی فتح پر ظاہری شکست پھر کچھ دیر بعد شاندار فتح۔ تین رنگ صرف اسی غزوہ میں ہوئے۔ یہ فائدہ اشارۃً یَوْمَ حُنَیْنٍ سے ہوا **دوسرا فائدہ:۔** حضرات صحابہ کرام اللہ تعالیٰ کے نہایت مقبول بندے ہیں کہ ان کی معمولی خطا پر فوراً تنبیہ کردی جاتی ہے یہ خاص محبوبیت کی علامت ہے۔ دیکھو حنین میں بعض حضرات نے صرف یہ کہا کہ آج ہم کثرتِ جماعت کی وجہ سے فتح پائیں گے۔ فوراً انہیں تنبیہ کردی گئی کہ اولاً شکست دکھادی۔ دیکھو یعقوب علیہ السلام نے جب یوسف علیہ السلام کو اپنے بیٹوں کے ساتھ بھیجا تو اللہ کی امان کا ذکر کرنا بھول گئے تو سال ہا سال کی جدائی ہوگئی یہ ہوئی تنبیہ پھر جب بنیامین کو اپنے بیٹوں کے ہمراہ مصر بھیجا تو فرمایا فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یوسف علیہ السلام بھی مل گئے۔ ہم جیسے گنہگار سینکڑوں گناہ کریں ادھر کچھ پرواہ نہیں کہ ہم میں وہ محبوبیت کہاں یہ فائدہ اِذْ اَعْجَبَتْکُمْ کَثْرَتُکُمْ سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ:۔** مسلمان کو چاہئے کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرے۔ اسباب جمع کرے مگر خالق اسباب پر نظر رکھے۔ اس کا نتیجہ بہت اچھا ہوتا ہے یہ فائدہ اس پورے واقعۂ غزوۂ حنین سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ:۔** جنگ حنین میں جن صحابہ کے قدم اکھڑ گئے وہ سب متقی ہیں اس گھبراہٹ سے نہ وہ ایمان سے نکلے نہ تقویٰ سے یہ فائدہ نَصَرَکُمْ اور اَعْجَبَتْکُمْ خطاب کے الفاظ سے حاصل ہوا کہ انہیں رب تعالیٰ نے مومن کرکے خطاب فرمایا پھر انہیں سے یہ معرکہ فتح کرایا جیسا کہ اگلی آیت سے ظاہر ہوگا۔ **پانچواں فائدہ:۔** کبھی بعض حضرات کی خطا تمام جماعت کی طرف منسوب ہوجاتی ہے اور اس کا اثر سب پر پڑجاتا ہے یہ فائدہ اَعْجَبَتْکُمْ الخ سے حاصل ہوا کہ حنین میں بعض لوگوں سے یہ غلطی ہوئی تھی کہ اپنی کثرت پر ناز کر بیٹھے مگر خطاب سب سے ہوا اَعْجَبَتْکُمْ الخ اور اس کا نتیجہ سب کو دیکھنا پڑا اس کا خیال رہے **چھٹا فائدہ:۔** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جہاں اور تمام خوبیوں سے موصوف ہیں آپ بڑے شجاع بڑے بہادر بھی ہیں یہ فائدہ وَلَّیْتُمْ مُّدْبِرِیْنَ سے حاصل ہوا کہ اس میں خطاب صرف صحابہ سے ہے اس میں حضور انور اور آپ کے مخصوص ساتھی داخل نہیں۔ شعر

تھا ایسا رن قضا آسمان بھی تھرتھراتی تھی — محمد تھے کہ اُن کے پاؤں میں لغزش نہ آتی تھی

دیکھو ایسے نازک موقعہ پر حضور کے قدم نہ اکھڑے۔ سب کے مقابل اکیلے ہی خچر سے اتر پڑے ہمارا نبی بہادروں کا بادشاہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ **ساتواں فائدہ:۔** ماں کے عزیزوں قرابت داروں سے سلوک بڑی اچھی چیز ہے۔ دیکھو حضور انور نے ہوازن کے قیدیوں کو اس لئے آزاد فرمادیا کہ وہ جناب حلیمہ کے ہم قوم تھے حالانکہ حضرت حلیمہ صرف دودھ کی والدہ تھیں اور ابھی ہوازن سے سخت جنگ ہوچکی تھی۔ جیسا کہ نزول میں عرض کیا

marfat.com

گیا پھر سگی ماں کے مومن قرابت داروں کا کیا پوچھنا۔ ان کے ساتھ سلوک ماں باپ کی خوشنودی کا سبب ہے
**مسئلہ**:۔ جب اپنے قرابت داروں ماں باپ کے حق کا یہ حال ہے تو حضور انور کے ماں باپ حضور انور کے قرابت داروں کے حق کا کیا پوچھنا۔
**پہلا اعتراض**:۔ تم نے کہا کہ غزوۂ حنین میں کفار چار ہزار تھے، مومن بارہ ہزار۔ پھر کہا کہ ان میں سے چھ ہزار قیدی ہوئے یہ کیسے اگر وہ سارے بھی قید ہو گئے ہوتے تب بھی دو ہزار زیادہ کیسے۔ **جواب**:۔ جنگی جوان چار ہزار تھے مگر قید ہونے والے ان کے بچے عورتیں بوڑھے سب ہی تھے۔ **دوسرا اعتراض**:۔ تم نے کہا کہ غزوۂ حنین سے پہلے اسّی غزوات ہو چکے تھے مگر بخاری شریف میں ہے کہ حضور انور نے کل انیس ۱۹ غزوات کیئے پھر یہ تمہارا قول کیونکر درست ہوا۔ **جواب**:۔ مشہور غزوات تو واقعی انیس ہوئے مگر کل غزوات سرایا۔ جھڑپیں وغیرہ سب ملائی جائیں تو واقعی اسّی ہیں۔ جیسے بیر معونہ۔ عرینہ والے اور حضرت خبیب کے قتل کا واقعہ وغیرہ۔ لہٰذا دونوں قول درست ہیں۔ **تیسرا اعتراض**:۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہوازن کے تمام قیدی کیوں چھوڑ دیئے ان میں کیا خصوصیت تھی۔ **جواب**:۔ اس لیئے کہ ہوازن جناب حلیمہ کی ہم قوم اور ہم وطن تھے ان کی نسبت یہ رعایت کی گئی **چوتھا اعتراض**:۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ کرام کا توکل اللہ پر نہ تھا۔ اپنی جماعت و کثرت پر توکل تھا یہ بات مومن کی شان کے خلاف ہے **جواب**:۔ مقبولوں کی واردات لوگوں کے لیئے ہدایت ہوتی ہیں۔ اس واقعہ میں قیامت تک کے مسلمانوں کو توکل کی تعلیم ہے۔ ان کے یہ واردات بھی تبلیغ ہیں۔ **پانچواں اعتراض**:۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کی پوری جماعت مل کر بلکہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دفعِ بلا نہیں کر سکتے دیکھو فرمایا گیا لَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا ۔ پھر تم کیسے کہتے ہو کہ اولیاء صحابہ یا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دافع بلا ہیں۔ غزوۂ حنین میں نبی اور صحابہ سب ہی موجود ہیں مگر اولاً ہزیمت ہو گئی (وہابی) **جواب**:۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ مقبول بندے اللہ کے حکم اس کے ارادے سے دافعِ البلا تو کیا دافعِ جملہ بلا ہیں۔ اس کے بغیر حکم اس کا مقابلہ کر کے کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔ شعر

شافعِ روزِ جزا تم پہ کروڑوں درود — دافعِ جملہ بلا تم پہ کروڑوں درود

یہاں یہ بتایا گیا کہ تم نے اپنی نظر ہم سے ہٹا کر زیادتیِ تعداد پر لگائی تو ہم نے تمہاری فتح نہ چاہی تم مشکل میں پڑ گئے پھر جب ہم نے چاہا تو وہی جماعت فاتحِ حنین بن گئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اولیاء اللہ کے متعلق فرماتے ہیں بِهِمْ يُرْزَقُوْنَ وَبِهِمْ يُمْطَرُوْنَ لوگوں کو ان کی برکت سے بارشیں اور روزیاں ملتی ہیں۔ رب تعالیٰ ضعفاء مومنین کے متعلق فرماتا ہے ہیں جو مکہ معظمہ میں رہ گئے تھے لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اگر یہ لوگ مکہ سے نکل جاتے تو ہم کفار کو عذاب دے دیتے اور فرماتا ہے وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ۔ اللہ تعالیٰ ان کو عذاب نہ دے گا حالانکہ ان میں آپ ہیں یہ ہے دفعِ بلا چھٹا اعتراض حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد سے بھاگنے کو گناہِ کبیرہ فرمایا وَالتَّوَلِّيْ يَوْمَ الزَّحْفِ حضرات صحابہ غزوۂ حنین سے بھاگ گئے انہوں نے گناہ کبیرہ کیا۔ یہ ہے فسق معلوم ہوا کہ صحابہ فاسق تھے **جواب** جی ہاں گناہ ہوا مگر اس کی معافی کا اعلان بھی ہو گیا۔ اور انہوں نے اس جنگ میں فتح حاصل کر کے کفارہ ادا کر دیا معافی کے بعد اس گناہ کا طعنہ دینا گناہ ہے ہم حضرات صحابہ کو معصوم نہیں مانتے۔ عادل مانتے ہیں۔ عادل وہ جو گناہ پر قائم نہ رہے معصوم صرف حضرات انبیاء کرام یا فرشتے ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** جیسے فوج کی کثرت بغیر اللہ کی مدد کے ملک فتح نہیں کر سکتی اس کثرت پر توکل نہ چاہیئے یوں ہی صرف کثرتِ اعمال طاعاتِ عبادات بغیر رضاءِ الٰہی فتح بابِ جنت نہیں کر سکتے۔ اعمال اس کا سبب ہیں نہ کہ علت لہذا عابدین زاہدین کو چاہیئے کہ اپنے اعمال پر نازاں نہ ہوں بلکہ ہمیشہ اس کے دروازہ پر عجز و نیاز کے ساتھ حاضر رہیں حافظ شیرازی کہتے ہیں۔ شعر

تکیہ بر تقویٰ و دانش در طریقت کافری است ۔ راہ رو گر صد ہنر دارد توکل باید ش

اپنے عقل و اعمال پر توکل طریقت میں کفر ہے توکل رب پر چاہیئے یہ واقع حنین بہت باتوں کا سبق دے رہا ہے۔ صوفیا فرماتے ہیں کہ ایک ہی بات ایک زبان کے لیئے رحمت ہوتی ہے دوسری کے لیئے زحمت یعنی تکلیف۔ دیکھو موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ۔۔ خدایا مجھے اپنا جمال دکھا میں دیکھوں وہ محبوب رہے ہیں بنی اسرائیل نے کہا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً ہم کو اللہ تعالیٰ کا جمال دکھا دو وہ مصیبت میں پڑ گئے۔ دیکھو حضور انور نے بھی فرمایا کہ بارہ ہزار کا لشکر کمی کے باعث مغلوب نہ ہوگا۔ وہ فرمان برحق ہے۔ یہ ہی حنین کے سپاہیوں نے کہا کہ ہم بارہ ہزار ہیں مغلوب نہ ہوں گے وہ تکلیف میں پڑ گئے۔ کیونکہ یہاں دل کا ناز اترانا شامل تھا۔ حضور کی اَنَا فنا فی اللہ تھی لہذا احکام میں فرق ہے مولانا فرماتے ہیں

آبِ دریا مردہ را بر سر نہد ۔ چوں رود زندہ زِ دریا کے رہد

مردہ کو دریا نہیں ڈبوتا۔ زندہ کو غرق کر دیتا ہے۔ اس دربارِ معرفت میں نفس مردہ کر کے غوطہ لگاؤ پار ہو جاؤ گے۔ اَنا لے کر کودو گے غوطے کھاؤ گے

marfat.com

ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

پھر اتارا اللہ سکینہ اپنا اوپر اپنے رسول کے اور اوپر

پھر اللہ نے اپنی تسکین اتاری اپنے رسول پر اور

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ

مومنوں کے اور اتارے لشکر کہ دیکھا نہیں تم نے انہیں اور عذاب

اور وہ لشکر اتارے جو تم نے نہ دیکھے اور کافروں کو عذاب دیا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ

ان لوگوں کو کفر کیا جنہوں نے اور یہ ہے بدلہ کافروں کا پھر

اور منکروں کو یہ ہی سزا ہے پھر

يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

توبہ ڈالے گا اللہ پیچھے اس کے اوپر اس کے جس کو چاہے گا اور اللہ

اس کے بعد اللہ جسے چاہے گا توبہ دے گا اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۷﴾

بخشنے والا رحم والا ہے

بخشنے والا مہربان ہے

**تعلق:** ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق۔** پچھلی آیات کریمہ میں مسلمانوں کے حنین میں قدم اکھڑ جانے کا ذکر ہوا اب انہیں مسلمانوں کے قدم جم جانے اور میدان جیت لینے کا تذکرہ ہو رہا ہے گویا غزوہ کا ایک رخ پچھلی آیت میں دکھایا گیا دوسرا رخ اب دکھایا جا رہا ہے۔ **دوسرا تعلق:** یہ پچھلی آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی مدد کا اجمالی ذکر ہوا لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ (الخ) اب

marfat.com

اس اجمال کی تفصیل ہو رہی ہے کہ اس غزوہ میں رب نے کس طرح مسلمانوں کی مدد کی جیسا کہ تفسیر میں عرض ہوگا۔ انشاء اللہ۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیات میں بتایا گیا کہ غزوات و جنگ میں صرف لشکر کی زیادتی فتح کے لیے کافی نہیں اب کافی ہونے والی چیزیں جن کی فتح میں ضرورت ہے ان کا بیان ہے یعنی سکینہ اور تارنا وغیرہ گویا ناکافی چیزوں کے بعد کافی چیزوں کا ذکر ہے۔

**تفسیر:** ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ چونکہ یہ واقعہ یعنی سکینہ کا نزول گذشتہ مذکورہ واقعہ سے کچھ دیر بعد ہوا اس لیے یہاں ثم ارشاد ہوا چونکہ یہ اطمینان و سکون غیبی تھا جس کا تعلق عرشِ عظیم سے تھا اس لیے اَنْزَلَ فرمایا گیا یعنی اوپر سے اتارا اور ایک دم اوتارا۔ سکینہ بنا ہے سکون سے بمعنی دلی اطمینان۔ دل کا چین اس کی تفسیر اور اقسام دوسرے پارہ کے اخیر میں فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ کی تفسیر میں گذر چکی۔ یہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر یا تو برکت کے لیے ہے دراصل انہیں پر سکونِ قلبی اوتارا جن کو بے قراری بے چینی ہو گئی تھی، حضور انور تو اوّل سے ہی مطمئن تھے جیسے رب فرماتا ہے یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ میں حضور انور کا ذکر برکت کے لیے ہے یا اس کا مطلب یہ ہے کہ حضور انور کے دل کا چین اور بھی زیادہ فرما دیا سو چین پر چین نازل کیا۔ جیسے یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰهَ یا مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کو بے چینی کفار کے سخت حملہ کی وجہ سے تھی، حضور انور کو رنج و قلق ان مسلمانوں میں ہل چل پڑ جانے کی وجہ سے تمام مفسرین نے دوسری توجیہ کو اختیار کیا۔ مومنین سے مراد یا تو بھاگ جانے والے مومنین ہیں یا اپنے مقام پر ڈٹے رہنے والے یا دونوں تیسرا احتمال قوی ہے اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رب تعالیٰ نے سکون اپنے محبوب کو دیا حضراتِ صحابہ کو دینے کے لیے حضور انور کے حکم سے حضرت عباس نے انہیں آواز دی اور ان سے ان کو سکون میسر ہوا۔ جیسے قرآن مجید حضور انور کو ملا حضور کے ذریعہ سب مسلمانوں کو وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا یہ دوسری نعمت ہے جو غازیانِ حنین کو عطا ہوئی۔ چونکہ دلوں کا چین انہیں پہلے دیا گیا جس کی وجہ سے وہ بھاگتے ہوئے لوٹ پڑے اور حضور انور کے گرد جمع ہو گئے پھر فرشتوں کا نزول ہوا اس لیے یہ نعمت سکون کے بعد ذکر کی گئی چونکہ فرشتے مختلف قسم کے مختلف ٹولیوں میں آئے اس لیے انہیں جنود یعنی لشکروں سے تعبیر کیا لَمْ تَرَوْ فرما کر یہ بتایا کہ صرف مسلمان غازیوں نے انہیں نہ دیکھا۔ حضور انور نے بھی دیکھا اور مقابلہ کرنے والے کفار نے بھی۔ جن سے ان کی ہمت ٹوٹ گئی چنانچہ ہوازن قیدیوں نے مسلمانوں سے پوچھا کہ ابلق اور سفید گھوڑوں والے کہاں گئے جو جنگ کی حالت میں تمہارے ساتھ تھے۔ خیال رہے کہ ان فرشتوں کی تعداد ایک قول کے مطابق سولہ ہزار تھی۔ یعنی مسلمانوں اور کافروں کے لشکروں کی مجموعی تعداد کے مطابق اس میں اور قول

marfat.com

یہی ہیں یہ بھی خیال رہے کہ اس غزوہ میں فرشتوں نے کفار سے جنگ نہ کی بلکہ صرف ان کی ہمتیں توڑ دیں۔ جنگ صرف غزوۂ بدر میں کی۔ نیز یہ فرشتے کفار کو ہلاک کرنے نہیں آئے تھے ورنہ ایک کافی تھا۔ وَعَذَّبَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یہ تیسری نعمت ہے جو مسلمانوں کو اس غزوہ میں عطا ہوئی۔ عذاب سے مراد ہے ان کا قتل۔ قید۔ مال کی غنیمت بن کر مسلمانوں کے پاس پہنچ جانا۔ یعنی دنیاوی عذاب اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے مراد وہ ہوازن و ثقیف ہیں جو مسلمانوں کے مقابل آئے تھے اور ہو سکتا ہے کہ عذاب سے مراد ہو آخرت کا عذاب یعنی برزخی سزائیں تو کَفَرُوْا سے مراد وہ ہوازن و ثقیف ہیں جو کفر پر مارے گئے کیونکہ باقی ہوازن تو بعد میں مسلمان ہو گئے۔ خیال رہے کہ ہوازن شکست کھا کر اوطاس کی طرف بھاگے جہاں ان کے بال بچے اور بہت مال تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے ابو عامر کی سرکردگی میں لشکر بھیجا وہاں جنگ ہوئی اور وہاں بھی انہوں نے سخت شکست کھائی۔ ان کے بال بچے قید ان کے بے شمار مالِ غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ لگے۔ ہوازن کا امیر مالک ابن عوف اوطاس سے طائف بھاگا۔ طائف کا مسلمانوں نے محاصرہ کیا۔ یہاں ابو عامر شہید ہوئے اور طائف فتح ہوا۔ اس دوران میں ماہ ذی قعدہ آگیا۔ حضور انور نے مقام جعرانہ میں واپس آکر یہ غنیمتیں تقسیم فرمائیں۔ جعرانہ ایک عورت ریطہ بنت سعد کا لقب تھا۔ اس کے نام سے یہ مقام جعرانہ کہلاتا ہے یہ ہی عورت دن بھر سوت کات کر رات کو توڑ دیتی تھی جس کے متعلق قرآن کریم فرماتا ہے کَاَلَّتِیْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا یہاں سے ہی حضور انور نے عمرہ کیا۔ یہاں سے ستر نبیوں نے عمرہ کیا ہے جسے آج بڑا عمرہ کہتے ہیں (روح البیان) وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِیْنَ ذٰلِكَ سے اشارہ مذکورہ عذاب کی طرف ہے اَلْكٰفِرِیْنَ سے مراد جنگ حنین میں مسلمانوں سے لڑنے والے کفار ہیں۔ یا وہاں کفر پر مرنے والے جیسا کہ ابھی عرض کیا گیا جیسے عذاب میں دو احتمال تھے۔ ایسے ہی یہاں بھی کافرین میں دو احتمال ہیں یہاں تک تو مومنوں پر رب کے فضل کفار پر قہر کا ذکر ہوا اب دوسرا رخ دکھایا جا رہا ہے کہ ارشاد ہے ثُمَّ یَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ یَّشَآءُ ۚ چونکہ ہوازن کے اسلام کا واقعہ فتح حنین سے کچھ دن بعد ہوا اسلئے یہاں ثُمَّ ارشاد ہوا توبہ سے مراد ہے اسلام کی توفیق دینا ذٰلِكَ سے اشارہ مذکورہ غزوۂ حنین کے واقعات کی طرف ہے یعنی اللہ تعالیٰ غزوۂ حنین کے بعد جس کافر کو چاہے گا کفر سے توبہ کرنے اسلام قبول کرنے کی توفیق دے گا چنانچہ اس کے بعد ہوازن کے کچھ سردار اپنی قوم کے نمائندے بن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں مدینہ منورہ حاضر ہوئے اور اخلاص سے مسلمان ہوئے۔ حضور انور نے انکے سارے قیدی چھوڑ دیئے کہ بی بی حلیمہ دائی کے ہم وطن ہم قوم تھے۔ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اللہ تعالیٰ بڑا ہی بخشنے والا ہے۔ بڑا ہی مہربان ہے اگر بندہ اس کے دروازہ پر عاجزی کر کے حاضر ہو اور سچی توبہ کرے

marfat.com

توبرسوں کے گناہ ایک آن میں معاف کر دیتا ہے اور اس پر ایسی مہربانیاں کرتا ہے کہ اس کے وہم وگمان سے وراء ہوں۔ چنانچہ یہ ہی ہوا ان جو عرصے کے کافر و مجرم تھے آخر کار مومن ہوئے۔ صحابی ہوئے چنانچہ انہیں کا سردار مالک ابن عوف جو مسلمانوں سے پہلے حنین میں پھر اوطاس پھر طائف میں لڑا آخر کار مومن ہوا اور عہد فاروقی میں ملک شام کا بہت سا حصہ اس نے فتح کر کے اسلامی ممالک میں شامل کیا (روح البیان) اس کا حال یہ ہو گیا۔ شعر

آں کس کہ ترا شناخت جاں راچہ کند — فرزند و عیال و خانماں راچہ کند
دیوانہ کنی ہر دو جہانش بخشی — دیوانۂ تو ہر دو جہاں راچہ کند

وہ تو زبان حال سے یوں کہتا تھا۔ شعر

ما ہر چہ داشتیم فدائے تو کردہ ایم — جاں را اسیر بندِ ہوائے تو کردہ ایم
ما کردہ ایم ترکِ خود و ہر دو کون نیز — وانہا کہ کردہ ایم برائے تو کردہ ایم

اللہ تعالیٰ ان مقبولوں کے صدقہ ہم کو بھی سچی توبہ نیک اعمال کی توفیق دے آمین۔

**خلاصہ تفسیر** اے مسلمانوں تم نے زیادہ لشکر بہت سامان کا تو انجام دیکھ لیا کہ اگر رب کرم نہ کرے تو یہ سامان کچھ نہیں بناتا اب ہماری شان دیکھو کہ ہم نے اس غزوۂ حنین میں اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر دل کا چین و سکون غیبی طریقہ سے نازل فرمایا ان کے ذریعہ مسلمانوں کو بخشا کہ حضور کے حکم سے حضرت عباس نے پکارا کہ مسلمانو! کہاں جاتے ہو۔ قرآن والو قرآن دینے والے محبوب کی طرف آؤ۔ اس آواز نے صورِ اسرافیل کا کام کیا سب کے دلوں میں چین آگیا۔ سب لوٹے اور حضور انور کے گرد جمع ہو گئے ادھر رب تعالیٰ نے سولہ ہزار فرشتے نازل فرمائے۔ جن کو مسلمانوں نے تو نہ دیکھا مگر کفار نے دیکھا۔ جس سے ان کے دل ڈر گئے ہمتیں ٹوٹ گئیں یعنی ادھر مسلمانوں کو جرأت و ہمت بخشی ادھر کفار کی ہمتیں پست فرما دیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کفار کو دنیاوی عذاب یعنی شکست نے آلیا۔ کفار کا بدلہ یہ ہی ہوتا ہے پھر اس کے بعد اللہ نے انہیں کفار کو جو مسلمانوں سے تین جگہ لڑے۔ حنین میں اوطاس میں طائف میں اور تینوں جگہ شکست کھائی توبہ کی توفیق دی کہ یہ ہی کفار مدینہ منورہ حاضر ہو کر مسلمان بنے صحابی بنے بعد میں ان میں سے بعض غازی بنے اللہ تعالیٰ گناہ بخشنے والا بھی رحم و کرم فرمانے والا بھی ہے۔

**فائدے**:۔ ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے: **پہلا فائدہ**۔ ہر حال میں خصوصاً جہاد میں دل کا سکون و چین اللہ کی بڑی نعمت ہے گھبرائی ہوئی فوج شکست کھا جاتی ہے۔ مطمئن فوج اگرچہ تھوڑی ہو غالب آجاتی ہے یہ فائدہ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ (الخ) سے حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہر مومن کو دنیا و آخرت میں دل کا چین نصیب کرے۔ **دوسرا فائدہ**: حقیقی چین وہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت عطا ہو۔ یہ فائدہ

marfat.com

عَلٰی رَسُوْلِہٖ کے بعد عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ فرمانے سے حاصل ہوا رب فرماتا ہے اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ اس آیت میں ذکر اللہ سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ حضور کا نام ذکر اللہ بھی ہے رب فرماتا ہے ذِکْرًا رَّسُوْلًا اور فرماتا ہے اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَکِّرٌ **تفسیر افائدہ**:۔ گناہ کبیرہ سے انسان کافر نہیں مومن ہی رہتا ہے یہ فائدہ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان غازیوں کو مومن فرمایا جو اس وقت جہاد سے بھاگ رہے تھے حالانکہ جہاد سے بھاگنا گناہِ کبیرہ ہے (روح البیان) خصوصاً جبکہ گناہ کے ساتھ خوفِ خدا بھی ہو۔ حافظ شیرازی کہتے ہیں۔ شعر

بہوش دامنِ عفوی بدلتِ مَن مست — کہ آب روئی شریعت بدمنِ قدر نرود

**چوتھا فائدہ**:۔ غزوۂ حنین میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نہ تو گھبراہٹ آئی نہ آپ کے قدم پیچھے ہٹے آپ کفار کی طرف ہی بڑھتے رہے یہ فائدہ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ فرمانے سے حاصل ہوا جس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اور قسم کی سکینہ اور تری مومنین پر دوسری قسم کی **پانچواں فائدہ**: جنگِ بدر کی طرح غزوۂ حنین میں بھی فرشتے آئے مسلمانوں کی مدد کے لیئے مگر فرق یہ ہے کہ بدر میں فرشتوں نے کفار سے جنگ بھی کی حنین میں جنگ نہ کی۔ یہ فائدہ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا سے حاصل ہوا **چھٹا فائدہ**:۔ بدر میں مسلمانوں نے فرشتوں کو دیکھا مگر حنین میں مسلمانوں نے نہ دیکھا۔ ہاں کفار کو نظر آئے۔ یہ فائدہ لَمْ تَرَوْھَا سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ**:۔ کفار کے لیئے غزوات میں موت عذابِ الٰہی ہے مگر مومن کے لیئے اللہ کی رحمت۔ وہاں کافر کی موت حرام موت ہے مومن کی موت شہادت ہے یہ فائدہ فَعَذَّبَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا (الخ) سے حاصل ہوا۔ مومن کی حالت تو یہ ہوتی ہے شعر

مرے شہید ہوئے مارے انہوں تو غازی ہے — یہ کام وہ ہے کہ ہر طرح سرفرازی ہے
مار آئے تو غازی مر گئے تو شہید — لُٹ گئے تو روزہ لوٹ آئے تو عید

**پہلا اعتراض**:۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ غزوۂ حنین میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی گھبراہٹ ہو گئی تھی۔ اور آپ کے قدم بھی اکھڑ گئے تھے ورنہ آپ پر سکینہ اتارنے کے کیا معنیٰ۔ سکون اس کو دیا جاتا ہے جسے بے چینی ہو۔ **جواب**:۔ یہ بات عقل و نقل دونوں کے خلاف ہے تمام احادیث و تواریخ میں ہے کہ حضور انور اس وقت کفار ہی کی طرف بڑھ رہے تھے نیز اگر حضور انور کے قدم اکھڑ گئے ہوتے تو مسلمانوں کے قدم کہاں اور کیسے جمتے۔ اس سوال کا جواب ہم تفسیر میں دے چکے کہ حضور انور پر سکینہ کا نزول اور قسم کا تھا مسلمانوں پر اور قسم کا۔ سکینہ کے نزول سے حضور کا سکون اور بڑھ گیا تھا۔ دیکھو تفسیر **دوسرا اعتراض**:۔ حضرت سلمہ ابن اکوع فرماتے ہیں کہ مَرَرْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُنْہَزِمًا میں حضور انور سے بھاگنے کی حالت میں ملا۔ معلوم ہوا کہ حضور انور بھی بھاگڑ میں شریک تھے۔ **جواب**:۔ اگر یہ روایت درست ہو تو اس میں مُنْہَزِمًا حضرت سلمہ کا حال ہے نہ کہ حضور انور کا حال

marfat.com

یعنی اس وقت میں بھاگ رہا تھا (روح البیان) تھا ورنہ مردت نہ کہتے گزرتا وہی ہے جو ٹھیرے ہوئے کے پاس سے ہو دونوں بھاگتے ہوں۔ تو اس کو گزرنا نہیں کہا جاتا معترض کو عقل سے کام لینا چاہیئے جیسے حضور فرماتے ہیں رَاَیْتُ رَبِّیْ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَۃٍ میں نے اپنے رب کو اچھی صورت میں دیکھا یعنی اس وقت میری صورت اچھی تھی کہ میں لباس نوری میں تھا۔ **مسئلہ** جو شخص حضور انور کی طرف بھاگنے کی نسبت کرے وہ کافر ہے کہ حضور انور کی توہین کرتا ہے۔ حضور اشجع الاشجعین ہیں۔ حضور جیسا بہادر کوئی پیدا نہیں ہوا (روح البیان) **تیسرا اعتراض** بر حنین میں جب مسلمانوں نے فرشتوں کو دیکھا ہی نہیں تو ان کے اتارنے کا کیا فائدہ۔ **جواب**:۔ انہیں کفار نے دیکھا جس سے ان کی ہمتیں پست پڑ گئیں۔ مسلمانوں کے دل قوی ہو گئے۔ اگرچہ فرشتے انہیں نظر نہ آئے۔ نورانی مخلوق نظر نہ آئے جب بھی اس کا اثر دل پر پڑتا ہے۔ ناری ابلیس نظر نہیں آتا اور دل میں اثر کر دیتا ہے نار سے نور کی طاقت زیادہ ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** اس موقع پر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی کنکر کفار کی طرف پھینکے جو ان کی آنکھوں پر پڑے فرعون کے مقابلہ کے وقت موسیٰ علیہ السلام نے لاٹھی کو سانپ بنایا مگر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ عصاء موسوی سے بڑھ گیا۔ کہ اس معجزہ سے فرعون نے شکست نہیں مانی۔ مگر یہاں تمام کفار نے شکست مان لی۔ رب کے فرشتے مومنین کو نظر نہ آئے مگر ان کی آمد سے مومنوں کے دل مطمئن ہو گئے۔ بصارت نے انہیں نہ دیکھا مگر بصیرت نے دیکھا۔ صوفیا فرماتے ہیں کہ سکینہ فرشتوں کی ایک خاص جماعت ہے جو بحکم رَبِّ الْعَالَمِیْن گھبرائے ہوئے دل کو تھام لیتی ہے جس سے دل کو سکون نصیب ہوتا ہے۔ یہ خاص موقعوں میں خاص بندوں پر نازل ہوتی ہے۔ ان کے اس قول کی تائید اس آیت سے ہوئی اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْہِمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا (الخ) کبھی بزرگوں کے تبرکات سے سکونِ قلبی حاصل ہوتا ہے۔ رب فرماتا ہے فِیْ سَکِیْنَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَبَقِیَّۃٌ مِّمَّا تَرَکَ اٰلُ مُوْسٰی وَاٰلُ ھٰرُوْنَ کبھی بزرگوں کی صحبت کبھی اللہ کا ذکر سکینہ ہے اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ غزوۂ حنین میں ملائکہ لشکر در لشکر حاضر ہوئے یہ اور تھے اور سکینہ کچھ اور یہ سامان مسلمانوں کے سکون کا باعث ہوا۔ کفار کے عذاب کا سبب بہر حال یہ آیت کریمہ بہت جامع آیت ہے۔

| | |
|---|---|
| یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ فَلَا یَقْرَبُوْا | |
| اے لوگو جو ایمان لا چکے | اس کے سوا نہیں کہ سارے مشرک (کفار) ناپاک ہیں پس نہ قریب آئیں |
| اے ایمان والو مشرک بڑے ناپاک ہیں | تو اس برس کے بعد وہ |

marfat.com

| |
|---|
| الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ |
| مسجد حرام کے پیچھے ان کے اس سال اور اگر خوف کرو |
| مسجد حرام کے پاس نہ آئیں اور اگر تمہیں محتاجی کا ڈر |
| عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ۭ اِنَّ |
| تم غریبی کا پس عنقریب غنی کردے گا تم کو اللہ اپنی مہربانی سے اگر چاہے گا بے شک |
| ہے تو عنقریب اللہ تمہیں دولت مند کردے گا۔ اپنے فضل سے اگر چاہے بیشک |
| اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۸﴾ |
| اللہ علم والا حکمت والا ہے |

**تعلق**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیات کریمہ میں غزوہ کا واقعہ بیان ہوا جس سے پتہ لگا کہ اسباب کے مقابل مسبب الاسباب پر توکل چاہیئے اب اس کا نتیجہ ارشاد ہو رہا ہے کہ مشرکین اگر حج کرنے نہ آئیں تو اے مکہ والو تم بھوکے نہ مرو گے۔ رازق رب تعالیٰ ہے نہ کہ مشرکین عرب۔ **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مومن غازیوں پر نزولِ سکینہ کا ذکر ہوا اب ارشاد ہو رہا ہے کہ مکہ والو تم مشرکوں کو حج سے روک دو تو تم پر غیبی سکینہ اترے گا۔ وہ واقعہ تمہارے لیے مسبق ہے **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات سے پتہ لگا کہ کفار اللہ کی رحمت سے دور ہیں۔ اب ارشاد ہے کہ وہ بیت اللہ سے بھی دور ہیں۔ گویا رحمت اللہ سے دور ہونے کے بعد بیت اللہ سے دوری کا ذکر ہے۔

**شانِ نزول**۔ جب ۹ھ ہجری میں حضرت ابوبکر صدیق کی سرکردگی میں حضرت علی نے سورۂ برأت کا اعلان کیا اور فرمایا کہ سالِ آئندہ سے کوئی مشرک حج نہ کرے نہ کوئی ننگا تو مشرکین عرب نے مکہ کے مسلمانوں سے کہا کہ تم نے ہم کو حج سے تو روک دیا تم بھی اس کا انجام دیکھ لینا۔ کیونکہ حج میں سامانِ تجارت ہم ہی باہر سے لاتے ہیں تمہاری آمدنیاں ہمارے ہی ذریعہ سے ہوتی ہیں۔ اگر ہم نے آنا چھوڑ دیا تو تم بھوکے مرجاؤ گے اس پر بعض مکہ والے کچھ پریشان ہوئے تب یہ آیت نازل ہوئی جس میں ان کو تسلی دی گئی کہ رازقِ اللہ ہے اسی پر توکل کرو وہ تم کو ان شاء اللہ پہلے سے زیادہ روزی عطا فرمائے گا (کبیر۔ خازن۔ روح المعانی)

**تفسیر**۔ یٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا چونکہ اس آیت کریمہ کا حکم کہ مشرکین حج و عمرہ کو نہ آئیں فطری طور سے نفس پر شاق تھا کہ بظاہر عام آمدنی انہیں سے ہوتی تھی۔ اور صدیوں سے وہ لوگ حج کرتے تھے ایک دم ان کا حج

marfat.com

سے روک دینا آسان نہ تھا۔ اس مضمون کو پیارے خطاب مبارک ندا سے شروع فرمایا تاکہ اس ندا کی لذت سے اِس پر عمل آسان ہو جاوے۔ نیز اس خطاب سے یہ بتایا کہ کفار سے نفرت ایمان کا تقاضا ہے کیونکہ مومن پاک ہے مشرکین ناپاک۔ پاک اور ناپاک کا اجتماع کیسا۔ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ اِنَّمَا حصر کے لیئے ہے اس میں مشرکین کو نجس میں منحصر کیا گیا ہے۔ نہ کہ نجس کو مشرکین میں یعنی یہ معنی نہیں کہ مشرکین ہی نجس ہیں۔ بلکہ معنی یہ ہیں کہ مشرکین نجس ہی ہیں ان میں پاکی کا شائبہ بھی نہیں۔ ان جیسی آیات میں مشرکین سے مراد سارے کفار ہوتے ہیں۔ خواہ مشرک ہوں یا عیسائی یہودی (روح البیان) نَجَسٌ یا تو مصدر ہے نَجِسَ یَنْجَسُ کا تو اس سے پہلے ذو پوشیدہ ہے، یا صفت مشبہ بروزن حَسَنٌ تو کچھ پوشیدہ ماننے کی ضرورت نہیں۔ اور ہو سکتا ہے کہ نَجَسٌ مصدر ہو اور کچھ پوشیدہ نہ ہو جیسے زَیْدٌ عَدْلٌ۔ یعنی کفار نری گندگی ہیں۔ قوی یہ ہی ہے کہ یہاں نجاست سے مراد عقائد کی نجاست ہے یعنی ان کے عقیدے گندے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ اس سے نجاست حکمی بھی مراد ہو کہ وہ جنابت میں غسل نہیں کرتے ہو سکتا ہے کہ نجاست حقیقی مراد ہو کیونکہ کفار کے کپڑے جسم گندے ہوتے ہیں وہ پیشاب سے پرہیز نہیں کرتے بلکہ گائے کے پیشاب و گوبر کو پاک بلکہ پاکی کا ذریعہ سمجھتے ہیں جیسا کہ آج بھی ہندوؤں میں دیکھا جا رہا ہے اسی ہاتھ سے گوبر کا اُپلا توڑا پھر وہی ہاتھ پانی اور آٹے میں ڈال دیتے ہیں مگر قوی قول پہلا ہی ہے۔ یعنی عقائد کی گندگی مراد ہے۔ جیسا کہ اگلے مضمون سے ظاہر ہے یہ ہی احناف کا مذہب ہے فَلَا یَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اس فرمان عالی میں فِ سببیہ ہے یعنی چونکہ وہ نجس ہیں لہٰذا مسجد حرام کے قریب بھی نہ آئیں۔ قریب سے مراد داخل ہونا ہے مبالغہ کے لیئے قریب کا ذکر فرمایا جیسے فَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ۔ مسجد حرام سے مراد یا تو صرف مسجد حرام شریف ہے یا حدودِ حرم جس کے حدود اربعہ یہ ہیں براستہ مدینہ تین میل۔ براستہ عراق سات میل براستہ طائف و جعرانہ نو میل براستہ جدہ دس میل (روح البیان) قوی یہ ہے حج و عمرہ یا نماز و دیگر عبادات کے لیئے کفار کا مسجد حرام میں آنا حرام ہے دنیاوی وجہ سے کچھ دیر کے لیئے آ سکتے ہیں جیسے سلطانِ اسلام مکہ میں ہو اور باہر سے کوئی کافر اس سے ملنے آئے تو آ سکتا ہے۔ سلطان پر لازم نہیں کہ حدودِ حرم سے باہر جا کر اس سے ملاقات کرے۔ یہ بھی احناف کا مذہب ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ آگے ارشاد ہے بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا اس فرمان عالی میں ہذا سے مراد ہے ۹ھ ہجری کا سال یعنی اس سال کے بعد اگلے سال نہ آئیں۔ یعنی حج کرنے نہ آئیں اگر مطلقاً آنا منع ہوتا تو سال کی قید نہ ہوتی یعنی اگلے سال سے یہ حج و عمرہ کرنے نہ آویں یوں ہی اور کسی مسجد میں کفار اپنی اپنی عبادات کرنے داخل نہ ہوں کہ اس حکم اور احترام کے کام میں ساری مساجد یکساں ہیں۔ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً اس فرمان عالی میں مسلمانوں کے شبہ کا جواب ہے۔ عَيْلَةً بنا ہے عَيِلَ سے بمعنی بھوک فقر عَوِلَ بمعنی

marfat.com

پرورش ہے اس سے ہے عیال یعنی ماں باپ کے ذریعہ پرورش پانے والے یعنی اگر تم کو یہ اندیشہ ہو کہ کفار کو حج سے روک دیئے جانے سے مکہ والے بھوکے مریں گے تو خیال رکھو کہ فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ۔ یہ عبارت اِنْ خِفْتُمْ کی جزا نہیں بلکہ پوشیدہ جزا کی وجہ ہے لہٰذا فِ جزائیہ نہیں بلکہ تعلیلیہ ہے اس میں خطاب انہیں مکہ والوں سے ہے جن کو یہ دھوکا لگا تھا۔ یُغْنِیْ بنا ہے اِغْنَاءٌ سے بمعنی بے نیاز کر دینا۔ یعنی اس کا غم نہ کرو کیونکہ عنقریب اللہ تعالیٰ تم کو اپنے فضل و کرم سے تمام کفار سے بے نیاز کر دے گا۔ کہ کفار حج کو نہ آئیں اور تم عیش کرو۔ اِنْشَاءَ اللّٰہ یہ فرمانِ عالی شک کے لیئے نہیں بلکہ برکت کے لیئے ہے جیسے لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْشَاءَ اللّٰہ میں ہے اس میں بندوں کو تعلیم دی گئی ہے کہ ہر نعمت کو اللہ تعالیٰ کے کرم سے جانیں اس پر کوئی چیز واجب نہیں نہ کسی کا اس پر حق ہے اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ اس میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کفار کو مکہ معظمہ سے روک دینے میں اس کی صدہا حکمتیں ہیں جو تم کو بعد میں معلوم ہونگی۔ اور تم کو کس ذریعہ سے روزی ملے گی۔ یہ اللہ کے علم میں ہے رب تعالیٰ نے اپنا یہ وعدہ پورا فرما دیا۔ چنانچہ اس سے نجد، بتالا، حرش وغیرہ کو ایمان کی توفیق بخشی یہ لوگ حج کو آنے لگے اور ساتھ ہی تجارتی سامان بھی لانے لگے۔ اِن کی تجارات پہلے سے بھی زیادہ چمک گئیں۔ پھر عہدِ فاروقی میں تو بہت ملک فتح ہوئے ہر طرف سے مسلمان حج کو آنے لگے۔ اب بھی وہاں دیکھ لو کہ مکہ معظمہ کی سی منڈی بڑے بڑے شہروں میں نہیں اور جو نعمتیں وہاں ملتی ہیں دوسری جگہ دستیاب نہیں ہوتیں یہ ہے وعدۂ ربانی کا ظہور۔

**خلاصۂ تفسیر** اے مسلمانو! مشرکین و کفار عقائد، خیالات کے بڑے گندے ہیں گھنونے ہیں لہٰذا اس سال تو انہیں حج کر لینے دو سالِ آئندہ سے یہ مسجد حرام کے قریب بھی نہ پھٹکیں نہ حج کریں نہ عمرہ نہ زیارات اگر تم کو یہ خطرہ ہو کہ ان کے حج وغیرہ سے روک دیئے جانے سے ہم لوگ فقیر ہو جائیں گے کیونکہ ہمارا گذارہ حج کی آمدنی پر اور باہر سے تجارتی مال آنے پر ہے کفار ہی تجارتی مال لاتے ہیں انہیں سے ہم کو آمدنیاں ہوتی ہیں ان کو روک دیا گیا تو ہمارا کیا بنے گا۔ اس کا خیال نہ کرو۔ اِنْشَاءَ اللّٰہ ہم تم کو ان سے غنی و بے نیاز کر دیں گے کہ کفار کے بغیر آئے ہی تمہارے کاروبار خوب چمکیں گے اتنا یاد رکھو کہ اللہ علم والا بھی ہے حکمت والا بھی ہے وہ جانتا ہے کہ کسی کو کیسے پرورش کیا جاتا ہے۔ اس نے جو کفار کو مکہ معظمہ سے روکا ہے اس میں اس کی صدہا حکمتیں ہیں۔ حافظ شیرازی کہتے ہیں شعر

تو بندگی چو گدایاں بشرطِ مزد مکن کہ خواجہ خود روشِ بندہ پروری داند

**خیال رہے۔** کفار و مشرکین کے متعلق چند قول ہیں ۱۔ یہ لوگ کتے سؤر کی طرح نجس العین ہیں اگر ان کو ہاتھ لگ جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے ان کے کپڑے ان کے برتن وغیرہ نجس ہیں ان کا استعمال درست نہیں

یہ قول زید یہ شیعوں کا ہے (تفسیر خازن۔ روح المعانی وکبیر) ان کا یہ شعر ہے

نجس العین کے شود طاہر سگ وخوک است ومیت وکافر

ع۱ ان کے جسم تو پاک ہیں مگر یہ کسی مسجد میں کسی وجہ سے کسی کام کے لئے نہیں آ سکتے۔ یہ قول امام مالک کا ہے (تفسیر کبیر وروح المعانی) ع۲ مشرکین وکفار ہیں تو پاک مگر مسجد حرام میں کسی غرض سے نہیں جا سکتے۔ دوسری مسجدوں میں جا سکتے ہیں۔ یہ قول امام شافعی کا ہے (کبیر) ع۳ آدمی مطلقاً پاک ہے خواہ مومن ہو یا مشرک و کافر وہ ہر مسجد میں اور مسجد حرام میں مسلمانوں کی اجازت سے کر داخل ہو سکتے ہیں اپنی عبادات کسی مسجد میں نہیں کر سکتے۔ یہ قول امام اعظم ابو حنیفہ کا ہے۔ یہ ہی قول نہایت قوی ہے

**فائدے:** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ کفار ومشرکین کے عقائد نجس وگندے ہیں نہ کہ جسم وہ مسجدوں میں اپنی عبادت نہیں کر سکتے۔ دوسرے کام کے لئے مسلمانوں کی اجازت سے آ سکتے ہیں یہ فائدہ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا سے حاصل ہوا۔ اس مسئلہ پر چند دلائل قائم ہیں ع۱ رب تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی پرورش فرعون کے گھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش ابوطالب کے گھر کرائی۔ اگر یہ لوگ کتے سؤر کی طرح نجس ہوتے تو رب تعالیٰ اپنے نبیوں کی پرورش ان نجس لوگوں کے ہاں نہ کراتا ع۲ اس آیت میں ارشاد ہوا کہ مشرکین اس سال کے بعد یعنی اگلے سال سے مسجد حرام کے قریب نہ آئیں معلوم ہوا کہ انہیں حج سے روکا جا رہا ہے کہ مطلقاً آنے سے۔ ورنہ فرمایا جاتا کہ آج سے ہی کبھی نہ آئیں ع۳ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی کے بچے کو مسجد نبوی شریف میں جھاڑو دینے کی اجازت دی تھی وہ جھاڑو دیا کرتا تھا۔ آخر کار وہ مومن ہو کر فوت ہوا مگر جھاڑو دیتے وقت تو کافر ہی تھا ع۴ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار کفار کی ایک جماعت کو مسجد میں اتارا ع۵ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین مسجد میں کچہری کرتے تھے وہاں ہی مقدمات طے کرتے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ مقدمات مسلمانوں کے بھی آتے تھے کفار کے بھی وہ بھی مقدمہ کے سلسلہ میں مسجد میں حاضر ہوتے تھے ع۶ اگر مشرکین نجس العین ہوں تو مسلمانوں کی زندگی ناممکن ہو جاوے آج اکثر وبیشتر چیزیں امریکہ۔ انگلستان سے آتی ہیں جنہیں ہر ملک کے مسلمان استعمال کرتے ہیں ع۷ اگر کفار کا مسجد میں آنا مطلقاً منع ہو تو آج مشکل پڑ جاوے۔ اکثر مستری۔ مزدور۔ انجینئر کفار ہوتے ہیں جن سے مسجدیں تعمیر کرائی جاتی ہیں۔ ان کے بغیر کام نہیں چلتا۔ بہ ہر حال مذہب حنفی بہت قوی ہے

**دوسرا فائدہ:** کفار ومشرکین کو نہ تو مسجد حرام میں حج یا عمرہ کرنے کی اجازت ہے نہ عام مسجدوں میں اپنی عبادات کی اجازت یہ فائدہ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ (الخ) سے حاصل ہوا تمام مسجدیں احترام اور احکام میں مسجد حرام کی طرح ہی ہیں۔ **تیسرا فائدہ:** اللہ کے فضل سے کوئی مومن نجس نہیں سب پاک ہیں۔ حتیٰ کہ بے وضو

marfat.com

جنبی۔ حالانکہ بھی خود نجس نہیں اس کی نجاست حکمیہ ہے اگر مومن کے جسم پر گندگی لگ جاوے تب بھی مومن نجس نہیں یہ نجاست بدن پر ہے اور عارضی۔ یہ فائدہ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ کے اِنَّمَا سے حاصل ہوا اِنَّمَا حصر کیلئے ہے اگر مومن بھی نجس ہو تو اِنَّمَا کا حصر کیسا۔ حصر یا دو طرفہ ہے یا اول کا دوسرے میں جیسے اِنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ میں۔ حصر دو طرفہ ہے حضور فرماتے ہیں اَلْمُؤْمِنُ لَا يَنْجُسُ **چوتھا فائدہ**۔ اگر مشرک یا کافر کو سات سمندروں میں غسل دیا جاوے تب بھی وہ نجس ہی ہے کیونکہ اُنکی نجاست شرک کی وجہ سے ہے اور شرک پانی سے نہیں بلکہ ایمان سے ہی دُھلتا ہے یہ فائدہ اَلْمُشْرِكُوْنَ فرمانے سے حاصل ہوا۔

**پانچواں فائدہ**۔ ہر قسم کے مشرکین نجس ہیں خواہ وہ دو خدا مانیں یا دو سو یوں ہی ہر قسم کے کفار نجس ہیں۔ خواہ وہ دہریے ہوں یا نبی کے منکر یہ فائدہ اَلْمُشْرِكُوْنَ کو جمع استغراقی فرمانے سے حاصل ہوا۔ یہ لفظ شخصی اور نوعی دونوں قسم کے عموم کے لیئے ہے **چھٹا فائدہ**۔ مشرک و کافر کی نجاست عارضی نہیں بلکہ ذاتی ہے وہ بذات خود نجس و ناپاک ہے یہ فائدہ نَجَسٌ جیم کے فتحہ فرمانے سے حاصل ہوا نَجِسٌ جیم کے کسرہ سے عارضی ناپاک کو بھی کہتے ہیں۔ کپڑا نجس ہو جاتا ہے جیم کے کسرہ سے مگر پیشاب پاخانہ نَجَسٌ ہے جیم کے فتحہ سے۔

**ساتواں فائدہ**۔ انسان کو مخلوق پر اعتماد نہیں چاہیئے بلکہ خالق پر چاہیئے یہ فائدہ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ فرمانے سے حاصل ہوا سب کچھ نہیں کر سکتے۔ رب سب کچھ کر سکتا ہے دیکھ لو مشرکوں کو حج سے روکا تو اہل مکہ بھوکے نہ مرے۔ پاکستان سے کفار چلے گئے تو مسلمان بھوکے نہ مرے بلکہ پہلے سے زیادہ مزے میں ہو گئے

**آٹھواں فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ جسکو جو کچھ دیتا ہے محض اپنے فضل و کرم سے دیتا ہے اس پر کسی کا کوئی حق نہیں یہ فائدہ مِنْ فَضْلِهٖ سے حاصل ہوا۔ **نواں فائدہ**۔ یقینی چیزوں پر بھی انشاء اللہ کہہ لینا تبرک کے لیئے جائز ہے یہ فائدہ انشاء اللہ فرمانے سے حاصل ہوا کہ رب نے اہل مکہ کو غنی کرنے کا وعدہ فرمایا۔ رب کا وعدہ یقینی مگر ساتھ ہی انشاء اللہ بھی فرما دیا۔ فرماتا ہے لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لہٰذا یہ کہنا درست ہے کہ میں انشاء اللہ مسلمان ہوں۔ **دسواں فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ کے کسی فعل پر اعتراض کرنا نہیں چاہیئے خواہ سمجھ میں آئے یا نہ آئے یہ فائدہ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض** مشرکین کتوں اور سؤروں کی طرح نَجَسُ الْعَيْن ہیں ان کا کھانا وہ سب ہی نجس ہے دیکھو یہاں نَجَسٌ جیم کے فتح سے ارشاد ہوا۔ چنانچہ ابن مردویہ اور ابو الشیخ نے حضرت ابن عباس سے روایت کی کہ حضور انور نے فرمایا جو مشرک سے مصافحہ کرے وہ وضو کرے یا ہاتھ ہی دھو لے نیز ابن مردویہ نے بروایت ہشام ابن عروہ سے روایت کی کہ ایک بار حضرت جبریل حضور انور کی خدمت میں آئے آپنے مصافحہ کے لیئے ہاتھ بڑھایا تو جناب جبریل نے ہاتھ کھینچ لیا۔ فرمایا مصافحہ

marfat.com

کیوں نہیں کرتے عرض کیا یارسول اللہ آپ نے ایک یہودی کا ہاتھ پکڑا تھا۔ حضور انور نے پانی منگوا کر وضو کیا۔ تب حضرت جبریل سے مصافحہ کیا (تفسیر روح المعانی) معلوم ہوا کہ کفار نجس العین ہیں (زیدی شیعہ)

**جواب**۔ یہ روایات صحیح نہیں دو وجہوں سے ایک یہ کہ نجس العین کے چھونے سے نہ وضو ٹوٹے نہ ہاتھ دھونا واجب ہو۔ کتے سؤر کو چھونے سے وضو نہیں جاتا دوسرے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرک بادشاہوں کے ہدایا تحفے قبول فرمائے انہیں استعمال کیا نیز حضرات صحابہ کرام غزوات میں کفار کے کھانے کپڑے ان کی چیزیں غنیمت میں لیتے اور استعمال کرتے تھے یہ آیت بتا رہی ہے کہ یہاں نجاستِ حقیقیہ مراد نہیں کیونکہ یہاں یہ نہ فرمایا گیا کہ انہیں ہاتھ نہ لگاؤ بلکہ ارشاد ہوا کہ اگلے سال سے مسجد حرام میں نہ آئیں باقی اور کسی چیز سے ممانعت نہیں کی۔ اگر تمہاری پیش کردہ احادیث صحیح بھی ہوں تو وہ حضور انور کے ان اعمال شریفہ سے منسوخ ہیں کیا تم یہ ماننے پر آمادہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے کلیم اللہ اور حبیب اللہ کو سال ہا سال تک نجس چیزوں سے پالا یعنی فرعون اور کفار مکہ ابوطالب کے کھاتے کپڑے سے خدا عقل دے۔ **دوسرا اعتراض**:۔ کفار کو کسی مسجد میں کسی کام کے لیئے آنا درست نہیں ان کا مسجدوں میں داخلہ حرام ہے۔ دیکھو یہاں فرمایا فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اور تمام مسجدیں احکام اور احترام میں برابر ہیں (امام مالک) **جواب**۔ اس آیت میں مشرکین پر صرف ایک پابندی لگائی کہ وہ اگلے سال سے مسجدِ حرام کے قریب نہ ہوں اگلے سال سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حج کے لیئے نہ آئیں لہٰذا ان کا داخلہ اور کاموں کے لیئے جائز ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل شریف ہم ابھی عرض کر چکے کہ مسجدِ نبوی میں یہودی بچہ جھاڑو دیتا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع نہ فرمایا **تیسرا اعتراض**۔ مشرکین و کفار مسجدِ حرام میں بلکہ حدودِ مکہ یعنی حرم میں کسی کام کے لیئے داخل نہیں ہو سکتے دیکھو ارشاد ہوا فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وہ لوگ مسجد کے قریب بھی نہ جائیں (شافعی) **جواب** جی ہاں ساتھ ہی یہ بھی ارشاد ہوا بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا اگلے سال سے قریب نہ آئیں یہ نہ فرمایا کہ ابھی نکالو اور مسجد دھوؤ۔ معلوم ہوا کہ حج کے لیئے آنے کی ممانعت فرمائی گئی۔ اس کی تفسیر حضرت علی کا وہ اعلان ہے جو آپ نے ۹ھ ہجری میں حج کے موقعہ پر زیرِ اہتمام حضرت ابوبکر صدیق کیا اَلَا لَا يَحُجَّنَّ بَعْدَ عَامِنَا هٰذَا اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے نیز یہاں یہ بھی ارشاد ہے وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً (توبہ) اور ظاہر ہے کہ مکہ والوں کو مشرکین کے حج میں نہ آنے سے ہی فقیری کا اندیشہ تھا۔ **چوتھا اعتراض**۔ تم نے کہا کہ کوئی مومن نجس نہیں ہوتا مگر رب تعالیٰ اہل بیت اطہار کے لیئے فرماتا ہے لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ اے نبی کے گھر والو رب تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ تم سے گندگی دور کرے اگر گندگی نہ تھی تو دور کیسے کی گئی **جواب**۔ اس کا جواب اسی آیت میں موجود ہے کہ اس سے پہلے چند اخلاقی احکام ارشاد ہوئے کہ

marfat.com

مردوں سے بات نہ کرو پردے میں رہو وغیرہ وغیرہ پھر یہ ارشاد ہوا کہ رب تم کو پاک کرنا چاہتا ہے مطلب یہ ہے کہ تم کو اخلاقی گندگیوں سے پاک وصاف رکھے۔ **پانچواں اعتراض**:۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ کے وعدے پورے ہونا ضروری نہیں بلکہ مشکوک ہیں کیونکہ یہاں اِنْ ارشاد ہوا اِنْ شک کے لیئے آتا ہے۔ **جواب**۔ یہ فرمانِ عالی انشاء شک کے لیئے نہیں بلکہ معلق فرمانے کے لیئے ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ کی رحمت اس کا فضل تم اپنے زور سے نہیں لے سکتے بلکہ اس کی مشیت پر موقوف ہے وہاں زور کام نہیں آتا بلکہ زاری کام آتی ہے یا یوں کہو کہ یہ فرمانِ عالی برکت کے لیئے ہے جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا۔

**تفسیر صوفیانہ** نفسِ انسانی اور اس کے صفات گویا سرکش مشرکین ہیں قلبِ انسان گویا کعبہ ہے قالب کے کمال یعنی انسان کے بالغ ہونے سے پہلے انسان مکلف نہیں ہوتا اس زمانہ میں نفس دل کے اردگرد گھومتا رہتا ہے۔ دل میں خواہشاتِ دنیا پیدا کرتا رہتا ہے جب انسان ہوش و بلوغ کو پہنچتا ہے تو حکمِ ربانی آتا ہے کہ اب تک جو ہوا وہ ہوا اب تمہارا نفس اس کعبۂ دل کے قریب بھی نہ آئے تم اس سے جنگ کرو تاکہ کعبۂ دل نفس کی نجاست سے آلودہ نہ ہو جائے۔ اور ارشاد ہوا کہ تم یہ خوف نہ کرنا کہ اگر نفس دل سے دور کر دیا گیا تو دنیا دی لذتیں ختم ہو جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ اس دل پر واردات ربانیہ فیضانِ رحمانیہ اس قدر نازل فرمائے گا کہ اسے نفس و نفسانیات سے بے نیاز کر دیگا انشاء فرما کر بتایا کہ اللہ کی جزا اس کی مشیت سے ملتی ہے نہ کہ اپنی قوت سے (روح البیان) صوفیا فرماتے ہیں کہ جسمانی نجاست اس ظاہری پانی سے دور ہوتی ہے جنابتی اور روحانی نجاست رحمت کے پانی سے دور ہوتی ہے وہ پانی ان کنوؤں تالابوں سے نہیں ملتا بلکہ یہ پانی رب کی رحمت کے دریا حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔ کافر سمندروں میں غوطہ دینے غسل دینے سے پاک نہیں ہوتا وہ تو کلمہ طیبہ کے پانی سے پاک ہوتا ہے۔ ہاں نفسِ امارہ وہ نجس العین ہے جو پانی سے پاک نہیں ہوتا بلکہ اسے عشق رسول کی آگ میں جلا کر اس کی حقیقت تبدیل کر دو۔ پاک ہو جاوے گا۔ پاخانہ پانی سے نہیں بلکہ راکھ بن جانے سے پاک ہوتا ہے۔

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

جہاد کرو ان لوگوں سے جو نہ تو ایمان لائے ہیں اللہ پر نہ آخری دن پر
لڑو اُن سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور قیامت پر اور نہیں مانتے

marfat.com

وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ

اور نہیں حرام جانتے اسے جو حرام کی اللہ اور اس کے رسول نے اور نہیں اختیار کرتے

اس چیز کو جس کو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے اور سچے دین کے تابع

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا

دین سچا یعنی وہ لوگ جو دیئے گئے کتاب یہاں تک کہ دیں وہ

نہیں ہوتے یعنی وہ جو کتاب دیئے گئے جب تک اپنے ہاتھ سے جزیہ

الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۲۹﴾

جزیہ ہاتھ سے حالانکہ وہ ذلیل ہوں

نہ دیں ذلیل ہو کر

**تعلق** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق** - پچھلی آیات میں مشرکین کے احکام بیان ہوئے کہ انہیں مسجد حرام کے پاس نہ آنے دو۔ ان سے جنگ کرو وغیرہ۔ اب اہل کتاب کے احکام بیان ہو رہے ہیں کہ ان سے صرف جنگ ہی واجب نہیں بلکہ جزیہ بھی لیا جا سکتا ہے۔ گویا ایک قسم کے کفار کے بعد دوسری قسم کے کفار کا ذکر ہے **دوسرا تعلق**: پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ مشرکین کے حج نہ کرنے سے مکہ والو تم فقیر نہ ہو جاؤ گے۔ اللہ تم کو غنی کر دے گا۔ اب اہل کتاب سے جزیہ لینے کا ذکر ہے جس سے پتہ لگا کہ تم کو جزیہ وغیرہ کے ذریعہ غنی کر دے گا **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں مسلمانوں کو جہاد کی رغبت دی گئی تھی اب جہاد کا انجام بتایا جا رہا ہے کہ اس سے مسلمان سلطان بنیں گے۔ کفار ان کی رعایا جو انہیں ٹیکس وغیرہ دے کر ان کے زیر فرمان رہیں گے۔ جہاد بظاہر ہلاکت ہے درحقیقت بقاء کا ذریعہ۔

**شان نزول** اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق چند قول ہیں۔ مجاہد فرماتے ہیں کہ حضور انور نے مسلمانوں کو روم کے عیسائیوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا۔ تب آپ کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ کلبی فرماتے ہیں کہ یہ آیت بنی قریظہ اور بنی نضیر یہودیوں کے متعلق نازل ہوئی (تفسیر خازن۔ صاوی) مگر اس پر شبہ یہ ہے کہ سورۂ توبہ کی یہ آیات ۹ھ ہجری میں نازل ہوئیں۔ ان کا اعلان ۹ھ کے حج میں ہوا اور بنی قریظہ و بنی نضیر کا واقعہ اس سے بہت پہلے ہو چکا تھا۔ اس سورت کی شروع کی چالیس آیات وہ ہیں جن کا اعلان ۹ھ حج میں ہوا۔

marfat.com

تفسیر: قَاتِلُوا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اس فرمانِ عالی میں خطاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ کرام سے ہے حضور کے طفیل سارے جہان کے جہاد کر سکنے والے مسلمانوں سے قاتلو میں جارحانہ اور مدافعانہ دونوں قسم کے جہاد داخل ہیں۔ مسلمانوں کو ہر قسم کے جہاد کی اجازت ہے۔ ہاں پہلے صرف مدافعانہ جہاد کی اجازت تھی وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَکُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا الخ پھر ہر قسم کے جہاد کی اجازت۔ ان جیسی آیات میں، دی گئی اَلَّذِیْنَ (الخ) سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں جیسا کہ اگلے مضمون سے ظاہر ہے۔ یہ دونوں قومیں اگرچہ اللہ تعالیٰ اور قیامت کو ماننے کی دعویدار ہیں۔ مگر درحقیقت دونوں صحیح طرح نہیں مانتے۔ عیسائی اللہ تعالیٰ کے لیئے بیٹا مانتے ہیں عیسیٰ علیہ السلام کو اور یہودی حضرت عزیر علیہ السلام کو۔ یوں ہی یہودی جنت میں کھانے پینے کی نعمتوں کے منکر ہیں۔ عیسائی جنت میں صرف روحانی داخلہ مانتے ہیں نہ کہ جسمانی نیز یہ لوگ ان دونوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ کے بغیر مانتے ہیں لہٰذا ان پر ایمان نہیں رکھتے بہ ہر حال یہ فرمانِ عالی بالکل درست ہے وَلَا یُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ یہ عبارت معطوف ہے لَا یُؤْمِنُوْنَ پر اس میں یہود و نصاریٰ کے دوسرے دو جرموں کا ذکر ہے۔ یُحَرِّمُوْنَ بنا ہے تحریم سے بمعنی حرام جاننا حرام ماننا الخ یُحَرِّمُوْنَ کا مفعول ہے مَا حَرَّمَ بنا ہے تحریم سے بمعنی حرام کرنا۔ ظاہر یہ ہے کہ رسولہ سے مراد نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہیں کہ قرآن مجید میں جہاں کہیں الرسول یا رسولہ بغیر کسی قید کے آتا ہے وہاں حضور انور ہی مراد ہوتے ہیں۔ یعنی ان چیزوں کو حرام نہیں جانتے جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حرام کیا۔ جیسے سؤر۔ مردار۔ شراب۔ سود۔ جوا۔ وغیرہ۔ یا جنہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیثِ پاک میں حرام کیا جیسے ریچھ۔ بھیڑیا۔ شیر وغیرہ کہ وہ یہ سب کھاتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ رَسُوْلُہٗ سے مراد حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام ہوں۔ جنہیں یہود و عیسائی رسول مانتے ہیں یعنی جو چیزیں اللہ تعالیٰ نے توریت و انجیل میں حرام کیں اور جو چیزیں ان نبیوں نے حرام کیں انہیں یہ حرام نہیں سمجھتے بلکہ ان کتابوں میں تحریف کر کے حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر لیتے ہیں (روح المعانی) **خیال رہے**۔ کہ آسمانی کتاب کے منسوخ ہو جانے کے بعد اس میں تحریف کرنا جہاد کا باعث نہیں اگرچہ جرم وہ ہی ہے (روح المعانی) وَلَا یَدِیْنُوْنَ دِیْنَ الْحَقِّ :- یہ یہود و نصاریٰ کے پانچویں عیب کا بیان ہے اَلَّذِیْنَ (الخ) پر معطوف۔ یَدِیْنُوْنَ بنا ہے دِیْنٌ سے بمعنی اعتقاد و قبول سے دین الحق یا تو یدینون کا مفعول مطلق ہے تو دین بمعنی قبول کرنا یا مفعول بہ تو بمعنی ملت ہے حق یا تو اسماء اللہ میں سے ہے یعنی اللہ کا دین کہ اب صرف اسلام ہی اللہ کا دین ہے وہ منسوخ دین اب اللہ کا دین نہ رہے انہیں اختیار کرنا اب کفر ہے۔ یا حق بمعنی ثابت لازم غیر منسوخ ہے اور دین صفت یعنی یہ لوگ اللہ کا دین اسلام یا مضبوط نہ منسوخ ہونے والا دین اختیار نہیں کرتے اور ہو سکتا ہے کہ حق

marfat.com

یعنی سچا ہو باطل کا مقابل کہ اب منسوخ دین باطل ہو چکے ہیں اسلام ہی حق ہے اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ یعنی وہ سچا دین اسلام قبول نہیں کرتے مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ یہ بیان ہے اَلَّذِیْنَ الخ کا لہٰذا اس میں من بیانیہ ہے تبعیضیہ کتاب سے مراد جنس کتاب ہے جس میں توریت و انجیل بلکہ زبور سب ہی داخل ہیں لہٰذا اَلَّذِیْنَ سے مراد سارے اہل کتاب کفار ہیں یہود و عیسائی یا داؤدی اس عبارت میں بتایا گیا کہ یہاں مشرکین مراد نہیں کہ اگرچہ جہاد سب پر ہوگا مگر جزیہ صرف اہل کتاب سے لیا جاوے گا۔ مشرکین عرب سے نہیں، عِنْدَ الْاَحْنَاف، شوافع کے ہاں عرب و عجم ہر جگہ کے مشرکین کا یہ ہی حکم ہے جیسا کہ انشاء اللہ خلاصہ تفسیر میں عرض ہوگا۔ حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ یہ فرمانِ عالی قَاتِلُوْا الخ کی انتہا ہے عطاء سے مراد قبول کر لینا۔ اپنے ذمہ لازم کر لینا ہے۔ کیونکہ اگر یہود و نصاریٰ جزیہ دینا منظور کر لیں تو ان پر جہاد نہ ہوگا۔ دینے کا انتظار نہیں کیا جاوے گا جزیہ بنا ہے جزیٰ سے بمعنی بدلہ بمعنی ادائے قرض۔ چونکہ یہ رقم قتل کا بدلہ ہے کہ اس سے اہل کتاب پر جہاد نہیں ہوتا۔ نیز اس کا ادا کرنا کفار پر ہر سال لازم ہوتا ہے۔ اس لیے اسے جزیہ کہا جاتا ہے اس کی جمع جُزًی ہے جیسے لحیہ کی جمع لحًی۔ بعض لوگوں نے کہا کہ یہ لفظ معرب ہے گزیہ کا بمعنی ٹیکس و خراج۔ یعنی یہ لفظ عجمی ہے جسے عربی بنا لیا گیا (روح البیان و روح المعانی) خیال رہے کہ جزیہ لینا کفار پر ظلم نہیں بلکہ یہ حق حفاظت ہے کہ ہم کفار کی ہر طرح حفاظت کا انتظام کرتے ہیں اس کے معاوضہ میں ان سے ایک حقیر رقم لے لیتے ہیں۔ اس کے مقابل مسلمانوں پر بہت خرچ لازم ہیں۔ زکوٰۃ۔ قربانی۔ فطرانہ۔ دوسرے ضروری چندے۔ آج موجودہ حکومتیں مختلف ٹیکسوں کے بہانہ رعایا سے پچاس فی صدی زیادہ رقمیں وصول کر لیتی ہیں:۔

عَنْ یَّدٍ۔ یہ متعلق ہے یُعْطُوا کا عربی میں یہ لفظ بہت معنی میں آتا ہے۔ ہاتھ۔ نقد۔ یَدُ الْبَیِّدِ غلبہ، رحمت و کرم۔ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ ... اطاعت و فرمان برداری۔ قدرت۔ وغیرہ۔ (روح المعانی) یہ ہی چند احتمال ہیں عاید بمعنی ہاتھ اور اس سے دینے والے کافر کا ہاتھ ہے۔ یعنی کافر خود اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کرے کسی کے ہاتھ نہ بھیجے ۲ید بمعنی ہاتھ ہے اور ہاتھ سے مراد لینے والے حاکم اسلام کا ہاتھ ہے اور عن سببیہ ہے ۳ید بمعنی غنی ہے اور عن سببیہ ہے یعنی کافر غنی اپنے غنا کی وجہ سے جزیہ دے فقیر کافر پر جزیہ نہیں ۴ید بمعنی اطاعت ہے یعنی کفار مسلمانوں کی اطاعت کرتے ہوئے جزیہ دیں نہ کہ سرکشی کرتے ہوئے ۵ید بمعنی انعام و احسان ہے یعنی کفار احسان کی بنا پر جزیہ دیں۔ کہ مسلمان انہیں قتل نہیں کرتے بلکہ ان کی حفاظت ان کا انتظام کرتے ہیں ۶ید بمعنی نقد ہے یعنی جزیہ نقد دینا ہوگا۔ اس کا ادھار نہیں۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک پیشگی یعنی شروع سال میں۔ شوافع کے ہاں آخری سال میں (کبیر) ۷ید بمعنی عجز و انکساری ہے یعنی رعایا کا سا عجز و انکسار کرتے ہوئے جزیہ دیں نہ کہ اکڑتے اور دھونس جماتے

marfat.com

ع۸ ید بمعنی نعمت ہے یعنی کفار جزیہ کو نعمت سمجھ کر ادا کریں بخوشی اسے بوجھ جرمانہ سمجھ کر نہ دیں۔ کیونکہ وہ اس وجہ سے قتل وغارت سے بچے ہیں (روح المعانی۔ کبیر) ع۹ ید بمعنی غلبہ ہے یعنی مسلمانوں کو اپنا سلطان ملتے اپنے کو رعایا سمجھتے ہوئے جزیہ دیں نہ کہ انہیں محتاج سمجھ کر (معانی) وَهُمْ صٰغِرُوْنَ یہ عبارت حال ہے یُعْطُوا کے فاعل ہُمْ سے صاغر بنا ہے صغیر سے بمعنی چھوٹا ہونا۔ ذلیل وحقیر ہونا۔ یعنی وہ ادائے جزیہ کے وقت اپنا چھوٹا ہونا مسلمان بادشاہ کو اپنے سے بڑا ظاہر کریں اس طرح کہ بلا سواری پر سے نہ دیں بلکہ نیچے اتر کر دیں ع۲ اپنا ہاتھ اونچا کر کے نہ دیں بلکہ نرالہ کی طرح نیچا رکھیں ع۳ کسی کے ہاتھ نہ بھیجیں۔ منی آرڈر نہ کریں خود کچہری میں حاضر ہو کر دیں (عام تفاسیر)

**خلاصہ تفسیر** اے مسلمانوں ان لوگوں پر مدافعانہ اور جارحانہ ہر طرح سے جہاد کرو۔ جو نہ تو صحیح معنی میں اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ قیامت وجنت ودوزخ پر اور نہ اللہ تعالیٰ کی حرام فرمودہ چیزوں کو حرام جانتے ہیں نہ رسول اللہ کی حرام فرمودہ کو۔ اور نہ وہ سچے غیر منسوخ دین یعنی اسلام کو قبول کرتے ہیں یعنی اہل کتاب سے حتی کہ وہ لوگ اپنے ہاتھ سے نقد جزیہ (ٹیکس) ادا کریں۔ اسی طرح کہ وہ اپنے کو مسلمانوں کی رعایا ان کے سامنے عاجز جانتے ہوئے ٹیکس حاضر کریں نہ کہ اکڑتے ہوئے احسان دھرتے ہوئے تاکہ اسلام کی سربلندی ظاہر ہو۔

## احکام جزیہ

جزیہ کے متعلق چار چیزیں قابل تحقیق ہیں ع۱ جزیہ کی حقیقت کیا ہے ع۲ جزیہ کس سے لیا جائے گا ع۳ جزیہ کی مقدار کیا ہے ع۴ جزیہ کب لیا جائے گا۔ **جزیہ کی حقیقت**:۔ تمام حکومتیں ہمیشہ سے اپنی رعایا سے کچھ مال بطور ٹیکس وصول کرتی ہیں۔ جس سے ملک کے مختلف انتظامات کیے جاتے ہیں۔ کیونکہ کوئی کام بغیر روپیہ نہیں ہو سکتا اسی طرح اسلامی ممالک میں مسلمانوں سے مختلف طرح کے ٹیکس لیے جاتے ہیں اور کفاروں سے حق سلطنت جو روپیہ وصول کیا جاتا ہے اسے جزیہ کہتے ہیں۔ یہ روپیہ وصول کر کے ان کو ہر طرح کے شہری حقوق دیئے جاتے ہیں ان کے جان ومال کی حفاظت کی جاتی ہے حتی کہ اگر مسلمان انہیں قتل کر دے تو اسے قصاص میں قتل کیا جاوے گا۔ اور اگر مسلمان ان کی چوری کرے تو اس کا ہاتھ کٹے گا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دِمَاؤُهُمْ كَدِمَائِنَا وَاَمْوَالُهُمْ كَاَمْوَالِنَا آج مسلمانوں کو بدنام کرنے والی قومیں اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں کہ کتنے قسم کے بھاری ٹیکس اپنی رعایا سے وصول کرتے ہیں

marfat.com

## جزیہ کس سے لیا جاوے گا

کفار چار قسم کے ہیں، مرتدین، مشرکینِ عرب، اہلِ کتاب، مشرکین عجم کا پہلی دو قسموں سے جزیہ قطعاً نہ لیا جائے گا۔ ان کیلیے یا اسلام ہے یا قتل یعنی مرتدین اور مشرکینِ عرب۔ اہلِ کتاب عجمی ہوں تو ان سے بالاتفاق جزیہ لیا جاوے گا اس میں کسی کا اختلاف نہیں ان کے لیئے یا اسلام ہے یا جزیہ یا قتل۔ رہے عرب کے اہل کتاب ان سے احناف کے ہاں جزیہ لیا جاوے گا۔ یہ قول امام شافعی کا ہے۔ امام یوسف فرماتے ہیں کہ ان پر جزیہ نہیں۔ ان کے لیئے بھی قتل یا اسلام مشرکینِ عجم ان سے احناف کے نزدیک جزیہ لیا جاوے گا (عند الاحناف) شوافع کے ہاں نہیں امام مالک و اوزاعی فرماتے ہیں کہ سوائے مرتد کے تمام ملکوں کے تمام کفار سے لیا جا سکتا ہے (خازن، کبیر روح المعانی وغیرہ) رہے مجوس وہ اہل کتاب کے حکم میں ہیں اگرچہ ان کی عورتوں سے نکاح ان کا ذبیحہ حلال نہیں۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجوس سے اہل کتاب کا سا معاملہ کرو سوائے نکاح و ذبیحہ کے (خازن روح المعانی) **خلاصہ** یہ ہے کہ سوائے مرتدین اور مشرکینِ عرب باقی تمام کفار سے جزیہ لیا جا سکتا ہے پھر یہ جزیہ صرف بالغ، غنی، مرد پر واجب ہوگا۔ کافرہ عورتیں۔ بچے وہ فقیر جو کمائی نہ کر سکیں۔ یوں ہی غلام پر جزیہ نہیں (خازن، معانی۔ وکتب فقہ) اگر کافر جزیہ مقرر ہونے کے بعد مسلمان ہو جاوے تو اس سے جزیہ ختم ہو جاوے گا۔ احناف کے نزدیک اور جاری رہے گا شوافع کے ہاں (کبیر)

## جزیہ کی مقدار

جزیہ دو قسم کا ہے ایک وہ جو صلح اور فریقین یعنی سلطان اسلام اور کفار کی رضامندی سے طے ہو اس کی مقدار مقدر نہیں جس قدر پر صلح ہو جاوے وہ ہی دینا ہوگا۔ چنانچہ حضور انور نے نجران کے عیسائیوں سے بارہ سو جوڑے سالانہ پر صلح فرمائی۔ دوسرا وہ جو سلطانِ اسلام فتح حاصل کر کے خود مقرر کرے اس کی مقدار حسب ذیل ہے علی مالدار پر اڑتالیس درہم سالانہ ہر ماہ چار درہم یعنی سوا روپیہ۔ درمیانہ لوگوں پر چوبیس درہم سالانہ یعنی دو درہم (نو آنہ) ماہوار۔ تندرست فقیر جو کمائی کر سکے بارہ درہم سالانہ یعنی ایک درہم (ساڑھے چار آنہ) ماہوار۔ حضرت عمر، عثمان و علی نے یہ ہی مقرر فرمایا رضی اللہ عنہم اجمعین (روح المعانی) **جزیہ کب لیا جاوے**۔ امام اعظم کے نزدیک پیشگی لیا جاوے گا۔ یعنی سال یا مہینہ شروع ہونے پر مگر امام شافعی کے ہاں سال یا مہینہ گذرنے پر دیکھو تفسیر کبیر و خازن و روح المعانی۔ جو کافر آدھا سال بیمار رہے اس سے جزیہ معاف ہے (روح البیان) غور کرو کہ کتنی معمولی رقم کتنے شرائط سے لی جاتی ہے

**فائدے**:۔ اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**:۔ نماز روزے عبادت کی طرح جہاد بھی ایک عبادت ہے جو شرائط پائے جانے کے وقت تا قیامت جاری ہے۔ وہ کبھی منسوخ نہیں ہو سکتا۔ یہ فائدہ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ سے حاصل ہوا کہ قاتلو بھی اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ کی طرح امر ہے

marfat.com

**دوسرا فائدہ**:۔ جہاد جارحانہ بھی جائز ہے اور مدافعانہ بھی۔ اس میں دفاع کی قید نہیں یہ فائدہ قَاتِلُوا الَّذِیْنَ (الخ) کے مطلق فرمانے سے حاصل ہوا کہ جہاد میں یہ شرط نہیں کہ جب کفار تم پر حملہ کریں تو اس کا دفاع کرنا تم ان پر حملہ نہ کرنا **تیسرا فائدہ**۔ سارے کفار پر جہاد کیا جاوے گا خواہ مشرکین ہوں یا اہل کتاب یا دہریے یا اور کفار یہ فائدہ لَا یُؤْمِنُوْنَ کے عموم سے ہوا۔ **چوتھا فائدہ**۔ جو سارے ایمانیات کو اب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر واسطہ مانے وہ کافر ہے۔ درحقیقت وہ رب کو مانتا ہی نہیں۔ یہ فائدہ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ (الخ) سے حاصل ہوا۔ دیکھو یہود و نصاریٰ جو اللہ۔ قیامت۔ سب ہی کو مانتے ہیں مگر قرآن نے فتویٰ دیا کہ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ (الخ) دیکھو شیطان سارے ایمانیات مانتا ہے مگر کافر ہے۔ کیونکہ وہ نبوت سے الگ ہو کر انہیں مانتا ہے۔ **پانچواں فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حرام و حلال کا اختیار دیا یہ فائدہ حَرَّمَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ فرمانے سے حاصل ہوا کہ حرام کا فاعل اللہ اور اس کا رسول دونوں ہیں قرآنی حرام کی ہوئی چیزیں اللہ کی حرام فرمودہ ہیں۔ جیسے سور۔ شراب۔ حدیث شریف کی محرمات حضور کی حرام کی ہوئی ہیں۔ جیسے کتا۔ بلا۔ بندر وغیرہ **چھٹا فائدہ**۔ اب اسلام کے سوا سارے دین باطل ہیں صرف اسلام حق ہے۔ یہودیت۔ نصرانیت۔ شرک وغیرہ سب ہی باطل ہیں یہ فائدہ وَلَا یَدِیْنُوْنَ دِیْنَ الْحَقِّ سے حاصل ہوا کہ رب نے یہود و نصاریٰ کے متعلق یہ فرمایا کہ وہ دینِ حق اختیار نہیں کرتے۔ معلوم ہوا کہ ان کے دین اب حق نہیں **ساتواں فائدہ**۔ اہل کتاب سے مطلقاً جزیہ لینا جائز ہے۔ خواہ عرب کے ہوں یا عجم کے یہ فائدہ حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ (الخ) سے حاصل ہوا کہ یُعْطُوا کا فاعل مطلقاً اہلِ کتاب کو قرار دیا گیا۔ **آٹھواں فائدہ**۔ جب کفار جزیہ دینا قبول کر لیں تو ان سے جنگ نہ کی جاوے۔ بلکہ اب ان کی حفاظت کی جاوے۔ انہیں شہری حقوق دیئے جائیں یہ فائدہ حَتّٰی یُعْطُوا (الخ) سے حاصل ہوا۔ حتی انتہا کے لئے ہے۔ جزیہ پر جنگ کی انتہا ہوگی۔ **نواں فائدہ**۔ ذمی کافر جزیہ نقد دے گا۔ ادھار نہیں۔ خود آکر دے گا کسی آدمی یا منی آرڈر کے ذریعہ نہ بھیجے گا یہ فائدہ عَنْ یَّدٍ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ **دسواں فائدہ**۔ جزیہ ادا کرتے وقت کافر اپنی قومیت ظاہر نہ کرے بلکہ عجز و انکساری کا اظہار کرے۔ اپنا احسان سلطانِ اسلام پر نہ جتائے۔ بلکہ اس کا احسان مانے کہ اس نے جزیہ قبول کر لیا یہ فائدہ وَّھُمْ صٰغِرُوْنَ سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض**۔ کفار پر جہاد صرف مدافعانہ کیئے جاویں جارحانہ نہ کیئے جاویں یعنی جب وہ ہم پر حملہ کریں تو ہم اپنا بچاؤ کریں ان پر حملہ نہ کریں۔ رب فرماتا ہے۔ وقاتلوا فی سبیل اللّٰہ الذین یقاتلونکم و لاتعتدوا ان اللّٰہ لا یحب المعتدین اور فرماتا ہے ولاتقاتلوھم عند المسجد الحرام حتی یقاتلوکم فیہ (مرزائی جواب) یہ غلط ہے کیونکہ یہاں، قاتلوا مطلقاً ارشاد ہوا اس میں دفاع کی قید نہیں ہمہ ری پیش کردہ آیت ان جیسی آیاتِ جہاد سے منسوخ ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

نے صرف احد اور خندق میں مدافعانہ جہاد کیے۔ باقی تمام جہاد۔ خیبر۔ تبوک۔ بلکہ خود بدر بلکہ فتح مکہ۔ حنین وغیرہ تمام غزوات جارحانہ کیئے۔ **دوسرا اعتراض** ہر تعجب ہے کہ مسلمان روپیہ لے کر کفر و شرک کی اجازت دیتے ہیں۔ کیا روپیہ ادا کرنے سے کفر درست ہو گیا (ابن راوندی) **جواب**:۔ اس کا جواب تفسیر کبیر اور روح المعانی نے یہ دیا ہے کہ جزیہ شرک و کفر کی اجازت کے لیئے نہیں ہوتا بلکہ انہیں قتل سے بچانے اپنے ملک میں رہنے سہنے کی اجازت دینے کے لیئے ہوتا ہے۔ دیکھو اس آیت میں جزیہ کو قتال و جہاد کی انتہاء قرار دیا گیا کہ قَاتِلُوْهُمْ کے بعد فرمایا حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ یہ علیحدہ بات ہے کہ ہمارے ملک میں ذمی کفار کو مذہبی آزادی ہو گی۔ رب فرماتا ہے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ **تیسرا اعتراض**۔ اگر کوئی مسلمان عیسائی یا یہودی ہو جاوے تو کیا اس سے بھی جزیہ لیا جاوے گا۔ کہ وہ بھی اہل کتاب ہو گیا۔ **جواب**۔ وہ اہل کتاب نہیں بلکہ مرتد ہے۔ مرتد پر جزیہ نہیں۔ اس کے لیئے صرف قتل یا اسلام ہے۔ رب فرماتا ہے تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ :۔ **چوتھا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ کفار سے جزیہ بھی لیا جا سکتا ہے مگر حضور انور نے فرمایا اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ :۔ یعنی مجھے حکم دیا گیا کہ اس وقت تک لوگوں سے جہاد کروں حتی کہ وہ کلمہ پڑھ لیں۔ جس سے معلوم ہوا صرف اسلام پر جہاد ہو گا۔ جزیہ کوئی چیز نہیں۔ آیت و حدیث میں تعارض ہے **جواب**۔ اس کا تفصیلی جواب ہم نے مرآت شرح مشکوٰۃ میں تفصیل سے دیا ہے یہاں اتنا سمجھ لو کہ وہاں النَّاسَ سے مراد مشرکین عرب ہیں واقعی اُن سے جزیہ نہیں لیا جاتا اُن کیلئے صرف اسلام یا قتل ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حدیث شریف میں حتی بمعنی کَیْ ہے بمعنی انتہاء نہیں یعنی مجھے یہ حکم ہے کہ جہاد جزیہ دولت ملک حاصل کرنے کے لیئے نہ کروں بلکہ اسلام پھیلانے کے لیئے کروں۔ اور اس آیت میں حتی انتہا کے لیے ہے لہٰذا آیت و حدیث میں تعارض نہیں۔ **پانچواں اعتراض**۔ کفار پر جزیہ لگانا اسلام کا ظلم ہے (عام کفار) **جواب**۔ ابھی تفسیر میں ہم جزیہ کی حقیقت عرض کر چکے کہ یہ ظلم نہیں بلکہ حق حکومت ہے۔ مسلمانوں پر جانوروں کی زکوٰۃ وغیرہ واجب ہے۔ کفار پر رعایا پر اس کے مقابل بہت معمولی ٹیکس لیا جاتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں ہم ان کی حفاظت ان کا ملکی انتظام کرتے ہیں۔ آج حکومتیں رعایا سے بہت قسم کے بھاری ٹیکس لگاتی ہیں۔ تعجب ہے کہ یہ بھاری ٹیکس تو ظلم نہ ہوں اور چند پیسے ماہوار لینا ظلم ہو جاوے **چھٹا اعتراض** کیا سارے کفار سے جزیہ لیا جاوے گا یا ان میں سے کوئی مستثنیٰ بھی ہو گا۔ **جواب**۔ جزیہ قتال کا مقابل ہے جو قتال کرتے ہیں ان پر جزیہ ہے لہٰذا عورت بچہ بے دست و پا کافر۔ پوپ۔ پادری۔ جو دنیا سے الگ تھلگ رہتا ہو۔ یوں ہی فقیر ناقابل کمائی ان میں سے کسی پر جزیہ نہیں (روح البیان)

**تفسیر صوفیانہ** نفس امارہ گویا کافر ہے قلب گویا مومن ان کی جنگ ہمیشہ رہتی ہے۔ کیونکہ نفس

marfat.com

طالبِ دنیا ہے اور دل طالبِ دین دل والوں پر طلبِ دنیا محبتِ دنیا حرام ہے۔ کیونکہ محبتِ دنیا تمام گناہوں کی جڑ ہے جیسے کفار نے دین کے مقابل دنیا قبول کی تو ان پر جہاد جزیہ قائم کیا گیا۔ یوں ہی نفس پر جہاد بھی کرو اس پر جزیہ بھی لگاؤ۔ نفسِ امارہ کا جزیہ اس کے خلاف اعمال کرنا ہے حتی کہ وہ ذلیل و خوار ہو کر قلب کے تابع ہو جاوے اور عزت و دولت دل کو میسّر ہو۔ مولانا فرماتے ہیں۔

آنچہ در فرعون بود اندر توہست　　لیک از در ہائے او محبوس چیست

آتشت را ہیزمِ فرعون نیست　　زانکہ چوں فرعون او را عون نیست

نفس کو یہاں تک مجبور و مقہور کرو کہ وہ امارہ کی بجائے مطمئنہ بن جائے اور دل کے ماتحت ہو جاوے (از روح البیان)

عقل زیرِ حکمِ دل یزدانیست　　چوں ز دل آزاد شد شیطانی است

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ِۨ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى

اور کہا یہودیوں نے کہ عزیر بیٹے ہیں اللہ کے　　اور کہا عیسائیوں نے کہ

اور یہودی بولے عزیز اللہ کا بیٹا ہے　　اور نصرانی بولے مسیح اللہ

الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ

مسیح بیٹے ہیں اللہ کے　　یہ قول ہے ان کا مونہوں سے ان کے

کا بیٹا ہے　　یہ باتیں وہ اپنے منہ سے بکتے ہیں

يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ

مشابہت کرتے ہیں وہ ان کے قول کی جنہوں نے کفر کیا پہلے سے　　غارت کرے انہیں

اگلے کافروں کی سی بات بناتے ہیں　　اللہ انہیں مارے

اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۳۰

اللہ کیسے اوندھے کیے جاتے ہیں

کہاں اوندھے کیے جاتے ہیں

**تعلق**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**: پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ یہود و نصاریٰ نہ تو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ قیامت پر اب اس کی دلیل ارشاد ہو رہی ہے

marfat.com

کہ دونوں جماعتیں اللہ کے لیئے بیٹا ثابت کرتی ہیں جو رب تعالیٰ کو اس طرح مانے وہ اللہ کا ماننے والا ہی نہیں۔ **دوسرا تعلق**:۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ عرب کے اہل کتاب سے جزیہ لے سکتے ہو۔ مشرکین سے نہیں اب اس کی وجہ ارشاد ہو رہی ہے کہ اگرچہ یہود و نصاریٰ عام مشرکین سے بدترین مشرک ہیں کہ مشرکین تو اپنے معبودوں کو خدا کا بندہ کہہ کر پوجتے ہیں مگر یہ بدنصیب حضرت عزیر و مسیح کو خدا کا بیٹا کہہ کر پوجتے ہیں۔ مگر چونکہ یہ لوگ اپنے کو نبیوں کی طرف نسبت کرتے ہیں اگرچہ جھوٹی نسبت ہی سہی اس لیئے ان کے احکام مشرکین سے ہلکے ہیں کہ ان سے جزیہ بھی لیا جا سکتا ہے۔ ان کی عورتیں اور ذبیحہ بھی حلال ہیں۔

**تیسرا تعلق**:۔ پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ یہود و نصاریٰ اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر جزیہ دیا کریں اب اس ذلت کی وجہ بیان ہو رہی ہے کہ انہوں نے ذلیلوں کے سے کام کیئے کہ محبوب نبیوں کو خدا کا بیٹا کہا انہیں بدنام کیا۔ **چوتھا تعلق**:۔ پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ ان دونوں جماعتوں نے دین اختیار نہیں کیا۔ اب ان کے دین کے ناحق ہونے کا ذکر اس آیت میں فرمایا گیا کہ ان کا دین ایک وقت میں حق تھا انہوں نے منسوخ دین کو بگاڑ کر اختیار کیا یعنی ان کا دین منسوخ بھی ہے بگاڑا ہوا بھی۔

**شانِ نزول** حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں یہود کی ایک جماعت حاضر ہوئی۔ سلام ابن مشکم۔ نعمان ابن اوفی۔ شاس ابن قیس۔ مالک بن صیف بعض روایات میں ہے کہ فخاص ابن عازورا جس نے کہا تھا کہ اللہ فقیر ہے ہم غنی یہ وہی فخاص ہے۔ ان لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم اسلام کیسے قبول کریں اور آپ پر ایمان کیسے لائیں آپ نے ہمارے قبلہ کی طرف نماز چھوڑ دی یعنی بیت المقدس کی طرف اور آپ حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا نہیں مانتے۔ انہیں اللہ کا بندہ کہتے ہیں اگر آپ یہ دو کام نہ کرتے تو ممکن تھا کہ ہم ایمان لے آتے ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (تفسیر خازن۔ تفسیر کبیر۔ روح المعانی۔ روح البیان۔ صاوی وغیرہ)

**تفسیر: وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ**۔ ظاہر یہ ہے کہ یہود سے مراد سارے یہودی ہیں کہ وہ سب ہی یہ عقیدہ رکھتے تھے اور ہو سکتا ہے کہ یہاں یہود کی وہ جماعت مراد ہو جو حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں مذکورہ گفتگو کرنے حاضر ہوئی۔ انہیں یہود یا تو اس لیئے کہتے ہیں کہ یہود ابن یعقوب علیہ السلام کی اولاد ہیں یا اس لیئے کہ انہوں نے اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ کہہ کر توبہ کی تھی۔ چونکہ یہ ایک جماعت کا نام ہے اس لیئے قالت مؤنث ارشاد ہوا۔ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ یہ قالت کا مفعول اس کا مقولہ ہے خواہ قول سے مراد زبانی قول ہو یا دلی قول یعنی اعتقاد۔ لفظ عزیر اگر عربی لفظ ہے تو منصرف ہے اور اگر عجمی لفظ ہے تو عجمہ اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف۔ روح المعانی نے فرمایا کہ چونکہ یہ تصغیر ہے اور سوائے عربی لفظ کے تصغیر کسی کی نہیں ہوتی لہٰذا یہ منصرف ہے

marfat.com

اس کی تنوین نون غنہ میں تبدیل ہو کر ابن کی ب سے مل گئی۔ ہم حضرت عزیر علیہ السلام کا پورا واقعہ تیسرے پارہ میں اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ کی تفسیر میں بیان کر چکے ہیں۔ یہاں اتنا سمجھ لو کہ آپ کا نام حضرت عزیر ابن شرحیا ہے۔ یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے حضرت لاوی ابن یعقوب کی نسل سے ہیں حضرت ہارون علیہ السلام آپ کے چودھویں دادا ہیں (روح البیان) چونکہ آپ سو برس تک فایافتہ رہ کر زندہ ہوئے۔ نیز آپ کی دعا سے اللہ تعالیٰ نے ایک نابینا بے دست و پا عورت کو شفا دی۔ نیز آپ نے توریت شریف دنیا سے برباد ہو چکنے کے بعد زبانی لکھوا دی ان وجوہ سے انہیں یہود خدا کا بیٹا کہتے ہیں۔ بعض یہود آج کل اس عقیدے کا انکار کرتے ہیں۔ مگر جھوٹے ہیں اپنے کو چھپاتے ہیں۔ وَقَالَتِ النَّصٰرَی یہ عبارت معطوف ہے قَالَتِ الْیَهُوْدُ (الخ) پر۔ عیسائیوں کو نصاریٰ اس لئے کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ سے طلب مدد کے وقت کہا تھا نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ :- ہم ہیں اللہ کے دین یا اللہ کے نبی کے مددگار گویا ناصر کی جمع ہے جیسے حضور انور کے صحابہ کی ایک جماعت کا نام انصار ہے اس لفظ کی تحقیق پہلے پارہ میں ہو چکی۔ اَلْمَسِیْحُ ابْنُ اللّٰهِ یہ جملہ وقالت کا مفعول بہ اس کا مقولہ ہے مسیح عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ہے بمعنی ماسح یعنی چھو کر مُردوں کو زندہ اندھوں کوڑھیوں کو تندرست کرنے والے یا مساحت سے بنا بمعنی ہمیشہ سیر و سیاحت میں رہنے والے کہ آپ نے کہیں اپنا گھر نہ بنایا۔ دجال کا لقب بھی مسیح ہے مگر وہاں مسیح بمعنی ممسوح ہے یعنی کانا۔ خیال رہے کہ عیسائیوں کی جماعت یعقوبیہ تو حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا کہتی ہے دوسری جماعت نسطوریہ اور ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ تیسرا خدا مانتی ہے اور تیسری جماعت ملکانیہ انہیں عینِ خدا مانتی ہے کہ خدا نے ان میں حلول کر لیا تھا۔ یعقوب ملکان اور نسطور تین شخصوں کے نام ہیں۔ جو ایک یہودی بولس کے شاگرد ہیں بولس عیسائیوں کا بڑا سخت دشمن تھا وہ بطور فریب عیسائی بن کر عیسائیوں میں عابد زاہد بڑا بادری بن کر رہا لوگوں کی نگاہ سے چھپا رہا اور اس نے انجیل کے تین نسخے تیار کر کے ان تین شاگردوں کو الگ الگ دیئے اور ہر ایک سے کہا کہ اصل انجیل یہ ہے میرے مرنے کے بعد اسی کی تبلیغ کرنا اور عیسیٰ مسیح پر قربانی کے نام سے اپنے کو صلیب کے سامنے ذبح کر لیا۔ اس کے ان تین شاگردوں نے الگ الگ علاقوں میں ان تین مذہبوں کی اشاعت کی جس سے عیسائیوں میں سخت اختلاف لڑائیاں ہوئیں (تفسیر کبیر۔ خازن۔ روح المعانی وغیرہ) یہاں النصاریٰ سے مراد یعقوبیہ فرقہ ہے لہٰذا آیات قرآنیہ میں تعارض نہیں کہ اس نے عیسائیوں کے مختلف قول نقل فرمائے۔ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ یہ ان کی بکواس کی تردید ہے یعنی یہ وہ بات ہے جو وہ اپنے منہ سے کہتے ہیں۔ جس کے معنیٰ دلیل کوئی نہیں۔ گویا مہمل بے معنی الفاظ ہیں۔ جو صرف منہ میں رہتے ہیں اگرچہ ہر بات منہ سے ہی کہی جاتی ہے مگر یہ عرب کا محاورہ ہے کہ ہر بکواس لایعنی کلام کو کہتے ہیں کہ یہ

marfat.com

اس کے منہ کی بات ہے۔ نہ دماغ میں پہنچتی ہے نہ کسی کے دل میں اترتی ہے یُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یہ فرمانِ عالی معطوف ہے ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ (الخ) پر اور مذکورہ اہلِ کتاب کے دوسرے عیب کا بیان ہے یُضَاهِئُوْنَ بنا ہے مُضَاهَاۃٌ سے جس کا مادہ ضَہْیٌ ہے مُضَاهَاۃٌ بمعنی مشابہت یا موافقت آنا ہے۔ ہ کے بعد کی ہمزہ دراصل ی تھی۔ جس عورت کو نہ حیض آتا ہو نہ اس کے پستان ہوں اسے اِمْرَاَۃٌ ضَہْیَاءُ کہتے ہیں۔ یعنی عورت مَردوں سے مشابہ (روح المعانی) قوی یہ ہے کہ یُضَاهِئُوْنَ کا فاعل یہود و نصاریٰ دونوں ہیں اور اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے مراد ہیں۔ مشرکین جو ان دونوں سے پرانے ہیں۔ یعنی یہ یہود و نصاریٰ اپنے سے پہلے کفار یعنی مشرکین کے عقیدے کے مشابہ ہیں کہ وہ فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہتے ہیں اور یہ نبیوں کو اللہ کا بیٹا۔ رب کے لیئے اولاد مانتے ہیں دونوں یکساں ہیں۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ یُضَاهِئُوْنَ کا فاعل عیسائی ہیں اور اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے مراد یہودی یعنی عیسائی رب کے لیئے اولاد مانتے ہیں یہود کے مشابہ ہیں بعض نے فرمایا کہ یُضَاهِئُوْنَ کا فاعل پچھلے یہود و نصاریٰ ہیں اور اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے مراد ان کے معتقدین یعنی یہ پچھلے یہود و نصاریٰ اگلے گذشتہ باپ دادوں کے مشابہ ہیں اور جو وہ کہہ گئے یہ بھی کہتے ہیں۔ صرف ان کی پیروی میں سوچتے سمجھتے کچھ نہیں قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ یہ فرمانِ عالی یا اظہارِ غضب کے لیئے ہے یا تعجب دلانے کے لیئے۔ بددعا کے لیئے نہیں کہ رب تعالیٰ دعا یا بددعا دینے سے پاک ہے۔ اہلِ عرب قَاتَلَهُ اللّٰهُ یا کہ لَعَنَهُ اللّٰهُ غصہ ظاہر کرنے کے لیئے کہا کرتا ہے یعنی خدا انہیں مارے غارت کرے۔ وہ ہی محاورہ یہاں استعمال ہوا (معانی) بعض نے فرمایا کہ یہ بظاہر بددعا در حقیقت آئندہ کی خبر کہ خدا تعالیٰ آئندہ انہیں ہلاک کرے گا (روح البیان) اَنّٰی یُؤْفَکُوْنَ لفظ اَنّٰی کی تحقیق ہم دوسرے پارہ میں فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ میں کر چکے ہیں۔ کہ یہ کبھی بمعنی اَیْنَ ہوتا ہے تو اس میں مَنْ کے معنی شامل ہوتے ہیں یعنی کہاں سے جیسے یٰمَرْیَمُ اَنّٰی لَكِ هٰذَا یا بمعنی کَیْفَ ہوتا ہے یعنی کیسے یا جیسے یہاں دونوں معنی بن سکتے ہیں۔ یُؤْفَکُوْنَ بنا ہے اِفْکٌ سے بمعنی پھیرنا تہمت کو بھی اِفْکٌ کہا جاتا ہے کہ وہ حقیقت سے پھیری ہوتی ہے اس کا نائب فاعل یہود و نصاریٰ دونوں ہیں یعنی ان پر خدا کی مار ہے یہ حقیقت سے پھیرے جاتے ہیں

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم غور تو فرماؤ کہ یہود تو زبان سے کہتے اور دل سے عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ کے نبی عزیر ابن شرحیا اللہ کے بیٹے ہیں اور یہ عیسائی کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم اللہ کے بیٹے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ اولاد والا ہے۔ یہ بکواس ایسی ہے جو صرف ان کی زبان سے نہیں جاتی ہے نہ تو عاقل کے دماغ میں بیٹھے نہ کسی کے دل میں اترے۔ عقل و نقل کا تقاضا کہ مصرع ہو جو تیرے سوا ہے وہ ہے تیرا بندہ / ابنیت اور عبدیت کبھی جمع نہیں ہو سکتیں۔ یہ دونوں حضرات اللہ کے بندے ہیں نہ کہ اس

marfat.com

کے بیٹے۔ یہ دونوں باوجود اہل کتاب ہونے کے اس عقیدے میں پرانے مشرکین کے عقیدے کے مشابہ ہیں وہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے ہیں اور یہ ان بزرگ نبیوں کو اللہ کا بیٹا مانتے ہیں رب تعالیٰ کے لیے اولاد مانتے ہیں دونوں یکساں ہیں۔ انہیں خدا غارت کرے یہ کہاں بہکے جارہے ہیں کہ توریت وانجیل پڑھ کر اور اپنے نبیوں کی تعلیم جانتے ہوئے ایسے گندے عقیدے رب تعالیٰ کے متعلق رکھتے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ مشرکین سے زیادہ مجرم ہیں۔

**فائدے**:۔ اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** عیسائی اور یہودی ابنیت کے عقیدے میں یکساں ہیں کہ دونوں ایک ایک نبی کو خدا کا بیٹا مانتے ہیں۔ یہ فائدہ قَالَتِ الْیَھُوْدُ سے وَقَالَتِ النَّصَارٰی الخ سے حاصل ہوا۔ **دوسرا فائدہ** یہود و نصاریٰ مشرکین سے بڑھ کر مشرک ہیں۔ کیونکہ مشرکین تو اپنے معبودوں کو خدا کا بندہ مان کر اس کا شریک کہتے ہیں۔ مگر یہ دونوں ان نبیوں کو خدا کا بیٹا مان کر اس کا شریک ٹھہراتے ہیں یہ فائدہ ابْنُ اللّٰہِ فرمانے سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ** اللہ تعالیٰ کے بیٹا بیٹی ماننا ایسا گھناؤنا عقیدہ ہے جسے کوئی معمولی عقل والا بھی قبول نہیں کرسکتا۔ اس کی وجوہ ہم تیسرے پارہ کی تفسیر میں عرض کرچکے ہیں یہ فائدہ قَوْلُھُمْ بِاَفْوَاھِھِمْ سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** یہود و نصاریٰ دونوں مشرکین سے بالکل مشابہ اُن سے ملتے جلتے ہیں یہ فائدہ یُضَاھِئُوْنَ الخ سے حاصل ہوا مگر چونکہ انہیں نبی سے نسبت حاصل ہے اگرچہ غلط ہی سہی اس لیے ان کے احکام مشرکین سے ہلکے ہوئے۔ **پانچواں فائدہ** انسان اگر سیدھا چلے تو فرشتوں سے بڑھ جائے اور اگر ٹیڑھا چلے تو ابلیس سے بدتر ہوجاوے یہ فائدہ اَنّٰی یُؤْفَکُوْنَ سے حاصل ہوا

**پہلا اعتراض**۔ عموماً یہودی کہتے ہیں کہ ہم حضرت عزیر کو خدا کا بیٹا نہیں مانتے مگر قرآن کریم فرماتا ہے کہ وہ انہیں خدا کا بیٹا مانتے ہیں۔ یہ آیت کیونکر درست ہوئی۔ **جواب**: ہم کو کبھی یہود سے ملنے بلکہ انہیں دیکھنے کا بھی موقعہ نہیں ملا۔ نہ ان سے ہم نے یہ سنا پھر کیسے کہہ سکتے ہیں۔ کہ وہ یہ عقیدہ نہیں رکھتے اور اگر کہتے بھی ہوں تو جھوٹے ہیں۔ اپنے کو چھپاتے ہیں۔ قرآن وحدیث یعنی اللہ رسول سچے ہیں **دوسرا اعتراض** قرآن کریم نے عیسائیوں کے عقیدے کا ذکر یہاں اس طرح کیا کہ وہ حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا مانتے ہیں کبھی کہا کہ وہ انہیں تیسرا خدا (ثالث ثلثہ) کہتے ہیں کہیں فرمایا کہ وہ انہیں عین خدا کہتے ہیں اِنَّمَا اللّٰہُ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ عِیْسٰی ابْنُ مَرْیَمَ ان میں سے کون سی بات درست ہے اور قرآن کریم میں اختلافِ بیان کیوں ہے۔ **جواب**، قرآن مجید کے یہ تینوں بیان درست ہیں۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ عیسائیوں کے تین فرقے ہیں۔ ایک فرقہ کا عقیدہ ابن اللہ کا ہے۔ دوسرے کا خدا تیسرے کا عین اللہ ہونے کا۔ قرآن مجید نے مختلف مقام پر ان کے مختلف فرقوں کا عقیدہ بیان فرمایا

**تیسرا اعتراض**، قرآن کریم کی اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہود و نصاریٰ شرک میں مشرکین کی طرح ہیں کہ فرمایا

marfat.com

یُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا پھر ان کے احکام مختلف کیوں ہوئے کہ عرب کے یہود و نصاریٰ سے جزیہ قبول کیا گیا۔ ان کی عورتوں سے نکاح ان کا ذبیحہ حلال کیوں ہوا۔ **جواب** اس لیے کہ یہ اپنے کو نبی اس کی کتاب کی طرف نسبت کرتے ہیں اس نسبت نے یہ فرق پیدا کر دیا۔ رب تعالیٰ کے فیصلے درست ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** عالم اجسام میں نسبت سے قومیں بنتی ہیں عالم ارواح میں نسبت سے مردود دل کی طرف نسبت مردود کر دیتی ہے۔ مقبولوں کی طرف اگر نسبت درست ہے تو مقبول بنا دیتی ہے اگر نادرست اور غلط بھی ہے تو بھی کچھ نہ کچھ اپنا رنگ دکھا دیتی ہے۔ دیکھو اس آیت میں ارشاد ہوا کہ یہود و نصاریٰ کے عقیدے مشرکین کے عقائد کی طرح ہیں کہ وہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے ہیں۔ اور یہ اہل کتاب ہو کر حضرت عزیر اور عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا مانتے ہیں بلکہ یہ مشرکین سے بدتر ہیں۔ کہ مشرکین تو اپنے اکثر معبودوں کو اللہ کا بندہ مانتے ہیں مگر یہ اپنے معبودوں کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں پھر مشرکین نہ تو کسی نبی کے امتی ہیں نہ کسی آسمانی کتاب کے قائل۔ یہ لوگ اپنے کو موسوی یا عیسوی کہیں توریت و انجیل کے قائل ہیں پھر ایسے گندے عقیدے رکھتے ہیں مگر یہ سب کچھ ہوتے ان کے احکام مشرکین سے ہلکے ہیں۔ کیوں۔ اس لیے کہ ان کو اللہ کے محبوب نبیوں سے نسبت ہے اگرچہ غلط ہی سہی۔ جب غلط نسبت کا فیض ہو جاتا ہے تو اگر صحیح نسبت میسر ہو جاوے تو اس کے فیض کا کیا پوچھنا۔ **لطیفہ**: ایک چور کسی گھر سے چوری کر کے نکلا۔ گھر والے جاگ گئے شور مچایا محلے والے اس کے پیچھے دوڑے چور گھبرا کر مسجد میں گھس گیا۔ چوری کا مال دروازے پر چھوڑ کر خود مسجد پہنچا اور یوں ہی بے وضو نماز کی نیت باندھ لی۔ پیچھے سے محلے والے پہنچ گئے وہ سمجھے کہ چور تو دیوار پھلانگ کر بھاگ گیا ہے یہ تو کوئی نیک بندہ تہجد پڑھ رہا ہے۔ اولاً ادھر اُدھر بھاگے اتنے میں چور نے سلام پھیرا۔ بولے صوفی جی کیا تم نے چور کو دیکھا ہے وہ بولا نہیں۔ خیر یہ لوگ مال لے کر واپس ہوئے۔ چور کا دل لوٹ گیا سجدہ میں گر کر بولا کہ مولا میں نے جھوٹی نماز پڑھی مسجد سے جھوٹی نسبت پیدا کی تو صوفی کہلایا اگر سچی نماز پڑھتا تو میرا کیا مقام ہوتا آخر کار توبہ کر کے نیک بندہ بن گیا۔ یہ ہے نسبت کی بہار۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی نسبت عطا فرمائے۔ **حکایت**: یہ تاریخی واقعہ مشہور و معروف ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ معظمہ سے بت نکالے تو سارے بتوں کا کنکریٹ بنا کر سڑک پر بچھوا دیا کہ اس پر گدھے گھوڑے پیشاب کریں لوگ قدموں سے روندیں مگر جو بت حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہم السلام کے نام کے تھے انہیں دفن کرا دیا۔ یہ فرق کیوں صرف نام کا احترام نسبت کا لحاظ یہ قاعدہ یاد رہے بہت کارآمد ہے۔

marfat.com

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ

بنا لیا انہوں نے پادریوں کو اپنے اور درویشوں کو اپنے رب سوا

انہوں نے اپنے پادریوں اور جوگیوں کو اللہ کے سوا خدا بنا لیا اور مسیح ابن مریم

اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا

اللہ کے اور مسیح بیٹے مریم کو حالانکہ نہیں حکم دیئے گئے وہ مگر یہ کہ

کو اور انہیں حکم نہ دیا تھا مگر یہ کہ ایک اللہ کو پوجیں اُس

اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا

عبادت کریں معبود ایک کی نہیں ہے کوئی معبود سوا اس کے۔ پاکی ہے اس کی اس سے

کے سواء کسی کی بندگی نہیں اُسے پاکی ہے

يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾

جو شرک کرتے ہیں

ان کے شرک سے

**تعلق**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**: پچھلی آیات کریمہ میں یہود و نصاریٰ کے مشرک ہونے کی ایک وجہ بیان ہوئی یعنی ان کا حضرت عزیر و مسیح کو خدا کا بیٹا کہنا۔ جیسے مشرکین فرشتوں کو خدا تعالیٰ کی بیٹیاں کہتے ہیں۔ ان دونوں کے مشرک ہونے کی وجہ بیان ہو رہی ہے۔ یعنی ان کا اپنے پوپ پادریوں کو رب کی طرح ماننا جیسے مشرکین اپنے پنڈتوں کو مانتے ہیں کہ ان کی باتیں رب تعالیٰ کے احکام کی طرح قابل عمل جانتے ہیں گویا ان کے اعتقادی شرک بیان فرمانے کے بعد عملی شرک کا ذکر ہو رہا ہے۔ **دوسرا تعلق** پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ یہود نے ایک نبی کو عیسائیوں نے دوسرے نبی کو خدا کا بیٹا مان لیا۔ اب ارشاد ہے کہ ان دونوں نے بہت سے اپنے عالموں درویشوں کو خدا کا شریک مانا۔ گویا ایک ایک کو شریک جاننے ماننے کا ذکر فرما کر بہت سوں کو شریک ماننے کا تذکرہ ہے۔ **تیسرا تعلق**:۔ پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ یہود اور نصاریٰ کے عقیدے صرف ان کے منہ کی بکواس ہے جس پر نہ کوئی دلیل قائم ہو نہ اس میں کوئی حقانیت۔ اب اِن کی اِسی قسم کی بکواس کا ذکر ہے جس کا سر ہے نہ پاؤں یعنی اپنے پوپ و پادریوں کو رب کی طرح ماننا۔

marfat.com

تفسیر: اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اِتَّخَذُوْ بنا ہے اَخذ سے بمعنیٰ لینا۔ پکڑنا۔ بنانا یہاں بمعنیٰ ماننا عقیدہ رکھنا ہے۔ یعنی دل میں اعمال میں انہیں خدا پکڑنا اس لیئے دو مفعول چاہتا ہے۔ قوی یہ ہے کہ اس کا فاعل یہود و نصاریٰ دونوں ہیں کیونکہ آگے دونوں کے پوپ پادریوں کا ذکر ہے۔ احبار جمع ہے حِبر کی حِ کے فتحہ یا کسرہ سے اس کی جمع اَحْبار بھی ہے اور حبور بھی یہ ماخوذ ہے تحبیر سے جس کے معنیٰ ہیں حسنِ بیان۔ یعنی جو اپنا دلی مقصد عمدہ طریقے سے بیان کر سکے یعنی فصیح اللسان یہ لفظ علماءِ یہود پر بھی بولا جاتا ہے اور علماءِ اسلام پر بھی۔ چنانچہ حضرت عبداللہ ابنِ عباس کو حِبر الامت کہا جاتا ہے (روح المعانی) یہاں مراد علماءِ یہود ہیں جنہیں آج کل پوپ کہا جاتا ہے۔ رہبان جمع ہے راہب کی جس کا مادہ رہب ہے بمعنیٰ خوف۔ یعنی وہ عابد جس کے چہرے پر خوف و عبادات کے آثار نمودار ہوں۔ رہبانیت ترکِ دنیا کو کہا جاتا ہے۔ فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ ۔ یہاں عیسائیوں کے تارک الدنیا پادری مراد ہیں۔ جو اچھا کھانے اچھا پینے اچھا پہننے سے دور رہتے ہیں اور بہت مشقتیں جھیلنے کو عبادت سمجھتے ہیں۔ احبار و رھبان مفعول اوّل ہے اِتَّخَذُوْٓا کا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ یہ اِتَّخَذُوْ کا دوسرا مفعول ہے ارباب جمع ہے رب کی بمعنیٰ پالنے والا۔ یہاں مراد ہے رب کی طرح۔ کیونکہ یہود و نصاریٰ اپنے علماء کو رب نہیں کہتے تھے بلکہ ان کے ساتھ رب کا سا عقیدہ رکھتے تھے۔ مثلاً اللہ رسول کے مقابلہ میں ان کی اطاعت کرنا کہ اللہ رسول کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال سمجھنا ان کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام جاننا اِن عالموں کے کہنے سے۔ نیز انہیں سجدے کرنا ان سے اپنے گناہ معاف کرانا جیسا کہ اب بھی عیسائیوں میں مروج ہے۔ دون کے بہت معنیٰ ہیں۔ دور۔ الگ۔ مقابل۔ کٹا ہوا۔ سوا۔ یہاں یا تو بمعنیٰ مقابل ہے یا سوا۔ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ یہ عبارت معطوف ہے رہبانہم پر۔ حضرت مسیح کو عیسائی خدا کی مثل یعنی خدا کا بیٹا مانتے ہیں اور ظاہر ہے کہ رب کا بیٹا بھی رب ہوگا اس لیئے یہ الزام ان پر درست ہے۔ یوں سمجھو کہ وہ لوگ اپنے پوپ و پادریوں کو عملاً رب سمجھتے کہ ان کے ساتھ رب کا سا معاملہ کرتے تھے اور عیسیٰ علیہ السلام کو اعتقاداً اپنا رب مانتے تھے۔ چونکہ عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش بغیر باپ کے ہے اس لیئے آپ کو ماں کی طرف نسبت کی جاتی ہے وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۔ اس فرمانِ عالی میں ان دونوں قوموں پر عتاب کا اظہار ہے یعنی توریت و انجیل اور تمام آسمانی کتابوں میں ان لوگوں کو یہی حکم دیا گیا تھا کہ وہ ایک اللہ کی ہی عبادت کریں۔ انہوں نے اللہ کے مقابل دوسروں کو حرام و حلال کرنے کا مالک مان کر انہیں سجدہ کر کے ان سے اپنے گناہ بخشوا کر ان کی عبادت کی۔ یعنی دلی اور اعتقادی عبادت لہٰذا انہوں نے ساری آسمانی کتابوں کی مخالفت کی لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس فرمانِ عالی میں واقعہ کا ذکر ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے

marfat.com

سواء واقعہ کے کوئی لائقِ عبادت نہیں ہر قسم کی عبادت اسی کو لائق ہے اعتقادی عبادت ہو یا بدنی یا مالی۔ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ اس فرمانِ عالی میں یہود و نصاریٰ کو صراحۃً مشرک فرمایا گیا اور ان کے مذکورہ عقیدوں کو شرک قرار دیا گیا۔ سُبْحٰنَهٗ کے متعلق بارہا عرض کیا جا چکا ہے کہ یہ ایک پوشیدہ فعل کا مفعول مطلق ہے اصل میں سَبِّحُوْا اللّٰهَ سُبْحَانًا تھا چونکہ یہ مفعول بِہٖ کی طرف مضاف ہو گیا اس لیئے اس کے فعل کا پوشیدہ کرنا واجب و لازم ہو گیا۔ یعنی اللہ تعالیٰ ان دونوں جماعتوں کے تمام شرکیہ اعمال سے پاک بے نیاز ہے وہ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ہے

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ یہود و نصاریٰ کا ایک قسم کا شرک تو سن چکے اب ان کا دوسری نوعیت کا شرک یعنی یہود نے اپنے پوپوں کو عیسائیوں نے اپنے پادریوں راہبوں کو اللہ کے سوا رب مان رکھا ہے کہ انہیں رب تعالیٰ کے مقابل حرام و حلال کا مالک مانتے۔ انہیں سجدے کرتے ہیں ان سے اپنے گناہ معاف کراتے ہیں۔ عیسائیوں نے حضرت مسیح ابن مریم کو اعتقاداً بھی رب مان لیا کہ انہیں خدا کا بیٹا مانا غرض کہ یہ لوگ عملاً و اعتقاداً مشرک ہیں۔ حالانکہ توریت و انجیل اور تمام آسمانی کتابوں میں انہیں حکم دیا گیا تھا کہ اعتقادی عملی ہر طرح کی عبادت صرف رب تعالیٰ کی ہی کریں اس کے سوا کوئی معبود نہیں اللہ تعالیٰ ان کے شرک سے پاک ہے بے نیاز ہے۔ وہ ان کو اس جرم کی سخت سزا دے گا۔ ترمذی میں حضرت عدی ابن حاتم سے روایت کی فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میرے گلے میں سونے کی صلیب تھی۔ فرمایا اے عدی اس بت کو اتار دو۔ اور میں نے حضور انور کو سورۂ توبہ کی یہ آیت تلاوت کرتے سنا اور فرماتے سنا کہ یہود و نصاریٰ اپنے پوپ پادریوں کو پوجتے نہ تھے مگر جب ان کے پوپ پادری کسی چیز کو حلال کر دیتے تو اسے حلال سمجھ لیتے اور اگر حرام کر دیتے تو اسے حرام سمجھ لیتے (یعنی رب کے حکم کے خلاف) حضرت عبداللہ ابن مبارک فرماتے ہیں۔ شعر

وَهَلْ بَدَّلَ الدِّيْنَ اِلَّا الْمُلُوْكُ ۔۔۔ وَاَحْبَارُ سُوْءٍ وَرُهْبَانُهَا (خازن)

**فائدے**۔ اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: اللہ رسول کے حکم کے مقابلہ میں کسی اور کا حکم ماننا اس کے حکم کو اچھا جاننا قرآن و حدیث کے احکام کو ناقابلِ عمل یا برا جاننا صریح کفر ہے۔ ایسا شخص بدتر ہے اس لیئے کہ یا دوسروں کو الٰہ مان لیا یہ فائدہ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ (الخ) سے حاصل ہوا۔ افسوس ہے کہ یہ بیماری آج بہت سے کلمہ پڑھنے والوں میں پیدا ہو گئی ہے خصوصاً بنگی چرسی بے نماز پیروں کے مریدوں میں یہ وہ ہی بیماری ہے جو یہود و نصاریٰ میں تھی اور ہے جسے قرآن مجید نے یہاں بیان فرمایا۔ **دوسرا فائدہ** اللہ رسول کے مقابلہ میں کسی اور کی اطاعت کرنا یہ در پردہ اسے الٰہ بنانا ہے فرماتا ہے مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ **تیسرا فائدہ**۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ پیدا ہوئے یہ فائدہ اَلْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ فرمانے سے حاصل ہوا

marfat.com

اگر آپ کا باپ ہوتا تو دوسرے نبیوں کی طرح آپ کا صرف نام قرآن مجید میں آتا یا پھر باپ کی طرف آپ کو نسبت کیا جاتا۔ رب فرماتا ہے اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ **چوتھا فائدہ**: توریت وانجیل بلکہ تمام آسمانی کتب میں توحید اور عبادت کا حکم دیا فروع میں اختلاف ہو سکتا ہے مگر اصولِ دین ساری کتب کے یکساں ہیں یہ فائدہ تَوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ سے حاصل ہوا **پانچواں فائدہ**: یہود و نصاریٰ سارے اہلِ کتاب مشرک ہیں اگرچہ ان کے احکام کھلے مشرکوں سے کچھ ہلکے ہیں یہ فائدہ وَمَآ اُمِرُوْٓا (الخ) سے حاصل ہوا **چھٹا فائدہ** اللہ رسول کے سوا کسی کو حرام وحلال کا مختار ماننا کہ وہ جس چیز کو چاہے حلال کرے جسے چاہے حرام کرے شرک ہے کہ اُس نے دوسرے کو رب مان لیا یہ فائدہ اَرْبَابًا کی تفسیر سے حاصل ہوا جس کے متعلق ابھی تفسیر میں حدیث شریف پیش کی گئی **ساتواں فائدہ**: خدا تعالیٰ کے سوا کسی کو سجدۂ تحیہ کرنا حرام ہے اور سجدۂ عبادت کرنا شرک یہ فائدہ بھی اَرْبَابًا کی تفسیر سے حاصل ہوا **آٹھواں فائدہ** کسی کو گناہ بخشنے کا مختار ماننا یہ بھی شرک ہے گناہ بخشنا سزا دینا رب تعالیٰ ہی کی صفت ہے یہ فائدہ بھی اربابًا کی تفسیر سے حاصل ہوا۔ عیسائی اپنے ہفتہ بھر کے گناہ تفصیل وار اتوار کے دن پادری صاحب کے سامنے بیان کرتے ہیں۔ پادری صاحب کہتے ہیں جا بیٹا معاف کر دیئے معاف ہو گئے یہ شرک ہے۔ مگر خیال رہے کہ یہ گناہ معاف کرانے کا ذکر ہے حق تو حق والا معاف کرتا ہے۔ قرضہ قرضخواہ سے معاف کراؤ۔ یوں ہی بخشنا اور بخشوانا ان میں فرق ہے بخشوانا شفاعت ہے جو حضرات انبیاء واولیاء کے لئے ثابت ہے وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ اور فرماتا ہے اِسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ ..... وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وغیرہ **نواں فائدہ** عبادت اور اطاعت میں فرق ہے۔ عبادت صرف رب تعالیٰ کی ہی ہو سکتی ہے لَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ مگر اطاعت اللہ تعالیٰ کی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی اور حکم والے علماء کی بھی اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ۔ یہ فائدہ بھی اَرْبَابًا کی تفسیر سے حاصل ہوا۔ **دسواں فائدہ**: شرک عملی بھی ہوتا ہے اعتقادی بھی۔ کسی بندے سے رب کا سا معاملہ کرنا یہ شرکِ عملی ہے یہ فائدہ اِس آیت سے حاصل ہوا کہ اَحْبار ورُہبان کو بھی عیسائیوں نے رب بنایا اور مسیح ابن مریم کو بھی مگر احبار و رہبان کو عملی طور پر اور مسیح کو اعتقادی طور پر۔

**پہلا اعتراض**۔ تم لوگ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حرام وحلال کا مالک سمجھتے ہو۔ تم نے بھی حضور کو رب مان لیا۔ تم بھی عیسائیوں کی طرح مشرک ہو (دیوبندی وہابی) **جواب**: اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی اور دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ تمہارے پیشوا مولوی محمود الحسن صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بعد از خدا مالک احکام ہیں دیکھو اس کا مفصل حوالہ ہماری کتاب سلطنتِ مصطفیٰ اور جاء الحق حصہ اول میں **جواب تحقیقی** یہ ہے کہ بے شک رب تعالیٰ نے اپنے حبیب کو مالکِ احکام بلکہ مالکِ کونین بنایا وَلَا يُحَرِّمُوْنَ

marfat.com

مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معلوم ہوا کہ رسول اللہ حرام کر سکتے ہیں اور فرمایا ہے وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ ہمارے رسول لوگوں کے لیئے طیب چیزیں حلال کرتے ہیں خبیث چیزیں حرام کرتے ہیں۔ اور فرمایا ہے وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ اس کی تحقیق ہماری کتاب سلطنتِ مصطفیٰ میں دیکھو۔ عیسائیوں کا اپنے پوپ پادریوں کو حرام وحلال کا مالک سمجھنا شرک ہے کہ رب نے انہیں مالک بنایا نہیں اب وہ جو کچھ حرام وحلال کریں گے رب کے مقابلہ میں کریں گے مومنوں کا حضور کو مالکِ احکام ماننا ایمان ہے کہ رب نے انہیں مالکِ احکام بنایا اب وہ جو کچھ حکم کریں گے رب کی مرضی سے کریں گے مشرک کا پتھر کی طرف سجدہ کرنا گنگا جل کی تعظیم شرک ہے مسلمان کا کعبہ کی طرف سجدہ کرنا زم زم کی تعظیم کرنا عینِ ایمان ہے۔ گر فرقِ مراتب نہ کنی زندیقی۔ **دوسرا اعتراض**۔ تم بھی عیسائیوں کی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے گناہ معاف کراتے ہو۔ شعر

بخش دو میری خطائیں ..... بھیج دو اپنی عطائیں ..... یا نبی سلام علیک

پڑھا کرتے ہو تم بھی انہیں کی طرح مشرک ہو۔ **جواب**: ہم حضورِ انور سے رب کے گناہ نہیں بخشواتے بلکہ حضور انور کے مارے ہوئے حقوق بخشواتے ہیں۔ ہر گناہ میں رب تعالیٰ کا بھی حق مارا جاتا ہے اور حضور انور کا بھی مثلاً ہمارا نماز نہ پڑھنا رب تعالیٰ کی ناراضی کا باعث ہے حضور انور کی تکلیف کا سبب عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ اور حق حقدار ہی معاف کرتا ہے۔ **تیسرا اعتراض** تم لوگ قرآن وحدیث کے مقابل اپنے امام مجتہد ابو حنیفہ کی بات مانتے، ہو تم کو آیاتِ قرآنیہ حدیث نبویہ دکھائیں مگر تم فقہ حنفیہ ہی دیکھتے ہو (غیر مقلد) تم نے امام اعظم کو ارباب من دون اللہ مان لیا۔ دیکھو اس جگہ تفسیر روح المعانی اور تفسیر کبیر نے یہ دکھڑا رویا ہے **جواب**: ہم حدیث وقرآن کو امام اعظم سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تمہارے ترجمے تفسیر شرح پر اعتماد نہیں کرتے ہم تمہارے مقابل ان کو مانتے ہیں نہ کہ اللہ رسول کے مقابل اس کی تفصیل تحقیق ہماری کتاب جاء الحق حصہ دوم میں دیکھو۔

امام رازی خود شافعی ہیں ابو موسیٰ حنفی وہ یہ بات کیسے کہہ سکتے ہیں تم ان پر بہتان باندھتے ہو۔ وہ تو موجودہ بے دین پیروں کے معتقدین کے متعلق یہ فرما رہے ہیں دیکھو ان کی تفاسیر یہ ہی مقام **چوتھا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہر گناہ کفر ہے اور سارے گناہ گار کافر۔ کیونکہ بندہ گناہ کرتے وقت شیطان کو اپنا الٰہ مان لیتا ہے تب ہی تو اس کی اطاعت کرتا ہے لہٰذا وہ بھی عَمَّا يُشْرِكُوْنَ میں داخل ہے (خوارج) **نوٹ ضروری** خارجی لوگ فاسق کو کافر مانتے ہیں۔ ان کا یہ قول ہے۔ **جواب**۔ تفسیر کبیر نے اس اعتراض کا جواب یہ دیا گنہگار آدمی نہ تو گناہ کو اچھا سمجھتا ہے نہ شیطان کو اپنا پیشوا مانتا ہے وہ اپنے کو گنہگار کہتا ہے۔ شیطان پر پھٹکار ہی کرتا ہے لہٰذا اس نے شیطان کو الٰہ نہ مانا۔ کسی کے بہکانے میں آکر گناہ کرنا اور چیز ہے اسے الٰہ ماننا دوسری چیز

marfat.com

یہاں تو ان کا ذکر ہے جو پوپ پادری کو اپنا پیشوا سمجھ کر اس کی اطاعت کرتے ہیں

**تفسیر صوفیانہ** احکامِ الٰہیہ کے نافذ ہونے کی جگہ حضرات انبیاء کرام ہیں۔ یہ حضرات اللہ کے خلیفہ بلکہ دارالخلافہ ہیں کچھ احکام ان کی زبان سے جاری ہوتے ہیں وہ ربانی احکام ہوتے ہیں اور کچھ احکام ان کے دل سے جاری ہوتے ہیں بطورِ الہام وہ بھی ربانی ہوتے ہیں۔ قرآن۔ فرمان۔ الہام سب ہی رب کی طرف سے ہیں اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى حتیٰ کہ اگر اِن کا کوئی حکم کسی کے لیئے قرآن کے خلاف بھی ہو تو اس کے لیئے وہ ہی حکم ربانی ہے۔ جس کی بہت مثالیں موجود ہیں۔ حضرت ابو خزیمہ انصاری کی ایک کی گواہی دو گواہیاں بنادیں۔ حضرت سراقہ کو سونے کے کنگن پہننے کی اجازت دے دی۔ حضرت علی کے لیئے فاطمہ زہرا کی موجودگی میں دوسرا نکاح منع فرمادیا۔ ایک صاحب کے لیئے صرف نمازیں ہی رکھیں۔ یہ سب احکامِ ربانیہ ہیں اور اطاعتِ رسول میں داخل ہیں۔ مگر اللہ کے دشمن احبار اور رہبان ان کی اطاعت کرنا انہیں ارباب من دونِ اللہ ماننا ہے۔ ان لوگوں کا مطیع مشرک ہے مگر نبی کا مطیع سچا پکا مومن ہے ہاں جو کسی نبی کو اللہ کا بیٹا کہے اس نے نبی کو اِلٰہ مان لیا۔ وہ یُشْرِکُوْنَ میں داخل ہے۔ نبیَ اللہ۔ وَلِیَ اللہ کی شان اور ہے۔ ولی مِنْ دونِ اللہ کا حال کچھ اور۔ وہ حضرات رب نہیں رب کے حبیب ہیں۔

| | |
|---|---|
| يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى | |
| ارادہ کرتے ہیں یہ کہ بجھادیں نور اللہ کا مونہوں سے اپنے | اور انکار کرتا ہے |
| چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور منہ سے بجھا دیں | اور اللہ نہ مانے |
| اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۳۲﴾ هُوَ | |
| اللہ مگر یہ کہ پورا کرے نور کو اپنے اگرچہ ناپسند کریں کافر | وہ |
| مگر اپنے نور کا پورا کرنا پڑے برا مانیں کافر | وہ ہی |
| الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ | |
| اللہ وہ ہے جس نے بھیجا رسول کو اپنے ساتھ ہدایت کے اور سچے دین کے | |
| ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب | |

marfat.com

نصف لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ نصف

تاکہ غالب کرے سارے دینوں پر اگرچہ ناپسند کریں مشرک لوگ

دینوں پر غالب کرے پڑے برا مانیں مشرک

**تعلق**۔ ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پچھلی آیات میں یہود و نصاریٰ کا اپنے دینوں میں تبدیلی کرنے انہیں مٹانے کا ذکر ہوا اب اِن آیات میں انہیں کی دینِ اسلام کو مٹانے کے متعلق ناکام کوشش کا تذکرہ ہے۔ گویا ان کے لازم عیوب کے بعد متعدی عیب کا ذکر ہو رہا ہے **دوسرا تعلق** پچھلی آیات میں مسلمانوں کو حکم تھا کہ اہل کتاب سے ذِلّت کے ساتھ جزیہ لو اب اِس کی وجہ ارشاد ہو رہی ہے کہ یہ لوگ اللہ کے عزت والے بندے کو ذلیل کرنے والے۔ دین کو مٹانے کی کوشش کرتے ہیں گویا حکم پہلے دیا گیا اس کی وجہ اب بیان ہو رہی ہے۔ **تیسرا تعلق**: پچھلی آیۂ کریمہ میں ذکر ہوا کہ یہ لوگ ذلیل پوپ پادریوں کو رب کا شریک مان لیتے ہیں اب ارشاد ہے کہ یہ ہی بے وقوف اللہ کے عزیز نبی کی مخالفت کرتے ہیں انہیں نبی بھی نہیں مانتے گویا ان کی اِفراط کا ذکر فرمانے کے بعد تفریط کا تذکرہ ہے **چوتھا تعلق**: پچھلی آیات میں یہودیت اور عیسائیت منسوخ دینوں کی کمزوری بتائی گئی کہ اے لوگوں نے بدل کر رکھ دیا اب حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی پختگی۔ مضبوطی کا تذکرہ ہے کہ یہ کسی کی مجبوری کوشش سے نہ مٹے نہ بدلا جائے لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ

**تفسیر** يُرِيْدُوْنَ یہ جملہ نیا ہے يُرِيْدُوْنَ بنا ہے اِرَادَةٌ سے یہاں ضروری ارادہ مراد نہیں بلکہ ارادہ سے کوشش مراد ہے کوشش خواہ قولی ہو یا عملی یا مالی یا قلمی یا تلوار کی۔ کیونکہ اسلام کو مٹانے میں ہر قسم کی کوشش کرتے رہے ہیں اور کرتے رہیں گے اس کا فاعل مذکورہ دونوں قومیں یہود و نصاریٰ ہیں اور ہو سکتا ہے کہ سارے کفار فاعل ہوں۔ يُرِيْدُوْنَ مضارع اِستمراری ہے۔ کیونکہ ان کی کوشش دائمی ہے جو اب تک دیکھنے میں آ رہی ہے۔

اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ یہ عبارت يُرِيْدُوْنَ کا مفعول بہٖ ہے۔ يُطْفِـُٔوْا بنا ہے اِطْفَاءٌ سے بمعنی آگ بجھانا اس طرح کہ آگ کا وجود ختم کر دیا جاوے جس سے اس کی روشنی بھی جاتی رہے مگر محاورہ میں صرف روشنی دور کر دینے کو اِطْفَاء کہتے ہیں۔ خصوصاً جبکہ اس کے بعد چراغ یا نور مذکور ہو۔ وہ ہی یہاں مراد ہے چونکہ اسلام قرآن حضور کے معجزات بلکہ خود حضور انور صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم روحانی نور ہیں اس لیئے اِن کے مٹانے بالکل کرنے کو اِطْفَاء یعنی بجھانا کہا گیا۔ نور وہ جو ظاہر بِالذّات ہو مُظْهِرٌ لِلْغَيْر ہو۔ روشنی نور حسی بھی ہوتا ہے جیسے چراغ سورج۔ چاند تارے اور معنوی بھی جیسے علم۔ ایمان۔ دلائل اور قرآن اور حضور انور کی ذاتِ بابرکات اگرچہ سارے نور اللہ کے پیدا کیئے ہوئے ہیں مگر جس کے روشن کرنے میں کسی بندے کی کوشش کو دخل نہ ہو براہ راست

رب نے روشن کیا وہ نور اللہ یعنی اللہ کا نور ہے۔ جیسے محسوسات میں سورج چاند تارے اور معقولات میں قرآن مجید اسلام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہاں نور اللہ سے مراد یا دین اسلام ہے یا دلائل توحید۔ یا حضور انور کے معجزات تو اس کے بجھانے سے مراد انہیں نہ ماننا نہ دوسروں کو ماننے دینا۔ انہیں مٹا دینا یا اس سے مراد حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ تو بجھانے سے مراد حضور کا دین مٹانا۔ حضور کے قرآن کو شائع نہ ہونے دینا حضور کا ذکر روکنا۔ حضور کے فضائل سے چڑ جانا۔ آپ میں عیب نکالنے کی کوشش کرنا۔ قرآن نے بہت جگہ حضور کو نور فرمایا ہے اور نور گر سِرَاجٌ مُّنِیْرٌ بھی۔ وہ آیات اس آیت کی تفسیر ہیں۔ اگلی آیت میں بھی حضور انور کا ہی ذکر آرہا ہے اس لئے ظاہر یہ ہے کہ اس سے مراد حضور انور ہیں چونکہ حضور انور مال دولت۔ ملک سلطنت وغیرہ کی وجہ سے نہیں چمکے بلکہ انہیں چمکانے والا براہِ راست اللہ تعالیٰ ہے۔ نیز حضور کسی کے بجھائے بجھ نہیں سکتے۔ ان وجوہ سے حضور کو نورُ اللہ فرمایا گیا۔ خیال رہے کہ کفار ہمیشہ سے پہلے حضور انور کے پیچھے پڑے رہے اور پڑے رہتے ہیں۔ قرآن اور اسلام کے پیچھے تو بعد میں پڑتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ حضور انور شمعِ اسلام ہیں قرآن وغیرہ اس کی شعاعیں۔ شمع بجھا دو۔ شعاعیں خود ختم ہو جائیں گی۔ اس کا یہاں ذکر ہے۔ لہٰذا فقیر کے نزدیک نور اللہ سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ بِاَفْوَاهِهِمْ یہ فرمانِ عالی یُطْفُوْنَ کے متعلق ہے اس میں ب مدد کی ہے۔ افواہ جمع ہے فوہ کی بمعنی منہ۔ اس سے مراد بازبان ہے یا اُن کی بکواس اسلام قرآن اور حضور کے خلاف یا مراد پھونکیں ہوں۔ رب نے ان کی تمام کوششوں کو ان کی منہ سے نکلی ہوئی پھونکیں فرمایا۔ کہ جیسے منہ کی پھونک سورج تک نہیں پہنچتی ایسے ہی ان کی کوشش ذاتِ پاکِ مصطفےٰ تک نہیں پہنچتی۔ خیال رہے کہ آگ میں پھونک مارتے ہیں اسے تیز کرنے کے لئے چراغ میں پھونک مارتے ہیں اسے بجھانے کے لئے یہاں دوسری قسم کی پھونک مراد ہے اس لئے نور اللہ ارشاد ہوا۔ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ یہ فرمانِ عالی کفار کے اِردہ کو باطل فرمانے کے لئے ہے۔ یابیٰ بنا ہے اِباء سے بمعنی انکار کرنا۔ نہ ماننا اور باز نہ رہنا۔ چونکہ اس کا فاعل رب تعالیٰ ہے اس لئے اس کے معنی نہ ماننا نہ قبول کرنا ہیں۔ کمال اور تمام کا فرق ہم اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ کی تفسیر میں عرض کر چکے۔ کہ ذات کو پورا کرنا اکمال ہے صفات کو پورا کرنا اِتمام۔ اگر نور سے مراد دینِ اسلام تو اتمام کے معنی کلمہ طیبہ کا بلند کرنا اسلام کو عزت دینا۔ اسے دنیا میں پھیلانا اور شائع کرنا ہے۔ اور اگر نور سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہوں تو اِتمام سے مراد حضور کی عزت تمام دنیا میں ظاہر کرنا۔ آپ کا چرچا آپ کا ذکر جاری کرنا یعنی اللہ تعالیٰ اس کے سوا اور کچھ نہ مانے گا کہ اپنے نور یعنی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دین اُن کا چرچہ اُن کا ذکرِ خیر پورا پورا شائع ہو وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ۔ اگرچہ تمام جہان کے سارے کافر اسے ناپسند کریں۔ یہاں ناپسندیدگی سے مراد دل سے ناراض ہونے کے

marfat.com

ساتھ ساتھ اس کے خلاف ہر طرح کی کوشش کریں۔ کافروں سے مراد ہر قسم کے کافر ہیں۔ مشرکین ہوں یا یہودی عیسائی یا مجوسی پارسی وَغَیْرُھُم کیونکہ اسلام کی مخالفت حضور انور کی دشمنی میں سب متفق ہیں مگر کچھ نہ کر سکے ہیں نہ کر سکیں گے۔ رب کے مقابل سب کچھ نہیں کر سکتے هُوَ الَّذِیْ یہ آیت کریمہ پچھلی آیت کی گویا تفسیر ہے یہاں ہُوَ سے مراد ذاتِ الٰہی ہے اور اَلَّذِیْ سے مراد شانِ الٰہی رحمتِ الٰہی هُوَ الَّذِیْ وہاں ارشاد ہوتا ہے جہاں رب تعالیٰ اپنی قدرت اپنی خاص رحمت کا ذکر فرماتا ہے۔ چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رب تعالیٰ کی شان بھی ہیں اس کی رحمت بھی۔ اس وجہ سے هُوَ الَّذِیْ اِرْشَاد ہوا یعنی اگر میری شان میری رحمت دیکھنی ہے اگر تم نے مجھے جاننا ہے پہچاننا ہے تو اِس طرح جانو کہ میں وہ رحمت والا شان والا۔ قدرت والا ہوں جس نے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان تحفوں کے ساتھ بھیجا۔ شعر

محمد مصطفیٰ یعنی خدا کی شان کے صدقے میں ہر ہر آن یارب ان کی ہر ہر آن کے صدقے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ :- یہ عبارت اَلَّذِیْ کا صلہ ہے ہمارے متعلق قرآن کریم میں ارشاد ہوتا ہے۔ خَلَقَكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ مگر حضور کی تشریف آوری کے لیئے اَرْسَلَ۔ بَعَثَ اور جَاءَ ارشاد ہوتا ہے۔ کیونکہ ہم صرف مخلوق ہیں۔ حضورِ انور اللہ کی مخلوق بھی ہیں مبعوث بھی۔ رسول مرسل بھی نیز ہم سب یہاں اپنے کام کے لیئے آئے ہیں۔ حضور انور رب کے کام اور احکام کے لیئے۔ ہم یہاں بننے کے لیئے آتے ہیں۔ وہ سب کچھ بن کر دوسروں کو بنانے کے لیئے۔ اِن کا دنیا میں آنا ایسا ہوتا ہے جیسے حاکم کا تبادلہ ہو کر کسی جگہ پہنچنا۔ نبی پیغام رساں کو کہتے ہیں۔ رسول فیضان رساں کو۔ حضرت جبرائیل نے جناب مریم سے کہا اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا یہ ہے رسالت کی شان۔ رسول کا تعلق رب تعالیٰ سے لینے کا ہوتا ہے۔ مخلوق سے دینے کا۔ اِس لئے انہیں رسولہٗ بھی کہا جاتا ہے اور رَسُوْلُنَا یا رَسُوْلُكُمْ۔ قرآن مجید میں جہاں اَلرَّسُوْلُ یا رَسُوْلَ اللّٰہِ یا رَسُوْلَہٗ مطلق ارشاد ہوتا ہے وہاں حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہوتے ہیں۔ وہ ہی یہاں مراد ہیں بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ یہ عبارت پوشیدہ مُتَّصِفًا یا مُتَلَبِّسًا یا اَلْمَزْدُوْجًا وغیرہ کے متعلق ہو کر رَسُوْلَہٗ کا حال ہے۔ هُدٰی سے مراد قرآنِ مجید ہے اور دینِ حق سے مراد اِسلام ہے یا هُدٰی سے مراد ہے حضورِ انور کا خود ہدایت یافتہ ہونا اور دینِ حق سے مراد لوگوں کو ہدایت دینا ہے دین سے مراد ملت ہے الحق یا تو رب تعالیٰ کا نام ہے یعنی اللہ کی پسندیدہ ملت یا حق بمعنی صحیح بمعنی باطل کا مقابل یا حق بمعنی مضبوط۔ ناقابلِ نسخ اس معنی سے صرف دینِ محمدی حق ہے باقی گذشتہ نبیوں کے دین قابلِ نسخ تھے۔ یعنی رب تعالیٰ نے اپنے محبوب کو قرآن اور اسلام سے موصوف بنا کر بھیجا۔ یا خود ہدایت یافتہ اور لوگوں کا ہادی بنا کر بھیجا لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ یہ اس کے متعلق ہے جس میں اِرسال کی حکمت ارشاد ہوئی۔ اس فرمانِ عالی کی بہت تفسیریں ہیں۔ آسان اور قوی تفسیر یہ ہے کہ لِيُظْهِرَهٗ

بنا ہے اظہار سے بمعنی غالب کرنا۔ اس کا فاعل رب تعالیٰ ہے ھٗ سے مراد یا دینِ اسلام ہے یا قرآن یا خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اَلدِّیْنِ میں الف لام جنسی یا استغراقی ہے جس سے دین اسلام کے علاوہ سارے دین مراد ہیں۔ خواہ آسمانی ہوں جیسے یہودیت یا نصرانیت یا نفسانی خود ساختہ دین جیسے شرک دہریت وغیرہ اگر ھٗ سے مراد حضور انور ہیں تو دین سے مراد سارے دین والے لوگ ان کے بانی ماننے والے مراد ہوں گے (روح المعانی) یعنی تاکہ اللہ تعالیٰ دینِ اسلام یا قرآن کو تمام دینوں پر غالب تمام دینوں کا ناسخ کرے۔ خود منسوخ نہ ہو یا حضور محمد مصطفیٰ کو تمام دینوں کے بانیوں ان کے سرداروں پر غالب کرے کہ ان کا چرچہ ان کا ذکرِ خیر۔ اُن کی عزت اُن کی نعت خوانی تمام بانیانِ دین سے زیادہ ہوں لہٰذا آیت کریمہ بالکل واضح ہے کسی تاویل کی ضرورت نہیں بعض نے فرمایا کہ اِس فرمان کا ظہور قریب قیامت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد ہوگا کہ ساری دنیا میں صرف اسلام ہوگا۔ بعض نے فرمایا کہ لِیُظْهِرَهٗ کے معنی ہیں مطلع کریں اور دین سے مراد اسلام ہے اور معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے اسلام کے سارے اصولی فروعی مسائل پر مطلع کرے مگر پہلی تفسیر قوی بھی ہے آسان بھی۔ جس پر کوئی اعتراض نہیں پڑتا وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ اس فرمانِ عالی میں مشرکین سے مراد یا عرب کے مشرکین ہیں یا تمام جہان کے مشرک یا سارے کفار یا حضور کی عزت وعظمت سے جلنے والے بے دین کہ وہ کافر و مشرک ہیں۔ یعنی اگرچہ یہ سب جلتے بھنتے رہیں۔

**خلاصۂ تفسیر** ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ ان دونوں آیتوں کی چند تفسیریں ہیں۔ نور اللہ سے مراد قرآن ہو یا اسلام یا حضور انور کے معجزات یا اسلام کی حقانیت کے دلائل یا خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم۔ ہم ان میں سے قوی اور آسان اور لذیذ تفسیر کا خلاصہ عرض کرتے ہیں۔ دنیا بھر کے کفار دل سے چاہتے ہیں زبان قلم دولت زر۔ زور سے کوشش کرتے ہیں کہ اللہ کے نور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات وصفات کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں کہ حضور کو شہید کر دیں اُن کا ذکر بند کر دیں اُن کا نام مٹا دیں اُن کا قرآن اُن کا اسلام ختم کر دیں۔ مگر تمام جہان کی پھونکوں سے سورج سیاہ نہیں پڑتا۔ تمام کفار کی کوششوں سے محمد مصطفیٰ کا چرچہ کم نہیں ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنا نور پورا کرنے کے سوا کسی اور چیز سے راضی نہیں۔ اسے ضرور پورا کرے گا۔ اگرچہ کفار اسے ناپسند کریں اور ہر طرح کا زور لگائیں۔ اے میرے بندو اگر تم مجھے جاننا پہچاننا چاہتے ہو تو اِس طرح پہچانو کہ اللہ تعالیٰ وہ قدرت والا رحمت والا کرم فرمانے والا ہے کہ اُس نے اپنے رسول۔ رسولوں کے سردار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت سے متصف کر کے مضبوط پائیدار نہ مٹنے والا ناقابلِ نسخ دین دے کر ساری مخلوق کی طرف ہمیشہ کے لئے بھیجا تاکہ وہ محبوب کو تمام آسمانی اور نفسانی دینوں کے بانیوں پر غالب کرے۔ ہمیشہ غالب رکھے کہ اُن کا چرچہ اُن کے محامد ان کی تعنیں تمام دینوں کے پیش واؤں پر غالب رہیں اگر مشرکینِ مکہ یا دنیا بھر کے مشرک یا تمام دنیا کے تمام کفار یا حضور کے ذکر سے جلنے والے اسے ناپسند کریں اور دبانے کی کوشش کریں۔ شعر

marfat.com

مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائینگے دشمن تیرے نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچہ تیرا
عقل ہوتی تو خدا سے نہ لڑائی لیتے یہ گھٹائیں اسے منظور بڑھانا تیرا

**فائدے:۔** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کا نور ہیں یعنی اللہ کا روشن کردہ۔ یہ فائدہ نورٌ مِّنَ اللّٰہِ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ اس سے مراد حضورِ انور ہوں۔ اس کی تفسیر وہ آیات ہیں قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ اور فرمانِ عالی وسراجاً منیراً۔ ملا علی قاری موضوعاتِ کبیر کے آخر میں فرمایا کہ قرآن مجید میں نور سے مراد حضور صلی اللہ علیہِ وسلم ہوتے ہیں۔ **دوسرا فائدہ:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن ہمیشہ سے نبی پاک کو گھٹانے اور دبانے کی سر توڑ کوشش کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ یہ فائدہ یُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا (الخ) سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ:** مگر ان میں سے کوئی اپنے اس ناپاک ارادے میں کامیاب نہ ہوگا۔ حضور وہ چمکتا سورج ہیں جو سارے کفار کی پھونکوں سے نہیں بجھ سکتے۔ یہ فائدہ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ ۔ ۔ ۔ سے حاصل ہوا **چوتھا فائدہ** حضورِ انور کی شان گھٹانے کی کوشش کرنے والے ان کے ذکر سے چڑنے والے ان کی عظمت سے جلنے والے بحکمِ قرآنِ کریم کافر ہیں۔ یہ فائدہ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۔ سے حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ صحابہ کرام سے جلنے والوں کو کافر کہتا ہے لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ۔ بندوں کو رب پر ناز ہے قدرت کو حضور پر۔ **پانچواں فائدہ۔** اللہ تعالیٰ کی معرفت کا ذریعہ جس سے ایمان ملے وہ صرف حضورِ انور ہیں اگر کوئی رب تعالیٰ کی ذات وصفات کو زمین وآسمان کے ذریعہ جانے وہ مُوَحِّد ہے مگر مومن نہیں یہ فائدہ هُوَ الَّذِیْ (الخ) سے حاصل ہوا۔ شعر

نشانِ بے نشان بن کر زبانِ بے زبان بن کر وہ آئے اس جہاں میں حسنِ مطلق کی ادا بن کر

**چھٹا فائدہ:** ہم سب اللہ کی مخلوق اور اس کے بندے ہیں مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم بندے بھی ہیں مخلوق بھی اور اس کے رسول بھی۔ مخلوق اور مرسل کا فرق ہم ابھی تفسیر میں عرض کر چکے۔ یہ فائدہ اَرْسَلَ اور رَسُوْلَهٗ سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ** ہدایت اور سچا دین حضورِ انور سے ایسے وابستہ اور لازم ہیں جیسے سورج سے دھوپ حضور انور کو چھوڑ کر نہ کسی کو ہدایت مل سکتی ہے نہ دینِ حق یہ فائدہ بِالْهُدٰى کی ب سے حاصل ہوا۔ اگر صرف قرآن سے ہدایت مل جاتی تو حضورِ انور کو کیوں بھیجا جاتا۔ **آٹھواں فائدہ** حضورِ انور کبھی ہدایت اور دینِ حق سے الگ نہ ہوئے۔ جیسے دھوپ کبھی سورج سے الگ نہیں ہوتی یہ فائدہ بھی بِالْهُدٰى کی ب سے حاصل ہوا۔ جو کوئی انہیں ایک آن کے لیے گمراہ مانے وہ خود گمراہ بے دین ہے رب فرماتا ہے مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى **نواں فائدہ۔** اسلام ہی دینِ حق ہے یعنی ناقابلِ نسخ دین باقی تمام نبیوں کے دین قابلِ نسخ تھے منسوخ ہو گئے۔ یہ فائدہ دِيْنِ الْحَقِّ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ حق سے مراد مضبوط ہو۔ دیکھو تفسیر۔ **دسواں فائدہ:** اگرچہ کسی جگہ کسی وقت مسلمان کفار سے دب جائیں مگر دینی غلبہ ہمیشہ اسلام ہی کو حاصل رہے گا یہ فائدہ لِيُظْهِرَهٗ (الخ) کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔

marfat.com

دیکھ لو آج بھی قرآن مجید تمام دینوں کی کتابوں توریت۔ انجیل۔ زبور۔ وید۔ شاستروں پر غالب ہے۔ اسی قرآن کے حافظ ہیں۔ اسی قرآن کی تفسیریں ایک لاکھ سے زیادہ لکھی جا چکی۔ یہ ہی قرآن سب سے زیادہ چھپتا ہے یہ ہی قرآن سب سے زیادہ پڑھا جاتا ہے یہ ہی قرآن بغیر سمجھے بھی مزہ دیتا ہے۔ سننے والوں کو تڑپا دیتا ہے۔ اسلام کی مسجدیں تمام دینوں کے عبادت خانوں پر غالب ہیں۔ اسلام کا مکہ مدینہ سارے دینوں کے مقدس مقامات پر غالب کہ اس کا حج و زیارت ہر سال ہوتا ہے۔ جس کی مثال نہیں ملتی۔ اسلام کا رمضان ربیع الاوّل تمام دینوں کے مقدس تاریخوں پر غالب ہے۔ **گیارہواں فائدہ**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام دینوں کے پیشواؤں پر غالب ہیں۔ دیکھ لو۔ آج بھی جتنا چرچہ جتنی نعتیں حضور کی ہیں اتنی کسی کی نہیں۔ ایک لاکھ سے زیادہ حضور انور کی سوانح عمریاں تواریخ لکھی گئیں۔ حضور ہی کے غلاموں میں اولیاء اللہ ہیں اور کسی دین میں نہیں۔ جتنے قصیدے حضور کے شہر مدینہ منورہ کے لکھے گئے اتنے کسی کے نہیں لکھے گئے حتیٰ کہ مدینہ پاک کی گلی کوچوں کی وہاں کی ہر چیز کی تواریخ لکھی گئیں۔ یہ ہے لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۔ کی تفسیر۔ **بارہواں فائدہ**۔ جو حضور انور کے ذکر ان کی عظمت سے جلے وہ کافر بھی ہے مشرک بھی۔ یہ فائدہ اَلْكٰفِرُوْنَ اور اَلْمُشْرِكُوْنَ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان بدنصیبوں کو کافر بھی کہا اور مشرک بھی۔

**پہلا اعتراض**۔ نور اللہ سے مراد دین اسلام ہے نہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضور بشر ہیں نور نہیں رب فرماتا ہے قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ حضور ہماری مثل ہیں ہم تو نور نہیں لہٰذا حضور بھی نور نہیں۔ **جواب**۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ پھر تو تم کہو گے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہماری مثل ہیں اور ہم نہ نبی نہ رسول شفیع نہ رحمتٌ لِلعالمین تو حضور بھی کچھ نہیں معاذ اللہ۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ مِّثْلُكُمْ میں صرف ایک بات میں مثلیت کا ذکر ہے یعنی خالص بشر ہونا۔ عبد ہونا۔ کہ الوہیت کا شائبہ نہ ہو نہ خدا ہیں نہ خدا کے بیٹے۔ نہ اس کے بھائی بھتیجے حضور نورانی بشر ہیں۔ حضور کے نور ہونے پر بہت آیات بہت سی احادیث وارد ہیں اس کے لیئے ہماری کتاب رسالہ نور دیکھو۔ **دوسرا اعتراض**۔ اگر اس آیت میں نور سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں تو نور پورا کرنے کے کیا معنیٰ۔ کیا حضور پہلے ناقص تھے۔ **جواب**۔ پورا کرنے سے مراد ہے حضور کا ظہور پورا کرنا کہ دنیا میں آپ کی دھوم مچ جائے کسی کے رد کے آپ کا چرچہ آپ کا دین نہ رہے جیسے سورج دوپہر میں تیز چمکتا ہے یہ تیزی اس کے ظہور کی ہے ورنہ وہ تو ہر وقت منیر ہے۔

**تیسرا اعتراض**۔ تم نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی ہدایت سے الگ نہ ہوئے مگر قرآن مجید فرماتا ہے وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ہم نے آپ کو گمراہ پایا تو ہدایت دے دی تمہارا قول اس آیت کے خلاف ہے **جواب**۔ اس آیت کریمہ میں جو کوئی ضالاً کے معنیٰ گمراہ کرے۔ وہ خود گمراہ ہے۔ حضور کو گمراہی سے کوئی نسبت

marfat.com

نہیں رب فرماتا ہے مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى تمہارے ساتھ رہنے والے محبوب نہ کبھی گمراہ ہوئے نہ بہکے اس آیت میں ضَالًّا کے معنی ہیں نشانِ ہدایت یعنی تم کو بہت بلند و بالا نشانِ ہدایت پایا۔ تمہارے ذریعہ تمام جہان کو ہدایت دے دی اسلیے کوہاں فَهَدٰى نہیں کہ تمہیں ہدایت دی چوتھا اعتراض: رب تعالیٰ فرماتا ہے مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ تم جانتے ہی نہ تھے کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا ہے۔ معلوم ہوا کہ چالیس سال تک حضور انور کو ایمان کا بھی پتہ نہ تھا قرآن نے آکر حضور کو ایمان بتایا اور جسے ایمان کا پتہ نہ ہو وہ گمراہ ہوتا ہے۔ پھر تمہارا یہ دعویٰ کیونکر درست ہوا۔ جواب:۔ اس اعتراض کے بھی دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ حیرت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تو ماں کی گود میں اپنی نبوت کتاب الٰہی نماز۔ ماں کی خدمت سب کی خبر ہو کہ آپنے فرمایا قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا۔ مگر سید الانبیاء کو ایمان کی خبر نہ ہو جواب تحقیقی یہ ہے کہ اس آیت ماکنت تدری میں علم کی نفی نہیں بلکہ درایت کی نفی ہے درایت کہتے ہیں عقل اندازے اٹکل قیاس سے جاننا جس میں غلطی کا اندیشہ ہو۔ واقعی حضور انور کو ان چیزوں کا علم اٹکل قیاس سے نہ تھا۔ بلکہ وحیِ الٰہی سے تھا یعنی الہام القاءِ ربانی جو وحی کی قسم ہے قرآن کی پہلی آیت کے نزول کے وقت آپ عبادت و اعتکاف میں تھے۔ پانچواں اعتراض:۔ یہاں رب نے وعدہ فرمایا کہ حضور انور کو یا اسلام کو تمام دینوں پر غالب کرے گا مگر دیکھا جارہا ہے کہ بہت جگہ بلکہ قریباً ہر جگہ مسلمان بہت پستی میں ہیں بعض جگہ سے مسلمانوں کا نام و نشان مٹ چکا ہے پھر یہ وعدہ کیسے پورا ہوا۔ جواب:۔ یہاں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم یا دینِ اسلام کے غلبہ کا ذکر ہے نہ کہ مسلمانوں کے ہمیشہ دوسری قوموں پر غالب رہنے کا مسلمان خواہ غالب رہیں یا مغلوب مسلمانوں کا دین تمام دینوں پر مسلمانوں کا نبی تمام دینی پیشواؤں پر غالب ہیں اور رہیں گے اس کی تفصیل ابھی فائدوں میں ہم نے عرض کر دی ہے۔ مسلمانوں کے لیئے ارشاد ہے۔ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۔۔

تفسیر صوفیانہ۔ بعض چیزیں بندوں کی روشن کردہ ہوتی ہیں جیسے چراغ گیس بجلی وغیرہ انہیں بندہ گل بھی کر سکتا ہے اور بعض چیزیں رب تعالیٰ کی روشن کردہ ہیں انہیں نے سارے بندے مل کر نہیں بجھا سکتے۔ جیسے سورج یوں ہی عالمِ روحانیات میں بعض اپنی کوشش یا کسی اور کی کوشش سے چمکتے ہیں۔ وہ جلد بجھ جاتے ہیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے روشن کردہ نور ہیں اس لیے انہیں نور اللہ کہا گیا۔ وہ تمام دنیا کی کوششوں سے نہیں بجھ سکتے۔ بلکہ چاند تارے جو سورج سے روشن ہیں انہیں کوئی نہیں بجھا سکتا یوں ہی حضراتِ صحابہ اور اولیاء اللہ علماء ربانی حضور انور سے روشن ہیں انہیں کوئی گل نہیں کر سکتا جیسا کہ اب تک مشاہدہ ہو رہا ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں ہم سب بندوں کو اپنی بندگی رب کی ربوبیت پر ناز ہے کہ ہم رب کے بندے ہیں مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم وہ بندے ہیں کہ دست قدرت کو ان پر ناز ہے کہ ہم محمد مصطفےٰ کے رب ہیں۔ رب سے حضور کا وجود ہے مگر حضور سے رب کا ظہور ہے اسلیے ارشاد ہوا۔ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ (الخ) یہاں یہ تو فرمایا کہ رب نے اپنا رسول بھیجا مگر یہ نہ فرمایا کہ کس کے پاس بھیجا تاکہ معلوم ہو کہ سب کے پاس بھیجا۔ خالق کے پاس سے آئے مخلوق کے پاس آئے۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ اور لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا اور وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ رب کی ربوبیت حضور کی نبوت سب کو عام ہے ؎

جس کے گھیرے میں ہیں انبیاء رسل اوس ہمہ گیر بعثت پہ لاکھوں سلام

marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَ

اے وہ لوگو جو ایمان لاچکے تحقیق بہت سے پوپ اور راہب

اے ایمان والو بے شک بہت پادری اور جوگی لوگوں

الرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَ

(عیسائی درویش) البتہ کھاتے ہیں مال لوگوں کے باطل ذریعہ سے اور

کا مال ناحق کھاجاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور

يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ

روکتے ہیں وہ اللہ کے راستہ سے اور وہ لوگ جو جمع کرتے ہیں سونا

وہ کہ جوڑ کر رکھتے ہیں سونا اور چاندی اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے

الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ

اور چاندی اور نہیں خرچ کرتے ہیں انہیں اللہ کے راستہ میں

انہیں خوشخبری سناؤ

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿۳۴﴾

پس بشارت دو انہیں عذاب دردناک کی

تعلق. اس آیت کریمہ کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں ماتحت کتابیوں کا ذکر ہے کہ انہوں نے پوپ پادریوں کو معبود بنالیا اب ان کے سرداروں کی بدکرداریوں کا ذکر ہے کہ وہ حرام خور ہیں یعنی انکا آوے کا آوا ہی خراب ہے دوسرا تعلق پچھلی آیات میں اہل کتاب کے سرداروں کی بدعقیدگی کا ذکر تھا کہ لوگ انہیں رب بناتے ان کی پرستش کرتے ہیں اور یہ منع نہیں کرتے اب ان کی بدعملی کا ذکر ہے کہ یہ لوگ معاملات کے خراب ہیں کہ لوگوں کے مال حرام ذریعوں سے کھاتے ہیں گویا ان کے عقیدے بھی خراب ہیں اور اعمال بھی تیسرا تعلق ابھی پچھلی

marfat.com

آیت میں ارشاد ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام پر غالب آکر رہیں گے ان کا دین سب دینوں پر غالب آکر رہے گا اب ارشاد ہے کہ اس غلبہ میں رکاوٹیں پیدا کرنے والے پوپ پادری ہیں جو لوگوں کو اسلام سے روکتے ہیں۔ یہ رکاوٹیں دور ہو جائینگی۔ گویا اسلام کی ترقی کا ذکر پہلے ہوا اس کی رکاوٹوں کا ذکر اب ہے۔ **چوتھا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ اسلام کی ترقی حضور انور کے غلبہ سے کفار و مشرکین کراہت کرتے ہیں اب اس کی وجہ بیان ہو رہی ہے۔ کہ یہ رشوت خوار سرداری کے بھوکے ہیں اسلام کے غلبہ سے ان کو خطرہ ہے کہ ہماری رشوتیں بند سرداری ختم ہو جاوے گی۔

تفسیر۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا۔ اگرچہ اس آیت کریمہ میں یہود و نصاریٰ کے پوپ پادریوں کی بدعملیوں کا ذکر ہے مگر خطاب مسلمانوں سے کیا گیا تاکہ مسلمان ان عیوب سے بچے رہیں۔ یہ رب تعالیٰ کا کرم ہے کہ وہ مسلمانوں کو پکار کر کبھی محبوبوں کے اوصاف سناتا ہے۔ تاکہ اُن کی پیروی کریں کبھی مردودوں کے عیوب سناتا ہے تاکہ یہ اُن سے بچے رہیں صفت ایمان سے پکار کر یہ بتایا کہ تمہارا تعلق ہم سے اس لیئے ہے کہ تم مومن ہو۔ ہمارے حبیب کے غلام ہو۔ اس کے علاوہ اور تمہاری کوئی چیز ہم سے تعلق پیدا کرنے والی نہیں۔ دولت۔ عزت۔ اولاد۔ ملک زبان وغیرہ۔ اِس خطاب میں از حضرات صحابہ تا ہم جیسے گنہگار سب ہی داخل ہیں اِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ اس فرمانِ عالی میں کثیر فرما کر یہ بتایا کہ یہ عیب سارے پوپ پادریوں میں نہیں بلکہ اکثر میں ہیں کہ کچھ تھوڑے اِس سے بچے ہوئے بھی ہیں۔ اُمید ہے کہ وہ بچے ہوئے اِسلام قبول کریں دیکھ لو۔ حضرتِ عبداللہ ابن سلام اور اُن کے ساتھی یہود کے بڑے پوپ حبر تھے مگر حضور پر ایمان لے آئے جو چیز عقل مار دیتی ہے وہ ہے طمع جو اس سے خالی ہو تو امید ہے کہ برائی سے بچ جاوے ابھی کہا جا چکا ہے کہ احبار یہود کے پوپ تھے اور رہبان عیسائیوں کے راہب تارک الدنیا گوشہ نشین۔ لِیَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ یہ فرمان عالی اِنَّ کی خبر ہے اَکْل کے معنیٰ ہیں کھانا مراد ہے وصول کر لینا کیونکہ انسان کسی کا مال لے کر کھایا ہی کرتا ہے یا اس کے معنیٰ ہیں۔ استعمال کرنا۔ اموال سے مراد وہ مٹھائیاں ہیں جو ان کے ماتحت انہیں بطور چڑھاوے دیا کرتے تھے۔ یا مطلب یہ ہے کہ وہ پیسہ کپڑا وغیرہ جو اپنے ماتحتوں سے وصول کرتے ہیں اُسے بیچ کر کھانا خرید کر کھاتے ہیں جیسے کہا جاتا ہے فلاں آدمی اپنا مکان جائیداد بیچ کر کھا گیا ایک شاعر کہتا ہے۔ مصرع یَاْكُلْنَ كُلَّ لَيْلَةٍ كَاْنَا۔ میری اونٹنیاں ہر رات اپنا پالان کھا جاتی ہیں۔ یعنی پالان کی قیمت سے چارہ خرید کر کھلانا پڑتا ہے۔ مگر اموال جمع فرمانے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر قسم کے مال وصول کرتے ہیں۔ اَلنَّاسِ سے مراد اُن کے ہم مذہب ماتحت ہیں۔ بِالْبَاطِلِ اس فرمانِ عالی کا تعلق یَاْكُلُوْنَ سے ہے اس میں بِ مدد اور ذریعہ کی ہے۔ باطل ہر ناجائز کام ہے۔ جو خود بھی برا ہو

marfat.com

اور اس کے ذریعہ سے حاصل کیا ہوا مال بھی حرام۔ یہاں اس سے مراد ہے پوپوں کا رشوتیں لے کر توریت کے احکام بدل دینا یا نرم کر دینا جیسے توریت میں زانی کو سنگسار کرنے کا حکم تھا مگر انہوں نے امیر زانیوں سے رشوت لے کر اس کی سزا صرف منہ کالا کر کے بازار میں جلوس نکال دینا مقرر کر دیا یا انہوں نے تو توریت کی وہ آیات چھپائیں جن میں حضور انور کی نعت تھی تاکہ ہمارے ماتحت لوگ مسلمان نہ ہو جائیں اور ہماری آمدنیاں بند نہ ہو جائیں بہرحال ان کی چالبازیاں بڑی خطرناک تھیں۔ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے يَاْكُلُوْنَ پر يَصُدُّوْنَ بنا ہے صَدٌّ سے اس کے معنی روکنا بھی ہیں اور خود رکنا بھی یعنی متعدی بھی ہے لازم بھی۔ سَبِيْلِ اللّٰهِ سے مراد دینِ اسلام ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد توریت وانجیل کی وہ آیات ہوں جن میں حضور انور کی بشارتیں ہیں اور اسلام کے موافق احکام (روح المعانی) مگر پہلی تفسیر قوی ہے یعنی یہ سردار لوگوں کو اسلام سے یا توریت کے اصلی احکام سے روکتے ہیں یا خود رکتے ہیں کہ جان بوجھ کر اس طرف نہیں آتے۔ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ ۔ یہ فرمانِ عالی یا تو نیا جملہ ہے اور وَاؤ ابتدائیہ اور اَلَّذِيْنَ سے مراد وہ مسلمان ہیں جو زکوٰۃ نہیں دیتے چونکہ کنجوس مسلمانوں کی یہ حرکت پوپ پادریوں کی حرکات مذکورہ کی طرح محبتِ مال کی وجہ سے تھی۔ اسلئے انکا ذکر ان پادریوں کے ساتھ کیا اور ہو سکتا ہے کہ یہ عبارت معطوف ہو گذشتہ جملہ پر اور اَلَّذِيْنَ سے مراد وہ ہی مذکورین پوپ پادری ہوں اور اس میں ان کے تیسرے عیب کا ذکر ہے یعنی بخل و کنجوسی مگر پہلا احتمال قوی ہے کیونکہ شرعاً کفار پر نہ زکوٰۃ ہے نہ اور صدقے يَكْنِزُوْنَ بنا ہے كَنْزٌ سے بمعنی جمع کرنا۔ چنانچہ عربی میں موٹی اونٹنی کو ناقہ کنازُ اللَّحْمِ کہتے ہیں۔ اس میں دفن کرنا ضروری نہیں دفن کرو یا بنک یا گھر میں رکھو اگر یہ پوپ پادریوں کا ذکر ہے تو کنز سے مراد ہے حرام ذریعہ سے مال حاصل کر کے جمع کرنا اور اگر بخیل مسلمان مراد ہیں تو اس سے مراد مال جمع کرنا اور اس میں سے زکوٰۃ و صدقہ واجبہ ادا نہ کرنا۔ (روح المعانی و بیان وغیرہ) ذہب کے لغوی معنی ہیں۔ جانا۔ جانے والی چیز یعنی ذہاب کا صفت مشبہ مگر محاورہ میں سونے کو ذہب کہتے ہیں کیونکہ یہ بھی ایک کے پاس رہتا نہیں ہے بہت جلد جاتا منتقل ہو جاتا ہے نیز یہ جا کر فائدہ دیتا ہے۔ رہ کر نہ کمانے میں آئے نہ پینے میں۔ شرعاً اس کا برتنا بھی حرام ہے فِضَّۃ بنا ہے فَضٌّ سے بمعنی بکھرنا متفرق ہونا اصطلاح میں چاندی کو فضہ کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ بہت جلد متفرق ہو جاتی ہے (روح البیان) وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔ یہ فرمانِ عالی يَكْنِزُوْنَ پر معطوف ہے اور کنز کا بیان ہے یعنی کنز جس پر وعیدیں آئی ہیں وہ مال ہے۔ جس میں صدقہ واجبہ نہ نکالا جائے۔ یہاں مِنْ پوشیدہ ہے اصل میں لَا يُنْفِقُوْنَ مِنْهَا ہے اس کی تفسیر وہ آیات ہیں۔ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً اور مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۔ وغیرہ

marfat.com

کیونکہ زکواۃ میں سارا مال نہیں دیا جاتا ہے۔ بلکہ کچھ حصہ اگر اس سے زکواۃ مراد ہے تو سبیل اللہ سے مراد فقراء مساکین کی خدمت کرنا ہے کیونکہ زکواۃ میں فقیر کو مالک کرنا ضروری ہے اور اگر خرچ سے ہر صدقہ مراد ہے تو سبیل اللہ سے سارے کارِ خیر مراد مسجدیں خانقاہیں وغیرہ کی تعمیر بھی اس میں داخل ہے۔ خیال رہے۔ کہ یہاں چاندی سونے سے مراد اُن کا نصاب ہے۔ کیونکہ نصاب سے کم میں زکواۃ واجب نہیں اس میں تمام وہ شرائط زکواۃ ملحوظ ہیں جو احادیث شریفہ میں وارد ہیں۔ قرض سے فارغ ہونا سالی گذارنا وغیرہ۔ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ۔ یہ فرمانِ عالی خبر ہے اَلَّذِيْنَ کی چونکہ اس میں شرط کے معنی تھے اس لیئے خبر میں ف لائی گئی۔ یہاں ڈرانے کو بشارت فرمانا انتہائی غضب کے لیئے ہے یعنی ایسے بخیلوں کو دردناک عذاب کی خوشخبری دے دو

**خلاصہ تفسیر** اے مسلمانو! خیال رکھو کہ بہت سے یہود کے پوپ عیسائیوں کے راہب بظاہر مقدس معلوم ہوتے ہیں مگر اُن کا حال یہ ہے کہ اپنے ماتحتوں کے مال حرام ذریعوں سے لیتے ہیں کہ ان سے رشوت لے کر شریعت کے احکام بدلتے ہیں تم اُن کی طرح ہرگز نہ ہونا یہ بھی خیال رکھنا کہ جو لوگ سونا چاندی جوڑتے رہتے ہیں اس میں سے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے زکواۃ نہیں نکالتے۔ ایسے لوگوں کو سخت دردناک عذاب کی بشارت ہے خیال رہے کہ یہ آیت کریمہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے خیال میں بالکل ظاہری معنی پر ہے وہ کہتے تھے کہ مسلمان کو حاجت سے زیادہ مال رکھنا حرام ہے۔ جو کھانے پینے سے بچے وہ سب خیرات کر دے۔ وہ یہاں مِنْ پوشیدہ نہیں مانتے بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ شروع اسلام میں یہی حکم تھا کیونکہ لوگوں کو اُس وقت مال کی سخت ضرورت تھی۔ حتی کہ قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنا ممنوع تھا۔ جب حکم زکواۃ آگیا تو یہ حکم منسوخ ہو گیا۔ (دیکھو تفسیر خازن اور روح المعانی) مگر یہ دونوں قول غلط ہیں پہلا تو اس لیئے کہ اگر حاجت سے زیادہ مال رکھنا ہی حرام ہو تو زکواۃ۔ حج۔ میراث وغیرہ سارے شرعی احکام ختم ہو جائیں گے کہ یہ کام بغیر مال جمع کیئے ہوئے ممکن نہیں دوسرا اس لیئے کہ حضرت عثمانِ غنی اور بعض انصار بڑے مالدار تھے۔ کبھی ان کو یہ حکم نہ دیا گیا کہ اپنا سارا مال خیرات کر دو نہ جبراً اُن کا مال فقراء میں تقسیم کیا گیا۔ لہٰذا یہاں بعض مال خیرات کرنا ہی مراد ہے اور صرف صدقہ واجبہ ہی مراد ہے جیسا کہ اس وعید سے معلوم ہو رہا ہے۔

**لطیفہ**۔ یہاں تفسیر خازن اور روح المعانی نے بیان فرمایا کہ حضرت امیر معاویہ اور حضرت ابو ذر غفاری دونوں ملکِ شام میں تھے اس آیت کے متعلق ان دونوں بزرگوں میں مناظرہ ہو گیا۔

marfat.com

حضرت ابو ذر فرماتے تھے کہ ضرورت سے بچا ہوا سارا مال خیرات کر دینا فرض ہے۔ امیر معاویہ کہتے تھے کہ صرف زکوٰۃ فرض ہے اگر یہ شکایت امیر المومنین عثمان غنی تک پہنچی آپ نے جناب ابو ذر کو مدینہ منورہ طلب فرمایا انہیں دیکھ کر حضرات صحابہ جمع ہو گئے اور ان سے مناظرہ کرنے لگے۔ حتیٰ کہ کعب احبار نے فرمایا کہ سخت تر دین یہودیت ہے اور آسان ترین اسلام ہے جب یہودیت میں سارا مال خیرات کرنا فرض نہیں تو اسلام میں کیسے فرض ہوگا۔ حضرت ابو ذر کو غصہ آیا۔ لاٹھی اٹھائی اور حضرت کعب سے بولے ٹھہر جا یہودی کعب بھاگے اور حضرت عثمان کے پیچھے چھپ گئے مگر ابو ذر نے انہیں لاٹھی مار ہی دی جو انہیں یا حضرت عثمان کو لگی ہر طرف سے ابو ذر پر سوالات کی بوچھاڑ ہو گئی کہ پھر زکوٰۃ۔ فطرہ۔ میراث حج کیسے ہوں گے۔ اب حال یہ ہو گیا کہ جہاں بو ذر بیٹھتے لوگوں کا ہجوم ہو جاتا اور یہی بحث چھڑ جاتی تب حضرت عثمان نے مشورہ دیا کہ ابو ذر تم مقام ابذہ میں چلے جاؤ۔ چنانچہ آپ آخر دم تک وہاں ہی رہے یہ ہے ابو ذر کا واقعہ جسے شیعوں نے بہت کانٹ چھانٹ کر بیان کیا اور اس سے حضرت عثمان کو ظالم وغیرہ کہا ہے دیکھو تفسیر روح المعانی یہی آیت

**فائدے**۔ اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** ناجائز حرام ذریعوں سے جو مال حاصل کیا جاوے وہ حرام ہے یہ فائدہ بالباطل سے حاصل ہوا لہٰذا رشوت۔ سود جوا۔ مجرم کی غلط وکالت کر کے اس سے اجرت لینا۔ غلط فتوے۔ غلط غلط وعظوں کے معاوضے سب حرام ہیں جو مسلمان یہ کام کرے وہ یہودی پوپوں اور عیسائی پادریوں کے سے کام کرتا ہے۔ مسئلہ حرام کام کی اجرت حرام ہے۔ یوں ہی اپنے پر جو کام فرض عین ہو اس کی اجرت ممنوع جائز مستحب کاموں کی اجرت جائز ہے۔ اس کی تفصیل کتب فقہ میں ملاحظہ کرو۔ گا بجا کر پیسہ کمانا حرام ہے دینا بھی حرام لینا بھی حرام **دوسرا فائدہ** کسی کو نیک راستے سے نیک کام سے روکنا بھی حرام ہے یہ فائدہ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ**۔ غلط فتوی پر پیسہ لینا حرام کہ حرام کام کی اجرت ہے۔ صحیح مسئلہ بتانے پر اجرت لینا ممنوع ہے کہ مسئلہ بتانا فرض ہے اس پر اجرت کیسی ہاں صحیح فتوی لکھنے پر اجرت لینا جائز ہے کہ لکھنا فرض نہیں۔ رب فرماتا ہے وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ۔ یوں ہی امامت۔ اذان۔ تعلیم قرآن۔ تعویز وغیرہ پر اجرت لینا جائز ہے۔ یہ مسائل ہم تفصیل سے وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ کی تفسیر میں عرض کر چکے۔ **چوتھا فائدہ** سونا چاندی اور دوسرے قسم کے مال جمع کرنا حرام نہیں ہاں زکوٰۃ نہ دینا جرم ہے تھوڑا مال جس کی زکوٰۃ نہ دی جائے کنز ہے بہت سا وہ مال جس کی زکوٰۃ دی جائے وہ کنز نہیں۔ روایت ہے کہ

marfat.com

جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی تو حضرات صحابہ سمجھے کہ مال جمع کرنا ہی حرام ہے اس پر انہیں بہت فکر ہوئی حضرت عمر نے فرمایا کہ میں اس معمے کو حل کرتا ہوں آپ بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور یہ عرض کیا تو نبی کریم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ اس لئے فرض کی ہے تاکہ بقیہ مال طیب وطاہر ہو جاوے (خازن۔معانی) **پانچواں فائدہ**۔ علماء کو چاہیئے کہ لوگوں کو گناہوں پر عذاب الٰہی سے ڈراتے رہیں خود بھی خوف خدا دل میں رکھیں یہ فائدہ فبشرھم الخ سے حاصل ہوا۔ تبلیغ کے لیے اللہ سے خوف دلانا امیدوار کرنا ضروری ہے۔

**پہلا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ میں پوپ پادریوں کے عیوب بیان ہوئے تو اس میں خطاب مسلمانوں سے کیوں کیا گیا۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یہاں خطاب انہیں پوپوں سے چاہیئے تھا۔ **جواب** تاکہ مسلمان عبرت پکڑیں اور ان عیوب سے دور رہیں۔ **دوسرا اعتراض**۔ سارے ہی پوپ پادری رشوت خوار تھے پھر کَثِیْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ کیوں فرمایا۔ **جواب** اس لیئے ان میں کچھ پوپ پادری حق پرست بھی تھے جو بالآخر مومن ہو گئے۔ جیسے حضرت عبداللہ ابن سلام وغیرہم۔ **تیسرا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ سونا چاندی یا کوئی سامان جمع کرنا بالکل حرام ہے۔ دیکھو ارشاد ہوا۔ یَکْنِزُوْنَ الذَّھَبَ وَالْفِضَّۃَ جو حاجت سے بچے سب خیرات کر دے۔ دیکھو ارشاد ہوا وَلَا یُنْفِقُوْنَھَا یہاں مِنْ ارشاد نہیں ہے سارا ہی مال خیرات کرنا ضروری ہے۔ حدیث شریف میں کہ صفہ والے ایک صحابی کا انتقال ہوا۔ ان کے سامان میں ایک اشرفی نکلی تو حضور نے فرمایا کہ آگ کا ایک داغ ہے پھر دوسرے صحابی کا انتقال ہوا۔ اس کے سامان میں دو اشرفیاں نکلیں۔ حضور نے فرمایا کہ آگ کے دو داغ دیکھو اشرفیوں کو آگ کا داغ فرمایا دوسری حدیث میں ہے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص مرے بعد پیلی یا سفید چیز چھوڑے یعنی سونا چاندی تو اسے آگ سے داغا جائے گا۔ (سوشل ازم) **جواب** اس کا جواب تفسیر روح المعانی نے یہ دیا کہ ان دونوں صاحبوں نے اپنے کو فقیر ظاہر کیا اور فقراء صحابہ یعنی صفہ والوں میں داخل رہے۔ حالانکہ ان کے پاس ایک دو اشرفیاں تھیں۔ اظہار فقر پر عتاب کیوں نہ ہو۔ نیز دوسری حدیث کا مطلب یہ ہے کہ سونا چاندی مرے بعد چھوڑے کہ ان کی زکوٰۃ نہ دی ہو۔ ورنہ حضرت عثمان تو سینکڑوں کیا ہزاروں لاکھوں کے مالک تھے ان پر عتاب کیوں نہ ہوا۔ نیز سارے مال کی وصیت جائز نہیں تہائی کر سکتا ہے اگر کل مال خیرات کرنا ضروری ہوتا تو کل مال کی خیرات کی وصیت بھی جائز ہوتی۔ **تیسرا اعتراض** فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر میرے پاس احد پہاڑ برابر سونا ہو تو تین دن میں سب خیرات کر دوں۔ دیکھو حضور نے وہاں بعض خیرات کرنے کا ذکر نہ فرمایا۔ معلوم ہوا کہ کل مال خیرات کر دینا چاہیئے۔

**جواب**۔ یہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا زہد و ترک دنیا تھا جیسے صرف حضرت ابوبکر صدیق نے

marfat.com

اپنا سارا مال چندہ میں دے دیا۔ قانونِ شرعی نہ تھا ورنہ صحابہ میں کوئی مالدار نہ ہوتا۔ حضرات صحابہ میں حضرت زبیر ابن عوام بھی تھے۔ جن کی چار بیویاں تھیں ہر ایک کو دو دو لاکھ میراث میں ملے۔ حالانکہ آپ صاحبِ اولاد بھی تھے۔ اور کچھ وصیت بھی کی تھی۔ دیکھو بخاری شریف یعنی بعد ادائے وصیت آٹھواں حصہ چار بیویوں پر تقسیم ہوا ہر ایک بیوی کو بتیسواں حصہ ملا۔ حساب لگاؤ کتنا مال چھوڑا۔ **چوتھا اعتراض**۔ اِس آیت کریمہ میں سونے چاندی دو کا ذکر ہوا مگر ارشاد ہوا وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا چاہیئے تھا وَلَا يُنْفِقُوْنَهُمَا ھَا واحِد ہے۔ چاندی سونا دو چیزیں ہیں۔ **جواب**۔ يُنْفِقُوْنَهَا میں هَا ضمیر کُنُوز کی طرف ہے نہ کہ سونا چاندی (خازن) لہٰذا ھَا فرمانا بالکل درست ہے۔ **پانچواں اعتراض**۔ کفار شرعی احکام کے مکلّف نہیں یعنی اُن پر نماز روزہ وغیرہ فرض نہیں پھر انہیں زکوٰۃ نہ دینے پر یہ عذاب کیوں ہوگا جو یہاں مذکور ہے۔ **جواب** اگر اَلَّذِيْنَ سے مراد بخیل مسلمان ہیں تب تو کوئی اعتراض نہیں اور اگر اِس سے مذکور اہلِ کتاب مراد ہوں یا وہ بھی اس میں داخل ہوں تو جواب یہ ہے کہ کفار آخرت کے عذاب کے لحاظ سے عبادات کے مکلّف ہیں۔ یعنی اُن پر فرض ہے کہ ایمان لائیں اور زکوٰۃ دیں۔ ورنہ کفر کے ساتھ اِن عبادات کے ترک کی بھی سزا پائیں گے۔

**تفسیر صوفیانہ** اللہ تعالیٰ نے انسان کو دِل بھی بخشا ہے نفس امّارہ بھی اِن دونوں کے مختلف دروازے ہیں۔ دل کا دروازہ عقبیٰ کی طرف ہے۔ نفس کا دروازہ دنیا کی طرف حرام روزی نفس کی چابی ہے حرص و ہوس اس چابی کے دندانے۔ جب یہ دروازہ کھُل گیا تو انسان میں تمام عیوب پیدا ہو جاتے ہیں۔ پوپ پادریوں کا یہ ہی نفس امارہ والا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ جس کی وجہ سے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ شریف پاکر بھی ایمان نہ لائے۔ کنکروں۔ پتھروں نے کلمہ پڑھ لیا مگر انہوں نے نہ پڑھا۔ جیسے جانور میں گوشت چربی کلیجی گردے وغیرہ حلال چیز بھی ہے اور خون حرام بھی ہے۔ اگر خون نکالا جاوے اللہ کے نام پر یعنی اسے صحیح طور پر ذبح کیا جاوے تو باقی گوشت طیب و طاہر ہے اگر خون اسی میں رہ جائے کہ جانور مر جائے یا غلط طریقے سے خون نکالا جائے یا جھٹکے وغیرہ یا غلط ذبح سے تو اس کا گوشت نہ طیب ہے نہ طاہر یوں ہی مال سے زکوٰۃ نکالو تاکہ بقیہ مال طیب و طاہر بلکہ جنت حاصل کرنیکا ذریعہ بنے اگر زکوٰۃ نہ نکالی تو بقیہ مال خبیث ہے۔ دوزخ کا ذریعہ اس لیئے یہاں ارشاد ہوا فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ

marfat.com

| |
|---|
| يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا |
| جس دن گرم کیا جاوے گا اوپر اس کے دوزخ کی آگ میں پھر داغی جائے گی ساتھ اس |
| جس دن وہ تپایا جاوے گا جہنم کی آگ میں پھر اس سے داغیں گے ان کی |
| جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ |
| کے پیشانیاں اُن کی پسلیاں ان کی پیٹھیں ان کی یہ وہ ہے جو جمع کیا تم نے |
| پیشانیاں اور کروٹیں اور پیٹھیں ان کی۔ یہ وہ ہے |
| لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾ |
| اپنی ذاتوں کے واسطے پس چکھو تم وہ جو جوڑتے تھے تم |
| جو تم نے اپنے لیئے جوڑ کر رکھا تھا۔ اب چکھو مزا اس جوڑنے کا |

تعلق۔ اِس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات کریمہ میں مال کی زکواۃ نہ دینے والوں کو سخت عذاب سے ڈرایا گیا۔ اب اس عذاب کے وقت کا ذکر ہے کہ وہ۔ عذاب دنیا میں نہ ہوگا جو جلد ختم ہو جاوے بلکہ وہ آخرت میں ہوگا۔ جو بہت ہی دراز زمانہ ہے گویا۔ عذاب کے بعد درازیِ عذاب کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیت میں بخیلوں کو عذابِ اَلیم کی وعید بیان ہوئی اب اس عذاب کی تفصیل ارشاد ہو رہی ہے کہ وہ عذاب اُن کے تین اعضاء کو داغ دے کر ہوگا۔ تیسرا تعلق۔ پچھلی آیت میں زکواۃ نہ دینے والوں کا ذکر ہوا اب ارشاد ہے۔ کہ جن اعضاء کو اس مال سے خصوصی فائدہ پہنچا اُن ہی اعضاء کو سخت عذاب دیا جاوے گا۔ گویا عذاب کے بعد محلِ عذاب کا تذکرہ ہے۔

تفسیر۔ يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا لفظ يَوْمَ منصوب ہے یا اس لیئے کہ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ کا بیان ہے اور بِعَذَابٍ محلاً منصوب ہے کیونکہ وہ بَشِّرْ کا مفعول دوم ہے یا یہ يُعَذَّبُوْنَ یا اُذْكُرْ پوشیدہ کا مفعول بہٖ ہماری قراءت میں يُحْمٰى ہی سے ہے بعض قراءتوں میں تُحْمٰى سے ہے کیونکہ اس کا نائب فاعل نار ہے جو مونث ہے ہماری قراءت میں يُحْمٰى کی ضمیر سے اسلئے ہے کیونکہ نائب فاعل عَلَيْهَا ہے جو قائم مقام نار کے ہے (روح المعانی) يُحْمٰى بنا ہے حُمَّ سے بمعنی گرم۔ رب فرماتا ہے۔

marfat.com

نَارٌ حَامِيَةٌ ۔ مراد ہے دھونکنا دوزخ کی آگ بذاتِ خود بہت گرم ہے۔ جب اُسے دھونکا گیا تو اس کی گرمی اور زیاہ ہوئی رب کی پناہ عَلَيْهَا میں هَا کا مرجع بہت وَنانیز وَدراہم ہیں یہ اللہ هَبَ وَالْفِضَّةَ سے معلوم ہوئے اس لیئے نہ تو عَلَيْهِ ارشاد ہوا نہ عَلَيْهِمَا تثنیہ (روح المعانی) یعنی مذکورہ عذاب انہیں اُس دِن ہو گا جب سونے چاندی کو تپایا جاوے گا یا اُن پر دھونکائی جاوے گی۔ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ یہ فرمانِ عالی متعلق ہے يُحْمٰى کے مقصود یہ ہے کہ دوزخ کی آگ ویسے ہی بہت سخت گرم پھر اِن مالوں سے وہ آگ دھونکی گئی انہیں دھونکتی آگ میں تپایا گیا تو جان لو کہ گرمی کا کیا حال ہوگا۔ فَتُكْوٰى بِهَا ۔ یہ عبارت معطوف ہے يُحْمٰى پر لہٰذا فِ عاطفہ ہے تُكْوٰى بنا ہے كَوٰى سے بمعنیٰ داغنا وَاوُ یِ میں مدغم ہو کر كَيٌّ بن جاتا ہے كَيٌّ بمعنیٰ داغ بِهَا میں بِ سببیہ ہے اور ہا کا مرجع وہ سونے چاندی کے ڈھیر ہیں جن کا ذکر ہو رہا ہے یعنی داغے جائیں گے۔ اُن سونے چاندی سے۔ جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ یہ تینوں تُكْوٰى کا نائب فاعل ہیں۔ جِبَاهٌ جمع جَبْهَةٌ کی بمعنیٰ پیشانی جِبَاهٌ کے معنیٰ ہیں پیشانیاں۔ جُنُوْبٌ جمع ہے جَنْبٌ کی بمعنیٰ کروٹ پسلیاں ظُهُوْرٌ جمع ہے ظَهْرٌ کی بمعنیٰ پیٹھ یعنی اُس سونے چاندی کے پترے دوزخ کی آگ میں تپا کر اُن کی پیشانیاں دو طرفہ پسلیاں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا۔ خیال رہے کہ بخیل کے ان تین اعضاء کو خصوصاً داغنا دوسرے اعضاء کو نہ داغنا اس میں چند حکمتیں ہیں ۱؎ بخیل مال جمع کر کے اس میں بخل کر کے تین فائدہ حاصل کرتا ہے۔ لوگوں میں وجاہت سرخروئی۔ اچھے کھانے اچھے لباس سرخ روئی چہرے پر ظاہر ہوتی ہے۔ کھانا اس کی کوکھ میں جاتا ہے لباس کا خاص تعلق پیٹھ سے اس لیئے اِن تین اعضا کو تپایا داغا جاوے گا۔ دنیا کا عکس ۲؎ بخیل فقراء کو دیکھ کر اولاً منہ بناتے پیشانی پر شکن ڈالتے ہیں پھر اُن سے کروٹیں پھیرتے ہیں۔ پھر پیٹھ کر کے چل دیتے ہیں۔ چونکہ فقراء سے نفرت کرنے میں یہ تین عضو کام کرتے ہیں اس وجہ سے یہ تین داغے گئے۔ ۳؎ جسم کے ان تین حصوں میں اعضاء رئیسہ ہیں۔ سر میں دماغ۔ پسلیوں اور پیٹھوں میں دل جگر وغیرہ اِس لیے انکا داغنا سخت سزا ہے ۴؎ پیشانی سامنے ہے کروٹیں یعنی پسلیاں داہنے بائیں اور پیٹھ پیچھے ہے ان چاروں سمتوں پر انہیں عذاب دیا جاوے گا۔ گویا سارے بدن ہی کو عذاب ہوگا۔ کناروں کا ذکر فرمایا۔ کل مراد ہے۔ ۵؎ بخیل آدمی مال جمع کرتے یا دفن کرتے وقت چوطرفہ دیکھتا ہے کہ کوئی آدمی دیکھتا نہ ہو اوپر نیچے نہیں دیکھتا۔ خدا سے ڈرتا نہیں مخلوق سے ڈرتا ہے اس لیئے صرف چار سمتوں سے اُسے عذاب دیا۔ اوپر نیچے سے نہ دیا۔ ۶؎ پیشانی داغ یا علامت لگانے کی جگہ ہے۔ کروٹیں سخت تکلیف کی جگہ اور پیٹھ حدِ شرعی سزا لگانے کی جگہ ہے۔ خیال رہے کہ بخیل کے سارے درہم و دینار ایک پتر بنا کر تپایا جاوے گا

marfat.com

اس کی پیٹھ۔ پیشانی کروٹیں اتنی وسیع کر دی جاویں گی جس پر پورا سما جاوے گا۔ (روح المعانی)
هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ یہاں ایک عبارت پوشیدہ ہے۔ یُقَالُ لَهُمْ هٰذَا سے اشارہ یا اُن عذابوں کی طرف ہے یا سونے چاندی کے پتروں کی طرف۔ کَنَزْتُمْ کے معنیٰ ابھی عرض کیئے جاچکے کہ کنز وہ مال جو جمع کیا جاوے اس کی زکوٰۃ نہ نکالی جاوے۔ انفسکم فرما کر یہ بتایا کہ تم نے اللہ کے لیئے جمع نہیں کیا اپنی جانوں کے لیئے کیا تھا نیز تم سمجھے تھے کہ ہمیشہ دنیا میں رہو گے۔ تم کو موت نہیں آوے گی۔ اس سارے مال کو تم استعمال کر لو گے۔ یعنی اُن سے فرمایا جاوے گا یا رب تعالیٰ فرمائے گا یا فرشتے کہیں گے کہ یہ سزا اُس جرم کی ہے کہ تم نے اپنی جانوں کے لیئے اتنا مال جمع کیا اُس کی زکوٰۃ نہ نکالی۔ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ۔ اس فرمانِ عالی میں ذوق یعنی چکھنے سے مراد ہے برداشت کرنا مَا سے پہلے عذاب پوشیدہ ہے ما مصدریہ ہے جس کی وجہ سے کُنْتُمْ اور تَكْنِزُوْنَ مصدر ہو گئے۔ یعنی اَب تم اپنے مال جمع کرنے کی سزا بھگتو۔ مزہ چکھو تم نے سوچا کچھ تھا مگر ہو گیا کچھ اور۔ بعض نے کہا کہ ما موصولہ ہے جس سے مراد جمع کیا ہوا مال ہے۔ یعنی اس مال کا وبال چکھو جو تم بغیر زکوٰۃ جمع کرتے تھے۔

**خلاصۂ تفسیر** مذکورہ دردناک عذاب ان بخیلوں کو اس دن ہوگا جب ان کے جمع کردہ سونے چاندی کو یا دوسرے زکوٰتی مال کی قیمت کے سونے چاندی کو دوزخ کی آگ میں تپایا جاوے گا۔ ان پر آگ دھونکی جاوے گی پھر اُس تپتے ہوئے سونے چاندی سے اُن کی پیشانیوں۔ کروٹوں اور پیٹھوں کو برابر داغا جاوے گا۔ جس کی تکلیف اُن کی برداشت سے باہر ہو گی۔ اور ساتھ میں رب تعالیٰ کی طرف سے یہ بھی کہا جاوے گا کہ یہ اُس جرم کی سزا ہے جو تم نے ہمارے دیئے ہوئے مال کو کنز بنا کر جوڑے رکھا۔ اگر اسے کنز نہ بناتے تو اِس مال پر ثواب پاتے اب کنز دفینہ بنانے کا مزہ اچھی طرح چکھو۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ مال اگر حلال ہو تو اس کی دو جہتیں ہیں اگر اُسے اچھی جگہ خرچ کیا جاوے تو خیرِ مآل (اچھے انجام والا) ہے اگر اُس سے شرعی حقوق ادا نہ کیئے جاویں تو نرا وبال ہے دنیا میں بھی آخرت میں بھی یہ فائدہ یَوْمَ یُحْمٰی (الخ) سے حاصل ہوا۔ مال میں تین کام ہوتے ہیں کمانا۔ خرچ کرنا۔ جوڑنا۔

دوسرا فائدہ:۔ بخیل کو داغ دینے کی سزا قیامت کے دن میں ہوگی اسکے بعد اسکا داخلہ جنت یا دوزخ میں اس

marfat.com

کے علاوہ ہوگا۔ یہ فائدہ بھی یَوْمَ یُحْمٰی الخ سے حاصل ہوا۔ کیونکہ یَوْمَ سے مراد روزِ قیامت ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَۃٍ ثُمَّ یُرٰی سَبِیْلَہٗ۔ یعنی یہ سزا پچاس ہزار برس والے دِن ہوگی پھر وُہ اپنا راہ دیکھے گا۔ **تیسرا فائدہ**۔ یہ سزا جو یہاں مذکور ہے جانوروں میں نجل کی سزا نہیں بلکہ سونے چاندی میں نجل کی سزا ہے کیونکہ تپانا داغ دینا اسی کیلئے مناسب ہے یہ فائدہ فَتُکْوٰی بِھَا الخ سے حاصل ہوا جانوروں میں نجل کرنے کی سزا وُہ ہے جو حدیث شریف میں مذکور ہے ایکو لٹا کر اس کے جانوروں کو اس پر گھمایا یا روندھوایا جاوے گا۔ **چوتھا فائدہ**۔ مال وقف پر زکواۃ نہیں اگرچہ لاکھوں روپیہ ہوں۔ یہ فائدہ لِاَنْفُسِکُمْ فرمانے سے حاصل ہوا۔ کیونکہ مال وقف کا جمع کرنا اللہ کے لیئے ہوتا ہے نہ کہ اپنے نفس کے لیئے۔ **پانچواں فائدہ**۔ انسان کی اولاد اس کے عزیز و اقارب گویا اس کی ذات ہیں۔ یہ فائدہ بھی لِاَنْفُسِکُمْ فرمانے سے حاصل ہوا۔ کیونکہ جو آدمی اپنے لیئے یا اپنی اولاد کے لیئے یا عزیز و اقارب کے لیئے مال جوڑے زکواۃ ادا نہ کرے سب کی یہی سزا ہے **چھٹا فائدہ**۔ مال جمع کرنا ممنوع نہیں بلکہ اس کی زکواۃ نہ نکالنا صدقات واجبہ ادا نہ کرنا جرم ہے یہ فائدہ مَا کَنَزْتُمْ سے حاصل ہوا کہ کَنَزْتُمْ فرمایا گیا۔ جَمَعْتُمْ نہ فرمایا گیا جمع اور کنز کا فرق خیال رہے **ساتواں فائدہ**۔ اپنی لمبی زندگی کی امید رکھنا لمبی دراز امیدیں باندھنا مومن کی شان نہیں مومن۔ موت کو قریب جانے اور ہر وقت اس کے لیئے تیار رہے۔ یہ فائدہ لِاَنْفُسِکُمْ سے اشارۃً۔ حاصل ہوا جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا۔ کہ اَنْفُسُ سے مراد خود اپنی ذات ہو اور لام نفع کا ہو۔ یعنی تم نے اپنی ذات کے نفعے کے لیئے اس امید پر مال کنز بنایا کہ ہم سارا مال اپنے پر خرچ کریں گے۔ قوم ملک۔ دین تا قیامت باقی ہیں اُن کے لیئے انتظام کرو۔ خود اپنی ذات قریب الفنا ہے اس کے لیئے آئندہ کا انتظام یعنی اعمال جمع کرو۔

**پہلا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صرف سونے چاندی میں نجل کرنے والوں کو یہ عذاب ملے گا۔ تو چاہیئے کہ آج کل کے نجیلوں کو یہ سزا نہ ملے۔ کیونکہ اب تو لوگ کاغذ کے نوٹ جمع کرتے ہیں۔ کاغذ دوزخ کی آگ میں تپ نہیں سکتا بلکہ وہ جل جاوے گا (بعض نادان)

**جواب**۔ نوٹ اگرچہ کاغذ ہے مگر سونے کا کام دیتا ہے کہ اُس سے تجارات قائم ہیں۔ لہٰذا ان کے احکام ان کا انجام بھی سونے کی طرح ہے چنانچہ چاندی مان کر اُن پر زکواۃ واجب ہوتی ہے دنیا میں انہیں چاندی مانا جاتا ہے حتّٰی کہ روپیہ کہا جاتا ہے تو آخرت میں انہیں چاندی سونا بنا دیا جاوے گا۔ یہ تو بنایا ہے پُترا ہے اس سے دانا آسان ہوگا۔ **دُوسرا اعتراض**۔

marfat.com

اِس آیت سے معلوم ہوا کہ صرف سونے چاندی میں بخل بُرا ہے باقی چیزوں میں نہ بخل بُرا ہے نہ اس کی کوئی سزا ان آیتوں میں سونے چاندی کی سزا کا ذکر ہے تپانا داغ دینا وغیرہ حالانکہ زکواۃ تو ہر قسم کے مال پر لازم ہے۔ جانور پیداوار وغیرہ **جواب** چونکہ اکثر لوگ سونا چاندی ہی جمع کر کے اُن کی زکواۃ نہیں دیتے۔ جانور زمین وغیرہ کسی کسی کے پاس ہوتے ہیں۔ اور اُن میں بھی کسی پر زکواۃ ہوتی ہے کسی پر نہیں اس لیئے خصوصیت سے ان دونوں کا ذکر ہوا حدیث شریف میں باقی مالوں میں بخل کی سزا کا ذکر بہت تفصیل سے ہوا۔ تیسرا اعتراض۔ اِس آیت کریمہ میں کَنَزْتُمْ کے ساتھ لِاَنْفُسِکُمْ کیوں ارشاد ہوا۔ مال میں بخل مطلقاً جرم ہے خواہ اپنے نفس کے لیئے ہو یا کسی اور کے لیئے **جواب** اس کی حکمت ابھی فائدوں میں عرض کی گئی کہ اس سے وقف مال کو نکالنا مقصود ہے کہ وقف میں زکواۃ نہیں کیونکہ وہ کسی کا مِلک نہیں۔ وہ اللہ کے لیئے ہے۔

مومن عاقل کو چاہیئے کہ اعمال جمع کرنے کی کوشش کرے کہ اعمال پر نہ

**تفسیر صوفیانہ** | دنیا میں کوئی ٹیکس ہے نہ زکواۃ۔ نہ آخرت میں عذاب اس میں ثواب ہی ثواب ہے۔ ثواب ہے۔ مال۔ اعمال۔ احوال۔ کمال۔ یہ سب اللہ کی نعمتیں ہیں مگر مال اپنے ساتھ مصیبتیں بھی بہت لاتا ہے۔ اس کا کمانا پھر جمع رکھنا پھر خرچ کرنا۔ تینوں مشکل اور تینوں کا حساب دینا ہے کہاں سے کمایا۔ کیسے جمع رکھا زکواۃ دی یا نہ اور کہاں خرچ کیا۔ اگر مال کے ساتھ اعمال و احوال و کمال جمع ہو جاویں تو بڑی اعلےٰ نعمت ہے۔ ورنہ وبال۔ حضرت عثمانِ غنی کا مال رحمت تھا۔ ابو جہل کا مال بڑی نقمت یعنی مصیبت مال اگر نفس کے لیئے ہو تو خراب ہے خدا کے لیئے ہو تو ثواب۔ شعر

یک درم کاں دہی بدرویشے — بہتر از گنجہائے مدخراست
زآنچہ داری تمتعے بردار — کاں دگر روزیِ کسے دِگراست

اللہ کی راہ میں خرچ کیا ہوا مال سواری ہوگا۔ مالِک سوار جیسا کہ قربانی کے جانور کے متعلق حدیث شریف میں وارد ہے بخل کیا ہوا مال سوار ہوگا۔ اور مالِک سواری۔ یہ حدیث شریف میں ہے۔ سخاوت والا مال پھل والا باغ ہوگا۔ کنز یعنی بخل والا مال یا گنجا سانپ یا جسم کو داغنے کا ذریعہ۔

marfat.com

| |
|---|
| اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ |
| بے شک تعداد مہینوں کی نزدیک اللہ کے بارہ ہیں مہینے۔کتاب میں اللہ کی |
| بے شک مہینوں کی گنتی اور اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں |
| اللّٰهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ |
| جس دن پیدا کیے اُس نے آسمان اور زمین ان میں سے چار ہیں |
| جب سے اُس نے آسمان اور زمین بنائے ان میں سے چار حرمت |
| حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ۙ۬ فَلَا تَظْلِمُوْا فِیْهِنَّ |
| عزت والے یہ ہے دین سیدھا پس ظلم نہ کرو تم ان میں |
| والے ہیں یہ سیدھا دین ہے تو ظلم نہ کرو ان مہینوں میں اپنی |
| اَنْفُسَكُمْ ۫ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِیْنَ كَآفَّةً كَمَا یُقَاتِلُوْنَكُمْ |
| جانوں پر اپنی اور جنگ کرو تم مشرکوں سے سب سے جیسے کہ وہ جنگ کرتے ہیں تم |
| جانوں پر اور مشرکوں سے ہر وقت لڑو جیسا وہ تم سے ہر وقت |
| كَآفَّةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۳۶﴾ |
| سے سب سے اور جان لو کہ تحقیق اللہ ساتھ ہے ڈرنے والوں کے اللہ سے |
| لڑتے ہیں اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں سے محبت کرتا ہے |

تعلق - اس آیت کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے - پہلا تعلق - پچھلی آیات میں کفار و مشرکین کے چند عیوب بیان ہوئے - رشوتیں لینا دین بدلنا آسمانی کتب کی تحریف کرنا زکوٰۃ نہ دینا وغیرہ اب اُن کے ایک اور خاص عیب کا ذکر ہے یعنی چاند کے مہینوں میں تبدیلیاں کرنا - کبھی سال کے بارہ مہینوں کو تیرہ مہینے بنا دینا - گویا بلا واسطہ تبدیلیِ دین کے بعد بالواسطہ تبدیلیِ دین کا ذکر ہے - دوسرا تعلق - پچھلی آیات میں ذکر ہوا کہ کفار و مشرکین

marfat.com

اپنے مالوں کی زکواۃ نہیں دیتے اور زکواۃ کا تعلق چاند یعنی قمری سال گذرنے سے ہے کہ جب مال اپنے پاس ایک سال قمری بارہ مہینے رہے تو زکواۃ واجب ہے اس لیئے اب اُن کی وہ حرکات بیان ہوئی ہیں جو اِن بارہ ماہ کے متعلق کرتے تھے۔ تیسرا تعلق۔ گذشتہ پچھلی آیات میں وعدۂ ربانی تھا کہ ہم محمدِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام دینوں پر غالب کریں گے اَب اُس کا زندہ ثبوت دیا جارہا ہے۔ کہ دیکھو کفار نے سال کے مہینوں میں فرق و تبدیلیاں کیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں درست کر دیا تو انکی تبدیلیاں ختم ہوگئیں حضور انور کی اصلاح بدستور قائم رہی۔

نزول۔ اہلِ عرب قمری سال سے اپنے دینی و دنیاوی کام کرتے تھے کہ ملتِ ابراہیمی میں چاند کے سال کا اعتبار ہے۔ باقی دوسرے لوگ شمسی مہینوں اور شمسی سال سے حساب کرتے تھے قمری سال محرم سے شروع اور ذی الحجہ پر ختم ہوتا ہے شمسی سال جنوری سے شروع دسمبر پر ختم ہوتا ہے قمری سال تین سو پچپن دِن کا ہوتا ہے اور شمسی سال تین سو پینسٹھ دن چھ گھنٹے کا۔ اس لیئے ہر سال دس دِن کا فرق ان دونوں برسوں میں پڑ جاتا ہے گویا شمسی تین سال ہوں تو قمری تین سال ایک ماہ تقریباً ہو جاتے ہیں اِس وجہ سے قمری سال موسم کا پابند نہیں چنانچہ حج کبھی سردی میں آتا ہے کبھی گرمیوں میں اہلِ عرب اس میں دشواریاں محسوس کرتے تھے۔ ایک یہ کہ حج موسموں میں تبدیل ہوتا رہتا تھا۔ دوسری قوموں کے تمام بڑے دِن یکساں موسم میں آتے تھے۔ دوسرے یہ کہ کبھی حج ایسے موسم میں آتا جب کہ تجارتی کاروبار چمکنے کا موقعہ نہ ہوتا اور اِن کا گذران اس موسم کی تجارت پر تھا۔ اس لیئے انہیں ایسی صورت میں آمدنی کم ہوتی تھی اِس لیئے اہلِ عرب اپنے قمری مہینوں میں ہر سال دس دِن کا فرق کرتے اور جب ایک ماہ پورا ہو جاتا تو وہ سال بجائے بارہ ماہ کے تیرہ ماہا کر دیتے۔ جیسے مشرکینِ ہند چند سال بعد ایک سال تیرہ مہینہ کا کر دیتے زائد مہینہ کو تو ند کا مہینہ کہتے ہیں یعنی کبھی دو ساون یا دو جیٹھ کر دیتے ہیں۔ اُن کی تردید کے لیئے یہ آیت کریمہ اتری (تفسیر خازن و تفسیر کبیر) انگریزی مہینوں میں ہر چار سال کے بعد ایک سال فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے باقی سالوں میں اٹھائیس دن کا۔ خیال رہے کہ اہلِ عرب میں قمری مہینے تو تھے مگر قمری سنہ کوئی نہ تھا۔ بلکہ سال اور برس کو کسی اہم واقعہ کی نسبت سے بیان کرتے تھے۔ جیسے عام الفیل یعنی مکہ معظمہ پر ہاتھیوں کے حملہ کا سال یا عام الحدیبیہ۔ صلح حدیبیہ کا سال یا عام الفتح فتح مکہ کے سال خلافتِ فاروقی تک یہ ہی دستور رہا۔ ایک دفعہ حضرت ابو موسٰی اشعری نے امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ سنہ مقرر نہ ہونے کی وجہ سے ہم کو سخت دشواری پیش آتی ہے مثلاً آپ کے کسی پرانے خط میں لکھا ہوتا ہے، شعبان تو ہم کو پتہ نہیں لگتا کہ کونسا شعبان کس سال

marfat.com

کا شعبان مراد ہے تب حضرت عمر نے سنہ ہجری مقرر فرمایا ۔ جسے تمام صحابہ نے پسند فرمایا (روح المعانی یہ ہی مقام) اگرچہ ہجرت ربیع الاوّل میں ہوئی مگر مقدماتِ ہجرت محرم سے شروع ہوئے اس لیئے ہجری سنہ کا آغاز محرم سے کیا اور اختتام ذی الحجہ پر ۔ یہ بات خوب یاد رہے ۔ سنہ ہجری سُنّتِ فاروقی ہے :۔

**تفسیر** :۔ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ ۔ چونکہ اس آیت کے مضمون کے اہلِ عرب عملاً منکر تھے اس لیئے اُسے اِنَّ سے شروع فرمایا گیا ۔ عِدّت بمعنٰی تعداد یعنی پورا عدد ہے ۔ اَلشُّهُوْرِ سے مراد قمری سال کے مہینے ہیں یعنی اس میں اَلف لام عہدی ہے عِنْدَ اللّٰهِ ظرف ہے اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا کی کِتٰبِ اللّٰهِ ۔ یہ عبارت اِنَّ کی خبر ہے اِس میں اثنا عشر ممیّز ہے اور شَهْرًا اس کی تمیز اور اور فِیْ کِتٰبِ اللّٰهِ اگلی عبارت کے ساتھ اثنا عشر کی صفت یا اس کا حال (کبیر) کِتٰبِ اللّٰهِ سے یا تو لوحِ محفوظ مراد ہے یہ قول حضرت ابن عباس کا ہے یا قرآن مجید مراد ہے یا کِتاب بمعنٰی حکم ہے جیسے ۔ کُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ یا کُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ یا کَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ حضرت ابن عباس کا قول قوی ہے (تفسیر کبیر و خازن و روح المعانی و بیان وغیرہ) ۔ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ یہ فرمانِ عالی اُس پوشیدہ لفظ کا ظرف ہے جس کے متعلق تھا فِیْ کِتٰبِ اللّٰهِ اور صفت اثنا عشر کی اِس سے مراد ہے عالم کی پیدائش کی ابتداء یعنی جب سے یہ دنیا بنی تب سے لوحِ محفوظ میں یہ مہینے لکھے گئے اِنہیں قمری بارہ مہینوں سے ہم نے حساب مقرر فرمایا وہ بارہ اِن شعروں میں جمع ہیں ۔ (روح البیان)

**شعر**

چوں محرم بگذرد آید ز پے تو صفر — پس ربیعین و جمادی و رجب آید ببر
باز شعبان است و ماہِ صوم و عید و فِطر — بعد ازاں ذی الحجہ نامِ ماہہا آید بسر

یعنی محرم ۔ صفر ۔ ربیع الاول ۔ ربیع الآخر ۔ جمادی الاول ۔ جمادی الآخر ۔ رجب شعبان ۔ رمضان شوال ذیقعدہ ۔ ذی الحجہ ۔ ان ناموں کے معنٰی اور وجہ تسمیہ ہم انشاء اللہ خلاصہ تفسیر میں عرض کریں گے ۔

مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ قوی یہ ہے کہ یہ فرمانِ عالی علیحدہ مستقل جملہ ہے ۔ بعض نے فرمایا کہ اِثنا عشر کی صفت یا حال ہے اس جملہ میں مِنْهَا خبر مقدم ہے اور اربعۃٌ موصوف حُرُمٌ صفت مبتدا موخر منہا میں ہا کا مرجع وہ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا ہے ۔ حُرُمٌ جمع ہے حرام کی بمعنٰی محروم یا بمعنٰی حرام یعنی حلال کا مقابل اَرْبَعَةٌ یعنی چار سے مراد ہے ۔ رجب ۔ شوال ۔ ذیقعدہ ۔ ذی الحجہ

marfat.com

یعنی ان بارہ مہینوں میں سے چار مذکورہ مہینے بڑے ہیں حرمت وعزت والے ہیں کہ اِن میں گناہ کرنا سخت جرم ہے۔ اور نیکی کا ثواب بہت زیادہ۔ یا ان چار ماہ میں جنگ جہاد حرام ہے دوسرے معنیٰ پر یہ حکم منسوخ ہے۔ اِس کا ناسخ اُس آیت میں آرہا ہے کہ اب ہر مہینہ ہر وقت میں جہاد جائز ہے۔ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ۔ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے ذٰلِكَ سے اشارہ یا تو سال میں بارہ مہینے کی طرف ہے یا چار ماہ کے مجموعہ کی جانب دین سے مراد یا تو ملّتِ ابراہیمی ہے کہ اُن کی ملّت میں قمری بارہ مہینے کا سال تھا اور قیم بمعنیٰ مستقیم یعنی سیدھا بمعنیٰ مضبوط ہے۔ یا دین بمعنیٰ حکم وفیصلہ اور قیم بمعنیٰ دائمی یا دین بمعنیٰ حساب قیم بمعنیٰ صحیح (روح المعانی کبیر وغیرہ) یعنی یہ مذکور حکم ملّتِ ابراہیمی مستقیم اور مضبوط ہے یہ ہمارا دائمی حکم وفیصلہ ہے یا یہ آسان حساب ہے جسے عورتیں بچے اور ناسمجھ لوگ بھی بہ آسانی سمجھ لیتے ہیں۔ کیونکہ اس کی جنتری آسمان پر ہے چاند خود ہی تاریخ بناتا ہے۔ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ۔ یہ فرمان عالی گذشتہ مضمون پر مرتب ہے اور ف ترتیب کی ہے۔ فیھن سے مراد یہ چار محترم مہینے ہیں۔ اور جانوں پر ظلم سے مراد گناہ کرنا ہیں۔ یعنی ان مہینوں میں گناہ کر کے اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو۔ یا ان چار مہینوں میں جہاد کر کے اپنے پر ظلم نہ کرو۔ تو یہ منسوخ ہے یا اس سے مراد سارے مہینے ہیں۔ یعنی ان بارہ مہینوں میں گناہ کر کے اپنے پر ظلم نہ کرو یہ حضرت ابن عباس کا فرمان ہے (روح المعانی وکبیر وغیرہ) ان صورتوں میں یہ فرمان محکم ہے۔ اس کا خیال رہے۔ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً۔ یہ فرمانِ عالی یا تو معطوف ہے فَلَا تَظْلِمُوْا الخ۔ پر اور واؤ عاطفہ ہے یعنی ان چار مہینوں میں گناہ نہ کرو۔ اور کفار پر ان مہینوں میں جہاد کرو۔ یہ گناہ نہیں یا یہ نیا حکم ہے اور واؤ ابتدائیہ ہے قِتَالٌ سے مراد جہاد ہے نہ کہ فساد کا کشت وخون لہٰذا حربی کفار سے لڑنا مراد ہوگا۔ نہ کہ ذمّی اور امن لے کر آنے والے کفار سے لڑنا کہ وہ جہاد نہیں فساد ہے اَلْمُشْرِكِيْنَ سے مراد ہر قسم کے کفار ہیں خواہ بت پرست ہوں یا اہلِ کتاب یا دہریے وغیرہ كَآفَّةً کے متعلق مفسّرین کے بہت قول ہیں۔ ہم دو قول عرض کرتے ہیں ایک یہ کہ یہ كُفٌّ یا كَفَّةٌ سے بنا۔ اصل میں كَافِيَةٌ تھا یا كَافَّةً تھا۔ اسم فاعل ہے تِ مبالغہ کی جیسے خَاصَّةً یا عَامَّةً اِس صورت میں یا تو قَاتِلُوْا کے فاعل سے حال ہے یا اَلْمُشْرِكِيْنَ سے یعنی اے مسلمانو۔ تم سب مل کر کفار پر جہاد کرو۔ یا اے مسلمانو! سارے کافروں پر جہاد کرو یا یہ مصدر ہے قِتَال پوشیدہ کی صفت یعنی قِتَالًا كَآفَّةً جیسے كَافَّةً لِّلنَّاسِ جو اصل میں تھا رِسَالَةً كَآفَّةً لِلنَّاسِ اس لیے یہ مذکر مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے۔ اور كَافِيْن اور كَافَّات میں مذکر مؤنث میں فرق ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ كَفٌّ کے معنیٰ ہیں روکنا پوری جماعت کو کافہ اس لیے کہتے ہیں۔

marfat.com

کہ وہ زیادتی کو روکتی ہے (کبیر۔ روح المعانی) اس لفظ میں بہت وسعت ہے سارے کفار سے سارے وقتوں میں سارے حالات میں لڑو۔ خواہ محرم مہینے ہوں یا دوسرے اوقات لہٰذا یہ فرمان اُن آیات کی ناسخ ہے جن میں محرم مہینوں میں جہاد سے منع فرمایا گیا۔ جیسے قُتْلٌ قِتَالٌ کَبِیْرٌ۔ یا مِنْہَا اَرْبَعَۃٌ حُرُمٌ وغیرہ (تفسیر صاوی۔ کبیر۔ معانی۔ تفسیر خازن وغیرہ) کَمَا یُقَاتِلُوْنَکُمْ کَآفَّۃً اس کا تعلق قَاتِلُوا الْمُشْرِکِیْنَ سے ہے یعنی جیسے وہ تم سے ہر زمانہ میں متفقہ طور سے لڑتے ہیں تمہاری رعایت نہیں کرتے تم بھی اُن پر ایسے جہاد کرو اِس میں بھی اشارۃً فرمایا گیا کہ ذمّی اور مستامن کفّار سے جہاد نہیں۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ۔ اس فرمانِ عالی کا مقصد یہ ہے کہ جہاد میں تقویٰ اختیار کرو۔ اللہ کی مدد نصرت تقویٰ والوں کے ساتھ ہے یہ وہ ہتھیار ہے جو کفار کو میسر نہیں نہ کسی کارخانہ میں بنتا ہے یہ عرشی نعمت ہے جو کارخانۂ قدرت میں بنتی مدینہ منوّرہ کے بازار سے ملتی ہے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے مسلمانو! اللہ کے نزدیک قمری سال کے مہینے بارہ ہیں۔ جو ابتداءِ آفرینش سے لوحِ محفوظ میں تحریر ہیں اِن میں زیادتی کرنی کہ کبھی سال کے تیرہ مہینے کر دینا بدترین جرم ہے۔ جس کے مشرکینِ عرب مرتکب ہیں۔ اِن بارہ مہینوں میں چار مہینے رجب شوال۔ ذی قعدہ۔ ذی الحجہ بڑے ہی عزت والے ہیں۔ ان میں گناہ کرنا سخت جرم ہے۔ اور ان میں نیکی کا ثواب بہت زیادہ تو تم ان میں گناہ کر کے اپنے پر ظلم نہ کرو۔ یہ سال کے بارہ مہینے ہونا ان میں چار کا محترم ہونا سیدھا دینِ ملّتِ ابراہیمی ہے اور خیال رکھو کہ اِن مہینوں میں کفار سے جہاد کرنا گناہ نہیں لہٰذا ہر قسم کے کفار سے ہر وقت ہر مہینے میں جہاد کرو۔ جیسا کہ وہ تم سے ہر طرح مل کر لڑتے ہیں۔ ساتھ ہی خیال رکھنا کہ جہاد میں تقویٰ کا دامن تمہارے ہاتھ سے نہ چھوٹے کیونکہ اللہ کی رحمت اس کی مدد متقیوں کے ساتھ ہے۔ خیال رہے کہ شروع اسلام میں اِن مذکورہ چار مہینوں میں جہاد کرنا منع تھا اس آیت سے یہ ممانعت منسوخ ہو گئی۔ اب ہر وقت ہر طرح جہاد ہوگا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ رمضان میں کیا۔ پھر شوال اور شروع ذیقعدہ میں حنین فتح اور طائف کا محاصرہ فرمایا۔ جیسا کہ گزشتہ آیات کی تفسیر میں گذر چکا۔ اس عمل شریف سے معلوم ہوا کہ شوال و ذیقعدہ میں جہاد جائز ہے حالانکہ یہ دونوں مہینے اِن چار محترم مہینوں میں سے ہیں

**اسلامی مہینوں کے نام** اسلام میں قمری مہینوں کا اعتبار ہے اس سے اسلامی احکام وفات کی عدت زکوٰۃ کی فرضیت روزے۔ حج وغیرہ وابستہ ہیں۔ ان کے نام بے معنی نہیں۔ بلکہ ان کے پاکیزہ معنی ہیں ملاحظہ ہو۔ محرّم یہ بنا ہے حرمت سے بمعنی تعظیم چونکہ اہل عرب اس مہینے کی بہت عزت کرتے

marfat.com

اِس میں لڑائی بھڑائی بہت بری جانتے تھے کہ بیٹا اپنے باپ کے قاتل کو اس ماہ میں دیکھتا تو اُس سے کچھ نہ کہتا تھا۔ اس لیئے اِسے محرم کہا گیا۔ صَفر اس کے معنیٰ ہیں خالی اس لیئے عدد سے خالی جگہ جو نقطہ لگایا جاتا ہے۔ اُسے صِفر کہا جاتا ہے چونکہ اس مہینے میں اہلِ عرب کے گھر کھانے پینے کی چیزوں سے خالی ہو جاتے تھے اور انہیں کمائی کے لیئے باہر جانا سفر کرنا پڑتا تھا اِس لیئے اسے صَفر یعنی خالی ہونے کا مہینہ کہتے تھے۔ ربیع الاول ربیع کے معنیٰ ہیں بہار۔ اوّل کے معنیٰ ہیں پہلی جس وقت مہینوں کے نام رکھے گئے تب ان دو مہینوں میں بہار کا موسم تھا اس لیئے انہیں ربیع کہا گیا یعنی بہار کا پہلا مہینہ اور دوسرا مہینہ۔ جُمَادِیُ اُوْلیٰ لفظِ جمادی بنا ہے جُمُدٌ سے بمعنیٰ برف یہ بروزنِ جُبَارٰی ہے یعنی جیم کے پیش اور دال کا فتحہ۔ جب ان مہینوں کا نام رکھا گیا تب سردی سخت تھی بعض ملکوں میں برف پڑ رہا تھا تالاب وغیرہ جمے تھے اس لیئے ان مہینوں کے نام جمادی اول اور جمادی آخر ہوا۔ رجب اس کے معنیٰ ہیں عزت وعظمت ترجیب بمعنیٰ تعظیم چونکہ اہل عرب خصوصاً قبیلہ مضر اس مہینہ کی بہت ہی تعظیم کرتے تھے اس لیے اسے رجب کہا گیا۔ احادیث میں اسے رجب مضر یعنی قبیلہ مضر کا محترم مہینہ فرمایا گیا۔ شعبان یہ لفظ بنا ہے شعب سے بمعنیٰ پھیلنا بکھرنا متفرق ہونا رب فرماتا ہے اِنَّا جَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ۔ چونکہ اہل عرب عموماً اس مہینہ میں متفرق مقامات پر سفر کر کے چلے جاتے تھے تلاش رزق اور تجارت وغیرہ کے لیے شعبان کہا گیا۔ رمضان۔ یہ لفظ بنا ہے۔ رمض سے بمعنیٰ تپانا۔ حرارت پہنچانا۔ رمضان کے معنیٰ ہوئے بہت تپانے والی۔ چونکہ یہ مہینہ عبادات کرنے والوں گنہگاروں کو تپا کر میلِ گناہ سے پاک کر دیتا ہے نیک کاروں کو تپا کر قیمتی پرزہ کی طرح بنا دیتا ہے اور محبوبوں کو تپا کر زیور کی طرح بنا کر قربِ محبوب کے لائق کر دیتا ہے لہٰذا رمضان کہلاتا ہے۔ نیز اس میں پانچ حرف ہیں۔ ر۔ میم۔ ض۔ الف۔ نون۔ یہ پانچ رحمتیں اور برکتیں لاتا ہے۔ رضاءِ الٰہی۔ محبتِ الٰہی ضمانِ الٰہی امانِ الٰہی۔ نورِ الٰہی۔ یہ پانچ رحمتیں ہیں۔ روزہ تراویح تلاوتِ قرآنِ مجید۔ اعتکاف اور شبِ قدر کی عبادات اِس لیئے یہ رمضان ہے۔ شوال۔ یہ لفظ شَوْلٌ سے بنا ہے بمعنیٰ اٹھانا بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے شَالَتِ النَّاقَۃُ ذَنَبَھَا اونٹنی نے اپنی دم اٹھائی۔ چونکہ یہ مہینہ میں عموماً گھر بیٹھتے تھے سفر نہ کرتے تھے تیاریِ حج کے لیئے اِس لیئے اسے ذیقعدہ کہا گیا۔ ذِی الحجہ اس کی وجہ تسمیہ ظاہر ہے کہ یہ مہینہ حج والا ہے لہٰذا ذی الحجہ ہے ان ناموں کی اور بھی وجوہ بیان کی گئی ہیں۔ (از روح البیان مع اضافہ)۔ خیال رہے کہ سب سے افضل مہینہ رمضان ہے کہ اس کا نام قرآنِ مجید میں آیا اس کی ہر ساعت عبادت میں گذرتی ہے اس میں نزولِ قرآن ہوا۔ اس میں نزولِ قرآن ہوا۔ اس میں اعتکاف و شبِ قدر ہے پھر ربیع الاوّل کہ حضور کی

marfat.com

ولادت کا مہینہ ہے۔ پھر ذی الحجہ کہ اس میں حج ہوتا ہے۔ وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ پھر چار حرمت والے مہینے۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ دنیا میں بہت سے قسم کے مہینے اور سال ہیں۔ مگر سب میں عزت والے مہینے اسلامی ہیں کہ اسلامی احکام انہیں سے جاری ہیں۔ یہ فائدہ عِنْدَ اللّٰہِ فرمانے سے حاصل ہوا۔ تمام مہینوں کی جنتری زمین پر ہے مگر اسلامی مہینوں کی جنتری آسمان پر ہے کہ چاند یہ تاریخیں بناتا ہے روزے حج۔ بعض صورتوں میں طلاق اور وفات کی عدت انہیں سے پوری ہوتی ہیں۔ دوسرا فائدہ۔ سال کے مہینے صرف بارہ ہیں نہ اس سے کم نہ زیادہ یہ فائدہ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا سے حاصل ہوا۔ تیسرا فائدہ عربی مہینے بڑے پرانے ہیں۔ کہ رب تعالیٰ نے آسمان و زمین کی پیدائش کے وقت سے انہیں مقرر فرمایا اور لوحِ محفوظ میں انہیں ہی لکھا۔ یہ فائدہ یَوْمَ خَلَقَ (الخ) سے حاصل ہوا چوتھا فائدہ۔ ماہِ رجب شوال ذیقعد ذی الحجہ افضل مہینے ہیں۔ ان میں نیکیاں زیادہ کرنی چاہئیں اور گناہوں سے بچنا چاہیئے اور حَتَّی الْاِمْکَانْ اپنے حساب چاند کے مہینوں سے رکھیں کہ یہی اللہ کو محبوب ہے۔ یہ فائدہ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ سے حاصل ہوا۔ چھٹا فائدہ۔ چار محترم مہینوں میں جہاد کی ممانعت اس آیتِ کریمہ سے منسوخ ہوگئی۔ اب ہر مہینہ ہر زمانہ میں جہاد جائز ہے یہ فائدہ کَافَّةً سے حاصل ہوا۔ دیکھو اس کی تفسیر پھر حضور انور کا شوال و ذیقعدہ میں غزوۂ حنین غزوۂ طائف فرمانا اِس تفسیر کی قوی دلیل ہے۔ ساتواں فائدہ۔ مہینے گھڑیاں دِن رات برابر نہیں بعض بعض سے افضل ہیں۔ یہ فائدہ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ سے حاصل ہوا۔ تو سارے انسان یکساں کیسے ہو سکتے ہیں۔ آٹھواں فائدہ جہاد ہر قسم کے کفار سے کیا جاوے گا۔ مشرک ہو یا اور قسم کا کافر یہ فائدہ اَلْمُشْرِكِيْنَ بمعنی اَلْكَافِرِيْنَ سے ہوا دیکھو تفسیر۔ نواں فائدہ جہاد صرف حربی کفار سے ہوگا۔ ذمی یا مستامن سے نہ ہوگا۔ یہ فائدہ كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ (الخ) سے حاصل ہوا دسواں فائدہ۔ یوں تو ہر مسلمان کو تقویٰ لازم ہے مگر مجاہد کے لیئے تقویٰ پرہیزگاری بہت ضروری ہے یہ فائدہ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ سے حاصل ہوا۔

**اعتراضات پہلا اعتراض** جب سارے مہینے اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے ہیں تو ان مذکور چار مہینوں میں کیا خصوصیت ہے کہ انہیں حُرُمٌ فرمایا گیا۔ سارے مہینے یکساں چاہیئے۔ جواب اس اعتراض کے دو جواب ہیں۔

marfat.com

ایک الزامی دوسرا تحقیقی **جواب** الزامی تو یہ ہے کہ جب ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہے تو انسان اشرف المخلوق کیوں ہوا۔ ساری زمین اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہے تو حرمین طیبین اشرف بلاد کیوں۔ سارے دن اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہیں تو جمعہ اشرف ایام کیوں ہوا **جواب** تحقیقی یہ ہے کہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ مگر اکثر دیکھا گیا ہے کہ جس جگہ جس وقت کو کسی محبوب چیز سے نسبت ہو جاوے وہ تا ابد اشرف ہو جاتے ہیں۔ فرماتا ہے ۔ کہ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ شبِ قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے کیوں اس لیے کہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ اس رات میں قرآن مجید نازل ہوا دوسرا اعتراض ۔ یہاں ارشاد ہوا۔ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ان چار مہینوں میں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو تو کیا باقی آٹھ مہینوں میں ہم ظلم کریں۔ **جواب** اس فرمانِ عالی کی تین تفسیریں ہیں۔ ایک یہ کہ فِيْهِنَّ سے مراد بارہ مہینے ہیں یعنی ان بارہ مہینوں میں کبھی بھی گناہ نہ کرو۔ دوسرے یہ کہ اِن چار ماہ میں اپنے پر ظلم یعنی جہاد نہ کرو کہ یہ حرام ہے تب یہ اگلے مضمون سے منسوخ ہے۔ تیسرے یہ کہ یوں تو کبھی بھی مگر خوصیت سے ان چار ماہ میں گناہ نہ کرو۔ کہ اِن میں بدترین جرم ہے۔ تیسرا اعتراض كَآفَّةً کے معنیٰ ہیں سارے کافروں سے جہاد کرو۔ اس کا مطلب یہ نہیں ان چار ماہ میں جہاد کرو۔ لہٰذا یہ فرمانِ عالی اس ممانعت جہاد کا ناسخ کیسے ہوا۔ نوٹ ۔ بعض لوگ اب بھی ان چار مہینوں میں جہاد ممنوع مانتے ہیں یہ اعتراض اُن کا ہے۔ **جواب** ۔ اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ كَآفَّةً میں بڑی گنجائش ہے ۔ ہر قسم کے کافروں سے ہر وقت ہر زمانہ میں ہر طرح جہاد کرو یہ معنیٰ حضورِ انور کے عمل شریف نے معیّن فرما دیے کہ شوال اور ذیقعدہ میں حضور نے غزوۂ حنین وطائف فرمایا۔ چوتھا اعتراض ۔ یہاں یہ کیوں ارشاد ہوا کہ كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً کیا اگر کفار ہم سے نہ لڑیں تو ہم بھی جہاد نہ کریں کیا ہم صرف دفاعی جہاد کریں جارحانہ نہ کرنا!

**جواب** ۔ اس فرمانِ عالی کے دو مقصد ہیں ایک یہ کہ ذمّی اور مستامن سے جنگ نہ کریں کہ وہ تمہاری امان میں ہیں صرف حربی کفار سے لڑنا جو تم سے جنگ کرتے رہتے ہیں دوسرے یہ کہ چونکہ کفار تم پر ہر وقت لڑتے ہیں اگر تم پر چار ماہ میں جہاد حرام رہا تو تم اُن کے ہاتھوں مار کھاؤ گے۔ لہٰذا تم کو بھی اجازت دی جاتی ہے کہ اُن سے ہر ماہ ہر زمانہ میں جہاد کرو۔ یہ پابندی ختم ہو گئی ۔ جہاد ہر طرح ہر وقت تا روزِ قیامت جاری ہے یہ نماز روزہ کی طرح کی دائمی عبادت ہے (رُوح البیان)

تفسیر صوفیانہ ۔ مبارک ہے وہ انسان جو اپنے عمر کی ساری ساعتیں اللہ کے لیے

marfat.com

صرف کرے نفس کے لیئے کچھ بھی نہ کرے مگر ایسے لوگ کم ہیں پھر غنیمت ہیں وہ لوگ جو اپنی نصف ساعتیں رب کے لیئے صرف کریں اور نصف نفس کی پرورش اور دنیاوی انتظام کے لیئے پھر وہ لوگ بھی نقصان میں نہیں جو اپنے اوقات کے دو حصے دنیا کے لیئے اور تہائی حصہ اللہ کے لیئے صرف کریں۔ دیکھو سال کے بارہ مہینے ہیں جن میں تہائی یعنی چار ماہ حرم و محترم ہیں جن کو اللہ کے لیئے خاص کرو اس کو دنیا میں صرف کرنا حرام ہے برباد ہے اس کی زندگی جو دنیا طلبی میں صرف ہو۔ یہ تقسیم اوقات دینِ قیم یعنی سیدھا راستہ ہے اے مومن کے دل اور دل کے صفات رُوح اور رُوح کے صفات جو مثل مومنین کے ہیں تم ہر وقت ہر جگہ اپنے اندرونی مشرکینِ نفس اور اس کے صفات سے لڑتے رہو۔ کیونکہ وہ ہمیشہ تم سے لڑتے رہتے ہیں وہ تمہارے پیچھے پڑے ہوئے ہیں تم ان سے غافل نہ رہو۔ نفسِ امّارہ سے جنگ یہ ہے کہ ہمیشہ اس کی مخالفت کرو کہ یہ اس سے شکست کھاتا ہے اسی مخالفتِ نفس کا نام تقویٰ ہے اور ایسا آدمی متقی ہے اللہ تعالےٰ کا کرم اس کی رحمت متقیوں کے ساتھ ہے۔

| |
|---|
| اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْکُفْرِ یُضَلُّ بِهِ الَّذِیْنَ |
| اس کے سوا نہیں کہ آگے پیچھے ہٹانا اور زیادتی میں کفر گمراہ کیئے جاتے ہیں ایسے وہ لوگ |
| ان کا مہینے پیچھے ہٹانا نہیں مگر اور کفر میں پڑ ہنا اس سے کافر بہکائے جاتے ہیں |
| کَفَرُوْا یُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّیُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّیُوَاطِـُٔوْا |
| جنہوں نے کفر کیا حلال سمجھتے ہیں اس کو ایک سال اور حرام سمجھتے ہیں دوسرے سال تا کہ برابر کریں |
| ایک برس حلال ٹھہراتے اور دوسرے برس اسے حرام مانتے ہیں کہ اس گنتی کے برابر ہو |
| عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَیُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ زُیِّنَ |
| شمار اس کی جو حرام کیئے اللہ نے پس حلال کریں اسے جو حرام کیئے اللہ نے آراستہ کیئے |
| جائیں جو اللہ نے حرام فرمائی اور اللہ کے حرام کیئے ہوئے حلال کریں ان کے برے کام |

marfat.com

| | |
|---|---|
| لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ | |
| گئے واسطے ان کے اعمال ان کے | اور اللہ نہیں ہدایت دیتا قوم |
| ان کی آنکھوں میں بھلے لگتے ہیں | اور اللہ کافروں کو راہ |
| الْكٰفِرِيْنَ ع (۳۷) | |
| کفار کو | |
| نہیں دیتا | |

**تعلق:** اس آیۃ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق۔ پچھلی آیت میں کفارِ عرب کی اُس بے قاعدگی کا ذکر تھا جو وہ برس کے مہینوں کی تعداد میں کرتے تھے یعنی کبھی بارہ کی بجائے تیرہ کر دیتے تھے اب اُن کی اُس بے قاعدگی کا ذکر ہے جو وہ مہینوں کے تعین میں کرتے تھے۔ یعنی مہینوں میں تبدیلی کرنا رجب کو محرم یا محرم کو ربیع الاول یا رجب کو ذی الحجہ بنا دینا۔ دوسرا تعلق۔ پچھلی آیت کریمہ میں ارشاد ہوا تھا کہ کفار تم سے ہر وقت لڑتے ہیں تم بھی اُن سے ہر وقت لڑو اب اِس کا ثبوت دیا جارہا ہے کہ اگرچہ کفارِ عرب سال میں چار مہینے کو محترم جان کر جنگ بند کرتے ہیں مگر ان مہینوں میں ردو بدل کرتے رہتے ہیں کہ کبھی محرم کو صفر بنا کر لوگوں سے لڑ بھڑ لیئے۔ ڈکیتیاں چوریاں کریں اور کبھی صفر کو محرم بنا کر اس کا احترام کر لیا لہٰذا وہ تم سے ہر وقت لڑ سکتے ہیں۔ گویا پچھلی آیت میں دعویٰ تھا اِس آیت میں اس کا ثبوت۔ تیسرا تعلق۔ پچھلی آیاتِ کریمہ میں ارشاد ہوا کہ چار مہینے محترم ہیں۔ رجب۔ شوال۔ ذیقعدہ ذی الحجہ اب اس کے متعلق کفار کے رویہ کا ذکر ہے کہ وہ محترم مہینوں کا احترام نہیں کرتے بہانہ بنا کر ان کی حرمت توڑتے ہیں تم ایسی حرکات نہ کرنا۔

**نزول۔** حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے عبادات حج وغیرہ چار مہینوں میں باقاعدہ ہوتی چلی آرہی تھیں۔ (تفسیر کبیر) اُن چار مہینوں میں جنگ۔ لوٹ۔ غارت حرام تھی ایک مہینہ یعنی رجب الگ تھا اور تین ماہ مسلسل شوال۔ ذیقعدہ۔ ذی الحجہ جب عرب میں لوٹ مار غارت گری عام ہو گئی تو ان کو مسلسل تین ماہ تک ان حرکتوں سے باز رہنا بہت شاق ہوا۔ کیونکہ مسلسل نو سے دن تک وہ صبر نہیں کر سکتے تھے۔ حتّٰی کہ بنی کنانہ کا ایک شخص

marfat.com

نعیم ابن ثعلبہ نے فرمایا کہ جنادہ ابن عوف کنانی نے حضرت ابن عباس سے فرمایا کہ عمرو ابنِ لحی ابنِ قمعہ ابنِ خندف نے اہلِ عرب سے کہا کہ سال کے چار مہینے محترم سمجھو یہ چار مہینے مقرر کرنا ہمارا کام ہے ہم جس مہینے کو جو نام دے دیں وہ ہی ہے چنانچہ اگر محرم میں انہیں کسی قوم سے لڑنا ہوتا تو اسے صفر کر لیتے اور صفر کو محرم بنانے لگے۔ چنانچہ ایک شاعر کمیت کہتا ہے۔ شعر

وَنَحْنُ التَّارِكُوْنَ عَلٰى مَعَدٍّ شُهُوْرَ الْحِلِّ نَجْعَلُهَا حَرَامًا

ایک شاعر کہتا ہے۔ مصرع

وَمِنَّا نَاسِئُ الشَّهْرِ الْمُعَلَّمِ

ان کے متعلق یہ آیت کریمہ اُس حرکت سے متعلق نازل ہوئی (روح المعانی و تفسیر خازن) یہاں تفسیر خازن نے فرمایا کہ کفارِ عرب کا طریقہ یہ تھا کہ ہر مہینہ دو سال حج کرتے تھے۔ مثلاً دو سال محرم دو سال صفر میں دو سال ربیع الاول میں جب ۹ھ ہجری میں حضرتِ صدیق کو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور سورہ براءت کا اعلان کرنے بھیجا تو ذی قعدہ میں دوسرے سال حج تھا۔ اگلے سال یعنی ۱۰ھ ہجری ذی الحجہ میں حج ہوا یعنی بالکل درست ہوا۔ لطیفہ۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا حج کے موسم میں گیارہ تاریخ کو مقام منیٰ میں حاملہ ہوئیں اور ربیع اول میں حضور کی ولادت باسعادت ہے۔ اِس حساب سے صرف تین ماہ حمل کے بنتے ہیں نہ کہ نو ماہ۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس سال کفارِ عرب نے ماہِ رجب کو ذی الحجہ بنا کر جمع کیا تھا۔ واقعہ میں رجب تھا ان کی بناوٹ کا ذی الحجہ لہٰذا حساب بالکل درست ہے۔

تفسیر:۔ اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْكُفْرِ۔ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے۔ انما حصر کے لیئے ہے یعنی نَسِیْء کفر ہی ہے۔ نَسِیْء کے معنیٰ ہیں۔ دیر لگانا وقت پیچھے کرنا اس لیئے ادھار کو نسیہ کہا جاتا ہے (خازن معانی۔ کبیر) یہاں مراد ہے محترم مہینوں کو پیچھے کرنا۔ یعنی محرم کو صفر بنا دینا وغیرہ۔ بعض نے فرمایا کہ یہ مصدر ہے۔ جیسے نہی اِس کا فعل نَسَأَ یَنْسَأُ ہے جیسے نَهٰى يَنْهٰى نَهْيًا۔ بعض نے فرمایا کہ یہ صفت مشبہ ہے نَسِیْء جیسے قتیل یا صریح مگر قوی یہ ہے کہ یہ مصدر ہے۔ کیونکہ آگے اس کی خبر آرہی ہے زِیَادَةٌ جو خود مصدر ہے اگر نَسِیْء کو صفت مشبہ مانا تو زِیَادَةٌ سے پہلے کچھ پوشیدہ ماننا پڑے گا۔ (روح المعانی) بعض نے فرمایا کہ نَسَأَ بمعنیٰ زیادتی ہے کہا جاتا ہے نَسَأَ فِی الْاَجَلِ یعنی سال میں زیادتی کرنا کہ بجائے بارہ ماہ کے تیرہ ماہ کر دینا مگر یہ قوی نہیں کیونکہ اِس کا ذکر تو پچھلی آیت میں ہو چکا (کبیر) یعنی محرم مہینوں میں دیر کرنا۔ انہیں پیچھے ہٹانا محرم کو صفر

marfat.com

وغیرہ بنانا۔ کفارِ عرب کے کفر میں اور زیادتی ہے کہ وہ حرام جانوروں کو حلال سمجھ کر بت پرستی کر کے شراب جوئے کو حلال جان کر کافر تو ہوئے تھے اب اس حرکت سے اُن کا کفر اور بڑھ گیا۔ حج بے قت کیا۔ حرام مہینہ کو صفر بنا کر حلال کر لیا وغیرہ وغیرہ۔ یُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا۔ یہ عبارت زیادہ کی صفت ہے ہماری قراءت میں یُضَلُّ مجہول ہے۔ بِهٖ میں بِ سببیہ ہے۔ ہٖ سے مُراد ہے زِیَادَۃٌ یا نَسِیٌٔ یعنی نَسِیٌٔ اور تاخیر کی وجہ سے وہ اور بھی زیادہ گمراہ کیئے جاتے ہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ گمراہ کرنے والا شیطان ہے اور گمراہی سے مراد ہے گمراہی میں زیادتی۔ اضافہ کیونکہ گمراہ تو وہ پہلے سے ہی تھے۔ بعض نے فرمایا کہ گمراہ کرنے والا یعنی اُن میں گمراہی پیدا کرنے والا۔ رَبّ تعالیٰ ہے (معانی کبیر وغیرہ) يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا۔ یہ زیادتیِ گمراہی کا بیان ہے يُحِلُّوْنَ اور يُحَرِّمُوْنَ بنا ہے اِحْلَالٌ اور تَحْرِیْمٌ سے بمعنیٰ حلال حرام کر لینا یا حلال و حرام جاننا ماننا سمجھنا۔ ہٗ کا مرجع نَسِیٌٔ ہے بمعنیٰ پیچھے ہٹانا یا ہوا مہینہ اگر وہ مصدر ہے تو بمعنیٰ مفعول ہے اور اگر صفت مشبّہ ہے تو بھی بمعنیٰ مفعول یعنی یہ لوگ ایک سال اس مہینہ کو صفر مان کر حلال جان لیتے ہیں اس میں جنگ لوٹ مار غارت گری حلال سمجھ لیتے ہیں کیسے گمراہ و بے دین ہیں۔ لِيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ۔ یہ عبارت متعلق ہے يُحِلُّوْنَ اور يُحَرِّمُوْنَ کے اور اِن دونوں کاموں کی وجہ کا بیان ہے اِس میں لَامْ۔ بمعنیٰ کے ہے۔ لِيُوَاطِـُٔوْا بنا ہے مُوَاطَاۃٌ سے بمعنیٰ موافقت یا برابری کرنا۔ اس کا فاعل وہ ہی مذکورہ کفار ہیں۔ یعنی اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا۔ عِدَّةَ بنا ہے عَدٌّ سے بمعنیٰ گنتی ماسے مراد ہیں محترم مہینے یعنی وہ لوگ یہ ہیر پھیر کر محرّم کو صفر کر دیا اور صفر کو محرّم اس لیئے کرتے ہیں تاکہ اللہ کے حرام کیئے ہوئے مہینوں کی گنتی پوری کر دیں ہر سال میں چار مہینے محترم مان لیں یعنی کہتے ہیں کہ چار مہینے پورے کر دو خواہ کوئی اور کبھی ہوں فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ۔ یہ عبارت یا تو معطوف ہے لِيُوَاطِـُٔوْا پر اور فِ عاطفہ یا اُس پر مرتّب ہے اور فِ ترتّب اور نتیجہ کی ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ اللہ کے حرام کیئے ہوئے مہینوں کو حلال کر لیتے ہیں۔ مثلاً اگر اِس سال محرّم کو صفر بنا کر اس میں جنگ وغیرہ کر لی تو محرّم کو حلال کر لیا یہ بدعملی بھی ہے اور بدعقیدگی بھی یہ تفسیر یاد رہے زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ۔ یہ فرمانِ عالی یا اُن کے پچھلے گناہوں کفریات کی وجہ سے ہے یا اُن کا ایک اور جرم یعنی یہ لوگ مذکورہ حرکتیں کر کے یہ سمجھتے ہیں کہ یہ کام اچھے ہیں ہم کو اُن پر ثواب ملے گا۔ رَبّ تعالیٰ ہماری ان حرکات سے خوش ہے چنانچہ جنادہ ابن عوف جو کفارِ عرب کا سردار اور اس تبدیلی کا موجد تھا وہ حج کے زمانہ میں اونٹ پر سوار ہو کر اعلان کرتا تھا کہ تمہارے معبودنے

marfat.com

اگلے سال محرم کو حلال کر دیا ہے پھر دوسرے سال اعلان کرتا کہ اگلے سال محرم کو حرام کر دیا ہے۔ کبھی کہتا کہ لَا مَرَدَّ لِمَا قَضَیْتَ اَنَا الَّذِیْ لَا اُعَابُ وَلَا اُحَابُ۔ یعنی میرے فیصلہ کو کوئی رد نہیں کر سکتا میں بے عیب اور بے نقصان تم کو اس سال مہینوں کے متعلق یہ حکم دیتا ہوں کہ فلاں مہینہ کو اُدھر منتقل کرو۔ وکفار کہتے لبیک یعنی حاضر جناب (خازن و رُوح المعانی) وہ لوگ اس کے اس حکم کو اللہ کا حکم سمجھتے اس فرمان عالی میں یہ بات ارشاد ہوئی۔ وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ۔ اس فرمانِ عالی میں اُن کی اِس بدعملی کا نتیجہ بیان ہوا کہ اس قسم کے کافروں کو جو کفر کو ایمان گناہوں کو نیکی سمجھیں رہِ راست کی ہدایت نہیں دیتا یا جب تک وہ اِن عقائد پر قائم رہیں اُنہیں نیک اعمال کی یا جن کا کفر پر مرنا علمِ اِلٰہی میں آچکا ہے انہیں ایمان کی ہدایت نہیں دیتا۔

**خلاصۂ تفسیر** سال کے مہینوں کو پیچھے ہٹانا۔ اُن میں تبدیلی کرنا کہ ایک سال ایک مہینہ حج کر لیا دوسرے سال دوسرے مہینہ کو ذی الحجہ کہہ کر اُس میں حج کر لیا۔ ایک سال ماہ محرم کو دوسرا مہینہ بنا کر اُس میں جنگ چوری ڈکیتی وغیرہ کر لی۔ پھر کسی اور مہینہ کو محترم مہینہ بنا کر ان حرکتوں سے باز رہے یہ کفار کے کفر میں اور اضافہ ہے کہ جیسے وہ بُت پرستی۔ مردار۔ شراب۔ جوئے۔ وغیرہ کو حلال جان کر کافر ہوئے ویسے ہی وہ اِس حرکت سے اپنے کفر میں اضافہ کرتے ہیں۔ اس حرکت سے یہ کفار گمراہی میں اضافہ کرتے ہیں کہ ایک ہی مہینہ کو ایک سال حلال بنا لیتے ہیں۔ اور اس میں جنگ و جدال قتل و غارت و خون ریزی کرتے ہیں اور دوسرے سال اسی مہینہ کو محترم بنا کر ان حرکتوں سے باز رہتے ہیں۔ صرف یہ خیال کرتے ہیں کہ چار محترم مہینوں کی سال میں گنتی پوری کر دیں۔ ان کے تعین کو جو رب تعالیٰ کی طرف سے ہے ختم کر دیں اللہ کے حرام کو حلال کر لیں پھر ابلیس نے اُن کی نگاہ میں یہ حرکتیں آراستہ کر دیں جس سے وہ یہ حرکتیں اچھی سمجھنے لگے اور خیال کرنے لگے۔ کہ اللہ تعالےٰ ہمارے ان کاموں سے راضی ہے ایسے کافروں کو اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا۔

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ چاند کے مہینوں میں تبدیلی کفر ہے۔ کیونکہ اُن سے بہت سی اسلامی عبادات وابستہ ہیں۔ حج۔ روزے۔ نماز عیدیں۔ قربانی۔ فطرہ وغیرہ ان سے وابستہ ہیں۔ مہینوں میں تبدیلی سے یہ تمام عبادتیں غلط ہو جائیں گی۔ یہ فائدہ اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ (الخ) سے حاصل ہوا۔ انگریزی ہندی مہینوں میں تبدیلی در کفر ہے نہ گناہ کہ اُس سے اسلامی نظام میں خلل نہیں پڑتا۔ دوسرا فائدہ جیسے

marfat.com

اسلامی فرائض کا انکار کفر ہے یوں ہی فرائض کے کیفیات اُن کے اوقات کا انکار کفر ہے جو نماز ظہر کی فرضیت کا انکار کرے یا کہے کہ وہ تین رکعات ہیں یا کہے کہ اس کا وقت سورج ڈوبنے پر ہے یہ سب کافر ہیں۔ نماز بھی فرض اس کی رکعات بھی فرض اس کے اوقات بھی فرض ہیں یہ فائدہ بھی اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ الخ سے حاصل ہوا کہ کفارِ عرب مہینوں میں تبدیلی کر کے حج کے وقت میں فرق کرتے تھے جسے قرآن مجید نے کفر فرمایا **تیسرا فائدہ** کفر میں زیادتی کمی ہوتی ہے بعض کفر بڑے بھاری ہیں بعض ہلکے یہ فائدہ زِیَادَۃٌ فِی الْکُفْرِ سے حاصل ہوا لہٰذا ایمان میں بھی زیادتی کمی ہوتی ہے کہ وہ کفر کا مقابل ہے مگر یہ زیادتی کمی مقدار کی نہیں بلکہ کیفیت کی ہے رب تعالیٰ نے مہینوں میں تبدیلی کرنے کو اُن کے کفر میں زیادتی قرار دیا **چوتھا فائدہ** تبدیلی مہینہ کی وجہ سے جو حج وغیرہ میں تبدیلی ہوتی تھی اس کے مجرم تبدیلی کرنے والے کفار تھے نہ کہ اس زمانہ کے مومنین یہ فائدہ یُضَلُّ بِہِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے حاصل ہوا کہ اس جرم کو کفار کے لیئے گمراہی فرمایا۔ چنانچہ مکہ مکرمہ میں قیام کے زمانہ میں حضور انور نے ایسے حج کیئے یا ۸ ہجری میں حضرت صدیق و علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما نے ذی قعدہ والا حج کیا اسے قرآن مجید نے یوم الحج الاکبر فرمایا۔ اس کا وبال کفار پر تھا نہ کہ اِن حضرات پر۔ **مسئلہ** اگر ظالم حکومت ایک دو دن پہلے حج کرا دے تو لوگوں کا حج درست ہے اس کا وبال ظالم حاکم پر ہوگا۔ جس نے یہ تبدیلی کیا یہ مسئلہ اِس آیت سے نکل سکتا ہے۔ **پانچواں فائدہ**۔ جیسے فرائض کی تعداد کی پابندی فروری ہے ایسے ہی اُن کے تعیّن کی پابندی ضروری ہے۔ اگر کوئی شخص پندرہ روزے رمضان میں رکھے اور پندرہ کسی اور مہینے میں وہ کافر ہے روزے پورے مہینے کے رکھے اور رمضان میں رکھے۔ یہ فائدہ لِیُوَاطِـُٔوْا عِدَّۃَ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ الخ سے حاصل ہوا۔ دیکھو کفارِ عرب محترم مہینوں کی تعداد تو پوری کر دیتے تھے مگر تعیّن خداوندی میں فرق کرتے تھے انہیں کافر گمراہ اِن کے اِس فعل کو گمراہی فرمایا گیا۔ **چھٹا فائدہ**۔ جو شخص اپنے بُرے اعمال کو اچھا کفر کو ایمان سمجھنے لگے اُس کی اصلاح ناممکن ہے یہ فائدہ زُیِّنَ لَھُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِھِمْ سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ** جو کوئی گناہ کو عبادت سمجھنے لگے اس کی تبلیغ کرے اُسے کبھی ہدایت نہیں ملتی یہ فائدہ وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ سے حاصل ہوا اگر آج کوئی پیر کے دن کو جمعہ بنا کر اس دن نماز جمعہ پڑھے یا ربیع الاول کو بقرعید بنا کر قربانی اور نماز عید پڑھے یا اپنے ملک میں کوئی عمارت بنا کر اُسے کعبہ کا نام دے کر اس کا حج کرے یا طواف یا کہ کوئی دو پہاڑ صفا مروہ مان کر اُن کی سعی کرے یہ سب ایسے ہی کافر ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منکر کافر و مرتد ہیں۔

پہلا اعتراض۔ کفار پر تو یہ اعتراض ہے کہ وہ محرم مہینوں کی تبدیلی کر دیتے تھے مگر مسلمانوں نے

تو اُن مہینوں کی حرمت ہی ختم کردی کہ ان میں جہاد قتال جائز کر دیا یا مسلمان ان سے بڑھ کر بے ادب ہوئے (آریہ) **جواب** یہ فرق ہم نے نہیں کیا خود رب تعالیٰ نے ہی ان مہینوں میں جہاد جائز قرار دیا اس فرقِ حکم کی حکمتیں ہم ابھی تفسیر میں عرض کر چکے۔ رب کے حکم ہم بدلیں تو مجرم ہیں خدا تعالیٰ ہی بدلے تو وہ مالک و مختار ہے رب تعالیٰ کسی بندے کو موت دے تو وہ مالک ہے ہم اسے مار دیں تو مجرم ہیں کفار خود اپنی رائے سے حکم خداوندی میں تبدیلی کرتے تھے لہٰذا مجرم تھے۔ دُوسرا اعتراض۔ کفر تو ایک بسیط چیز ہے جس کے اجزا نہیں پھر اس میں زیادتی کمی کیسی۔ **جواب** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ یہاں زیادتیِ مقدار مراد نہیں بلکہ زیادتیِ کیفیت مراد ہے یعنی آدھا پونا کافر کوئی نہیں سب پورے ہی کافر ہیں مگر بعض سخت تر کافر ہیں بعض ہلکے کافر جیسا ایمان کا حال ہے کہ بعض ضعیف الایمان مومن بعض قوی الایمان۔ تیسرا اعتراض۔ یہاں ارشاد ہوا کہ اللہ تعالیٰ کافر قوم کو ہدایت نہیں کرتا مگر دیکھا جاتا ہے کہ ہزار کافر مومن ہو جاتے ہیں۔ **جواب** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ یا تو کفار سے وہ کافر مراد ہیں جن کا کفر پر مرنا علمِ الٰہی میں آچکا۔ ایسے کافروں کو ہدایت نہیں ملتی یا کفار جب تک کافر ہیں انہیں نیک اعمال کی ہدایت نہیں ملتی وغیرہ۔ چوتھا اعتراض یہاں ارشاد ہوا۔ کہ مہینوں کی تبدیلی سے کافر گمراہ ہوئے ، کافر تو پہلے ہی گمراہ ہیں پھر انہیں گمراہ کیئے جانے کا مطلب کیا اگر وہ پہلے ہدایت پر ہوتے تو گمراہ ہونا درست ہوتا۔ **جواب** اس فرمانِ عالی کا مطلب یا یہ ہے کہ اس سے اُن کے گمراہی میں اور زیادتی ہو جاتی ہے۔ جیسے ہم دُعا کرتے ہیں۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ خدایا ہم کو سیدھے راستہ کی ہدایت دے حالانکہ بفضلہٖ تعالیٰ ہم ہدایت پر ہیں۔ مسلمان ہیں۔ یا مطلب یہ ہے کہ ایک قسم کی گمراہی اور انہیں اب ملتی ہے۔ اس سے پہلے اور بہت سی قسم کی گمراہیوں میں تھے۔ ایک کافر میں بہت گمراہیاں ہوتی ہیں عقائد کی گمراہیاں بھی بہت ہیں۔ اعمال کی گمراہیاں بھی بہت۔ پانچواں اعتراض یہاں گمراہی کے لیئے کفار کی قید کیوں لگائی جو بھی غلط حج کرے وہ گمراہ ہے اگرچہ اپنے کو مسلمان کہے **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر کے فوائد میں گذر گیا۔ کہ اس زمانہ میں جو مومنین یہ ہی بے وقت حج کرتے تھے وہ گمراہ نہ تھے بلکہ غلط حج کرنے والے مہینوں میں تبدیلی کرنے والے کفار ہی گمراہ تھے ہجرت سے پہلے حضورِ انور نے فتح مکہ کے بعد ۸ھ میں ابوبکر صدیق نے ذی قعدہ میں بلکہ ولادت پاک سے پہلے جناب آمنہ و عبداللہ و عبدالمطلب وغیرہم نے رجب وغیرہ میں حج کیئے وہ مطلقاً گمراہ نہیں ہوئے۔ چھٹا اعتراض۔ یہاں یہ کیوں فرمایا گیا۔ لِيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ (الخ)۔ کہ تاکہ وہ محترم مہینوں کی گنتی پوری کر دیں۔ کیا گنتی پوری کرنا بھی گمراہی ہے یہ تو بالکل برحق ہے **جواب** اس فرمانِ عالی کا مقصد یہ ہے۔ کہ کفار محترم مہینوں کی شمار تو پوری کر دیتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ کے تقرر و تعین کو بگاڑتے ہیں لہٰذا

شمار پوری کرنا اُن کے لیئے کچھ مفید نہیں۔ جیسے کوئی شخص دِن رات میں نمازیں پانچ تو پڑھے مگر سُورج ڈوبنے پر ظہر عشا کے وقت ہی عصر فجر کے وقت مغرب پڑھے۔ ان ہی وقتوں کو ان نمازوں کے اوقات سمجھے وُہ ایسا کافر ہے جیسے نماز کی فرضیت کا منکر کافر اللہ کی حلال کردہ چیزوں کو حلال اور حرام کردہ چیزوں کو حرام جاننا فرضِ عین ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** کفارِ عرب سال میں چار مہینے محترم سمجھ کر ان میں مخلوق کو ستانے لوٹ مار کرنے قتل و غارت سے باز رہتے تھے مومنوں کو چاہیئے کہ سال کے بارہ مہینوں میں زبان قلم۔ ہاتھ وغیرہ کے ذریعہ مسلمانوں کی آزادی سے باز رہیں کیونکہ ایذا کا بدلہ ایذا ہے رحم کا بدلہ رحم **شعر**

آزار دِل خلق مجو بے سببی — تا برنکشند یار بی نیم شبی
بر مال و جمالِ خویشتن تکیہ مکن — کانرا بشبے برند وایں را بر تبی

مخلوق کو نہ ستا ورنہ تیری دُعاءِ نیم شبی آسمان تک نہ پہنچے گی۔ اپنے مال و جمال پر بھروسہ نہ کر مال ایک رات میں اور جمال ایک بخار میں ختم ہو جاتا ہے۔ (رُوح البیان) جس ساعت میں نیک عمل کی توفیق مل جائے وُہ ہی ساعت ماہ محرم کی طرح محترم ہے اور جس ساعت میں گناہ سرکشی ہو وہ ہی منحوس ہے جیسے سال میں چار مہینے محترم ہیں ایسے ہی دن رات کی چند ساعتیں محترم ہیں۔ پانچ نمازوں کے اوقات تہجد کی گھڑیاں۔ ناشکرا ہے وُہ جو اِن ساعتوں میں تبدیلی کرے کہ انہیں دنیا طلبی یا گناہوں میں صرف کرے اور عبادات و ریاضات کو دُوسرے وقت پر موقوف رکھے کہ بڑھاپا آئے گا تو توبہ اور عبادت کریں گے۔ جس رات کی قدر کر لو وُہ ہی شب قدر ہے۔ شعر

مانگ لے مانگ لے چشم تر مانگ لے — مانگ لے اُن کی میٹھی نظر مانگ لے
کل کے آقا کی نگری میں گھر مانگ لے — مانگنے کا مزہ آج کی رات ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انْفِرُوا

اے وہ لوگو جو ایمان لا چکے کیا حال ہے تمہارا جب کہا جاتا ہے تم سے کہ نکلو
اے ایمان والو تمہیں کیا ہوا جب تم سے کہا جاوے خدا کی راہ کو چلو تو بوجھ کے

marfat.com

| |
|---|
| فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِیْتُمْ |
| اللہ کی راہ میں تو بوجھل ہو جاتے ہو تم طرف زمین کے کیا راضی ہو گئے |
| مارے زمین پر بیٹھ جاتے ہو کیا تم نے دنیا کی زندگی |
| بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ |
| دنیاوی زندگی سے بمقابلہ آخرت کے پس نہیں ہے سامان |
| آخرت کے بدلہ پسند کر لی اور چین دنیا کا اسباب آخرت کے، نہیں مگر |
| الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِیْلٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا یُعَذِّبْكُمْ |
| دنیاوی زندگی کا بمقابلہ آخرت کے مگر تھوڑا اگر نہ نکلو گے تم تو عذاب دے گا |
| تھوڑا اگر نہ کوچ کرو گے تو تمہیں سخت |
| عَذَابًا اَلِیْمًا ۙ وَّیَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ وَلَا |
| تم کو عذاب دردناک اور بدل دے گا قوم کو جو سوا تمہارے ہے اور نہ |
| سزا دے گا اور تمہاری جگہ اور لوگ لے آئے گا اور تم اُس کا کچھ |
| تَضُرُّوْهُ شَیْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۳۹﴾ |
| نقصان دو گے تم اس کو کچھ اور اللہ اور ہر چیز کے قدرت والا ہے |
| نہ بگاڑ سکو گے اور اللہ سب کچھ کر سکتا ہے |

**تعلق**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق۔ پچھلی آیات میں کفار کے عیوب بیان کئے گئے اب مسلمانوں کو اُن پر جہاد کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے تاکہ دنیا سے یہ عیوب مٹیں گویا عیوب کا ذکر پہلے ہوا اب عیوب مٹانے والے جہاد کا ذکر ہے سورج سے رات دور ہوتی ہے نازی کے جہاد سے کفر وغیرہ زمین سے دور ہوتے ہیں۔ دوسرا تعلق۔ پچھلی آیات میں ذکر تھا کہ ہر زمانہ میں جہاد کرو کسی مہینہ میں تم پر روک ٹوک نہیں۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ اعلان جہاد ہوتے ہی جہاد کے لیے نکلو مہینے وغیرہ کا بہانہ نہ کرو تیسرا تعلق۔ پچھلی آیات میں ان لوگوں کا ذکر ہوا جو محبت دنیا کی وجہ سے دین برباد کر لیتے تھے مہینوں کی تبدیلی اسی محبت دنیا کی بنا پر تھی اب مسلمانوں کو محبت

marfat.com

دنیا سے روکا جارہا ہے اور آخرت کی طرف مائل کیا جارہا ہے۔

**شانِ نزول** جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ غزوۂ حنین۔ اوطاس اور فتحِ طائف اور عمرۂ جعرانہ سے فارغ ہوکر مدینہ منورہ تشریف لائے کچھ قیام فرمایا تو خبر لگی کہ رومی لشکر بڑی تعداد میں شام کے شہر تبوک اور اُس کے آس پاس مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیئے جمع ہوئے ہیں تو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ اُن کو پیش قدمی نہ کرنے دیں بلکہ تبوک پہنچ کر وہاں ہی اُن پر جہاد کریں اس جہاد کی علانیہ تیاری فرمادی۔ اپنے ارادے سے مسلمانوں کو مطلع فرمادیا کہ ہم نے تبوک پر حملہ کرنا ہے اس سے پہلے اکثر مقام جہاد کو ظاہر نہیں فرمایا جاتا تھا بلکہ بطورِ توریہ حملہ کرنا کہیں ہوتا تھا اور اشارۃً اظہار دوسری طرف کا۔ چونکہ تبوک مدینہ منورہ سے بہت دُور چودہ منزل تقریباً پانچ سو میل پر تھا موسم سخت گرم تھا۔ اہل مدینہ کے کھجور کے باغات تیار تھے اس لیئے صاف صاف اعلان فرمادیا تاکہ مسلمان پوری تیاری کریں۔ یہ جہاد منافقوں پر عموماً اور بعض صحابہ کرام پر خصوصاً گراں۔ (بھاری) معلوم ہوا بہرحال حضور انور نے رجب ۹ھ ہجری میں تیس یا چالیس ہزار کا لشکر جرار لے کر کوچ فرمایا۔ جس میں دس ہزار گھوڑے تھے۔ اس غزوہ کے موقعہ پر حضرت عثمان غنی نے دس ہزار مجاہدوں کو سامانِ جہاد دیا۔ دس ہزار اشرفیاں نو سو اونٹ سو گھوڑے مع سامان دیئے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے اپنا سارا مال چندہ میں دے دیا۔ گھر میں جھاڑو دے ڈالا۔ اس کی مالیت چار ہزار درہم تھی۔ حضرت عمر نے آدھا مال حضرت عبدالرحمٰن ابن عوف نے سو اوقیہ حضرت عباس و طلحہ نے بھی بھاری چندہ دیا۔ عورتوں نے زیور اُتار دیئے۔ حضورِ انور نے مدینہ منورہ کے انتظام کے لیئے حضرت علی اور محمد ابن مسلمہ انصاری کو چھوڑا۔ اس لشکر میں عبداللہ ابن ابی منافق مع اپنے ساتھیوں کے روانہ تو ہوا مگر ثنیۃ الوداع سے ہی لوٹ آیا۔ اس جہاد میں بڑا جھنڈا حضرت صدیق اکبر کو دیا گیا۔ دوسرا حضرت زبیر کو قبیلہ اَوس کا جھنڈا اسید ابن حضیر کو۔ خزرج کا جھنڈا حباب ابن منذر کو۔ اس غزوہ کو منافقین تو گئے۔ نہیں بعض مسلمان ارادہ کرتے ہی رہ گئے شریک نہ ہوسکے اُن مسلمانوں کے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں (تفسیر صادی۔ وخزائن العرفان روح البیان وغیرہ) اس غزوہ کا نام غزوۂ عسرت اور غزوۂ فاضحہ بھی ہے۔۔ کیونکہ اِس موقعہ پر مسلمان بہت تنگی میں تھے اور اِس غزوہ نے منافقوں کو رسوا کردیا۔ (روح البیان) جب حضور انور تبوک پہنچے تو وہاں پانی کا ایک چشمہ تھا جس میں پانی بہت تھوڑا تھا۔ حضور انور نے اُس میں کلی کی جس سے پانی بہت زیادہ ہوگیا۔ اسلامی لشکر اور اُس کے تمام جانور سیر ہوگئے۔ ہرقل شاہ محروم نے حضور انور کا مقابلہ نہ کیا۔ رومی فوجیں واپس چلی گئیں۔ جنگ کی نوبت نہ آئی۔ حضور انور نے حضرت خالد ابن ولید کو پچاس سوار سے

marfat.com

زیادہ سوار دے کر بھیجا دومۃ الجندل کے حاکم اکیدر پر حملہ کرنے کے لیے۔ فرمایا۔ اسے نیل گائے کے شکار میں ہی پکڑ لو۔ چنانچہ آپ اسے گرفتار کر کے لے آئے۔ حضور انور نے اس پر جزیہ مقرر کر کے اسے چھوڑ دیا۔ یوں ہی ایلہ کے حاکم پر اوّلاً اسلام پیش کیا جسے اس نے قبول نہیں کیا اسے بھی جزیہ پر چھوڑ دیا گیا۔ یہ جہاد پوری آزمائش کا ذریعہ تھا۔ (خزائن العرفان) حضور انور نے تبوک میں تقریباً بیس دن قیام فرمایا۔ اس موقعہ پر ایلہ کے حاکم نے حضور انور کو سفید خچر تحفۃً پیش کیا جو قبول فرما لیا گیا حضور انور نے اسے ایک چادر عنایت فرمائی۔ جو اس نے بصد شکریہ قبول کی۔ (صاوی) اس غزوہ سے رہ جانے والے تین صحابہ حضرت کعب ابن مالک، ہلال ابن امیہ۔ مرارہ ابن ربیع کا واقعہ ان کا مکمل بائیکاٹ اس غزوہ میں ہوا جن کا ذکر اگلی آیتوں میں آرہا ہے انہیں کی توبہ کا ذکر اس سورۃ میں ہے اس وجہ سے اس سورۃ کا نام توبہ ہے۔ غزوۂ تبوک حضور کا آخری جہاد ہے۔

تفسیر:۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ چونکہ غزوۂ تبوک بعض طبیعتوں پر بہت دشوار تھا کہ سفر دراز۔ موسم گرم۔ مسلمانوں کے پاس سامان تھوڑا۔ مقابلہ روم و شام کی جرار فوجوں سے۔ کھجوریں پکنے ان کے توڑنے کا موقعہ جس پر سال بھر گزارہ اس لیے اس مضمون کو مومنین کے خطاب سے شروع فرمایا کہ اس پیارے خطاب کی لذت سے یہ مشکل آسان ہو اس خطاب میں حضرت صدیق اکبر و فاروق جیسے جلیل الشان صحابہ کرام داخل ہیں۔ مَا لَكُمْ یہ فرمانِ عالی لفظاً سوال ہے حقیقتہً سرزنش یعنی تم کو آج ہو کیا گیا تم تو وہ ہو جنہوں نے بدر و حنین جیسے معرکے سر کیے جو اُحد و اَحزاب جیسے غزوات میں صابر رہے آج اپنی روایتی شجاعت دیری بہادری کیوں نہیں دکھاتے۔ (روح البیان و معانی) اِذَا قِیْلَ لَكُمْ کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہنے والے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں یا حضور کی طرف سے کوئی اعلانِ جہاد کرنے والا۔ یا خود خدا تعالیٰ۔ کیونکہ حضور کا قول رب تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اِنْفِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ یہ ہے قیل کا مقولہ اِنْفِرُوْا بنا ہے نَفْرٌ سے بمعنی کسی ضروری کام کے لیے نکلنا اس سے ہے نَفِیْرٌ یعنی اعلانِ جہاد یا مجاہدین کی سرکف جماعت۔ یہاں سبیل اللہ سے مراد غزوۂ تبوک ہے جیسا کہ شانِ نزول سے معلوم ہوا۔ اِثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ یہ فرمانِ عالی اذا قیل کی جزا مر ہے۔ اِثَّاقَلْتُمْ اصل میں تَثَاقَلْتُمْ تھا بابِ تفعّل کا ماضی ت کا ث میں ادغام ہوا الف زائدہ اوّل میں بڑھایا گیا۔ اس کا مادہ ثِقْلٌ ہے یعنی بوجھ۔ اِثَّاقَلَ کے معنیٰ ہیں بوجھل ہو کر زمین پر بیٹھ رہنا چونکہ اس میں میلان کے معنیٰ شامل ہیں اس لیے اس کے بعد الی ارشاد ہوا ارض سے مراد مطلقاً زمین ہے یا زمینِ مدینہ کہ اس وقت مدینہ منورہ میں بلا عذر رہنا ممنوع تھا۔ اور ممکن ہے کہ ارض سے مراد دنیا

marfat.com

اور اس کی زینت ہو (روح المعانی) اس تیسرے معنی کی تائید اگلے مضمون سے ہو رہی ہے۔ فرمایا گیا۔ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ۔ اس فرمانِ عالی میں بھی بظاہر سوال ہے درحقیقت عتاب اور سرزنش ہے۔ رضا سے مُراد پسند کرنا ہے۔ حیٰوۃِ دنیا سے وہ زندگی مراد ہے جو نفس کے لیے ہو جو زندگی آخرت کی تیاری کے لیے ہو وہ تو حیاۃِ آخرت اور عینِ دین ہے مِنَ الْاٰخِرَۃِ میں مِن بمعنی عوض یا بدل ہے رَب فرماتا ہے لَجَعَلْنَا مِنْکُمْ مَّلٰٓئِکَۃً۔ مِّنْکُمْ بمعنی بَدَلَکُمْ (روح البیان و معانی) آخرت سے مراد جنت اور وہاں کی نعمتیں ہیں جو آخرت میں یعنی بعد موت دوسرے جہان میں ملیں گی۔ فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَلِیْلٌ۔ ظاہر یہ ہے کہ فی میں فِ علت اور وجہ کی ہے اور یہ فرمانِ عالی ایک پوشیدہ کلام کی وجہ ہے یعنی تم غلطی کرتے ہو۔ کیونکہ دنیاوی سامان آخرت کے مقابلہ میں بہت تھوڑا اور حقیر ہے چند وجہ سے ع۱ دنیاوی سامان آخرت کے مقابلہ بہت کم ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دنیا آخرت کے مقابل ایسی ہے جیسے کوئی شخص سمندر میں اپنی انگلی ڈالے جس سے انگلی تر ہو جاوے تو انگلی کی تری کو سمندر سے جو نسبت ہے وہ دنیا کو آخرت سے نسبت ہے۔ کہ دنیا کی نعمتیں مصیبتوں سے مخلوط ہیں آخرت کی نعمتیں خالص ع۲ دنیا اور اس کی نعمتیں فانی ہیں جو آناً فاناً فنا ہو جاتی ہیں آخرت کی نعمتیں ابدالآباد تک باقی خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا لہٰذا چاہیئے کہ آخرت کے مقابل دنیا کو قبول نہ کیا جاوے۔ ہاں اگر دنیا آخرت سے وابستہ ہو جاوے تو وہ بھی باقی ہے وَالْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ یہاں تک جہاد کے فوائد ارشاد ہوئے کہ یہ آخرت ملنے کا ذریعہ ہے اور آخرت دنیا سے بہتر ہے اب تصویر کا دوسرا رُخ دکھایا جا رہا ہے یعنی جہاد نہ کرنے کا وبال اِلَّا تَنْفِرُوْا یُعَذِّبْکُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا۔ ظاہر یہ ہے کہ اس فرمانِ عالی میں خطاب اُن حضرات صحابہ سے ہے جنہیں غزوۂ بدر بھاری معلوم ہوا اور ہو سکتا ہے کہ تا قیامت سارے مسلمانوں سے خطاب ہو اگر جماعت صحابہ سے خطاب ہے تو گویا غیر واقع چیز پر غیر واقع چیز کو موقوف کیا جا رہا ہے کیونکہ وہ حضرات حضورِ عالی کے فرمان پر ضرور جہاد کے لیے نکلے اِلَّا حرفِ استثناء نہیں بلکہ اِنْ شرطیہ اور لَا نافیہ کا مجموعہ ہے تَنْفِرُوْا میں نفر سے مراد یا تو غزوۂ تبوک نہ جانا ہے یا آئندہ جہادوں میں۔ ظاہر ہے کہ دردناک عذاب سے مراد دنیاوی عذاب ہو مسلمانوں کا کمزور ہو جانا کفار کا غلبہ دنیا میں فساد قحط سالیاں وغیرہ کہ جہاد چھوڑنے سے یہ وبال دنیا میں آجاتے ہیں۔ (روح المعانی وغیرہ) اور ہو سکتا ہے کہ اس سے عذاب آخرت مراد ہو مگر پہلا احتمال قوی ہے کیونکہ فاسق مومن کو بھی آخرت میں کچھ روز کے لیے عذاب ہوگا مگر عذابِ الیم نہ ہوگا۔ اس لیے ترک جہاد کی دوسری سزا یہ ہے۔ وَیَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ یہ عبارت معطوف ہے۔ یُعَذِّبْکُمْ الخ پر اور جزاء ہے اِلَّا کی استبدال کے معنی ہیں کسی کے بدلہ میں دوسرے کو

marfat.com

کو لے آتا۔ قوم سے مراد مسلم قوم نہ کہ کفار غَیْرَکُمْ فرما کر یہ بتایا کہ تم کو ہلاک کر کے تمہاری جگہ جو دوسری قوم ہو گی۔ جیسے شام یمن فارس وغیرہ (جیسا کہ سعید ابن جبیر وَغَیْرُھُمْ۔ مفسرین سے مروی ہے یعنی تمہاری جگہ ان میں کوئی قوم اسلام کی خدمت کے لیے مقرر کر دی جاوے گی۔ اور پھر وَلَا تَضُرُّوْہُ شَیْئًا۔ عام مفسرین فرماتے ہیں کہ ضمیر رب تعالیٰ کی طرف ہے مگر تفسیر خازن نے فرمایا کہ اس سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ یعنی تم لوگ اللہ تعالیٰ کو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکو گے۔ اپنا ہی بگاڑو گے۔ اُن کا سورج ہمیشہ ہی چڑھتا رہے گا۔ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ یہ فرمانِ عالی گذشتہ مضمون کی وجہ اور علت ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے جس قوم سے چاہے دین کی خدمت لے لے تم اس کے رسول کے۔ اُس کے دین کے محتاج ہو وہ تمہارے محتاج نہیں لہٰذا اگر تم سے خدمتِ دین لے لی جاوے تو غنیمت جانو۔

**خلاصۂ تفسیر** اے مسلمانو۔ تم کو ہو کیا گیا کہ جب تم کو ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کے لیے روانگی کا حکم دیتے ہیں تو تم ہمت ہاری باتیں کرتے ہو بوجھل ہو کر زمین پکڑے جاتے ہو تم نے ہی بدر و حنین کے میدان جیتے تم نے ہی اُحد و احزاب کی مشقتیں برداشت کیں۔ اب تم کو کیا ہو گیا کیا تم اخروی ثواب کے مقابلہ میں دنیاوی یہاں کے عیش و آرام میں راغب ہو گئے۔ حالانکہ کیفیت یہ ہے کہ آخرت کے مقابلہ دنیا بہت تھوڑی بھی۔ فانی بھی اور آفات سے گھری ہوئی بھی آخرت بہت اور باقی اور خالص آرام کی جگہ ہے تم یہ بھی خیال رکھو کہ اگر تم نے ہمارے حبیب کے حکم پر جہاد میں جانا چھوڑ دیا آرام طلب ہو گئے تو تم کو دنیا میں اس کی سزا بھی بھگتنا پڑے گی کہ تم مغلوب دشمن غالب تم محکوم وہ حاکم ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ تم کو ہلاک کر کے دوسری مسلمان قوم تمہاری جگہ دین کی خدمت کے لیے فرما دے گا جو دین کی خدمت کریں گی تم اللہ رسول کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے۔ اپنا ہی بگاڑو گے۔ دیکھ لو مکہ معظمہ کے سردارانِ قریش نے اسلام کا مقابلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنی کی تو مدینہ والوں کو خدمتِ دین کے لیے کھڑا کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے جسے چاہے خدمتِ دین کی توفیق دے۔ نوٹ ضروری۔ بعض لوگوں نے کہا کہ یہ آیت کریمہ منسوخ ہے اس کی ناسخ وہ آیت ہے وَمَا کَانَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اَنْ یَّنْفِرُوْا کَآفَّۃً (الخ) کیونکہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سارے مسلمانوں کو جہاد کے لیے نکلنا ضروری اس ناسخ آیت نے فرمایا کہ نہیں بلکہ بعض مسلمان نکلیں مگر قوی یہ ہے کہ یہ آیت محکم ہے اس میں خطاب ان لوگوں سے ہے جن کو جہاد میں جانے کا حکم دیا گیا۔ واقعی اُن سب پر نکلنا تا قیامت واجب ہے (تفسیر خازن)

marfat.com

**فائدے** اِن آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ مسلمان کسی گناہ سے کافر نہیں ہوتا یہ فائدہ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے حاصل ہوا۔ دیکھو جہاد میں سستی کرنا گناہ ہے مگر یہاں سستی کرنے والوں کو مومن فرمایا گیا۔ دوسرا فائدہ شریعت مطہرہ کے بھاری فرمانوں اور سخت عبادات سے غیر اختیاری بوجھ کا محسوس ہونا جسے طبعی کراہت کہتے ہیں یہ فسق بھی نہیں جیسے کسی کو سردی کے موسم میں ٹھنڈے پانی سے وضو بھاری معلوم ہو یا جہاد گراں محسوس ہو۔ یہ معاف ہے یہ فائدہ اِثَّاقَلْتُمْ اِلَی الْاَرْضِ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے حضرات صحابہ کے بوجھل ہونے کا ذکر تو فرمایا مگر نہ تو ان کو فاسق کہا نہ توبہ کا حکم دیا۔ کیونکہ یہ اختیاری طبعی کراہت تھی۔ ہاں کسی حکم سے نفرت کفر ہے یہ فرق خیال رہے۔ تیسرا فائدہ حضور انور کی رضا کے بغیر زمین مدینہ میں رہنا فائدہ مند نہیں۔ مدینہ اُس کے لیئے مدینہ ہے جس سے مدینہ والا راضی ہو صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہ فائدہ بھی اِثَّاقَلْتُمْ اِلَی الْاَرْضِ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ جب کہ اَلْاَرْضُ سے مراد زمینِ مدینہ ہو کہ اُن حضرات پر اس لیئے عتاب ہوا کہ انہوں نے اِس جہاد کے دوران مدینہ منورہ میں رہنا چاہا۔ چوتھا فائدہ آخرت کے مقابلہ میں دنیا چاہنا اس سے راضی ہونا بُرا ہے یہ فائدہ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا الخ سے حاصل ہوا۔ ہاں آخرت کے لیئے دنیا حاصل کرنا اِس لیئے دُنیا چاہنا کہ یہ آخرت کے اعمال جمع کرنے کا ذریعہ ہے یہ بہت اچھا ہے۔ پانچواں فائدہ دنیا کتنی بھی زیادہ ہو مگر تھوڑی ہے آخرت کتنی ہو مگر زیادہ ہے یہ فائدہ اِلَّا قَلِیْلٌ سے حاصل ہوا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت میں کمان رکھنے کی جگہ دُنیا وَمَا فِیْھَا سے بہتر ہے اور یہ ظاہر ہے کیونکہ باقی اعلیٰ ہے فانی سے۔ خالص ثواب اعلیٰ ہے اُس سے جو معصیتوں سے مخلوط ہو۔ چھٹا فائدہ۔ جہاد چھوڑنا دنیاوی تکالیف اور اُخروی سزا کا باعث ہے یہ فائدہ اِلَّا تَنْفِرُوْا الخ سے حاصل ہوا دنیا میں سپاہی قوم ہی زندہ رہ سکتی قوم کا غلبہ۔ دین کی عزت دشمنوں کی مغلوبیت جہاد کے ذریعہ سے ہے۔ ساتواں فائدہ انشاء اللہ دین اسلام قائم رہے گا۔ ہم رہیں یا نہ رہیں ہم سے پہلے بھی دین تھا۔ ہمارے بعد بھی رہے گا۔ دین کی گاڑی اللہ رسول کے کرم پر چلتی رہے گی۔ اِس کی خدمت کے لیئے قومیں پیدا ہوتی رہیں گی اِس باغ کے لیئے مالی آتے ہی رہیں گے۔ یہ فائدہ یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ سے حاصل ہوا

**پہلا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام جہاد کے موقعوں پر بزدلی دکھاتے تھے دیکھو ارشاد ربانی ہے۔ اِثَّاقَلْتُمْ اِلَی الْاَرْضِ۔ دین میں بزدلی کفر ہے لہٰذا وہ مومن نہ تھے۔ (شیعہ) **جواب** انہیں رب تعالیٰ نے اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کہہ کر پکارا پھر انہیں فاسق

marfat.com

نہ فرمایا انہیں توبہ کا حکم نہ دیا جس سے معلوم ہوا کہ اُن کی یہ سستی یا طبعی کراہت نہ کفر تھی نہ فسق ہاں انہیں جوش دلانے کے لیئے ظاہری عتاب فرمایا۔ اس عتاب میں بھی کرم ہے پھر اُن ہی حضرات نے تمام جہادوں میں فتح حاصل کیں اسلام پھیلایا۔ دوسرا اعتراض۔ نماز میں سستی کفر ہے رب فرماتا ہے فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ۔ جب نماز میں سستی کفر ہے اور اس کی سزا دوزخ کا ویل ہے تو جہاد میں سستی کفر کیوں نہیں یہاں ارشاد ہوا۔ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ سَاهُوْنَ اور اِثَّاقَلْتُمْ میں کیا فرق ہے۔ جواب اس کا جواب ابھی فوائد میں گذرا کہ کراہت اور نفرت میں فرق ہے۔ تمہاری کی پیش کردہ آیت میں منافقین کا ذکر ہے جیسے رب نے ان الفاظ سے شروع فرمایا اور آیت اَلَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ (الخ) وہ بدنصیب نماز کو محض بیکار سمجھتے تھے مسلمانوں کے ڈر سے الٹی سیدھی ادا کر لیتے تھے۔ یہاں طبعی گرانی کا تذکرہ ہے سَاهُوْنَ اور اِثَّاقَلْتُمْ میں یہ فرق ہے یہ ضرور خیال رہے اس گرانی طبع کے ساتھ جو نیکی کی جاوے اس کا ثواب بہت زیادہ ہوتا ہے جاڑوں کی نمازِ عشا و فجر کا ثواب یوں ہی بیمار کی مسجد میں حاضری۔ گرمی میں جہاد ان سب کا ثواب کیوں زیادہ ہے اس گرانی کی وجہ سے۔ تیسرا اعتراض۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ دنیاوی زندگی بری چیز ہے اسے پسند کرنا برا۔ یہ تو حضراتِ انبیاء کرام اولیاء اللہ کو بھی ملتی ہے اگر یہ بری ہے تو انہیں کیوں عطا ہوئی **جواب** آخرت کے مقابل دنیا کی زندگی واقعی بری ہے آخرت کے لیئے دنیا کی زندگی اچھی ہے کہ یہ دنیا عین دین ہے۔ اُن حضرات کی زندگی آخرت کے لیئے ہوتی ہے **چوتھا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جہاد میں سستی کرنے والوں کو عذابِ الیم دیا جاوے گا جو کفار کے لیئے خاص ہے اگر یہ مومن ہیں۔ تو انہیں کافروں والا عذاب کیوں۔ جواب یہاں عَذَابٍ اَلِيْمٌ سے مراد دنیا کی تکالیف ہیں قحط سالی مغلوبیت دشمنوں کا غلبہ وغیرہ واقعی جہاد چھوڑ دینے یا اس میں سستی کرنے سے یہ سزائیں ملتی ہیں جیسا کہ تجربہ ہے۔ **پانچواں اعتراض** یہاں قَوْمًا غَيْرَكُمْ کیوں ارشاد ہوا۔ قَوْمًا اٰخَرَ فرمانا بھی کافی تھا یعنی دوسری قوم۔ وہ لفظ بھی چھوٹا تھا۔ جواب فرمانِ عالی کا مقصود یہ ہے کہ تمہاری جگہ خدمتِ اسلام کے لیئے جو دوسری قوم لائی جائے گی وہ تمہاری اولاد یا تمہارے بھائی بند بلکہ تمہارے ہم وطن نہ ہوں گے بلکہ بالکل تمہارے غیر ہوں گے جیسی فارسی یمنی لوگ تاکہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ آخر کار ہماری ہی قوم نے خدمتِ اسلام کی۔

**تفسیر صوفیانہ** سفر دو قسم کے ہیں۔ سفرِ دنیا کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اَلسَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ السَّقَرِ یہ سفر دوزخ کا ٹکڑا ہے۔ سفرِ آخرت کے متعلق یہاں ارشاد ہوا اِلَّا تَنْفِرُوْا (الخ)۔ یعنی نفر کہتے ہیں اگرچہ مسافر دنیا کے سفر میں تکلیف اٹھائے مگر جب گھر پہنچ کر

marfat.com

سب کو بخریت پائے تو سفر کے رنج وغم بھول جاتا ہے۔ یوں ہی مسافرِ آخرت جب اس سفر کے بعد ظفر دیکھتا ہے تو خوش ہو جاتا ہے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ صبح یا شام اللہ کی راہ میں جانا دنیا وَمَا فِیْهَا سے بہتر ہے سفرِ آخرت بہت طرح کے ہیں۔ طلبِ علم دین کے لیئے۔ حج کے لیئے جہاد کے لیئے۔ اللہ کے محبوب بندوں کی ملاقات کے لیئے سفر۔ سب سفرِ آخرت ہیں۔ اس سفر سے جی چرانا۔ گویا اِثَّاقَلَ اِلَى الْاَرْضِ یعنی پستی کی طرف جھکنا۔ اس کے لیئے زندگی حیوٰۃِ دنیا بلکہ اس کی قلیل متاع (تھوڑا سامان) ہے مسافرِ آخرت کے لیئے زندگی حیوٰۃِ آخرت ہے جسے موت بھی فنا نہیں کر سکتی بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۔ صوفیاء فرماتے کہ جیسے جہاد سے جان چرانے میں تبدیلیِ ذوات کا خطرہ ہے یوں ہی مجاہدۂ نفس سے جان چرانے سے تبدیلیِ صفات کا اندیشہ ہے کہ ایسا انسان انسانی صفات سے محروم ہو کر اپنے میں شیطانی صفات پیدا کرتا ہے اور اگر انسان مجاہدہ کرتا رہے تو انشاء اللہ اُس میں ملکی صفات پیدا ہو جاتے ہیں۔ شعر

خام را طاقتِ پروانۂ پر سوختہ نیست ناز کانرا نہ رسد شیوۂ جاں افشانی

راحت چھوڑ۔ مشقت اختیار کرنے سے انسان دینی دنیاوی مُرادیں پا لیتا ہے۔ (روح البیان)

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ

اگر نہ مدد کرو گے تم اُن کی پس بے شک مدد کی ان کی اللہ نے جب باہر کیا انہیں اُن لوگوں نے

اگر تم محبوب کی مدد نہ کرو تو بیشک اللہ نے ان کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت

كَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ

جنہوں نے کفر کیا دوسرے دو میں کے جب وہ دونوں تھے غار میں جب کہتے تھے

سے انہیں باہر تشریف لے جانا ہوا صرف دو جان سے جب وہ دونوں غار میں تھے

لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ

واسطے ساتھی کے اپنے نہ غم کر بیشک اللہ ساتھ ہے ہمارے پس اتارا اللہ نے

جب اپنے یار سے فرماتے تھے غم نہ کھا بیشک اللہ ہمارے ساتھ ہے تو اللہ نے

marfat.com

سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَ

سکون اپنا اِس پر اور مدد کی اُن کی اُن لشکروں سے کہ نہ دیکھا تم نے انہیں اور

اپنا سکینہ اوتارا اور ان فوجوں سے اُس کی مدد کی جو تم نے نہ دیکھیں اور

جَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ

کردی بات ان کی جنہوں نے کفر کیا نیچی اور بات

کافروں کی بات نیچی ڈالی اور اللہ کا ہی بول

اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾

اللہ کی وہ ہی بلند ہے اور اللہ ہے غالب حکمت والا

بالا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے

**تعلق**:- اس آیتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق** پچھلی آیت میں رب تعالیٰ کی بے نیازی کا ذکر ہوا کہ وہ اپنے اِسلام کو بہر حال پھیلائے گا۔ خواہ تم مدد کرو یا نہ کرو اب اس کا ثبوت واقعۂ ہجرت سے دیا جا رہا ہے کہ مکہ والے قریباً سارے ہی اِسلام کے خلاف تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنا چاہا۔ مگر ناکام رہے اور ان کا دین پھیلا۔ گویا مستقبل کے متعلق دعویٰ پہلے تھا اور ماضی سے اس کا ثبوت اب دیا جا رہا ہے۔ **دوسرا تعلق** - پچھلی آیات کریمہ میں ارشاد ہوا کہ اگر تم جہاد نہ کرو گے تو رب تعالیٰ بجائے تمہاری دوسری قوم سے اسلام کی خدمت لے گا۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ انسانوں پر ہی موقوف نہیں ہم چاہیں تو جانوروں سے اپنے نبی کی حفاظت کا کام لے لیں اس لیئے ہجرت کا واقعہ بیان فرمایا جا رہا ہے جس میں مکڑی کے جالے اور کبوتری کے انڈوں کے ذریعہ اللہ نے اپنے حبیب کی حفاظت فرمائی جانور بھی حضور کے خدام ہیں۔ **تیسرا تعلق**:- پچھلی آیت کریمہ میں ارشاد ہوا کہ اگر تم نے جہاد سے جی چرایا تو ہم دوسری قوم کو تمہاری بجائے لے آئیں گے اب ارشاد ہے کہ قوم کی بھی کیا ضرورت صرف ایک شخص سے ہی بڑے بڑے کام لے سکتے ہیں۔ دیکھو ہجرت میں صرف یارِ غار حضرت ابو بکر صدیق سے اپنے حبیب کی وہ خدمت لے لی جو پوری قوم نہیں کر سکتی تھی (کبیر) **چوتھا تعلق** - پچھلی آیت کریمہ میں جہاد کا ذکر ہوا اب ہجرت کا ذکر ہے جو جہاد کی تمہید ہے کہ بغیر ہجرت اکثر جہاد مشکل ہوتا ہے:-

marfat.com

## شانِ نزول

ہجرت رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم :۔

یہ آیت کریمہ حضور انور کی ہجرت کے متعلق نازل ہوئی جس کا واقعہ یہ ہے کہ جب کفار مکہ کے ظلم مسلمانوں پر حد سے بڑھ گئے تو حضور انور نے مسلمانوں کو ہجرت کا حکم دیا اس حکم سے مسلمان مختلف مقامات پر ہجرت کر کے چلے گئے مکہ معظمہ میں صرف حضور انور۔ حضرت علی۔ حضرت ابوبکر صدیق اور صہیب رہ گئے یا عورتیں بچے بوڑھے۔ اور ضعیف مسلمان جو ہجرت نہ کر سکے تھے۔ (روح البیان) بلکہ حضرت ابوبکر صدیق بھی حبشہ کی طرف ہجرت کر کے چل دیئے تھے ہرک الغماد سے ایک سردار کفار ابن دغنہ آپ کو مکہ معظمہ واپس لایا (خازن) پھر حضور انور نے فرمایا کہ ابوبکر صدیق مجھ کو بھی ہجرت کا حکم رب کی طرف سے ملنے والا ہے تم میرے ساتھ ہجرت کرنا۔ حضرت ابوبکر صدیق خوش ہو گئے اور آٹھ سو درہم سے دو اونٹنیاں خرید کر اُن کی پرورش کرنے لگے اس ہجرت کے لیئے۔ ایک کا نام قصوی تھا جس پر حضور انور ہجرت میں سواری کی اور آخر تک نبی کریم کی سواری میں رہی اور خلافت صدیقی میں اسی کی وفات ہوئی۔ حضور کی دوسری اونٹنی عضباء تھی۔ یہ خلافتِ فاروقی میں فوت ہوئی۔ قیامت کے دن۔ حضرت فاطمہ اسی پر سوار ہو کر محشر میں پہنچیں گی۔ (روح البیان)۔ اونٹنیوں کی یہ خریداری ۱۲ آخر ذی الحجہ میں ہوئی اس لیئے اسلامی سنہ محرم سے شروع ہوتا ہے کہ حضرتِ صدیق نے ہجرت کی تیاری اسی مہینہ میں شروع کی تھی۔ اگرچہ ہجرت ربیع الاوّل میں ہوئی۔ جب دو بار حج کے موقعوں پر مدینہ منورہ کے دو قبیلوں اوس اور خزرج کے نمائندہ نے حضور انور کے ہاتھ پر بیعت کی پہلے حج میں بارہ نے دوسرے میں ستر نے اس کا پتہ کفار کو چل گیا انہیں خطرہ ہوا کہ اسلام مکہ سے باہر پھیل جائے گا تو انہوں نے دارالنّدوہ یعنی (مشورہ گھر یعنی اپنے ادارہ) میں جو قصی ابن کلاب کے گھر میں تھا جمع ہو کر مشورہ کیا کہ اب کیا کرنا چاہیئے۔ اس مشورہ میں ابلیس بھی شیخ نجدی کی شکل میں آیا۔ بولا کہ میں نجدی ہوں تم ایک اچھے کام کے لیئے جمع ہوئے ہو میں تم کو اچھا مشورہ دینے آیا ہوں لوگوں نے مختلف رائیں دیں مگر ابوجہل بولا کہ میری رائے یہ ہے کہ مکہ کے تمام قبیلوں میں دو دو آدمی ہتھیار بند ہو کر اُن کا گھر گھیر لو۔ جب وہ اٹھیں تو سب یکبارگی اُن پر حملہ کر کے انہیں شہید کر دو۔ بنی ہاشم سب سے لڑ نہ سکیں گے آخر دیت یعنی خون بہا لینے پر راضی ہو جائیں گے۔ سارے قبیلہ والے وہ ادا کر دیں۔ ابلیس شیخ نجدی نے اسے پسند کیا اور اتفاق رائے سے یہ بات پاس ہو گئی۔ یہ مشورہ ماہِ صفر میں ہفتہ (سنیچر) کے دن ہوا (روح البیان) یہ جگہ وہ ہی تھی جہاں آج حرم شریف میں مصلے حنفی ہے چنانچہ پروگرام کے مطابق تمام قبیلوں سے دو دو آدمی ہتھیار بند ہو کر حضور انور کے دروازہ کو گھیر کر کھڑے ہو گئے ادھر حضرت جبریل نے حضور انور کو یہ سب کچھ بتا دیا حضور انور نے حضرت علی کو اپنی چادر حضرمی سبز رنگ کی عطاء فرمائی جس کی لمبائی چار گز چوڑائی دو گز تھی عطا فرما کر فرمایا کہ علی تم میرے

بہتر پر لیٹ جاؤ۔ میں تم کو بشارت دیتا ہوں کہ کفار تمہارا کچھ بھی نہ بگاڑ سکیں گے۔ محاصرہ کرنے والے ایک سو آدمی تھے۔ حضور انور نے ایک مٹھی مٹی لی اور سورہ یٰسین کی آیت کریمہ فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ تک پڑھی اور اُن کی طرف یہ مٹھی بھر خاک پھینکی جو سب کے سروں پر پڑی اور وہ سب حضور انور سے اندھے ہی ہو گئے اور حضور وہاں سے نکل کر سیدھے حضرت ابو بکر صدیق کے گھر پہنچے۔ حضرت ابو بکر صدیق کو ساتھ لیا اور ثور پہاڑ کی طرف روانہ ہوئے خیال رہے کہ یہ پہاڑ مکہ معظمہ سے موجودہ راستہ سے پانچ میل دور ہے۔ اِس پہاڑ کو ثور اس لیے کہتے ہیں کہ ایک بار اس پر ایک شخص ثور ابنِ عبدِ مناۃ نے قیام کیا تھا۔ اس کی طرف نسبت سے اُسے جبل ثور کہتے ہیں۔ اور اس غار کو غار ثور اس پہاڑ کا اصلی نام طحل ہے۔ (رُوح البیان) اُدھر جب حضرت علی حضور کے بستر سے اوٹھے تو گھر گھیرنے والے کفار آپ کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔ دوسری حیرانی یہ ہوئی کہ ہر ایک کے سر پر خاک تھی۔ پوچھا اے علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں گئے۔ آپ نے فرمایا رب جانے اُدھر راستہ کا واقعہ یہ ہوا کہ حضرتِ صدیق کبھی حضور کے آگے چلتے کبھی پیچھے کبھی دائیں کبھی بائیں۔ حضور نے پوچھا اے ابو بکر یہ کیا۔ عرض کیا کہ میں ہوں اکیلا اور سمتیں ہیں چار۔ ہر سمت سے حضور پر دشمن کا خطرہ کہ شاید کوئی آگے گھات لگائے بیٹھا ہو تو میں آگے ہو جاتا ہوں اور کبھی خیال آتا ہے کہ شاید کوئی پیچھے سے آتا ہو تو پیچھے ہو جاتا ہوں پھر دائیں بائیں سے یہی بھی خدشہ دل میں آتا ہے تو دائیں بائیں ہو جاتا ہوں تاکہ جدھر سے بھی حضور پر حملہ ہو تو مجھ پر ہو۔ اللہ تعالےٰ مجھے حضور پر فدا کرے۔ آخر کار حضور انور کو اپنے کندھے پر لے لیا اور خود پنجوں کے بل اس طرح چلے کہ ہر پنجہ زمین پر رکھ کر گھما دیتے تاکہ پنجہ کا نشان نہ رہ جائے اور کوئی کھوجیا کھوج نہ نکال سکے نہ معلوم حضرت صدیق نے یہ خار دار دشوار راہ گذار کس طرح طے کر کے غار تک حضور کو پہنچایا۔ اے صدیق تیرے اُن کندھوں تیرے ان پنجوں پر کروڑوں سلام ہوں۔ جب غار کے کنارہ پر پہنچے تو عرض کیا یا رسول اللہ پہلے مجھے غار میں جانے دیں تاکہ میں صاف کروں پھر آپ کو بلاؤں تاکہ اگر کوئی موذی جانور وہاں ہو تو مجھے ہی کاٹے آپ کو تکلیف نہ پہنچے۔ اندھیرے وحشت ناک غار میں اکیلے گھسے۔ اِس میں بہت سوراخ تھے۔ فرش صاف کیا۔ چادر مبارک پھاڑ پھاڑ کر سوراخ بند کئے۔ عشقِ رسول نے حبیب دگر بیان کی دھجیاں اڑا دیں۔ شعر

عشق نے کیتا حال فقیراں کپڑے کر کے یراں یراں　　بند جا کیتا غار نبی دا اوہ دسدا

ایک سوراخ باقی بچا اس میں اپنے پاؤں کا انگوٹھا لگا کر بیٹھ گئے اب بیٹھک اس طرح ہوئی کہ ایک پاؤں غار کے فرش پر بچھا ہوا دوسرا غار کی طرف اُٹھا ہوا اس طرح حضور انور کو بلایا۔ آپ کا سر مبارک بچھے ہوئے زانو پر رکھا اور سلا دیا۔ ان تمام سوراخوں میں سانپ تھے۔ اس انگوٹھے والے سوراخ کے سانپ نے

marfat.com

کئی بار آپ کے انگوٹھے کو ڈسا مگر آپ نے انگوٹھا نہ ہٹایا۔ مارِ غار پر یارِ غار غالب آیا۔ زہر نے اپنا اثر کرنا شروع کر دیا۔ تمام جسم میں سنسنی پھیلنے لگی آنکھوں سے اشک رواں ہوئے رخسارۂ مصطفٰی پر گرے۔ مبارک آنکھیں کھول دیں۔ دیکھا صدیق رو رہے ہیں پوچھا کیا ہے عرض کیا ایک سانپ کئی بار کاٹ چکا ہے۔ فرمایا کہاں عرض کیا پاؤں کے انگوٹھے میں فرمایا دکھاؤ حضور انور نے اپنا لعاب دہن لگا دیا زہر ختم ہو گیا مگر وفات کے وقت وہ ہی زہر لوٹا جس سے حضرت صدیق کی وفات یعنی !! شہادت ہوئی۔ (تفسیر خازن) یہ ہے فنائی الرسول کہ جنابِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات خیبر والے زہر کے لوٹنے سے حضرت صدیق کی وفات غار والے زہر کے لوٹنے سے بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ جو لوگ حضرت محمد ابن ابوبکر کی اولاد میں ہیں ان کے پاؤں کے انگوٹھے پر سیاہ تل ہوتا ہے اور انہیں سانپ نہیں کاٹتا۔ عبدالرحمٰن ابن ابی بکر کا یہ حال نہیں کیونکہ عبدالرحمٰن اس وقت پیدا ہو چکے تھے محمد بعد کو پیدا ہوئے۔ یہ اثر تا قیامت رہے اگر باپ صدیق ہے تو ظاہر میں پاؤں میں ماں صدیقی ہے تو باطن میں پاؤں میں اگر دونوں صدیقی ہیں تو دونوں پاؤں میں نشان ہوتا ہے فقیر نے مشاہدہ بھی کیا ہے۔ ادھر کفار مکہ ہر چہار طرف تلاش کے لیئے نکل پڑے۔ ادھر غار کے منہ پر مکڑی نے جالا تن دیا۔ کبوتری نے انڈے دے دیئے کفار مکہ کی ٹولیاں ہر طرف دوڑ پڑیں ایک ٹولی جس میں امیہ ابن خلف بھی تھا۔ وہ اس پہاڑ پر پہنچی۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے اس غار کے منہ پر پہنچی۔ یہ سب لاٹھیوں تلواروں سے مسلح تھے۔ ان میں سے ایک بولا اس غار کے اندر بھی دیکھ لو۔ اس کا نام علقمہ ابن کرز تھا۔ جو فتح مکہ کے دن ایمان لایا۔ امیہ ابن خلف بولا کہ یہ مکڑی کا جالا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پیدائش سے پہلے کا ہے۔ اگر اس میں وہ جاتے تو جالا ٹوٹ جاتا اور انڈے پھوٹ جاتے۔ جب علقمہ اور امیہ یہ باتیں کر رہے تھے تب حضرتِ صدیق نے بیقرار ہو کر وہ عرض کیا اور حضور انور نے وہ جواب دیا جو یہاں اِس آیت کریمہ میں مذکور ہے حضورِ انور اس غار میں تین دن قیام کیا اس عرصہ میں حضرتِ صدیق اکبر کے غلام مالک ابن فہیرہ اس پہاڑ کے دامن میں جناب صدیق کی بکریاں چراتے تھے۔ شام کو آپ عبداللہ ابن ابی بکر کے گھر سے کھانا پانی یہاں پہنچاتے تھے اور کفار مکہ کے حالات کی خبر روزانہ دیتے تھے۔ جب کفار مایوس ہو کر تھک گئے تب یہ دونوں حضرات اپنے ہمراہ ایک رہبر بنی عہد ابن عدی کو لے کر مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوئے (خازن۔ روح البیان)

**معجزہ عجلیہ** غارِ ثور اور راستے میں بہت معجزات دیکھنے میں آئے ان میں سے ایک عجیب معجزہ وہ ہے جو روح البیان نے اس جگہ بیان کیا۔ کہ حضرت ابوبکر صدیق کو اس غار

میں بہت سخت پیاس لگی۔ پانی موجود نہ تھا۔ حضور انور نے فرمایا جاؤ۔ غار کے گوشہ میں پانی پی لو۔ یہ گئے تو وہاں پانی کا چشمہ دیکھا۔ جس کا رنگ دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا برف کی طرح ٹھنڈا مشک سے زیادہ خوشبودار تھا۔ آپ نے خوب جی بھر کر پیا۔ حضور نے فرمایا یہ کوثر کا چشمہ تھا۔ جواے ابوبکر تمہارے لیئے اللہ نے یہاں بھیجا بذریعہ نہر۔ ع۲ حضرت صدیق اکبر نے اِن کفار کے چلے جانے کے بعد پوچھا یا رسول اللہ اگر یہ لوگ ہم کو اُس وقت دیکھ لیتے تو ہم کہاں جاتے۔ حضور نے فرمایا وہاں جاتے یہ کہہ کر غار کے ایک گوشہ کی طرف اشارہ فرمایا۔ صدیق کی آنکھوں نے دیکھا وہاں سمندر کا کنارہ ہے جس میں کشتی لگی ہوئی ہے (روح البیان) راستہ میں سراقہ ابن مالک کا واقعہ اور اس کے متعلق معجزات حضرت اُمِّ مَعبد کی جھونپڑی میں خشک بکری کے تھنوں سے دودھ نکالنا وغیرہ مشہور ہی ہیں ان کے بیان کرنے سے بہت طویل ہو جاوے گا۔ اتنا سمجھ لو کہ سراقہ ابن مالک نے اس موقعہ پر حضور کی خدمت میں راستہ کے لیئے کھانا پیش کیا جو منظور نہ فرمایا۔ ارشاد کیا کہ تم ادھر کسی کو نہ آنے دو تمہاری یہ خدمت کافی ہے اور اس سفر میں ایک شخص نے جو قریبی بستی کا تھا حضور انور صلّے اللہ علیہ وسلم اور صدیق اکبر کی خدمت میں جوڑے کپڑے پیش کئے جو قبول ہوئے اس کے لیئے یہ قبولیت باعث صد افتخار ہوئی۔

## حضرت عمر کا رشک

حضرت عمر فرمایا کرتے تھے کہ کاش میری ساری عمر کی نیکیاں حضرت صدیق کی رات کی اور ایک دن کی نیکیوں کی طرح ہو جائیں رات تو غار ثور کی رات دن حضور کی وفات کا دن جب کہ آپ نے اسلام کی ڈوبتی کشتی کو بچا لیا مسئلہ خلافت طے فرما کر مسلمانوں میں خانہ جنگی نہ ہونے دی۔ دیکھو تفسیر خازن۔

## نوٹ ضروری

حضرت ابوبکر صدیق نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات عالیہ پر چالیس ہزار دینار خرچ کیئے (روح البیان) رب نے فرمایا۔ وَوَجَدَکَ عَائِلًا فَاَغْنٰی۔ اللہ نے حضور کو حضرت خدیجۃ الکبری اور صدیق کے مال کے ذریعہ غنی فرما دیا اکثر علماء فرماتے ہیں کہ حرمین طیبین کے کبوتر اس کبوتری کی اولاد ہیں جس نے اُس رات غارِ ثور کے مُنہ پر انڈے دیئے۔

## تفسیر اِلَّا تَنْصُرُوْہُ:۔

اِس فرمانِ عالی میں بجز لَا حرفِ استثنا ہے اِلَّا اِن اور آلا کا مرکب ہے یعنی اگر نہیں تَنْصُرُوْا۔ میں خطاب یا تو اُن ہی صحابہ کرام سے ہے جن کو غزوۂ تبوک میں جانے کا حکم دیا گیا یا تا قیامت مسلمانوں سے خطاب ہے ہٗ کی ضمیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے کیونکہ حضور انور کی مدد قرآن کی اسلام کی بلکہ رحمان کی مدد ہے اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ

marfat.com

گذشتہ آیت میں اِلَّا تَنْصُرُوْہُ میں بھی ہُ سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم تھے تا قیامت حضور کی مدد یہ ہے کہ ان کے دین کی علماء کی مشائخ کی قرآن مجید کی حضور کی سنّتوں کی خدمت کی جاوے۔ فَقَدْ نَصَرَہُ اللّٰہُ یہ عبارت اِلَّا تَنْصُرُوْہُ (الخ) کی جزاء نہیں بلکہ پوشیدہ جزاء کی وجہ ہے لہٰذا اس میں فِ علّت کی ہے یعنی اگر تم محبوب کی مدد نہ کرو گے تو اللہ اُن کی مدد کرے گا۔ کیونکہ اس نے محبوب کی ایسے نازک موقعہ پر مدد کی۔ کہ اِذْ اَخْرَجَہُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یہ عبارت نَصَرَہُ اللّٰہُ کا ظرف ہے۔ نکالنے سے مُراد حضورِ انور کو اِس وقت پریشان کرنا ہے جس سے آپ مکّہ معظمہ چھوڑنے وہاں سے ہجرت کر جانے پر مجبور ہو گئے۔ ورنہ حضور کو مکہ معظمہ سے ہجرت کرانے والا رب تعالیٰ تھا۔ حضور وہاں سے روانہ بھی رب کے حکم سے ہوئے اور حضرت صدیق کو ساتھ بھی رب کے حکم سے ہی لیا۔ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے مراد وُہ ہی ابوجہل وغیرہ کفارِ عرب ہیں جنہوں نے مسلمانوں پر ظلم توڑے حضور کو پریشان کیا۔ ثَانِیَ اثْنَیْنِ یہ فرمانِ عالی اَخْرَجَہُ کی ضمیر سے حال ہے ثانِی کے معنیٰ ہیں دوسرا یعنی دو میں سے ایک نہ کہ دوسرے درجہ والا۔ اور اُس سے مراد حضور صلّی اللہ علیہ وسلم ہیں اثنین سے مُراد حضور انور اور صدیق اکبر ہیں۔ یعنی حضور اس حال میں وہاں سے روانہ ہوئے جب آپ صرف دو ہی تھے ایک جناب صدیق دوسرے حضورِ انور۔ جب اس صورت میں رب نے اُن کی مدد کی تو اب تو ان کے خدام بہت ہیں۔ کیا رب اُن کی مدد نہ کرے گا۔ **نکتہ** جب عدد کے اسم فاعل کی نسبت اپنے برابر والے عدد کی طرف ہو تو وہاں درجہ سرا دہ نہیں ہوتا بلکہ اُن میں کا ایک جیسے ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ رَابِعُ اَرْبَعَۃٍ ثَانِیْ اثْنَیْنِ اور اگر اپنے سے اونچے والے عدد کی طرف نسبت ہو تو مراد درجہ ہوتا ہے جیسے رابع خمسہ یعنی پانچ میں سے چوتھے درجہ والا۔ یہاں پہلی صورت ہے جب حضورِ انور اُن دو میں کے دوسرے ہوئے تو حضرت صدیق بھی دوسرے ہوئے۔ لطف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان میں تیسرا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ حضور نے فرمایا یَا اَبَابَکْرٍ مَا ظَنُّکَ بِاثْنَیْنِ اللّٰہُ ثَالِثُھُمَا اس جماعت پر ہماری جانیں فدا جس میں ایک صدیق ہوں ایک رسول اللہ اور ایک خود اللہ تعالیٰ۔ شعر

خدا خود میرِ مجلس بود اندر لامکاں خسرو — محمد شمعِ محفل بود شب جائے کہ من بودم

روشِ کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرکینِ مکہ نے حضرت صدیقِ اکبر کو نکالا نکالنے کے وہ ہی معنیٰ کہ پریشان کیا حتّٰی کہ یہ دونوں وہاں سے روانگی پر مجبور ہوئے۔ اِذْ ھُمَا فِی الْغَارِ۔ یہ فرمانِ عالی اِذْ اَخْرَجَہُ کا بدلِ بعض ہے (روح البیان) ھُمَا کا مرجع حضور انور اور حضرتِ صدیقِ اکبر ہیں اَلْغَار سے مراد غارِ ثور ہے۔ جو اب تک زیارت گاہِ خلق ہے۔ فقیر نے بھی اُس کی زیارت کی ہے اسی سے ہے یارِ غار دلی دوست گھر سے یار کو یارِ غار کہتے ہیں۔ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحْزَنْ۔ یہ فرمانِ عالی اِذْ اَخْرَجَہُ کا دوسرا بدل ہے یَقُوْلُ کا فاعل حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہیں صَاحِبِہٖ سے مراد ابوبکر صدیق ہیں جو حضور کے ہمیشہ کے ساتھی

marfat.com

سفر۔ حضر باہر گھر۔ غار ثور حتی کہ قبر و حشر کے ساتھی ہیں۔ حضور کا یہ فرمان عالی حضرت صدیقِ اکبر کے اس عرض کے جواب میں ہے کہ اگر کفار اس وقت اپنے قدم دیکھیں تو ہم کو دیکھ لیں خیال رہے کہ حضرت صدیق اکبر کو اس وقت اپنا خوف نہ تھا نہ اپنا غم۔ خوف تھا تو حضور کے متعلق غم تھا تو حضور کا کہ کفار آپ کو ایذا نہ پہنچائیں اپنی جان پہلے ہی فدا کر چکے تھے کہ پاؤں میں سانپ سے کٹوا چکے یعنی ابو بکر تم میرا غم نہ کرو کیونکہ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا یا لَا تَحْزَنْ اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر ہم کو کیا پرواہ ہے یہ ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے خیال رب تعالیٰ کی ہمراہی چند طرح کی ہے ۱ قہر و غضب کی وَھُوَ مَعَھُمْ یُبَیِّتُوْنَ مَا لَا یَرْضٰی مِنَ الْقَوْلِ جب کفار رات میں خفیہ سازشیں کرتے ہیں تو ہم اُن کے ساتھ ہوتے ہیں۔ یعنی ہمارا قہر و غضب ۲ قدرت و علم کی وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ۔ تم جہاں ہو وہ تمہارے ساتھ ہے ۳ رحم و کرم کی اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ یعنی اللہ صبر والوں کے ساتھ ہے ۴ خاص مدد و نصرت اور قربِ خصوصی یہاں یہ آخری معیّت و ہمراہی مراد ہے مَعَنَا فرما کر یہ بتایا کہ اے ابو بکر اللہ تعالیٰ میرے ساتھ بھی ہے اور تمہارے ساتھ بھی۔ کیونکہ رب تعالیٰ میرے ساتھ بھی رہتا ہے اور میرے ساتھی کے ساتھ بھی اور جس نوعیت کی ہمراہی میرے ساتھ ہے میرے صدقہ سے اُسی قسم کی ہمراہی تمہارے ساتھ جیسا قرب مجھے حاصل میری طفیل ویسا ہی قرب تم کو حاصل ہے۔ جہاں بادشاہ پہنچتا ہے وہاں ہی اُس کے تن کے کپڑے پہنچتے ہیں یہ تفسیر یاد رہے اب غور کرو کہ جناب کلیم نے بنی اسرائیل کی گھبراہٹ کے وقت فرمایا تھا اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَھْدِیْنِ اور حضور انور نے فرمایا اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا اِن کلاموں میں وہی فرق ہے جو اِن دونوں متکلموں میں فرق ہے۔ خیال رہے کہ رب تعالیٰ نے اپنے حبیب سے فرمایا لَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ یا فرمایا لَا یَحْزُنْکَ قَوْلُھُمْ اِنَّ الْعِزَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا اور محبوب نے صدیق سے فرمایا لَا تَحْزَنْ دونوں جگہ ایک ہی خطاب ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رب کے محبوب اکبر ہیں اور حضرت صدیق حضور کے محبوبِ اکبر۔ جو نسبت حضور کو رب سے قرب کی ہے وہ ہی نسبت صدیق کو حضور سے ہے قرب کی۔ (روح المعانی) فَاَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلَیْہِ اس فرمانِ عالی میں فِ یا تو جزائیہ ہے اور یہ فرمان پوشیدہ شرط کی جزا یا فِ علّت کی یہ فرمان گذشتہ علّت پر مبنی ہے سکینہ کی تفسیر بہت دفعہ ہو چکی کہ یا فرشتوں کی ایک خاص جماعت کا نام جن کے نزول سے دِلوں کو تسکین ہوتی ہے یا غیبی تسلی و سکون ہے۔ علیہ کا مرجع حضرت ابو بکر صدیق ہیں کیونکہ بے چینی انہیں کو تھی حضور کا قلب پاک تو پہلے ہی سے مطمئن تھا (روح البیان و معانی و کبیرہ وغیرہ) یعنی جب ہمارے محبوب نے صدیق سے یہ کہا تو اللہ نے صدیق کے دل پر سکون و چین اُتار دیا یا محبوب کے اِس فرمان کی وجہ سے رب تعالیٰ نے صدیق پر چین و سکون اُتارا۔ حضرت ابن عباس کا یہی قول ہے کہ علیہ سے مراد صدیق اکبر ہیں :۔

Marfat.com

(خازن) وَاَیَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا یہ فرمانِ عالی معطوف ہے فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ پر اور اِس میں بدر و حنین کے واقعات کی طرف اشارہ ہے اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ پر معطوف نہیں۔ (روح المعانی) جنود سے مُراد فرشتوں کے وہ لشکر ہیں جو بدر و حنین میں حضور کی خدمت مسلمانوں کی نصرت کے لیئے اُترے جنہیں عام طور پر صحابہ نے دیکھا خاص خاص نے انسانی شکل میں دیکھا۔ یعنی اللہ نے بدر و حنین میں بھی اپنے حبیب کی مدد کے لیئے فرشتے لشکر کے لشکر اوتارے جنہیں تم اے صحابہ نہ دیکھ سکے۔ وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى یہ عبارت گذشتہ سارے مضمون پر معطوف ہے اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے مُراد یا تو سارے کفارِ عرب ہیں۔ یا سارے کفارِ مکہ کے کلمہ سے مراد اُن کے دِلوں کے ارادے اُن ارادوں کا زبان سے اظہار کہ ہم اسلام کو مٹا دیں گے۔ اُن کے دارُالندوہ میں مشورے پھر اُن کے یہ اعلان کہ جو کوئی اُن دونوں حضرات کو قتل کرے یا گرفتار کر کے لائے اُسے سو سو اونٹ دیئے جائیں گے۔ سُفلیٰ سے مراد ہے ناکام یعنی اللہ تعالیٰ نے کفار کے ارادے اُن کی باتیں اُن کے اعلانات کو نیچا کر دیا۔ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے واؤ ابتدائیہ کلمۃُ اللہ سے مراد یا کلمۂ توحید ہے یا دینِ اسلام یا خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات۔ فقیر کے نزدیک آخری تفسیر قوی ہے اس کی تفسیر وہ آیت ہے لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ حضور انور کلمۃُ اللہ بھی ہیں اور کلماتُ اللہ بھی حضور انشاء اللہ اونچے ہیں اور اونچے رہیں گے۔ اور حضور کی سربلندی سے قرآن مجید اسلام کی سربلندی ہے اللہ انہیں ہمیشہ اونچا رکھے۔ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ یہ فرمانِ عالی گذشتہ سارے مضمون کی وجہ ہے یعنی یہ سب کچھ کیوں نہ ہو اللہ غالب بھی ہے حکمت والا بھی۔ وہ جسے غالب کرے اُسے کوئی مغلوب نہیں کر سکتا اور جسے وہ غالب کرے اُس میں اس کی حکمت ہوتی ہے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے مسلمانوں اگر تم میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اُن کی مدد نہ کرو گے تو اُن کا نقصان کچھ نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی غیب سے مدد فرمائے گا۔ کیونکہ وہ تو ان کی مدد ایسے نازک وقت کر چکا جب کہ کفارِ مکہ نے انہیں ہجرت کرنے پر مجبور کیا اور آپ اِس حال میں مکہ معظمہ سے روانہ ہوئے کہ صرف دو تھے ایک ابوبکر صدیق اور ایک یہ محبوب جب وہ اس حالت میں غارِ ثور میں تھے صدیق نے غار کے دروازے پر کفارِ مکہ کا ہجوم دیکھ کر حضور کی جان پاک پر خطرہ محسوس فرما کر عرض کیا یا رسول اللہ اگر یہ لوگ اپنے پاؤں کی طرف دیکھیں تو ہم کو دیکھ لیں وہ اپنے رفیقِ غار سے فرمانے لگے غم نہ کر ہمارے دونوں کے ساتھ اللہ ہے۔ جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہو اس کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ محبوب کے یہ فرماتے ہی رب نے صدیق پر غیبی سکونِ قلبی اوتارا۔ جس سے ان کی بے چینی بے قراری جاتی رہی۔ اس کے علاوہ رب نے جنگ بدر و حنین وغیرہ میں اپنے حبیب کی ایسے غیبی لشکروں (فرشتوں) سے مدد فرمائی

marfat.com

جن کو تم نہ دیکھ سکے۔ اللہ نے کفار کے ارادے اُن کی باتیں ان کی کوششیں نیچی کردیں اللہ کا کلمہ محمد رسول اللہ اور اُن کا دین دائمی اونچا ہے۔ کیوں نہ ہو۔ اللہ اُن کا حامی ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے جس کی مدد وہ کرے اُسے کوئی مغلوب نہیں کرسکتا۔

## فضائلِ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

ساری اُمتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس پر اجماع ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق بعد انبیاء ساری خلقت سے افضل ہیں کچھ مٹھی بھر لوگوں کا اسے نہ ماننا اجماعِ اُمت کے خلاف نہیں جیسے آج بعض کلمہ گو حضور کو نبی نہیں مانتے اس سے یہ لازم نہیں کہ حضور کے خاتم النبیین یعنی آخری نبی ہونے پر اُمت کا اجماع نہیں ہم برکت حاصل کرنے کے لیے اُن جناب کے کچھ فضائل بیان کرتے ہیں آپ کے افضل الخلق ہونے کی بہت آیات ہیں احادیث تو بے شمار ہیں آیات ملاحظہ ہوں۔ ۱ وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ۔ اس آیت کریمہ میں رب تعالیٰ نے آپ کو فضل یعنی بزرگی والا فرمایا۔ اور منکم میں سارے صحابہ اہل بیت سے خطاب ہے جس سے معلوم ہوا کہ آپ سارے صحابہ و اہل بیت سے افضل ہیں۔ ۲ وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى رب نے آپ کو اتقیٰ فرمایا یعنی بعد انبیا ساری خلقت سے بڑے متقی۔ ۳ وَلَسَوْفَ يَرْضَى۔ اس آیت کریمہ میں رب نے وعدہ فرمایا کہ وہ حضرتِ صدیق کو اتنا دے گا کہ وہ راضی ہو جائیں گے۔ یہ ہی ارشادِ عالی حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق ہے۔ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى۔ ۴ سَتُدْعَوْنَ عَلَى قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ اس آیت کریمہ میں رب العالمین نے اُس جہاد یمامہ کے متعلق خبر دی جو حضرتِ صدیق کے خلافت میں مسیلمہ کذاب سے ہوا۔ ۵ یہ ہی آیت کریمہ ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ۔ اس آیت کریمہ میں حضرتِ صدیق کے کئی فضائل ارشاد ہوئے وہ رسول اللہ کے ثانی ہیں کیونکہ جب حضور انور کو ثانی فرمایا تو یقیناً وہ بھی ثانی ہوئے۔ وہ حضور انور کے سچے صحابی ہیں یعنی اُن کی صحابیت قطعی اور قرآنی آیۃ سے ثابت ہے اور اللہ تعالیٰ جیسے کرم سے حضور انور کے ساتھ ہے حضور کے صدقہ حضرت صدیق کے بھی ساتھ ہے۔ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا اس کے علاوہ دوسرے دلائل حسب ذیل ہیں۔ ۱ اللہ تعالیٰ نے اس ہجرت میں حضور کی ہمراہی کے لیے آپ کو منتخب فرمایا۔ اس ہجرت کے سارے معاملات رب کی طرف سے ہی تھے۔ جس ذات کو رب تعالیٰ اپنے محبوب کی اس خاص ہمراہی کے لیے منتخب کرے وہ کس شان کا مالک ہوگا۔ ۲ آپ حضور انور سے کسی جہاد کسی سفر حضر میں جدا نہ ہوئے ہر جگہ ہر وقت سایہ کی طرح ساتھ رہے حتّٰی کہ قبر میں بھی اور حشر میں بھی یہاں روح البیان نے فرمایا کہ حضرت صدیق عالم ارواح میں حضور کے ثانی رہے کہ پہلے حضور کا نور

marfat.com

پیدا ہوا پھر آپ کی روح غار میں ثانی خلافت میں ثانی۔ قبر میں ثانی۔ قیامت میں قبر سے اٹھنے میں ثانی اور بعد انبیاء جنت کے دخول میں اول ع۳ حضرت اوّلِ مومنین ہیں کہ حضور انور پر سب سے پہلے آپ ایمان لائے (خازن) ع۴ آپ کی تبلیغ سے حضرت عثمان۔ طلحہ۔ زبیر آپ کے ہاتھ پر ایمان لائے۔ آپ ہی ان کو حضور انور کی خدمت میں لے گئے (خازن) ع۵ مرض وفات شریف میں حضور انور نے آپ کو ہی اپنے مصلّے پر امامت کے لیئے کھڑا کیا اور امام سب سے افضل ہونا چاہئے ع۶ رب کے طرف سے آپ پر سکینہ نازل ہوا یہ آپ کی خصوصیت ہے ع۷ آپ چار پشت کے صحابی ہیں۔ یہ شرف صرف آپ کو حاصل ہے ماں باپ صحابی۔ خود صحابی۔ ساری اولاد صحابی پوتے نواسے صحابی۔ جیسے یوسف علیہ السلام چار پشت کے نبی ہیں۔ آپ نے ہی مسجد نبوی شریف کی زمین خرید کر وقف کی جس میں محراب النبی۔ منبر۔ ریاض الجنۃ روضۂ رسول ہے (حاشیہ ابن ماجہ) پچاس دینار میں خریدی اور وقف کی ع۹ آپ نے اپنا سارا مال حضور انور پر اور اسلام پر خرچ کر دیا جب اسلام لائے تو چالیس ہزار دینار یعنی ایک لاکھ روپیہ کے مالک تھے۔ جب ہجرت میں حضور کے ساتھ گئے تو چند پیسے اپنے ہمراہ تھے وہ بھی راستہ میں حضور پر خرچ کرنے کے لیئے۔ غار ثور میں جسم کے کپڑے بھی نہ رکھے وہ بھی پھاڑ پھاڑ کر وہاں کے سوراخ بند کیئے غزوۂ تبوک میں گھر میں جھاڑو دے دی سب کچھ حضور پر فدا کر دیا۔ ع۱۰ آپ نے ہی اپنی جان حضور پر فدا کر دی۔ غارِ ثور میں کہ پاؤں میں سانپ سے کٹوا لیا علاج آپ نے ہی حضرت بلال اور عامر ابن فہیرہ جیسے شاندار حضرات کو خرید کر آزاد کیا۔ یوں سمجھو کہ ہم سب مسلمانوں کے حضرت بلال آقا اور آپ حضرت بلال کے آقا۔ عامر ابن فہیرہ وہ ہیں کہ جب آپ شہید ہوئے تو آپ کی لاش آسمان پر اٹھا لی گئی (بخاری جلد دوم ص۵۸۷)

**فائدے:۔** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** فعل کی نسبت اس کے سبب کی طرف کرنا جائز ہے یہ فائدہ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے حاصل ہوا۔ دیکھو حضور انور کو کفار مکہ نے مکہ معظمہ سے نہ تو نکالا اور نہ نکالنا چاہا وہ تو حضور کو شہید کرنا چاہتے تھے۔ مگر رب نے فرمایا کہ انہیں کفار نے نکالا۔ کیونکہ وہ اس خروج کا سبب تھے۔ لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ اللہ کی ساری نعمتیں حضور دیتے ہیں کیونکہ حضور انور سب کا سبب ہیں۔ **دوسرا فائدہ** حضرت ابوبکر صدیق رسول اللہ کے ثانی ہیں اور اسلام کے پہلے خلیفہ اور ساری امتِ رسول میں سب سے افضل ہیں۔ یہ فائدہ ثَانِيَ اثْنَيْنِ سے حاصل ہوا۔ کیونکہ ایک اور دو کے درمیان کوئی عدد نہیں ہوتا تو حضور اور صدیق کے درمیان کوئی خلیفہ کیسے ہو سکتا ہے۔ **تیسرا فائدہ:** سارے صحابہ حضور انور کے عام صحابی ہیں مگر حضرت ابوبکر صدیق حضور کے خاص صحابی اور غار کے یار ہیں یہ فائدہ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ** حضرت ابوبکر صدیق کبھی گمراہ نہیں ہو سکتے

marfat.com

جیسے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم بدر ہی سے محفوظ میں ایسے ہی حضرت صدیق بھی یہ فائدہ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا سے حاصل ہوا۔ کیونکہ جس نوعیت سے رب تعالیٰ حضور کے ساتھ ہے اسی نوعیت سے حضرت صدیق کے ساتھ اس لیے حضرت کلیم اللہ نے فرمایا تھا اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ یہ نہ کہا اِنَّ مَعَنَا رَبِّیْ کیونکہ ان کے ساتھی اسرائیلیوں میں کچھ سرکش بھی تھے۔ جس کے ساتھ رب ہو وہاں بھٹکنا نہیں آسکتا۔ **چھٹا فائدہ**: اگر رب کرم کرے محبوب اکرم کو مکڑی کے جالہ اور کبوتری کے انڈوں کے ذریعہ خطرناک دشمنوں سے بچالے اور اگر اس کا قہر ہو تو فرعون کو اس کے محل کی مضبوط دیواریں غرق سے نہ بچا سکیں۔ **ساتواں فائدہ**: حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ سے اونچے ہیں اور اونچے رہیں گے۔ جو انہیں نیچا کرنا چاہے وہ خود نیچا ہوگا۔ یہ فائدہ کَلِمَتُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ کلمۃ اللہ سے مراد حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔

**پہلا اعتراض**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق کو ہجرت میں اپنے ساتھ اس لیے لیا کہ آپ کو خطرہ تھا کہ اگر یہ مکہ معظمہ میں رہ گئے تو کفار کو ہجرت کی خبر کردیں گے اور مجھے شہید کرانے کی کوشش کریں گے ان کے شر سے بچنے کے لیئے اپنے ہمراہ لے لیا نعوذ باللہ (رد افض) **جواب**:۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ خوارج ملاعنہ کہتے ہیں کہ حضور انور نے اس رات حضرت علی کو اپنے بستر پر اس لیئے لٹایا تاکہ وہ کفار کے ہاتھوں قتل ہوجاویں اور حضور کو ان کی شر سے امن ملے (روح المعانی) یا خوارج کہتے ہیں کہ حضرت علی نے فاطمہ زہرا کو رات میں خفیہ طور پر اس لیئے دفن کردیا کہ انہوں نے حضرت فاطمہ کے رونے سے تنگ آکر انہیں زہر دے کر مار دیا۔ اور یہ قتل حکومت سے چھپانے کے لیئے رات میں بغیر کسی کو اطلاع دیئے دفن کردیا نَعُوْذُ بِاللّٰہِ فَمَا ھُوَ جَوَابُکُمْ فَھُوَ جَوَابُنَا۔ شعر

چشم بد اندیش کہ برکندہ باد عیب نماید ہنرش در نظر

خدا کرے دشمن کی آنکھ پھوٹ جاوے کہ اس کی نظر میں ہنر بھی عیب ہے۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ ایسے خطرناک حالت زار پر دشمن کو خبر بھی نہیں کرتے چہ جائیکہ اسے ساتھ لیا جائے ایسے نازک موقعہ پر انتہائی مخلص کو ساتھ لیا جاتا ہے اگر حضرت صدیق حضور کے دشمن تھے تو آپ غارِ ثور کے اندر سے باہر کھڑے کفار کو پکار کر بتادیتے کہ حضور یہ ہیں یا اپنے گھر والوں سے کہہ جاتے کہ تم کفار کو یہ خبر دے دینا۔ (نعوذ باللہ)

**دوسرا اعتراض**۔ لِصَاحِبِہٖ فرمانے سے حضرت صدیق کی نہ تو صحابیت ثابت ہوتی ہے نہ اس میں کوئی عظمت ہے دیکھو رب تعالیٰ نے یوسف علیہ السلام کے متعلق فرمایا ہے یا صَاحِبَیِ السِّجْنِ اے میرے قید کے دو ساتھیو۔ دیکھو کافر قیدیوں کو حضرت یوسف نے صَاحِبِیْ یعنی اپنا ساتھی فرمایا کیا وہ صحابی ہوگئے۔ ایک جگہ ارشاد ہے اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ وَھُوَ یُحَاوِرُہٗٓ اَنَا اَکْثَرُ مِنْکَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا دیکھو وہاں کافر کو مومن کا ساتھی کہا گیا ارشاد ہے

marfat.com

ہے۔ مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی ثَلٰثَۃٍ اِلَّا ھُوَ رَابِعُھُمْ وَلَا خَمْسَۃٍ اِلَّا ھُوَ سَادِسُھُمْ دیکھو رب تعالیٰ نے اپنے کو ان تین کافروں کا چوتھا اور پانچ کافروں کا چھٹا فرمایا۔ اس سے وہ کفار مومن یا ولی نہ بنے (روافض) **جواب** اس اعتراض کے بہت جواب تفسیر کبیر اور روح المعانی وخازن وغیرہ نے دیئے ہیں۔ فقیر کے نزدیک آسان اور قوی جواب وہ ہے جو ابھی تفسیر میں گذرے کہ رب تعالیٰ کی ہمراہی قہر و غضب کی بھی ہوتی ہے علم و قدرت کی بھی اور رحم و کرم کی بھی اور مدد و نصرت و قرب خاص کی بھی۔ یہاں آخری ہمراہی مراد ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ حضور انور نے اِس معیّت میں اپنے ساتھ صدیق کا ذکر فرمایا اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا یعنی جس نوعیت سے رب تعالیٰ میرے ساتھ ہے اسی نوعیت سے صدیق کے ساتھ بھی ہے۔ بتاؤ اس رات رب تعالیٰ اپنے حبیب کے ساتھ کس نوعیت سے تھا۔ یہاں رب تعالیٰ نے حضرت صدیق کو حضور کا ساتھی جسمی دلی روحی ہر طرح کا ساتھی فرمایا روشن کلام دیکھنے کی ضرورت ہے **تیسرا اعتراض** حضرت ابوبکر کو اس وقت غار میں اپنی جان کا بڑا خطرہ تھا اور حضور سے کہتے تھے کہ اب کیا کروں۔ حضور کی فکر نہ تھی **جواب**۔ غلط ہے اپنی جان تو حضور پر پہلے ہی نچھاور کر چکے تھے کہ سانپ سے پاؤں میں کٹوا چکے تھے۔ اگر اپنی جان کا خطرہ ہوتا تو ایک وحشت والے غار میں اکیلے داخل نہ ہو جاتے خطرہ حضور کی جان کا تھا۔ یہ خطرہ بھی اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے **چوتھا اعتراض**۔ اگر یہ خطرہ برا تھا تو صدیق اکبر کو ہوا کیوں اور اگر اچھا تھا تو حضور انور نے اس سے منع کیوں فرمایا۔ فرمایا لَا تَحْزَنْ کیا اچھی چیز سے بھی رد کا جاتا ہے (روافض) **جواب**: اس کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو جادوگروں کے بنائے ہوئے سانپوں سے خوف ہوا فَاَوْجَسَ فِیْ نَفْسِہٖ خِیْفَۃً مُّوْسٰی رب نے فرمایا قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی کہ ڈرو مت غالب تم ہی رہو گے۔ حضرت موسیٰ و ہارون کو فرعون سے خوف ہوا عرض کیا اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَا اَوْ اَنْ یَّطْغٰی ہم کو ڈر لگتا ہے کہ فرعون ہم پر زیادتی کرے گا رب نے فرمایا لَا تَخَافَا اِنَّنِیْ مَعَکُمَا تم دونوں ڈرو مت ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قوم کے ہدایت پر نہ آنے سے غم ہوتا تھا تو رب نے لَا یَحْزُنْکَ قَوْلُھُمْ بتاؤ یہ خوف و رنج اچھا تھا یا برا اگر برا تھا تو حضرت کلیم و حبیب کو ہوا کیوں۔ اگر اچھا تو رب تعالیٰ نے اس سے منع کیوں فرمایا۔ **جواب تحقیقی** یہ ہے کہ یہ ممانعت شرعی نہیں بلکہ تسکین و تسلی کی ہے وہ خطرہ بھی اچھا اور یہ تسلی و تسکین بھی اچھی پانچواں اعتراض اللہ تعالیٰ نے سکینہ حضور انور پر اتارا تھا۔ نہ کہ صدیق اکبر پر سکینہ میں ہٗ کی ضمیر حضور کی طرف ہے۔ **جواب**۔ بے قراری اور بے چینی حضرت صدیق کو ہی تھی نہ کہ حضور انور کو۔ جسے بے چینی تھی اس پر سکون اتارا چاہیئے مولانا عطار فرماتے ہیں۔ شعر

خواجۂ اوّل کہ اوّل یارِ اوست ثانیِ اثنین اِذ ھما فی الغارِ اوست

marfat.com

چوں سکینہ شد زحق منزل بود　　کشت مشکل ہائے عالم جملہ مراد

لطیفہ۔ اس جگہ تفسیر روح البیان۔ نے فرمایا کہ مجمی روافض اپنے لبادہ میں سر کی جانب سنہری رُوپہلی دھاریاں لگاتے ہیں اس عقیدے سے کہ یہ اس سانپ کی شکل ہے جس نے حضرت صدیق کو غار میں ڈسا تھا۔ فقیر نے بھی۔ اوبجا۔ سندھ پور اور علاقہ گجرات و کاٹھیاواڑ کے روافض بھوروں کو دیکھا کہ وہ گول ٹوپی پہنتے ہیں جس میں پیلی اور کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔ شاید اس سانپ کی صورت بنا کر پہنتے ہوں۔ واللہ اعلم۔ محمد ابن ابوبکر کی تعظیم کرتے ہیں کہ اُن کے متعلق لوگوں نے مشہور کر رکھا ہے کہ انہوں نے حضرت عثمان کو شہید کیا۔ ابنِ لُؤلُؤ یہود جو حضرت عمر کا قاتل ہے اس کا احترام کرتے ہیں یہ ہے توہم پرستی بدمذہب تعلیم بغضِ صحابہ سے بچائے۔

**تفسیر صوفیانہ** صاحب یعنی ساتھی بہت قسم کے ہیں۔ کاروبار کا ساتھی۔ سفر کا ساتھی۔ حضر کا ساتھی پھر جسم کا ساتھی۔ دل کا ساتھی۔ خیال کا ساتھی۔ جان کا ساتھی ایمان کا ساتھی۔ پھر مقبولوں کا ساتھی۔ اللہ کے محبوب کا ساتھی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیق کو اپنے محبوب کی بہت قسم کی ہمراہیاں عطا فرمائیں۔ آپ حضور کے جان و ایمان ابدان کے ہمیشہ سے ہمیشہ تک ساتھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے چار صحابیوں کو چار صفات کا مظہر اتم بلکہ سرچشمہ بنایا۔ رفاقت۔ عدالت۔ سخاوت۔ عبادت۔ رفاقت صدیق کو عدالت فاروق کو۔ سخاوت عثمان ذی النورین کو اور عبادت علی حیدر کرار کو علیٰ وجہہ الاتم عطا فرمائیں۔ حضور انور کی رفاقت کی برکت سے حضرتِ صدیق کو اللہ کی معیت اور نزول سکینہ بلندی سب ہی کچھ میسّر ہو گیا۔ جو حضور انور کا ہو گیا سب کچھ اس کا ہو گیا۔ جو اُن سے دور ہوا سب سے الگ ہو گیا۔ حضور کلمۃ اللہ ہیں کہ ان کی ہر بات رب کی بات ہے ان کی ہر ادا رب تعالیٰ کی ادا ہے حضور ہی ہمیشہ اونچے ہیں اور ہونگے۔ صوفیا فرماتے ہیں کہ حضرت صدیق غار میں حضور کے ساتھ خلوت میں ایسے رہے جیسے حضور انور معراج میں اپنے رب کے ساتھ قَابَ قَوْسَیْنِ پر یہ غار حضرتِ صدیق کی معراج تھی رب نے حبیب سے خلوت کرنی تھی تو تمام فرشتوں کو ہٹا دیا۔ حضورِ انور نے صدیق سے خلوت کرنی تھی تو سب کو ہٹا دیا اِنَّ اللہَ مَعَنَا میں اس طرف اشارہ ہے کہ ہم تم اور اللہ تعالیٰ ازل میں بھی ساتھ رہے اور ابد میں بھی ساتھ ہوں گے۔ اس ہمراہی کا اثر یہ ہوا کہ صدیق زندگی و موت میں کبھی حضور سے جدا نہ ہوئے۔ یہ غار اُس وقت عرش سے افضل تھا یہ جگہ معراجِ صدیق کی تھی۔ شعر ؎

یَا طَالِبَ اللّٰہِ فِی الْعَرْشِ الرَّفِیْعِ بِہٖ　　لَا تَطْلُبِ الْعَرْشَ اِنَّ لَسْتَ الْغَارِ

یعنی اے اللہ کو عرش پر ڈھونڈنے والے وہ تو اس غار میں ملتا ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام نے

marfat.com

فرمایا تھا اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ حضور نے کہا اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا ان دونوں کلاموں میں زمین و آسمان کا فرق۔ حضرت موسیٰ کے ساتھ اللہ کی ربوبیت تھی ان دونوں کے ساتھ اللہ کی ذات جامع صفات۔ وہاں صرف موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ یہاں دونوں کے ساتھ۔ رب تعالیٰ حضور پر سکینہ اور تا را صدیق کے لیئے اگر بلا واسطہ صدیق پر اترتا تو نہ صدیق رہتے نہ ان کا قلب نہ گھبراہٹ۔ سکینہ حضور پر اور تا را اس کی شعاع صدیق پر جس سے صدیق بھی قائم رہے ان کا دل بھی مگر ان کا خوف و غم ختم ہو گیا (روح المعانی)

| |
|---|
| اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ |
| نکلو تم لوگ ہلکے اور بھاری اور جہاد کرو تم ساتھ مالوں کے اپنے |
| کوشش کرو ہلکی جان سے بھاری دل سے اور اللہ کی راہ میں لڑو اپنے |
| وَاَنْفُسِكُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ |
| اور جانوں کے اپنے راستہ میں اللہ کے یہ بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم |
| مال اور جان سے یہ تمہارے لیئے |
| كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ |
| تم جانتے |
| بہتر ہے اگر جانو |

**تعلق**۔ اس آیتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق** پچھلی آیات میں فرمایا گیا تھا کہ اللہ رسول تم سے تمہاری مدد سے بے نیاز ہیں اب ارشاد ہے کہ تم سب ان کے حاجت مند ہو لہٰذا اٹھو جہاد کے لیئے کمر باندھو۔ گویا اللہ رسول کی بے نیازی کے بعد ہم سب کی نیازمندی کا ذکر ہے۔ **دوسرا تعلق** پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ رب تعالیٰ اگر چاہے تو مکڑی اور کبوتری کے ذریعہ اپنے رسول اور ان کے دین کی حفاظت فرمائے اب ارشاد ہے کہ اس کی نظر انتخاب تم پر پڑی کہ تم اٹھو اور دین کی حفاظت کے لیئے جہاد کے لیئے نکلو گویا دو کمزور چیزوں کی خدمت کے بعد کمزور انسانوں کو خدمت کا حکم دیا جا رہا ہے۔ **تیسرا تعلق** پچھلی آیت کریمہ میں ارشاد ہوا کہ کلمۃ اللہ یعنی محمد رسول اللہ بلند و بالا ہیں اب ارشاد ہے کہ اگر تم بھی بلندی سرفرازی چاہتے ہو تو بلند و بالا محبوب کی خدمت کے لیئے جہاد کرو اونچے ہو جاؤ گے۔

marfat.com

تفسیر: اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا :۔ اس فرمانِ عالی کی بہت تفسیریں ہیں نہایت آسان اور قوی تفسیر یہ ہے کہ انفِرُوْا میں خطاب انہیں حضرات صحابہ سے ہے جن کو غزوۂ تبوک جانا حالات کے لحاظ سے کچھ بھاری معلوم ہوا تھا کہ موسم گرم تھا کھجوریں توڑنے کا زمانہ تھا۔ سفر دراز تھا اور انفِرُوْا سے مراد ہے غزوۂ تبوک کی طرف روانہ ہونا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان اور فرمان پر کہ جس کو حکم روانگی ہو وہی فوراً بے تامل روانہ ہو جائے۔ خِفَافًا وَّثِقَالًا میں واؤ اپنے معنیٰ میں ہے بمعنیٰ اَوْ نہیں ہے خِفَافًا سے مراد جان سے ہلکے پھلکے ہو کر جس سے یہ سفر نہایت آسان طے ہو ثقال سے مراد ہے دل سے بھاری و مضبوط و بہادر ہو کر۔ خفاف جمع ہے خفیف کی۔ اور ثِقال جمع ہے ثقیل کی۔ جیسے کریم کی جمع ہے کرام مطلب یہ ہے کہ اے جماعتِ صحابہ ہمارے حبیب کے فرمان ان کے حکم اور اعلان پر غزوۂ تبوک کی طرف روانہ ہو جاؤ۔ اس طرح کہ تم پر سفر ہلکا ہو اور تم کفار پر بھاری ہو۔ اس تفسیر سے یہ فرمانِ عالی نہ تو کسی آیۃ سے منسوخ ہے بلکہ محکم ہے اور اس پر یہ اعتراض کہ حضور انور نے حضرتِ علی اور بعض دوسرے حضرات کو تبوک کے موقعہ پر مدینہ منورہ میں کیوں چھوڑا۔ جب سب پر وہاں جانا فرض تھا۔ بعض مفسرین نے خِفَافًا وَّثِقَالًا کے معنیٰ کیے کہ جوان ہو یا بوڑھے غریب ہو یا امیر سوار ہو یا پیدل بیمار ہو یا تندرست تمہارا دل چاہے یا نہ چاہے فارغ ہو یا کاروبار میں مصروف اکیلے ہو یا گھر بار والے وغیرہ بہرحال جہاد کے لیئے روانہ ہو جاؤ وہ فرماتے ہیں کہ یہ فرمانِ عالی اُن آیات سے منسوخ ہے لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ اور اس سے کہ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى اور اس سے کہ مَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَافَّةً اور اس سے کہ دیکھو۔ یہ بعض مفسرین کا مسلک ہے۔ دیکھو تفسیر خازن روح المعانی و بیان و کبیر وغیرہ مگر یہ قوی نہیں۔ کیونکہ وہ آیات پہلے کی ہیں۔ اور یہ آیت کریمہ بعد کی کہ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر نازل ہوئی جو حضور انور کا آخری غزوہ ہے پھر وہ آیات اس آیت کی ناسخ کیسے ہو سکتی ہیں نیز حضور انور نے غزوۂ تبوک کے موقعہ پر کئی حاجیوں اور عورتوں بچوں کو مدینہ منورہ میں چھوڑا اگر سب پر جانا واجب ہوتا تو بعض کو کیوں چھوڑا جاتا۔ جَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ :۔ یہ فرمانِ عالی اگرچہ انفِرُوْا (الخ) پر معطوف ہے مگر اس کا تتمہ ہے جو روانگی کا مقصد بیان فرما رہا ہے یعنی کس لیئے نکلو اپنے مالوں اور جانوں سے کفار سے جنگ کرنے کے لیئے۔ خیال رہے کہ اس فرمانِ عالی کا مقصد یہ ہے کہ اگر تم مال و جان دونوں سے جہاد کر سکتے ہو کہ تندرست بھی ہو مالدار بھی تو دونوں سے جہاد کرو اگر فقط مال سے جہاد کر سکتے ہو کہ تم ہو تو امیر مگر بیمار تو مال سے جہاد کرو کہ کسی غازی کو سامانِ جہاد دے دو جس سے وہ جہاد کرے۔ اگر صرف جان سے جہاد کر سکتے ہو کہ تم خود غریب ہو مگر تندرست ہو تو عثمانِ غنی جیسے سخیوں کریموں کے مال کی مدد سے جہاد کرو صرف مال اور صرف جان سے نہ کرو۔ اور یہ حکم صرف تندرست اور امیروں کے لیئے ہو تو اسے منسوخ ماننا پڑے گا۔

marfat.com

حالانکہ یہ محکم ہے فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یہ فرمانِ عالی جَاھِدُوا کے متعلق ہے کہ تمہارا جہاد غنیمت حاصل کرنے۔ ملک جیتنے اپنی ناموری کے لیئے نہ ہو صرف خدمت دین کے لیئے ہو۔ عمل جہاد سے پہلے نیت خیر ہو یہ ہی جہاد عبادت ہے کہ یہ جہاد رب تک پہنچنے کا ذریعہ ہے اس لیئے اسے سَبِیْلِ اللّٰہ یعنی اللہ کا راستہ فرمایا گیا۔

ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ یہ فرمان نیا جملہ ہے جس میں جہاد کے نفعے بتائے گئے ذٰلِکُمْ سے اشارہ سارے مذکورہ احکام کی طرف ہے خیر سے مراد بذات خود خیر ہے یا کسی کے مقابل خیر یعنی حقیقی خیر یا اضافی خیر یعنی جہاد تمہارے لیئے دنیا و آخرت میں اچھا ہے کہ اس سے تم دنیا میں عزت والی قوم ہو گے۔ اللہ کا دین پھیلے گا۔ دشمنانِ دین دبیں گے تم آزادی سے اللہ کی عبادت کر سکو گے یا جہاد کی مشقتیں گھر بیٹھنے کے آرام سے اچھی ہیں کہ اس میں تن کو آرام اور جان و دل دین و ایمان کی تکلیف ہے تن پروری سے دین پروری بہتر ہے اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ یہ جملہ علیحدہ ہے جس کی جزاء پوشیدہ ہے یعنی اگر تم جہاد کی حکمتیں جانتے ہو تو اس میں سستی کیوں کرتے ہو اٹھو کمر ہمت باندھو۔

**خلاصۂ تفسیر** اے جماعتِ صحابہ ہمارے نبی کے فرمان پر اس طرح غزوۂ تبوک کے لیئے روانہ ہو جاؤ کہ تم پر سفر اور جہاد کی تمام مشکلیں آسان ہوں۔ ہلکی ہوں اور تم کفار پر بھاری ہو اس طرح نکل کر تبوک میں پہنچو اور اللہ کی راہ میں اپنے ہر قسم کے مال اور جانوں سے جہاد کرو۔ جو مال سے کر سکتا ہے وہ مال سے جہاد کرے جو صرف جان سے کر سکتا ہے تو جان سے کرے جو دونوں سے کر سکتا ہے وہ دونوں سے کرے یہ جہاد اور اس کا ثواب تمہارے لیئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم اس راز کو جانتے ہو۔ اس پر تمہارا ایمان ہے تو سستی چھوڑ دو اور جہاد کے لیئے روانہ ہو جاؤ۔ حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم نابینا صحابی بھی یہ آیت سن کر ہتھیار بند ہو کر حاضرِ بارگاہ ہو گئے تھے۔ جہاد میں جانے کے لیئے حضور انور کے حکم سے رکے۔ حضرت ابو ایوب انصاری کسی جہاد میں گھر میں نہ بیٹھے حضرت صفوان ابن عمرو فرماتے ہیں کہ میں حمص کا حاکم تھا۔ ایک غزوہ میں میں نے ایک ایسے بوڑھے کو جاتے دیکھا جس کی بھویں اس کی آنکھوں پر پلٹ کر گر گئی تھیں۔ میں نے پوچھا بڑے میاں تم جہاد کیسے کرو گے۔ مگر وہ نہ مانے جہاد میں گئے حضرت سعید ابن مسیب کی ایک آنکھ شہید ہو چکی تھی مگر پھر بھی جہاد میں جاتے تھے۔ اور کہتے تھے اگر میں جہاد نہ کر سکا تو کم از کم مجاہدین کی جماعت میں اضافہ تو کر دوں گا۔ ان کے سامان کی رکھوالی کروں گا یہ ہیں صحابہ کرام کی جاں بازیاں (تفسیر کبیر وغیرہ)

**فائدے**: اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: جب غازی جہاد میں جائے تو اس سفر کی ہر شدت کو ہلکا جانے کسی تکلیف پر رب کی شکایت نہ کرے۔ خشکر کرے تو اِنشاء اللہ وہ اگرچہ کمزور ہو مگر مقابل پر بھاری ہو گا اس کی ہیبت دشمن کے دل میں قدرتی ہو گی یہ فائدہ خِفَافًا وَّثِقَالًا

marfat.com

کی تفسیر سے حاصل ہوا **دوسرا فائدہ**: جہاد صرف مال یا صرف جان سے نہیں ہوتا بلکہ دونوں سے ہوتا جو اللہ نصیب کرے مجبور و کمزور آدمی کسی غازی کو سامانِ جہاد دے دے یہ جہاد بالمال ہے یہ فائدہ یا مَوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ**۔ اسی جہاد پر ثواب ہے جو فی سَبِیْلِ اللہ ہو یعنی نہ تو غنیمت حاصل کرنے کے لیئے ہو نہ مُلک و عزت کے لیئے صرف خدمتِ دین کے لیئے ہو۔ اگر نیت خیر ہو تو رب تعالیٰ غنیمت ملک عزت سب کچھ دے دیتا ہے ثواب اس کے علاوہ یہ فائدہ فی سَبِیْلِ اللہ سے حاصل ہوا **چوتھا فائدہ**۔ جہاد کے لیئے سفر کرنا عبادت ہے اگر کوئی شخص جہاد کے لیئے گیا مگر جہاد نہ ہوا تو بھی وہ ثواب پائے گا یہ فائدہ اِنْفِرُوْا سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض**۔ عام مفسرین نے اس آیت کریمہ کے یہ معنیٰ کیئے ہیں کہ بیماری تندرستی۔ خوشی ناخوشی ہر حال میں جہاد کے لیئے نکلنا ضروری ہے ان کی تفسیر سے لازم آتا ہے کہ ہر مسلمان پر ہر حال میں جہاد کے لیئے نکلنا فرض ہے۔ حالانکہ مسئلہ یہ نہیں ہے وہ حضرات اس کا کیا جواب دیں گے۔ **جواب**۔ ان میں سے اکثر مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ آیت منسوخ ہے اس کی ناسخ آیات ہم تفسیر میں بیان کر چکے بعض نے فرمایا کہ یہ حکم اس وقت کے لیئے جبکہ کفار کا دباؤ بہت بڑھ جائے اور جہاد فرضِ عین ہو جائے اس پر ہر مسلمان کو ہر حال میں نکل کھڑا ہونا فرض ہو جائے۔ عام حالات کا یہ حکم نہیں جبکہ جہاد کفایہ ہو مگر اس کی قوی تفسیر وہ ہی ہے جو فقیر نے ابھی عرض کی۔ کہ اس صورت میں واؤ اپنے معنیٰ میں رہتا ہے بمعنیٰ اَوْ نہیں ماننا پڑتا اور کوئی اعتراض بھی نہیں پڑتا۔ **دوسرا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ مال اور جان دونوں سے جہاد کیا جاوے تو جو شخص صرف مال یا صرف جان سے جہاد کر سکے اس پر جہاد فرض ہی نہ ہو **جواب**: واؤ جمع کے لیئے ہے نہ کہ بمعنیٰ مَعَ یعنی مال سے بھی جہاد کرو اور جان سے بھی جو میسّر ہو۔ جیسے میں کہوں کہ زید اور عمر کو بلا لاؤ اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر ان میں سے ایک ملے دوسرا نہ ملے تو نہ بلاؤ۔ مطلب وہ ہی ہوتا ہے کہ زید کو بھی بلاؤ اور عمر کو بھی۔ رب فرماتا ہے اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ الخ اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر یہ آٹھوں مصرف نہ ملیں تو زکوٰۃ دو ہی نہیں۔ مطلب وہ ہی ہے کہ فقیر کو بھی غریب کو بھی **تیسرا اعتراض**: یہاں ارشاد ہوا کہ یہ جہاد میں نکلنا بیٹھ رہنے سے اچھا ہے ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ جہاد سے بیٹھ رہنا تو برا ہے اس میں خیر ہے ہی نہیں پھر یہ فرمان کیونکر درست ہوا **جواب** اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا۔ کہ خیر کے دو معنیٰ ہیں ایک بنفسہٖ اچھی چیز۔ جس میں دوسری جز کا لحاظ نہ ہو جیسے رب فرماتا ہے وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ یا موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تھی رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ اہلِ عرب کہتے ہیں اَلنَّزِیْدُ خَیْرٌ مِّنَ اللہِ ثرید کھانا رب کی طرف سے خیر ہے۔

marfat.com

دوسرے جز اضافی یعنی دوسرے سے اچھی۔ جیسے اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ یہاں پہلے معنیٰ میں ہے یعنی جہاد بذاتِ خود اچھا ہے اور ہو سکتا ہے کہ دوسرے معنیٰ میں ہو یعنی گھر میں آرام کرنے سے جہاد کی مشقتیں بہتر ہیں کیونکہ یہ آرام عارضی ہے اس کا نتیجہ خطرناک (تفسیر کبیر)

**تفسیرِ صوفیانہ** اے مسلمانوں اپنے رب کی اطاعت کی طرف چلو۔ اس طرح کہ روحانی طور سے ہلکے ہو۔ جثمانی (دلی) طور سے بھاری یا جثمانی (دلی) طور سے ہلکے ہو جسمانی طور سے بھاری۔ یا رب کی طرف بعد موت اس طرح چلو کہ دنیاوی طور سے ہلکے پھلکے ہو اعمالِ صالحہ کے طور سے بھاری یا دنیاوی محبتوں سے ہلکے اور خالی ہو اور امانتِ معرفت سے بوجھل یا طاعت کے ذریعہ ہلکے ہو اور مخالفت سے بھاری و خالی اور اپنے مالوں جانوں سے جہاد کرو کہ اللہ کے لیئے ان کو خرچ کرو یہ تمہارے لیئے دونوں جہان میں اچھا ہے (روح المعانی) صوفیا فرماتے ہیں کہ ہر قسم کے منقولی و غیر منقولی مالوں سے جہاد کرو۔ یوں ہی ہر طرح اپنی ذاتوں سے جہاد کرو کہ زبانی۔ آنکھ قلم سے جس طرح کا جہاد پڑے کرو۔ اللہ کا راہ مجاہدِ کے پروں سے اڑ کر طے کرو۔ شعر

مردِ عارف چو بداں پر می پرد — در دمے از نہ فلک می بگزرد
سیرِ زاہد در دمے یک روزہ راہ — سیرِ عارف ہر زماں تا تختِ شاہ

زاہد ایک سانس میں ایک دن کا راہ طے کرتے ہیں مگر عارف ایک آن میں شاہی تخت تک پہنچ جاتے ہیں جہاد مال خرچ کر کے بھی ہوتا ہے اور مال جمع کر کے بھی **حکایت**: حضرت نافع جو سیدنا عبداللہ ابن عمر کے غلام ہیں اور امام شافعی کے استاذ جب ان کی وفات کا وقت آیا تو دوستوں سے کہا کہ میری چارپائی کی جگہ کھود دو۔ جگہ کھود دی گئی تو وہاں ایک مٹکا نکلا جس میں بیس ہزار درہم تھے فرمایا کہ میرے دفن کے بعد انہیں خیرات کر دینا۔ لوگوں نے پوچھا یہ مال کیسا ہے۔ فرمایا میں نے اللہ کے حقوق اور بیوی حقوق کبھی نہ مارے مگر یہ مال اس لیئے جمع رکھا کہ میرے دل کو سکون رہے اس کے ذریعہ زکوٰۃ دیتا رہوں اور بوقتِ ضرورت کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے۔ اب جبکہ یہ تینوں چیزیں ختم ہو رہی ہیں تو اسے رب کے بنک میں میرے لیئے جمع کر دینا۔ یہ جہاد بالاموال کی ایک صورت (تفسیر روح المعانی)

| |
|---|
| لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ |
| اگر ہوتا سامان نزدیک ہی — اور سفر درمیانہ — تو البتہ ہیچھے چلتے تمہارے |
| اگر کوئی قریب مال یا متوسط سفر ہوتا — تو ضرور تمہارے ساتھ ہو جاتے |

noorfat.com

وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ

اور لیکن دور ہو گئی اور پر ان کے مشقت — اور عنقریب قسم کھائیں گے

مگر ان پر مشقت کا راستہ دور پڑ گیا — اور اب اللہ کی قسم کھائیں گے

بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ

وہ اللہ کی کہ اگر طاقت رکھتے ہم تو ضرور نکلتے ہم ساتھ تمہارے — ہلاک کرتے ہیں

کہ ہم سے بن پڑتا ضرور تمہارے ساتھ چلتے اپنی جانوں کو ہلاک کرتے ہیں

اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾

جانوں کو اپنی اور اللہ جانتا ہے کہ تحقیق وہ جھوٹے ہیں۔

اور اللہ جانتا ہے کہ وہ بے شک ضرور جھوٹے ہیں

**تعلق**۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**: پچھلی آیات میں ان کمزور مسلمانوں کا ذکر ہوا جن غزوۂ تبوک کچھ دنیاوی وجوہ سے گراں تھا۔ اب اُن منافقین کا ذکر ہے جو ضعفِ ایمانی کی وجہ سے اس غزوہ سے بچنے کے لیئے حیلے حوالہ کر کے رک گئے تھے گویا کمزور خیال والوں کے بعد کمزور ایمان والوں کا ذکر ہے جن کا ایمان صرف زبان پر تھا دل میں نہ تھا۔ **دوسرا تعلق**: پچھلی آیت کریمہ میں کمزور مسلمانوں کو سمجھا بجھا کر اپنی رحمت کی طرف بلایا اور غزوۂ تبوک کے لیئے راضی و آمادہ کیا گیا اب بے ایمان منافقوں کو راندۂ درگاہ کیا جا رہا ہے۔ گویا عاقل محبوبوں کو اپنی طرف بلانے کے بعد عاقل مردودوں کو دور کیا جا رہا ہے **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں مخلصین مومنین کے جہاد کا فائدہ ارشاد ہوا دین و دنیا کے فائدے بتلائے گئے اب منافقین کے جہادوں کا انجام بیان ہو رہا ہے کہ انہیں اِس سے کچھ نہیں ملتا۔ کیونکہ وہ محض مال کمانے کیلئے جہاد میں شرکت کرتے ہیں **چوتھا تعلق**۔ پچھلی آیت میں جہاد فی سبیلِ اللہ کی رغبت دی گئی اب جہاد فی سبیل النفس فی سبیل المال فی سبیل الملک سے مسلمانوں کو نفرت دلائی جا رہی ہے کہ ایسے جہاد صرف منافق کرتے ہیں نہ کہ مخلص۔

**شانِ نزول** جب مدینہ منورہ میں غزوۂ تبوک کا اعلان ہوا تو لوگ تین گروہ ہو گئے۔ ایک وہ جو فوراً بغیر پس و پیش تیار ہو گئے وہ اوّل درجہ کے مطیعین تھے۔ جیسے عام مہاجرین و انصار دوسرے وہ ضعفاءِ مومنین جن میں بتقاضاءِ بشری اِس وقت اتنا دراز سفر کچھ بھاری محسوس ہوا مگر انہوں نے منہ سے

marfat.com

کچھ نہ کہا تیسرے وہ جنہیں اتنا دراز سفر اور رومیوں سے مقابلہ سخت ناگوار گذرا وہ اس جہاد سے بچنے کے لیئے حیلے بہانے سوچنے اور باتیں بناتے لگے یہ تھے منافقین یہ آیت کریمہ اِن منافقین کے متعلق نازل ہوئی (تفسیر مدارک وروح البیان وغیرہ)

تفسیر لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا اس فرمانِ عالی میں کان کا اسم پوشیدہ ہے ھُوَ اَلْجِهَادُ یا مَا تَدْعُوْھُمْ اِلَيْهِ عَرَضٌ کے معنیٰ میں عارضی چیز یا پیش کردہ چیز اصطلاح میں دنیاوی سامان کو عرض کہتے ہیں کہ یہ عارضی اور قریبُ الفناء بھی ہے اور موجودہ چیز یعنی نقد بھی فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلدُّنْیَا عَرَضٌ حَاضِرٌ دنیا موجود سامان ہے یا كُلُّ مِنْهُ اَلْبَرُّ وَالْفَاجِرُ جس میں سے ہر نیک و بد انسان کھاتے ہیں قریب یا بعید کا مقابل ہے یعنی نزدیک یا بمعنیٰ آسان جس کا لینا قریب ہو یعنی سَهْلُ الْمَاخَذِ (سَفَرًا قَاصِدًا) یہ معطوف ہے عرضاً قریباً پر سفر بمعنیٰ مسافری ہے یعنی حضر کا مقابل۔ قاصد بنا ہے قَصْدٌ سے بمعنیٰ ارادہ اب درمیانی چیز کو قاصد یا مقصد کہتے ہیں رب فرماتا ہے وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ انہیں سے بعض میانہ رو ہیں درمیانی چیز کو اس لیئے قاصد کہتے ہیں کہ اس کا قصد آسان ہوتا ہے ہر ایک اس کے حاصل کرنے کا مقصد و ارادہ کر سکتا ہے۔ قاصد بمعنیٰ قصد والا جیسے تامر یعنی کھجور والا۔ لابن بمعنیٰ دودھ والا (کبیر روح البیان و معانی) لَاتَّبَعُوْكَ یہ فرمانِ عالی جزا ہے لَوْ کی یعنی اگر یہ جہاد آسان و غنیمت ہوتا اور سفر بھی درمیانہ تو یہ منافقین ضرور آپ کے ساتھ تبوک کی طرف روانہ ہو جاتے وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ :۔ یہ جملہ پہلے جملہ پر معطوف ہے بُعْدَتْ بنا ہے بُعْدٌ سے بمعنیٰ دوری یعنی قرب کا مقابل۔ شُقَّۃ بمعنیٰ مشقت ہے یہاں مراد ہے دراز سفر جسے بہت محنت و مشقت سے طے کیا جاوے یعنی ان منافقوں کو اس غزوہ میں دو مصیبتیں نظر آئیں۔ سفر دراز اور راستہ مشقت والا۔ موسم سخت گرم وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ یہ نیا جملہ ہے جس میں ایک غیبی خبر ہے جس کا ظہور غزوۂ تبوک سے واپسی پر ہوگا۔ یعنی اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ اپنے غازیوں سمیت تبوک سے مدینہ منورہ واپس ہوں گے تو یہ منافقین آپ کے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ :۔ یہ جملہ شرطیہ جوابِ قسم ہے یعنی اگر ہم میں اس سفر کی طاقت ہوتی تو ہم بھی تم تمام غازیوں کے ساتھ ضرور بالضرور تبوک روانہ ہوتے مگر کریں کیا ہم بیمار تھے۔ نادار تھے گھر کے حالات سے معذور تھے وغیرہ وغیرہ۔ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ اس فرمانِ عالی کی بہت ترکیبیں کی گئی ہیں آسان ترکیب یہ ہے کہ یہ رب تعالیٰ کا اپنا فرمان ہے یعنی یہ منافقین اس قسم کی جھوٹی قسمیں کھا کر اپنے کو ہی ہلاک کرتے ہیں کیونکہ جھوٹی قسموں سے بربادی آتی ہے، فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹی قسمیں گھروں کو ویران کر دیتی ہیں (روح البیان و معانی وغیرہ) اس سے روزی گھٹتی عمر کم ہو جاتی ہے اور منافقوں کے لیئے تو یہ جھوٹی قسمیں اور بھی وبال بنیں

marfat.com

گی کہ ان سے ان کی منافقت اور ظاہر ہو جاوے گی اور یہ رسوا بدنام ہوں گے۔ اس سے زیادہ ہلاکت کیا ہوگی وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اِنَّھُمْ لَکٰذِبُوْنَ یعنی اے محبوب رب جانتا ہے اور آپ کو بتاتا ہے کہ منافقین ان قسموں میں جھوٹے ہوں گے۔ کوئی مسلمان ان کی قسموں سے دھوکا نہ کھا دے جھوٹا آدمی زیادہ قسمیں کھاتا ہے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک میں مخلص مومن گئے مگر تیسرا گروہ منافقین نہ گئے کیونکہ اگر اس موقعہ پر مال غنیمت بہ آسانی حاصل ہونے کی امید ہوتی اور سفر بھی درمیانہ ہوتا بہت دراز نہ ہوتا تو دوسرے غزوات کی طرح اس کے لیئے بھی یہ لوگ روانہ ہو جاتے اور آپ کی ہمراہی اختیار کرتے اللہ کے لیئے نہیں بلکہ اپنے ذاتی منافع کے لیئے مگر بات یہ تھی کہ اُن پر دراز سفر گرمی کا موسم وبال بن گیا۔ اس لیئے روانہ کیسے ہوتے اب جب آپ اور آپ کے جانثار صحابہ غازیان تبوک سے واپسی پر مدینہ منورہ پہنچیں گے تو یہ منافقین اللہ کی قسمیں کھا کھا کر کہیں گے کہ ہم لوگ سخت مجبور تھے اس لیئے تبوک نہ گئے اگر ہم میں قوت ہوتی تو ضرور آپ حضرات کے ساتھ چلتے ہم مجبور معذور بیمار نادار تھے کیسے جاتے۔ یہ لوگ جھوٹی قسمیں کھا کر تمہارا کچھ نہیں بگاڑتے بلکہ اپنے ہی کو ہلاک کرتے ہیں کہ اِن قسموں سے انہیں دنیاوی دو تین نقصانات پہنچیں گے۔ یہ قسمیں ہی ان کا پول کھول دیں گی ان کی منافقت ظاہر کر دیں گی۔ اے مسلمانوں ان قسموں سے دھوکہ نہ کھانا۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تمکو بتا رہا ہے کہ سب نرے جھوٹے ہیں ان کے نہ جانے کی وجہ وہ ہے جو ہم نے بیان کی۔

**فائدے**۔ اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: دین میں مشقت سے گھبرانا آسانیاں تلاش کرنا منافقوں کا شیوہ ہے اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو گرمیوں میں تو نمازی بن جاتے ہیں سردی میں تارک نماز یا سردیوں کے رمضان میں روزے دار بن جاتے ہیں گرمی کے رمضان میں بے روزہ۔ نرم گرم سب برداشت کرو۔ دیکھو منافقین آسان اور قریب کے جہادوں میں جاتے تھے دور کے اور سخت جہاد سے کترا جاتے تھے اس کی اس آیت میں بُرائی کی گئی۔ یہ فائدہ لَوْ کَانَ عَرَضًا قَرِیْبًا (الخ) سے حاصل ہوا **دوسرا فائدہ** جہاد میں شرکت کرنا محض مال غنیمت حاصل کرنے یا اپنی ناموری کے لیئے اللہ رسول کی رضا کا خیال بھی نہ ہو یہ طریقہ منافقین کا ہے یہ فائدہ بھی لَوْ کَانَ عَرَضًا قَرِیْبًا (الخ) سے حاصل ہوا **تیسرا فائدہ**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع بلکہ آپ کے ساتھ رہنا صرف دنیاوی غرض سے ہو منافقوں کا طریقہ ہے یہ فائدہ لَاتَّبَعُوْکَ سے اشارۃً حاصل ہوا جو اتباع اللہ رسول کی محبت سے ہو وہ رب کی محبوبیت کا ذریعہ ہے فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ۔

marfat.com

**چوتھا فائدہ:** محبت میں درازی سفر گرم موسم حالات ناسازگار بالکل حائل نہیں بنتے۔ ہاں یہ چیزیں نفس پر گراں ہیں۔ یہ فائدہ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ میں عَلَيْهِمْ کو مقدم فرمانے سے حاصل ہوا کہ صرف منافقین ہی پر یہ درازیِ سفر مشقت کا باعث ہے **پانچواں فائدہ:** جھوٹی قسمیں کھانا بلکہ زیادہ قسموں سے دوسروں کو راضی کرنا طریقہ منافقین کا ہے یہ فائدہ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ (الخ) سے حاصل ہوا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مخلص مومنین کو قسمیں کھا کر اپنا اخلاص ثابت کرنے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی۔ ان کا دلی اخلاص خود ان کا حال بتا دیتا ہے۔ **چھٹا فائدہ:** زیادہ قسمیں کھانا خصوصاً جھوٹی اس سے دنیا و دین کی آفات آتی ہیں یہ فائدہ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ سے حاصل ہوا جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا۔ زیادہ قسموں سے رزق گھٹتا ہے

**پہلا اعتراض:** گذشتہ آیات سے معلوم ہوا کہ بعض مخلص مومنین پر بھی غزوۂ تبوک گراں گذرا تھا اور اس آیت سے معلوم ہوا کہ منافقین پر بھی گراں تھا پھر ان دونوں جماعتوں میں فرق کیا ہوا۔ تم ان کو مخلص اور انہیں منافق کیوں کہتے ہو۔ **جواب:** گرانی اور نفرت میں فرق ہے۔ ان مخلصین کو غزوۂ تبوک سے نفرت نہ تھی۔ دنیاوی حالات کی بنا پر دل پر بوجھ ہوا یہ گرانی کبھی زیادہ ثواب کا باعث بھی بن جاتی ہے۔ سردی میں ٹھنڈے پانی سے وضو طبیعت پر گراں گذرے مگر وضو کرے اور نماز پڑھے انشاء اللہ ثواب زیادہ ہوگا۔ منافقین کو نفرت تھی۔ یعنی اس حکم کو برا سمجھتے تھے اس لیئے وہ بے دین ہوئے۔ **لطیفہ:** ایک بار میں نے سید محمد صاحب کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کی نماز میں مزہ نہیں آتا دل نہیں لگتا کیا کروں فرمایا پڑھتے ہو۔ میں نے کہا ہاں پڑھتا تو ہوں۔ فرمایا تم بڑے خوش نصیب ہو۔ جسے نماز میں مزہ آوے وہ تو مزے کے لیئے پڑھتا ہے۔ جسے مزہ نہ آوے وہ خالص اللہ تعالیٰ کے لیئے پڑھتا ہے۔ فرمایا تم خدا کے بندہ ہو دل کے بندہ نہیں ہو دل لگے یا نہ لگے پڑھے جاؤ۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت کریمہ میں حلف یعنی قسم اور کونسی شرطیہ دونوں جمع ہو گئے۔ قسم اپنا جواب چاہتی ہے اور کونسی شرطیہ جزا چاہتا ہے یہ دونوں چیزیں اس آیت میں کہاں ہیں۔ **جواب:** تفسیر روح المعانی نے اس کے بہت جواب دیئے ہیں مگر آسان اور قوی جواب وہ ہے جو ہم نے ابھی تفسیر میں عرض کیا۔ کہ لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ جزا ہے لو کی اور یہ پورا جملہ شرطیہ جواب ہے قسم کا اس صورت میں کسی لفظ کے پوشیدہ ماننے کی ضرورت نہیں۔ اور نحوی قاعدے سے کوئی اعتراض بھی نہیں۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت کریمہ میں رب نے فرمایا لَاتَّبَعُوْكَ اگر سفر درمیانہ ہوتا تو وہ آپ کی اتباع کرتے اور خود ان کا قول نقل فرمایا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ۔ ہم تمہارے ساتھ نکلتے۔ ان دونوں یعنی اتباع اور لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ میں کیا فرق ہے **جواب:** یہاں کوئی فرق نہیں کیونکہ اتباع سے مراد صرف جسمانی اتباع ہے یعنی ساتھ جانا اس اتباع سے کچھ نصیب نہیں ہوتا۔ دل و جان کی اتباع مفید ہے۔

marfat.com

**تفسیر صوفیانہ** جس کام میں نفس اور دنیاوی لالچ کو دخل ہو اس میں آسان و مشکل قریب و دور موسم گرم و سرد کا فرق ہوتا ہے مگر خوفِ خدا اور عشقِ رسول اللہ کی وہ معتبیں ہیں جو اس فرق کو بالکل دور کر دیتی ہیں۔ بلکہ عشق ہو تو ہر مشکل میں لذت آتی ہے۔ شعر

رہروِ راہِ محبت تھک نہ جاتا راہ میں — لذتِ صحرانوردی دوریٔ منزل میں ہے

منافقین کے لیئے غزوۂ تبوک کا سفر کانٹے کی طرح کھٹکتا تھا۔ مگر مخلصین کاملین کے لیئے وہ ہی سفر پھول کی طرح مہکتا تھا۔ وہ حضرات دور و قریب گرم و سرد موسم کا فرق جانتے ہی نہ تھے۔ صوفیا فرماتے ہیں کہ عشق وہ چیز ہے جو خود ہی خوشبو دیتا ہے اس کے کہنے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔ شعر۔

دردمنداں دے سخن محمد دین گواہی حالوں — جس پلے پھل بدّھے ہوون خوشبو آوے رومالوں

مخلص کو اپنا ایمان ثابت کرنے لیئے نہ قسموں کی ضرورت تھی نہ اعلان کی۔ ان کا ایمان خود ہی مہک دیتا تھا جس کپڑے میں پھول بندھے ہوں وہ خود ہی مہکتے ہیں۔ خیال رکھو کہ حضور کی سرکار عالی میں قسمیں کھا کر ایمان ثابت کرنے کی ضرورت نہیں۔ حضور ہر ایک کے دل کا حال خود ہی جانتے ہیں۔ فرمایا کہ اُحُد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ جو پتھر کے دل کی بات جانے اس پر انسانوں کے دل کے حال کیسے چھپ سکتے ہیں

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ

معاف کرے اللہ تم سے — کیوں اجازت آپ نے اُن کو دی — حتّٰی کہ ظاہر ہو جاتے

اللہ تمہیں معاف کرے — تم نے انہیں کیوں اذن دے دیا جب تک نہ کہتے تھے تم

لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾

آپ کے لیئے وہ لوگ جو سچے ہیں — اور جان لیتے آپ جھوٹوں کو

پر سچے اور ظاہر نہ ہو گئے تھے جھوٹے؟

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

نہیں اجازت مانگتے آپ سے — وہ لوگ جو ایمان رکھتے ہیں اللہ پر۔ اور

اور وہ جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم سے چھٹی نہ مانگیں گے اس سے کہ

marfat.com

| |
|---|
| الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ |
| آخری دن پر یہ کہ جہاد کریں وہ مالوں سے اپنے اور جانوں سے اپنے |
| اپنے مال و جان سے جہاد کریں |
| وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ |
| اور اللہ جاننے والا ہے تقویٰ والوں کو |
| اور اللہ خوب جانتا ہے پرہیزگاروں کو |

**تعلق**۔ ان آیات کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیت میں اس وجہ کا ذکر تھا جس کی بنا پر منافقین غزوۂ تبوک میں نہ گئے یعنی سفر دراز ہونا اور مقابلہ میں رومیوں جیسے سرکشوں کا ہونا۔ اب اِن منافقوں کے پیش کردہ ان بہانوں پر اظہارِ غضب ہے جو انہوں نے غزوۂ تبوک میں روانگی کے وقت حضور سے کیے گویا واقعی کے بعد بناوٹی وجہوں کا تذکرہ ہے **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیت میں منافقین کی ان جھوٹی قسموں کا ذکر تھا جو وہ حضور کی واپسی پر کھانے والے تھے۔ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اب ان ہی منافقوں کی ان بہانہ بازیوں کا تذکرہ ہے جو انہوں نے غزوۂ تبوک میں جاتے وقت یعنی روانگی سے پہلے بنائے گویا پچھلی قسموں کے تذکرہ کے بعد اگلی بہانہ بازیوں کا تذکرہ ہو رہا ہے **تیسرا تعلق**: پچھلی آیت میں مسلمانوں کو حکم دیا گیا کہ ہلکے بوجھل ہر طرح جہاد میں جائیں اب منافقوں کی بہانہ بازیوں کا تذکرہ ہے تاکہ مسلمان ان حرکات سے بچیں گویا دوا کا ذکر پہلے تھا اور پرہیز کا ذکر اب۔

**نزول**۔ یہ آیاتِ کریمہ ان منافقوں کے متعلق نازل ہوئیں جنہوں نے غزوۂ تبوک کا اعلانِ عام سن کر حضور انور کی بارگاہ میں جھوٹے بہانے بنا کر مدینہ میں رہ جانے کی اجازت حاصل کی اور رہ گئے کہ حضور میں بیمار ہوں یا میری بیوی ماں خالہ وغیرہ سخت بیمار ہیں میں اُن کی خدمت میں مشغول ہوں وغیرہ۔

**تفسیر** عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے عفا بنا عفو سے لفظ چند معنیٰ میں آتا ہے ۱ بڑھنا زیادہ ہونا۔ رب فرماتا ہے حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا ۲ زیادہ کرنا بڑھانا۔ حضور انور فرماتے ہیں قَصُّوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللُّحٰى مونچھیں کٹواؤ اور داڑھیاں بڑھاؤ۔ ۳ مٹ جانا برباد ہو جانا۔ قَدْ عَفَتْ آثَارُهُمْ اُن کے آثار مٹ گئے ۴ مغفرت یعنی گناہ بخشنا جیسے وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ۔ ۵ درگذر کرنا پکڑ نہ کرنا رب فرماتا ہے وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا ۶ واجب و ضروری نہ کرنا۔ سختی نہ کرنا

marfat.com

آسان فرمانا۔ حضور فرماتے ہیں عَفَا اللّٰہُ لَکُمْ عَنْ صَدَقَۃِ الْخَیْلِ وَالرَّقِیْقِ اللہ تعالیٰ نے گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ واجب نہ فرمائی جب اس کے بعد عن آئے تو آخری تین معنوں میں سے کوئی مراد ہوتا ہے۔ اس میں گفتگو ہے کہ یہاں کونسے معنی مراد ہیں۔ بعض لوگوں نے کہا کہ یہاں بمعنی گناہ بخشنا ہے حضور انور کا منافقوں کو اجازت دینا گناہ تھا رب تعالیٰ نے اس فرمانِ عالی سے اس کی معافی کا اعلان فرمایا۔ مگر یہ باطل محض ہے اسلئے کہ گناہ کی حقیقت ہے اللہ تعالیٰ کے حکم یا ممانعت کی دانستہ مخالفت کرنا۔ رب تعالیٰ نے اجازت دینے کی ممانعت کہیں نہیں فرمائی تھی۔ قرآن مجید میں ایسی کوئی آیت نہیں بلکہ اجازت و اباحت کی آیات موجود ہیں۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْھُمْ (تفسیر خازن و کبیر) بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہاں عفو بمعنی گناہ بخشنا ہی ہے۔ مگر یہ عفا اللہ خبر نہیں بلکہ دعا ہے۔ جو عزت افزائی کے طور پر ارشاد ہوئی۔ جیسے ہم کہتے ہیں۔ ہمارے والد اللہ بخشے بڑے ہی نیک آدمی تھے۔ ایک شاعر علی ابن جہم کو بادشاہ متوکل نے شہر بدر کرنے کا حکم دیا تو اس نے عرض کیا۔ شعر

عَفَا اللّٰہُ عَنْکَ اَلَا اَحْرَمَنِیْ ۔۔۔ تَعَوُّدُ بِفَضْلِکَ اِنْ اَبْعَدَا

اَلَمْ تَرَ عَبْدًا عَدَا طَوْرَہٗ ۔۔۔ وَعُوْدِیْ مَعَادٌ اَشَدَّ الْھَوٰی

اَقَلْنِیْ اَقَلَّکَ مَنْ لَّمْ یَزَلْ ۔۔۔ یُقَبِّلُ وَیُصْرَفُ عَنْکَ الرَّدٰی

اس شعر میں عفا اللہ دعا ہے رب تعالیٰ دعا سے پاک ہے تو یہ اعزاز و تکریم کے لیئے ہے یا اظہارِ محبت کے لیئے جیسے پیاروں سے دورانِ گفتگو کہتے ہیں اللہ تیری عمر دراز کرے۔ اللہ تجھے ایمان دے وغیرہ (تفسیر کبیر و بیضاوی) مگر قوی تفسیر وہ ہے جو تفسیر خازن نے کی کہ یہاں عفو بمعنی معافی ہی نہیں بلکہ لازم نہ کرنا ہے جس کی مثال ابھی گذری عَفَا اللّٰہُ عَنْکُمْ زَکٰوۃَ الْخَیْلِ یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس اجازت کی وجہ سے کچھ الزام نہ دیا آپ مالک و مختار تھے (خازن) لِمَ اَذِنْتَ لَھُمْ میں کا سوال انکار کے لیئے نہیں نہ عتاب کے لیئے۔ انکار و عتاب تو گناہ یا خطا پر ہوتا ہے۔ گناہ میں امر کی مخالفت ضروری رب تعالیٰ نے اس اجازت دینے کی ممانعت کی ہی نہیں تھی۔ اس میں بھی حضور انور کی پردہ پوشی اور ستاری کی شان کا اظہار ہے کہ آپ لوگوں کے عیوب بہت چھپاتے ہیں حتّٰی کہ منافقوں کے عیوب بھی نہیں کھلنے دیتے۔ شعر

جو یہاں عیب کسی کے نہیں کھلنے دیتے ۔۔۔ کب وہ چاہیں گے میری حشر رسوائی ہو

یعنی اے محبوب آپ نے ان منافقوں کو رسوا کیوں نہیں کیا انہیں اجازت کیوں دیدی انہیں خوب رسوا کیا ہوتا آپ انہیں جہاد سے رک جانے کی اجازت نہ دیتے پھر وہ رک جاتے یا جو بہانے انہوں نے بنائے تھے

marfat.com

اس کی تحقیق فرماتے تاکہ ان کا نفاق اور جھوٹ کھل جاتا۔ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا اس فرمانِ عالی میں حتّٰی یا انتہا کا ہے یا بمعنی حرفِ کَے ہے اور ہو سکتا ہے لَکَ میں لام بمعنی بذریعہ ہو یعنی تاکہ آپ کے ذریعہ لوگوں پر ان کا سچ جھوٹ ظاہر ہو جاتا کہ واقعی انہیں کچھ عذر تھا یا نہیں مثلاً اگر وہ اپنی بیماری کا بہانہ بناتے تو طبّی تحقیقات کر لی جاتی۔ اگر وہ اپنے گھر والوں کی بیماری کا بہانہ کرتے تو اسکی دریافت کر لیتے وغیرہ وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے يَتَبَيَّنَ پر اور علم سے مراد علمِ ظہور ہے کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کا جھوٹ تو پہلے ہی معلوم تھا رب فرماتا ہے۔ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اس فرمان میں آئندہ کے لیے مخلصین مومنین اور منافقین کی کھلی نشانی بیان فرمائی گئی۔ یہاں استیذان کے معنی ہیں جہاد سے رک جانے کے لیے حضورِ انور سے اجازت مانگنا بلا عذرِ شرعی۔ اَلَّذِيْنَ اِس فعل کا فاعل ہے۔ یہ بار ہا بتایا گیا ہے کہ ان جیسی آیات اللہ پر ایمان لانے میں نبیوں۔ فرشتوں۔ جنت دوزخ سب پر ایمان لانا داخل ہے یا ارکانِ ایمان کی ابتداء ذاتِ باری تعالیٰ ہے اور انتہاء روزِ قیامت یعنی توحیدِ الٰہی سے۔ لے کر قیامت تک تمام ایمانی چیزوں پر ایمان لاتے ہیں اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اس عبارت میں فی پوشیدہ ہے فِی اَنْ یُّجَاهِدُوْا (الخ) اموال اور انفس کی تفسیر ابھی پچھلی آیت میں گذر گئی یعنی اللہ اور قیامت پر ایمان رکھنے والے آپ سے مالی اور جانی جہاد سے رہ جانے کی اجازت کبھی نہیں مانگتے یا یہ مطلب ہے کہ مومنین مخلصین آپ سے جہاد کرنے کی اجازت نہیں مانگتے بلکہ خود بخود اپنے طور پر جہاد کی تیاری اور اس میں شرکت کرتے ہیں۔ اس جہادِ تبوک میں حضرت ابوبکر صدیق نے اپنا سارا کا سارا مال چندہ میں دے دیا۔ تن کے کپڑے بھی حاضر کر دیئے ایک کمبل سے تن پوشی کی کیا انہوں نے یہ جود و سخا حضور سے پوچھ کر کیا نہیں بلکہ خود بخود بلکہ یہ لوگ جہاد سے رہ جانا گوارہ نہیں کرتے۔ دیکھو اس غزوۂ تبوک میں جب حضورِ انور نے حضرت علی حیدر کرار کو مدینہ منورہ میں چھوڑنا چاہا تو آپ بہت غمگین ہوئے حتّٰی کہ حضور نے فرمایا کہ میں تم کو اس طرح یہاں چھوڑ رہا ہوں جیسے حضرت موسیٰ نے حضرت ہارون کو بنی اسرائیل میں چھوڑا تھا۔ اپنا خلیفہ اور نائب کر کے۔ کیا تم پسند نہیں کرتے کہ تم میرے لیے ایسے ہو جیسے حضرت ہارون موسیٰ علیہ السلام کے لیے تب حضرت علی مطمئن ہوئے یہ قوتِ ایمان ہے وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ اَلْمُتَّقِيْنَ میں الف لام یا استغراقی ہے یا عہدی۔ یعنی اللہ تعالیٰ سارے پرہیزگاروں کو یا ان صحابہ متقیوں کو خوب جانتا ہے انہیں جزائے خیر دے گا۔

**خلاصۂ تفسیر** ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس آیت کریمہ کی تین تفسیریں کی گئی ہیں ان میں قوی اور آسان تفسیر کا ہم خلاصہ عرض کرتے ہیں اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے

marfat.com

آپ سے تنگی دور فرمادی۔ آپ کو اجازت دینے نہ دینے کا مختار بنادیا مگر اے پردہ پوشِ عالم اے سب کے عیب چھپانے والے محبوب تم نے ان منافقوں کو غزوۂ تبوک سے رہ جانے کی ان کے معمولی بہانے بنانے پر کیوں اجازت دیدی۔ آپ نے ذرا تحقیقات تو فرمائی ہوتی تاکہ آپ کو سچے لوگ ظاہر معلوم ہوجاتے اور آپ کے ذریعہ جھوٹے لوگوں کو دوسرے بھی جان لیتے آپ پر بھی ان کا جھوٹ کھل جاتا مخلصین اور منافقین کی آجکل علامت یہ ہے کہ مخلصین جو اللہ کی توحید سے لے کر تا یومِ قیامت ہر ایمانی جز مانتے ہیں وہ آپ سے مالی جانی جہاد کی اجازت نہیں مانگتے وہ خود ہی اپنے شوق سے تیاری کرتے اور اس میں شرکت کرتے ہیں۔ بلکہ اگر انہیں روکا جاوے تو غمگین ہوتے ہیں (روح المعانی) یا مومنین مخلصین جہاد سے رہ جانے کی اجازت نہیں مانگتے۔ اللہ تعالیٰ سارے پرہیزگاروں کو یا ان پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے اور انہیں جزائے خیر دیگا

**فائدے** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو احکام کا مالک ومختار بنایا۔ جس پر چاہیں جو احکام چاہیں باذن پروردگار جاری فرمادیں یہ فائدہ عَفَا اللّٰہُ کی تیسری تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ عَفَا بمعنیٰ لازم نہ کرنا ہو۔ اجازت و آسانی دینا مراد ہو۔ دیکھو تفسیر خازن۔ غزوۂ بدر میں حضرت عثمان کے لیئے اور غزوۂ تبوک میں حضرت علی کیلئے زمین مدینہ کو میدانِ تبوک بنادیا کہ جو ثواب غازیوں کو وہاں پہنچ کر میسر ہوا وہ ثواب ان حضرات کو مدینہ منورہ میں رہ کر حاصل ہوگیا۔ لہٰذا اگر وہ چاہیں تو زمینِ عجم کو عرب بلکہ مدینہ کی زمین بنادیں اگر چاہیں تو ہمارے سینہ کو مدینہ کردیں۔ شعر

بنادو میرے سینہ کو مدینہ نکالو بحرِ غم سے یہ سفینہ

**دوسرا فائدہ**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رب تعالیٰ کے ایسے محبوب ہیں کہ رب تعالیٰ دورانِ خطاب اُن سے محبت کے کلمات فرماتا ہے یہ فائدہ عَفَا اللّٰہُ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ اس کے معنیٰ ہوں اللہ تمہیں معاف کرے دیکھو تفسیر کبیر۔ روح البیان معانی وغیرہ **تیسرا فائدہ**: حضور صلی اللہ علیہ وسلم عیب پوشِ خلق ستارِ عیوب کی صفتِ ستاری کے مظہرِ اتم ہیں کسی کے عیب ظاہر نہیں کرتے یہ فائدہ وَتَعْلَمَ الْکٰذِبِیْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر **چوتھا فائدہ**۔ ایمان ونفاق دل کی صفات ہیں مگر بعض اعمال ان کی علامات ہیں۔ جن سے دل کے یہ حالات معلوم ہوجاتے ہیں یہ فائدہ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکَ (الخ) سے حاصل ہوا کہ عبادات میں سستی ان سے بچنے کی کوشش کرنا منافقت کی علامت ہے اور ان میں چستی چاق وچوبند رہنا اخلاص کی نشانی رب فرماتا ہے فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ **پانچواں فائدہ**، نیکیوں سے بچنے کے لیئے بہت پوچھ گچھ کرنا فال زیادہ اعمال صغیر۔ یہ بھی منافقت کی علامت ہے یہ فائدہ لَا یَسْتَاْذِنُکَ کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا۔

marfat.com

حضور انور نے تین چیزوں سے منع فرمایا قیلُ قال۔ کثرتِ سوال۔ اضاعتِ مال۔ **چھٹا فائدہ:** ادائے فرائض میں کسی سے اجازت لینے پوچھنے کی ضرورت نہیں ادائے نماز۔ ماں باپ۔ استاذ۔ پیر کی اجازت پر موقوف نہ رکھے اگر وہ منع بھی کریں تب بھی ادا کرے یونہی زکوٰۃ۔ روزہ رمضان۔ حج فرض وغیرہ یہ فائدہ لَا یَسْتَاْذِنُکَ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا مسئلہ۔ عورت نفلی روزہ نفلی نماز نفلی حج خاوند کی اجازت کے بغیر نہ کرے یوں ہی بیٹا نفلی حج کو ماں باپ کے منع کرنے پر نہ جائے۔ فرائض کے احکام جداگانہ ہیں۔ اس قسم کے بہت سے مسائل اس آیت سے منسبط ہو سکتے ہیں۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مبارک ہے وہ مومن جو گوشہ نشین ہوا اور جہاد کے لئے ہر وقت تیار جب کسی طرف سے جہاد کی خبر پائے اُدھر دوڑ کر پہنچ جاوے۔ اجازت پر معلق نہ فرمایا (مشکوٰۃ شروع کتاب الجہاد)

**پہلا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گناہوں سے معصوم نہیں آپ گناہ کر لیتے ہیں مگر رب تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے۔ دیکھو یہاں فرمایا گیا عَفَا اللّٰہُ عَنْکَ اگر منافقین کو جہاد سے رُک جانے کی اجازت دینا گناہ نہ تھا تو معافی کے کیا معنیٰ۔ نیز حضور انور نے بدر کے قیدیوں کو فدیہ لے کر چھوڑ دیا یہ گناہ تھا جس پر سخت عتاب کی آیات نازل ہوئیں۔ حتّٰی کہ فرمایا گیا۔ لَوْلَا کِتٰبٌ مِّنَ اللّٰہِ سَبَقَ لَمَسَّکُمْ فِیْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ ابن مکتوم کے آنے پر مسئلہ پوچھنے پر کبیدگی خاطر کا اظہار کیا۔ جس پر عتاب ہوا کہ ارشاد ہوا عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی (الخ) نیز حضور انور نے اپنے پر شہد حرام فرما لیا جس پر عتاب ہوا یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰہُ لَکَ (فرقہ حشویہ) **جواب:** ان جیسے اعتراضات کے جوابات ہماری کتاب قہر کبریا بر عصمتِ انبیاء میں دیکھو۔ یہاں اتنا سمجھ لو کہ گناہ کی دو قسمیں ہیں ان میں سے ایک کے بغیر کوئی کام گناہ نہیں ہوتا (۱) اللہ تعالیٰ کا حکم یا ممانعت کا ہونا۔ جس کی مخالفت گناہ ہو۔ ع۲ مخالفت دانستہ طور پر ہو۔ غلطی یا بھول سے ہو تو گناہ نہیں دیکھو رب نے حضرت آدم کو گندم کھانے سے منع فرمایا تھا۔ مگر انہوں نے ارادۃً نہیں بلکہ دھوکے سے کھا لیا تو رب نے اسے گناہ قرار نہ دیا بلکہ ارشاد فرمایا فَنَسِیَ اٰدَمُ فَلَمْ نَجِدْ لَہٗ عَزْمًا معترض کو چاہیئے کہ وہ آیات دکھائے جن میں رب نے پہلے اس اجازت دینے یا قیدیوں سے فدیہ لینے وغیرہ سے منع فرمایا ہو۔ جب ممانعت تھی ہی نہیں تو یہ افعالِ کریمہ گناہ کیسے بنے۔ رہا عفا اللہ فرمانا اس کی حکمتیں ابھی ہم تفسیر میں عرض کر چکے ہیں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لِلّٰہِ یَغْفِرُ لِیُوْسُفَ اللہ یوسف علیہ السلام کو بخشے کہ جب ان کے پاس سائل بادشاہ کی خواب کی تعبیر پوچھنے آیا تو آپ نے بلا شرط بتا دی۔ اگر کوئی اور ہوتا تو شرط لگاتا کہ پہلے مجھے جیل سے نکالو پھر تعبیر دونگا۔ دیکھو حضور صبر یوسفی کی تعریف فرماتے ہوئے فرماتے ہیں اللہ انہیں بخشے (روح المعانی)

marfat.com

**دوسرا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ تو مخلص مسلمانوں کا پتہ تھا نہ منافقین کا دیکھو ارشاد ہوا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ۔ آپ نے انہیں اجازت نہ دی ہوتی تاکہ آپ کو مخلص و منافق معلوم ہو جاتے **جواب**: اس اعتراض کے دو جواب ہیں۔ ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ **جواب الزامی** تو یہ ہے کہ اس قسم کے الفاظ رب تعالیٰ کے لیئے بھی قرآن مجید میں آئے وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ۔ اب تک رب نے مجاہدین کو نہ جانا لیعلم اللہ تاکہ اللہ تعالیٰ ڈرنے والوں کو جان لے۔ **جواب تحقیقی** یہ ہے کہ ان جیسے مقامات پر علم سے مراد ہوتا ہے علمِ ظہور یعنی ظاہر کر کے دکھانا۔ **تیسرا اعتراض**: یہاں ارشاد ہوا کہ متقین کو جانتا ہے کیا رب تعالیٰ گناہ گاروں کو نہیں جانتا۔ متقین کی قید کیوں لگائی۔ **جواب**: اللہ تعالیٰ متقین کو جانتا ہے ثواب دینے کے لیئے اور بدکاروں۔ کفار کو جانتا ہے سزا دینے کے لیئے۔ یہاں ثواب کے لیئے جاننا مراد ہے

**تفسیر صوفیانہ** عفو و معافی اللہ تعالیٰ کی صفت ہے جس کا تعلق مخلوق سے ہے مگر جیسا بندہ ویسی اس کی معافی۔ گنہگاروں کے لیئے معافی ادنیٰ قسم کی ہے۔ ابرار کے لیئے دوسری قسم کی۔ اخیار کے لیئے اور قسم کی اور حضور احمدِ مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے لیئے اور ہی خاص قسم کی یہ آخری عفو بے انتہا کرم ہے۔ پھر کرم آج کا نہیں بلکہ عفا اللہ ماضی فرما کر بتایا کہ یہ انعام آپ کو ازل میں ہی مل چکا ہے۔ پھر تا ابد آپ کے ذریعہ دوسروں کو ملتا رہے گا۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی صفتِ ستاری۔ رحمت۔ کرم کے مظہر ہیں اور اس کی رحمت اس کے غضب پر غالب ہے یہ آیت جلال والی ہے جس میں منافقین کی پردہ دری کا ذکر ہے فرمایا گیا اے محبوب آپ نے ان منافقوں کا پردہ کھل جانے دیا ہوتا مومن کامل کی علامت یہ ہے کہ نیکی کرنے میں کسی سے پوچھتے نہیں۔ اجازت نہیں لیتے۔ اگر اجازت لینا پڑے تو اجازت کے لیئے بہانے کرتے ہیں نہ کہ رکنے کے لیئے۔ غزوۂ بدر میں دو کم عمر بچے بہانے بنا کر بھرتی ہو گئے۔ کیوں۔ جہاد کرنے کے لیئے۔ اللہ تعالیٰ کفار کو بھی جانتا ہے مگر قہر و غضب کے لیئے۔ ہم جیسے گناہ گاروں اور ہمارے گناہوں کو جانتا ہے پردہ پوشی اور بخشنے کے لیئے۔ متقین کو جانتا ہے ان کے درجات بلند کرنے کے لیئے۔ اپنے محبوب کو جانتا ہے ان کا قربِ حضوری اور بھی زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیئے غرضکہ اس کا علم ایک ہے مگر اس کے علم کی نوعیتیں علیحدہ علیحدہ۔

marfat.com

| |
|---|
| اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ |
| اس کے سوا نہیں کہ اجازت مانگتے ہیں آپ سے وہ لوگ جو نہیں ایمان لاتے اللہ اور |
| تم میں سے یہ چھٹی وہی مانگتے ہیں جو اللہ اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتے |
| الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ |
| آخری دن پر اور شک کیا دلوں نے انکے پس وہ اپنے شک میں |
| اور ان کے دل شک میں ڈانواں ڈول ہیں انہیں نکلنا |
| يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ |
| حیران پھرتے ہیں اور اگر ارادہ کرتے وہ لوگ نکلنے کا تو ضرور تیاری کرتے |
| منظور ہوتا تو اس کا سامان کرتے تو خدا ہی کو |
| عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَ |
| وہ اس کے لیے تیاری کرنا اور لیکن ناپسند کیا اللہ نے اٹھنا ان کا پس بوجھل کردیا ان کو اور |
| ان کا اٹھنا ناپسند ہوا تو ان میں کاہلی بھر دی اور فرمایا گیا |
| قِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ |
| کہا گیا کہ بیٹھ رہو ساتھ بیٹھنے والوں کے |
| کہ بیٹھ رہو ساتھ بیٹھنے والوں کے |

**تعلق**۔ ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیاتِ کریمہ میں مخلص مومنوں کی پہچان بتائی گئی تھی جہاد سے رکنے کیلئے بہانہ بنا کر اجازت نہ مانگنا یا جہاد کرنے کے لئے اجازت نہ مانگنا بلکہ بے تامل اس میں شریک ہو جانا۔ اب منافقین کی علامت بتائی جارہی ہے یعنی حیلے بہانے بنا کر جہاد سے رک جانا تاکہ مسلمان پچھلی علامات اختیار کریں اس علامت سے بچیں **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیت میں اپنے حبیب سے فرمایا کہ آپ نے منافقوں کو رسوا کیوں نہ فرمایا انہیں غزوۂ تبوک سے رک جانے کی اجازت کیوں دے دی اب رب تعالیٰ خود انہیں رسوا فرمارہا ہے کہ اے مسلمانوں تم کو ہم بتاتے ہیں کہ جس میں یہ علامت ہو وہ پکا منافق ہے اگرچہ کلمہ پڑھے، نماز روزہ ادا کرے گویا پچھلی آیت جمالِ محبوب

marfat.com

کی تھی یہ آیت جلالِ ربِّ غیور کی ہے۔ **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیت کے آخر میں ارشاد ہوا کہ اللہ تعالیٰ منفق پرہیزگاروں کو جانتا ہے اب ارشاد ہے کہ ہم ان غداروں کو بھی جانتے ہیں جو وقت پر آپ کو دھوکا دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ گویا رحمت والے علم کے بعد غضب والے علم کا ذکر ہے۔ **چوتھا تعلق**۔ پچھلی آیت میں جہاد سے رکنے کے متعلق اجازت لینے کا ذکر تھا اب ارشاد ہے کہ دھوکا دینے کے لیئے اجازت لینا منافقت ہے دھوکا دہی کی علامت یہ ہے کہ پہلے سے تیاریٔ جہاد نہ کرنا بروقت اجازت حاصل کرنے کے لیئے کہہ دینا کہ چونکہ میں تیاری نہ کرسکا اس لیئے مجھے معافی دی جاوے۔

**شانِ نزول** حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کا بہت پہلے اعلان فرمادیا تھا مخلصین مومنین تو اس کی تیاری میں مصروف ہوگئے اور وقت پر روانہ ہوگئے مگر مدینہ منورہ کے انتالیس کلمہ گو منافقین نے کوئی تیاری نہ کی اور وقت پر مختلف قسم کے بہانے بنانے لگے۔ ان میں سے ایک بہانہ یہ بھی تھا کہ اتنے دراز سفر کی کوئی تیاری نہ سکا اس لیئے روانگی سے معذور ہوں مجھے رہ جانے کی اجازت دی جاوے۔ ان کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں (روح المعانی) بہرحال یہ آیات انہیں رسوا کرنے کے لیئے ہیں

**تفسیر** اِنَّمَا یَسْتَاْذِنُكَ اس فرمانِ عالی میں تصویر کا دوسرا رخ دکھایا گیا ہے کہ مومنین تو آپ سے ایسی اجازت نہیں مانگتے ہاں یہ لوگ مانگتے ہیں اما حصر کے لیئے ہے اجازت مانگنے سے مراد ہے حیلے بہانے بنا کر جہاد سے رک جانے کی اجازت مانگنا۔ کاف خطاب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب ہے اَلَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔ یہ عبارت یستاذن کا فاعل ہے یعنی صرف وہ لوگ حضور سے رک جانے کی اجازت چاہتے ہیں جو نہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں نہ قیامت پر کیونکہ جو آپ کا منکر ہے وہ اگرچہ اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھنے کا دعویٰ کرے مگر ہے نرا بے ایمان کیونکہ ایمان وہی ہے جو آپ کی معرفت حاصل ہو۔ جو ہم نے استیذان اجازت مانگنے کے معنی عرض کیئے ہیں اس سے معلوم ہوگیا کہ یہ آیت کریمہ اس آیت کے خلاف نہیں جو سورۂ نور میں ہے اِنَّمَا یَسْتَاْذِنُكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ الی قولہ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ کیونکہ وہاں فرمایا گیا کہ آپ سے اجازت مانگنا خالص مومنوں کی علامت ہے مرد مومن ہی آپ سے اجازت مانگتے ہیں۔ یونکہ وہاں صحیح عذر کی وجہ سے بادلِ خواستہ اجازت مانگنا مراد ہے۔ لہٰذا دونوں آیتیں درست ہیں۔ یہ آیت اس سے منسوخ ہے نہ کہ وہ اس سے نہ ان میں تعارض ہے (تفسیر خازن و روح البیان وغیرہ) صحیح عذر اور جھوٹے بہانے میں ضرور فرق کرنا چاہیئے۔ بعض مفسرین یہ آیت اس آیت سے منسوخ مانی مگر یہ قول قوی نہیں دونوں آیتیں محکم ہیں۔

marfat.com

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ - یہ فرمان عالی معطوف ہے اٰيٰتُنَا مِنُوْنَ پر اس میں ان کی بے ایمانی کا دوسرا نوعیت بیان فرمائی گئی۔ کہ بعض کفر جزم و یقین سے ہو جاتے ہیں کہ کافر سمجھتا ہے کہ یقیناً میرا دین برحق ہے۔ اسلام حق نہیں جیسے کملے کافر بعض کفر شک کی بنا پر ہوتے ہیں۔ کہ خبر نہیں اسلام برحق ہے یا نہیں یہ کفر منافقت والا ہے اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے خوب فرمایا شعر۔

تف بخدیت نہ کفر نہ اسلام سب پہ حرف ظالم اُدھر کی ہے نہ اِدھر کی اَدھر کی ہے

یعنی ان منافقین کے دل تردد میں ہیں کہ نامعلوم اسلام حق ہے یا نہیں اور جہاد میں ثواب ملے گا یا نہیں فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ - اس فرمانِ عالی میں دلی شک کا انجام بیان ہوا ھُمْ کا مرجع وہ مذکورہ منافقین ہیں تردّد کے لغوی معنیٰ ہیں بار بار آنا جانا یعنی پھرتے رہنا شکی آدمی کی حیرانی کو تردد اس لیئے کہتے ہیں کہ اس سے دل میں مختلف خیالات پھرتے رہتے ہیں۔ جس سے انسان ایک حال ایک ارادہ پر قائم نہیں رہتا لہٰذا اس کا یہ حال تردّد ہے اور وہ شخص متردد۔ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً - یہ فرمانِ عالی گذشتہ مضمون کی دلیل ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ان کے پیش کیئے ہوئے بیماری وغیرہ کے بہانے توکل پر سوں کی بات ہے یہ تو پہلے ہی سے ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے جہاد کی کوئی تیاری نہ کی جس سے معلوم ہوا کہ یہ شروع سے ہی دل کے چور تھے۔ خیال رہے کہ ہماری قراۃ میں عُدَّةً ہے عین کے پیش دال کے شد اور ت سے یعنی تیاری کرنا ایک قراۃ میں عُدَّهٗ ہے یعنی عد مضاف اور ہٗ مضاف الیہ۔ جس کا مرجع خروج ہے یعنی روانگی کی تیاری۔ اصل میں عُدَّتَهٗ تھا تاء گرا دی گئی جیسے اَقَامَ الصَّلٰوةَ کہ اصل میں اِقَامَةَ الصَّلٰوةِ تھا (روح المعانی) وَلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ مفسرین نے یہاں لکن کے معنیٰ میں بہت کاوشیں کی ہیں۔ مگر قوی اور آسان ترکیب یہ ہے کہ لکن اپنے ہی معنیٰ میں ہے۔ اور لکن کے بعد ایک جملہ پوشیدہ ہے اور کَرِهَ اللّٰهُ اس کی وجہِ معنیٰ یہ ہیں۔ کہ لیکن ان لوگوں نے نہ تو جہاد میں جانے کا ارادہ کیا نہ اس کی تیاری۔ کیونکہ اللہ نے اُن کا جانا پسند ہی نہ کیا۔ اس ناپسندیدگی کی وجہ اگلی آیت میں آرہی ہے۔ اس ترجمہ پر کوئی اعتراض۔ بعض بزرگوں نے لکن کو لِاَنَّہٗ کے معنیٰ میں کہا۔ بعض نے اسے حرفِ تاکید فرمایا یہ تمام تکلفات ہیں (روح المعانی) انبعاث بنا ہے بَعْثٌ سے بَعْثٌ کے معنیٰ ہیں اٹھانا بھیجنا۔ انبعاث کے معنیٰ ہیں اٹھنا روانہ ہونا۔ فَثَبَّطَهُمْ یہ فرمانِ عالی یا کَرِهَ الخ پر معطوف ہے اور فِ عاطفہ یا ایک پوشیدہ شرط کی جزاء ہے۔ اور فِ جزائیہ۔ ثبط بنا ہے تثبیط سے بمعنیٰ روک دینا۔ آڑ قائم کر دینا یعنی اللہ نے انہیں غزوۂ تبوک سے روک دیا۔ اُن کے دلوں میں سستی کاہلی بھر دی۔ جو ان کے لیئے جہاد سے آڑ بن گئی (روح البیان) وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ - یہ عبارت معطوف ہے فَثَبَّطَهُمْ - پر قیل کا فاعل یا تو شیطان ہے یا اُن منافقوں کے بال بچے یا ان کے یار دوست یا خود رب تعالیٰ۔ پہلی تین صورتوں

marfat.com

میں قول سے مراد ہے زبانی قول ظاہری کلام۔ اور آخری صورت میں قول سے مراد ہے دل میں ڈالنا۔ کیونکہ رب تعالیٰ نے انہیں جہاد سے منع نہیں فرمایا بلکہ حکم دیا تھا۔ قَاعِدِیْنَ سے مراد یا تو دوسرے منافقین ہیں یا عورتیں۔ چھوٹے بچے یا معذور مجبور بیمار لوگ جو عذر کی وجہ سے تبوک میں نہیں جا سکے۔ یعنی ان کے دل میں یہ بات سمائی کہ جیسے دوسرے معذور لوگ تبوک نہ گئے ہم بھی نہ جائیں بیمار یا معذور بن جائیں۔

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک میں یا اس جیسے اور نادرک غزوات میں بھی جہاد سے رہ جانے کی آپ سے اجازت وہ ہی لوگ مانگتے ہیں جو حقیقۃً نہ تو رب تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں۔ نہ قیامت پر صرف ظاہری طور پر کلمہ پڑھتے ہیں۔ ان کے دلوں میں شک ہے۔ کہ نہ معلوم اسلام سچا دین ہے یا نہیں۔ اور نہ معلوم اس جہاد پر ثواب ملے گا یا نہ اور جو خبریں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہیں نہ معلوم پوری ہوں گی یا نہیں۔ وہ انہیں وسوسوں میں حیران پریشان ڈانوان ڈول رہتے ہیں یہ جو کہتے ہیں کہ انہیں بخار یا دردِ سر دردِ کمر ہے یہ بہانے تو کل پرسوں سے انہیں عارض ہوئے ہوں گے انہوں نے تو پہلے ہی سے جہاد کی تیاری نہیں کی۔ نہ سفر کا سامان جمع کیا نہ جہاد کا سامان حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے اول ہی سے ارادہ نہیں کیا۔ کیونکہ رب تعالیٰ نے اُن کا جانا پسند نہ فرمایا اس لیے ان کے دلوں میں سستی۔ کاہلی بھر دی اور اُن کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ جیسے مدینہ منورہ میں عورتیں بچے بیمار کمزور لوگ رہ گئے ہیں تم بھی رہ جاؤ اور چھوٹے موٹے بہانے بنا دو یہ اُن کی مردودیت اور منافقت کی کھلی دلیل ہے بیماری دل میں علامت چہرے پر

**فائدے** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ اسلام کے متعلق شک اور تردد میں رہنا کہ نہ معلوم حق ہے یا نہیں دل کی بدترین بیماری ہے اور رب تعالیٰ کا سخت تر عذاب اس لیے کھلے کافروں سے منافق بدتر ہیں۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ۔ یہ فائدہ فَاَثَابَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ سے حاصل ہوا۔ **دوسرا فائدہ**۔ ایسے شکی بندے کو نہ دل کا چین نصیب نہ سکون۔ وہ ہمیشہ حیران و پریشان ہی رہتا ہے۔ یہ فائدہ فِیْ رَیْبِهِمْ یَتَرَدَّدُوْنَ سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ** بے ایمان کو نہ نبی کا قرب فائدہ دے نہ کتاب الٰہی ان سب کے فائدے دلی قرب پر موقوف ہیں یہ فائدہ فَهُمْ فِیْ رَیْبِهِمْ (الخ) سے حاصل ہوا۔ دیکھو یہ منافقین برسوں سے مدینہ منورہ میں حضورِ انور کے پاس رہتے تھے مگر ان تمام کے باوجود ان کے دلوں کا تردد نہ نکلا ہم جیسے دور افتادگان کے دلوں میں حضور کا نام ایمان بھر دیتا ہے وَاعِلَہ زوجۂ نوح علیہ السلام اور کنعان حضرت نوح کا بیٹا عمر بھر نبی کے گھر میں رہے مگر ہلاک ہو گئے کشتی میں حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ رہنے

Irfat.com

والے مومنین اس تھوڑی سی ہمراہی کے باعث نجات پاگئے رب فرماتا ہے۔ وَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ۔ اللہ تعالیٰ حضور سے دلی قرب بخشے۔ شعر

گر بے منی و پیشِ منی در بینی ۔۔۔ گر با منی و در بینی پیش منی

اگر دل تمہارا میرے پاس ہے تو تین میں رہو گے میرے ساتھ رہو گے۔ اور اگر دل دور ہے تو میرے پاس رہو گے پھر بھی یمن میں رہو گے **چوتھا فائدہ**۔ دعوی کو دلیل سے ثابت کرنا تحقیق ہے۔ پھر دلیل کو اور قوی دلیل سے ثابت کرنا تدقیق ہے محقق اور مدقق کا فرق خیال میں رہے۔ علم مناظرہ کا یہ مسئلہ ان آیتوں سے ثابت ہے دیکھو رب تعالیٰ نے منافقین کا نفاق ثابت فرمایا ان کی اس اجازت لینے سے اور اجازت لینے کا دلیلِ نفاق ہونا ثابت فرمایا ان کی پہلے سے تیاری نہ کرنے سے وہ تحقیق اور یہ بعد ہوئی تدقیق **پانچواں فائدہ** بوقتِ ضرورت جہاد کی تیاری کرنا عبادت ہے اور تیاری نہ کرنا علامتِ نفاق یہ فائدہ لَاَعَدُّوْا لَهٗ (الخ) سے حاصل ہوا **چھٹا فائدہ**۔ باوجود موقعہ ملنے نیک عمل کی توفیق نہ ملنا رب تعالیٰ کا قہر ہے یہ فائدہ۔ وَلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ سے حاصل ہوا۔ رب تعالیٰ ہمیشہ کارِ خیر کی توفیق دے۔

**ساتواں فائدہ**۔ معیت و ہمراہی بہت قسم کی ہے۔ بعض دفعہ بروں کی ہمراہی اچھی ہو جاتی ہے جب کہ انہیں تبلیغ وغیرہ کے لیے ہو۔ اور کبھی اچھوں کی ہمراہی بری ہو جاتی ہے جب بری غرض سے ہو۔ یہ فائدہ اُقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ سے حاصل ہوا دیکھو غزوۂ تبوک کے موقعہ پر منافقین مدینہ منورہ میں جن کے ساتھ رہ گئے وہ معذور صحابہ تھے بلکہ حضرت علی بھی تھے۔ جنہیں حضور انور نے مدینہ میں حکمار رکھا۔ مگر منافقوں کے لیے یہ ہمراہی ملامت کا باعث ہوا۔ اللہ تعالیٰ اچھوں کے ساتھ اچھی ہمراہی نصیب کرے۔ **آٹھواں فائدہ** دل کے اچھے خیالات نیکیوں کی ہمت و جرأت رب تعالیٰ کا خاص کرم ہے۔ اس کے برعکس دل کے برے خیالات برائیوں سے رغبت نیکوں سے نفرت یہ خدا تعالیٰ کا عذاب ہے یہ فائدہ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا (الخ) کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ جب کہ قِیْلَ کا فاعل رب تعالیٰ ہو۔ اچھے خیال پر رب تعالیٰ کا شکر کرے برے آنے پر توبہ کرے شعر

مری طلب بھی تمہارے کرم کا صدقہ ہے ۔۔۔ قدم یہ اُٹھتے نہیں ہیں اٹھائے جاتے ہیں

**پہلا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ نے فرمایا۔ کہ آپ سے بے ایمان اجازت مانگتے ہیں۔ یعنی یہ اجازت مانگنا بے ایمانوں کا کام ہے مگر سورۂ نور میں ارشاد ہوا کہ آپ سے اجازت مومنین مانگتے ہیں وہاں یہ اجازت طلبی علامت ایمان قرار دی گئی آیات میں تعارض ہے۔ **جواب**

marfat.com

**جواب**۔ بعض مفسرین نے اِس آیت کریمہ کو اس آیت سے منسوخ مانا ہے۔ مگر قوی یہ ہے کہ کوئی آیت منسوخ نہیں دونوں محکم ہیں۔ یہاں غیر معذورین کا بہانہ بنا کر جہاد سے رُک جانے کی اجازت مانگنا مُراد ہے۔ آرام طلبی بزدلی کی وجہ سے وہاں اُس آیت میں معذورین کا مجبوری کی وجہ سے جہاد میں نہ جاسکنے کی اجازت مانگنا مراد ہے۔ یعنی معذورین صحابہ باوجود سخت مجبوری کے بھی آپ کی اجازت کے بغیر نہیں رکتے اگر آپ اجازت نہ دیں تو وہ اس حالت میں نکل کھڑے ہوں جیسا کہ غزوۂ اُحد کے فوراً بعد ہوا کہ مدینہ منوّرہ میں خبر اڑ گئی کہ ابوسفیان پھر مدینہ پر حملہ کرنے واپس آرہے ہیں۔ حضور نے انہیں مدینہ منوّرہ سے نکل کر مقابلہ کرنے کا حکم دیا یہ حضرات اُسی طرح ٹوٹے ہوئے ہاتھ پھٹے ہوئے سر لے کر بغیر مرہم پٹی کے نکل کھڑے ہوئے یہ تھا کمالِ ایمان جس کی تعریف رب نے یوں فرمائی اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ رب نے ابوسفیان کے دل میں رُعب ڈال دیا جس سے واپس نہ لوٹے۔ اُدھر اُن کو اجرِ عظیم عطا فرمایا۔ **دوسرا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ منافقین کو اپنے کفر کا بھی یقین نہ تھا۔ جیسے کہ انہیں اسلام کی حقّانیت میں تردّد تھا۔ ویسے ہی کفر کی حقانیت میں۔ دیکھو ارشاد ہوا۔ فَهُمْ فِیْ رَیْبِهِمْ یَتَرَدَّدُوْنَ پھر انہیں کافر کیوں کہا گیا۔ **جواب** منافقین قولاً مسلمان تھے۔ اس لیئے اُن پر جہاد نہیں ہوتا تھا مگر مذہباً کافر کیونکہ ایمان کے لیئے اسلام کے ہر عقیدے کو یقیناً حق جاننا ضروری ہے۔ دیکھ لو آج بہت سے اسلامی فرقے قومیت میں مسلمان ملتے جاتے ہیں۔ مگر ملّتِ اسلامیہ سے خارج ہیں جیسے رافضی چکڑالوی وغیرھم۔ دوم۔ اگر اسلام کی فتح دیکھتے تو کہتے کہ اسلام سچا دین ہے تب ہی تو مسلمانوں کی فتح ہوئی۔ اگر کبھی اس کے برعکس ہوتا تو کہتے کہ اسلام برحق نہیں کفّار سچے اس لیئے مسلمانوں کو شکست اور کفار کو فتح ہوئی رب فرماتا ہے۔ مُذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِكَ مومن ہر حال میں اللہ رسول کا رہتا ہے۔ **تیسرا اعتراض** اس آیت سے معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ منافقین کا غزوۂ تبوک میں جانا پسند نہیں کیا اس سے معلوم ہوا کہ اُن کا رہ جانا پسند کیا تو چاہیئے کہ وہ لوگ رہ جانے پر ثواب پاتے کہ انہوں نے رب کا پسندیدہ کام کیا۔ **جواب** اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ ثواب ملنا رب کے حکم کی اطاعت ہے حکم اور ہے رب کی پسند کچھ اور۔ ارادہ کچھ اور اگرچہ اُن منافقین کا جہاد میں جانا رب کو ناپسند تھا مگر انہیں جانے کا حکم تھا۔ اس کی اطاعت نہ کی مجرم ہوئے حضرت اسماعیل علیہ السلام کا والد کے ہاتھوں ذبح ہونا رب کو ہرگز پسند نہ تھا۔ مگر اس کا حکم حضرتِ خلیل کو دیا جس کی انہوں نے اطاعت کی خلیل بن گئے۔ ایسے ہی اس کے برعکس۔ دوسرے یہ کہ رب تعالیٰ کو اُن کا جہاد میں جانا اس لیئے ناپسند تھا کہ وہ وہاں جاکر بھی فساد ہی پھیلاتے جیسا اگلی آیت میں ہے اس قسم کی پسند ناپسند کا حکم کچھ اور ہی ہوتا ہے۔ رب کو پسند یہ بات بھی ہے کہ

marfat.com

منافقت سے توبہ کر کے تبوک جائیں **چوتھا اعتراض** - اِس آیت سے معلوم ہوا کہ خود رب تعالیٰ نے انہیں تبوک جانے سے روک دیا گیا۔ دیکھو ارشاد ہوا فَثَبَّطَهُمْ پھر ان کا اس میں کیا قصور ہوا تو چاہیئے کہ وہ اس پر گنہگار نہ ہوں **جواب** ان چیزوں کی آیات میں ان جیسی کی نسبت رب کی طرف خلق کی ہوتی ہے۔ کہ بندہ کاسب ہوتا ہے رب تعالیٰ اس کے کسب کی وجہ سے خالق جیسے کسی کو قتل کیا تو مقتول کو موت رب نے دی مگر بندہ کے کسب کی وجہ سے اس کسب کا بندہ مجرم ہے سزا پاتا ہے۔ **پانچواں اعتراض** یہاں ارشاد ہوا کہ اُن سے کہا گیا۔ کہ بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھ رہو اگر قتل کا فاعل رب تعالیٰ ہو تو معلوم ہوا کہ رب نے انہیں بیٹھ رہنے کا حکم دیا۔ ان پر بیٹھ رہنا واجب ہو گیا۔ اُقْعُدُوْا صیغہ امر کا ہے **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ یہاں اُقْعُدُوْا سے مراد بیٹھنے کا حکم نہیں بلکہ دل میں سستی ڈال دینا ہے وہ بھی اُن کی بدعملی کی وجہ سے امر کے معنیٰ موقعہ محل کے لحاظ سے ہوتے ہیں۔ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔ جب رب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اُس سے فرماتا ہے ہو جا وہ ہو جاتی ہے وہاں كُنْ سے مراد ہو جانے کا حکم دینا نہیں۔ حکم دیا جانا موجود چیز کو ہوتا ہے بلکہ مراد ہے۔ اس کے ہو جانے کا ارادہ فرمانا یہاں بھی یہ ہی ہے :-

## تفسیر صوفیانہ

بعض دلی بیماریوں کا ظہور چہرے سے ہوتا ہے۔ کہ بیماری دل میں ہوتی ہے علامت چہرے پر یوں ہی منافقت دل کی ایک روحانی بیماری ہے۔ جس کا ظہور بعض اعمال سے ہو جاتا ہے نماز میں سستی جہاد سے جی چرانا۔ اللہ والوں سے نفرت دشمنانِ دین کی طرف رغبت یہ نفاق کی علامتیں ہیں۔ ان آیات میں انہیں علامات سے اُن کی منافقت ثابت فرمائی گئی کام ایک ہوتا ہے۔ اس کی نوعیتیں مختلف تبوک میں منافقوں کا حضورِ انور سے رُک جانے کی اجازت لینا اُن کے لیے منافقت کی علامت بنا۔ معذورین کا اجازت لینا قوتِ ایمان کی دلیل کہ دوسری جگہ ارشاد ہوا اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔ جیسے بیماری جہاد سے رُکے وہ مومن ہے۔ مگر جیسے سستی رُکے وہ منافق۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ اچھوں کے ساتھ رہنا محبت سے اللہ کی رحمت ہے دھوکے سے رہنا لعنت دیکھو ارشاد ہوا فَاقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ۔ بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھ جاؤ۔ وہ بیٹھنے والے معذور مومن صحابہ تھے۔ مگر منافقوں کا اُن کے ساتھ بیٹھنا بے ایمانی تھا۔ مدینہ منوّرہ میں رہنا اللہ کی نعمت ہے مگر اُن منافقوں کے لیے اس موقعہ پر وہاں رہنا لعنت بنا کہ اسے عتاب کے طریقہ سے بیان فرمایا۔ اگر حضورِ انور مدینہ منوّرہ میں آئے وہاں رہنے سے راضی ہوں تو آثار رہنا رحمت ہے اور اگر وہاں سے جانے سے راضی ہوں تو وہاں سے نکل جانا بہتر۔ اگر

marfat.com

قرب سے راضی ہوں تو قرب بہتر اگر دوری سے راضی ہوں تو دوری اچھی ۔ غرضیکہ اچھی تو اُن کی رضا ہے :۔
لطیفہ ۔ میں نے ایک مدنی صاحب حاجی غلام حسین سے عرض کیا کہ مجھے مستقل طور پر مدینہ منورہ رہنے کی اجازت دلوا دو ۔ وہ بولے نہیں تم مدینہ آتے جاتے رہو ۔ مگر قیام گجرات میں رکھو ۔ حضور انور اس میں راضی ہیں حضور انور نے گجرات میں اپنی برانچ کھولی ہے تمہیں اس برانچ میں نوکر رکھا ہے ۔ یہاں ہی ڈیوٹی دو ۔ میں نے کہا بسر و چشم منظور ہے ۔ شعر

لقاءِ دوست چہ خواہی رضائے دوست طلب ۔۔۔ کہ حیف باشد ازو غیرِ او تمنائے

لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَا
اگر نکلتے وہ تم میں تو نہ بڑھاتے تمہارے لیے مگر فساد ۔ اور البتہ دوڑتے
اگر وہ تم میں نکلتے تو اُن سے سوائے نقصان کے تمہیں کچھ نہ بڑھتا اور تم میں
اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ
وہ درمیان تمہارے تلاش کرتے ہوئے تم میں فتنہ اور تم میں کچھ لوگ
فتنہ ڈالنے کو تمہارے بیچ میں غرابیں دوڑاتے اور تم میں اُن کے جاسوس موجود ہیں
سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾
خوب سننے والے ہیں ان کے لیے اور اللہ جاننے والا ہے ظالموں کو
اور اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو
لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ
البتہ تحقیق تلاش کیا تھا انہوں نے پہلے ہی فتنہ اُلٹ پھیریں آپ کے لیے کاروائیاں
بیشک انہوں نے پہلے ہی فتنہ چاہا تھا اے محبوب تمہارے لیے تدبیریں اُلٹی پڑیں یہاں تک کہ حق آیا
حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾
حتیٰ کہ آگیا حق اور غالب ہوا حکم اللہ کا حالانکہ وہ ناپسند کرتے تھے
اور اللہ کا حکم ظاہر ہوا اور انہیں ناگوار تھا

marfat.com

**تعلق** - ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق** - پچھلی آیت کریمہ میں ارشاد ہوا کہ رب نے اُن کا غزوۂ تبوک میں جانا پسند ہی نہ کیا - اب اس کی وجہ بیان ہو رہی ہے کہ انکا جانا صرف فساد ہی کا باعث ہوتا - وہ نقصان ہی پہنچاتے گویا پچھلی آیت دعویٰ تھا اس میں اسکی دلیل ہے - **دوسرا تعلق** :- پچھلی آیات سے معلوم ہوا کہ حضور انور نے منافقین کو تبوک سے رہ جانے کی اجازت دے دی اور رب تعالیٰ نے اس پر ناراضی کا اظہار نہیں کیا - اب اس اجازت کی حکمتیں بیان ہو رہی ہیں کہ اگر وہ اس غزوہ میں جاتے تو فساد پھیلاتے گویا حضورِ انور کی اجازت دے دینے کا ذکر پہلے ہوا اور اُس اجازت کی حکمتوں کا ذکر اب - اس آیت میں ہو رہا ہے - تاکہ معلوم ہو کہ اُس اجازت میں بہت حکمتیں تھیں **تیسرا تعلق** پچھلی آیات سے معلوم ہوا کہ منافقین غزوۂ تبوک سے رہ گئے بہانہ بنا کر اب ارشاد ہو رہا ہے کہ اس غزوہ میں بعض کمزور منافقین اور بعض ضعفارِ مومنین شریک ہوئے جن کی شرکت سے جہاد پر اثر نہ پڑا - وَفِيكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ - غرضیکہ منافقین دو طرح کے ہیں - سخت تر اور ہلکے سخت تر نہ گئے ہلکے گئے -

**تفسیر** :- لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ یہ نیا جملہ ہے جو گذشتہ مضمون کی حکمت بیان فرما رہا ہے - ا! خَرَجُوْ کا فاعل وہ منافقین ہیں جن کا ذکر پچھلی آیات میں ہوا کہ رب نے ان کا جانا ناپسند نہ کیا - یعنی فسادی منافقوں کا خروج سے مراد ہے غزوہ تبوک میں جانا - مدینہ منورہ سے روانہ ہونا خیال رہے کہ بہت سے منافق اس غزوہ میں مدینہ منورہ سے روانہ تو ہوئے مگر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم ثنیہ وداع سے آگے مقام ذی جدہ پہنچے تو یہ ! واپس مدینہ لوٹ گئے جیسا کہ اگلی آیت کی تفسیر میں انشاء اللہ عرض کیا جاوے گا اس لئے یہاں فِيْكُمْ ارشاد ہوا - کیونکہ منافقین اس روانگی میں مومنوں میں نہ رہے بلکہ ان سے بچے بچے پیچھے رہے تاکہ واپس ہو جانا انہیں آسان ہو - مَا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا - یہ فرمانِ عالی لَوْ کی جزا ہے اس میں زَادُوْ کا فاعل منافقین ہیں اور کُمْ میں خطاب غازیانِ تبوک سے ہے کُمْ کے بعد یا تو شیئًا پوشیدہ اِلَّا خَبَالًا مستثنیٰ متصل ہے یا جز الو شیدہ ہے کو مستثنیٰ منقطع ہے بہر حال ہے مستثنیٰ مفرغ یہ خیال غلط ہے کہ مستثنیٰ منقطع کبھی مفرغ نہیں ہوتا - (تفسیر روح البیان) یہ بات یاد رہے ضروری ہے خَبَالٌ کے سات معنیٰ ہیں - شر - فساد - عجز - بزدلی - غداری مکر و فریب گمراہی (روح المعانی و کبیر) اس وجہ سے جنون کو خبل مجنون کو مخبول کہتے ہیں - یہاں بمعنیٰ شر یا فساد یا بزدلی ہے - یعنی اگر یہ منافقین غزوۂ تبوک میں تم میں جاتے تو شرارت یا فساد یا مسلمانوں کی ہمت توڑنا ان اُن میں بزدلی پھیلانے کی کوشش وغیرہ پھیلاتے - وَلَا اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ - یہ فرمانِ عالی معطوف ہے مَا زَادُوْكُمْ الخ پر اور کُمْ کی دوسری جزا یہاں لَا نفی کا نہیں بلکہ لام تاکید ہے - مفتوح جو الف کے

marfat.com

ساتھ لکھا گیا ہے نزولِ قرآن سے پہلے اہل عرب فتحہ کو الف سے لکھا کرتے تھے۔ قرآن مجید میں فتحہ کو الف سے ممتاز کر کے لکھا گیا۔ چند جگہ پرانا طریقہ استعمال ہوا یعنی فتحہ کو الف سے لکھنا۔ ایک تو یہاں دوسرے لَآ اَذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ میں۔ (روح المعانی کبیر مدارک وغیرہ) اَوْضَعُوْ بنا ہے اِیْضَاعٌ سے بمعنی اونٹ کا دوڑانا۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضور انور حج میں عرفات سے روانہ ہوئے آہستگی سے وَاَوْضَعَ فِیْ وَادِی الْمُحَسِّرِ یعنی وادیِ محسّر میں اونٹ تیز دوڑایا مگر کبھی بمعنی دوڑنا بھی آتا ہے۔ وہ ہی یہاں مراد ہے یعنی دوڑتے چنانچہ لبید شاعر کہتا ہے۔ شعر

اَرَانَا مُوْضِعِيْنَ لِغَيْبِ لُقْمٍ وَلَسْنَا بِالْبُعَاةِ وَلَا الْاُشَرَاءِ

اس شعر میں مُوْضِعِيْنَ کے معنی ہیں دوڑنے والے۔ عمرو ابن ربیعہ شاعر کہتا ہے شعر

تَبَّلَهُنَّ بِالْعُدْوَانِ لَمَّا عَرَفْتَنِيْ وَقُلْنَ اِمْرُؤٌ بَاغٍ اَكَلَّ وَاَوْضَعَا

اس شعر میں بھی اَوْضَعَا کے معنی ہیں دوڑا بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہاں بمعنی دوڑانا ہی ہے بہر حال مراد ہے۔ کوشش کرنے ڈورے ڈالنا وغیرہ۔ خلال جمع ہے خلل کی بمعنی شگاف یا پھٹن یہاں بمعنی درمیان ہے رب فرماتا ہے۔ فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ اور فرماتا ہے وَفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا اور فرماتا ہے فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ۔ ان ساری آیات میں خِلال بمعنی درمیان ہے یعنی یہ منافقین تمہارے درمیان چغلیاں لے کر دوڑتے ہیں یا تم میں فساد کے ڈورے ڈالتے ہیں۔ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ یہ عبارت اَوْضَعُوْا کے فاعل سے حال ہے يَبْغُوْنَ بنا ہے بَغْيٌ بمعنی چاہنا کوشش کرنا کُمْ سے پہلے لام پوشیدہ ہے فتنہ سے مراد لڑائی جھگڑا ہے حدیث شریف میں ہے يَا بَاغِيَ الْخَيْرِ اَقْبِلْ وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ اَقْصِرْ وہاں باغی بمعنی چاہنے والا ہے نہ کہ بغاوت کرنے والا یعنی تم میں فتنہ پھیلانے کے لیئے چکر لگاتے چغلی کر کے تم میں آپس میں جنگ کرا دیتے۔ بحالتِ جہاد آپس کی جنگ زہر قاتل ہوتی ہے اے مسلمانو! شکر کرو کہ تم ان کے شر سے بچے ہے کہ تمہارے ساتھ یہ نہ گئے یہ تمہارے نبی کا کھلا معجزہ ہے اب تک تو منافقوں کا حال بیان ہوا آگے ارشاد ہے۔ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ اس فرمانِ عالی کی دو تفسیریں ہیں ۱ے اے غازیانِ تبوک تم میں کچھ منافقین بھی ہیں جو منافقت لیئے تمہارے ساتھ چلے آئے اُن کا حال یہ ہے کہ وہ تمہاری باتیں سردارانِ منافقین تک پہنچانے کے لیئے سنتے تاکہ ان کی جاسوسی کرتے ہوئے تمہارے ارادوں تمہاری باتوں سے انہیں خبر دیتے رہیں اگر وہ سردارانِ منافقین بھی یہاں آجاتے تو یہ ماتحت منافقین اُن کی جاسوسی کرتے اور وہ تم میں فساد پھیلاتے۔ ۲ے اے جماعت صحابہ تم میں بعض نومسلم ضعفاء مومنین بھی ہیں۔ جن کی رشتہ داریاں اِن منافقین سے ہیں یہ حضرات سیدھے اور سادہ لوح ہیں۔ دوست

irfan.com

دشمن اپنے پرائے میں فرق نہیں کرتے وہ ان کی باتیں سن لیتے ہیں اگر منافقین تبوک میں جاتے تو ان ضعفاء کو ڈراتے کہ تم لوگ کمزور ہو کفار قوی ہیں یہ ان کی باتیں مان کر ڈر جاتے۔ ان کے لیئے سننا اور اُن کی سننا ان دونوں میں فرق یاد رکھنا۔ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ۔ یہ اس مضمون کا تتمہ ہے۔ یہاں اَلظّٰلِمِیْنَ سے مراد وہ ہی چالاک منافقین ہیں یعنی اللہ تعالیٰ ان ظالم منافقوں ان کی کارستانیوں کو خوب جانتا ہے اس لیئے اس نے تبوک میں انہیں آنے نہ دیا۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہاں ظالمین سے مراد سَمّٰعُوْنَ یعنی منافقوں کے جاسوس ہیں۔ (روح المعانی) لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ اس فرمانِ عالی میں منافقین کی مذکورہ شر انگیزی فتنہ پردازی کا ثبوت گذشتہ واقعات یاد دلا کر دیا جا رہا ہے اِبْتَغَوْا بنا ہے بَغْیٌ سے بمعنی تلاش کرنا۔ چاہنا۔ اس کا فاعل یہ ہی منافقین ہیں۔ اَلْفِتْنَةَ سے مراد اُن کی فتنہ پردازی اسلام کے خلاف سازشیں ہیں۔ مِنْ قَبْلُ سے مراد غزوۂ تبوک سے پہلے کے حالات ہیں۔ اس سے کون سے فتنے مراد ہیں اس میں چار قول ہیں۔ ۱ غزوۂ اُحد میں عبداللہ ابن ابی اپنے تین سو ساتھیوں کے ساتھ میدان جہاد سے لوٹ کر مدینہ منورہ آگیا تاکہ مسلمانوں کی ہمت پست ہو جائے صرف سات سو مخلص صحابہ حضور کے ساتھ رہ گئے اس سے وہ واقعہ مراد ہے ۲ خود اس غزوۂ تبوک میں مدینہ منورہ سے روانگی کے وقت عبداللہ ابن اُبَیّ اپنے ساتھیوں کے ساتھ لشکرِ اسلام میں داخل ہو کر روانہ ہوا مگر ثنیہ وداع کے آگے مقامِ ذی جدہ پہنچ کر مع اپنے ساتھیوں کے مدینہ لوٹ گئے یہاں وہ مراد ہے۔ ۳ لیلۃ العقبہ میں بارہ منافقین حضور انور کے راستہ میں چھپ کر بیٹھ گئے تاکہ آپ وہاں سے گذریں اور ہم آپ پر شب خون مار کر شہید کر دیں۔ اللہ نے حضور کو اُن کے شر سے بچا لیا ۴ ایک رات کے وقت ایک سفر میں حضور انور کی اونٹنی کے پاؤں میں کوئی چیز ہلگا دی جس سے اونٹنی چلتے ہوئے گر جاوے۔ اور حضور انور گر کر شہید ہو جاویں (روح المعانی و روح البیان) بہتر یہ ہے کہ ان چاروں واقعات کی طرف اشارہ ہو۔ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ۔ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے۔ اِبْتَغَوُا الخ پر۔ قَلَّبُوْا۔ بنا ہے تقلیب سے بمعنی اُلٹ پھیر کرنا۔ امور سے مراد ہیں اُن کی خفیہ تدبیریں یعنی اِن منافقین نے صرف یہ چار فتنے ہی نہیں پھیلائے بلکہ ہمیشہ آپ کے خلاف اپنی تدبیروں میں اُلٹ پھیر کرتے ہی رہے حتیٰ کہ غزوۂ احزاب انہیں بدنصیبوں کی تدبیروں کا نتیجہ تھا۔ (تفسیر کبیر و خازن روح البیان و معانی وغیرہ) خلاصہ یہ ہے کہ اے محبوب منافقین کی یہ پہلی شرارت نہیں وہ تو شروع سے ہی آپ کے خلاف ہر طرح کی تدبیریں کرتے رہے مگر ناکام رہے۔ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ یہ فرمانِ عالی ان منافقین کی تدبیروں کی انتہا بتانے کے لیئے ہے۔ حق سے مراد اسلام کی ایسی فتح حضور انور کا وہ غلبہ ہے جس سے اُن کی ہمتیں ٹوٹ گئیں اور وہ اپنی کامیابی سے مایوس ہو گئے۔ اور ہار کر بیٹھ رہے۔

marfat.com

وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے جَاءَ الْحَقُّ پر اَمْرُ اللّٰہ سے مراد دینِ اسلام ہے یا حضورِ انور کی شان آپ کا نام ظہور سے مراد چمکنا ہے یا غالب آنا یعنی دین اسلام یا آپ کی شان آپ کا گرامی نام خوب چمک اٹھا۔ اس سورج کے چمکنے سے سارے چراغ گل ہو گئے رات گئی۔ سویرا ہو گیا۔ جس سے مومن خوش ہو گئے۔ مگر منافقین کا یہ حال ہوا کہ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ۝ یہ جملہ حال ہے هُمْ سے مُراد مذکورہ منافقین ہیں كٰرِهُوْنَ۔ بنا ہے كَرَاهَةٌ سے بمعنیٰ ناپسندیدگی۔ ناگواری یعنی آپ کا یہ فروغ اسلام کا بروج منافقوں کو سخت ناگوار تھا اور رہے گا یہ حسد کی آگ میں جلتے رہیں گے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے غازیانِ تبوک صحابیو! ہمارے محبوب نے ان منافقوں کو مدینہ میں رہ جانے کی اجازت دے دی اُن کا جانا خود ہم کو ناپسند تھا۔ اُس اجازت اور اس ناپسندیدگی کی وجہ یہ ہے کہ اُن کا غزوۂ تبوک میں جانا تمہارے لیئے کچھ مفید نہ ہوتا بلکہ نقصان دہ ہی ہوتا۔ کیونکہ اگر یہ لوگ تمہارے ساتھ تبوک میں چلے بھی جاتے تو تم کو کچھ نفع نہ دیتے بجز فساد پھیلانے کے۔ وہ تم لوگوں کے درمیان فتنہ پھیلانے کے لیئے چغل لگاتے جھگڑے کرانے لیئے ڈورے ڈالتے ہر طرح فتنے ڈالتے تمہاری چھوٹی جماعت بے سروسامان تمہارے مقابلہ کفار کی بھاری تعداد بہت تیاری دکھا کر تم کو ڈراتے کفار سے! مرعوب کرلتے اور تم غازیوں میں پہلے سے ہی بعض چھپے منافق اُن کی جاسوسی کرنے کے لیئے موجود تھے جو تمہاری باتیں اُن تک پہنچانے کے لیئے سنتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ اُن کا تمہارے ساتھ نہ جانا ہی ٹھیک تھا۔ یہ تو تبوک سے پہلے ہی غزوۂ اُحد احزاب لیلۃ العقبہ وغیرہ میں فتنے پھیلا چکے ہیں۔ حتیٰ کہ اس غزوۂ تبوک میں ان کے کچھ لوگ مدینہ منوّرہ سے روانہ ہوئے۔ پھر واپس لوٹ گئے اے محبوب آپ کے خلاف یہ تدبیروں کے الٹ پھیر کرتے ہی رہے حتیٰ کہ حق یعنی اللہ کی طرف سے فتوحات آگئیں اور اللہ کا حکم یعنی اسلام یا تمہاری شان دنیا میں ظاہر ہو گئی یہ ناپسند ہی کرتے رہے یہ کڑھتے حسد کرتے ہی رہے اب یہ مایوس ہو گئے۔

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ منافقین اگر نیکی بھی کریں تو بری نیت سے جس سے وہ نیکی گناہ بن جاتی ہے۔ یہ فائدہ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ (الخ) سے حاصل ہوا۔ یہ مسجد میں جاتا ہے تو جوتی چرانے کے لیئے قرآن پڑھتا ہے تو قرآن اور محبوبِ رحمان میں عیب تلاش کرنے کے لیئے۔ **دوسرا فائدہ** مسلمانوں کے خلاف کفار کی جاسوسی کرنا منافقوں کا طریقہ ہے یہ فائدہ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ کی تفسیر سے حاصل ہوا۔ جب کہ لَهُمْ کا لام بمعنیٰ! لیئے ہو یعنی کفار کے لیئے تمہاری باتیں سنتے ہیں اُن تک پہنچانے کے لیئے۔ **تیسرا فائدہ**۔ کفار اور

marfat.com

منافقین کی باتیں سننا اُن پر دھیان دینا ضعفِ اعتقاد کمزوری ایمان کی علامت ہے یہ فائدہ لَهُمْ کی!! دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جب کہ لام کی ہو۔ یعنی اُن کی بات سنتے ہیں **چوتھا فائدہ** ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سارے کام رب تعالیٰ کی مرضی کے عین مطابق ہوتے ہیں۔ اِس میں صدہا حکمتیں ہوتی ہیں۔ دیکھو حضورِ انور نے منافقوں کو تبوک سے رہ جانے کی اجازت دی رب تعالیٰ نے فرمایا کہ میری مرضی بھی یہی تھی ۔ كَرِهَ اللّٰهُ انْبِعَاثَهُمْ اور اس میں حکمت یہ تھی کہ اگر وہ تبوک میں جاتے تو فساد ہی پھیلاتے گویا ان آیات میں محبوب کے اس عمل شریف کی حکمتیں ارشاد ہوئیں **پانچواں فائدہ**۔ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر منافقوں کے تین گروہ ہو گئے تھے ایک وہ جو بہانہ بنا کر رہ گئے دوسرے وہ جو روانہ ہوئے مگر راستہ سے واپس ہو گئے۔ تیسرے وہ جو غزوہ میں شریک ہوئے۔ یہ فائدہ فِيكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا اور لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ سے معلوم ہوا **چھٹا فائدہ**۔ جس سے ایک بار دھوکا ہو چکا ہو اس پر اعتماد بھروسہ نہیں کرنا چاہیئے۔ مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں کاٹا جاتا۔ یہ فائدہ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ الخ سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ**۔ کفار و منافقین ہمیشہ اسلام اور مومنوں کے خلاف تدبیریں کرتے ہی رہتے ہیں۔ ان سے غافل نہ ہونا چاہیئے نہ ان پر بھروسہ چاہیئے یہ فائدہ :۔ قَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ**۔ انشاء اللہ ہمیشہ حضور کا سورج چمکتا ہی رہے گا۔ اور کفار جلتے ہی رہیں گے۔ ان کی پھونکوں سے سورج بجھے گا نہیں یہ فائدہ !! جَآءَ الْحَقُّ الخ سے حاصل ہوا۔ شعر

چراغے را کہ ایزد برفروزد — کسے کَشتن نہ پیشش بسوزد
نورِ خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن — پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائیگا

اب بھی اگر ہم سچے پکے مسلمان بن جاویں تو ہمارے خلاف کفار کی تدبیریں کارگر نہ ہوں **نواں فائدہ** مسلمانوں کی خوشی پر کفار و منافقین کبھی خوش نہیں ہوتے اگرچہ زبانی طور پر خوشی ظاہر کر دیں ہم کو مبارک باد دے دیں۔ یہ فائدہ وَهُمْ فَرِحُوْنَ سے حاصل ہوا۔ ان کی ظاہری خوشی سے دھوکا نہ کھاؤ۔

**پہلا اعتراض** یہاں ارشاد ہوا کہ منافقین تم میں فساد بڑھاتے ہیں مَا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا۔ اُن غازیانِ صحابہ میں فساد تھا ہی کہاں جو وہ زیادہ کرتے **جواب**۔ مفسرین نے اس اعتراض کے چند جواب دیئے ہیں ۱۔ یہ منافقین تم میں خیر نہ بڑھاتے ان کی شرکت سے تمہارے حوصلے بلند قوت زیادہ دشمن پر ہیبت زیادہ نہ ہوتی بلکہ فساد بڑھاتے کہ تم کو آپس میں لڑاتے۔ کفار سے

marfat.com

ذلت سے مسلمانوں کی ہمتیں پست کرنے کی کوشش کرتے یعنی مستثنیٰ منقطع ہے ع۲ تم میں کوئی چیز نہ بڑھاتے سوائے فساد کے استثنیٰ متصل ہے اور مستثنیٰ مِنْہُ عام شئی ہے۔ ع۳ تم میں کچھ منافق پہلے ہی تبوک میں موجود تھے جن کی موجودگی فساد کا باعث تھی۔ اب اگر یہ بھی پہنچ جاتے تو ان منافقین کا فساد اور بڑھ جاتا۔ کہ دونوں جماعتیں مل کر فساد پھیلاتے۔ دیکھو تفسیر کبیر۔ خازن روح المعانی وغیرہ۔ دوسرا اعتراض یہ مستثنیٰ منقطع نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ مستثنیٰ مفرغ ہے یعنی اسکا مستثنیٰ مِنْہُ پوشیدہ ہے اور مستثنیٰ منقطع مفرغ نہیں ہو سکتا دیکھو کتب نحو جواب۔ نحو کا یہ قاعدہ تب ہے جب کہ کوئی قرینہ موجود نہ ہو۔ اگر قرینہ موجود ہو تو مستثنیٰ منقطع بھی مفرغ ہو سکتا ہے یہاں قرینہ موجود ہے (روح المعانی) تیسرا اعتراض منافقین مسلمان تو تھے ہی نہیں پھر ان کے متعلق فیکم کیوں ارشاد ہوا یعنی اے مسلمانو تم ہی میں جو اب فیکم سے مراد ہے تمہاری جماعت میں نہ کہ تمہارے دین منافقین قومیت کے لحاظ سے مسلمان مانے جاتے تھے جیسے آج مرزائی یا چکڑالوی کہ مسلمان کی مردم شماری میں آتے ہیں۔ مگر دینی لحاظ سے نہ اس زمانے کے منافقین مومن تھے نہ آج کل کی مرتد قومیں چوتھا اعتراض یہاں ارشاد ہوا حَتّٰی جَآءَ الْحَقُّ یہاں تک کہ حق آیا حق یعنی اسلام یا قرآن مجید یا حضور انور کی ذات کریمہ تو پہلے ہی آچکے تھے۔ اب ان کے آنے کا کیا معنیٰ۔ جواب یہاں حق سے مراد طے شدہ پروگرام کی چیز ہے یعنی مسلمانوں کی فتح و حضور انور کی شانِ عالی کا ظہور آپ کا عام چرچہ جس پر منافقوں کی ہمتیں ٹوٹ گئیں۔ جس کے بعد وہ لوگ صرف جلتے بھنتے تو رہے مگر حضور انور کے خلاف تدبیریں چھوڑ گئے۔ یہ چیزیں اِن کی خفیہ تدبیروں کی انتہاء ہی بنیں نہ کہ منافقت اور حسد اور دل کی جلن۔

**تفسیر صوفیانہ** اس آیت کریمہ کے متعلق صوفیاء کرام چند باتیں فرماتے ہیں ع۱ غیر جنس نااہل کی صحبت رب تعالیٰ کا عذاب ہے اُن سے الگ رہنا اللہ تعالیٰ کی رحمت دیکھو۔ ان آیات میں رب تعالیٰ نے اس کا احسان جتایا کہ منافقین کو تبوک میں جانے سے روک دیا۔ گرد و غبار کی صحبت جسم کو گندہ کرتی ہے اغیار کی صحبت دل کو میلا کرتی ہے ع۲ ہمارے اندر ہمارے نفوس شیطان کے جاسوس ہیں اس لیئے شیطان سے اور شیطانی لوگوں سے دُور رہو۔ تاکہ نفس کو جاسوسی کرنے کا موقعہ نہ ملے وَفِیْکُمْ سَمّٰعُوْنَ لَھُمْ ع۳ بروں کی دوستی سے نقصان ہی پہنچتا ہے فائدہ کبھی نہیں پہنچتا۔ دیکھو تبوک میں منافقوں کا جانا مسلمانوں کو نقصان دِہ ہی ہوتا وَلَا اَوْضَعُوْا خِلٰلَکُمْ۔ لوہار کی بھٹی کے پاس جانے سے کپڑے کالے ہی ہوں گے۔ ع۴ جب رب کرم کرنا چاہے تو سب کی مخالفت کا کوئی اثر نہ ہوگا۔ ظَھَرَ اَمْرُ اللّٰہِ وَھُمْ کٰرِھُوْنَ ۝ شعر

چوں ترا اندر حریم خویش خود خواند شاہ — از نفیر پردہ دار و طعن دربان غم مخور

marfat.com

جب بادشاہ اپنے محل میں تجھ کو بلائے تو چوبدار۔ دربان۔ کتے کی آوازیں تجھے روک نہیں سکتیں ۵ اگرچہ کبھی کفر کا شور بڑھ جائے مگر انجام کار زور ایمان کا ہی ظاہر ہوتا ہے کہ ارشادِ حق ہوا جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ اے مومن کوشش کر تو دینی روحانی دشمن کی شکل بھی نہ دیکھے۔ چہ جائے کہ تو اس کا ہمنشین بنے۔ تیرا دل محبتِ اغیار سے خالی رہے اس میں محبتِ یار رہے مولانا فرماتے ہیں۔ شعر

گر بہ بندی تو سرِ کوزہ ہتی — درمیانِ حوض دیا جوئے نہی
تا قیامت او فرا نماید بہ پست — کہ دلش خالی است و در بادیہ ست
میلِ باد شد چوں سوئے بالا بود — ظرفِ خود را ہم سوئے بالا کشد

باز آں جا کہ جنسِ انبیا راست
سوئے ایشاں کشش کشاں چو سایہ ہاست

جانِ ہامان جانبِ قبطی شدہ — جانِ موسیٰ جانبِ سبطی شدہ
معدۂ خر کہ کشد در اجتذاب — معدۂ آدم جذوبِ گندم آب

جس غبارہ میں ہوا بھری ہو۔ وہ سمندر میں نہیں ڈوبتا خواہ اسے کتنا ہی پانی میں دباؤ۔ ذرا سا موقعہ ملے تو ہوا میں اڑ جاتا ہے۔ کیونکہ اس کے اندر ہوا بھری ہے جو خود اوپر جاتی ہے۔ اور اپنے برتن کو اوپر لے جاتی ہے۔ اگر تیرے دل میں محبتِ مصطفےٰ بھری ہے تو تو دنیا میں غرق نہیں ہو سکتا وہ محبت تجھے مدینہ پاک لے جائے گی دیکھ لو ہامان قبطیوں کی طرف جھکا اور موسیٰ علیہ السلام سبطیوں کی طرف۔ مٹی کوڑے سے بھرا ہوا برتن ہوا میں نہ اڑے گا۔ نیچے ہی گرے گا۔ منافقین غزوات میں جانے مدینہ پاک میں رہنے کے باوجود گئے اسفل السافلین میں کہ ان کے دل میں غلاظت تھی۔ حضرت بلال امیہ بن خلف کے پاس رہ کر بھی پہنچے حضور کے پاس کہ وہاں دل میں نور تھا۔ نور نور کے پاس پہنچا۔ صوفیائے فرماتے ہیں کہ چغلخوری سے نمامی جاسوسی کرنے سے ہی جرم ہیں جن کی ان آیات میں برائی کی گئی ہے (از روح البیان)

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا

اور بعض ان میں سے وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ اجازت دیجئے مجھے اور نہ
اور ان میں سے کوئی تم سے یوں عرض کرتا ہے کہ مجھے رخصت دیجئے اور فتنہ میں نہ

marfat.com

| |
|---|
| فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ |
| فتنہ میں ڈالے مجھے خبردار وہ فتنہ میں پڑ گئے اور دوزخ گھیرنے والی ہے |
| ڈالیے کن لو وہ فتنے میں ہی پڑے ہیں اور جہنم گھیرے ہوئے ہے |
| کافروں کو |
| کافروں کو |

تعلق اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق۔ گذشتہ آیات میں منافقین کے بہانوں کا اجمالی ذکر ہوا اب اُس کی تفصیل بیان ہو رہی ہے کہ کیا بہانے بناتے ہیں گویا یہ آیتِ کریمہ گذشتہ آیات کی تفصیل ہے دوسرا تعلق پچھلی آیات میں منافقین کے جھوٹے بہانوں کا ذکر ہوا اب اُن کے تمسخر دل لگی اور مذاق کا ذکر ہو رہا ہے۔ جو وہ اسلام اور جہاد کے متعلق کیا کرتے تھے گویا ان کے ایک کفر کے بعد دوسرے کفر کا ذکر ہے تیسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ منافقین جہاد سے بچنے کی تدبیریں کرتے ہیں اب ارشاد ہو رہا ہے کہ وُہ بدنصیب جہاد میں جانے کو فتنہ کہتے ہیں اور جہاد سے رہ جانے کو فتنہ سے حفاظت قرار دیتے ہیں۔!

## شانِ نزول

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کے لیئے روانگی کا قصد فرمایا تو ایک منافق جدّ ابنِ قیس کو بلا کر فرمایا کہ تو بھی چل۔ اُس نے بطورِ عذر کہا کہ یا رسول اللہ! میری قوم جانتی ہے کہ میں عورتوں کا بڑا شیدائی ہوں۔ حسین عورت کو دیکھ کر صبر نہیں کر سکتا ہوں اور جس قوم یعنی روم سے آپ جہاد کریں گے اُن کی عورتیں بہت حسین ہیں۔ ممکن ہے کہ میں گناہ میں پھنس جاؤں۔ مجھ سے صبر نہ ہو سکے گا۔ اس لیئے حضور مجھے فتنہ میں نہ پھنسائیں یہاں ہی چھوڑ جائیں۔ جس پر حضور انور نے فرمایا تو جائے اس کے متعلق یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی سیدنا حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ یہ اس کا صرف حیلہ بہانہ تھا وجہ صرف اس کی منافقت تھی۔ (خزائن العرفان۔ خازن۔ بیضادی۔ کبیر۔۔۔ روح المعانی۔ روح البیان) بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے سخت گرمی یا اپنے گھر کے

marfat.com

محفوظ نہ ہونے کا بھی بہانہ کیا تھا۔ مگر لفظ فتنہ پہلے قول کی تائید فرماتا ہے

**نوٹ ضروری** یہ جد ابن قیس وہ منحوس منافق ہے جو صلح حدیبیہ کے موقع پر حاضر ہوا تھا مگر بیعتِ رضوان میں شریک نہ ہوا اپنے اونٹ کے پیچھے چھپ رہا یعنی ایسے موقعہ مبارک سے فائدہ نہ اٹھایا محروم رہا (تفسیر صادی)

**تفسیر:** - وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ یہ فرمانِ عالی نیا ہے جس میں جد ابنِ قیس کی حرکت کا ذکر ہے هُمْ کا مرجع منافقین ہیں جن کا ذکر اوپر سے ہو رہا ہے۔ يَقُوْلُ سے مراد ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرنا یا آپ کے حکم کے متعلق بہانہ کرنا۔ اِذْن سے مراد مدینہ منورہ میں رہ جانے تبوک میں نہ جانے کی اجازت دینا ہے یعنی ان منافقین میں بعض وہ بھی ہیں جو ایسے نادر موقعہ پر کہتے ہیں کہ یا رسول اللہ مجھے مدینہ میں رہ جانے کی اجازت دے دیں وَلَا تَفْتِنِّيْ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے اُئْذَنْ لِّيْ پر اِفْتِتَانٌ کے معنیٰ ہیں فتنہ میں پڑنا اور فتنہ میں ڈالنا یعنی یہ لازم ہے اور متعدی بھی۔ یہاں متعدی ہے کیونکہ اس کے ساتھ مفعول بہ کا ذکر ہے۔ فتنہ کے متعلق مفسرین کے تین قول ہیں ع۱ مجھے چلنے کا حکم نہ دیں۔ کیونکہ میں نے ہرگز نہیں جانا۔ اگر آپ حکم دیں گے تو میں حکم کی مخالفت کی وجہ سے گنہگار ہو جاؤں گا لہٰذا آپ مجھے گنہگار نہ کریں فتنہ بمعنیٰ گناہ ع۲ میرا گھر غیر محفوظ ہے اگر آپ مجھے لے چلے تو میرا گھر برباد ہو جاوے گا۔ مجھے برباد نہ کریں۔ فتنہ بمعنیٰ بربادی ع۳ گرمی بہت سخت ہے راستہ دراز مجھے ہلاک نہ کریں فتنہ بمعنیٰ ہلاکت ع۴ میں عاشق مزاج ہوں رومیوں عورتوں کو دیکھوں گا تو اس میں مبتلا ہو جاؤں گا۔ مجھے حرام میں مبتلا نہ کریں۔ فتنہ بمعنیٰ فحش کام (کبیر۔ بیضاوی روح البیان و معانی) آخری معنیٰ شانِ نزول کے مطابق ہیں۔ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا۔ یہ فرمانِ عالی جد ابنِ قیس کا جواب ہے یہاں! فتنہ سے مراد کفر یا گناہ یا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت ہے یعنی وہ تو کہتا ہے کہ جہاد تبوک میں جانا میرے لیئے فتنہ ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ اس کا اِس زمانہ میں مدینہ منورہ میں رہنا فتنہ ہے۔ خیال رہے کہ الفتنہ سے مراد بڑا بھاری فتنہ ہے سقوط کے معنیٰ ہیں گرنا۔ یعنی یہ لوگ اب بڑے بھاری فتنہ میں گر گئے کیونکہ اب ان کا مدینہ میں رہنا محبوب کی ناراضی کا باعث ہے جو بدترین جرم ہے اس کی سزا دنیا میں بھی ملے گی اور آخرت میں بھی۔ دنیا میں یہ کہ اب اُن کا نفاق ظاہر ہو جاوے گا۔ تا قیامت بدنام ہوں گے ہر جگہ اُن کے بُرے چرچے رہیں گے اور آخرت میں یہ کہ۔ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكٰفِرِيْنَ۔ اس فرمانِ عالی میں آئندہ کی خبر ہے یعنی بعدِ موت یا بعدِ قیامت کفار کو دوزخ گھیرے ہوئے ہوگی۔ زمانہ میں بھی کہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور یہ بھی اُن میں

marfat.com

یا ہر طرف سے انہیں دوزخ گھیرے گی کہ ان کے جسم دماغ اور دل پر دوزخ چھا جائے گی بخلاف گنہگار مومن کے کہ اگر وہ دوزخ میں گیا بھی تب بھی نہ تو اس میں ہمیشہ رہے گا نہ اس کے دل دماغ اور اعضاءِ سجدہ پر دوزخ چھائے لہٰذا وہ زمانہ اور جہت میں دوزخ کے گھیرے میں نہ ہوگا۔ دوزخ میں جانا۔ وہاں رہنا وہاں گھیرا جانا ان سب میں بڑا فرق ہے دوزخ میں جانا مومن متقی کے لیئے بھی ہوگا۔ کہ وہ دوزخی مسلمان کو وہاں سے نکالنے کے لیئے وہاں جائیں گے۔ اَلْکَافِرِیْنَ فرما کر یہ بتایا کہ منافقین اگرچہ کلمہ پڑھیں نمازیں ادا کریں زکوٰۃ دیں حج کریں۔ جہاد میں جائیں مگر ہیں نرے کافر انہیں کی طرح ہمیشہ اور ہر طرح دوزخ میں رہیں گے اس لیئے بِہِمْ نہ فرمایا بِالْکَافِرِیْنَ فرمایا۔ اَلْکَافِرِیْنَ میں اَلِفْ لَامْ یا تو عہد کی ہے یا جنسی یا استغراقی یعنی ان کافروں (منافقوں) کو دوزخ ہر طرح گھیرے گی یا سارے کافروں کو دوزخ گھیرے گی کہ وہاں سے کبھی نکل نہ سکیں گے۔

**خلاصۂ تفسیر** ان منافقین میں بعض ایسے بے غیرت ہیں کہ جب ان کو ہمارے محبوب۔ غزوۂ تبوک کی طرف چلنے کا حکم دیں تو وہ بے دھڑک سب کے سامنے کہہ دیتے ہیں کہ حضور مجھے مدینہ میں رہ جانے کی اجازت دے دیں مجھے وہاں لے جا کر فتنہ میں نہ ڈالیں میرے لیئے اس جہاد میں جانا فتنہ ہے۔ مدینہ میں رہ جانا امن ہے چند وجہ سے ایک یہ کہ راستہ دور ہے گرمی سخت ہے مجھے جانے میں سخت تکلیف ہوگی ممکن ہے کہ اس تکلیف کی وجہ سے کچھ کفر بک دوں۔ برداشت نہ کر سکوں۔ دوسرے یہ کہ میرا گھر غیر محفوظ ہے ہو سکتا ہے کہ میں اُدھر جاؤں اِدھر میرا گھر بار لُٹ جاوے اور میں یہ حال دیکھ کر کافر ہو جاؤں تیسرے یہ کہ مجھے عورتوں کی بہت رغبت ہے حسین عورت دیکھ کر مچل جاتا ہوں۔ شعر

مچل جاتا ہے دل میرا جہاں کوئی حسین دیکھا
زمانہ میں کوئی عاشق مزاج ایسا نہیں دیکھا

وہاں رومیوں سے مقابلہ ہے جن کی عورتیں حسینہ جمیلہ ہیں ممکن ہے کہ میں انہیں دیکھ کر زنا میں پھنس جاؤں اس لیئے آپ مجھے روانگی کا حکم نہ دیں کیوں کہ وہاں جانا ہے نہیں۔ اگر آپ مجھے حکم دیں گے تب بھی میں نہیں جاؤں گا۔ اور آپ کا حکم نہ مان کر گنہگار ہو جاؤں گا۔ اس لیئے آپ مجھے حکم دیں ہی نہیں تاکہ میں اس فتنہ میں مبتلا نہ ہوں۔ اے مسلمانوں خبردار رہو کہ یہ لوگ بڑے سے بڑے فتنہ میں واقع ہو چکے۔ حضور انور کا نہ ماننا۔ جہاد میں نہ جانا۔ جب حضور انور راضی نہ ہوں تو مدینہ میں رہ جانا جھوٹ بولنا وہ بھی حضور انور کے سامنے کہ میرا گھر غیر محفوظ ہے دین کا مذاق اڑانا کہ عورتوں پر فریفتہ ہوں یہ سب فتنہ ہی تو ہے جس سے اُن کا نفاق ظاہر ہو گیا۔ وہ تا قیامت بدنام ہو گئے اور آخرت میں دوزخ انہیں ہر طرح گھیرے گی کہ ان کے جسم دماغ دل پر ہمیشہ کے لیئے چھا جائے گی۔ یہ بدترین کافر ہیں:۔

marfat.com

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**۔ گناہ کی اجازت مانگنا کفر ہے کہ اس میں حرام کو حلال جانتا ہے یہ فائدہ ائْذَنْ لِّیْ سے حاصل ہوا۔ کہ اس وقت اُن کے لیئے جہاد میں نہ جانا حرام تھا اور وہ اس کی اجازت مانگتے تھے۔ یہ ہوا کفر اِس لیئے آگے بِالْکٰفِرِیْنَ فرمایا گیا **دوسرا فائدہ**۔ دین کا مذاق اڑانا کفر ہے یہ فائدہ لَا تَفْتِنِّیْ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ فتنہ سے مُراد ہونا۔ اور اجنبی عورتوں سے عشق کہ اُس نے یہ بجواس بطورِ مذاق کی تھی اُسے رب نے کفر قرار دیا کہ فرمایا۔ بِالْکٰفِرِیْنَ **تیسرا فائدہ**۔ حضور انور کے کسی حکم کو فتنہ یا فتنہ کا ذریعہ کہنا کفر ہے یہ فائدہ لَا تَفْتِنِّیْ سے حاصل ہوا کہ اس نے حضور انور سے یہ ہی کہا کہ مجھے جہاد کی روانگی کا حکم دے کر فتنہ میں واقع نہ کریں۔ اُسے رب تعالیٰ نے کفر فرمایا **چوتھا فائدہ**۔ حضور انور کے سامنے جھوٹ بولنا یہ سمجھ کر کہ آپ میرے جھوٹ کو مان لیں گے آپ پر میرا داؤ چل جائے گا یہ کفر ہے۔ یہ فائدہ لَا تَفْتِنِّیْ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ جب اِس سے مراد گھر کا غیر محفوظ ہونا ہو اُسے رب نے کفر قرار دیا کہ فرمایا۔ بِالْکٰفِرِیْنَ **پانچواں فائدہ**۔ حضور انور سے یہ عرض کرنا کہ آپ مجھے حکم دیں یا نہ دیں میں نے یہ کام کرنا نہیں لہٰذا بہتر ہے کہ حکم نہ دیں یہ بھی کفر ہے اُن کا ہر حکم واجب العمل ہے وہ ہم پر ہم سے زیادہ مہربان ہیں یہ فائدہ لَا تَفْتِنِّیْ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ اس مراد ہے حکم نہ ماننا جیسا کہ ابھی تفسیر میں گذرا **چھٹا فائدہ**۔ حضور انور کی مرضی کے بغیر مدینہ منورہ میں رہنا حرام بلکہ کفر ہے ایمان ان کی رضا کا نام ہے وہ ہم سے جہاں رہنے میں راضی ہوں وہاں ہی رہو۔ یہ فائدہ فِی الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا سے حاصل ہوا۔ کہ نافق کے مدینہ منورہ میں رہنے کو فتنہ یعنی کفر میں گرنا قرار دیا۔

**میرا واقعہ** میں اس سال یعنی ۱۳۸۹ھ سنہ ۱۹۷۰ء کو حج کے لیئے حاضر ہوا ساڑھے چار ماہ مدینہ منورہ میں حاضری نصیب ہوئی تین ماہ دس دن حج سے پہلے اور ایک ماہ پانچ دن حج کے بعد میرا ارادہ ہوا کہ ایک ماہ مدینہ منورہ میں اور حاضر رہوں کیونکہ ہوائی جہاز کا ٹکٹ ایک سال کی واپسی کا تھا۔ چاہا کہ بجائے ۱۵ اپریل کے ۵ مئی کو جاؤں یہ دل ہی میں خیال تھا کہ حیدر آباد دکن کے ایک صاحب حاجی عبداللہ نے مجھ سے کہا کہ کیا آپ ایک ماہ اور رہنا چاہتے ہیں میں نے کہا ہاں فرمایا نہیں اب جاؤ۔ حضور انور کی مرضی یہ ہے کہ گجرات رہو اور تفسیر نعیمی پوری کرو۔ میں نے کہا بہت اچھا چنانچہ میں ۵ اپریل کے ہوائی جہاز میں آگیا۔ اور مجھے گجرات میں رہنا اس لیئے پیارا ہے کہ میرے محبوب اس میں راضی ہیں۔ ہاں تمنا ہے کہ بلاتے رہیں اور فقیر کو اب امید ہے کہ اس تفسیر کی تکمیل کی توفیق ملے گی انشاء اللہ۔ **ساتواں فائدہ**۔ مومن گنہگار اگرچہ عارضی طور پر دوزخ میں جائیں مگر نہ تو وہاں

marfat.com

ہمیشہ رہیں گے نہ دوزخ اُن کے ہر عضو پر چھائے ان کا دل دماغ اعضاء سجدہ آگ سے محفوظ رہیں گے۔ یہ فائدہ لَمُحِیْطَۃٌۢ بِالْکٰفِرِیْنَ سے حاصل ہوا **آٹھواں فائدہ**۔ منافقین بدترین کافر ہیں کیونکہ بعض کافر وہ بھی ہیں جو دوزخ سے دُور رکھے جائیں گے انہیں صرف وہاں گرمی پہنچے گی مگر منافق ہر صورت دوزخ ہی میں رہیں گے۔ اس طرح کہ دوزخ انہیں ہر طرف سے گھیرے گی۔ یہ فائدہ اَلْکٰفِرِیْنَ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ اس میں اَلِفْ لَامْ عہدی ہو اور اِس سے مُراد منافق کافر ہوں **نواں فائدہ** مومن میں شرم و حیا ہے کافر و منافق میں بے شرمی بے حیائی۔ اَلْحَیَاءُ شُعْبَتٌ مِّنَ الْاِیْمَانِ۔ دیکھو جدابنِ قیس نے حضور انور کی بارگاہ میں تمام صحابہ کرام کے سامنے ایسی بے غیرتی کی بات کی جو شریف حیادار انسان کہہ نہیں سکتا۔ اللہ تعالیٰ اپنا خوف نبی کی شرم نصیب فرمائے شعر

دِن بَھر مَیں کھونا تجھے شب نیند بھر سونا تجھے
شرم نبی خوفِ خدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

**پہلا اعتراض** منافقین حضورِ انور کے سامنے ایسی بکواس کر جاتے تھے مگر حضرات صحابہ اُن سے کچھ نہ کہتے تھے۔ ان کی غیرت کو کیا ہوا تھا آج کوئی شخص حضور انور کے متعلق ایسی بکواس کرے تو مسلمان اس کی جان لے لیں۔ **جواب** اس اعتراض کے تین جواب ہیں دو الزامی ایک تحقیقی **پہلا جواب**۔ الزامی تو یہ ہے کہ ابلیس نے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں بڑی بکواس کی خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَہٗ مِنْ طِیْنٍ کی مگر فرشتے سنتے رہے کچھ نہ بولے اس کی کیا وجہ تھی۔ **دوسرا جواب** الزامی یہ ہے کہ اس وقت رب نے بھی کچھ نہ کہا نہ انہیں عذاب دیا۔ دربارِ غیرتِ الٰہی جوش میں کیوں نہ آیا **جواب تحقیقی** یہ ہے کہ اُس وقت حالات ہی ایسے تھے کہ ان باتوں پر تحمل کیا جاوے ورنہ دوسرے ممالک میں خبر اڑ جاتی کہ مسلمان تو مسلمانوں کو ہی قتل کرتے ہیں اُن میں آپس میں جنگ ہے تو دوسری قوموں پر سے رعب بھی جاتا رہتا اور لوگ مسلمان ہونے کی ہمت نہ کرتے بہت دفعہ حضرت عمر نے ایسے گستاخوں کے قتل کی اجازت مانگی مگر حضور انور نے منع فرمایا۔ حضرت عمر کے زمانہ میں اعلان کیا گیا کہ نفاق حضور انور کے وقت ہی تھا اب یا کفر ہے یا اسلام یعنی کسی منافق کو معاف نہ کیا جاوے گا۔ (مشکوٰۃ باب الکبائر۔) کیونکہ اب حالات بدل گئے تھے۔

**دوسرا اعتراض** جب جدابن قیس کو تبوک میں جانا ہی نہ تھا تو حضور سے اجازت کیوں مانگتے تھے کیوں کہتے تھے اِئْذَنْ لِّیْ **جواب** تاکہ ان کا نفاق مسلمانوں پر ظاہر نہ ہو جاوے اور وہ مطعون نہ ہو جاویں۔ اُن کا اجازت مانگنا رب کے خوف سے نہ تھا۔ لوگوں کے ڈر سے

marfat.com

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ۔ **تیسرا اعتراض**۔ یہاں منافقین کے متعلق فرمایا۔ فِی الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا کہ وہ فتنہ میں واقع ہو گئے وہ تو پہلے سے ہی فتنہ میں مبتلا تھے۔ اب واقع ہونے کے کیا معنیٰ

**جواب** ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ اس فرمانِ عالی کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ وہ تو پہلے سے ہی فتنہ یعنی کفر میں پڑے ہوئے ہیں سَقَطُوْا ماضی ہے دوسرے یہ کہ اب فتنہ میں پڑ گئے تو فتنہ سے مراد ہے اُن کے نفاق کا کھل جانا۔ تا قیامت ان کا تمام دنیا میں بدنام ہو جانا۔ دیکھو جد ابن قیس پر اب چودہ سو برس کے بعد بھی پھٹکار پڑ رہی ہے۔ شعر ؎

قسم خدا کی نہ وہ اُٹھ سکا قیامت تک کہ جس کو تو نے نظر سے گرا کے چھوڑ دیا

**تفسیر صوفیانہ** حضور انور سے کسی کام کی اجازت مانگنا مومنوں کے لیئے زیادتی درجات کا باعث ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اے مختار نبی ہمارے مالک و مختار ہیں اجازت حضور کی ہو تو کام ہمارا ہو مگر منافقین کے لیئے یہ ہی اجازت مانگنا زیادتیِ کفر کا ذریعہ ہوئی کہ وہ یہ حرکات دھوکا دینے کے لیئے کرتے تھے چیز ایک ہے مگر نیت کے اختلاف سے اُن کے نتیجے مختلف حضور پُر نور صلے اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہ عرض کرنا کہ مجھے فتنہ میں نہ ڈالئے سخت بدتمیزی اور کفر ہے حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم تو لوگوں کو فتنہ سے نکالنے کے لیئے آئے ہیں حضور کا دامن فتنوں سے امان کی جگہ ہے۔ شعر ؎

ان فتنہاء خشد سے کہہ دو حذر کریں
نازوں کے پالے آتے ہیں رہ سے گذر کریں

اس لیئے رب نے فرمایا کہ منافقین اپنی اس بکواس کی وجہ سے فتنہ میں پڑ گئے۔ صوفیا فرماتے ہیں۔ کہ حضور کی رضا سے مدینہ منورہ میں رہنا اللہ کی رحمت ہے۔ مگر حضور کو ناراض کر کے مدینہ میں رہنا فتنہ ہے رب نے منافقوں کے مدینہ میں رہ جانے کو فتنہ میں گرفتار فرمایا اگر وہ کرم کریں تو دوسری جگہ کو مدینہ بنا دیں کرینہ وہاں رہ کر مدینہ منورہ کے انوار دیکھے۔ اگر کرم نہ ہو تو مدینہ منورہ بھی اس کے لیئے مدینہ نہ رہے۔ منافقین کو دنیا میں بھی دوزخ گھیرے ہوئے ہے کہ ہر کام دوزخیوں کے سے کرتے تھے البتہ اِس گھیرنے کا ظہور بعد قیامت ہوگا۔ بخیل مال سے بخیل جان بدتر ہے۔ جو دینی ضرورت کے وقت اپنی جان کی قربانی پیش نہ کر دے۔

marfat.com

| |
|---|
| اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ |
| اگر پہنچے تم کو کوئی بھلائی تو غمگین کرے ان کو اور اگر پہنچے تمکو کوئی |
| اگر تمہیں بھلائی پہنچے تو انہیں برا لگے اور اگر تمہیں کوئی مصیبت |
| مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ |
| تکلیف تو کہیں کہ بیشک اختیار کرلیا تھا ہم نے کام اپنا پہلے سے |
| پہنچے تو کہیں ہم نے اپنا کام پہلے ہی ٹھیک کر لیا تھا |
| وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ۝۵۰ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ |
| اور لوٹیں وہ حالانکہ وہ خوش و خرم ہوں تم فرماؤ ہرگز نہیں پہنچے گا ہمکو |
| اور خوشیاں مناتے پھر جائیں تم فرماؤ ہمیں نہ پہنچے گا |
| اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ |
| مگر وہ جو لکھا اللہ نے واسطے ہمارے وہ والی ہے ہمارا اور اللہ پر ہی |
| مگر جو اللہ نے ہمارے لیئے لکھ دیا وہ ہمارا مولیٰ ہے اور مسلمانوں کو اللہ |
| فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۵۱ |
| پس چاہیئے کہ بھروسہ کریں ایمان والے |
| پر بھروسہ چاہیئے |

**تعلق** - ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے - **پہلا تعلق** پچھلی آیتہ میں منافقت کی بد کلامی کا ذکر ہوا اب ان کی بدنیتی کا تذکرہ ہے گویا زبان کے بعد دل کی حالت بیان فرمائی جارہی ہے - **دوسرا تعلق** - پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ منافقین جہاد میں جانے کو زبان سے فتنہ کہتے ہیں - مدینہ منورہ میں رہ جانے کو امان اب ارشاد ہورہا ہے کہ وہ دل میں اپنی اس حرکت کو احتیاط دانائی - عقلندی سمجھتے ہیں - قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا - **تیسرا تعلق** - پچھلی آیتِ کریمہ میں منافقین کی زبان عداوتِ مسلمین کا ذکر ہوا - جو دوستی کے رنگ میں ظاہر ہوتی تھی - اب ان کی دلی دشمنی

marfat.com

کا تذکرہ کہ وہ مسلمانوں کی بھلائی سے غمگین ہوتے ہیں اور اُن کی تکلیف سے خوش۔

**شانِ نزول** ابنِ ابی حاتم نے حضرت جابر ابن عبداللہ سے روایت کی کہ جب مسلمان غزوۂ تبوک کو روانہ ہو گئے اور منافقین بہانے بنا کر رہ گئے تو اُن کے سرداران نے خبر اڑا دی کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم اور مومنین سفر کی شدّت گرمی کی زیادتی کی وجہ سے راستہ میں ہی شہید ہو گئے۔ اس خبر پر دوسرے منافقوں نے خوب خوشی منائی اور زبان سے وہ باتیں کیں جو اس آیت میں مذکور ہیں مگر بعد میں پتہ لگا کہ وہ سب کچھ غلط تھا حضور انور مع اپنے صحابہ بخیریت ہیں تبوک میں جنگ ہوئی ہی نہیں بلکہ رومیوں نے ہتیار ڈال دیئے۔ حضور انور کو ہدیئے سوغاتیں پیش کیں اس پر ان کو سخت صدمہ ہوا پھر بعد کو سرکار حضور سیّدِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم مع صحابہ بخیریت تمام واپس آئے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں اور وہ سب بہت ہی شرمندہ اور بدنام ہوئے۔ (رُوح المعانی)

**تفسیر**۔ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ۔ ظاہر یہ ہے کہ اس فرمانِ عالی میں خطاب حضورِ انور صلے اللہ علیہ وسلّم سے ہے اور حَسَنَةٌ سے مراد مطلقاً ظاہری بھلائی ہے کفار کا ہتیار ڈال دینا جزیہ قبول کر لینا یا غزوہ میں فتح پانا غنیمت حاصل ہو جانا جیسے غزوۂ بدر وغیرہ میں ہوا کہ اگرچہ شانِ نزول خاص ہے۔ مگر آیۃ کریمہ کے الفاظ عام۔ الفاظِ آیۃ کا اعتبار ہوتا ہے نہ کہ شانِ نزول کی خصوصیت کا یعنی اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ کو کوئی بھلائی پہنچے تو منافقین کو بڑی بُری لگتی ہے۔ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ یہ معطوف ہے اِنْ تُصِبْكَ (الخ) پر اس میں بھی خطاب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے اور مصیبت سے اپنی شکست قدم اوکھڑ جانا مراد نہیں کیونکہ حضور انور کے کسی جنگ میں قدم نہ اوکھڑے نہ آپ نے کبھی کفار کو پیٹھ دکھائی جو یہ کہے اُس سے توبہ کرائی جائے۔ اگر نہ کرے تو قتل کیا جاوے کہ وہ حضور انور کی سخت توہین کرتا ہے۔ (رُوح البیان) جیسے حضور سب سے بڑھ کر سخی، عالم۔ عابد۔ عارف ہیں۔ یوں ہی حضور اشجع الاشجعین تمام بہادروں سے بڑھ کر بہادر ہیں۔ آپ جیسا بہادر شجاع آسمان کی آنکھوں نے نہ دیکھا۔ بلکہ غزوہ میں ظاہری فتح حاصل نہ ہونا حضراتِ صحابہ کی تکلیف دیکھ کر قلبِ پاک کو رنج پہنچنا مراد ہے عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ۔ خیال رہے کہ یہاں حَسَنَةٌ کے مقابل مُصِيْبَةٌ فرمایا گیا۔ اور سورۂ آلِ عمران میں حَسَنَةٌ کے مقابل سَيِّئَةٌ ارشاد ہوا کیونکہ وہاں خطاب مومنین سے ہے اور یہاں خطاب محبوبِ ربّ العالمین سے۔ سَيِّئَةٌ کے معنیٰ گناہ بھی ہیں رب نے محبوب کے لیئے وہ لفظ ارشاد نہ فرمایا۔ جس کے ایک معنیٰ حضور کی شان کے خلاف ہوں۔ یعنی

marfat.com

سیئہ۔ نیز یہ بتایا گیا کہ یہ مصیبت بھی حضور کے لیئے اور حضور کے صدقہ مسلمانوں کے لیئے بھلائی ہے کیونکہ ثواب اس پر بھی ملتا ہے۔ جیت گئے تو غازی مارے گئے تو شہید۔ لٹ گئے تو روزہ لوٹ لائے تو عید۔ (از تفسیر صادی و روح البیان) نیز غزوہ میں ظاہری شکست کو بعض مسلمان سیئہ سمجھتے تھے۔ حضور انور نے اسے مصیبت تو جانا سیئہ نہ جانا۔ (صادی) ان وجوہ سے حسنہ کے مقابل یہاں مصیبت فرمایا ورنہ حسنہ کا مقابل سیئہ ہوتا ہے یعنی بھلائی کا مقابل برائی۔ یَقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ۔ یہ جزا ہے۔ وَاِنْ تُصِبْكَ (الخ) کی یَقُوْلُوْا سے مراد یا منافقین کا آپس میں ایک دوسرے کو کہنا ہے یا غازیانِ تبوک کے بال بچوں اور ضعفاءِ مومنین سے کہنا ہے اَخَذْنَا سے مراد اختیار کرنا امرنا سے مراد ہے اپنی احتیاط یا دو طرفہ پالیسی کون سی پالیسی یا تو تبوک میں نہ جانا یا مسلمانوں سے منہ اور زبان سے ملے رہنا اور کفار سے دل و جان سے محبت رکھنا۔ دونوں کے دوست رہنا اور صلح کلی بننا مِنْ قَبْلُ سے مراد غزوۂ تبوک سے پہلے ہے یا اوّلِ امر کے جب اسلام کا سورج مدینہ میں طلوع ہوا تو یہ لوگ دو طرفہ دوستی کرتے رہے۔ یہ تو ان کی بحواس کا بیان ہوا۔ رہا دل اس کا حال یہ ہے کہ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ۔ یہ فرمانِ عالی ہے۔ يَتَوَلَّوْا پر تولّی سے مراد لوگوں کا مجلسوں سے اپنے گھر کی طرف روانہ ہونا۔ فرحت سے وہ خوشی مراد ہے جو کفر ہے یعنی یہ باتیں کر کے جب اپنی مجلسوں سے اپنے گھروں کو لوٹتے ہیں تو بہت خوش خوش خیال رہے ہیں کہ یہاں طرزِ بیان میں فرق ہے کہ حسنہ کے متعلق ارشاد ہوا تَسُؤْهُمْ مگر مسلمانوں کی تکلیف کے متعلق فرمایا گیا۔ يَتَوَلَّوْا (الخ) وَّهُمْ فَرِحُوْنَ جملہ اسمیہ تاکہ معلوم ہو تمہاری مصیبت پر انہیں بڑی اور دائمی خوشی ہوتی ہے اور وہ اب نفاق کی اس حالت پر پہنچ گئے ہیں کہ ان کے ایمان کی طرف لوٹنے کی امید ہی نہیں اگر تَسُرُّهُمْ فرمایا جاتا تو یہ فائدے حاصل نہ ہوتے۔ (روح المعانی)

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا۔ اس فرمانِ عالی میں خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے قُلْ کے بعد لَهُمْ پوشیدہ ہے یعنی منافقوں سے آپ فرمادیں کتب سے مراد ہے لوحِ محفوظ میں تحریر فرمادینا۔ ۔۔۔ مَا سے مراد ہر فتح و شکست رنج و غم بھی اللہ کی رحمت ہے جس پر ثواب ملنے کی قوی امید ہے اس لیئے لَنَا فرمایا گیا۔ جس میں لام نفع کا ہے اس لیئے آگے ارشاد ہوا هُوَ مَوْلٰىنَا وہ اللہ ہمارا مولیٰ ہمارا والی وارث ہے وہ ہمارے لیئے جو بھی کرتا ہے اچھا ہی کرتا ہے فتح و خوشی دیتا ہے تو ہمکو شاکر بنانے کے لیئے اور شکست و غم ہم کو صابر بنانے کے لیئے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اے منافقو تمہارے جانے نہ جانے تمہاری مدد کرنے نہ کرنے سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ جو ہمارے رب ہمارے متعلق اپنا فیصلہ کر دیا۔ وہ ہی ہو گا۔ اور انشاء اللہ ہمارے لیئے اچھا ہی ہو گا۔ لفظِ مولیٰ کی تحقیق سورۂ بقرہ کے آخر میں اَنْتَ مَوْلٰىنَا

marfat.com

کی تفسیر میں ہو چکی کہ یہ لفظ یا تو وَلِیٌّ سے بنا ہے بمعنیٰ دوستی و محبت یا ولایت سے اس لحاظ سے ارشاد ہوتا ہے اَللّٰہُ مَوْلٰنَا وَلَا مَوْلٰی لَکُمْ یعنی اے کافرو اللہ ہمارا دوست ہے تمہارا نہیں۔ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ظاہر یہ ہے کہ یہ فرمانِ عالی رب تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس میں خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ہو سکتا ہے کہ حضور انور کا کلام ہو۔ خطاب منافقین سے ہو یعنی محبوب ہم آپ سے کہتے ہیں یا آپ اِن منافقوں سے کہہ دیں کہ مومنوں کو چاہیئے کہ صرف رب تعالیٰ پر ہی بھروسہ کریں توکّل کے معنیٰ اور اِس کے اقسام عوام کا توکّل خواص کا توکّل اور حضراتِ انبیاءِ کرام کا توکّل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا توکّل اِن سب کی تفصیل ہم بارہا عرض کر چکے ہیں

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم ان منافقوں کی بد باطنی اس حد تک ہے کہ آپ کو بھلائی فتح۔ غنیمت کفّار کا جھک جانا آپ کی عزّت و عظمت شان و شوکت کا ظہور پہنچے تو انہیں غمگین کرے یہ حسد سے جل کر خاک ہو جاویں اور اگر آپ کو کوئی تکلیف مثلاً جہادوں میں بظاہر غلبہ نہ ہونا مسلمانوں کے قدم اکھڑ جانا وغیرہ پہنچے تو یہ خوشی میں دُوہرے کام کرتے ہیں ایک یہ کہ اپنی مجلسوں میں فخریہ کہتے کہ ہم نے تو پہلے ہی سے اپنے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر کر لی تھیں کہ ہم اِس جہاد میں گئے نہیں یا ہم نے اُن سے مل کر کفار کو ناراض نہیں کیا بلکہ زبانی طور پر اُن سے تعلق رکھا۔ دلی طور پر کفار سے ملے رہے ہماری پولیسی بہت گہری ہے دوسرے یہ کہ جب مجلس سے اپنے گھروں کی طرف لوٹیں تو دل خوش لوٹیں خوشیاں مناتے ہوئے جائیں۔ آپ ان بدنصیبوں سے فرما دیں کہ اے منافقو جہاد میں تمہارے جانے نہ جانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہمیں وہ ہی پہنچے گا جو لوحِ محفوظ میں ہمارے مقدر میں لکھا جا چکا ہے کہ وہ انشاء اللہ ہمارے لیئے مفید ہی ہو گا۔ راحت میں ہم شاکر بنیں گے۔ مصیبت میں صابر۔ شکر و صبر دونوں درجے ہم کو ملیں گے۔ کیونکہ رب تعالیٰ ہمارا دوست ہمارا والی ہے دوست اور والی اپنے بندوں پر کرم ہی کرتا ہے۔ تم اپنی خیر مناؤ کہ تم جہاد میں جاؤ تو بے ایمان گھر میں رہو تو بدنام مومنوں کو اللہ تعالےٰ پر ہی بھروسہ چاہیئے۔ شعر

کارِ خود را بخدائے بسپار کہ نمی بینم ازیں بہتر کار

**فائدے** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ اُن کے صحابہ بلکہ اُن کی امت کو نعمت ملنے پر رنجیدہ ہونا منافقوں کا طریقہ ہے یہ فائدہ اِنْ تُصِبْکَ حَسَنَۃٌ الخ سے حاصل ہوا۔ خدا توفیق دے تو اُن کی خوشی میں برابر کے اُن میں شریک رہو۔ **دوسرا فائدہ** حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اُمّت کی کامیابی پر بہت ہی

marfat.com

خوشی ہوتی ہے یہ فائدہ اشارۃً اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ (الخ) سے حاصل ہوا کہ حسنہ سے مُراد مُسلمانوں کا جنگ میں فتح پانا حضورانور کو اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کی تمام بھلائیاں پہلے ہی عطا فرما دیں تھیں **خیال رہے** کہ حضورانور کے سارے جہاد اپنا راج قائم کرنے ملک جیتنے کے لیئے نہ تھے۔ اُن کا راج تو زمین و آسمان پر پہلے سے ہی قائم ہے حور و غلمان جن و انس اُن کے در کے سلامی ہیں۔ شعر ؎

بندگانش حور و غلمان و مَلَک　　چاکرانش سبز پوشانِ فلک
رُوح اسماعیل بردوشش فدا　　از دُعا گویاں خلیلِ مجتبےٰ　　(اعلیٰحضرت)

بلکہ حضور کے جہاد کے دو مقصد تھے۔ کفار کو ایمان بخشنا۔ مُسلمانوں کو دینی آزادی عطا فرمانا۔ یہ بات خیال رہے۔

**تیسرا فائدہ** ۔ حضراتِ صحابہ بلکہ مسلمانوں کے غم کی پرواہ نہ کرنا بے غیرتی ہے۔ اُس پر خوشی منانا کبھی کفر ہے۔ یہ فائدہ۔ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ (الخ) سے حاصل ہوا۔ مسلمان ایک دوسرے کے خوشی و غم میں شریک رہیں۔ ایک عضو میں دُکھ ہو تو سارا جسم بے قرار ہو جاتا ہے۔ جس عضو کو قرار رہے وہ بیکار ہوتا ہے۔ یعنی سوکھا ہوا۔ **چوتھا فائدہ** ۔ راہِ خدا کی تکلیف سے بچنے کی کوشش کرنا منافقوں کی علامت ہے اسے اپنی سیاسی چال یا احتیاط سمجھنا دلی بیماری ہے اُس کی راہ میں تکلیف برداشت کرنا فائدہ ہے۔ جو راہِ خدا میں زیادہ خرچ کرے وہ نفع میں ہے اور جو کم خرچ کرے وہ نقصان میں یہ فائدہ۔ يَقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَا (الخ)۔ سے حاصل ہوا۔ اس کا مزہ تو حضرت حسین رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے پوچھو کون حسین۔ شعر ؎

جو جواں بیٹے کی میت پر نہ رویا وہ حسین　　جس نے سب کچھ کھو کے پھر کچھ بھی نہ کھویا وہ حسین

اس راہ میں لٹ جانا سب کچھ پا لینا ہے اور مر جانا جی جانا ہے۔ شعر ؎

تیرے رستہ میں مرمٹنا شہادت اس کو کہتے ہیں
تیرے کوچہ میں ہونا دفن جنت اس کو کہتے ہیں

**پانچواں فائدہ** ۔ موجودہ زمانہ کی سیاست وہ ہی ہے جسے اُس زمانہ پاک میں منافقت کہتے تھے چال و چلاکی سے اپنے کو بچا لینا۔ دوسرے کو پھنسا دینا۔ اس پر خوش ہونا۔ یہ فائدہ وَهُمْ فَرِحُوْنَ سے حاصل ہوا۔ روایۃ تواریخ میں ہے کہ غزوۂ تبوک کی روانگی کے موقعہ پر ایک صحابی غالباً حضرت طلحہ سفر میں تھے۔ جب واپس آئے تو دھوپ تیز تھی۔ دوپہر کا وقت تھا۔ اپنے باغ میں اُن کا مکان تھا۔ پہنچے تو دیکھا کہ سایہ دار گھنے باغ میں گھر کے اندر گوشت کی ہانڈی چولہے پر ہے۔ بیوی حاضر ہے مگر سواری پر ہی پوچھا کہ جنابِ مصطفیٰ کہاں ہیں صلی اللہ علیہ وسلم۔ بیوی صاحبہ نے عرض کیا غزوۂ تبوک میں تشریف

marfat.com

لے گئے ہیں بولے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ حضور انور دھوپ کے میدان میں ہوں میں گھنے باغ کے سایہ میں حضور انور چھاگل کا گرم پانی پی رہے ہوں اور میں یہاں خمیری گرم روٹی بھنے گوشت سے کھاؤں۔ یہ کہا اور سواری کی لگام تبوک کی طرف پھیر دی اترے بھی نہیں۔ کچھ آگے گئے تو حضور انور مع صحابہ کرام کے آتے ہوئے ملے۔ خوش و خرم حضور کے ساتھ واپس آئے خوشی اعلیٰ یہ ہے۔ اللہ نصیب کرے۔ شعر

لی حبیبی عربی مکی و مدنی قرشی　　کہ بود در رنج و غمش مایۂ شادی و خوشی

حضور کے غم پر خوشی منانا کفر ہے۔ ان کی خوشی میں شرکت کرنا ایمان ہے۔ **چھٹا فائدہ** مسلمان کو چاہیئے کہ ہر رنج و خوشی آرام و تکلیف رب تعالیٰ کی طرف سے جانے۔ اس سے اس خوشی میں فخر اور غم میں بے صبری نہیں ہوگی سمجھے کہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ طے شدہ پروگرام کے ماتحت ہو رہا ہے یہ فائدہ۔ لَنْ یُّصِیْبَنَا اِلَّا مَا کَتَبَ الخ. سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ**۔ مومن کے لیئے فتح و شکست شادی و غم سب مفید ہے ان میں سے کوئی چیز مضر نہیں۔ یہ فائدہ کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا۔ سے حاصل ہوا۔ لَنَا میں لام نفع کا ہے فتح میں شاکر ہو شکست میں صابر **آٹھواں فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ خالق۔ رازق مالک سب کا ہے مگر مولیٰ صرف مسلمانوں کا۔ کافروں کا نہیں یہ فائدہ۔ هُوَ مَوْلٰنَا سے حاصل ہوا۔ مولیٰ بمعنی دوست یا بمعنی والی و ناصر حضور انور نے غزوۂ احد میں کفار سے فرمایا تھا اَللّٰہُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰی لَکُمْ **نواں فائدہ** اللہ تعالیٰ جب مسلمانوں کا مولیٰ ہے تو وہ ان پر جو کچھ بھیجتا ہے اس میں صدہا حکمتیں رحمتیں ہوتی ہیں۔ مومن کے لیئے اس کی بھیجی ہوئی بیماری بھی اچھی صحت بھی اچھی۔ یہ فائدہ بھی مَوْلٰنَا سے حاصل ہوا۔ شعر

تمہارے ہاتھ کے کنکر بھی اچھے　　میرے مولا تیرے پتھر بھی اچھے
رگِ دل میں ترے نشتر بھی اچھے
ناخوشِ او خوش بود در جانِ من!　　جان فدائے یارِ دل رنجانِ من

**دسواں فائدہ**۔ مومن کو چاہیئے کہ اگرچہ اسباب پر عمل کرے مگر بھروسہ صرف رب تعالیٰ پر رکھے یہ فائدہ وَعَلَی اللّٰہِ الخ سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض** اس آیت کریمہ میں حَسَنَہ کا مقابلہ مصیبت سے کیا گیا حالانکہ حَسَنَہ کا مقابلہ سَیِّئَہ سے ہوتا ہے۔ حَسَنَہ بھلائی سَیِّئَہ برائی سورۂ آل عمران میں یہ مقابلہ کیا بھی گیا ہے اس فرق کی کیا وجہ ہے۔ **جواب**۔ اس طرزِ بیان سے مسلمانوں کو رب تعالیٰ نے اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وسلم کا ادب سکھایا کہ حضور انور کے لیئے ایسا لفظ استعمال نہ کریں جس کے معنی ہلکے اس بارگاہ کے لائق نہ ہو سَیِّئَہ کے معنی برائی یعنی گناہ بھی آتے ہیں وَکَفِّرْ سَیِّئَاتِنَا۔ لہٰذا

marfat.com

بجائے سَیِّئَۃٌ کے مُصِیْبَتٌ ارشاد ہوا۔ آلِ عمران میں خطاب حضور انور سے نہیں حضرات صحابہ سے ہے۔ رب فرماتا ہے لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا۔ **لطیفہ**۔ مامون رشید چھوٹا بچہ تھا کہ اپنے باپ ہارون رشید کے پاس بہت سی مسواکوں کا بنڈل رکھا دیکھا پوچھا یَا بُنَیَّ مَا ھٰذَا۔ بیٹے یہ کیا ہے۔ جواب میں اس نے مساویک نہ کہا۔ کیونکہ مساویک کے معنی ہیں مسواکیں مگر ایک معنے ہو سکتے ہیں تمہاری برائیاں بلکہ کہا ضِدُّ مَحَاسِنِکَ یَا اَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ یہ آپ کی خوبیوں کے مقابل ہیں۔ **دوسرا اعتراض** ان آیاتِ کریمہ میں منافقوں کے دو عمل ارشاد فرمائے گئے۔ حضور انور کی خوشی پر اُن کا غم کرنا حضور انور کی تکلیف پر خوش ہونا۔ مگر طرزِ بیان میں فرق ہے پہلی کے لیے۔ تَسُؤْھُمْ ارشاد ہوا مگر دوسری جزء کے لیے دراز عبارت قَدْ اَخَذْنَا سے فَرِحُوْنَ تک پھر تسوھم جملہ فعلیہ ارشاد ہوا اور دوسری کے لیے جملہ اِسْمِیَّہ وَھُمْ فَرِحُوْنَ اس کی وجہ کیا ہے۔ **جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ ان بدنصیبوں کو حضور انور کی تکلیف پر خوشی زیادہ ہوتی تھی کہ زبان سے خوشی کے الفاظ بولتے تھے دل میں فرحت پاتے تھے۔ عموماً سارے دشمنوں کا یہی حال ہوتا ہے۔ اس مبالغہ اور دوام کو ظاہر فرمانے کے لیے طرزِ بیان مختلف ہوا۔ **تیسرا اعتراض**۔ یہاں رب تعالیٰ کے لیے ارشاد ہوا ھُوَ مَوْلٰنَا معلوم ہوا کہ مولیٰ رب کی صفت ہے پھر ہم علماء کو مولانا کیوں کہتے ہیں یہ تو شرک ہے **جواب**۔ اس کی تحقیق سورۂ بقرہ کے آخر میں اَنْتَ مَوْلٰنَا کی تفسیر میں ہو چکی۔ لفظِ مولیٰ صفاتِ مشترکہ میں سے ہے رب فرماتا ہے۔ ھُوَ مَوْلَاہُ وَجِبْرِیْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ دیکھو اس آیۃ میں حضور کی مولا رب کو حضرت جبریل کو اور نیک مسلمانوں کو کہا گیا۔ صفاتِ وحدت کو مشترک ماننا شرک ہے اور صفاتِ مشترکہ کو وحدت ماننا کفر ہے

**تفسیر صوفیانہ** جو شخص حضور انور کے دروازے سے پھٹکارا گیا وہ دربارِ خداوندی سے پھٹکارا گیا۔ اور حضور کے آستانہ سے پھٹکارے جانے کی بڑی وجہیں دو ہیں حضور انور کی خوشی پر غم کرنا دوسرے حضور انور کی تکلیف پر خوش ہونا یہ حضور انور سے دشمنی ہے اِن آیات میں منافقوں کی رسول دشمنی کی یہ دو چیزیں ارشاد ہوئیں۔ اُن سے بھیک لینے کا بڑا ذریعہ ہے ان کی خوشی میں شرکت کرنا۔ حضور کونین کے دولہا ہیں دونوں جہان حضور انور کی برات ہیں برات میں دُولہا کے سر کا صدقہ بہت لوگوں کو ملتا ہے راستہ کے غربا، مساکین کو راستہ کی بکھیر کے پیسے ملتے ہیں دوستوں کو کھانا دانا کمی کمینوں کو مختلف لاگ کے ذریعہ انعام وکرام رشتہ داروں کو جوڑے زیور یہ سب ہوتی ہے۔ دولہا کے دم کی بہار۔ حضور کے دم سے عام مومنوں کو ایمان خاص غلاموں کو عرفان

marfat.com

مخصوص دوستوں کو رحمتِ رحمان بلکہ دشمن کفار کو دنیا میں امن و امان غرضیکہ جسے جو ملا اُس کے صدقہ میں لا شعرہ

ہے جہاں میں جن کی چمک دمک۔ ہے چمن میں جن کی چہل پہل
وہ ہی اک مدینہ کے چاند ہیں سب انہیں کے دم کی بہار ہے

دیکھو ان آیاتِ کریمہ میں دشمن منافقوں کی نشان دہی تو کر دی گئی مگر ان پر عذاب نہیں آیا یہ ہے اُن کے دم کی اماں۔

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ

فرمایئے نہیں انتظار کرتے تم لوگ ہمارے لیئے مگر ایک کا دو بھلائیوں میں سے

تم فرماؤ تم ہم پر کس چیز کا انتظار کرتے ہو مگر دو خوبیوں میں سے ایک کا

وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ

اور ہم انتظار کرتے ہیں تمہارے لیئے یہ کہ پہنچائے تم کو اللہ عذاب

اور ہم تم پر اس انتظار میں ہیں کہ اللہ تم پر عذاب ڈالے

مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ

پاس سے اپنے یا ہاتھوں سے ہمارے پس انتظار کرو تم لوگ بیشک ہم ساتھ تمہارے

اپنے پاس سے یا ہمارے ہاتھوں تو اب راہ دیکھو ہم بھی تمہارے ساتھ راہ دیکھ رہے ہیں

مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ

انتظار کرنے والے ہیں فرمایئے خرچ کرو تم لوگ خوشی سے یا ناخوشی سے ہرگز

تم فرماؤ کہ دل سے خرچ کرو یا ناگواری سے تم سے ہرگز قبول نہ ہوگا

يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۳﴾

نہیں قبول کی جائے گی تم سے بیشک تم لوگ ہو قوم بدکار

بے شک تم بے حکم لوگ ہو

marfat.com

**تعلق** - اِن آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیتِ کریمہ میں منافقوں کی اُس خوشی کا ایک جواب دیا گیا جو وہ مسلمانوں کی تکلیف کی خبر سن کر مناتے تھے اب اُس خوشی کا دوسرا جواب دیا جا رہا ہے کہ جس چیز پر تم خوشی مناتے ہو وہ ہمارے لیئے اللہ کی رحمت ہے۔ **دوسرا تعلق** پچھلی آیتہ میں ارشاد ہوا کہ منافقین مدینہ منورہ میں رہ جانے جہاد میں نہ جانے کو عقلمندی اور احتیاط سمجھتے ہیں اب ارشاد ہو رہا ہے کہ مسلمان جہاد میں جانے وہاں تکلیف اٹھانے کو اپنی خوش نصیبی اور عقلمندی جانتے گویا بے وقوفوں کی حماقت کے بعد عقلِ کامل والوں کی عقل کا ذکر ہو رہا ہے **تیسرا تعلق** پچھلی آیات سے معلوم ہوا کہ بحالتِ جہاد منافقوں کا مدینہ میں رہ جانا بے دینی اور بدترین گناہ تھا۔ اور ضعیف مسلمانوں کا یا جسے حضور انور وہاں خود چھوڑ جاویں انتظام کے لیئے ان کا رہ جانا عبادت۔ اب فرق کی وجہ بیان ہو رہی ہے اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فَاسِقِيْنَ کہ یہ فاسق اور بدکار قوم ہے۔

**شانِ نزول** جدابن قیس منافق نے غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضور انور کی بارگاہ میں وہ بہانہ بازی کی تھی جس کا ذکر پہلے ہو چکا۔ ساتھ میں یہ بھی کہا تھا۔ کہ میں جاؤں تو نہیں مگر اس جہاد میں خرچ کرنے کے لیئے مال دیتا ہوں اس کے متعلق یہ دوسری آیت نازل ہوئی۔ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا (الخ) (معالی۔ خازن۔ کبیر۔ روح البیان وغیرہ) اس جگہ روح البیان نے دو عجیب باتیں فرمائیں۔ ایک یہ کہ اس منافق کا بیٹا عبداللہ مخلص مومن تھا۔ جب یہ بہانہ بازیاں کر کے اپنے گھر لوٹا تو اس کے بیٹے عبداللہ نے کہا کہ تجھے تبوک میں جانے سے تیری منافقت نے روکا عنقریب تیرے متعلق آیات نازل ہوں گی۔ جن سے تو بدنام ہو جاوے گا۔ اس نے اپنے بیٹے کو جوتے سے مارا پھر جب یہ آیات اتریں تو عبداللہ نے کہا بولو ابا جی میں نے کہا تھا وہ ہی ہوا کہ نہیں۔ یہ بولا اے پاگل چپ ہو جا۔ تُو تو میرے لیئے محمد سے بڑھ کر سخت تر ہے۔ (صلی اللہ علیہ وسلم) دوسرے یہ کہ جدابنِ قیس آخر میں مخلص مومن ہو گیا۔ اچھی توبہ کری خلافتِ عثمانیہ میں فوت ہوا واللہ اعلم (روح البیان) دوسری تفاسیر نے یہ روایات بیان نہ کیں۔

**تفسیر** قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ظاہر یہ ہے کہ قل میں خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے هَلْ میں سوالِ انکاری ہے نہیں تربصون میں خطاب جدابن قیس اور اس کے ان منافقین سے ہے جو مسلمانوں کی تکلیف کی جھوٹی خبروں پر بھی خوشیاں منایا کرتے تھے، تربص کے معنی انتظار کرنا روکنا ٹھہرنا اور غیر نبیرہ یتصنی بالنفس بالتاء والنون والعین والصاد المهملة ودع معنی بالنفس ملتہ قرع مگر یہاں بمعنی انتظار ہے بنا کے معنی ہیں ہمارے متعلق اس کے بعد شیئاً پوشیدہ ہے حسنیین تثنیہ ہے حسنیٰ کو جو احسن کا مؤنث ہے۔ اسم تفضیل۔ اس دونوں سے مراد مسلمانوں کی

فتح اور غنیمت اور قتل و شہادت ہے یہ دونوں چیزیں مومن کے لیئے دنیا کی تمام نعمتوں سے اچھی ہیں۔ یا منافقین کے گھر بیٹھنے آرام کرنے سے اچھی ہیں یا فتح و غنیمت شہادت سے اچھی اور شہادت ایک طرح فتح و غنیمت سے اچھی لہٰذا انہیں حسن یعنی دوسرے سے اچھا فرمانا بالکل درست ہے یعنی دنیا وَمَا فِیْهَا سے اچھی یا تمہارے آرام و راحت سے اچھی یا ایک دوسرے سے اچھی (تفسیر کبیر وغیرہ) کہ فتح و غنیمت میں مومن نیک نامی شوکت غلبہ ثواب پاتا ہے اور شہادت کے ذریعہ دنیا کی تکالیف سے نجات رب سے قریب آئندہ نیک نامی زندگیِ جاوداں پاتا ہے۔ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے هَلْ تَرَبَّصُوْنَ پر نَحْنُ سے مراد ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم مع اپنے غلام صحابہ و غازیین کے اس میں خطاب مذکور منافقین سے ہے۔ خیال رہے پہلے انتظار میں احتمام تھا۔ اس میں یقین ہے یعنی ہم اور ہمارے متبع غازی مومنین تمہارے متعلق انتظار کر رہے ہیں۔ دو آفتوں میں سے ایک کا ایک تو یہ کہ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ کا مفعول یہ ہے۔ یُصِیْبُ بنا ہے اِصَابَةٌ سے بمعنی ڈالنا پہنچانا عذاب سے مراد ہے کہ خفیہ کی سزا یعنی منافقت پر پکڑ مِنْ عِنْدِهٖ سے مراد وہ عذاب ہے۔ جو کسی ظاہری سبب کے بغیر ہو جیسے آسمان سے پتھر برس جانا۔ صورتیں مسخ ہو جانا اور غیبی آفت آجانا۔ لہٰذا مِنْ عِنْدِهٖ صفت ہے عذاب کی۔ اَوْ بِاَيْدِيْنَا یہ عبارت معطوف ہے مِنْ عِنْدِهٖ پر اور صفت ہے عذاب کی یعنی یا تم کو ہمارے ہاتھوں سزا دلوائے کہ تمہارا چھپا کفر ظاہر ہو جاوے اور تم مرتد ہونے پر قتل کئے جاؤ یا قریب ہی زمانہ فاروقی آرہا ہے۔ جب یہ اعلان ہو جاوے گا۔ کہ نفاق گیا ہے۔ اب کفر ہے یا اسلام جس سے کفر کی کوئی بات ظاہر ہوگی۔ قتل کیا جاویگا (مشکوٰۃ باب الکبائر) یہ روایت محض عارضی ہے کہ منافق بنے رہو اور محفوظ رہو فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ۔ یہ عبارت ایک پوشیدہ شرط کی جزا ہے۔ لہٰذا جزائیہ ہے مَعَكُمْ میں ہمراہی سے مراد انتظار میں ہمراہی ہے۔ یعنی تم ہمارے متعلق وہ انتظار کرے جاؤ ہم تمہارے متعلق اس چیز کے منتظر ہیں قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا یہ دوسرا مستقل فرمانِ عالی ہے۔ جس میں جد ابن قیس کے اس کہنے کا جواب ہے کہ میں غزوۂ تبوک کیلئے مال دیتا ہوں۔ اس فرمانِ عالی میں بھی قُلْ میں خطاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اَنْفِقُوْا لَفْظًا امر ہے مگر معنی خبر طَوْعًا بمعنی خوشی گرکے معنی ہیں ناخوشی خرچ سے مراد ہے۔ غزوۂ تبوک میں خرچ کرنا۔ یا کسی اور جگہ کارِ خیر میں خرچ کرنا۔ طَوْعًا اور كَرْهًا دونوں مصدر ہیں بمعنی اسم فاعل طائعین اور کارہین ہے۔ یہ دونوں اَنْفِقُوْا کے فاعل سے حال ہیں۔ كَرْهًا کے متعلق کئی احتمال ہیں۔ نمبر (۱) مسلمانوں سے اپنا نفاق چھپانے کے لیئے مجبوراً مال خرچ کرو۔ نمبر (۲) تمہارے سردار تم کو مجبور کریں۔ کہ جہاد میں چندہ دو ورنہ ہم بدنام ہو جائینگے نمبر (۳) تمہارے گھر والے تم کو شرم و عار دلائیں ڈرائیں کہ تم اس غزوہ میں شرکت نہ کرنے کی وجہ سے

marfat.com

بدنام ہو جاؤ گے۔ بہر حال تمہارا دل خرچ کرنے کو نہ چاہئے مگر تم کو خرچ کرنا پڑ جاوے کچھ بھی ہو۔ لَنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ یہ فرمانِ عالی اَنْفِقُوْا الخ کی جزا ہے۔ یعنی تمہارا کسی قسم کا خرچ قبول نہیں کیا جاوے۔ یا اس طرح کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہی قبول نہ فرمائیں یا حضور تو قبول فرمالیں مگر اللہ تعالیٰ قبول نہ کرے۔ اس پر کوئی ثواب نہ ملے۔ (تفسیر کبیر و معالی وغیرہ) اس قبول نہ ہونے کی وجہ یہ ہے۔ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ۔ اس فرمان میں فاسقین سے مراد کافر ہیں یعنی فسق اعتقادی جیسے مجود کہتے ہیں۔ یعنی کیونکہ تم لوگ کافر قوم ہو اور کافر کی کوئی نیکی قبول نہیں۔ درخت میں جڑ کے بغیر پھل نہیں لگتے اگر تم قبولیت چاہتے ہو تو پہلے نفاق سے توبہ کرو مخلص مومن بنو پھر نیک اعمال کرو۔

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم آپ ان خوشی منانے والے جھوٹی خبریں اڑانے والے منافقین سے فرما دو کہ تم کو ہمارے متعلق جب ہم جہاد میں جاتے ہیں۔ دو باتوں میں سے ایک کا انتظار ہوتا ہے پہلا ہماری فتح کا دوسرا ہم کو تکلیف پہنچنے مٹ جانے شہید ہونے کا۔ پہلا انتظار غم کے لیئے ہوتا ہے دوسرا انتظار خوشیاں منانے کے پے مگر خیال رکھو۔ کہ یہ دونوں مذکورہ چیزیں ہمارے لیئے بہت ہی اچھی ہیں اگر ہم مغلوب شہید ہو گئے تو ہم کو دنیا میں نام اچھا مل گیا۔ کہ ہم شہید کہلائے آخرت میں قربِ الٰہی کے مستحق ہوئے ہمارا خون دین کی عمارت کے لیئے گارا بن گیا اگر فاتح ہو کر لوٹے تو دنیا میں ہم کو حلال روزی یعنی مالِ غنیمت ملا۔ ہماری شوکت کا شہرہ ہوا۔ کفار کے دل میں ہماری ہیبت بیٹھی ایک لحاظ سے شہادت کی موت اچھی۔ ! دوسرے لحاظ سے فتح و غنیمت بہتر۔ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ مومن غازی کے لیئے دو چیزوں کا ضامن ہے۔ یا شہادت کے بعد فوراً جنت کا داخلہ یا ثواب و غنیمت کے ساتھ گھر واپس (کبیر۔ خازن۔ معالی۔ وغیرہ) لیکن اے منافقو ہم جن دو چیزوں کا تمہارے متعلق انتظار دیکھ رہے ہیں وہ تمہارے لیئے ہر طرح بری ہیں۔ ان میں اچھائی کا شائبہ نہیں کہ یا تو تم پر کوئی آسمانی عذاب آجاوے کیونکہ اب بھی غیبی عذاب محدود طور پر آسکتے ہیں۔ یا ہم کو۔ تمہارے قتل کی اجازت مل جاوے کہ تمہارا کفر ظاہر ہو اور تم کو مرتدین کی سزا دی جاوے لہٰذا تم ہمارے متعلق انتظار کیئے جاؤ۔

ہم تمہارے متعلق یہ جو منافقین مال خرچ کرنے کا ذکر کر رہے ہیں اس کے متعلق ان سے فرما دو کہ تم چاہے خوشی سے خیرات وغیرہ میں خیرات کرو یا ناخوشی سے اپنی پردہ پوشی کے لیئے یا قوم کے یا گھر والوں کے دباؤ سے کچھ بھی ہی قبول ہرگز نہ ہوگا کیونکہ تم پکے کافر ہو اور کافر کی کوئی نیکی قبول نہیں اگر قبولیت چاہتے ہو تو مخلص مومن بنو پھر نیک اعمال کرو۔

marfat.com

**فائدے** :۔ اِن آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے ۔ پہلا فائدہ ہمیشہ کفار مسلمانوں کے بدخواہ رہے ہیں انکی خوشی پر انہیں غم ہوتا ہے ۔ ان کے غم پر انہیں خوشی وہ ہماری مصیبتوں کے منتظر رہتے ہیں ۔ مسلمان کبھی اُن سے غافل نہ رہے یہ فائدہ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ الخ سے حاصل ہوا ۔ **دوسرا فائدہ** ۔ مومن کی مصیبت بھی اللہ کی رحمت ہے جس پر صبر کرکے وہ بڑا ثواب پاتا ہے ۔ قید ۔ زخمی ہونا ۔ شہادت اس رحمت کی قسمیں ہیں ۔ یہ فائدہ اِحْدَی الْحُسْنَیَیْنِ سے حاصل ہوا کہ رب نے دو اچھی چیزوں میں سے ایک فرمایا **تیسرا فائدہ** ۔ ایک اعتبار سے فتح و کامیابی اچھی ہے ۔ اور دوسرے اعتبار سے شہادت و قتل افضل کہ اُس میں شکر ہے ۔ اور اس میں تکلیف میں صبر ۔ یہ فائدہ بھی حُسْنَیَیْنِ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ حُسْنَیَیْنِ سے مراد فتح و شکست ہو ۔ **چوتھا فائدہ** کافر کی راحت سے مومن کی تکلیف افضل کہ ۔ کافر راحت میں غافل ہوتا ہے ۔ مومن تکلیف میں صابر یوں ہی کافر کی راحت سے مومن کی راحت افضل ہے ۔ کہ مومن اس میں شاکر ہوتا ہے یہ فائدہ حُسْنَیَیْنِ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے اِن دونوں کو حُسْنَیَیْنِ فرمایا ۔ دیکھو ابھی عرض کی گئی تفسیر ۔ **پانچواں فائدہ** ۔ کفار کی مصیبت کا انتظار کرنا بھی ثواب ہے یہ فائدہ تَتَرَبَّصُوْنَ بِکُمْ الخ سے حاصل ہوا بلکہ مؤذی کفار کی ہلاکت پر خوشی منانا بھی ثواب ہے ۔ حضور انور نے ابوجہل کے قتل پر سجدۂ شکر ادا کیا فرعون کی غرقابی پر آج تک شکر کیا جاتا ہے ۔ کہ عاشورہ کا روزہ سنت ہے ۔ عاشورہ کے دن ہی وہ ڈوبا تھا **چھٹا فائدہ** کافر ظالموں پر غیبی عذاب مخصوص طور پر اب بھی آسکتے ہیں ۔ چنانچہ قربِ قیامت کچھ لوگوں کی صورتیں مسخ بھی ہونگی ۔ اور بعض جگہ زمین دھنسیگی لوگ اُس میں دفن ہو جائیں گے ۔ یہ فائدہ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِہٖ سے حاصل ہوا ۔ **ساتواں فائدہ** ۔ جہاد میں مومن کا قتل یا زخم یا قید ہونا اللہ کی رحمت ہے مگر کافر کے لیئے یہ چیزیں اللہ کا عذاب یہ فائدہ اَوْ بِاَیْدِیْنَا سے حاصل ہوا ۔ **آٹھواں فائدہ** ۔ منافقین کی کوئی عبادت بدنی ہو یا مالی ہرگز قبول نہیں ۔ خواہ خوشی سے کرے یا مجبوراً اُسے اس کا مطلقاً ثواب نہ ملے گا ۔ یہ فائدہ لَنْ یُّتَقَبَّلَ (الخ) کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ قبول سے مراد رب تعالیٰ کی قبولیت ہو ۔ **نواں فائدہ** کفار سے صدقات اِن کے چندے مسلمان اپنی عبادات میں خرچ نہ کریں یہ فائدہ لَنْ یُّتَقَبَّلَ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ قبولیت سے مُراد ہو حضور انور کا قبول فرمانا لہٰذا مسجد جہاد ۔ حج میں کفار سے صدقہ نہ لو ۔ مگر صدقہ قرضہ اور امداد میں فرق ہے اسے خیال میں رکھا جاوے ۔ **دسواں فائدہ** منافقین درحقیقت پکے کافر ہیں ۔ کافر میں اگرچہ کبھی ظاہری کلمہ گوئی کی وجہ سے اِن پر کفار کے احکام جاری نہ ہوں ۔ یہ فائدہ كُنْتُمْ قَوْمًا فَاسِقِيْنَ سے حاصل ہوا کہ یہاں فاسقین بمعنی کافرین ہے **گیارھواں فائدہ** کبھی امر بمعنی خبر بھی ہوتا ہے ۔ یہ فائدہ اَنْفِقُوْا سے حاصل ہوا کہ یہ صیغہ امر ہے مگر اِس کے معنی ہیں ۔ اگر تم خرچ کرو ۔

**پہلا اعتراض** یہ حُسْنٰی کے معنی ہیں ۔ زیادہ اچھی یہ اَحْسَنُ کا مونث ہے اگر اس سے مُراد فتح اور شکست یا غنیمت و شہادت ہو تو یہ کلام کیونکر درست ہوا کیونکہ یہ دونوں تو بہت اچھی ہیں ۔ اسم تفضیل میں ایک افضل ہوتا ہے دوسرا مفضول ۔ دونوں افضل کیسے ہوگئیں ۔ جواب یہ دونوں ایک ایک اعتبار سے دوسرے سے افضل ہیں ۔ جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا ۔ لہٰذا یہ ایک دوسرے سے افضل

marfat.com

بھی ہیں۔ مفعول بھی مگر الگ حیثیت سے دوسرا اعتراض۔ اگر یہاں ان دونوں کا مقابلہ کفار کے اعمال سے ہو۔ تو کلام کیونکر درست ہوا۔ کیونکر کافر کا کوئی کام فتح۔ شکست غنیمت۔ قتل اچھا ہے ہی نہیں پھر مسلمان کا قتل و غنیمت اس سے زیادہ اچھا۔ کیونکر ہوا۔ زیادہ اچھا کے معنی ہیں۔ کہ اچھائی دوسرے میں بھی ہو۔ مگر اس میں اچھائی زیادہ ہو۔ جواب اس صورت میں یہاں زیادہ اچھائی۔ کم اچھائی کے مقابلہ میں نہیں بہت برائی کے مقابلہ میں ہے۔ یعنی کافر کا قتل وغیرہ بہت ہی برا ہے مومن کا قتل و غنیمت بہت ہی اچھے جیسے کہا جاتا ہے۔ کہ مومن کافر سے بہت ہی اچھا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ کافر کم اچھا ہے اور مومن زیادہ اچھا۔ مطلب وہ ہی ہے۔ جو ابھی ہم نے عرض کیا۔ جہاد میں کافر قتل ہو تو خبیث ہے مومن قتل ہو تو شہید۔ اس جنگ میں مومن غازی ہے۔ کافر فسادی بہرحال آیۃ واضح ہے۔ **تیسرا اعتراض** یہاں ارشاد ہوا کہ ہم تم پر غیبی عذاب آنے کے منتظر ہیں حالانکہ حضور کی تشریف آوری سے دنیا میں غیبی عذاب آنا بند ہو گئے رب فرماتا ہے وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۔ پھر نہ ہونے والی چیز کا انتظار کیسا **جواب** حضور کی تشریف آوری سے غیبی عذاب بند ہوئے۔ خاص خاص لوگوں خاص شخصوں پر یہ عذاب آسکتے ہیں۔ اور اگر یہاں عَذَابٌ مِّنْ عِنْدِهٖ کے معنی ہوں۔ اُن کا کفر پر مرنا اور بعد موت برزخ یا قبر میں عذاب پانا تب تو کوئی اعتراض نہیں **چوتھا اعتراض** اَنْفِقُوْا ۔ صیغہ امر ہے۔ اور امر وجوب کے لیے آتا ہے واجب چیز کا قبول نہ ہونا کیا معنی۔ **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذرا کہ امر بمعنی خبر ہے۔ یہاں تفسیر کبیر نے فرمایا کہ امر اور خبر دونوں قریب المعنی ہیں۔ لہٰذا ایک دوسرے کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ دیکھو۔ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِسْتَغْفِرْ امر ہے مگر بمعنی خبر اور كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ یا کہ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ اس طرح وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ میں خبر ہی بمعنی امر ہے **پانچواں اعتراض**۔ اگر لَنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ کے معنی یہ ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم منافقین کے صدقات قبول نہ کریں گے۔ اور کفار کے صدقات مسلمان قبول نہیں کر سکتے۔ تو آج امریکہ اور روس و چین وغیرہ کی امداد سے مسلمانوں کی سلطنتوں کے کام چلتے ہیں۔ ان سے امداد کیوں لی جاتی ہے **جواب** ہم نے ابھی تفسیر میں اشارہ کیا کہ ہدیہ۔ تحفہ۔ مدد قرض صدقہ ان میں بہت فرق ہے پھر منافق اور کھلے کافر کے احکام میں بڑا فرق ہے

**تفسیر صوفیانہ** جیسے نمک کی کان میں تاثیر ہے۔ کہ وہ ہر چیز کی حقیقت بدل کر اُسے نمک بنا دیتی ہے ایسے ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام میں تاثیر ہے کہ وہ ہر کام ہر آفت کو نیکی بنا دیتا ہے۔ دیکھو یہاں فتح و شکست غنیمت و شہادت سب کو حُسْنَیَیْن فرمایا۔ کیونکہ یہ سب کچھ حضور کے نام کے ساتھ ہے۔ ان کے نام پر مر جانا بھی جی جانا ہے۔ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۔ جو کوئی فنا فی الرسول ہو جاوے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو نیکیاں بنا دیتا ہے اُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ اور جو ان کے نام سے محروم رہا اس کے نیک اعمال بھی

marfat.com

گناہ کہ قبول نہیں ہوتے۔ ان کے متعلق ارشاد ہوا ہے۔ لَنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ایک ہی میدان جنگ ہے مگر یہ ہی جنگ مومن کے لیئے جہاد ہے کافر کے لیئے فساد۔ مومن غازی ہے کافر فسادی اس جنگ میں مومن کی موت شہادت ہے کافر کی موت حرام ہے اس جنگ میں کافر کا لوٹا ہوا مال غنیمت ہے۔ نہایت طیب و حلال مگر اس کے برعکس اگر کافر مومن کا مال لوٹ لے تو وہ حرام ہے اور خبیث کہ ان سب کو رب نے عذاب الٰہی فرمایا کہ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖ اَوْ بِاَيْدِيْنَا۔ یہ فرق کس نے پیدا کیا عرف نام مصطفےٰ نے صلی اللہ علیہ وسلم کیونکہ خدا تعالیٰ کو قیامت فرشتوں وغیرہ کو اکثر کفار بھی مانتے ہیں یہ آیت کریمہ عذاب و رحمت کی جامع آیت ہے۔ جس نے بتایا کہ حضورؐ انور کے نام سے ہر چیز رحمت ہے۔ ان سے ہٹ کر ہر چیز عذاب۔

وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا

اور نہیں روکا ان کو اس سے کہ قبول کیئے جاویں اُن سے خرچ ان کے مگر اس چیز نے کہ تحقیق انہوں

اور وہ جو خرچ کرتے ہیں اس کا قبول ہونا بند نہ ہوا مگر اس لیئے کہ وہ اللہ اور رسول کے منکر ہوئے

بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ

نے کفر کیا ساتھ اللہ اور ساتھ رسول کے اس کے اور نہیں آتے وہ نماز کو مگر اس حال میں کہ وہ سستی والے ہوں

اور نماز کو نہیں آتے مگر جی ہارے اور خرچ نہیں

كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ

اور نہیں خرچ کرتے مگر اس حال میں کہ وہ ناپسند کرتے ہوں پس نہ تعجب میں

کرتے مگر ناگواری سے تو تمہیں اُن کے مال

اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا

ڈالیں مال اُن کے تجھ کو اور نہ اولاد ان کی ارادہ کرتا ہے اللہ یہ ہی کہ عذاب دے انہیں اُن

اور ان کی اولاد کا تعجب نہ آئے اللہ یہ ہی چاہتا ہے کہ دنیا کی زندگی میں ان چیزوں سے اُن پر

فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾

کے ذریعے زندگانی دنیا میں اور تکلیفیں جانیں ان کی اس حالت میں کہ وہ کافر ہوں

وبال ڈالے اور کفر ہی پر اُن کا دم نکل جائے

marfat.com

تعلق:۔ ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ منافقین کے صدقات وخیرات قبول نہیں۔ اب اس قبول نہ ہونے کی تفصیلی وجہ بیان فرمائی ہے۔ کہ نہ یہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر گویا دعوے پہلے ہوا۔ اس کی دلیل اب دی جارہی ہے۔

(دوسرا تعلق) پچھلی آیات کے آخر میں ارشاد ہوا کہ منافق فاسق قوم ہیں۔ اب فسق کی تفسیر کی جارہی ہے کہ وہ اللہ رسول کے انکاری ہیں یعنی انکا فسق اعتقادی ہے نہ کہ عملی گویا یہ آیت کریمہ پچھلی آیت کی تفسیر ہے کیونکہ فسق بدعملی کو بھی کہتے ہیں۔ بداعتقادی کو بھی۔ تیسرا تعلق پچھلی آیت میں منافقین کے متعلق ارشاد ہوا کہ وہ خواہ وہ خوشی سے خیرات کریں یا ناخوشی سے ہرگز قبول نہیں۔ اب ارشاد ہے کہ منافقین کی خوشی محض دنیا کے لیئے ہے تاکہ اس صدقہ سے اُن کا نفاق چھپ جاوے نہ کہ اللہ رسول کو راضی کرنے کے لیئے لہذا ان کی خوشی پر ثواب نہیں درحقیقت وہ اس سے خوش ہیں ہی نہیں۔ چوتھا تعلق پچھلی آیات سے معلوم ہوا کہ منافقین کے صدقات وبال ہیں اور ان کے بقیہ اعمال برباد۔ اب ارشاد ہے۔ کہ اُن کے لیئے دنیا اور دنیا کی چیزیں مال واولاد بھی ترے وبال ہیں زیادتیِ عذاب کا باعث یُعَذِّبَهُمْ بِهَا (الخ) بداعمال سے مال واولادِ مال کی بیکاری کا ذکر نہایت ہی مناسب ہے

تفسیر وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اس فرمانِ عالی کی نحوی ترکیبیں بہت کی گئی ہیں۔ سب سے آسان اور قوی یہ ہے۔ کہ یہاں مَنَعَ دو مفعول کی طرف متعدی ہے یعنی محروم کرنا۔ اس کا پہلا مفعول تو ہم اور دوسرا مفعول اَنْ تُقْبَلَ (الخ) اس سے پہلے کوئی حرف پوشیدہ نہیں (روح المعانی) نَفَقَاتُ سے مراد یا تو اُن کے صدقات ہیں جو وہ اپنا نقصان چھپانے کے لیئے جہاد اور دوسری ضروریات دینی میں کرتے تھے یا مسلمانوں کے ساتھ چندہ دیتے تھے یا اُن کے سارے دینی ودُنیادی خرچ۔ کیونکہ مومن کو ہر خرچ پر ثواب ملتا ہے حتیٰ کہ اپنے کھانے اور بیوی بچوں کو کھلانے پر بھی۔ قبول سے مراد ہے بارگاہِ الٰہی میں قبول ہونا اس پر ثواب ملنا یعنی منافقوں کو اُن کے صدقات کی قبولیت سے محروم نہ کیا اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ اس فرمانِ عالی سے پہلے شیئ پوشیدہ ہے وہ ہی مَنَعَ کا فاعل ہے۔ وہ مستثنیٰ منہ ہے اور اِنَّهُمْ كَفَرُوْا (الخ) مستثنیٰ ہے اگرچہ اکثر منافقین درپردہ یہودی تھے جو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور فرشتوں۔ قیامت۔ جنت ودوزخ کے قائل تھے مگر چونکہ حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر تھے تو رب نے ان کو خود رب تعالیٰ کا انکاری قرار دیا۔ قرآن مجید میں جہاں رَسُوْل یا رَسُوْلُهٗ مطلق ارشاد ہوتا ہے وہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہوتے ہیں۔ یہی یہاں مراد ہے وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ یہ عبارت كَفَرُوْا بِاللّٰهِ سے معطوف ہے يَاْتُوْنَ بنا ہے آتیٰ سے معنیٰ آنا۔ اس کا فاعل وہی منافقین ہیں نماز سے مراد یا تو نماز پنجگانہ ہے یا نماز جمعہ وعیدین بھی نماز میں آنے سے مراد جماعت کے لیئے مسجد میں آنا ہے اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى اس سے پہلے فِیْ حَالٍ پوشیدہ ہے۔ اور یہ عبارت يَاْتُوْنَ کی ضمیر سے حال ہے كُسَالٰى جمع ہے كَسْلَانٌ کی جیسے سکران کی

marfat.com

کی جمع سکاری حیران کی جمع حیاری ۔ کسلان بنا ہے کسل سے بمعنی سستی اِس سستی کی چند صورتیں ہیں نمبر۱ نماز فرض تو جانے مگر ادا میں سستی و کاہلی کرے۔ کہ یا تو ہمیشہ نہ پڑھے یا کبھی نہ پڑھے یا صحیح وقت نہ پڑھے یا صحیح طرح نہ پڑھے یا جماعت کی پابندی نہ کرے۔ یہ سستی کفر نہیں البتہ گناہ ہے اور سخت گناہ دوسرے یہ کہ لوگوں کے سامنے نمازیں خوب چستی سے ادا کرے مگر اکیلے میں نماز میں کاہلی کرے۔ لوگوں کے سامنے اچھی طرح پڑھے۔ اکیلے میں معمولی ۔ یہ بھی گناہ ہے۔ کفر نہیں تیسرے یہ کہ دِل سے نماز کو فرض ہی نہ جانے ۔ صرف لوگوں سے اپنی منافقت چھپانے کے لیئے نماز میں شریک ہو جایا کرے مگر کاہلی اور سستی سے کہ جماعت کے آخر میں آیا دھوکیا نہ کیا شریک ہو گیا ۔ یہ سستی کفر ہے ۔ وہ ہی یہاں مراد ہے کہ یہ بدعملی بدعقیدگی کی علامت ہے وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ یہ عبارت معطوف ہے لَا يَاْتُوْنَ (الخ) پر انفاق سے مراد راہِ خدا میں خیرات کرنا ہے ۔ صدقہ فرض ہو یا نفل جہاد میں چندہ ہو یا کسی اور موقع پر کَارِهُوْنَ بنا ہے کَرَاهَةٌ سے بمعنی دِل کی ناپسندی یا مجبوری نہ خرچ کرنے کی بھی چند صورتیں ہیں ۔ ایک یہ کہ زکواۃ کو فرض تو سمجھتا ہو مگر بخل کی وجہ سے نہ کرے اپنے کو گنہگار جانے دوسرے یہ کہ ناموری کے موقعہ پر خیرات کرے ویسے کرے یہ دونوں صورتیں فسق ہیں ۔ کفر نہیں ۔ تیسرے یہ کہ زکواۃ فرض ہی نہ جانے صرف لوگوں کے طعن اور منافقت کے الزام کو دفع کرنے کے لیئے لوگوں کے سامنے خیرات کر دیا کرے یہ کفر ہے وہ ہی یہاں مراد ہے یعنی اِن کی دِلی کفر کی دوسری علامت یہ ہے کہ وہ صدقہ خیرات نہیں کرتے اگر کرتے ہیں تو مجبوراً اور ناپسند کرتے ہوئے ۔ خیال رہے روشِ کلام بتا رہی ہے ۔ کہ منافقین اکیلے میں گھر میں تو نماز پڑھتے ہی نہیں ۔ یوں ہی خفیہ صدقہ تو کرتے ہی نہیں ۔ کیونکہ اُن میں اخلاص نہیں صرف نام و نمود کے لیئے لوگوں کے سامنے نماز کے لیئے آجاتے ہیں ۔ اور علانیہ خیرات کر دیتے ہیں اِسلیئے لَا يَاْتُوْنَ نہیں فرمایا بلکہ لَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ ارشاد ہوا فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ یہ عبارت ایک پوشیدہ شرط کی جزا ہے لہٰذا ف جزائیہ ہے یعنی جب منافقوں کا دلی حال یہ ہے اور ان کے اعمال ایسے تو ان کے مال پر تعجب نہ کر لَا تُعْجِبْكَ میں خطاب مسلمان سے ہے (خازن وغیرہ) نبی کریم کی نظر میں تو انکے مال کی عزت و قدر مچھر کے پر برابر نہ تھی جن کے قدموں میں اشرفیوں کا ڈھیر لگے تو چند منٹ میں تقسیم فرما کر اٹھ کھڑے ہوں جن کے غلاموں کے پاؤں تلے قیصر و کسریٰ کے تخت و تاج ہوں اس شہنشاہ کی سیر چشمی کا کیا پوچھنا ہے تعجیب بنا ہے اعجاب سے یعنی فخریہ طور پر خوش ہونا ۔ اموال سے مراد منافقین کے ہر قسم کے منقولی و غیر منقولی مال ہیں یہ ہی اولاد سے مراد ان کے بیٹے بیٹیاں پھر ان کی اولاد یعنی اے مسلمان تو منافقوں کے مال اور ان کی اولاد کو بنظر عجب نہ دیکھ یہ نہ سمجھ کہ ان کے لیے یہ چیزیں نعمتیں ہیں اور ان کی عزت اللہ تعالیٰ کے نزدیک کچھ ہے یہ چیزیں تو ان کے لیے وبال و عذاب ہے اللہ تعالیٰ بلا سبب ظاہر کی اپنی حکمتِ عالی (تعالیٰ) الخ کی وجہ سے انہیں حاضر کے لیئے ہے تاکہ معلوم

marfat.com

ہو کہ ان کے مال و اولاد کے صرف دو ہی مقصد ہیں ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ انہیں دنیا میں ہی عذاب دے کہ پہلے تو یہ نہایت ہی محنت مال جمع کریں پھر اس سے بڑھ کر محنت و مشقت سے اس کی حفاظت کریں پھر نہایت حسرت سے اسے چھوڑ جائیں یہ ہی حال ان کی اولاد کا ہے۔ کہ انہیں اولاد کی محبت اللہ رسول سے زیادہ ہو ہر دم خطرہ لگا رہے کہ کہیں یہ ہمارے سامنے مر نہ جائیں یا ہم اس کے سامنے نہ مر جائیں۔ کسی کو ذرا سی بیماری آوے تو ان کے ہوش اڑ جائیں۔ اس لیے نہ کبھی خود ہی جہاد میں جاتے ہیں نہ اپنے بچوں کو بھیجتے ہیں۔ وہاں اُن کی موت نظر آتی ہے زکوٰۃ صدقات نکالتے ہوئے اُن کی جان پر بن جاتی ہے کیونکہ یہ ثواب آخرت کے تو قائل نہیں یوں ہی شہادت کی موت انہیں آفت معلوم ہوتی کہ شہداء کی زندگی نہیں! مانتے (تفسیر روح المعانی وکبیر) وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُوْنَ۔ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے لِيُعَذِّبَهُمْ (الخ)۔ پر اس میں منافقوں کے مال و اولاد کے وبال ہونے کی دوسری وجہ کا ذکر ہے کہ ان چیزوں پھنساوے کی وجہ سے اُن کی جان بہت سختی سے نکلے گی زھوق کے معانی ہیں سختی سے نکلنا!! اَنْفُسُهُمْ جمع ہے نَفْسٌ کی۔ نفس کے بہت معنیٰ ہیں یہاں بمعنیٰ جان و روح ہے۔ یعنی انہیں مرتے وقت جان کنی کی شدت دنیا چھوٹنے کا غم مصیبت سے جمع کیا ہوئے مال و اولاد کے فراق کا صدمہ یہ ایسی چیزیں جمع ہو جاتی ہیں جس سے اُن کا دم بڑی مشکل سے نکلتا ہے پھر انہیں اُس وقت کلمہ کون پڑھائے۔ یہ تو ہائے میرا گھر ہائے میرا روپیہ ہائے میرے بچے کہتے ہوئے مرتے ہیں۔

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم منافقوں کے صدقات و خیرات ہمارے ہاں یا! آپ کی بارگاہ عالی میں اسلئے قابلِ قبول نہیں کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے بھی منکر اور اللہ کے رسول یعنی آپ کے بھی انکاری۔ جب جڑ ہی خراب ہے تو شاخوں میں سبزہ اور قبولیت کے شگوفے و پھل کیسے لگیں۔ اُن کے کفر کی علامت یہ ہے کہ یہ لوگ اکیلے تو نماز پڑھتے نہیں لوگوں کو دکھانے اپنے مصنوعی ایمان ثابت کرنے کے لیے مسجدوں میں آجاتے ہیں۔ نماز کو بوجھ سمجھتے ہیں۔ سستی کرتے کہ آخر رکعت میں مل گئے وضو کیا نہ کیا۔ بے وضو ہی کھڑے ہو گئے ننگے سر گریبان کھلے آستین چڑھائے نماز پڑھنے لگتے ہیں اس کے علاوہ خیرات و صدقات صرف لوگوں کو دکھانے کے لیے اسے بوجھ سمجھ کر ٹیکس جانتے ہیں بادلِ نخواستہ کیونکہ انہیں اسلام کا نہ تو رکن جانتے ہیں نہ اُن کے ثواب پر عقیدہ رکھتے ہیں۔ خوف کی نماز پڑھتے ہیں ذوق یا شوق کی نہیں جب اُن کے اعمال کا یہ حال ہے تو اے قرآن پڑھنے والے مومن تو اِن کے مالوں اولاد کو نظرِ تعجب سے نہ دیکھو۔ یہ چیزیں اُن کے لیئے وبال ہیں ارادۂ الٰہی یہ ہے کہ یہ اُن چیزوں کے ذریعہ اُن کی دنیاوی زندگی میں بھی عذاب دے کہ یہ بمشکل مال جمع کریں بڑی مصیبت سے

marfat.com

اسے سنبھالیں خزانہ کا سانپ بنکر چمٹیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے اور یہ بھی چاہتا ہے کہ آخری وقت ان کی جان بڑی مصیبت سے نکلے اور کفر پر مریں۔ کیونکہ انہیں موت کے وقت تین مصیبتیں ہیں نزع کی شدت۔ مال چھوڑنے کی حسرت۔ بال بچوں سے فراق کا غم۔ اس گرفتاری میں ہی کفر و غفلت میں مریں۔ مومن کو ان میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی وہ مال و اولاد میں پہلے سے ہی پھنسا ہوا نہ تھا۔ اس کا دل ہمسے لگا تھا۔ اسی نزع کی شدت وہ اس لیئے اسے کم محسوس ہوتی ہے کہ آگے محبوب سے ملنے برزخ کے ثواب دنیا کے غموں سے رہائی کی خوشی میں وہ یہ تکلیف محسوس نہیں کرتا۔ اللہ نصیب کرے۔

**فائدے** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: کفر کے ہوتے ہوئے کوئی نیکی قبول نہیں ہوتی۔ بغیر وضو نماز درست نہیں۔ بغیر جڑ شاخیں ہری نہیں بغیر ایمان اعمال قبول نہیں۔ یہ فائدہ اِلَّآ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ الخ سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کر کے اللہ تعالیٰ اور تمام ارکان اسلام کا ماننا خالص کفر ہے جس میں ایمان کا شائبہ بھی نہیں۔ یہ فائدہ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ سے حاصل ہوا۔ مدینہ کے منافقین اللہ تعالیٰ۔ قیامت۔ فرشتے۔ جنت و دوزخ سب کچھ مانتے تھے۔ انکاری تھے تو حضور انور کے مگر رب نے فرمایا كَفَرُوْا بِاللّٰهِ یہ فائدہ اس صورت میں ہے کہ رسولہم سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات ہو۔ تیسرا فائدہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار سارے رسولوں کا انکار ہے اگرچہ ان حضرات کو ماننے کا دعویٰ کرے۔ یہ فائدہ اس صورت میں حاصل ہوا جبکہ رسولہم سے مراد جنس رسول ہو یعنی رسول لہٰذا عیسائی یہودی نہ تو عیسیٰ علیہ السلام کو مانتے ہیں نہ موسیٰ علیہ السلام کو۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انکاری ہیں۔ منافقین مدینہ اکثر یہود تھے مگر رب نے انہیں اپنا اور رسولوں کا انکاری فرمایا چوتھا فائدہ۔ سستی سے نماز پڑھنا منافقوں کا طریقہ ہے۔ مومن کو چاہئے کہ رغبت و خوشی سے مستعدی کے ساتھ نماز پڑھا کرے یہ فائدہ وَهُمْ كُسَالٰى سے حاصل ہوا۔ مسئلہ تنگ وقت میں نماز پڑھنا مکروہ ہے کہ یہ کاہلین کی علامت ہے۔ پانچواں فائدہ۔ جو چندہ کسی رورعایت سے یا طعنہ سے بچنے کے لیئے یا فخر کے طور پر دیا جاوے اس پر ثواب نہیں ملتا یہ فائدہ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ سے حاصل ہوا۔ صدقہ خوش دلی سے صرف اللہ رسول کی خوشنودی کے لیئے دے۔ چھٹا فائدہ: کافر و غافل کے مال و اولاد کو مسلمان ہرگز للچاتی نظر سے نہ دیکھیں نہ اسے رضاء الٰہی کی علامت سمجھیں یہ فائدہ فَلَا تُعْجِبْكَ (الخ) سے حاصل ہوا۔ ساتواں فائدہ: حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہِ پاک میں نہ کسی کافر

marfat.com

کی کوئی وقعت تھی نہ ان کے مال کی کوئی حیثیت۔ حضور کی نظروں میں یہ سب چیزیں حقیر تھیں یہ فائدہ بھی لَا تُعْجِبْكَ فرمانے سے ہوا کہ اس میں مومنین سے خطاب ہے نہ کہ حضور انور سے۔ جس پر حضور کا کرم ہو جاوے اس کی نظر میں دنیا ہیچ ہو جاتی ہے۔ شعر

دولتِ دنیا خاک برابر ہاتھ سے خالی دل کے تونگر
مالکِ کشور تخت نہ افسر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قبضہ میں جس کے ساری خدائی اس کا بچھونا ایک چٹائی
نظروں میں کتنی ہیچ ہے دنیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آٹھواں فائدہ۔ جو مال و اولاد خدا تعالیٰ سے غافل کر دے وہ خدا کا عذاب ہے یہ فائدہ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا (الخ) سے حاصل ہوا۔ رب تعالیٰ اس سے محفوظ رکھے۔ نواں فائدہ۔ ایسے مال و اولاد کی وجہ سے جان کنی بہت سخت ہوتی ہے کہ اس وقت نزع کی شدت کے ساتھ ان چیزوں کے چھوٹنے کا غم تکلیف دوبالا ہو جاتی ہے۔ دسواں فائدہ۔ کسی کے کفر پر مرنے کا ارادہ کرنا برا نہیں کہ رب تعالیٰ خود یہ ارادہ فرماتا ہے۔ اس میں معتزلہ کا رد ہے جو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ بندے کا بھلا ہی چاہتا ہے۔ ارادہ اور رضا اور حکم میں بڑا فرق ہے۔ گیارہواں فائدہ۔ کسی دشمنِ دین کو کفر پر مرنے کی بددعا دینا بالکل جائز ہے۔ اس میں کفر سے محبت نہیں بلکہ اس بے دین کی دشمنی ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرعون اور اس کی ذریت کو اِس کی بددعا دی تھی۔ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ یہ فائدہ۔ وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض۔ یہ آیتِ کریمہ منافقین کے متعلق نازل ہوئی۔ منافقین سارے کے سارے یہودی تھے۔ وہ نہ خدا تعالیٰ کے منکر تھے نہ نبیوں کے پھر انہیں كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ کیوں فرمایا
جواب۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ قرآن مجید میں جب رَسُوْل یا رَسُوْلِہٖ مطلق بغیر قید کے ارشاد ہوتا ہے تو وہاں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہوتے ہیں۔ اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار خدا تعالیٰ کا انکار ہے لہٰذا یہ فرمان بالکل درست ہے دوسرا اعتراض۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو نماز میں سستی کرے وہ منافق ہے۔ آج بہت سے مسلمان نماز پڑھتے نہیں اور بہت سے پڑھتے ہیں مگر سستی سے کہ کبھی پڑھی کبھی نہ پڑھی۔ جب پڑھی تو بغیر جماعت تنگ وقت میں کیا وہ سب کافر ہیں
جواب۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا کہ نماز میں سستی کی تین صورتیں ہیں۔ جن میں سے تیسری صورت کفر ہے

marfat.com

وہ ہی یہاں مراد ہے یعنی نماز کو فرض نہ جاننا صرف لوگوں کی طعن سے بچنے کے لیئے بغیر وضو پڑھ لینا۔ پہلی دو قسمیں بھی سخت گناہ ہے مگر کفر نہیں کفر فسادِ عقیدہ سے ہوتا ہے۔ تیسرا اعتراض۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ زکوٰۃ بوجھ سمجھ کر دینا منافقت ہے۔ حالانکہ بہت مسلمان بوجھ سمجھ کر دیتے ہیں۔ خصوصاً صحابہ کے زمانہ میں ایک قوم نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا تھا۔ پھر صدیقی تلوار کے ڈر سے زکوٰۃ دی مگر مجبوراً کیا یہ سب لوگ منافق ہیں **جواب**۔ اس ناپسندیدگی کی بھی دو صورتیں ہیں۔ جن میں سے ایک صورت یہ ہے کہ زکوٰۃ کو فرضِ اسلام نہ سمجھے نہ اس کے ثواب کی امید رکھے۔ صرف مسلمانوں کے ڈر سے باشرما شرمی زکوٰۃ دے۔ جیسے منافق کی طرح یہ کفر ہے۔ باقی صورتیں گناہ ہیں کفر نہیں۔ مال کی محبت کی وجہ سے زکوٰۃ اسے بھاری محسوس ہو مگر نفس کو مجبور کرے زکوٰۃ دے یہ کفر نہیں۔ خلافتِ صدیقی میں منکرینِ زکوٰۃ کے متعلق ایک قول یہ ہے کہ انہوں نے زکوٰۃ کا انکار نہیں کیا تھا بلکہ ظاہری مال جانوروں زمین کی پیداوار سلطانِ اسلام کو دینے سے انکار کیا تھا۔ ان پر صدیق اکبر کا حملہ کرنا کفار پر جہاد نہ تھا بلکہ باغیوں پر حملہ تھا۔ حدیث کے الفاظ سے ظاہر بھی یہ ہی ہے۔ کیونکہ حضرتِ صدیق نے فرمایا تھا لَوْ مَنَعُوْنِیْ عِقَالًا اگر وہ مجھے بکری کا بچہ نہ دیں گے مجھ سے یہ ہی معلوم ہوتا ہے۔ خلافتِ عثمانیہ سے یہ حکم ختم ہو گیا۔ اب ہر مال کی زکوٰۃ خود مالک دے بلکہ شامی کتاب الزکوٰۃ میں ہے کہ اب حتی الامکان حکومت کو کسی قسم کی زکوٰۃ نہ دی جاوے خود مالکِ مال زکوٰۃ دیں کیونکہ اب حکام خائن ہیں اس کی تحقیق ہماری کتاب مرآت شرح مشکوٰۃ جلدِ سوم کتاب الزکوٰۃ میں ملاحظہ کرو۔ **چوتھا اعتراض**۔ اس آیت سے معلوم ہوا مال و اولاد اللہ تعالیٰ کا عذاب ہے کیا ان کی جان کنی سخت اور موت کفر پر ہوگی۔ **جواب**۔ مال و اولاد کی محبت تین طرح کی ہے۔ شیطانی نفسانی۔ ایمانی۔ ان کی محبت میں دین و ایمان برباد کرے محبتِ شیطانی ہے ان کی محبت سے اللہ رسول سے غافل ہو جاوے۔ محبتِ نفسانی ہے۔ اللہ رسول کے لیئے ان سے محبت کرے انہیں آخرت کا توشہ بنائے یہ محبتِ ایمانی ہے۔ یہاں پہلی قسم کی محبت مراد ہے۔ اس محبت کے وہ انجام ہیں جو یہاں مذکور ہیں۔ **پانچواں اعتراض**۔ بندوں کا کفر پر مرنا اچھا ہے یا برا اگر اچھا ہے تو اس پر عذاب کیسا اور اگر برا ہے تو اللہ نے اس کا ارادہ کیا۔ کیا وہ بھی بری باتوں کا ارادہ کرتا ہے۔ فقہاء فرماتے ہیں کہ ارادۂ کفر کفر ہے۔ **جواب**۔ کفر سے راضی ہونا۔ اس کا حکم یا اجازت دینا کفر ہے۔ جو کافر ہو جانے کا ارادہ کرے کہ میں کل ہندو یا عیسائی بن جاؤں گا یہ بھی کفر ہے کہ اس میں کفر سے راضی ہونا ہے اسے پسند کرنا ہے۔ مگر کسی بندے کے بری حرکتوں کی وجہ سے اس کے کفر کا ارادہ کرنا نہ کفر ہے نہ برا بلکہ کبھی اس میں مصلحت ہوتی ہے دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے رب کے ارادہ سے ہو رہا ہے جس میں ہزارہا حکمتیں فرماتا ہے۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰہُ

marfat.com

مَا اقْتَتَلُوْا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ۔

**تفسیر صوفیانہ** دنیا اور دنیا کی ہر چیز زہر ہے۔ خوفِ خدا عشقِ رسول اس کا تریاق۔ مال اولاد وغیرہ سے محبت ان سے الفت۔ اگر ان دو چیزوں کے ساتھ ہو تو عین دین ہے اس سے خالی ہو تو کفر بلکہ ان دونوں سے خالی ہو کر عبادات بھی نرا الحاد و بے دینی ہے مولانا فرماتے ہیں

گر ہزاراں طا لبند و یک ملول — از رسالت باز می ماند رسول
کے رسانند آں رسالت را بتو — تا نہ باشی پیشِ شاں راکع دو تو

صوفیا فرماتے ہیں کہ بعض موجود وہ ہیں جو ازلی بھی ہیں ابدی بھی۔ یعنی ہمیشہ سے ہمیشہ تک۔ جیسے رب تعالیٰ کی قدرت۔ اس کی صفات۔ بعض موجود وہ ہیں جو نہ ازلی ہیں نہ ابدی یعنی حادث بھی ہیں فانی بھی۔ جیسے دنیا اور دنیا کی چیزیں۔ بعض وہ ہیں جو ازلی تو ہیں مگر ابدی نہیں یعنی ہمیشہ سے نہیں مگر ہمیشہ رہیں گی۔ جیسے جنت اور وہاں کی نعمتیں اور ان کے پانے والے خوش نصیب مومن۔ ایسی کوئی چیز نہیں جو ازلی ہو مگر ابدی نہ ہو۔ ہماری نیکیاں اگر نیک نیت سے ہوں تو وہ آخرت کی چیزیں ہیں اور ابدی۔ جن کی جزا ہمیشہ ملے گی اور اگر اس نیت کے بغیر ہوں تو وہ محض دنیا میں نہ ازلی نہ ابدی یہاں ہی رہ جائیں گی۔ رہے گناہ وہ کافر کے ابدی ہیں۔ مومن کے انشاء اللہ ازلی نہ ابدی (تفسیر کبیر) فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں۔ کنجوسی جس کی وجہ سے سخاوت سے رک جاوے۔ خواہشاتِ نفسانیہ جن کی پیروی کی جاوے۔ ہر آدمی کا اپنے کو پسند کرنا فرمایا کہ بہت مال جمع کرنے والے بہت خسارہ میں ہیں۔ تیسرے تین مال ہی ہیں جو کھا کر ہضم جو پہن کر پھاڑ دے جو صدقہ کر کے آگے بھیج دے فرمایا جو خرید و فروخت میں منہمک ہوگا اس کے ساتھ شیاطین زیادہ ہوں گے۔ جو بادشاہ سے قریب ہوگا۔ اللہ سے دور ہوگا۔ یعنی ظالم بادشاہ سے مال کی بہت زیادتی مصیبت ہے۔ حلال کا حساب ہے۔ حرام پر عتاب بلکہ عذاب (کبیر) مال والے کی موت چھوٹنے کا دن ہے ایمان والے کی موت ملنے کا دن کہ اسے محبت مال و گھر بار سے ہے جو چھوٹ رہا ہے مگر اسے محبت اللہ رسول سے ہے جو اب مل رہے ہیں۔ رب تعالیٰ ایمان دے کامل پھر نماز روزہ۔ مال اولاد سب ہی برکت والی ہیں۔

| |
|---|
| وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ |
| اور قسم کھاتے ہیں وہ اللہ کی کہ تحقیق وہ البتہ تم میں سے ہیں حالانکہ نہیں ہیں وہ تم میں سے |
| اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ وہ تم میں سے ہیں اور تم میں سے ہیں نہیں ہاں وہ لوگ ڈرتے ہیں |

marfat.com

وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ

اور لیکن وہ قوم ہیں ڈرپوک ہیں اگر پاجاتے وہ پناہ کی جگہ یا گڑھا یا گھس جانے کی جگہ

اگر پائیں کوئی پناہ یا غار یا سما جانے کی جگہ تو رسیاں

مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾

تو البتہ پھر جاتے وہ طرف اس کے حالانکہ وہ ڈرتے ہوتے

توڑاتے ادھر پھر جاویں

**تعلق**۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ منافقین صدقہ وخیرات صرف اپنا نفاق چھپانے کے لیئے کرتے ہیں نہ کہ ایمان کی وجہ سے اب ارشاد ہو رہا ہے کہ ان کا مدینہ منوّرہ میں تمہارے پاس تمہارے ساتھ رہنا بھی صرف مجبوری اور اپنے کو چھپانے کے لیئے ہے نہ کہ ایمان کی وجہ سے گویا مالی تقیہ کے بعد مکانی تقیہ کا ذکر ہے **دوسرا تعلق**: پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ یہ لوگ اپنا ایمان ظاہر کرنے کے لیئے خرچ بھی کر دیتے ہیں اب ارشاد ہے کہ وہ مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لیئے جھوٹی قسمیں بھی کھا لیتے ہیں گویا مالی تقیہ کے بعد قسموں کے تقیہ کا ذکر ہے۔ **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ مسلمان منافقین کے مال واولاد سے یہ دھوکا نہ کھائیں کہ رب تعالیٰ ان سے راضی ہے یہ چیزیں ان کے لیئے عذاب ہیں۔ اب ارشاد ہو رہا ہے کہ مسلمان ان کے مدینہ کی زمین حضور انور کی مجلس میں حاضری صحابہ کرام کے ساتھ رہنے سے بھی دھوکا نہ کھائیں کہ رب تعالیٰ ان سے راضی ہے۔ اس لیئے انہیں ایسے مُقدّس مقام مبارک مجلس اچھوں کی صحبت میں رکھا ہے بلکہ جیسے انکے مال اولاد ان کے لیئے عذاب تھے۔ ایسے ہی یہ مجلسیں صحبتیں ان کے لیئے عذاب ہیں **چوتھا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ منافقین مجبوراً صدقہ خیرات کرتے ہیں۔ اگر موقعہ پائیں تو نہ کریں اب ارشاد ہے کہ وہ مجبوراً ہمارے محبوب کی مجلس میں ان کے مدینہ میں رہتے ہیں اگر موقعہ پائیں تو بدترین جگہ میں رہنا پسند کریں۔ مدینہ میں رہنا پسند نہ کریں۔

**تفسیر**: وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ۔ یہ فرمان نیا جملہ ہے اس لیئے واؤ ابتدائیہ ہے يَحْلِفُوْنَ بنا ہے حَلِفٌ سے بمعنی قسم۔ خواہ گذشتہ چیز پر ہو یا موجودہ چیز پر یا آئندہ پر یا دائمی چیز پر۔ اس کا فاعل وہ مذکورین منافقین ہیں۔ یہاں مضارع دوام اور استمرار کے لیئے ہے۔ یعنی یہ منافقین قسم کھاتے رہتے ہیں مگر کس کی اس کی جس کی قسم سے تمہیں اعتبار آجاوے یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات کی۔ بتوں یا توریت یا انجیل وغیرہ کی نہیں کھاتے۔ اس صورت میں باللہ کا تعلق يَحْلِفُوْنَ سے ہے اور رب تعالیٰ کا اپنا فرمان اور اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ اس قسم کا بیان۔

marfat.com

اور ہو سکتا ہے کہ باللہ سے ہی ان منافقوں کا کلام ہو اور اس کا تعلق نفسِ مرپوشیدہ سے ہو تو اِس صورت میں باللہ قسم ہے اور اِنَّھُمْ لَمِنْکُمْ اُس کا جواب (روح البیان) وہ مسلمانوں کو اپنی بات کا اعتبار دلانے کے لیئے اپنے کلام کی تین طرح تاکید کرتے ہیں۔ قسم سے اِنَّ سے اور لَامِ تاکید سے انہیں تین چیزوں کا یہاں ذکر ہوا۔ منکم کے معنیٰ ہیں کہ وہ تمہارے دین تمہاری ملت میں سے ہیں اور تمہاری طرح حضورِ انور کے صحابی۔ یہ مقصد نہیں کہ وہ مدا ہی تمہارے محلّوں میں رہتے ہیں کہ یہ بات تو بالکل ظاہر تھی۔ نیز اس سے وہ مسلمانوں کی جماعت سے نہ ہو سکتے تھے۔ ہم مجلس ہم مشرب ہم قوم ہونا اور بات ہے۔ مگر ہم مذہب ہم ملت ہونا کچھ اور۔ اس فرمانِ عالی میں ان کا قال بیان ہوا اب ان کا حال ارشاد ہوتا ہے۔ وَمَا ھُمْ مِّنْکُمْ۔ یہ فرمانِ عالی رب تعالےٰ کا فرمان ہے جس میں ان کی پرزور تردید ہے۔ یہاں مِّنْکُمْ کے وہ معنیٰ ہیں جو بھی اِنَّھُمْ لَمِنْکُمْ میں عرض کیئے گئے۔ یعنی اے جماعت صحابہ تم ان کی قسموں سے دھوکا نہ کھاؤ وہ لوگ نہ تم میں سے تھے نہ ہیں۔ تمہارا دین اور ان کا اور۔ یہ باتیں صرف تقیہ کے طور پر تم سے کرتے ہیں وَلٰکِنَّھُمْ قَوْمٌ یَّفْرَقُوْنَ۔ مگر لیکن وہم دور کرنے کے لیے آتا ہے چونکہ گذشتہ مضمون سننے سے وہم پیدا ہوتا تھا کہ آخر انہیں مجبوری کیا تھی۔ جس کی وجہ سے وہ ایسا سفید جھوٹ بولتے تھے۔ یہ وہم اس فرمانِ عالی سے دور کیا گیا۔ یَفْرَقُوْنَ بنا ہے فرقٌ سے۔ فرقٌ وہ خوف جو دل کی گھبراہٹ کے ساتھ ہو۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَرُوْقٌ جب عدالت سے مجرم کا جرم ثابت ہو جاوے اور ملزم کو فیصلہ سننے سے پہلے جو اپنی سزا کا خوف ہو وہ فَرَقٌ ہے (از تفسیر کبیر و روح المعانی وغیرہ) اس کے بعد مِّنْکُمْ پوشیدہ ہے یعنی وہ لوگ تمہارے ہاتھوں کھلے کافروں مشرکوں کا انجام دیکھتے رہتے ہیں اس لیئے تم سے ڈرتے ہیں کہ کہیں ہمارا کفر ظاہر نہ ہو جاوے چونکہ ہر وقت ان کے دلوں کو نیا دھڑکا لگتا رہتا ہے اس لیئے یَفْرَقُوْنَ ارشاد ہوا۔ اس کی تفسیر وہ آیت ہے وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَۃٌ نَّظَرَ بَعْضُھُمْ اِلٰی بَعْضٍ بہرحال ان کے دلوں میں اللہ رسول کا ڈر نہیں بلکہ تمہاری تلوار کا ڈر ہے ان کے دلوں کا حال یہ ہے کہ لَوْ یَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا۔ یہ فرمانِ عالی منافقوں کے دل کی کیفیت بیان فرما رہا ہے کہ یہ مدینہ منورہ میں تمہارے ساتھ مجبوراً رہتے ہیں اگر انہیں کسی تنگ تاریک خراب جگہ میں تم سے امان ملے تو مدینہ کی آرام دہ زندگی پر وہاں رہنے کو ترجیح دیں۔ خیال رہے کہ ملجأً بنا ہے لَجَاءٌ سے بمعنیٰ پناہ یَلْجَأُ اُس ظرف بمعنیٰ پناہ گاہ خواہ کوئی قوم ہو یا کوئی محفوظ قلعہ یا کوئی خاص آدمی مغاراتٍ جمع مَغَارَۃٌ کی جس کا مادہ ہے غور بمعنیٰ دھنس جانا جذب ہو جانا۔ رب فرماتا ہے اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُکُمْ غَوْرًا۔ اگر تمہارا پانی زمین میں جذب ہو جاوے کہا جاتا ہے غَارَتْ عَیْنُہٗ۔ اس کی آنکھ دھنس گئی۔ دماغ میں بیٹھ گئی اسی سے ہے غار بعض مفسرین نے فرمایا کہ غار اور مغار ایک ہی چیز ہے۔ مگر بعض نے فرمایا کہ غار پہاڑ کے گڑھے کو کہا جاتا ہے اور مغار زمین میں

marfat.com

گڑھا رب فرماتا ہے ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ ھُمَا فِی الْغَارِ ۔ وہاں غار سے مراد جبلِ ثور کا غار ہے مُدَّخَل باب اِفْتِعَال کا اسم مفعول ہے بمعنی ظرف اصل میں مُدْتَخَلٌ تھا تِ دال بن کر دال میں مدغم ہو گئی بمعنی داخل ہوئے۔ چھپنے کی جگہ یعنی سرداب اور تہ خانہ گڑھا یا سانپ کا سوراخ (تفسیر کبیر) یعنی اگر انہیں تم سے بچنے چھپنے کے لیئے کوئی قلعہ ملے یا زمین کا غار یا تہ خانہ تنگ و تاریک تو وہ مدینہ منورہ میں کبھی نہ رہیں۔ بلکہ لَوَلَّوْا اِلَیْہِ یہ فرمانِ عالی لَوْ کی جزا ہے یا پوشیدہ جزا کا تتمہ وَلَّوْ بنا ہے تُوَلِّیَۃٌ سے بمعنی منہ پھیرنا یعنی وہ تم سے تمہارے مدینہ منورہ سے حضور انور کی پاک مجلسوں سے منہ پھیر کر اُدھر رخ کریں۔ اگرچہ وہاں انہیں کیسی ہی تکلیف ہو۔ وَھُمْ یَجْمَحُوْنَ یہ فرمانِ عالی لَوَلَّوْ کے فاعل سے حال ہے۔ واؤ حالیہ یَجْمَحُوْنَ بنا ہے جُمُحٌ سے اس کے معنی ہیں گھوڑے کا رسی تڑا کر یا لگام توڑا کر یا مالک سے رسی یا لگام چھڑا کر اس طرح بھاگ پڑنا کہ قبضہ میں نہ آئے سرپٹ بھاگ جائے۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ جَمُوْحٌ سرکش بد کا ہوا گھوڑا۔ (تفسیر کبیر و روح المعانی وغیرہ)

**خلاصۂ تفسیر** اے مسلمانو! منافقین تمہیں راضی رکھنے اپنا نفاق چھپانے کے لیئے بہت جتن کرتے رہتے ہیں۔ کبھی جہادوں میں چندے دیتے ہیں کبھی مسجدوں میں (سُستی سے ہی سہی) آکر تمہارے ساتھ نمازیں پڑھ لیتے ہیں۔ اور کبھی قسمیں کھاتے ہیں کہ اللہ کی قسم ہم بھی تم میں سے ہی ہیں۔ تمہارے ہم مذہب ہم قوم ہیں۔ تمہاری طرح مومن۔ حضورِ انور کے صحابی ان کی مجلس پاک میں شرکت کرنے والے ہیں۔ مسلمانو! ان کی باتوں سے قسموں سے دھوکا نہ کھانا۔ وہ نہ تم میں سے تھے نہ ہیں۔ اِن تمام تدبیروں کی وجہ یہ ہے کہ وہ تم سے ہر وقت ڈرتے رہتے ہیں کیونکہ وہ تمہارے ہاتھوں کفار و مشرکین کا حال دیکھتے رہتے ہیں۔ ان کا حال یہ ہے کہ اگر وہ تم سے بچنے کے لیے کوئی قلعہ یا کوئی گہرا گڑھا کنواں یا کوئی تہ خانہ و سوراخ پالیں اگرچہ انہیں وہاں کیسی ہی تنگی و تکلیف ہو مگر تمہارے ساتھ مدینہ منورہ میں رہ رہے ہیں ان کے دِل ہر دم تمہاری طرف سے دھڑک رہے ہیں۔ ان کی نمازوں قسموں سے دھوکا نہ کھاؤ۔

**فائدے** ان آیاتِ کریمہ چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ تقیہ کرنا منافقین کا کام ہے مومن کا نہیں۔ تقیہ خواہ عملی ہو یا قولی مومن دونوں سے بچے یہ فائدہ وَیَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ الخ سے حاصل ہوا۔ دیکھو منافقین دل میں کافر تھے زبان سے مومن بنتے تھے اپنے کفر کو چھپانے کے لیئے جہادوں میں چندے دیتے مسجدوں میں نماز باجماعت پڑھ لیتے تھے۔ یہ ان کا عملی تقیہ تھا۔ قسمیں کھا کر اپنے کو مسلمان ظاہر کرتے تھے یہ تقیہ قولی تھا۔ رب نے ان سب

marfat.com

کو منافقین کے عیوب میں شمار فرمایا۔ **دوسرا فائدہ**۔ قسمیں کھا کر اپنے ایمان کا ثبوت دینا منافقوں کا کام ہے مخلص مومن کو اس کی ضرورت نہیں پڑتی اُسے لوگ ویسے ہی مومن سمجھتے ہیں یہ فائدہ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ سے حاصل ہوا۔ یہ علامت آج بھی بعض لوگوں میں موجود ہے۔ منبر پر کھڑے ہو کر قرآن مجید ہاتھ میں لے کر لوگوں سے کہتے ہیں کہ میں اِس کی قسم کھاتا ہوں سنّی ہوں وہابی نہیں یہ وہی منافقوں والی رسم ہے۔

**تیسرا فائدہ**۔ جب عمل قول کے خلاف ہو تو قول کا کوئی اعتبار نہیں یہ فائدہ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ سے حاصل ہوا۔ دیکھو رب نے ان کی قسموں کے باوجود فرمایا کہ یہ لوگ تم میں سے نہیں۔ اگرچہ کتنی ہی قسمیں کھائیں۔ **چوتھا فائدہ** اوّل سے ہی مسلمان دو طرح کے ہیں۔ دینی مسلمان اور قومی مسلمان۔ دیکھو منافقین کے متعلق ارشاد ہوا کہ مَا هُمْ مِّنْكُمْ یہ تم میں سے نہیں۔ اس کے باوجود انہیں مسجدوں میں نماز پڑھنے جہادوں میں شرکت کرنے کی اجازت تھی کیونکہ وہ قومی مسلمان تھے۔ اب بھی مسلمانوں کے تہتّر فرقوں میں سے صرف ایک فرقہ جنتی ہے مگر باقی بہتّر فرقے قومی مسلمان ہیں۔ اس لیئے حضور انور نے انہیں بھی اُمتی فرمایا کہ ارشاد ہوا سَتَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ عَلٰی ثَلٰثٍ وَّسَبْعِیْنَ فِرْقَةً كُلُّهُمْ فِی النَّارِ اِلَّا وَاحِدَةً۔

**پانچواں فائدہ**۔ رب تعالیٰ کا بڑا عذاب یہ ہے کہ بندہ صالحین کے گروہ سے نکال دیا جاوے۔ یہ فائدہ بھی مَا هُمْ مِّنْكُمْ سے حاصل ہوا۔ اس کے برعکس رب کی بڑی نعمت یہ ہے کہ بندہ کو صالحین کے زمرہ میں داخل کر لیا جاوے۔ حضرات انبیاء کرام نے ہم کو تعلیم دینے کے لیئے یہ دعا مانگی وَاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ اِلٰہی مجھے صالحین سے ملا دے یا اَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ خدایا مجھے اپنے رحم و کرم سے نیک بندوں میں داخل فرما دے **چھٹا فائدہ**۔ منافق کے دل میں بندوں کا خوف ہوتا ہے مومن کے دل میں اللہ کا خوف اس کے رسول کا عشق ہوتا ہے۔ مصرع۔ در دلِ او خوفِ غیر اللہ نیست۔ یہ فائدہ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ سے حاصل ہوا۔ یعنی منافقین تم سے ڈرتے ہیں۔ **ساتواں فائدہ**: بغیر حُبِّ رسول مدینہ منوّرہ میں رہنا بالکل بے کار بلکہ مضر ہے۔ دیکھو منافقین مدینہ منوّرہ میں رہتے مسجد نبوی میں نمازیں پڑھتے صحابہ کرام کے پاس آتے جاتے حضور انور کی مجلس میں حاضری دیتے تھے مگر چونکہ ان کے دل محبتِ رسول خوفِ خدا سے خالی تھے نورِ ایمان سے محروم رہے۔ شعر

جو جانا ہے مدینہ میں تو پہلے عشقِ احمد کر ۔۔۔ نہ ہو جس سے محبت اس کے گھر جانا نہیں اچھا

**آٹھواں فائدہ**۔ کفار مومن کی صحبت سے گھبراتے ہیں اگر مجبوراً وہاں پہنچ بھی جاویں تو اُن کے دل میں وحشت دہشت رہتی ہے کہ کب موقعہ ملے کب بھاگیں یہ فائدہ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً الخ سے حاصل ہوا۔ کوئی ادیس قرنی سے پوچھے کہ مدینہ منوّرہ کیسی بستی ہے اور صحبتِ صحابہ کس درجہ کی نعمت ہے اس کے

marfat.com

برعکس کفار مومنوں کی صحبت سے متنفر ہیں۔ شعر

نوریاں مر نوریاں را جاذب اند ناریاں مر ناریاں را طالب اند

**نواں فائدہ**۔ منافقین مدینہ منورہ کے آرام وعیش پر دوسرے مقام کی تکلیف کو قبول کرنے پر تیار تھے جہاں انہیں مسلمانوں کی صورت نہ دیکھنا پڑے۔ انہیں مسلمانوں کی صحبت بہت تکلیف دہ تھی۔ مومن مدینہ کی تکلیف پر تمام دنیا کے آرام کو قربان کرتا ہے۔ یہ فائدہ مَلْجَاً اَوْ مَغَارَاتٍ اَوْ مُدَّخَلًا الخ سے حاصل ہوا۔ کہ منافقین غاروں تہ خانوں میں رہنے کو پسند کرتے ہیں مدینہ منورہ میں بود و باش کے مقابل۔

**پہلا اعتراض** اس آیت کریمہ میں رب نے فرمایا وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ منافقین تم میں سے نہیں اگر وہ مسلمانوں سے نہیں تو انہیں نماز کی جماعتوں میں شرکت مدینہ طیبہ میں رہنے کی اجازت جہادوں میں حاضری حج کی اجازت کیوں دی گئی۔ حالانکہ مشرکین وکفار کو مسجدوں میں آنے کی اجازت نہیں رب فرماتا ہے وَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا یہ آیت اس آیت کریمہ کے خلاف ہے

**جواب**۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ یہاں مذہبیت کا لحاظ ہے نہ کہ قومیت کا یعنی منافقین دین وملت کے لحاظ سے تم میں سے نہیں۔ قومی لحاظ سے انہیں مسلمان کہا جاوے گا۔ ان پر احکام اسلامی جاری ہوں گے۔ **دوسرا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا يَفْرَقُونَ اس کی بجائے يَخَافُونَ يَا يَخْشَوْنَ يَا يَتَّقُونَ کیوں ارشاد نہیں ہوا۔ ان سب کے معنی ڈرنا ہیں۔ **جواب**۔ فَرَقٌ ایک خاص خوف کو کہتے ہیں ہر ڈر ہر خوف کو نہیں کہتے۔ فرق وہ ڈر ہے جو بندوں سے ہو دل کی دھڑکن کے ساتھ۔ منافقین کو مسلمانوں سے اسی قسم کا خوف تھا۔ کہ کہیں ہمارا نفاق ظاہر نہ ہو جاوے۔ اگر يَخَافُونَ وغیرہ ارشاد ہوتا تو یہ مقصد حاصل نہ ہوتا۔ **تیسرا اعتراض**۔ اگر منافقین مدینہ منورہ سے ایسے ہی متنفر تھے کہ تہ خانہ۔ پہاڑ کی غار کو اس پر ترجیح دیتے تھے تو وہ مدینہ منورہ میں رہے کیوں۔ عرب کی زمین وسیع تھی وہاں پہاڑ اور غار بھی بہت تھے وہاں جا چھپے ہوتے۔ **جواب**۔ انہیں خبر تھی کہ ہم اگر کافر بن کر کسی جگہ پہنچ جاویں مگر مسلمانوں کی تلوار سے بچ نہ سکیں گے۔ اُن کی حکومت پہاڑوں میں اُن کی تلوار غاروں میں پہنچ کر ہمارا خاتمہ کر دے گی اس لیئے یہاں سے نہیں جاتے تھے۔

**تفسیر صوفیانہ** مومن کلمہ پڑھ کر رسول کی پناہ میں آتا ہے منافق جھوٹی قسمیں کھا کر بھی انہیں کی پناہ لیتا ہے مگر فرق یہ ہے کہ مومن اللہ کے غضب۔ آخرت کے عذاب سے اسلام کے قلعہ میں آتا ہے اور منافق دنیا کی رسوائی یہاں کی ذلت اپنی حقیقت کھل جانے کے عذاب سے انہیں کی پناہ میں آتا ہے مگر وہ پناہ اللہ کی رحمت ہے۔ منافق کی یہ پناہ اللہ کی لعنت۔

marfat.com

منافقوں کے متعلق یہ آیات ہیں مومنوں کے متعلق وہ آیت کریمہ ہے وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ صوفیاء فرماتے ہیں کہ ہر چیز اپنی جنس کی طرف مائل ہے۔ غیر جنس سے متنفر منافقین کفار کے ہم جنس تھے مسلمانوں کے غیر جنس اس لیئے وہ مدینہ منورہ میں ایسے رہتے تھے جیسے طوطی کے ساتھ کوا۔ ایک ہی پنجرہ میں رکھا جاوے۔ یہ ہی حال نفسانی اور رحمانی لوگوں کا ہے۔ شعر

پارسا بسیں ایں قدر زنداں کہ بود ہم طویلۂ زنداں

اے انساں تیرے قفسِ جسم میں نفس اور دل دو غیر جنس ہیں یہ دونوں ایک دوسرے سے متنفر ہیں۔ اِن میں صلح کرانے کی صورت یہ ہے کہ نفس کو بجائے امارہ مطمئنہ بنادے تاکہ وہ دل کا ہم جنس ہو کر آرام سے رہے۔ حضورِ انور کی صحبتِ پاک سے آپ کا قرین شیطان مومن بن گیا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔ مگر بدنصیب منافقین اس صحبت سے فائدہ نہیں اٹھا سکے۔ یہ بدنصیب شیطان سے بدتر تھے۔ یہ آیت کریمہ بڑی عبرت کی ہے اللہ ہم سب کو حضرات صحابہ کے زمرہ میں داخل فرمائے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا

اور بعض ان میں سے وہ ہے جو عیب لگاتے ہیں آپ کے صدقوں میں پس اگر دیئے جاویں ان میں سے

اور ان میں سے کوئی وہ ہے کہ صدقہ بانٹنے میں تم پر طعن کرتا ہے تو اگر ان میں سے کچھ ملے تو راضی ہو

رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَ

راضی ہو جاویں اور اگر نہ دیے جائیں ان میں سے تو ناگاہ وہ ناراض ہو جاتے ہیں اور

جائیں اور نہ ملے تو جب ہی وہ ناراض ہیں اور

لَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا

کاش کہ تحقیق وہ راضی ہوتے اس سے جو دیتا ان کو اللہ اور رسول اس کا اور کہتے کافی ہے ہم کو

کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ و رسول نے ان کو دیا اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے

اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ

اللہ عنقریب دیگا ہم کو اللہ اپنی مہربانی سے اور رسول اس کا تحقیق ہم طرف اللہ کے

اب دیتا ہے اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول ہمیں اللہ کی طرف

marfat.com

| | |
|---|---|
| ع ۱۷ ۱۳ | رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع |
| | رغبت کرنے والے ہیں |
| | رغبت ہے |

**تعلق**۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**۔ پچھلی آیات میں منافقین کا وہ عیب بیان فرمایا گیا جس میں وہ اپنا نفاق چھپانے کی کوشش کرتے تھے یعنی جھوٹی قسمیں کھا کر اپنا ایمان ظاہر کرنا۔ اب ان کا وہ عیب بیان ہو رہا ہے جس سے قدرتی طور پر ان کا نفاق کھل جاتا ہے۔ یعنی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پر زبان طعن دراز کرنا۔ **دوسرا تعلق**: پچھلی آیات میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ منافقین کچھ بھی کریں۔ نمازیں پڑھیں۔ جہاد میں جائیں۔ صدقے دیں مگر منافق ہیں اب اس دعویٰ کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ کبھی ان کے منہ سے وہ باتیں نکل جاتی ہیں جن سے ان کی منافقت ظاہر ہو جاتی ہے۔ شعر

وہابی گرچہ اخفائی کند بغض نبی لیکن ۔۔۔ نہاں کے ماند آں رسمے کزو سازند محلفہا

**تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ منافقین کا مال و اولاد اللہ کی رحمت نہیں بلکہ اس کا عذاب ہے۔ اب اس کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ دیکھو مالدار ہونے کے باوجود مال پر بڑے حریص ہیں کہ مال کی خاطر ایمان چھوڑنا پسند کرتے ہیں۔

**شانِ نزول** ان آیات کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں ع۱ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فتح حنین کے بعد ہوازن سے مال غنیمت حاصل کیا ہوا تقسیم فرما رہے ہیں فتح مکہ میں ایمان لانے والوں پر بڑی کرم نوازی فرمائی انہیں بہت کچھ عطا کیا۔ پرانے مسلمانوں کو کچھ کم عطا فرمایا۔ اس پر قبیلہ بنی تمیم کا ایک شخص حرقوص ابن زہیر جس کا لقب تھا ذوالخویصرہ۔ تفسیر کبیر نے کہا کہ اس کا نام مقداد بن ذی خویصرہ تھا۔ اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ۔ وہ بولا یا رسول اللہ آپ تقسیم میں انصاف کریں۔ حضور انور نے فرمایا اگر میں بھی انصاف نہ کروں تو کون کرے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس منافق کے قتل کی اجازت چاہی منع فرما دیا اور فرمایا کہ ارادۂ الٰہی یہ ہے کہ اس کی نسل سے ایک قوم ایسی پیدا ہو کہ تم لوگ اپنی نمازیں روزے ان کی نمازوں روزوں کے مقابل معمولی سمجھو گے۔ قرآن بہت پڑھیں گے مگر ان کے گلوں سے نیچے نہ اترے گا۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے تب یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں (مسلم۔ بخاری تفسیر خازن۔ کبیر۔ معانی۔ روح البیان۔ خزائن عرفان وغیرہ) ع۲ امام کلبی کہتے ہیں کہ ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو عطا یا تقسیم فرما رہے تھے۔ کسی کو کم کسی کو زیادہ تو ایک شخص نے جس کا نام

marfat.com

ابوالجواظ تھا اس نے کہا کہ یہ تقسیم برابر نہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی (خازن) ع۳ قتادہ کہتے ہیں کہ ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم سونا چاندی لوگوں میں تقسیم فرما رہے تھے کہ ایک بدوی بولا کہ یا رسول اللہ اگر آپ کو رب نے عدل و انصاف کا حکم دیا ہے تو آپ نے اس تقسیم میں انصاف نہیں کیا تب یہ آیت نازل ہوئی (خازن) ع۴ ابن جریر نے داؤد ابن ابی عاصم سے روایت کی کہ ایک بار حضور انور کے پاس لوگ اپنے صدقات تقسیم فرمانے کے لیئے لائے۔ حضور انور کے ہر طرف غریبوں کا ہجوم تھا۔ حضور انور کے پاس لوگ اپنے صدقات تقسیم فرمانے لگے۔ پیچھے سے ایک شخص بولا کہ اس طرح بانٹنا انصاف نہیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ روایت کے لحاظ سے پہلا قول قوی ہے مگر درایت کے اعتبار سے یہ قول قوی کیونکہ آیتِ کریمہ میں صدقات کا ذکر ہے غنیمت کو صدقہ تاویل سے ہی کہا جاوے گا (روح المعانی)

تفسیر۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ چونکہ یہ جملہ علیحدہ ہے اس لیئے واؤ ابتدائیہ ہے۔ منہم کی ضمیر ان ہی منافقین کی طرف ہے جن کا ذکر اوپر سے چلا آرہا ہے۔ یَلْمِزُ بنا ہے لَمْزٌ سے اس کے لغوی معنیٰ ہیں دفع کرنا۔ اصطلاح میں عیب لگانے کو لَمْزٌ کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک لَمْزٌ و ہَمْزٌ ہم معنیٰ ہیں۔ بعض کے خیال میں سامنے کسی کا عیب بیان کرنا لَمْزٌ ہے پسِ پشت ہَمْزٌ۔ بعض کے نزدیک برعکس۔ بعض محققین نے فرمایا کہ منہ سے کسی کے عیب بیان کرنا لَمْزٌ ہے۔ آنکھ ہاتھ وغیرہ کے اشارے سے بیان ہَمْزٌ۔ بہرحال لَمْزٌ کا اسمِ فاعل لَامِزٌ ہَمْزٌ کا ہَامِزٌ دونوں کی جمع لُمَزَةٌ ہُمَزَةٌ آتی ہے وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ ۔ اَلتُّمَزَةُ ان کا مبالغہ لَمَّازٌ ہمّازٌ ہے فرماتا ہے هَمَّازٍ مَّشَّآءٍ بِنَمِيْمٍ (تفسیر روح البیان۔ معانی۔ کبیر) اگر اس کا شانِ نزول وہ ہے جو پہلی روایت سے ثابت ہے تو صدقات اپنے ظاہری معنیٰ پر ہے یعنی صدقات و خیرات اور روایت ع۴ کی بنا پر صدقات سے مراد مالِ غنیمت ہے۔ کیونکہ صدقہ بنا ہے صَدْقٌ سے اس سے مراد ہر وہ عطیہ ہو سکتا ہے جس سے ثواب مقصود ہو۔ کیونکہ اس سے بندے کا دعویٰ بندگی میں صدق و سچائی ظاہر ہوتی ہے (روح البیان) چونکہ اس تقسیم کا ہر حصہ علیحدہ صدقہ تھا اس لیئے صدقات جمع ارشاد ہوا اس سے پہلے قسمت یا تقسیم پوشیدہ ہے یعنی منافقین ایسے بدنصیب بے حیا بھی ہیں جو تقسیم صدقات میں آپ کو عیب لگاتے کہ آپ انصاف سے تقسیم نہیں کرتے مگر اس عیب لگانے کی حقیقت یہ ہے فَاِنْ اُعْطَوْا مِنْهَا رَضُوْا اس فرمانِ عالی میں ان کی عیب گوئی کا فساد بیان کیا گیا۔ اُعْطُوْا کا نائب فاعل پوشیدہ ہے قَدْ مَا يُرِيْدُوْنَ رَضُوْا سے مراد ہے آپ کی تقسیم سے راضی ہو جاویں۔ کچھ اعتراض نہ کریں یعنی اگر انہیں معترضین کو ان کی خواہش کے مطابق مال دیدیا جاوے تو آپ سے آپ کی تقسیم سے راضی خوشی و خرم ہو جاویں۔ پھر کوئی اعتراض نہ کریں۔ وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ یہ پوری

marfat.com

عبارت پچھلی عبارت فَاِنْ اُعْطُوْا (الخ) ۔ پر معطوف ہے یہاں بھی یُعْطَوْا کا نائب فاعل وہ ہی عبارت ہے قَدْرَ مَا یُرِیْدُوْنَ اس عبارت میں اذا جزائیہ ہے فِ کی طرح ۔ خیال رہے کہ اِذَا جَزَائِیَہ صرف جملہ اسمیہ پر آتا ہے جبکہ جزا جملہ اسمیہ ہو فِ پر جزا پر آسکتی ہے جملہ اسمیہ یا فعلیہ (روح المعانی) اِذَا فرما کر یہ بھی اشارۃً بتا دیا گیا کہ ان کی ناراضگی فوراً بلا تاخیر ہوتی ہے (روح البیان) کیونکہ دراصل اِذَا مفاجاتیہ ہے بمعنی اچانک فِ جزائیہ کی جگہ استعمال کیا گیا ۔ یعنی اگر مالِ غنیمت یا صدقہ وخیرات میں سے انہیں ان کی خواہش کے لائق نہ ملے تو وہ سخت ناراض ہو کر آپ کی تقسیم پر اعتراضات کرنے لگتے ہیں ۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اس فرمانِ عالی میں تصویر کا رخ دکھایا گیا ہے ۔ اس فرمان میں ما مفعول بہ ہے رَضُوْا کا اللہ اور رسول اٰتٰی کا فاعل ہے ۔ اگرچہ اس وقت عطاء حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہوتی ۔ مگر چونکہ حضور انور کا ہر کام وکلام رب تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے بلکہ حضور کا ہر کام وکلام درحقیقت رب تعالیٰ کا کام وکلام ہے اس لیئے اس کا فاعل ان دونوں ہستیوں کا بنایا گیا ۔ قوی یہ ہے کہ یہاں ما عام ہے ہر تھوڑی بہت چھوٹی بہت عطاء کو شامل ہے ۔ یعنی اگر یہ منافقین اللہ رسول کی چھوٹی بڑی تھوڑی بہت عطا پر دل سے تو راضی رہتے اور قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ ۔ زبان سے کہتے ہم کو اللہ کا فضل وکرم کافی ہے جو ہم کو اللہ دیدے وہ اس کا فضل وکرم ہی ہے خواہ اس میں ہمارے کسب کو دخل ہو یا نہ ہو ۔ ہمیں اب تک جو ملا اس کے فضل سے ملا آئندہ کے متعلق کہتے کہ سَیُؤْتِیْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗ اس فرمانِ عالی میں یُؤْتِیْنَا کا دوسرا مفعول پوشیدہ ہے صدقہ اخروی یا کہ زَائِدًا عَلَیْہِ یا قَدْرَ مَا نَشَاءُ اور رَسُوْلُهٗ معطوف ہے لفظ اللہ پر یعنی قریب ہے کہ ہم کو اپنے فضل سے اللہ رسول اور بھی دیں گے ۔ اس سے زیادہ دیں گے ۔ جتنا ہم مانگیں گے اتنا دیں گے ۔ جس سے ہمارے دل خوش ہو جائیں گے ۔ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رَاغِبُوْنَ اس فرمانِ عالی میں گذشتہ مضمون کی دلیل ہے اگر رغبت کا صلہ مِن یا عَن ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں بے رغبتی یا منہ پھیرنا رَغِبَ عَنْهُ یا رَغِبَ مِنْهُ اور اگر اِلٰی یا لَامْ یا فِیْ ہو تو اِس کے معنی ہوتے ہیں اس میں رغبت کرنا ۔ یہاں اِلٰی سے صلہ لایا گیا ۔ یعنی ہم کو رغبت قلبی اپنے رب کی طرف ہے ۔ دنیا ملے یا نہ ملے وہ راضی رہے ہماری تمنا پوری ہو گئی ۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ لَوْ کی جزا پوشیدہ ہے لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

**خلاصۂ تفسیر** مذکورین منافقین کے نفاق کا بڑا ثبوت یہ ہے کہ یہ لوگ آپ کو غنیمت یا صدقہ خیرات کی تقسیم میں عیب لگاتے ہیں کہ اس تقسیم میں عدل وانصاف نہیں کیا گیا ۔ اپنوں اور اپنے پیاروں کو زیادہ دیا ۔ دوسروں کو تھوڑا ان کے دل کا حال یہ ہے کہ اگر اس تقسیم میں

marfat.com

انہیں ان کی خواہش کے مطابق دے دیا جائے تو راضی ہو جاتے ہیں کوئی اعتراض نہیں کرتے اور اگر انہیں اپنی مرضی کے مطابق نہ دیا جائے تو وہ بہت ناراض ہو جاتے ہیں۔ ان کی رضا اور ناراضگی اپنی نفسانی خواہش کی بنا پر ہے اگر یہ ایسے موقعہ پر اللہ رسول کے دینے پر راضی ہو جاتے خواہ وہ کم ملتا ہے یا زیادہ اور زبان سے کہتے کہ ہمیں اللہ اور اس کا فضل وکرم ہی کافی ہے مال تھوڑا ملے یا بہت اگر آج کم ملا تو پرواہ نہیں ہم کو امید ہے کہ اللہ رسول ہم کو اور دیں گے اور بہت دیں گے جتنا ہم مانگیں گے اس سے سوا دیں گے ہم کو رغبت اللہ تعالیٰ کے فضل میں سے ہے مال ملے یا نہ ملے اگر ملے تو کم ملے یا زیادہ اگر ایسا کہتے تو بہت اچھا ہوتا۔ ابن مردویہ نے حضرت ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ منافقین کی اس بکواس پر حضور انور کو بہت صدمہ ہوا اور فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام پر اللہ کی رحمت ہو انہیں اس سے زیادہ ستایا گیا انہوں نے صبر کیا۔ (روح المعانی)

**فائدے** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: منافقین اپنا نفاق چھپانے کی کتنی ہی کوشش کریں مگر ان کے منہ سے ایسے الفاظ ان کے اعضا سے ایسے حرکات صادر ہو جاتے ہیں جن سے ان کا نفاق کھل جاتا ہے۔ یہ فائدہ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ الخ سے حاصل ہوا۔ **دوسرا فائدہ**، حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی فعل یا قول شریف پر اعتراض کرنا کفر ہے اور منافقین کی خاص نشانی۔ یہ فائدہ بھی يَّلْمِزُكَ الخ سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ**۔ مالِ غنیمت کے حصّہ کو بھی لغوی معنیٰ سے صدقہ کہہ سکتے ہیں۔ حدیث شریف میں مسلمان بھائی سے خندہ پیشانی سے ملنے کو صدقہ کہا گیا۔ یہ فائدہ الصدقات کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اس سے مراد غنیمت کا حصہ ہو **چوتھا فائدہ**۔ عبادات حضور انور کی معرفت سے زیادہ قبول ہوتی ہیں۔ یہ فائدہ اَلصَّدَقٰتُ کی چوتھی تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اس سے مراد صدقہ وخیرات ہوں۔ حضرات صحابہ اپنے صدقے حضور کے ہاتھ سے فقراء میں تقسیم کراتے تھے کہ اس ہاتھ پاک کی برکت سے قبول ہو جاویں۔ آج بھی مسلمان فاتحہ میں پہلے حضور انور کا نام لیتے ہیں۔ واسطے خدا کے نذر حضور انور کی اس عمل کی اصل یہ ہی آیت ہے رب فرماتا ہے خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا۔ معلوم ہوا کہ خود صدقہ اکیلا ہم کو پاک نہیں بخشتا بلکہ اس کے ذریعہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ کرم پاک بخشتی ہے۔ **پانچواں فائدہ**۔ نفس پرست دنیا پرست آدمی کتے سے بھی زیادہ ذلیل وحقیر ہے کہ کتا اپنے مالک کے تھوڑے کھانے پر قناعت کرتا ہے کہیں نہیں جاتا مگر یہ آدمی ہو کر مال کچھ تھوڑا ملنے پر مالک کے دروازہ سے ہٹنا کیا خود ان پر بھونکنے لگتا ہے یہ فائدہ وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا الخ سے حاصل ہوا۔ انسان ایک ایسی عجیب مخلوق ہے کہ

marfat.com

اگر اونچا جاوے تو فرشتوں سے بڑھ جاوے اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ اور اگر نیچے گرے تو بدتر جانوروں سے بھی زیادہ ذلیل۔ **چھٹا فائدہ:** صرف مال کی وجہ سے اللہ رسول سے راضی ہونا ایمان نہیں کہ یہ تو اپنے نفس سے راضی ہونا ہے۔ ایمان یہ ہے کہ اُن کے ہر حکم سے ہر حال میں راضی رہے ان کی رضا ایمان اور روحِ ایمان ہے یہ فائدہ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا الخ سے حاصل ہوا۔ کہ رب تعالیٰ نے منافقوں کی اس رضا و خوشنودی کو نفاق قرار دیا۔ اور دوسری قسم کی رضا کا ذکر یوں فرمایا وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا الخ اللہ تعالیٰ یہ ہی دوسری قسم کی رضا نصیب فرماوے **ساتواں فائدہ:** حضور انور کی عطا رب تعالیٰ کی عطا ہے دیکھو مالِ غنیمت اور صدقات ان لوگوں کو حضور انور نے دیئے تھے مگر رب نے فرمایا اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ۔ یوں ہی خدا کی عطاء حضور انور کی عطا ہے کہ معطی رب ہے قاسم حضور ہیں لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں حضور جنت دیتے ہیں۔ دوزخ سے بچاتے ہیں۔ حضرت ربیعہ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا تھا اَسْئَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِى الْجَنَّةِ۔ میں آپ سے جنت میں آپ کے ساتھ رہنا مانگتا ہوں۔ **آٹھواں فائدہ:** رب کے ساتھ حضور کا ذکر بغیر ثُمَّ یا بغیر ثُمَّ کے بالکل جائز ہے نہ شرک ہے نہ کفر یہ فائدہ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے حضور انور کا ذکر اپنے ساتھ کر کے فرمایا کہ انہیں اللہ رسول نے دیا۔ بلکہ ایمان کی حقیقت ہے۔ رسول کو اللہ تعالیٰ سے ملانا۔ کفر کی حقیقت ہے رسول کو رب سے الگ کرنا۔ الگ سمجھنا۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ملانا ایسا جیسا کہ سکے کی مہر سکہ سے ملی ہوتی ہے **نواں فائدہ:** حضور انور اپنے رب کے اذن سے دیتے ہیں۔ اور سب کچھ دیتے ہیں اور دیں گے۔ رب نے فرمایا سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗ۔ یہاں عطا میں کوئی قید نہیں جو رب دیتا ہے وہ حضور انور دیتے ہیں۔ یہاں مال وغیرہ کی قید نہیں بلکہ مِنْ فَضْلِهٖ ارشاد ہوا ہر چیز اللہ کے فضل سے ملتی ہے۔ حضور کے ہاتھ سے ملتی ہے۔ جو کہے کہ حضور کچھ نہیں دیتے وہ یا تو جھوٹا ہے یا اپنی حالت بیان کر رہا ہوگا۔ اسے حضور نے کچھ نہیں دیا ہوگا۔ جو اس دروازے سے محروم رہے وہ اللہ کی رحمت سے محروم ہے۔ رب فرماتا ہے

شعر

بخدا خدا کا یہ ہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

**دسواں فائدہ۔** حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک کی اصل و نسل کے سارے حالات سے خبردار ہیں کہ کس کی پشت سے کیسے لوگ پیدا ہوں گے۔ یہ فائدہ اس آیت کے شانِ نزول نمبر ایک سے معلوم ہوا کہ حضور انور نے حرقوص ابن زہیر تمیمی کی نسل کے حالات بیان کر دیئے۔ کہ اُن کی نمازیں تمہاری نمازوں سے زیادہ

marfat.com

ہوں گی مگر ہوں گے بے ایمان گیارہواں فائدہ ۔ ہر ایک کو دعوتِ قرآن دینا۔ وعظوں میں بہت قرآن پڑھنا خوارج کا طریقہ ہے۔ جیسے آجکل ہمارے ہاں کے خوارج وہابیوں کا دستور رہے یہ فائدہ بھی اس شانِ نزول سے حاصل ہوا کہ فرمایا اس منافق کی ذریت قرآن ہمیشہ پڑھا کرے گی۔ ہر ایک کو توحید اور قرآن کی دعوت دینا حضور انور کا ذکر تک نہ کرنا کفر و نفاق کی اصل ہے۔

**پہلا اعتراض**۔ اس آیتِ کریمہ سے معلوم ہوا کہ یا تو حضور انور کے عیب لگانا کفر نہیں یا مرتد کی سزا قتل نہیں۔ دیکھو ارشاد ہوا مَنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ یہ لوگ آپ کو صدقات میں عیب لگاتے ہیں۔ مگر حضور انور نے نہ اُسے قتل کیا نہ حضرت عمر کو قتل کی اجازت دی۔ **جواب**۔ اس اعتراض کے تین جواب ہیں ایک یہ کہ اس وقت منافقین کو اول سے ہی دینی مومن نہیں مانا گیا یا شرعاً پہلے ہی سے کافر تھے۔ لہٰذا آج اُن کا کفر ارتداد نہیں۔ مرتد وہ ہے جو پہلے مومن ہو بعد میں کافر ہو لہٰذا ان پر مرتدین کے احکام جاری نہیں ہوتے۔ دوسرے یہ کہ اِس وقت کا ماحول یہ تھا کہ اگر اِن جیسے منافقین کو قتل کیا جاتا تو کفار مسلمانوں کو بدنام کرتے کہ یہ لوگ تو ایسے ظالم ہیں کہ مسلمانوں کو بھی قتل کر دیتے ہیں جس سے اسلام کی تبلیغ میں رکاوٹ ہوتی۔ اس لیئے ان کو قتل نہیں کرایا گیا۔ تیسرے یہ کہ شیطان سجدۂ آدم کا انکاری ہو کر مرتد ہوا مگر رب تعالیٰ نے اسے ہلاک کرنے کے بجائے دراز عمر عطا فرما دی کہ اس کے متعلق ایک چیز یعنی گمراہی کا ظہور ہونا تھا۔ آستانۂ رسول مظہر ہے آستانہ الٰہیہ کا۔ اِن جیسے خبیثوں کو زندہ چھوڑا کہ ان کے متعلق ایک پروگرام تھا کہ اُن سے ایسی سرکش قوم پیدا ہو یعنی خوارج وہابی وغیرہ۔

**دوسرا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ میں منافقین کی خوشی کے متعلق ارشاد ہوا رَضُوْا یعنی ماضی مطلق مگر ان کی ناراضگی کے متعلق ارشاد ہوا اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ دراز جملہ اسمیہ جس کی خبر مضارع ہے اِس فرق بیان کی کیا وجہ ہے یہاں بھی سَخِطُوْ فرما دیا ہوتا۔ **جواب**۔ اس فرق بیان سے یہ بتایا کہ منافقین کا حضور انور کی عطا پر خوش ہو جانا بہت کم اور عارضی ہوتا ہے۔ مگر ان کا ناراض ہونا دائمی۔ جو ہوتا ہی رہتا ہے ان کی عادت ہی ہے۔ ناراض ہوتے رہنا کبھی کسی بہانہ ناراض کبھی اور بہانہ سے ناراض۔ **تیسرا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ میں ارشاد ہوا کہ اگر منافقین اللہ رسول کے دیئے پر راضی ہوتے تو اچھا ہوتا۔ جب منافق کے لیئے ان کا کلمہ پڑھنا۔ نمازوں جہادوں میں شریک ہونا۔ اچھا نہ ہوا تو صرف عطیہ پر راضی ہو جانا اچھا کیونکر ہوتا۔ وہ اگر راضی رہتے جب بھی منافق ہی رہتے اس کا مطلب کیا۔ **جواب**۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس خوشی اور رضامندی کی برکت سے رب تعالیٰ انہیں نفاق کی بیماری سے نجات دیتا اور انہیں اخلاص عطا فرماتا جیسے بعضے پانی ہوا میں شفا ہے یونہی بعضے اعمال میں دل کی بیماری سے شفا ہے اللہ رسول سے راضی رہنا بندے کو مقبول بنا دیتا ہے۔

marfat.com

**تفسیر صوفیانہ** منافقت کی حقیقت یہ ہے کہ انسان کا ظاہر ارکان اسلام سے مزین ہو مگر اس کا باطن نورِ ایمان سے خالی ہو۔ جس دل میں نورِ ایمان نہ ہوگا۔ وہاں ظلمتِ کفر ہوگی۔ جس کا نتیجہ حبِ دنیا ہے کہ دنیا پانے پر راضی ہوتا ہے اور دنیا نہ ملنے پر ناراض مگر جس دل میں نورِ ایمان ہو وہ یار کی رضا پر راضی و خوش ہوتا ہے۔ شعر

دل نہادم ہر آنچہ خاطر اوست ۔۔۔ نکند دوست زینہا راز دوست

در بقہرم برانداد داند ۔۔۔ گر بلطفم بنزدِ خود خواند

منافقین کو نفاق کی بیماری تھی اس لیے وہ دنیا نہ ملنے پر خوش نہ ملنے یا کم ملنے پر ناراض ہوتے تھے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ (الخ) کا مقصد یہ ہے کہ اللہ رسول کی طرف سے جو کچھ آرام تکلیف خوشی و غم پہنچے اسے یار کا تحفہ سمجھ کر اس سے راضی و خوشی رہے تب ایمان کی لذت ملے۔ ابراھیم ادھم فرماتے ہیں کہ جو تقدیر پر راضی ہوا وہ دنیا کے سارے رنج و ملال سے چھوٹ گیا جب تقدیر برحق ہے۔ تو ناراضی حماقت ہے۔ شعر

رضا بہ اُو بدہی وز جبیں گرہ بکشا ۔۔۔ کہ بر من و تو در اختیار نہ کشاد دست

خوں خوری گر طلبِ روزی تنہا دہ کنی ۔۔۔ بشنو این نکتہ کہ خود را ز غم آزاد کنی

حضرتِ سعد ابن ابی وقاص آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے اِس حال میں آپ مکہ معظمہ پہنچے کسی نے کہا کہ آپ مقبول الدعا ہیں اور کعبہ معظمہ قبولیتِ دعا کی جگہ۔ یہاں اپنی آنکھوں کے لیے دعا کریں فرمایا مجھے اللہ کی قضا آنکھوں کی بینائی سے زیادہ پیاری ہے کسی بزرگ سے پوچھا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ انسان پیدا ہوتا ہے مٹھی بند اور مرتا ہے ہاتھ کھلے انہوں نے فوراً جواب دیا۔ شعر

وَمَقْبُوْضُ كَفِّ الْمَرْءِ عِنْدَ وِلَادَةٍ ۔۔۔ وَلِلْحِرْصِ الْمُرَكَّبِ فِي الْحَيِّ

يَقُوْلُ انْظُرُوْا إِنِّيْ خَرَجْتُ بِلَا شَيْءٍ ۔۔۔ وَمَبْسُوْطُ كَفِّ الْمَرْءِ عِنْدَ وَفَاتِهٖ

یعنی پیدا ہوتا ہے دنیا پر حریص ہر چیز پر قبضہ کی کوشش کرتا ہوا جاتا ہے۔ فقیر سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر خالی ہاتھ جھاڑتا ہوا انسان کو اللہ پر توکل اس کے وعدے پر اعتماد چاہیے کہ رب اپنے بندے کو کافی ہے دنیا کے وجدان سے آخرت کا فقدان ہے اور دنیا کے فقدان میں آخرت کا وجدان (روح البیان) حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک ذاکر قوم پر گذرے پوچھا تم اللہ کا ذکر کیوں کرتے ہو بولے دوزخ کے خوف سے فرمایا ٹھیک کرتے ہو دوسری ذاکر قوم پر گذرے پوچھا تم ذکر الٰہی کیونکر کرتے ہو وہ بولے جنت کی امید میں فرمایا تم بھی ٹھیک ہو تیسری ذاکر قوم پر گذرے فرمایا ذکر اللہ کیوں کرتے ہو بولے اپنی عبدیت اللہ کی ربوبیت کے اظہار کیلئے دلکو نور سے رہائی کو یار کے نام سے متبرک کرنے کیلئے فرمایا تم ہی محققین ہو (کبیر)

marfat.com

| |
|---|
| اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ |
| واجب صدقے صرف فقیروں کے لیئے ہیں اور مسکینوں کے لیئے اور ان کے لیئے جو کام کریں |
| زکواۃ تو انہیں لوگوں کے لیئے ہے جو محتاج اور نرے نادار ہوں اور جو اُسے تحصیل |
| عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ |
| اُن پر اور ان کے لیئے الفت دیئے جائیں دل اُن کے اور گردنوں میں اور مقروضوں کے لیئے |
| کر کے لائیں اور جن کے دلوں کو اسلام سے الفت دی جائے اور گردنے چھوڑانے میں اور قرضداروں |
| وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ |
| اور راستے میں اللہ کے اور مسافر کے لیئے مقرر ہے خدا کی طرف سے |
| کو اور اللہ کی راہ میں اور مسافر کو یہ ٹھہرایا ہوا ہے اللہ کا |
| وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۰﴾ |
| اور اللہ علم والا حکمت والا ہے |
| اور اللہ علم و حکمت والا ہے |

**تعلق**۔ اس آیتہ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق پچھلی آیاتِ کریمہ میں منافقین کے اس اعتراض کا جواب دیا گیا جو وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تقسیم غنیمت پر کرتے تھے اب اُن کے اس اعتراض کا جواب دیا جا رہا ہے جو وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تقسیم صدقات پر کرتے تھے۔ گویا ایک فعل شریف پر اعتراض کا جواب دینے کے بعد دوسرے فعل شریف پر اعتراض کا جواب دیا جا رہا ہے **دوسرا تعلق** پچھلی آیتِ کریمہ میں منافقین کے اس اعتراض کا جواب دیا گیا جو وہ غنیمت کا مال دینے پر کرتے تھے اب اُن کے اس اعتراض کا جواب ہے جو وہ حضور انور کے صدقات وصول کرنے پر کرتے تھے گویا دین پر اعتراض کا جواب پہلے دیا گیا اور نبی پر اعتراض کا جواب اب دیا جا رہا ہے **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیاتِ کریمہ میں سرکار کی تقسیم کے فرق پر جو اعتراض تھا اس کا جواب دیا گیا کہ حضور نے بعض کو کم دیا بعض کو زیادہ اب حضور انور کے دینے نہ دینے پر جو اعتراض تھا اس کا جواب دیا

marfat.com

گیا کہ حضور نے بعض کو کم دیا بعض کو زیادہ اب حضور انور کے دینے نہ دینے پر جو اعتراض تھا اس کا جواب دیا جا رہا ہے کہ حضور کسی کو دیتے تھے کسی کو نہیں گویا حضور کی تقسیم کی دو نوعیتیں تھیں۔ ایک نوعیت کا ذکر پہلے ہوا دوسری کا ذکر اب ہے۔

**شانِ نزول** مال دار صحابہ کرام اپنے مالوں کی زکواۃ حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر کرتے تھے تاکہ حضور انور اپنے ہاتھ شریف سے مستحقین کو تقسیم فرما دیں کہ رب تعالیٰ اس ہاتھ شریف کی برکت سے قبول کرے۔ بعض منافقین بولے کہ یہ زکوٰتیں حضور انور اپنے اپنے گھر والوں اپنے دوستوں عزیزوں قرابت داروں کے لیئے لیتے ہیں ان کی تردید میں یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔ (از تفسیر صادی و از خزائن العرفان)

**تفسیر اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ** اِنَّمَا لفظِ حصر ہے جس کے معنیٰ ہیں صرف یا ہی۔ کیونکہ بنا ہے اِنَّ حرفِ تحقیق اور مَا نافیہ سے اِنَّ ثبوت کے لیئے ہے اور مَا نفی کے لیئے گویا اِس سے ایک کے لیئے ثبوت ہوتا ہے دوسروں کیلئے نفی۔ حصر کے یہ ہی معنیٰ ہیں یہ ہی ہے اس کے سوا نہیں (تفسیر خازن) صدقات جمع ہے صَدَقَۃٌ کی۔ جس کا مادہ صِدْقٌ ہے بمعنیٰ سچائی۔ خیرات کو صدقہ اس لیئے کہتے ہیں کہ وہ سخی کے صدقِ ایمان صدقِ نیت پر دلالت کرتا ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ یہاں اِس سے زکوٰۃ مراد ہے چونکہ زکوٰۃ کی کئی قسمیں اور ہر قسم کے افراد بہت زیادہ ہیں اس لیئے اَلصَّدَقَات جمع ارشاد ہوئی اور ہو سکتا ہے کہ اس سے سارے واجب صدقے مراد ہوں زکواۃ یا اللہ کے لیئے مانی ہوئی نذر کا مال اور فطرہ بہر حال نفلی صدقے اِس سے علیحدہ ہیں۔ کیونکہ آگے ارشاد ہے فَرِیْضَۃً اس سے پہلے ہے لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ۔ یہ عبارت ہے آئندہ کلمات کیلئے اَلصَّدَقَاتُ کی خبر ہے۔ اس میں لام استحقاق کا ہے یعنی زکواۃ کے مستحقین یہ لوگ ہیں جیسے کہا جاوے اِنَّمَا الْخِلَافَۃُ لِلْقُرَیْشِ خلافت کا حق قریش کو ہے لہٰذا اگر ان میں سے ایک قسم کے ایک آدمی کو زکواۃ دے دی گئی تب بھی ادا ہو جاوے گی نہ آٹھوں قسموں کو دینا ضروری ہے نہ ہر قسم کے ہی افراد کو الفقرا جمع فقیر کی اور المساکین جمع ہے مسکین کی۔ فقیر بنا ہے فقر سے بمعنیٰ کمر کے جوڑ۔ اسی سے ہے ذوالفقار یعنی جوڑوں والی تلوار چونکہ غریبی آدمی کی پیٹھ توڑ دیتی ہے اس کے جوڑ گویا الگ کر دیتی ہے اس لیئے فقیر کہتے ہیں مسکین بنا ہے سُکُوْن سے بمعنیٰ ٹھہرانا اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ اسی سے ہے سکونت چونکہ غریبی اُسے ایک جگہ ٹھہرا دیتی ہے۔ کسی کے پاس آنے جانے کے قابل نہیں رکھتی سفر سے باز رکھتی ہے اس لیئے اُسے مسکین کہتے ہیں رہی یہ بات کہ فقیر اور مسکین میں کیا فرق ہے اس میں سات قول ہیں۔ ۱؎ یہ دونوں ایک ہی ہیں ہر فقیر مسکین ہے اور ہر مسکین فقیر یہ قول جیائی کا ہے اور امام محمد و ابو یوسف سے منقول ہے (روح المعانی و خازن) مگر یہ بہت

بہت ہی ضعیف ہے کہ اس صورت میں زکوٰۃ کے مصرف سات بنتے ہیں مگر ہیں آٹھ ع۲ فقیر وہ غریب ہے جو کسی سے نہ مانگے مسکین بھیک مانگنے والا غریب یہ قول ابنِ عباس۔ حسن۔ مجاہد۔ عکرمہ اور زہری کا ہے ع۳ فقیر بے دست و پا غریب مسکین تندرست غریب یہ قول قتادہ کا ہے ع۴ فقیر وہ جو بے مال و دولت ہو۔ مسکین وہ جس کے دل میں سکون و چین ہو اگرچہ مال سے خالی ہو اس لئے حضورِ انور نے فقر کے متعلق فرمایا کہ ہو سکتا ہے کہ فقر کفر تک پہنچا دے اور فرمایا الٰہی مجھے مسکین اور مسکینوں میں رکھ دنیا اور آخرت میں۔ ع۵ فقیر وہ جو دوسرے کا محتاج ہو اگرچہ مالدار ہو رب فرماتا ہے وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ع۶ مسکین وہ جو بے نیاز ہو اگرچہ غریب ہو ع۶ فقیر وہ جس کے پاس مال ہو مگر نصاب سے کم مسکین وہ جس کے پاس کچھ نہ ہو حتیٰ کہ تن ڈھکنے کو کپڑا پیٹ کو ٹکڑا بھی نہ ہو۔ یہ قول امامِ اعظم کا ہے۔ ع۷ اس کے برعکس کہ فقیر وہ جس کے پاس کچھ نہ ہو مسکین وہ جس کے پاس مال ہو مگر نصاب سے کم۔ یہ قول امام شافعی کا ہے (تفسیر خازن) ان تمام اقوال میں قول۔ ع۸ یعنی امامِ اعظم کا نہایت قوی ہے جیسا کہ ہم انشاء اللہ اعتراضات جوابات میں عرض کریں گے۔ خیال رہے کہ اَلْفُقَرَا اور اَلْمَسَاکِیْنَ سے تین قسم کے فقیر خارج ہیں ایک کافر فقیر و مسکین۔ اپنے اصول و فروع فقیر و مسکین بنی ہاشم خصوصاً حضورِ انور کے فقراء و مساکین کہ ان کو زکوٰۃ نہیں اور کوئی صدقہ واجبہ نہیں اور کوئی نہیں دے سکتا حتیٰ کہ سیّدوں کے آزاد کردہ غلاموں کو بھی زکوٰۃ جائز نہیں جیسا کہ ابھی عرض کریں گے۔ وَالْعَامِلِیْنَ عَلَیْهَا۔ یہ عبارت معطوف ہے اَلْمَسَاکِیْنِ پر ۔ اور تیسرے مصرف کا ذکر صدقہ پر عامل وہ ہے۔ جو سلطانِ اسلام کی طرف سے مالداروں کے ظاہری مال یعنی جانوروں اور کھیت و باغ کی پیداوار کی زکوٰۃ وصول کرنے پر مقرر ہو کہ وصول کرے اور حکومت کو پیش کرے۔ یہ اگرچہ خود مالدار بھی ہو مگر اُسے زکوٰۃ سے تنخواہ دی جاوے گی ہاں بنی ہاشم اگر وصول کر کے لاویں تو انہیں زکوٰۃ سے تنخواہ نہ دی جاوے دوسرے مال سے ایک بار ابو رافع جو حضورِ انور کے آزاد کردہ غلام تھے انہوں نے عرض کیا یا رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے زکوٰۃ کا عامل بنا دیجئے تاکہ جو تنخواہ دوسرے عاملوں کو ملتی ہے مجھے بھی ملے فرمایا تم ہمارے غلام ہو اور بنی ہاشم کے غلاموں کو زکوٰۃ سے عمالہ یعنی اس کی تنخواہ نہیں دی جا سکتی (رُوح المعانی۔ تفسیر کبیر۔ خازن۔ ترمذی۔ نسائی) بلکہ تفسیر خازن نے فرمایا کہ ہاشمی کو زکوٰۃ کا عامل بنایا ہی نہ جائے۔ خیال رہے کہ اگر یہ لوگ اپنی زکوٰۃ خود حاکم کے پاس پہنچا دیں تو عامل کو کچھ نہ ملے گا۔ عامل جب اُجرت کا مستحق ہوگا جب کہ زکوٰۃ وصول کر کے حاکم تک پہنچائے۔ (رُوح البیان) وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ یہ زکوٰۃ کا چوتھا مصرف (مستحق) ہے مُؤَلَّفَۃٌ بنا ہے تالیف سے جس کا مادہ الفت ہے بمعنی میلان یا محبت۔ مؤلفۃ القلوب وہ ہیں جن کے دل اسلام کی طرف مائل کئے جاویں انہیں اسلام کی محبت دی جاوے۔ یہ تین قسم کے لوگ

marfat.com

تھے ع۱ وہ کفار جو اسلام کی طرف میلان رکھتے ہوں انہیں مال دے کر محبتِ اسلام اُن کے دلوں میں ڈالی جاوے ع۲ وہ نومسلم جن کے دلوں میں ابھی اسلام پختہ نہیں ہوا یعنی ضعیف الایمان لوگ اُن کو زکوٰۃ دی جاوے تاکہ وہ پختہ مسلمان بن جاویں۔ مرتد نہ ہو جاویں۔ جیسے عیینہ ابنِ حصن اور اَقرع ابنِ حابس عباس ابنِ مرادس اسلمی ع۳ وہ فسادی شرارتی کفار جن سے مسلمانوں کو سخت ایذا میں پہنچتی ہوں انہیں زکوٰۃ سے کچھ دیا جاوے تاکہ وہ شرارت سے باز رہیں قوی یہ ہے کہ یہ تینوں قسم کے مؤلفۃ القلوب اجماعِ صحابہ سے مصرفِ زکوٰۃ سے نکل گئے۔ اب صرف سات بقیہ مصرفوں پر زکوٰۃ صرف کی جاوے گی۔ یہ اجماع خلافتِ صدیقی میں ہوا۔ کیونکہ اللہ نے اسلام کو قوت دے دی ان کو دینے کی وجہ مسلمانوں کی کمزوری تھی علت گئی حکم گیا۔ جیسے پانی ملا تیمم گیا۔

**حکایت** خلافتِ صدیقی میں عیینہ اور اَقرع خلیفۃ المسلمین کی خدمت میں آکر بولے کہ ہم کو کوئی زمین دی جاوے آپ نے ایک زمین کے متعلق ایک حاکم کو خط لکھ دیا۔ حضرت عمر نے وہ خط پھاڑ دیا اور اُن سے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہاری تالیف فرماتے ہوئے تم کو بہت کچھ دیا اسلام کو تمہاری ضرورت نہیں۔ اگر تم اسلام سے پھر دو گے تو فیصلہ ہماری تلوار کرے گی۔ حضرت صدیق نے فرمایا عمر نے ٹھیک کیا (روح المعانی)

وَفِی الرِّقَابِ ۔ یہ زکوٰۃ کا پانچواں مصرف ہے۔ رقاب جمع ہے رَقَبَہ کی بمعنی گردن اس سے پہلے فک پوشیدہ یعنی زکوٰۃ خرچ کر و گردنیں چھوڑانے میں۔ اس سے مراد وہ مکاتب غلام ہیں جو مال ادا کرنے سے مجبور ہو گئے۔ مالک نے کہا تھا کہ اتنا مال دو تو تم آزاد ہو انہیں زکوٰۃ دو۔ تاکہ وہ کتابت ادا کر کے آزاد ہو جاویں۔ چونکہ پہلے مستحقین کو زکوٰۃ کا مالک کر دیا جاتا ہے وہ جو چاہیں کریں مگر مکاتب کو مالک نہیں کیا جاتا۔ بلکہ اُس کو آزاد کرایا جاتا ہے۔ اس لیئے اُن چار میں لام ارشاد ہوا اور یہاں فِی۔ یہاں فی سبب کے معنی میں ہے کہا جاتا ہے۔ فلاں شخص چوری میں گرفتار ہوا یعنی چوری کی وجہ سے (روح البیان وغیرہ) وَالْغَارِمِیْنَ یہ زکوٰۃ کے پانچویں مصرف (مستحقین) کا ذکر ہے یہ لفظ بنا ہے غُرْم سے جس کے معنی ہیں ناگوار چیز کا لازم ہو جانا۔ اب قرض کو غرم کہا جاتا ہے (خازن) یعنی قرض والے لوگ یہ دو قسم کے ہیں ایک وہ جو کسی جائز ضرورت پوری کرنے کے لیئے قرض لے لیں۔ پھر ادا کرنے پر قادر نہ ہوں۔ گناہ کا مقروض زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔ (خازن بیضاوی کبیر وغیرہ) دوسرے وہ جو کسی مقروض کا کفیل بنا اور اُسے اس کا قرضہ ادا کرنا پڑ گیا۔ یہ اگر غنی بھی ہو اُسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ (خازن روح البیان وغیرہ) چونکہ مقروض کو زکوٰۃ دینا قرضہ اتارنے کے لیئے ہے نہ کہ خود اُس کے اپنے استعمال کے لیئے۔ اس لیئے اسے بھی فِی کے ماتحت بیان فرمایا۔

وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ۔ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے فِی الرِّقَابِ پر فِی کے بعد نفقہ پوشیدہ ہے یعنی اللہ کے راہ میں خرچ کرنے کے لیئے زکوٰۃ دو۔ (خازن) امام محمد کے نزدیک درماندہ

marfat.com

غازی کو دنیا امام ابو یوسف کے نزدیک درماندہ حاجی کو دنیا جو حج کی راہ میں پھنس گیا۔ اس کا خرچہ ختم ہوگیا۔ اکثر فقہاء کے نزدیک علمِ دین سیکھنے والے طلبا پر خرچ کرنا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اِن کے متعلق قرآن مجید فرماتا ہے۔ اَلَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ (الخ (روح المعانی)

وَابْنِ السَّبِیْلِ یہ عبارت معطوف ہے فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ پر سبیل بمعنی راستہ ابن بمعنی لازم پکڑنے والا یعنی مسافر۔ ایک شاعر کہتا ہے۔ شعر

اَنَا ابْنُ الْحَرْبِ تَحْتِیْ وَلِیْدٌ اَنَا اشْتَهَیْتُ وَاَکْهَلْتُ لِدَائِیْ

اس شعر میں ابنِ الحرب کے معنی جنگ کا بیٹا نہیں مگر جنگ سے چمٹنے والا۔ لام پکڑنے والا مراد ہے۔ اگر کوئی شخص وطن میں امیر ہو مگر سفر میں اس کے پاس کچھ نہ رہے اُسے بھی زکوٰۃ دے سکتے ہیں بشرطیکہ سفر گناہ کے لیئے نہ ہو لہٰذا مسافر ڈاکو چور۔ خارجی وغیرہ اس سے خارج ہیں۔ (خازن و روح البیان) مگر ایسا مسافر صرف وطن پہنچنے تک کے لیئے صدقہ سے زیادہ نہ لے اور بہتر یہ ہے کہ قرض سے کام چلا دے صدقہ سے بچے۔

(روح المعانی) فَرِیْضَةً مِّنَ اللّٰہِ یہ فرمانِ عالی ایک پوشیدہ عبارت کا مفعول مطلق۔ اصل عبارت یوں تھی فَرَضَ اللّٰہُ فَرِیْضَةً اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ غنی مسلمانوں پر فرض کی یا لِلْفُقَرَآءِ (الخ سے پہلے اسم فاعل پوشیدہ کے فاعل سے حال ہے یعنی زکوٰۃ ہو ان لوگوں کے لیئے رب تعالیٰ کا طے فرمایا ہوا ہے۔ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ یہ فرمانِ عالی گذشتہ مضمون کا تتمہ ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے بعض کو امیر بعض کو غریب کیا پھر امیروں پر زکوٰۃ فرض فرما کر غریبوں کا کام چلایا اس میں رب تعالیٰ کی حکمتیں ہیں انشاء اللہ یہ حکمتیں خلاصۂ تفسیر میں عرض کی جائیں گی۔

**خلاصۂ تفسیر** ہر قسم کی زکوٰۃ خواہ روپیہ پیسہ کی ہو یا جانوروں کی پیداوار کی یا زیور وغیرہ کی یا ہر قسم کے واجب صدقے خواہ زکوٰۃ ہوں یا نذر کا پیسہ یا کفارہ یا فطرہ وغیرہ۔ یہ حق ہے ان فقیروں کا جن کے پاس نصاب سے کم مال ہو اور ان مسکینوں کا جن کے پاس کچھ بھی نہ ہو اور ان لوگوں کا جو زکوٰۃ وصول کر کے حاکم اسلام کے پاس پہنچائیں اگرچہ خود غنی ہوں وہ زکوٰۃ سے تنخواہ پائیں گے۔ اور ان لوگوں کا جن کے دلوں کو اسلام کی طرف مائل کرنا ہے اُن میں اسلام کی الفت پیدا کرنا ہو۔ اور مکاتب غلاموں کی گردنیں چھوڑانے میں صرف کی جاوے۔ یوں ہی جائز طور پر مقروض ہو جانے والوں میں اور اللہ کی راہ میں صرف، بلکہ جو غازی یا حاجی یا دینی طالب علم درماندہ ہو اُسے دی جائے اور مسافروں میں کہ جو گھر میں مالدار ہوں مگر اتفاقاً سفر میں حاجت مند ہو گئے انہیں بقدرِ ضرورت دو۔ یہ سب کچھ رب تعالیٰ کی طرف سے طے کیئے گئے احکام ہیں اللہ تعالیٰ نے نہ تو سب کو امیر کیا نہ سب کو فقیر بلکہ نظام اس طرح قائم فرمایا کہ بعض امیر بنائے بعض فقیر پھر امیروں کو زکوٰۃ دینا فرض کیا۔ رب تعالیٰ کی اس میں لاکھوں حکمتیں ہیں وہ علیم بھی ہے حکیم بھی۔ خیال رہے کہ اسلامی

marfat.com

بیت المال کے مصرف چار طرح کے ہیں ۱؎ صدقات وخیرات انکے مصرف وہ ہیں جو یہاں ارشاد ہوئے ۲؎ مال غنیمت اس کا مصرف یہ عام یتیموں مسکینوں فقیروں پر صرف کی جاوے ۳؎ جزیہ خراج وغیرہ دارالاسلام کی حفاظت پر صرف کیا جاوے جیسے سرحدوں کی حفاظت ومضبوطی۔ مجاہدین کے لیے ہتھیار وغیرہ کا مہیا کرنا۔ ملک میں پل۔ نہریں بنوانا۔ قاضیوں اور دیگر حکام کی تنخواہیں۔ امام موذنین۔ مدرسین۔ مفتی۔ معلمین ومدرسین کی تنخواہیں ۴؎ لاوارث یتیموں کا ترکہ بیمار نادار لوگوں کے علاج وبے دست وپا لوگوں کے خرچ۔ غریب یتیموں کے نکاح وغیرہ پر خرچ کیا جاوے (روح البیان)

## روایۃ

فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پانچ قسم کے مالداروں کو زکواۃ دی جاسکتی ہے۔ غازی۔ عامل۔ غارم (جس نے دوسرے کا قرضہ اپنے پر لے لیا) قیدی بوقت ضرورت جو کسی کے قرضہ کی وجہ سے قید ہوگیا۔ وہ غنی جسے محتاج نے زکواۃ لے کر ہدیۃً اُسے کچھ دے دیا (ابوداؤد بروایۃ عطاء ابن یسار مرسلاً تفسیر خازن)

## زکواۃ کی حکمتیں

زکواۃ کی حکمتیں، ہم پہلے پارہ کی تفسیر میں اٰتُوا الزَّکٰوۃَ کے تحت عرض کر چکے ہیں یہاں ان کے علاوہ چند حکمتیں اور بھی عرض کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بعض! مسلمانوں کو امیر بنایا بعض کو فقیر مختلف طریقوں سے امیروں سے غریبوں کو مال دلوایا۔ زکواۃ۔ کفارات۔ نذر۔ فطرہ وغیرہ۔ اس لین دین میں بہت حکمتیں ہیں۔ ایک یہ کہ قدرتی طور پر مال دلوں کا محبوب ہے۔ کیونکہ یہ ذریعہ ہے قدرت کا کہ انسان مال کے ذریعہ بہت چیزوں بہت کاموں پر قادر ہو جاتا ہے۔ اگر محبتِ مال بڑھ جائے تو ذکر اللہ خوفِ خدا عشقِ رسول سے روک دیتا ہے۔ لہٰذا حکم دیا کہ اسے اللہ کے غریب بندوں کو دو۔ مال کا قید کر کے رکھنا اللہ رسول سے دوری پیدا کرتا ہے۔ اُسے خرچ کرنا اللہ رسول سے قرب کا ذریعہ ہے۔ دوسرے یہ کہ کی زیادتی عموماً دل میں سختی پیدا کرتی ہے جس سے حُبِّ دُنیا لذتوں کی طرف میلان ہوتا ہے لہٰذا اسے اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔ کہ دل میں نرمی پیدا ہو۔ محبتِ آخرت عشقِ رسول خوفِ خدا نصیب ہو۔ تیسرے یہ کہ بدنی عبادات جسم پر گراں ہیں اور مالی عبادات نفس پر بھاری بلکہ بدنی عبادت سے مالی عبادت زیادہ بھاری ہے لہٰذا۔ بطورِ امتحان زکواۃ وغیرہ واجب کی گئیں۔ تاکہ بندہ مطیع ہو اور سرکشی چھٹ جاوے۔ چوتھے یہ کہ مال اللہ کا ہے امیر اللہ کے خزانچی ہیں۔ فقراء اللہ تعالیٰ کے عیال (پروردہ) ہیں۔ رب نے ان خزانچیوں کو حکم دیا کہ میرے مال سے میرے عیال کی حاجتیں پوری کرو۔ اگر نہ کریں تو خائن ہیں۔ اگر کریں تو امین اَنَا مَالِیْ وَالْفُقَرَاءُ عِیَالِیْ مَنْ لَّمْ یُنْفِقْ مَالِیْ عَلٰی عِیَالِیْ اُنْزِلُ عَلَیْہِ وَبَالِیْ وَلَا اُبَالِیْ۔ پانچویں یہ کہ اگر امیر لوگ فقراء غربا کو کچھ نہ دیں تو اولاً غربا کے دل میں رشک پھر حسد پیدا ہو گی۔ پھر وہ فساد اور چھین لینے پر آمادہ ہو جائیں گے۔ جیسا کہ آج کل دیکھا جا رہا ہے اگر انہیں امیروں کی طرف سے ملتا رہے گا تو ان کے دلوں میں

marfat.com

اُن سے محبت و الفت پیدا ہوگی جس سے نظامِ عالم قائم رہے گا۔ چھٹے یہ کہ اگر ضرورت سے بچا ہوا مال چند ہاتھوں میں قید ہو کر رہے تو مال پیدا فرمانے کا مقصد فوت مال قید کرنے کے لیے نہیں بنایا گیا۔ بلکہ حاجات پوری کرنے کے لیے اس لیئے اسے دولت کہتے ہیں یعنی گھومنے پھرنے والی چیز لہٰذا اسے فقراء پر خرچ کرو۔ جاری پانی پاک و صاف رہتا ہے ٹھہرا ہوا بند پانی بگڑ جاتا ہے۔ (تفسیر خازن) ساتویں کہ مال قریب الزوال ہے اگر نجوشی۔ خرچ نہ کرو گے تو خود بخود ہزار راستوں سے نکل جائے گا۔ چوری آگ لگنا بیماری۔ مقدمہ بازی مگر اس میں سے اللہ کے راہ میں خرچ کرنے سے تمہاری لازوال نیک نامی بھی ہوگی اور ثواب بھی ورنہ قبر میں تو خالی ہاتھ جانا ہی ہے۔ آٹھویں یہ کہ زکواۃ و صدقات فقراء سے دعائیں لینے کا ذریعہ ہے اور دعائیں مال کی حفاظت کا وسیلہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اپنے مالوں کو زکواۃ کے قلعہ میں محفوظ کرو نویں یہ کہ جود و سخا اللہ تعالیٰ کی سنت !! حضراتِ انبیاء خصوصاً حضور سید الانبیاء کا طریقہ۔ سخاوت سے ان ہستیوں سے مشابہت ہوتی ہے۔ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ۔ دسویں یہ کہ انسان کو رب کی طرف سے تین چیزیں ملی ہیں۔ رُوح۔ بدن۔ مال رُوح کا زیور ایمان اور اچھے اخلاق ہیں بدن کا زیور عبادات تو مال کا زیور بھی چاہیئے وہ زکواۃ و صدقات ہیں گیارہویں یہ کہ انسان پر ہر نعمت کا شکر لازم ہے شکر کی حقیقت یہ ہے کہ اُس نعمت کو رضاءِ الٰہی میں صرف کیا جاوے۔ مال بھی ایک نعمت ہے اُس کا شکر یہ زکواۃ ہے۔ بارھویں یہ کہ اگر مالدار فقراء کو اپنے مال سے کچھ نہ دیں تو ممکن ہے کہ فقراء تنگ آکر ناجائز حرکتیں کریں۔ چوری ڈکیتی بلکہ کفار سے مل جانا پیٹ کی خاطر۔ اگر انہیں مالداروں کے مال سے کچھ ملتا رہے تو وہ اِن حرکتوں سے بچے رہیں گے لہٰذا زکواۃ ضروری دی جائے تاکہ فقراء ایمان اور نیک اعمال پر قائم رہیں۔ گناہوں سے بچیں۔ (تفسیر کبیر)

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ زکواۃ اور سارے واجب صدقے صرف ان مذکورہ مصرفوں میں صرف کی جائے ان کے علاوہ اور کسی جگہ خرچ نہیں کر سکتے یہ فائدہ اِنَّمَا کے حصر سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ زکواۃ میں لینے والے کو! مالک کر دینا ضروری۔ بغیر مالک کیئے زکواۃ ادا نہ ہوگی۔ لہٰذا زکواۃ مسجد مدرسہ۔ قبرستان۔ خانقاہ وغیرہ کی تعمیر میں خرچ نہیں ہو سکتی کہ وہاں کا کوئی مالک نہیں بنتا نیز زکواۃ کفارات نذر کے بیسہ کا کھانا پکا کر فقراء کی دعوت کر دینے سے ادا نہ ہوگی۔ کہ اِس صورت میں فقراء مالک نہیں ہوئے یہ فائدہ لِلْفُقَرَاءِ کے لام سے اشارۃً حاصل ہوا۔ کہ لام ملکیت کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ تیسرا فائدہ زکواۃ ایک فقیر یا ایک مسکین کو بھی دے سکتے ہیں ان تمام قسموں کے تین تین شخصوں کو دینا ضروری نہیں یہ فائدہ بھی لِلْفُقَرَاءِ کے لام سے حاصل ہوا کہ اس میں لام استحقاق کا ہے اور فقراء و مساکین سے جنس فقیر اور جنس مسکین مراد ہے چوتھا فائدہ

marfat.com

واجب صدقے بہت قسم کے ہیں۔ زکوٰۃ۔ نذر۔ کفارات۔ فطرہ وغیرہ بلکہ زکوٰۃ بہت قسم کی ہے۔ سونے چاندی کی۔ مالِ تجارت کی۔ جانوروں کی۔ پیداوار کی یہ فائدہ اَلصَّدَقَاتُ جمع فرمانے سے حاصل ہوا **پانچواں فائدہ** ظاہری مال یعنی پیداوار۔ جانوروں کی زکوٰۃ سلطانِ اسلام کو دی جاوے۔ باطنی مالوں روپیہ پیسہ مال تجارت وغیرہ کی زکوٰۃ امیر خود دے یہ فائدہ اَلْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا سے حاصل ہوا مگر خلافتِ عثمانیہ سے پابندی ختم ہو گئی۔ اب ہر طرح کے مال کی زکوٰۃ خود مال والا دے (شامی) ورنہ حکام ہی کھا جائیں گے **چھٹا فائدہ**۔ مُؤَلَّفَةِ الْقُلُوْبُ تمام صحابہ کرام کے اجماع سے مصارف زکوٰۃ سے خارج ہو چکے یعنی دونوں کافر قسمیں، مگر تیسرے قسم کے مُؤَلَّفَةُ الْقُلُوْبُ وہ اب بھی مصرف ہیں۔ یعنی ضعفاءِ مومنین۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ اب انہیں دینے کی ضرورت نہ رہی۔ دیکھو تفسیر۔ **ساتواں فائدہ**۔ مکاتب غلام۔ مقروض۔ مجاہدین۔ مسافرین اگرچہ ضرورۃً زکوٰۃ لے سکتے ہیں مگر وہ یہ پیسہ سوائے اس ضرورت کے اور جگہ صرف نہ کریں۔ مقروض زکوٰۃ سے صرف قرضہ ادا کرے۔ اس سے عیش نہ کرے یہ فائدہ۔ فِي الرِّقَابِ لام کی فِي سے حاصل ہوا کہ رب نے پہلے چار مَصْرفوں کے لیے لام فرمایا اور ان چار کے لیے فِي۔ دیکھو تفسیر۔ **آٹھواں فائدہ**۔ غازی حاجی جب راہ میں خرچ سے تنگ ہو جاویں تو انہیں زکوٰۃ دی جا سکتی ہے۔ اگرچہ یہ لوگ اپنے گھر میں غنی ہوں۔ یہ فائدہ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ سے حاصل ہوا۔ **مسئلہ**۔ سید حضرات کو کوئی واجب صدقہ نہیں دینا چاہیئے۔ حتیٰ کہ اگر غیر سید غنی عامل ہو تو اسے زکوٰۃ سے تنخواہ دے سکتے ہیں مگر سید عامل کو یہ تنخواہ بھی نہیں دے سکتے۔ سید فقیر کا ادب و احترام غنی سید سے زیادہ ہے **مسئلہ** بلکہ سید کا غلام بلکہ سید کا آزاد کردہ غلام بھی زکوٰۃ نہیں لے سکتا کیونکہ مولیٰ الْقَوْمِ مِنْهُمْ۔ دیکھو ابو رافع کو جو حضور کا آزاد کردہ غلام تھے۔ حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کا عامل نہ بنایا۔ دیکھو تفسیر۔

**پہلا اعتراض** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ زکوٰۃ اُن قسموں میں سے ہر ایک کے تین شخصوں کو دی جاوے۔ یعنی چوبیس یا اکیس شخصوں کو۔ کیونکہ ان کے درمیان واؤ ہے جو جمع کے لیے آتا ہے اور یہ سب جمع ہیں۔ جو تین سے کم پر نہیں بولے جاتے۔ فقراء مساکین وغیرہ (شوافع) جواب اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ اور ابْنِ السَّبِيْلِ تو جمع نہیں۔ ان میں تین کی تعداد کہاں سے لاؤ گے۔ جواب تحقیقی وہ ہے جو ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ اس میں لام استحقاق کا ہے اور اَلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ میں الف لام جنسی ہے جس سے جمعیت ختم ہو گئی۔ نیز اگر کسی کو ایک روپیہ زکوٰۃ دینی ہو تو چوبیس یا اکیس میں کیسے تقسیم کرے کیا پیسے یا دھلے بانٹے نیز آج کل مکاتبین نہیں پھر یہ تعداد کیسے پوری ہوا نیز اتنی قسموں کے تین تین فقیر تلاش کرنا طاقت سے زیادہ تکلیف ہے دوسرا اعتراض قوی ہے

ہے کہ فقیر وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو اور مسکین وہ جس کے پاس نصاب سے کم ہو تم اس کے عکس کہتے ہو۔ تمہارا قول قرآن مجید کے بھی خلاف ہے اور حدیث شریف کے بھی۔ قرآن مجید خضر علیہ السلام کی کشتی والوں کے متعلق فرماتا ہے۔ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ کہ وہ کشتی مسکینوں کی تھی۔ دیکھو وہ لوگ کشتی کے مالک تھے مگر انہیں مساکین کہا گیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ۔ خدایا مجھے مسکین جلا مسکین وفات دے مساکین میں قیامت کے دن اٹھا۔ حضور انور کی یہ دعا یقیناً قبول ہوئی۔ حالانکہ حضور گھر۔ سواری کے جانور جنگی ہتیار وغیرہ کے مالک رہے اس دعا سے تو چاہیئے تھا کہ آپ کے پاس کچھ بھی نہ ہوتا۔ نیز آیت میں فقراء کا ذکر مساکین سے پہلے ہے معلوم ہوا فقیر بمقابلہ مسکین زیادہ حاجت مند ہے نیز فقیر بنا ہے فقر سے بمعنی خالی ہونا لہٰذا فقیر وہ چاہیئے جو مال سے بالکل خالی ہو۔ اگر اس کے پاس کچھ بھی مال ہو تو وہ لغت کی رو سے فقیر یعنی خالی نہ ہوا۔ (امام شافعی) نوٹ یہ دلائل تفسیر کبیر نے بہت زور سے بیان کیے۔ وہ شافعی المذہب ہیں۔ تفسیر خازن نے بھی فخر سے یہ دلائل بیان کیے وہ حضرات سمجھے ہیں کہ یہ دلائل لاجواب ہیں۔ جواب امام اعظم کا فرمان قوی ہے مسکین وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ یعنی خاک نشین مسکین جس سے معلوم ہوا کہ مسکین وہ جو کپڑے یا مال اور گھر بار کا بھی مالک نہ ہو۔ اس لیئے مسکین کو بھیک مانگنا جائز ہے فقیر کو نہیں جیسا کہ ابو داؤد۔ ترمذی۔ نسائی میں براویۃ حضرت ابن مسعود ہے کہ جس کے پاس ایک دن کا کھانا ہو اور وہ بھیک مانگے وہ قیامت میں ذلیل ہوگا۔ کشتی خضر والے لوگ اس کشتی کے مالک نہ تھے بلکہ کسی اور کی کشتی میں کام کرتے تھے اس لیئے ارشاد ہوا يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ وہ دریا میں کام کرتے تھے یا انہیں رحم کی بنا پر مساکین کہا گیا۔ کہا جاتا ہے مَسَاكِيْنُ اَهْلِ النَّارِ ایک شاعر کہتا ہے۔ شعر

مَسَاكِيْنُ اَهْلِ الْحُبِّ حَقٌّ قُبُوْرُهُمْ
عَلَيْهَا تُرَابُ الذُّلِّ بَيْنَ الْمَقَابِرِ

حدیث شریف میں مسکین سے مراد دل کا مسکین ہے نہ کہ مال کا مسکین یعنی خدایا مجھے دل کا انکسار عطا فرما۔ ورنہ حضور تو صلی اللہ علیہ وسلم کو رب نے لاکھوں کا مالک کیا۔ جو حضور نے لوگوں کو عطا فرمائے۔ حضور تو غنی کیا غنی گر ہیں۔ شعر

ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا　　اُن کے دستِ سخاوت پہ لاکھوں سلام

اس صورت میں وہ دعا کی حدیث تمہارے بھی خلاف ہوگی فقر کے معنیٰ خالی نہیں بلکہ فقر کے معنیٰ خالی۔ ق پہلے ف بعد میں اس لیئے خالی میدان کو قفار کہتے ہیں اگر فقیر کو مسکین سے پہلے بیان کرنے

marfat.com

سے یہ لازم آتا ہے کہ فقیر بمقابلہ مسکین زیادہ حاجتمند ہو۔ تو چاہیے کہ بمقابلہ مولفۃ القلوب کے عاملین زیادہ حاجتمند ہو جائیں کہ یہاں بھی تقدم و تاخر ہے۔ یہاں ترتیب مقصود نہیں لہٰذا یہ دلائل مذکورہ کمزور سے ہیں۔ تیسرا اعتراض: جب قرآن مجید میں زکوٰۃ کے مصرف آٹھ ارشاد ہوئے تو صحابہ کرام کو یہ حق تھا کہ وہ مولفۃ القلوب کو نکال کر مصرف سات رکھیں کیا صحابہ کرام قرآنی آیت کو منسوخ کر سکتے ہیں صحابہ نے قرآن بگاڑ دیا ایسے ہی انہوں نے بعض آیات قرآنیہ نکال بھی دی ہوں گی۔ (روافض)۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے اس وقت! حضرت علی۔ عباس۔ عبداللہ بن عباس تمام اہل بیت موجود تھے ان میں سے کسی بزرگ نے اعتراض نہ کیا بلکہ! انہوں نے بھی قبول کر کے زکوٰۃ کے مصرف سات ہی مان لیے۔ صحابہ کا یہ عمل اگر غلط ہوتا تو وہ حضرات نہ اسے قبول کرتے یہ اس پر عمل کرتے بلکہ ان سے جنگ کرتے کہ تم قرآن بلکہ دین کیوں بدلتے ہو۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ ان حضرات نے حکم کی وجہ ختم ہو جانے کی وجہ سے حکم کا ختم ہو جانا جان لیا مدۃ سمجھتے تھے کہ مؤلفۃ القلوب کو زکوٰۃ دینے کی وجہ اس وقت اسلام کا ضعف تھا اسلام کو لوگوں کی ضرورت تھی اب اسلام کو لوگوں کی! ضرورت نہ رہی بلکہ لوگوں کو اسلام کی ضرورت ہو گئی۔ جیسے ضرورت کے وقت تیمم کر و ضرورت ختم ہو جانے پر وضو تو مٹی کا ذریعۂ طہارت ہوا۔ پانی کی غیر موجودگی سے ہے کہ ہر وقت یا جیسے حضور انور کے زمانہ میں قتل کا خون بہا۔ (دیت) قاتل کے وارثوں پر تھی پھر بیت المال سے ہو گئی کہ وجہ بدل گئی۔ یہ نسخ نہیں بلکہ وجہ ختم ہونے پر حکم ختم ہوتا ہے (روح المعانی) مسئلہ نومسلم اگر ضعیف الاعتقاد ہو اور غریب بھی تو اسے غریبی کی وجہ سے زکوٰۃ دی جا سکتی ہے لیکن امیر نومسلم کو اس لیے زکوٰۃ دینا کہ پھر کافر نہ ہو جائے جائز نہیں! جیسا کہ ہم نے ابھی تفسیر میں عرض کیا کہ حضرت عمر نے اقرع ابن حابس وغیرہ کو صدقہ کی عطیہ نہ ملنے دیا۔

**چوتھا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ میں فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ زائد ہے کیونکہ آگے ابْنُ السَّبِیْلِ موجود ہے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔ اگر فرق نہیں ہے تو مکرر کیوں کیا گیا۔ جواب ابن السبیل سے مراد ہر وہ مسافر ہے جو سفر میں مجبور ہو جائے اور فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ میں غازی حاجی۔ طالب علم مراد ہیں جن کا سفر! رضاء الٰہی کے لیے ہو گویا ان میں عادت اور عبادت کا فرق ہے (روح المعانی) مطلق مقید کا غیر ہوتا ہے

**پانچواں اعتراض**۔ اس آیت میں زکوٰۃ کے مصرف آٹھ ارشاد ہوئے مگر چار میں لام ارشاد ہوا لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاکِیْنِ اور چار میں فِی الرِّقَابِ وَالْغَارِمِیْنَ اس فرق کی کیا وجہ ہے۔ جواب۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ فقراء وغیرہ کو زکوٰۃ کا مطلقاً مالک بنا دیا جاوے وہ جو چاہیں کریں مگر ان چار کو صرف بدل کتابت یا قرض وغیرہ ادا کرنے کے لیے دی جاوے۔ یہ لوگ صرف اس مقصد کے لیے زکوٰۃ میں ان کے ان میں فی ارشاد ہوا۔ بعض نے فرمایا کہ آخری چار قسموں کو زکوٰۃ دینا پہلے چار سے افضل ہے

marfat.com

اس لیے ان میں فی ارشاد ہوا دیکھو تفسیر کبیر خازن روح المعانی وغیرہ اسی لیے جاہل فقیر سے عالم فقیر افضل ہے۔
اسے زکواۃ ضرور دی جاوے کہ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ہے **چھٹا اعتراض**۔ رب تعالیٰ نے یہاں زکواۃ میں۔ آٹھ مصرف بیان فرمائے مگر کفارات میں صرف مساکین کا ذکر فرمایا فَکَفَّارَتُہٗ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسٰکِیْنَ حالانکہ کفارہ بھی صدقہ واجبہ ہے **جواب** وہاں لفظِ مساکین بمعنیٰ بے چارگان ہے جس میں یہ سب داخل ہیں جیسے اَلسَّفِیْنَۃُ کَانَتْ لِمَسٰکِیْنَ میں مساکین اسی معنیٰ میں ہے غرضیکہ آیتِ کفارہ میں اجمال ہے یہاں تفصیل۔
**ساتواں اعتراض**۔ تم نے کہا کہ فقیر وہ جس کے پاس نصاب سے کم ہو۔ اور وہ مصرف زکواۃ ہے مگر دوسری جگہ۔ قرآن مجید فرماتا ہے وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اللہ تعالیٰ غنی ہے اور تم سب فقیر معلوم ہوا کہ سارے انسان فقیر ہیں۔ چاہیئے کہ سب کو زکواۃ دی جائے اَلصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَاءِ دونوں جگہ فقرا ہے۔ **جواب** اس آیت میں غنی بمعنیٰ بے نیاز ہے اور فقراء بمعنیٰ نیازمند سارے انسان اللہ تعالیٰ کے نیازمند ہیں۔ اگرچہ سلطان وزیر امیر ہوں یہاں بمعنی غریب ہے۔ جیسے رب فرماتا ہے۔ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ رب کے سوا ہر چیز ہلاکت والی فانی ہے دوسری جگہ فرماتا ہے اُکُلُھَا دَآئِمٌ یا فرماتا ہے خَالِدِیْنَ فِیْھَا اَبَدًا۔ یہ جنتی میووں کو فنا نہ جنت والوں کو معلوم ہوا کہ وہاں ھَالِکٌ بمعنیٰ ممکن یا قابلِ فنا ہے

**تفسیر صوفیانہ** صَدَقَاتٌ یعنی اللہ تعالیٰ کے روحانی عطیے اُن لوگوں کے لیئے ہیں جو دنیا چھوڑ کر دنیا سے خالی فقیر ہو کر وَاصِلْ بِاللّٰہِ ہوئے۔ اور اُن مساکین کے لیئے ہے جن میں ابھی کچھ اثر دینا ہے۔ فقراء واصلین ہیں یہ لوگ سالکین اور عامین کے لیئے۔ وہ دونوں احوال والے تھے۔ یہ اعمال والے اور مولفۃ القلوب کے لیئے۔ جن جن کے دل اللہ کے ذکر سے الفت رکھتے ہیں یہ لوگ مقربین ہیں یعنی رب سے قریب دنیا سے دور اور مکاتبین کے لیئے جو اپنے موجد کی غلامی کی تلاش میں دنیا کی قیدوں سے آزاد ہونا چاہیں اور مقروضوں کے لیئے جو اپنی زندگی اپنے حالات کو رب کا قرض سمجھتے ہیں اس کی ادائیگی کی فکر میں ہیں۔ اور فی سبیل اللہ یعنی نفس امارہ سے جہاد شیطان سے ہوئی اور طغیان سے جہاد اکبر کر رہے ہیں اور مسافروں کے لیئے ہیں جو بشریتِ طبیعت کے وطن سے شریعت و طریقت کے قدموں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی طرف جا رہے ہیں یہ سب سفر فرض کی واپسی دنیا کی غلامی سے آزادی اللہ کا فریضہ ہے یہ صدقات ربانی عطیے ہیں جو ان میں کو شان ہے وہ رب کو پالیتا ہے۔ مَنْ طَلَبَنِیْ وَجَدَنِیْ اللہ اپنے طالبین کو جانتا ہے اور ان کی حاجتوں کے مطابق ان کی مدد فرماتا ہے کہ وہ علیم بھی ہے حکیم بھی۔ (روح البیان)

marfat.com

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ

اور ان میں سے وُہ لوگ ہیں جو ایذاء دیتے ہیں اُن نبی کو اور کہتے ہیں کہ وہ نرے

اور ان میں کوئی وہ ہیں کہ ان غیب کی خبریں دینے والے کو ستاتے ہیں اور کہتے ہیں وُہ کان ہیں

هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

کان ہیں فرمادو کان ہیں خیر کے واسطے تمہارے ایمان رکھتے ہیں وُہ اللہ پر

تم فرماؤ تمہارے بھلے کے لیئے کان ہیں اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مسلمانوں

وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ

اور اعتبار کرتے ہیں مسلمانوں کا اور رحمت ہیں واسطے اُن کے

کی بات پر یقین کرتے ہیں اور جو تم میں سے مسلمان ہیں ان کے واسطے

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

جو ایمان لائے تم میں سے اور وہ لوگ جو ستاتے ہیں رسول اللہ کو واسطے

رحمت ہیں اور وہ جو رسول اللہ کو ایذاء دیتے ہیں

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (٦١)

اُن کے ہے عذاب تکلیف دہ

اُن کے لیئے دردناک عذاب ہے

**تعلق** ۔ اس آیتہ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق** ۔ پچھلی آیات کریمہ میں منافقین کے اُس طعن کا ذکر تھا جو وہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی تقسیم پر کرتے تھے اب اُن کے اس طعن کا ذکر ہے جو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے تحمّل پردہ پوشی وغیرہ پر کرتے تھے۔ گویا فعل شریف پر طعن کے بعد صفاتِ عالیہ پر طعن کا ذکر ہے ہورہا ہے **دوسرا تعلق** ۔ پچھلی آیات میں منافقین کی اُن بدگوئیوں کا ذکر ہوا جو وہ حضور انور کے سامنے کر بیٹھتے تھے اب اُن کی اُس بکواس کا تذکرہ ہے جو وہ پسِ پشت کیا کرتے تھے گویا حاضرانہ جرم کے بعد غائبانہ

marfat.com

جرموں کا تذکرہ ہے:۔

تیسرا تعلق پچھلی آیات میں منافقین کی شخصی ایذاء رسانی کا ذکر ہوا کہ ایک بدنصیب نے حضور انور کی تقسیم پر اعتراض کیا اب ان کی قومی ایذاء رسانی کا تذکرہ ہے کہ وہ ساری قوم حضور انور کو ایذاء پہنچاتی رہتی ہے اور رب تعالیٰ اُن کے جواب دیتا رہتا ہے:۔

**شانِ نزول** اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق چند روایات ہیں ۱؎ چند منافقین جذام ابن خالد اباس ابن قیس۔ سماک ابن یزید۔ عبید ابن مالک وغیرہم ایک دن اپنی خاص مجلس میں حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں بہت گستاخیاں کر رہے تھے کہ اُن میں سے ایک بولا کہ اگر ہماری اس بکواس کی خبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچ گئی تو ہماری شامت آجائے گی۔ اور ہماری منافقت کھل جاوے گی۔ تو اُن میں سے ایک منافق جلاس ابن سوید بولا کہ کچھ فکر نہ کرو۔ اول تو یہاں کوئی مسلمان ہے نہیں صرف ہم ہی ہیں انہیں اس کی خبر کیسے پہنچے گی اور اگر کسی مسلمان کے ذریعہ آپ تک یہ خبر پہنچ بھی گئی تو ہم قسم کھا جائیں گے کہ ہم نے کچھ نہ کہا تھا۔ گذشتہ کا تجربہ ہے کہ وہ ہر بات بغیر تحقیق مان لیتے ہیں تحقیق نہیں فرماتے وہ تو بڑے کان ہیں جسے اردو میں کہتے ہیں کچے کانوں کے ہیں جو سنا مان لیا۔ اس کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر تنویر المقباس۔ کبیر۔ خازن۔ رُوح المعانی۔ رُوح البیان وغیرہ) ۲؎ مدینہ منورہ میں ایک منافق نبتل ابن حارث تھا۔ نہایت ہی بدشکل۔ سرخ آنکھیں پچکے ہوئے گال بکھرے بال۔ ابھری کنپٹیاں۔ حضور فرماتے تھے۔ کہ جو ابلیس کو دیکھنا چاہے وہ نبتل کو دیکھ لے۔ وہ حضور انور کی مجلسِ مقدس میں حاضر رہتا اور بہت غور سے آپ کی باتیں سنتا تھا۔ پھر منافقین و کفار تک آپ کی باتیں پہنچاتا گویا جاسوس تھا۔ ایک دن وہ یہی حرکت کر رہا تھا کہ کسی نے اس سے کہا کہ اگر تیری حرکات کی خبر حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو تیرا کیا بنے گا۔ نبتل بولا کہ میں قسم کھا کر انکار کر جاؤں گا وہ نرے کان ہی ہیں۔ مجھے کچھ نہ کہیں گے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن۔ رُوح المعانی)

**تفسیر** وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے۔ اس لیے اس کا واؤ ابتدائیہ ہے مِنْهُمْ مُقَدَّم خبر ہے اور اَلَّذِيْنَ موخر مبتدا ھم سے مراد وہی منافقین ہیں جن کا ذکر اوپر سے چلا آرہا ہے۔

اس فرمانِ عالی میں دو لفظ قابلِ غور ہیں ایک يُؤْذُوْنَ اور دوسرے اَلنَّبِيَّ يُؤْذُوْنَ سے یہ بتایا گیا۔ کہ جب وہ اپنی مجلسوں میں حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی کرتے ہیں تب ہی۔

marfat.com

حضور کو خبر ہوتی ہے کسی مخبر کی خبر رسانی پر ان کا جاننا موقوف نہیں اَلنَّبِیُّ میں اس دعوے کی دلیل ہے۔ یعنی اُن کی خفیہ بدگوئیوں کی اطلاع اُس سے تکلیف اس لیئے ہو جاتی ہے کہ وہ نبی ہیں یعنی ہر غیب و شہادت کی خبر رکھنے والے۔ جن کی خبر رکھنے کا یہ حال ہے کہ جس خچر پر سوار ہو جائیں اُس کے آنکھوں سے غیب کے حجاب اوٹھا دیئے جائیں اور وہ قبر کا عذاب دیکھ کر مُردہ کی چیخ و پکار سن کر گھبرا کر دو پاؤں پر کھڑا ہو جاوے (مشکوٰۃ باب الستر عن البول)

اگر عائشہ صدیقہ اُن کا تہبند دو پٹکی جگہ اوڑھ لیں تو اُن کی آنکھیں غیب کی نورانی بارش دیکھ لیں۔ مولانا فرماتے ہیں۔ شعر

گفت چہ بر سر فگندی از ازار　　گفت کردم آں روایت را خمار

گفت بہر آں مخوانے پاک حبیب　　چشم پاکت را خدا بارانِ غیب

جو مدینہ منورہ میں بیٹھ کر عرش و کرسی۔ لوح و قلم جنت و دوزخ کو ملاحظہ فرمائے۔ بھلا اس کے کانوں سے منافقین کی خفیہ گفتگو کیسے چھپے۔

وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ یہ عبارت معطوف ہے يُؤْذُوْنَ الخ پر جس میں فرمایا گیا کہ وہ پردہ پوش بچپال محبوب ان کی گفتار سے خبردار ہیں۔ جو کہتے ہیں کہ حضور تو نرے کان ہیں۔ خیال رہے کہ اُذُن کان کو کہتے ہیں! حضور انور کو وہ اُذُن اس لیئے کہتے تھے کہ حضور ہماری ہر بات سُن کر بغیر تحقیق مان لیتے ہیں گویا سراپا کان ہیں اُن میں سوچنے تحقیق کرنے کا مادہ ہی نہیں۔ یہ انتہا درجہ کی گستاخی تھی۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

اِذَا بَدَتْ لِیْ فَکُلِّیْ مُقْلَۃٌ وَاِنْ ذُکِرْتُ بِشَرٍّ عِنْدَھَا اُذُنٌ

یعنی جب میرے سامنے آتی ہے تو میں پورا کا پورا آنکھ بن کر اُسے دیکھتا ہوں اور جب وہ مجھ سے بات کرتی ہے تو میں سراپا کان بن کر اُس کی بات سُنتا ہوں۔ دوسرا شاعر کہتا ہے ؎

صُمٌّ اِذَا سَمِعُوْا خَیْرًا ذُکِرْتُ بِہٖ

وَاِنْ ذُکِرَ الْمُنَاجُوْنَ فَکُلِّیْ سَامِعٌ

یعنی اگر ان لوگوں کے سامنے میرا ذکر خیر ہو تو وہ بہرے بن جاتے ہیں اور اگر میرا ذکر بُرائی سے ہو تو وہ سراپا کان بن کر سنتے ہیں اگر وہ بدنصیب یہ ہی لفظ پردہ پوشی اور ستار عیوبی کی نیت سے استعمال کرتے تو یہ کلام نعت بن جاتا۔ یعنی وہ خطاکار کی خطا میں معذرت سن کر بغیر جرح قدح معافی دے دیتے ہیں قُلْ اُذُنُ خَیْرٍ لَّکُمْ یہ ہے رب تعالیٰ کی طرف سے اِن منافقوں کا جواب۔ قُلْ میں خطاب قرآن پڑھنے والے مسلمان سے ہے اُذُنُ خَیْرٍ مبتدا و شیرہ کی خبر ہے یہ ہی قوی ہے کیونکہ اگلی عبارت میں حضور کے لیئے نائب خیریں آرہی ہیں یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ اور یُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ۔ اگر حضور انور سے خطاب ہوتا تو

marfat.com

اَنَا پوشیدہ ہوتا اور آگے دونوں جگہ اُمِنُ متکلم کا صیغہ ہوتا نیز قرآنِ مجید میں عموماً رب اپنے اعتراض حضور انور کے ذریعہ فرماتا ہے۔ کہ مجھ پر یہ اعتراض ہے۔ آپ یہ جواب دیں کیونکہ حضور اللہ کے شاہد گواہ ہیں۔ اور حضور پر اعتراض ہوا سے اللہ تعالیٰ دفع کرتا ہے۔ یا کسی کے ذریعہ دفع کراتا ہے۔ کیونکہ وہ حضور کا گواہ ہے یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا اور فرماتا ہے وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہماری قرأۃ میں اُذُنُ خَیْرٍ ہے۔ یعنی اُذُنٌ مضاف ہے۔ خَیْرٍ کی طرف موصوف کی اضافت صفت کی طرف (معانی) یعنی اے منافقو! ہاں وہ سراپا کان ہیں۔ مگر اُن کا کان ہونا تمہارے لیئے خیر ہے۔ کہ تمہارے پردے ڈھکے عیوب چھپے ہوئے ہی رہیں اگر وہ تمہاری تحقیقات کرتے تو تمہارے عیب کھل گئے ہوتے لہٰذا لَكُمْ میں خطاب منافقوں سے ہے حضور انور اپنے گنہگار اُمتیوں کے دُنیا و آخرت میں پردہ پوش ہے۔ شعر

جو یہاں عیب کسی کے نہیں کہنے دیتے — کب وہ چاہیں گے مری شرمیں رُسوائی ہو
ہے غرض بحرِ عصیاں بندۂ عبد اللطیف — پردہ عیبوں پر مرے ستار رہنے دیجئے

مگر اُن کی شان یہ ہے کہ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَیُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اس فرمانِ عالی پہلا یُؤْمِنُ بنا نے۔ اِیْمَانٌ بمعنی تصدیق سے۔ کفر کا مقابل یعنی وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں۔ اللہ نے انہیں پردہ پوش بنایا۔ تم پر جرح قدح کا حکم نہیں دیا۔ اس لیئے ان کا یہ عمل ہے۔ اور دوسرا یُؤْمِنُ بنا ہے۔ اِیْمَانٌ بمعنی بھروسہ و اعتماد کرنا۔ اِسلیئے پہلے یومن کے بعد بِ آئی اور دوسرے کے بعد لَامْ۔ قرآن مجید میں ہے۔ وَمَا اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا اور فرماتا ہے فَمَا اٰمَنَ لِمُوْسٰۤى اِلَّا ذُرِّیَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ اور فرماتا ہے۔ اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ اور فرماتا ہے اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ اِن تمام آیات میں بمعنی اعتماد ہے۔ اور اس کے بعد لام آیا ہے۔ (تفسیر کبیر و روح البیان و معانی وغیرہ) مومنین فرما کر بتایا کہ انہیں تم پر اعتماد نہیں نہ وہ تمہاری تصدیق کرتے ہیں۔ وہ دِل سے تصدیق صرف مومنوں کی کرتے ہیں۔ انہیں تمہاری حقیقت کی خبر ہے۔ (تفسیر خازن) اس فرمانِ عالی کی اور تفسیریں بھی کی گئی ہیں۔ مگر یہ تفسیر بہت نفیس و لذیذ ہے چنانچہ آگے ارشاد ہے وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ یہ عبارت معطوف ہے یومن باللہ۔ پر اور حضور انور کی ایک اور صفت کا بیان رحمت کی تنوین عظمت کی ہے یعنی عظیم الشان رحمت۔ خیال رہے کہ حضور کی رحمتِ عامہ تو سارے جہانوں کے لیئے ہے کہ جس کا اللہ تعالیٰ کا رب ہے۔ اُس کیلئے حضور انور رحمت وہ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ہے اور حضور رحمتٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ مگر رحمتِ خاصہ صرف مومنوں کے لیئے ہے وہ ہی یہاں مراد ہے اِس کی تفسیر وہ آیۃ ہے وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ اِس فرمانِ عالی کی بہت تفسیریں کی گئی قوی اور آسان تفسیر یہ ہے کہ رحمت سے مراد رحمتِ خاصہ ہے اور منکم میں خطاب منافقین سے ہے

marfat.com

آمنو سے مراد ہے اخلاص سے ایمان لانا ہے یعنی اے منافقوں! تم میں سے جو بھی مخلص مومن ہو جاویں ان کے لیئے حضور خاص رحمت ہیں یا اے منافقو! تمہارے خاندان قبیلہ میں جو لوگ اخلاص سے ایمان لا چکے ان پر حضور رحمتِ خاصہ ہیں۔ تم بھی ان کی طرح ایمان لاؤ تاکہ ان کی یہ رحمت پاؤ۔ اس تفسیر پر کوئی اعتراض نہیں تفسیر خازن نے یہ ہی اختیار کی وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ چونکہ یہ جملہ نیا ہے۔ اس لیئے اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اَلَّذِیْنَ سے مراد ہے تاقیامت سارے جن وانس ہیں۔ جن میں منافقین بھی داخل ہیں۔ ایذاء سے مراد ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دینے کیلئے کوئی کام یا کلام یا حرکت کرنا۔ خواہ بذاتِ خود اچھا ہو یا برا۔ لہٰذا جو کوئی حضور انور کو تکلیف دینے کے لیئے نماز بھی پڑھے وہ بھی اس عتاب میں داخل ہے۔ یہ عموم اور اطلاق یاد رکھنا چاہیئے چونکہ حضور کے احسانات کی طرف اشارہ لفظِ رسول سے ہوتا ہے کہ رسول فیض رسان۔ جیسے نبی پیغام رسان اس لیئے یہاں رسول ارشاد ہوا۔ نبی اللہ نہ فرمایا گیا۔ یعنی جو لوگ بھی اس محسنِ عظیم کو فیض رسانِ خلق کو کسی وقت کسی طرح اپنے قول یا فعل یا کسی حرکت سے ایذا پہنچائیں ان کے لیئے دردناک عذاب ہے۔

## فائدے

اس آیتہ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر شخص کے کھلے چھپے حال سے خبردار ہیں۔ ان پر کوئی چیز چھپی نہیں یہ فائدہ یُؤْفَکُوْنَ (آیۃ) سے حاصل ہوا۔ دیکھو منافقین اپنی خاص مجلسوں میں جو گستاخیاں چھپ کر آہستگی سے کرتے تھے حضور انور کو ان سے تکلیف پہنچ جاتی تھی۔ اور تکلیف بغیر خبر نہیں پہنچ سکتی۔ **دوسرا فائدہ**:۔ حضور انور ہر چیز کی خبر رکھتے ہیں۔ خبر لیتے بھی ہیں۔ اور حسبِ ضرورت خبر دیتے بھی ہیں۔ یہ فائدہ اس جگہ اَلنَّبِیَّ فرمانے سے حاصل ہوا کہ یہاں اَلرَّسُوْل وغیرہ نہ فرمایا گیا۔ **تیسرا فائدہ**:۔ اس خبر کے باوجود حضور انور پردہ پوش اور شان ستاری کے مظہر اتم بھی ہیں۔ جس سے بدباطن لوگ دھوکا کھا جاتے ہیں۔ یہ فائدہ ھُوَ اُذُنٌ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔ **چوتھا فائدہ**:۔ حضور انور کو بے علم اور بے خبر جاننا منافقوں کا طریقہ ہے یہ فائدہ یَقُوْلُوْنَ الخ سے حاصل ہوا یعنی منافقین کہتے ہیں۔ کہ وہ تو کچے کانوں کے ہیں۔ ہر ایک کی ہر بات پر معذرت قبول کر لیتے ہیں۔ انہیں حقیقتِ حال کی خبر نہیں ہوتی مومن کا عقیدہ یہ ہے۔ شعر:

خدا مطلع ساخت ہر جملہ غیب ۔۔۔ علی کُلِّ شَیْءٍ خبیر آمدی

رب فرماتا ہے۔ وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ **پانچواں فائدہ**:۔ حضور انور کا ہر بات کا تحقیق نہ فرما معذرت قبول فرما لینا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔ کہ اس سے بہت سے گنہگاروں کے پردے رہ جاتے ہیں۔ یہ فائدہ یُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔ **چھٹا فائدہ**:۔ حضورِ اکرم کا کرم کریمانہ یہ ہے کہ آپ سن سب کی لیتے ہیں۔ مگر مانتے ہیں صرف مخلصین مومنین کی کہ آپ دل کی گہرائیوں پر نظر رکھتے ہیں۔ یہ فائدہ!

marfat.com

یُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔ **ساتواں فائدہ** حضورِ انور کی رحمتِ عامّہ سارے جہانوں کے لیئے ہے مگر رحمتِ خاصّہ صرف مسلمانوں کے لیئے۔ حضور کے صدقے رزق سب کو ملتا ہے مگر ایمان تقویٰ وغیرہ صرف مومنوں کو یہ فائدہ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ**۔ تمام جرموں میں بدترین جرم سارے کفروں سے سخت تر کفر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء دینا ہے یہ حکم تا قیامت ہے یہ فائدہ وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ الخ سے حاصل ہوا۔ **نواں فائدہ**۔ کوئی شخص کسی درجہ کا ہو اپنے کسی کام کسی کلام کسی حال کسی حرکت سے حضورِ انور کو تکلیف پہنچائے وہ کافرِ مطلق ہے یہ فائدہ اَلَّذِیْنَ کے عموم اور یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ کے اطلاق سے حاصل ہوا۔ شعر

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید اینجا

**دسواں فائدہ**۔ مومنوں کی طرح کفار کے بھی بہت درجے اُن کے بہت طبقے ہیں۔ حضورِ انور کو دکھ پہنچانے والا تمام کافروں میں بدتر ہے اس کا عذاب بھی سخت تر یہ فائدہ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ میں لَھُمْ کو مقدّم فرمانے سے حاصل ہوا۔ اِس سے معلوم ہوا کہ ابو طالب اور ابولہب میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ گیارہواں فائدہ اس کے برعکس مومنوں میں سب سے اعلیٰ درجہ کا مومن وہ ہے جو حضور کو راضی کرے کہ اُن کی رضا میں رب تعالیٰ کی رضا ہے دنیا میں کوئی شخص حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا آپ افضل الخلق بعد انبیاء ہیں۔ کیوں اس لیئے کہ انہوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا ملحوظ وجہِ الکمال حاصل کر لی۔ شعر ؎

تجھی کو دیکھنا تیری ہی سننا تجھ میں گم ہونا حقیقت معرفت اہلِ طریقت اس کو کہتے ہیں

**پہلا اعتراض** سارے منافقین ہی حضور کو ایذاء دیتے تھے پھر مِنْھُمُ الَّذِیْنَ کیوں ارشاد ہوا۔ **جواب** یہاں ایذاء سے مراد خاص ایذاء ہے یعنی جاسوسی کرنا اور اپنی مجلسوں میں حضور کو بہتان لگانا۔ واقعی یہ عیب بعض منافقین میں ہی تھا۔ وہ بھی کبھی کبھی **دوسرا اعتراض** منافقین کا یہ کہنا کہ ھُوَ اُذُنٌ وہ نرے کان ہیں اس میں تو کوئی گستاخی نہیں بلکہ تعریف ہے کہ وہ ایک کی سُن لیتے ہیں مان لیتے ہیں تحقیق نہیں کرتے۔ اس میں تو کرم کا ظہور ہے پھر اس سے حضورِ انور کو تکلیف کیوں ہوتی تھی **جواب** یہ کلام دو معنیٰ والا ہے ایک جو تم نے کہے۔ یہ تعریف ہے دوسرے وہ جو وہ مراد لیتے تھے۔ اس میں توہین تھی یعنی انہیں بات کی تحقیق کرنا آتا ہی نہیں۔ جو کوئی اُن سے کچھ کہہ دے وہ مان لیتے ہیں۔ جس کا اردو ترجمہ ہے کچے کانوں کے یہ عیب ہے اس کا ذکر بہتان ہے لہٰذا کفر ہے۔ جیسے لفظِ راعنا کے دو معنیٰ تھے۔ ایک اچھے دوسرے برے۔ یہود برے معنیٰ سے یہ لفظ بولتے تھے۔ اسے کفر قرار دیا گیا۔ ہر دو معنیٰ

marfat.com

والے لفظ کا یہی حکم ہے رب تعالیٰ نے بھی جواب میں حضور انور کو اذن فرمایا مگر خَیْرٌ لَّکُمْ ساتھ میں لگا کر اس کے نہایت اعلیٰ معنی پیدا کر دیئے **تیسرا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ میں دو جگہ یُؤْمِنُ ارشاد ہوا مگر ایک کے بعد رب فرمائی گئی یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ دوسرے کے ساتھ لَا یُؤْمِنُوْنَ اس فرق بیان کی کیا وجہ ہے۔ **جواب** یہ فرق ابھی تفسیر سے معلوم ہو گیا۔ کہ پہلے ایمان سے مراد ہے تصدیق قلبی کفر کا مقابل اس کے ساتھ بِ ہی آتی ہے آمَنُوْا بِاللّٰہِ یا اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ دوسرے ایمان سے مراد ہے اعتبار و اعتماد اس کے بعد لام ہی آتا ہے جس کی بہت آیات ابھی تفسیر میں پیش کی گئیں۔ یعنی ہمارے محبوب سب کی سن لیتے ہیں پردہ پوشی بھی فرماتے ہیں مگر اعتماد و اعتبار صرف مومنین کی بات پر کرتے ہیں **چوتھا اعتراض** یہاں ارشاد ہوا کہ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے جو ایمان لا چکے ان کے لیے رحمتِ خاص ہیں منافقین تو سارے ہی کافر تھے۔ ان میں کوئی مومن تھا ہی نہیں پھر یہ فرمان کیوں کر درست ہوا۔ اور جو مومن ہو گئے وہ منافق نہ رہے پھر مِنْکُمْ فرمانا کیسے صحیح ہوا۔ **جواب**۔ اس کے تین مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ اے منافقو! تم میں سے آئندہ مومن ہو جاویں ان کے لیے رحمتِ خاص ہیں اس میں آئندہ کا ذکر ہے یا تمہارے خاندان میں سے جو ایمان لا چکے ان کے لیے رحمت ہیں یا تم میں سے جو اللہ کے علم اس کے ارادے میں ایمان لا چکے ہیں روزِ ازل سے مومنین کی فہرست میں آ چکے ہیں ان کے لیے سراپا رحمت ہیں **پانچواں اعتراض**۔ اس آیتِ کریمہ کی تفسیر سے معلوم ہوا کہ تا قیامت جو بھی حضور انور کو ایذا دے وہ کافر ہے اس کے لیے دردناک عذاب ہے مسلمان کے ہر گناہ سے حضور کو ایذا پہنچتی ہے رب فرماتا ہے عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ تو چاہیئے کہ ہر گناہ کفر ہو اور ہر گنہگار کافر۔ کیونکہ اس نے حضورِ انور کو اپنے بدعمل سے ایذا پہنچائی۔ **جواب**۔ تمہاری پیش کردہ آیات میں ہے عَزِیْزٌ عَلَیْہِ ان پر گراں ہے۔ مگر یہاں ہے یُؤْذُوْنَ جو حضور کو ایذاء دیں۔ گرانی اور ایذاء میں بڑا فرق ہے۔ ہمارا بیٹا بیمار ہو جائے تو اس کی بیماری ماں باپ پر بہت گراں ہوتی ہے وہ بے چین و بے قرار ہو جاتے ہیں۔ حضور کو قبر انور میں اس پر چین نہیں آتا یہ ہے عَزِیْزٌ عَلَیْہِ جو بے حیا ان کی توہین کرے ان کا مقابلہ کرے ان کا دین مٹانا چاہے اس سے حضور کو ایذا پہنچتی ہے یہ کفر ہے **چھٹا اعتراض**۔ اس آیتِ کریمہ میں یُؤْذُوْنَ کے بعد اَلِیْمٌ فرمایا گیا اور دوسری جگہ یُؤْذُوْنَ کے بعد رَسُوْلَ اللّٰہِ ارشاد ہوا اس فرق بیان کی کیا وجہ ہے۔ **جواب** منافقین اپنی خاص مجلسوں میں یہ سمجھ کر حضور کی شانِ اقدس میں بکواس کرتے تھے کہ آپ کو کیا خبر کہ ہم کیا کر رہے ہیں اور کیا کہہ رہے ہیں ان کے اس خیال کی تردید کے لیے فرمایا کہ بے وقوفو! وہ نبی ہیں نبی کے معنی ہی ہیں نَبَأ والا۔ یعنی خبر والا وہ تمہاری حرکتوں سے بے خبر کیسے رہ سکتے ہیں۔ شعر

سرِ عرش پر ہے تیری گذر دلِ فرش پر ہے تیری نظر
اسے فرد غنت صبح آثار دو ہور
چشم تو بینندۂ ما فی الصدور ہا

marfat.com

دوسرے فرمانِ عالی کا مقصد یہ ہے کہ وہ رسول اللہ یعنی اللہ سے لینے والے تمہیں دینے والے ان کی مہربانیوں کا شکریہ یہ تھا کہ تم اُن کے قدم دھو دھو کر پیتے۔ تم اُلٹا انہیں ستاتے ہو۔ غرضیکہ منافقین کے ایک خیال کی تردید کے لیے حضور کو نبی فرمایا گیا وہ سمجھے تھے کہ حضور بے خبر ہیں۔ دوسرے خیال کی تردید کے لیے حضور کو رسول اللہ فرمایا۔ وُہ سمجھے تھے کہ حضور کچھ نہیں دیتے **ساتواں اعتراض**۔ اس آیۃ میں ارشاد ہوا کہ جو لوگ رسول اللہ کو ایذا دیں ان کے لیے سخت عذاب ہے تو امیر معاویہ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حضرت علی سے جنگ کی جس میں ہزار ہا مسلمان مارے گئے۔ یقیناً اس سے حضور انور کو ایذا پہنچی کیا یہ لوگ عذاب کے مستحق ہوئے (روافض) **جواب**۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ یہی اعتراض دوسری جانب یعنی حضرت علی پر بھی ہو سکتا ہے۔ کیونکہ دو طرفہ مسلمان مارے گئے تھے۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ ان حضرات میں سے کسی کا ارادہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت نہ تھی۔ ہر فریق دوسرے کو غلطی پر سمجھ رہا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ فریق آخر سے جنگ اسلامی قانون کے مطابق اور حضور انور کی رضا کا ذریعہ غرضیکہ ایذاء دینے میں نیت کا دخل ہے حضور کی مخالفت آپ کو دُکھ دینے کے لیے جو کام یا کلام ہو وہ ایذاء ہے **آٹھواں اعتراض** حضرت علی و حضرت امام حسن و فاطمۃ زہرا کے لیے حضور انور نے فرمایا۔ اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَهُمْ جو اُن سے جنگ کرے میں اُس کے مقابل جنگ کرنے والا ہوں۔ اُن سے جنگ حضور سے جنگ ہے اُن سے صلح حضور سے صلح حضرتِ عائشہ صدیقہ امیر معاویہ اور ان کے سارے ساتھیوں نے حضرت علی سے جنگ کی تو گویا انہوں نے حضور سے جنگ کی حضور سے جنگ کفر ہے۔ (روافض) **جواب**۔ یہ جنگیں حرب تھی ہی نہیں۔ بلکہ اختلافی تھیں۔ حرب عداوت کی جنگ کو کہا جاتا ہے۔ اختلاف۔ مخالفت۔ عداوت ان تینوں میں بڑا فرق ہے۔ دیکھو حضرتِ سارہ نے جنابِ ہاجرہ اور ان کے فرزند کو بے آب و دانہ جنگل میں ڈلوا دیا مگر اُسے عداوت نہ قرار دیا گیا۔ اولادِ یعقوب نے حضرت یوسف علیہ السلام پر بہت زیادتیاں کیں حضرت یعقوب علیہ السلام کو بہت تکلیف ہوئی مگر اُسے بنی کو ستانا قرار نہ دیا گیا۔ ورنہ کفر ہوتا اور وہ حضرات مرتد ہوتے وہاں بھی اختلاف یا حد درجہ مخالفت تھی۔ عداوت یا حرب نہ تھی۔ اِس قسم کے اعتراضات کے جوابات ہماری کتاب امیر معاویہ میں مطالعہ فرماؤ۔ **نواں اعتراض**۔ یہاں نبی کو ایذاء دینے والے سے متعلق ارشاد ہوا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ صرف اُن کو ہی تکلیف دہ دردناک عذاب ہے تو کیا دوسرے کفار کو عذاب آرام دہ ہوگا۔ **جواب**۔ عذاب تو تکلیف دہ ہی ہوتا ہے آرام دہ چیز تو عذاب ہی نہیں۔ یہاں سخت اور بدترین عذاب مراد ہے دوسرے قسم کے کفار کو عذاب تکلیف دہ ہی ہوگا۔ مگر نبی کو ستانے والے کے مقابلہ میں ہلکا حتیٰ کہ جن کافروں نے حضور کی خدمات کیں انہیں عذاب بہت ہی ہلکا ہوگا۔ عَذَابٌ اور اَلِيْمٌ دونوں کی تنوین خیال میں رہے۔

marfat.com

## تفسیر صوفیانہ

بلاء اور ایذاء ذریعۂ جلاء وصفا ہے۔ لوہا صیقل کے ذریعہ صاف ہوتا ہے، دل مومن دنیوی آفات دنیا داروں کی ایذاء کے ذریعہ صفائی میں ترقی کرتا ہے۔ اس لیے: از آدم علیہ السلام تا حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام نبیوں کو ستایا گیا انہیں ایذا دی گئی سب سے زیادہ ایذاء حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دی گئی۔ ان کی اتباع میں حضراتِ اولیاء وعلماء کو بھی ستایا جاتا رہا اور ستایا جاتا ہے جتنا درجہ زیادہ اتنی ہی ایذاء سخت (روح البیان) صوفیا فرماتے ہیں کہ نبی کی مخالفت اور ان کی ایذا رسانی کی صرف دو وجہیں ہیں ایک تو اُن کو بے خبر جاننا دوسرے انہیں مجبور اور بے فیض جاننا۔ جس بدنصیب کا یہ عقیدہ ہو کہ حضور ہماری حرکات سے بے خبر ہیں! تو پھر وہ جو چاہے سو کرے۔ یوں ہی اگر یہ خیال ہو جاوے کہ نہ حضور کچھ دے سکتے ہیں نہ ہمارا کچھ بگاڑ سکتے ہیں اب وہ جو چاہے کرے یا کہے مذکور منافقین کو یہ دو ہی بیماریاں تھیں جن کی بنا پر انہوں نے یہ حرکات کیں انہیں کی تردید میں یہاں حضور کو ایک جگہ نبی فرمایا گیا اور دوسری جگہ رسول اللہ۔ اگر عقیدہ یہ ہو کہ ہماری ہر حرکت وقول وفعل پر حضور کو اطلاع ہے اور وہ مطیعوں کو بھی دے سکتے ہیں ان کی بے ادبی پر عذاب آسکتا ہے پھر ایسی کسی حرکت کی ہمت ہی نہ ہو۔ حضور انور رحمت تو سارے جہان کے لیئے۔ سب کو رحمت دیتے ہیں مگر رحمت لینے والے صرف مومنین ہیں کفار نہیں رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ میں رحمت دینے کا ذکر ہے اور رَحْمَةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا میں رحمت لینے کا تذکرہ ہے۔ بجلی کا پاور سب کے لیئے رحمت ہی ہے کہ اس سے روشنی۔ گرمی۔ سردی۔ مشین کی حرکت ہوا وغیرہ سب کچھ ہے مگر جو اس پر ہاتھ ڈال دے وہ ہلاک ہو جاتا ہے ربڑ پر سے اسے چھوؤ۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ حضور کو ایذاء دینے کیلئے نماز بھی کفر ہے کوئی ممنوعہ اوقات میں اس نیت سے نماز پڑھے کہ حضورِ انور نے اس سے منع کیا ہے لہٰذا میں ضرور پڑھوں گا کافر ہے حضور کی رضا حاصل کرنے کے لیئے کفریات منہ سے نکال دینا ایمان ہے جیسا کہ جندء ابن حمزہ کا واقعہ ہوا کہ ان کے کفریات منہ سے نکال دینے کے متعلق یہ آیت آئی اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِیْمَانِ۔ دیکھو وہاں کفر بھی ایمان بن گیا اور منافقوں کا مسجدِ ضرار بنانا کفر ہوا اسے مسجدِ ضرار کہا گیا کیونکہ اس مسجد کی تعمیر حضورِ انور کو ستانے کے لئے کی گئی تھی۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | لَكُمْ | لِيُرْضُوْكُمْ | وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ |
| قسم کھاتے ہیں | وہ اللہ کی | واسطے تمہارے | تاکہ راضی کریں | وہ تمکو اور اللہ اور پیغمبر اس کے زیادہ |
| تمہارے سامنے اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ تمہیں راضی کریں اور اللہ اور رسول کا حق زیادہ تھا کہ اسے | | | | |

marfat.com

ثلثہ

| |
|---|
| اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا |
| حق دار ہیں اس کے کہ راضی کرتے وہ اسے اگر ہیں وہ ایمان والے کیا نہیں جانا انہوں نے کہ |
| کرتے۔ اگر ایمان رکھتے تھے یا انہیں خبر نہیں کہ جو خلاف کرے اللہ اور رسول کا تو اس کے |
| اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ |
| تحقیق حال یہ ہے کہ جو کوئی مخالفت کرے اللہ اور رسول کی اسکے لیے تحقیق ہے واسطے اسکے آگ دوزخ |
| لیئے جہنم کی آگ ہے ہمیشہ اس میں رہے گا |
| خَالِدًا فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۝۶۳ |
| کی ہمیشہ رہنے والا اس میں یہ ہے رسوائی بہت بڑی |
| یہ ہی بڑی رسوائی ہے |

**تعلق** :۔ اِن آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق** :۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ : منافقین اپنی مجلسوں میں حضور انور کی گستاخیاں کرتے تھے اب ارشاد ہے کہ مسلمانوں کی مجلسوں میں آکر جھوٹی قسمیں کھا کر ان حرکتوں کا انکار کرتے ہیں گویا خلوت کے حالات کے بعد ان کے جلوت کے حالات کا ذکر ہو رہا ہے۔ **دوسرا تعلق** :۔ پچھلی آیات میں منافقین کی یہ بدعقیدگی بیان ہوئی کہ وہ حضور انور کو بے خبر اور آپ کو بے فیض سمجھتے ہیں اب اس بدعقیدگی پر مرتب ان کی بدعملی کا ذکر ہے کہ وہ اس عقیدے کی بنا پر سامنے آکر دھوکہ دینے کے لیئے جھوٹی قسمیں کھا جاتے ہیں **تیسرا تعلق** :۔ پچھلی آیات سے معلوم ہوا تھا کہ منافقین کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف نہیں ہے اب ارشاد ہو رہا ہے کہ ہاں ان کے دلوں میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کا خوف ہے کہ اپنی بری حرکتوں کو ان ہستیوں سے چھپانے کی کوشش کرتے ہیں

marfat.com

**شانِ نزول** ایک دفعہ کچھ منافقین آپس میں اکٹھے ہو کر بیٹھے اُن میں جلاس ابن سوید اور ورلیعہ ابن ثابت بھی تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بہت بکواس کی حتی کہ اُن میں سے ایک بولا کہ اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سچے ہیں تو ہم گدھے سے بدتر ہیں۔ اتفاقاً وہاں ایک انصاری بچہ بھی موجود تھا۔ عامر ابن قیس جس کی انہوں نے کوئی پرواہ نہیں کی۔ وہ بولا کہ خدا کی قسم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سچے ہیں اور تم واقعی گدھے سے بدتر ہو۔ پھر وہ بچہ حضورِ انور کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور یہ سارا ماجرہ حضور سے عرض کیا۔ ان سب کو حضور انور نے اپنی مجلس عالیہ میں بلایا اور اس کے متعلق دریافت کیا وہ سب قسم کھا گئے کہ عامر جھوٹے ہیں ہم نے کچھ بھی نہیں کہا ہے۔ حضرت عامر نے دعا کی کہ مولےٰ سچے کو سچا کر دے اور جھوٹے کو جھوٹا۔ تب یہ آیۃ کریمہ نازل ہوئی جس میں عامر کی تصدیق کی گئی اُن سب کو جھٹلایا گیا۔ (تفسیر خازن)

ع۲ مقاتل اور کلبی کہتے ہیں کہ غزوۂ تبوک سے اکثر منافقین رہ گئے تھے جب حضور انور واپس ہوئے تو انہوں نے حاضرِ بارگاہ ہو کر جھوٹی قسمیں کھالیں کہ واقعی سخت مجبور معذور تھے ورنہ ہم ضرور غزوہ میں شریک ہوتے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ (خازن)

**تفسیر** یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ لَکُمْ۔ یَحْلِفُوْنَ بنا ہے حَلْفٌ سے حلف یمین اور قسم سب قریباً ہم معنیٰ ہیں مگر عموماً حلف اس قسم کو کہا جاتا ہے جو کسی کو مطمئن کرنے کے لیئے کھائی جاوے یمین وہ قسم ہے جو بات کو پختہ کرنے کے لیئے کھائی جاوے۔ قسم دونوں کو عام ہے کبھی قسم اس چیز کی عظمت ظاہر کرنے کے لیئے کھائی جاتی ہے۔ جس کی قسم ارشاد ہو جیسے وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ وغیرہ یَحْلِفُوْنَ کا فاعل وہی منافقین ہیں جن کا ذکر اوپر سے ہو رہا ہے اِسے مضارع فرما کر یہ بتایا گیا کہ منافقین ایسی قسمیں کھانے کے عادی ہیں۔ کھاتے ہی رہتے ہیں یہاں لفظ بِاللّٰہِ اور لَکُمْ دونوں ہی یَحْلِفُوْنَ کے متعلق ہے بِاللّٰہِ لَکُمْ ہے یعنی منافقین اللہ کی قسمیں کھاتے رہتے ہیں تمہارے سامنے یا تمہارے لیئے تم کو راضی کرنے کے لیئے۔ چونکہ اسلام میں صرف خدا تعالیٰ کی ہی قسم کھائی جاتی ہے یا اُس کے صفات کی اس لیئے وہ لوگ مسلمانوں کے سامنے اللہ تعالیٰ کی ہی قسم کھاتے تھے یُرْضُوْکُمْ یہ بھی متعلق ہے یَحْلِفُوْنَ کے اس میں لَامْ بمعنیٰ کے ہے یُرْضُوْا بنا ہے اِرْضَاءٌ سے بمعنیٰ راضی کرنا یا ناراضگی دور کرنا اور ہو سکتا ہے کہ بمعنیٰ خوش کرنا ہو۔ یعنی اس لیئے قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تمہاری ناراضگی دور کریں یا تاکہ تم کو دور کریں۔ وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ یہ جملہ گذشتہ سے حال ہے لہٰذا واؤ حالیہ ہے۔ اَحَقُّ اسم تفضیل ہے حَقٌّ کا بمعنیٰ زیادہ حق دار ہے یُرْضُوْہُ میں ضمیر یا تو اللہ تعالیٰ کی طرف ہے یا رسولہٗ کی طرف اور ہو سکتا ہے کہ بمعنیٰ اسم اشارہ ہو اور دونوں کی طرف اشارہ ہو بمعنی مذکور (تفسیر روح البیان۔ روح المعانی۔ کبیر وغیرہ) قوی یہ ہے کہ رسول

boartat.com

کی ضمیر ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا خدا تعالیٰ کی رضا ہے جیسے حضور کی اطاعت رب کی اطاعت ہے وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ یا جیسے حضور کا فیصلہ رب کا فیصلہ ہے حضور کے دربار میں حاضری رب تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری ہے رب فرماتا ہے اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ دیکھو منافقین کو حضور کے دربار میں بلایا جاتا تھا تاکہ حضور ان میں فیصلہ کریں مگر اسے اللہ رسول کی طرف بلایا جانا کہا گیا۔ نیز رَسُوْلُهٗ قریب ہے ضمیر قریب کی طرف لوٹائی جاتی ہے یعنی اللہ رسول زیادہ حق دار تھے کہ اُسے راضی کرتے وہ تو جھوٹی قسموں سے راضی نہیں ہوتے۔ وہ تو ایمان و اطاعت سے راضی ہوتے ہیں انہیں چاہیئے تھا کہ مخلص مومن مطیع بنتے۔ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ۔ یہ شرط ہے جس کی جزا پوشیدہ ہے اس پوشیدہ جزا پر گذشتہ جملہ دلالت کر رہا۔ یعنی اگر مخلص مومن ہیں تو اللہ رسول کو ایمان و اطاعت سے راضی کریں حیلے بہانوں کے لیئے جھوٹی قسمیں نہ کھایا کریں۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔ یہ جملہ نیا ہے اس میں سوال یا تو تعجب دلانے کے لیئے یا اظہارِ غضب کے لیئے عِلم بمعنیٰ یقین یا بمعنیٰ ایمان ہے۔ مَنْ سے ہر زمانے کے ہر جگہ کے سارے جن و انس مراد ہیں خواہ کسی درجے کسی مقام کے ہوں يُحَادِدُ بنا ہے حَدٌّ سے بمعنیٰ کنارہ اب اصطلاح میں بمعنیٰ مخالفت و دشمنی بولا جاتا ہے کیونکہ اپنے مقابل کے دوسرے کنارہ پر ہوتا ہے۔ یعنی تعجب کرو کہ ان منافقوں نے اس پر یقین نہ کیا کہ جو کوئی کسی وقت کسی جگہ کسی طرح اللہ رسول کی مخالفت کرے۔ خیال رہے کہ يُحَادِدِ مطلق ہے جس میں ہر قسم کی مخالفت داخل ہے عقائد میں مخالفت ہو یا اعمال میں یا احوال میں یوں ہی خواہ ظاہر و باطن مخالفت ہو یا بظاہر موافقت ہو۔ درحقیقت مخالفت جیسے منافقین کا نمازیں پڑھنا وغیرہ۔ ان سب کا نتیجہ یہ ہے۔ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ اس جملہ کی ترکیب کو علماء مشکل جانتے ہیں کیونکہ اس میں فِ جزائیہ ہے یہ جملہ مَنْ يُّحَادِدِ کی جزا ہے اور جزا ہمیشہ مبہم ہوتی ہے۔ لیکن اَنَّ فتح کے ساتھ اپنے مابعد سے مل کر مفرد کے حکم میں ہوتا ہے تو فِ جزائیہ اور اَنَّ فتحہ والا دونوں ضدین ہیں یہ دونوں یہاں جمع کیوں ہو گئیں اس کی آسان ترکیب یہ ہے کہ فِ کے بعد حق پوشیدہ ہے۔ جو خبرِ مقدم ہے اور اَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ سے مبتدا مؤخر یعنی اُس کے لیئے دوزخ کی آگ کا ہونا بالکل حق و درست ہے۔ چونکہ اَنَّ فتحہ والا ابتداءِ کلام میں نہیں آتا اس لیئے حق اس سے پہلے پوشیدہ ماننا پڑے گا۔ نہ کہ جہنم کے بعد (تفسیر روح المعانی۔ بیان۔ خازن۔ کبیر وغیرہ) خَالِدًا فِيْهَا یہ لَهٗ کے متعلق کی ضمیر سے حال ہے فِيْهَا کی ضمیر نار کی طرف ہے خلود بمعنیٰ ہمیشہ رہنا ہے یعنی وہ اُس آگ میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔ خیال رہے کہ یہاں لَهٗ کو مقدم فرمانے سے حصر کا فائدہ ہوا۔ یعنی صرف وہ ہی دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔ اس کے سوا اور کوئی نہیں۔ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ۔ ذٰلِكَ سے اشارہ خلود

marfat.com

کی طرف ہے یعنی دوزخ میں ہمیشگی بڑی ہی رسوائی ہے۔ ایسی بڑی جو کسی کے ذہن و وہم و گمان میں نہیں آ سکتی۔

**خلاصۂ تفسیر** اے مسلمانو! یہ منافقین اپنی مجلسوں میں تمہارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق بہت بکواس کرتے ہیں مگر جب ان سے اس کے متعلق تحقیق کی جاوے تو صاف طور پر تم کو راضی کرنے کے لیے جھوٹی قسم کھا لیتے ہیں کہ ہم نے کچھ نہیں کہا آپ کو خبر دینے والا! جھوٹا ہے۔ بچہ ہے ان کو چاہیئے تھا کہ اللہ رسول کو راضی کرتے وہ جھوٹی قسموں سے راضی نہیں ہوتے وہ تو اخلاص اور اطاعت سے راضی ہوتے ہیں اللہ رسول ہی راضی کرنے کے حق دار ہیں اگر یہ مومن ہیں تو اس پر عمل کریں تعجب کی بات ہے کہ انہیں اب تک یہ بھی معلوم نہ ہوا کہ جو کوئی اللہ رسول کی کسی وقت کسی جگہ کسی طرح مخالفت کرے تو اس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔ دوزخ کا داخلہ وہاں ہمیشہ رہنا بہت ہی بڑی ذلت خواری و رسوائی ہے:۔

**فائدے** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ:۔ کفر کر کے اس کا انکار کرنا جھوٹی قسمیں کھانا ایمان نہیں ہے بلکہ اس سے توبہ کرنا ایمان قبول کرنا ایمان ہے ہر جرم کی علیحدہ توبہ ہے۔ کفر سے توبہ ایمان لانا اور کفر پر پشیمان ہونا ہے یہ فائدہ یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ الخ سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ اکثر جھوٹے منافق جھوٹی قسمیں کھا کر اپنا ایمان ثابت کرتے ہیں مخلصین کو اس کی ضرورت نہیں پڑتی۔ ان کا ایمان خود ہی خوشبو دے دیتا ہے۔ اصلی عطر والے کو عطر کی عمدگی پر قسمیں نہیں کھانی پڑتیں۔ عطر اپنی عمدگی خود ہی بتا دیتا ہے۔ یہ فائدہ بھی یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ الخ سے حاصل ہوا۔ تیسرا فائدہ منافق لوگ ہمیشہ مسلمانوں کو راضی رکھنے کی فکر میں رہتے ہیں کہ کہیں ہمارا نفاق ان پر ظاہر نہ ہو جاوے۔ مومنین ہمیشہ اللہ رسول کو راضی کرنے راضی رکھنے کی فکر میں رہتے ہیں یہ فائدہ لِیُرْضُوْکُمْ سے حاصل ہوا۔ چوتھا فائدہ۔ اللہ رسول کے مقابلہ میں لوگوں کو راضی کرنا کفر یا حرام ہے ان کی مرضی کے مطابق مسلمانوں خصوصاً حضراتِ صحابہ کو راضی کرنا عبادت ہے یہ فائدہ بھی لِیُرْضُوْہُ الخ سے حاصل ہوا پانچواں فائدہ ایمان۔ عبادت۔ معاملات میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ حضور انور کو راضی و خوش کرنے کی نیت کرنا شرک یا کفر نہیں۔ بلکہ ایمان کا کمال ہے یہ فائدہ وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ سے حاصل ہوا۔ جو کوئی اس لیے مسلمان ہوا اس لیے نماز و روزہ حج و زکوٰۃ ادا کرے کہ اللہ بھی راضی ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہ مومن کامل ہے رب تعالیٰ اس کی توفیق دے۔ چھٹا فائدہ۔ اللہ کے نام سے ملا کر حضور کا نام لینا بالکل جائز ہے بلکہ ان دونوں کے لیے ایک ضمیر بولنا جائز و درست ہے۔ بلکہ ان دونوں ذاتوں کے لیے ایک صیغہ

marfat.com

استعمال کرنا درست ہے یہاں ایک لفظ اَحَقُّ اللہ تعالیٰ اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے لیئے ارشاد ہوا جیسا کہ اس کی تفسیر سے ظاہر۔ یہ فائدہ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ میں اَحَقُّ اور ہٗ کی ضمیر سے حاصل ہوا۔ لہٰذا یہ کہنا جائز ہے کہ اللہ رسول بھلا کرے اللہ رسول آفات سے بچائیں۔ اللہ رسول رحمتیں عطا کریں **ساتواں فائدہ** حضور کے نام پر اللہ کی عبادت کرنا نہ شرک ہے نہ حرام بلکہ ثواب ہے جیسے حضور کے نام کی قربانی کرنا حضور انور کے نام پر یا حضور کی والدہ طیبہ طاہرہ والد ماجد رضی اللہ عنہما کے نام پر حج بدل بالکل درست اور ثواب ہے کہ اس سے حضور انور راضی ہوں گے۔ یہ فائدہ بھی اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ سے حاصل ہوا حضور انور نے اپنی امت کے نام کی قربانی فرمائی تھی۔ آٹھواں فائدہ۔ حضور کو راضی کر لو خدا تعالیٰ خود ہی راضی ہو جاوے گا حضور کی رضا کے بغیر حق تعالیٰ کی رضا ممکن ہے یہ فائدہ اَنْ یُّرْضُوْہُ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ کہ ہٗ کی ضمیر حضور انور کی طرف ہے جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا۔ نواں فائدہ اپنے اعمال سے حضور کو راضی کرنا علامتِ ایمان ہے۔ یہ فائدہ! اِنْ کَانُوْا مُؤْمِنِیْنَ سے حاصل ہوا۔ دسواں فائدہ اللہ رسول کے احکام کو ناحق جان کر اس کے خلاف کرنا کفر ہے اور اُن کے احکام کو حق جان کر اپنے کو گنہگار مان کر غلطی کر لینا کفر نہیں بلکہ گناہ ہے یہ فائدہ مَنْ یُّحَادِدِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ سے حاصل ہوا۔ گیارہواں فائدہ دوزخ میں ہمیشگی صرف کفار کے لیئے رہے مومن اگرچہ کیسا ہی گنہگار ہو مگر وہ دوزخ میں ہمیشہ نہ رہے گا۔ بلکہ گناہوں کے میل سے صاف ہونے کے لیئے عارضی طور پر کچھ دِن کے لیئے وہاں رکھا جائے گا۔ یہ فائدہ لَھُمْ نَارَ جَھَنَّمَ میں لَھُمْ کو مقدم فرمانے سے حاصل ہوا۔ کافر دوزخ کا کوئلہ سے مومن گندا اور میلا لوہا۔ بارہواں فائدہ قیامت میں رسوائی ہوئی دوزخ میں علانیہ پھینکا جانا صرف کفار کے لیئے ہے انشاء اللہ گنہگار مومن کا حساب بھی خفیہ ہوگا اور اگر اُسے دوزخ میں ڈالا گیا تو وہ بھی خفیہ یہ فائدہ اَلْخِزْیَ الْعَظِیْمُ سے حاصل ہوا کہ اس رسوائی کو رب نے صرف حضور کے دشمنوں کا عذاب قرار دیا۔

**پہلا اعتراض** صحابہ کرام کو راضی کرنے کی کوشش کرنا منافقوں کا طریقہ ہے۔ دیکھو رب نے منافقوں کا نفاق یوں بیان فرمایا یُرْضُوْکُمْ (روافض) **جواب** حضرات صحابہ کو جھوٹی قسمیں کھا کر دھوکا دینا منافقوں کا طریقہ ہے یہاں فرمایا گیا یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ (الخ) اخلاص و محبت سے انہیں راضی کرنا حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی رضا کا ذریعہ ہے اور حضور کی رضا رب تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ

دوسرا اعتراض۔ اللہ رسول کے لیئے ضمیر واحد کیوں لائی گئی یُرْضُوْہُ چاہیئے تھا۔ یُرْضُوْھُمَا **جواب** تاکہ معلوم ہو کہ حضور کی رضا اللہ کی رضا کا ذریعہ ہے یوں ہی اللہ کی رضا کی ضمن میں حضور کی رضا یہ دونوں رضا دراصل ایک ہی ہیں یہ فائدہ یُرْضُوْھُمَا سے حاصل نہیں ہوتا تیسرا اعتراض بعض

marfat.com

مفسرین نے فرمایا کہ ضمیر ھُمَا کا اللہ رسول دونوں کی طرف لوٹنا ممنوع ہے حدیث شریف میں اس کی ممانعت ہے۔ اس لیئے ھما ضمیر یہاں ارشاد نہ ہوئی۔ **جواب** یہ درست نہیں قرآن مجید میں ایک ضمیر اللہ تعالیٰ اور نبی کی طرف لوٹی ہے دیکھو حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے جو کلام کیا اس میں ایک جگہ فرمایا۔ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَھَا۔ میں نے چاہا کہ کشتی کو عیب دار کردوں دوسری جگہ ارشاد فرمایا۔ فَاَرَدْنَآ اَنْ یُّبْدِلَھُمَا رَبُّھُمَا میں نے اور میرے رب نے چاہا کہ ان کو اس سے بہتر اولاد ملے۔ تیسری جگہ فرمایا۔ فَاَرَادَ رَبُّکَ اَنْ یَّبْلُغَآ اَشُدَّھُمَا۔ دوسرے کلام میں فاردنا یہ ضمیر حضرت خضر اور رب دونوں کے لیئے ہے حدیث شریف میں اس کی ممانعت کہیں نہیں آئی حدیث بِئْسَ الْخَطِیْبُ اَنْتَ سے اس کا وہم کہا گیا ہے **چوتھا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ یعنی اللہ رسول زیادہ حقدار ہیں اس! لیئے کہ انہیں راضی کیا جاوے۔ احق سے معلوم ہوا کہ انکے سوا اور لوگ بھی اس کے حقدار ہیں۔ ہاں اللہ رسول زیادہ حقدار ہیں، **جواب** یہاں اَحَقُّ یا تو بمعنی حقیق ہے یا یوں کہو کہ دوسروں کو بھی راضی کرنا چاہیئے۔ ماں باپ استاد وغیرہم مگر وہ بھی اللہ رسول کی رضا کے لیئے کہ اُن کا یہ ہی حکم ہے اصل رضا اللہ رسول کی دوسروں کی رضا فرعی لہٰذا اَحَقُّ اسم تفضیل درست ہے

**پانچواں اعتراض**۔ اس آیتہ سے معلوم ہوا کہ صرف اللہ رسول کے مخالفین ہی دوزخ میں جائیں گے تو کیا مسلمان اگرچہ کیسا ہی گنہگار ہو دوزخ میں نہ جائے گا۔ اس سے تو مسلمانوں کو گناہ پر دلیری ہوگی۔ **جواب** دوزخ میں جانا اور ہے مگر دوزخ کا اس کے لیئے ہونا۔ وہاں رہنا کچھ اور دوزخ بنا ہے کفار کے لیئے اگر گنہگار مسلمان بھی ان کے سے کام کرے تو وہ بھی جہنم میں کچھ دن ضرور رہیں گے۔ **چھٹا اعتراض**۔ فَاَنَّ لَہٗ نَارَ جَھَنَّمَ اَنَّ الف کے فتحہ سے ہے مگر شروع کلام اِنَّ الف کے کسرہ سے آنا چاہیئے۔ **جواب**۔ ایک قراءۃ میں اِنَّ اِنَّ الف کے کسرہ سے ہے تب تو کوئی اعتراض ہی نہیں۔ ہماری قراءت میں اَنَّ الف کے فتحہ سے ہے۔ تب یہ عبارت حق پوشیدہ کا آخری مبتدا ہے۔ لہٰذا بالکل درست ہے۔ جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا۔

**تفسیر صوفیانہ** جو کوئی اللہ کے دروازہ سے نکالا جاوے وہ ہر طرف بھاگا بھاگا پھرتا ہے اُسے کسی جگہ اطمینان میسر نہیں ہوتا۔ دیکھو منافقین مدینہ اندرونِ خانہ کچھ ہوتے تھے بیرونِ خانہ کچھ اور مومن وہ جس کی خلوت جلوت دل زبان ایک ہو۔ منافق سب کو راضی کرتا ہے مومن رب کو خوش کرنے کی کوشش کرتا ہے کافر میں جرأت نہیں ہوتی وہ بات کرکے پھر جاتا ہے پھر جھوٹی قسمیں کھا کر اپنی بات سے مکر جاتا ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا اب صرف ایک طریقہ ہے اُس کے محبوب کو راضی کرلو۔ رب خود ہی راضی ہوجاوے گا۔ فرماتا ہے۔ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ جیسے اللہ کی اطاعت کا صرف ایک طریقہ ہے کہ اُس کے حبیب کی اطاعت کرلو۔ اُس کی اطاعت خود بخود ہوجائے گی۔ وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ جیسے کعبہ معظمہ کی طرف سجدہ کرلو رب تعالیٰ کو خود بخود سجدہ ہوجاوے گا۔ کعبہ معظمہ سجدے رب کا قبلہ ہے حضور انور اللہ کی

marfat.com

اطاعت اللہ کی رضا کا ذریعہ اس لیئے ارشاد ہوا۔ اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْہُ۔ دنیا ایک میدان ہے جس کا ایک کنارہ دوزخ ہے دوسرا کنارہ جنّت سے واصل جس کنارہ پر حضور ہیں وہ جنت والا ہے دوسرا دوزخ والا اس لیئے ارشاد ہوا۔ وَمَنْ یُّحَادِدِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔ اسی کنارہ پر خدا ملتا ہے دیکھو رب فرماتا ہے اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اور فرماتا ہے اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۔ معلوم ہوا کہ صراطِ مستقیم پر حضور ملتے ہیں وہاں ہی خدا ملتا ہے صوفیاء فرماتے ہیں کہ قوی یہ محل ہے کہ اَنْ یُّرْضُوْہُ کی ضمیر رَسُوْلَہٗ کی طرف لوٹتی ہے ضمیر اللہ کی طرف لوٹنا قوی نہیں کیونکہ مرجع قریب ہوتے بلا سخت ضرورت دُور مرجع کی طرف نہیں لوٹنی چاہیئے اور اگر دونوں کی طرف لوٹائی بمعنی مذکور تو ہٗ کو بمعنی ہُدا ماننا پڑے گا۔ کیونکہ ضمیر صرف ذات کی طرف لوٹتی ہے اسم اشارہ صفت کی طرف مذکوریت صفت ہے ذات کے سوا (تفسیر روح البیان ومعانی وغیرہ) لہٰذا یہی معیّن ہے کہ اس کا مرجع رَسُوْلَہٗ ہے نیز از روئے قرآن اطاعتِ رسول تو اطاعتِ خدا ہے رسول کے پاس آنا خدا کے پاس آنا ہے نبی کی اتباع خدا کی رضا ہے مگر اس کے برعکس کہیں خدا کی اطاعت خدا کی رضا کو حضور کی رضا خدا کے ہاں حاضری کو حضور کے ہاں حاضری نہیں قرار دیا گیا۔

یَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَیْهِمْ سُوْرَةٌ

خوف کرتے ہیں منافق لوگ یہ کہ اتاری جاوے اوپر ان کے کوئی سورۃ

منافق ڈرتے ہیں کہ ان پر کوئی سورت ایسی اترے جو اُن کے دلوں

تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ

جو خبر دے اُن کو اس کی جو دلوں میں ہے ان کے فرما دو ٹھٹھا کرلو تحقیق

کی چھپی بتادے تم فرماؤ ہنسے جاؤ اللہ کو

اِنَّ اللّٰہَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَئِنْ

اللہ نکالنے والا ہے اس کا کہ تھے تم خوف کرتے اور البتہ

ضرور ظاہر کرتا ہے جس کا تمہیں ڈر ہے اور اے محبوب

marfat.com

سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ

اگر پوچھئے آپ ان سے البتہ کہیں گے اس کے سوا نہیں کہ تھے ہم ہنستے اور کھیلتے

اگر تم اُن سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یوں ہی ہنس کھیل میں تھے تم

قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۶۵﴾

فرما دو کیا اللہ سے اور آیتوں سے اُس کی اور رسول سے اس کے تھے تم ٹھٹھا کرتے

تم فرماؤ کیا اللہ سے اور اسکی آیتوں اور اُس کے رسول سے ہنستے ہو

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ

نہ عذر کرو تم بے شک کافر ہو گئے تم پیچھے ایمان کے تمہارے اگر

بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر اگر ہم

نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً بِاَنَّهُمْ

معاف کر دیں ہم ایک ٹولہ کو کر تم میں سے تو سزا دیں گے ہم دوسرے ٹولہ کو اس لیے کہ

تم میں سے کسی کو معاف کریں تو اوروں کو عذاب دیں گے اس لیے کہ وہ

كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۶۶﴾ ع ۸ ۱۴

تھے وہ مجرم

مجرم تھے

**تعلق** :- ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیاتِ کریمہ سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق پچھلی آیاتِ کریمہ میں منافقین کی اپنی پچھلی حرکات پر بے قراری بے چینی کا ذکر تھا کہ جھوٹی قسمیں کھا کھا کر مسلمانوں کو اپنی طرف سے مطمئن کرتے اب انہیں منافقوں کا آئندہ کے متعلق اپنے خدشوں دل کی دھڑکنوں کا ذکر ہے گویا ماضی کی بے چینی کے بعد مستقبل کی بے قراری کا تذکرہ ہے **دوسرا تعلق** :- پچھلی آیتِ کریمہ میں ارشاد ہوا کہ آخرت میں منافقوں کے لیے دوزخ کی آگ ہے اب ارشاد ہے کہ اُن کے لیے دنیا میں بھی دوزخ ہے دل کی بے چینی اپنے نفاق کھل جانے کا کھٹکا گویا اُخروی دوزخ کے بعد اُن کی دنیاوی دوزخ کا تذکرہ ہے۔

**تیسرا تعلق** :- پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ منافقین اللہ رسول کو راضی نہیں کرتے کہ اخلاص و اطاعت

marfat.com

اختیار کریں۔ بلکہ اللہ رسول کے مقابل مسلمانوں کو جھوٹی قسمیں کھا کر راضی کرتے ہیں اب اس حرکت کا انجام بیان ہو رہا ہے۔ یعنی رسوائی۔

## شانِ نزول

ان آیات کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں ۱؎ ایک بار بارہ منافقین نے اپنا خفیہ اجلاس کیا اور مومنین کے خلاف کوئی سازش کی جس کی خبر حضرت جبریل علیہ السلام نے حضور انور کو دے دی۔ حضور انور نے ایک مجمع میں فرمایا کہ کچھ لوگوں نے ہمارے متعلق یہ سازش کی ہے وہ یہاں موجود ہیں اٹھیں اور توبہ کریں میں اُن کے لیئے دعا کروں گا مگر کوئی نہ اٹھا کئی بار یہ فرمایا آخر کار حضور نے نام بنام پکارا کہ اے فلاں اٹھ تو منافق ہے۔ تو بھی اُس سازش میں شریک تھا۔ حتیٰ اِن بارہ آدمیوں کو اٹھا کر کھڑا کر کے لوگوں کو دکھا دیا کہ یہ وہ منافقین ہیں تب یہ لوگ بولے کہ واقعی ہم نے یہ حرکت کی تھی۔ ہم کو معاف فرمایا جاوے فرمایا میں نے تمہاری شفاعت کے لیئے رب کی رحمت نے تمہاری بخشش کے لیئے بہت انتظار کیا مگر اب وقت نکل گیا تم اس مجلس سے نکل جاؤ۔ چنانچہ وہ نکال دیئے گئے اس پر پہلی آیت یَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ الخ نازل ہوئی یہ قول حسن کا ہے۔ (تفسیر کبیر) ۲؎ امام اصم فرماتے ہیں کہ غزوۂ تبوک سے واپسی کے وقت راستہ میں کسی پہاڑ کے دامن میں بارہ منافق چھپ کر بیٹھ گئے تاکہ حضور انور پر رات کی تاریکی میں حملہ کر دیں۔ حضور انور نے حضرت عمار کو بھیجا کہ انہیں ہٹا دو! آپ نے انہیں ہٹا دیا حضور انور بخیریت وہاں سے گذر گئے۔ حضرت عمار سے حضور انور نے پوچھا کہ کیا تم انہیں پہچانتے ہو۔ عرض کیا کہ رات کے اندھیرے میں میں انہیں پہچان نہ سکا۔ حضور نے فرمایا کہ میں اُن کے نام تک جانتا ہوں حضرت عمار نے عرض کیا کہ انہیں قتل کیوں نہ کرا دیا جاوے فرمایا ورنہ ملکوں میں مشہور ہو جاوے گا کہ محمد مصطفیٰ اپنے ساتھیوں کو بھی قتل کرا دیتے ہیں جس سے تبلیغ اسلام میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ تب ہی پہلی آیت یَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ الخ نازل ہوئی (تفسیر کبیر و صاوی) ۳؎ حضور انور مع صحابہ کے غزوۂ تبوک میں جا رہے تھے کہ بعض منافقین نے آپس میں کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ملکِ فارس و روم کے خواب دیکھ رہے ہیں کہ ہم وہ بھی فتح کریں گے بھلا وہ ملک کہاں اور یہ کہاں۔ یہ کہنے والا دیعہ ابن ثابت تھا اور باقی ہاں ہاں کر رہے تھے حضور انور نے صحابہ سے فرمایا کہ یہ جو آگے جا رہے ہیں ان رد کو اور ہمارے پاس حاضر کرو وہ حاضر کیئے گئے فرمایا کیا تم نے آپس میں یہ کہا تھا وہ بولے ہم یہ باتیں صرف راستہ طے کرنے کے لیئے بطور شغل کر رہے تھے عمداً نہ کہتے تھے اس پر دوسری و تیسری آیت وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ اور لَا تَعْتَذِرُوْا الخ نازل ہوئی (تفسیر خازن۔ کبیر۔ روح المعانی و بیان وغیرہ)

## تفسیر

یَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ یہ کلام نیا ہے یَحْذَرُ بنا ہے حَذَرٌ سے خوف۔ حیثیت حذر ان سب کے معنی ہیں ڈر مگر حذر اس خوف کو کہتے ہیں جس کے ساتھ احتیاط بھی

marfat.com

ہو اور بچنے کی تدبیر بھی۔ رب فرماتا ہے۔ اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ وہاں بھی حذر کے یہ معنیٰ ہیں۔ اَلْمُنٰفِقُوْنَ میں اَلِف لام عہدی سے مراد یا تو حضورِ انور کے زمانے کے سارے منافقین ہیں کیونکہ قریبًا اُن سب ہی کو یہ ڈر لگا رہتا یا خاص وہ منافقین جن کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔ چونکہ یہ ڈر ان کو لگا ہی رہتا ہے اس لیئے حَذِرُوْا ماضی ارشاد نہ ہوا بلکہ یَحْذَرُ مضارع فرمایا گیا۔ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ یہ فرمان یَحْذَرُ کا مفعول ہے یعنی منافق اس چیز سے ڈرتے ہیں ظاہر یہ ہے کہ علیہم کا مرجع ۔۔۔ مومنین ہیں حضورِ انور پر کسی آیت یا سورت کا نزول در پردہ سارے مسلمانوں پر نزول تھا کہ یہ سب کچھ انہیں کے لیئے اُترتی تھیں (روح البیان) اور ہو سکتا ہے کہ اس کا مرجع خود منافقین ہوں اور علیٰ ضرر اور نقصان کے لیئے ہو جیسے کہا جاتا ہے لَہٗ ذٰلِکَ اور لَہٗ ذا علیک یہ تیرے لیئے مفید ہے یہ تیرے خلاف یعنی منافقوں کے خلاف کوئی سورۃ نازل ہو جائے یا عَلٰی بمعنیٰ فی ہے (معانی) یعنی ان منافقین کے بارہ میں سورۃ اُتر پڑے سورۃ کے معنیٰ اس کے اقسام سورۃ آیۃ اور رکوع وغیرہ کا فرق ہم پہلے پارہ میں فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ کی تفسیر میں کر چکے۔

تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ یہ عبارت سورۃ کی صفت ہے تُنَبِّئُ نَبَأٌ سے بمعنیٰ اہم خبر۔ ظاہر یہ ہے کہ اس کی ضمیر کا مرجع مومنین ہیں اور قُلُوْبِهِمْ کی ضمیر کا مرجع منافقین لہٰذا اس جملہ میں دو ضمیریں مومنین کے لیئے ہیں اور ایک ضمیر منافقین کی طرف۔ ضمیروں کا مختلف ہونا اگر مفید ہو تو بالکل درست ہے (روح البیان و خازن و معانی وغیرہ) ما سے مراد یا تو اُن کے دلوں کا چھپا ہوا کفر ہے یا وہ بکواس جو وہ اپنی خاص مجلسوں میں کرتے تھے پھر دل میں چھپاتے تھے کہ مومن کو خبر نہ ہونے دیتے تھے۔ خیال رہے کہ عموماً منافقین حضورِ انور کو سچا ہی جانتے تھے آپ کی وحی آپ کی خبروں کو درست سمجھتے تھے محض حسد و عناد کی وجہ سے حضور کے انکاری تھے لہٰذا اپنے متعلق نزولِ آیات سے اُن کا خوف بالکل درست تھا (روح البیان و کبیر وغیرہ) لہٰذا آیت کریمہ واضح ہے قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ظاہر یہ ہے کہ قُل میں خطاب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے اور ہو سکتا ہے کہ خطاب قرآن پڑھتے مسلمانوں سے ہو ما استہزاء کی لفظی اور معنوی تحقیق پہلے پارہ میں نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ کی تفسیر میں کی جا چکی ہے یہاں امر نہ تو واجب کرنے کے لیئے ہے نہ مباح کرنے کے لیئے صرف اظہارِ غضب کے لیئے ہے۔ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ جیسے نالائق آدمی سے کہا جاوے کہ خوب چوری کیئے جا تو سزا بھگت لے گا۔ یہاں تفسیر روح المعانی نے فرمایا کہ یہاں استہزاء بمعنیٰ منافقت ہے یعنی منافق بنے رہو اور اسلام اور مسلمانوں کا مذاق اڑائے جاؤ۔ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ۔ اس فرمانِ عالی میں ان کی منافقت دل لگی کے انجام کا ذکر ہے اِخراج کے معنیٰ ہیں اعلان کر دینا۔ سب پر ظاہر کر دینا ورنہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو تو ان کی منافقت پہلے ہی سے معلوم تھی۔ ما سے مراد اُن کی وہ ہی منافقت اور خفیہ سازشیں ہیں جن کے ظاہر ہو جانے

marfat.com

سے وہ بہت ڈرتے تھے۔ یعنی اللہ تعالیٰ عنقریب تمہارے پوشیدہ عیوب ظاہر فرمانے والا ہے جن کے ظہور سے تم بہت گھبراتے ہو۔ اس طرح کہ اپنے حبیب کو تمہارے رسوا فرما دینے کا حکم دیدے گا! اس اظہار کو رب نے اپنی طرف نسبت فرمایا۔ کیونکہ حضور کا کام درحقیقت رب کا کام ہے نیز یہ بتایا کہ تمہیں ایسا! بدنام کرے گا کہ تم سے بدنامی چھپائے نہ چھپے گی۔ (از روح المعانی) وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ اس آیت کریمہ کا شانِ نزول ابھی بیان ہو چکا غزوۂ تبوک ہی کے راہ میں یہ واقعہ پیش آیا اور حضورِ انور کی تحقیق فرمانے سے پہلے یہ آیت آچکی تھی لہٰذا اس میں غیبی خبر ہے سَاَلْتَ کا دوسرا مفعول پوشیدہ ہے یعنی اے محبوب اگر آپ اِن منافقین سے ان کی مذکورہ حرکات بجواس کے متعلق پوچھیں تو لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ یہ فرمانِ عالی اِن شرطیہ کی جزائیہ ہے خَوْضٌ کے لفظی معنیٰ ہیں کیچڑ میں دھنس جانا۔ اب گندی چیز میں لتھڑ جانے کو خَوْضٌ کہا جاتا ہے لعب بچوں کی طرح ایسا کھیل کھیلنا جس کا مقصد کچھ نہ ہو (خازن کبیر) یعنی ہم نے یہ باتیں کیں تو ہیں مگر! منافقت یا اسلام دشمنی کی بنا پر نہیں۔ یوں ہی دِل بہلانے راستہ طے کرنے کو کہیں۔ کہ بات چیت میں راستہ آسانی سے طے ہو جاتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ انہوں نے اسلام کا مذاق اور اتنا حضورِ انور کی اہانت کو اپنا شغل اور کھیل قرار دیا۔ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ظاہر یہ ہے کہ یہاں بھی قل میں خطاب قرآن پڑھنے والے مومن سے ہے اور ہو سکتا ہے کہ خطاب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے ہو اگرچہ ان بدنصیبوں نے صرف نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم ہی کے فرمانِ عالی کا مذاق اڑایا تھا۔ مگر چونکہ حضور انور کی گستاخی آیاتِ قرآنیہ بلکہ رب تعالیٰ سب ہی کی گستاخی ہے اس لیے یہاں ان تینوں کا ذکر ہوا یہاں سوال اظہارِ غضب کے لیئے ہے یعنی تم کو دل بہلانے راستہ طے کرنے کے لیئے اور کوئی تذکرہ چرچہ نہ ملا۔ صرف یہ ہی ملا کہ اللہ رسول اور اللہ کی آیات کا مذاق اڑاؤ آیات سے مراد قرآنی آیتیں ہیں یا حضور انور کی وہ غیبی خبریں کہ عنقریب فارس و روم ہم کو عطا ہوں گے۔ وہاں ہمارا راج ہو گا۔

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ یہ ہے ان کے جرم کا ربانی فیصلہ عذر کے لغوی معنیٰ ہیں کسی کام کا اثر مٹانا کہا جاتا۔ اِعْتَذَرَتِ الْمَنَازِلُ یا خیمہ والی کھال کا طنابیں بنانے یا توبہ کرنے کو معذرت کہا جاتا ہے مناسبت ظاہر ہے۔ (روح البیان و معانی و تفسیر خازن وغیرہ) كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ سے مراد ظاہری کفر و ایمان ہے ورنہ منافقوں کے پاس ایمان تھا ہی نہیں یعنی تم لوگوں کے خیال میں اب تک مومن تھے اب تم کافر ہو گئے یعنی تم

marfat.com

ظاہری ایمان کے بعد ظاہری کافر بن چکے بہانہ نہ بناؤ اب مسلمان تمہارے دھوکہ میں نہ آئیں گے۔ اِنْ نَعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً شانِ نزول میں معلوم ہو چکا کہ تبوک کے راستے میں کچھ منافقین تو مذکورہ دل لگی مذاق کر رہے تھے کچھ ہنس رہے تھے اِس فرمانِ عالی میں ان کی چھانٹ کر دی گئی کہ جو لوگ صرف ہاں ہاں کر رہے تھے یا خاموشی سے سن رہے تھے ان کی معافی ہو جاوے گی! اس طرح کہ انہیں توبہ و اخلاص کی توفیق ملے گی۔ یہاں اِنْ شک کے لیئے نہیں بلکہ امید دلانے کے لیئے! ہے یعنی تم میں ایک جماعت جو خاموش تھی یا ہاں ہاں کر رہی تھی ان کو توبہ کی توفیق ملے گی اور معافی دی جاوے گی! چنانچہ انہیں میں ایک شخص تھا فحاشن ابن حمیر الشجعی جو صرف ہنس رہا تھا کچھ کہتا نہ تھا۔ اس آیت کے نزول کے بعد نفاق سے توبہ کر کے سچا مسلمان ہو گیا اور دعا کی کہ الٰہی میری موت شہادت کی ہو اور مجھے کوئی کفن دفن نہ کرے چنانچہ یہ شخص عہد صدیقی میں غزوۂ یمامہ میں اس طرح شہید ہوا کہ کسی کو اس کی لاش کا پتہ نہ لگا (تفسیر خازن و معانی) نُعَذِّبْ طَآئِفَةً اس فرمانِ عالی میں دوسری جماعت کا ذکر ہے یعنی بکواس کرنے والے مذاق اوڑانے والے یعنی ہم دوسرے ٹولہ کو ضرور بالضرور عذاب دیں گے۔ کیوں بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ۔ اس لیئے کہ اصل مجرم یہی ہیں۔ انہیں اخلاص اور توبہ کی توفیق نہ ملے گی کفر پر مریں گے۔ کفار کے ساتھ آخرت میں رہیں گے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں ہی منافقوں پر ہمارا عذاب ہے کہ انہیں کسی گھڑی بھی چین نہیں وہ ڈرتے ہی رہتے ہیں اور ہر وقت یہ کھٹکا لگا رہتا ہے کہ مومنوں پر قرآن مجید کی کوئی ایسی سورت یا آیت نازل ہو جاوے جو ان کے دلوں کا نفاق ان کی خفیہ سازشیں ظاہر کر دے اور یہ لوگ بدنام ہو جاویں۔ آپ اُن سے بطور عتاب فرما دو کہ تم لوگ خوب ہنسی مذاق کیئے جاؤ۔ اسلام پر بہتان کیئے جاؤ یقیناً اللہ تعالیٰ عنقریب ان خبروں کو ظاہر فرمانے والا ہے جس کی تمہیں دھڑکن لگی ہے ان بدنصیبوں کی کیفیت یہ ہے کہ آپ کے پیچھے آپ کی اسلام کی اہانت کرتے ہیں مگر آپ اُن سے پوچھیں کہ کیا تم نے یہ باتیں کی تھیں تو نہایت بے شرمی سے کہہ دیں کہ ہم یوں ہی راستہ طے کرنے کے شغل کے طور پر دل لگی کر رہے تھے۔ فرما دو کہ کیا تم اللہ تعالیٰ اس کی آیتوں اس کے رسول کا ٹھٹھا کرتے ہو۔ بہانہ نہ بناؤ تم مسلمانوں کی نگاہ میں مومن ہو چکنے کے بعد کافر ہو چکے! اگر ہم تم میں سے ایک جماعت کو معافی بھی دیدیں کیونکہ تمہارے ساتھ تمسخر میں شریک نہ تھے صرف خاموشی سے تمہاری باتیں سن رہے تھے۔ ہنس رہے تھے انہیں اخلاص و توبہ کی توفیق دے دیں مگر دوسرے ٹولہ کو ضرور عذاب دیں گے جو ہنسی مذاق میں مشغول ہوا کیونکہ وہ بے ادبی کے

marfat.com

مجرم ہیں اور نبی کے گستاخ کو توبہ کی توفیق نہیں ملا کرتی۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ اس سورۃ کا نام سورۃ فاضحہ بھی ہے کہ اس نے منافقوں کو رسوا کر دیا اور مبعثرہ اور مثیرہ بھی کہ اس نے منافقوں کی خبریں شائع کر دیں حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ اس سورت میں ستر منافقوں کے نام مختلف آیات میں تھے جو منسوخ التلاوت ہو گئیں (خازن)

**فائدے** اِن آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ۔ دوزخ والا منافق اس پر دنیا میں رب کا عذاب یہ ہے کہ اس کے دل کو چین نہیں ہمیشہ اسے ڈر لگا رہتا ہے کہ کہیں میرا پول نہ کھل جاوے ہر ایک کو راضی رکھنے والے کا یہی انجام ہے یہ فائدہ یَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ سے حاصل ہوا۔ مخلص مومن اس غم سے آزاد ہے وہ صرف اللہ رسول کو راضی کرنے کی فکر میں رہتا ہے۔ مخلوق خود بخود راضی ہو جاتی ہے۔ دوسرا فائدہ۔ حضورِ انور پر قرآن مجید کا نزول گویا امت پر نزول ہے کیونکہ انہیں کے لیے تو اترتا ہے یہ فائدہ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ علیہم سے مراد مومنین ہوں تیسرا فائدہ۔ نزولِ قرآن مومنوں کے لیے رحمت ہے منافقوں کافروں کے لیے عذاب یہ فائدہ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا کہ عَلَيْهِمْ سے مراد ہوں منافقین اور علیٰ ضرر کے لیے ہو۔ چوتھا فائدہ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم منافقوں مخلصوں کو اوّل سے ہی جانتے ہیں۔ آپ کی پہچان نزولِ قرآن پر موقوف نہیں یہ فائدہ تُنَبِّئُهُمْ سے حاصل ہوا کہ اس میں ھُمْ ضمیر جمع لائی گئی۔ مسلمانوں کے لیے یعنی ایسی آیت جو مسلمانوں کو منافقوں کی خبر دیدے رب فرماتا ہے وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ اے محبوب آپ منافقوں کو ان کی روش کلام سے ہی پہچان لیتے ہو۔ پانچواں فائدہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پردہ پوش ہیں۔ حَتَّى الْاِمْكَانْ منافقوں کو بھی رسوا نہیں کرتے ان کے عیوب قرآن مجید فاش کرتا ہے یہ فائدہ بھی تُنَبِّئُهُمْ سے حاصل ہوا۔ سورۂ قرآنیہ لوگوں کو منافقین کی خبر دیتی ہے چھٹا فائدہ امر ہمیشہ وجوب کے لیے نہیں آتا کبھی دوسرے مقصدوں کے لیے یہ فائدہ استہزاؤ سے حاصل ہوا، کہ یہ صیغہ امر کا ہے مگر نہ تو مذاق کی اجازت دینے کے لیے ہے نہ واجب کرنے کے لیے۔ بلکہ صرف عتاب کے لیے ساتواں فائدہ۔ رب کے وعدے سچے ہیں ان میں خلاف کا احتمال بھی نہیں یہ فائدہ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو رب نے فرمایا کہ منافقوں کے چھپے راز رب تعالیٰ ظاہر کرے گا۔ ایسا ہی ہوا آج تک وہ لوگ بدنام ہیں آٹھواں فائدہ اللہ تعالیٰ نے حضور انور کو علمِ غیب عطا کیا یہ فائدہ اس آیت کے شانِ نزول سے معلوم ہوا کہ منافقین نے جو بکواس اپنی خفیہ مجلسوں میں کیں حضور انور کو اس پر اطلاع ہوئی۔ نواں فائدہ۔ کفر کی

marfat.com

باتیں خوشی سے سننا اُن پر ہنسنا اُن سے راضی ہونا سب کچھ کفر ہے رِضًا بِالْکُفْرِ کفر عقائد کا مشہور مسئلہ ہے۔ یہ فائدہ۔ کُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ اور قَدْ کَفَرْتُمْ جمع فرمانے سے حاصل ہوا کہ ان سب پر قرآن مجید نے کفر کا فتویٰ دیا رب تعالیٰ ان سب سے بچائے **دسواں فائدہ** حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین اللہ تعالیٰ اور قرآن مجید سب ہی کی توہین ہے دیکھو ان منافقوں نے تبوک کے راستہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غیبی خبروں کا مذاق اڑایا تو رب تعالیٰ نے فرمایا۔ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ۔ یوں ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و تعظیم رب تعالیٰ قرآن مجید سب کی تعظیم ہے۔ **گیارہواں فائدہ**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کا انکار اُس کا مذاق اوڑانا منافقوں کا پرانا طریقہ ہے یہ فائدہ اِن آیات کے شانِ نزول سے حاصل ہوا۔ کہ منافقین نے حضور انور کی اُس غیبی خبر کا انکار کیا کہ رب تعالیٰ قیصر و کسریٰ کے ملک ہم کو عطا کرے گا۔ اسے استہزاء قرار دیا۔ **بارھواں فائدہ**۔ حضور انور کی گستاخی کفر ہے اگرچہ گستاخی کی نیت نہ ہو۔ دیکھو ان منافقین نے کہا تھا کہ ہم تو ان باتوں کے ذریعہ دل بہلا رہے تھے راستہ طے کر رہے تھے گستاخی کی نیت نہ تھی مگر رب نے فرمایا۔ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ۔ یہ آستانہ بہت نازک ہے۔ **تیرھواں فائدہ**۔ توبہ کی توفیق ملنی اللہ کی بڑی نعمت ہے۔ یہ فائدہ۔ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر۔ **چودھواں فائدہ**۔ اکثر حضور انور کے گستاخ کو توبہ کی توفیق نہیں ملتی یہ فائدہ۔ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً الخ سے حاصل ہوا۔ **پندرھواں فائدہ** اللہ تعالیٰ سَتَّارُ الْعُيُوْبِ ہے پردہ پوشی فرماتا ہے مگر جو بدبخت اس کے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کی عزت و عظمت پر ہاتھ ڈالے اس کی پردہ دری فرما دیتا ہے پھر دریاءِ غضب جوش میں آجاتا ہے۔ یہ فائدہ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو امیہ ابنِ خلف نے حضور انور کو بہت دکھ پہنچائے تو رب تعالیٰ نے اس کے دس عیب قرآن مجید میں بیان کیے۔ حتّٰی کہ آخر میں فرمایا عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ وہ حرام کا بچہ ہے۔ آج تک اس کے یہ عیوب مخلوق کی زبان پر ہیں۔ اس کے برعکس وہ رب کریم اپنے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کے ثنا خوانوں کی پردہ پوشی فرماتا ہے اور فرمائے گا۔

**پہلا اعتراض** منافقین دل سے حضور انور کو نبی مانتے ہی نہ تھے نہ آپ پر وحی آنے کے قائل پھر انہیں اپنے متعلق یہ خدشہ کیوں تھا کہ ہمارے متعلق وحی آجائے جو ہم کو بدنام کر دے پھر يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ (الخ) کا مطلب کیا ہے **جواب** اکثر منافقین تو آپ کو دل سے نبی جانتے تھے اگرچہ مانتے نہ تھے آپ کی وحی کو وحیِ الٰہی سمجھتے تھے اور جو آپ کو نبی نہ جانتے تھے

marfat.com

انہیں خطرہ تو یہ تھا ہی کہ حضور انور لوگوں سے فرمادیں کہ یہ منافق ہیں انہوں نے فلاں حرکات کی ہیں یقیناً لوگ! حضور کی یہ بات مان لیں گے اور ہم اُن میں بدنام ہوں گے غرضیکہ نزول آیت خواہ اُن کے عقیدے میں ہو یا!! مسلمانوں کے عقیدے میں اُنکی بدنامی بہرحال یقینی تھی۔ **دوسرا اعتراض**۔ اس فرمانِ عالی میں تین ضمیریں ہیں تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ دوسری تُنَبِّئُهُمْ تیسری فِيْ قُلُوْبِهِمْ۔ تم نے کہا کہ ان میں سے دو پہلی ضمیریں تو مسلمانوں کی طرف ہیں اور آخری ضمیر فِيْ قُلُوْبِهِمْ منافقوں کی طرف اس سے ضمیروں میں انتشار ہوگا۔ ایک جملہ کی! ضمیروں کا مرجع علیحدہ یہ نحوی اور بلاغت کے قائدے سے درست نہیں۔ **جواب**۔ مفسّرین نے اس اعتراض کے بہت جواب دیئے ہیں بعض نے ان تینوں ضمیروں کو منافقین کی طرف مانا ہے اور پھر بہت بڑی چوڑی تاویلیں کی ہیں مگر قوی اور آسان جواب یہ ہے کہ ضمیروں کا مختلف ہونا اگر فائدہ مند ہو تو بالکل جائز ہے بلا فائدہ درست نہیں رب فرماتا ہے يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ دیکھو ایک آیت میں اَعْرِضْ کی ضمیر حضرت یوسف علیہ السلام کی طرف ہے اور اِسْتَغْفِرِيْ کی ضمیر زلیخا کی طرف **تیسرا اعتراض**۔ یہاں منافقوں سے فرمایا گیا کہ تم ایمان کے بعد کافر ہوگئے وہ تو پہلے ہی سے کافر تھے۔ کبھی مومن تھے ہی نہیں پھر یہ فرمان کیونکر درست ہوا۔ **جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گزر چکا کہ یہاں ایمان و کفر سے مراد اُن کا ظہور اور ان پر لوگوں کا مطلع ہونا ہے یعنی پہلے تم لوگوں کی نظر میں مومن ہوگئے تھے اب اس بکواس سے ان کی نظر میں کافر ہوگئے۔ **چوتھا اعتراض**۔ پھر یہ لوگ مرتد کیوں نہ مانے گئے اور انہیں قتل! کیوں نہ کیا گیا۔ مرتد کی سزا تو قتل ہے۔ **جواب** بعض لوگوں نے اس اعتراض کا جواب یہ دیا ہے کہ اس وقت تک اِس قتل کا قانون نہ بنا تھا۔ قتل مرتد کا حکم بعد میں آیا مگر یہ قوی نہیں کیونکہ منافقین کا یہ واقعہ غزوۂ تبوک کا ہے جو حضور انور کا آخری غزوہ ہے۔ اس کا قوی جواب وہ ہے جو خود حضور انور نے دیا کہ یہ لوگ قومی لحاظ سے مسلمان ہی بنے تھے مشرکین یا عیسائی یا یہودی نہ بنے تھے اگر انہیں قتل کیا جاتا تو دوسرے ملکوں میں خبر اڑ جاتی کہ مسلمان خود مسلمانوں کو قتل کر دیتے ہیں اس بنا پر لوگ مسلمان ہونا! چھوڑ دیتے یہ حکم خلافتِ فاروقی تک رہا پھر اعلان ہوگیا کہ منافقت ختم ہو چکی اب کفر ہے یا اسلام اب جو ایک بات کفر کی کہے گا قتل کیا جاوے گا جیسا کہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں۔ **پانچواں اعتراض** اس آیتِ کریمہ میں فرمایا گیا کہ ان گستاخوں میں سے ایک گروہ کی معافی دی جاوے گی دوسرے کو سزا جب جرم ایک ہے تو یہ فرق کیوں ہے۔ **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہوگیا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس بکواس کرنے والوں کو توبہ کی توفیق نہ ملے گی جو صرف اس پر خاموش رہے یا ہنس دیئے انہیں رب تعالیٰ کی طرف سے توبہ کی توفیق ملے گی۔ جس سے اُن کا گناہ معاف

marfat.com

ہو جاوے گا۔ دیکھا گیا ہے کہ حضور انور کے گستاخ کو اکثر توبہ کی توفیق نہیں ملتی۔

**تفسیر صوفیانہ** جیسے ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں ایسے ہی انشاء اللہ ایک دل میں دو خوف جمع نہیں ہوں گے یعنی خوفِ خالق اور خوفِ مخلوق حضرات صحابہ کرام کے دلوں میں رب تعالیٰ کا خوف تھا اس لیے ان کو مخلوق کا خوف نہ تھا منافقین کے دلوں میں خوف خدا نہ تھا۔ اس لیے انہیں سب کا ڈر تھا حضراتِ صحابہ نزول قرآن پر خوش ہوتے تھے مگر منافقین اس سے ڈرتے تھے کہ کہیں عیوب نہ کھل جاوے آیاتِ قرآنی رحمت کی بارش ہیں جو مومنوں کو مفید منافقوں مضر ایمان کی روح حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا ادب و احترام ہے۔ کفر کی جڑ حضور انور کی توہین اور بے ادبی ہے باقی کفر اس کی شاخیں ہیں۔ گستاخ کے کفر پر قرآن مجید نے فتویٰ دیا ہے۔ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ۔ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کے اولیاء اللہ۔ علماءِ دین بلکہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے ہر نسبت رکھنے والی چیز کا ادب و احترام چاہیے کہ ان کا احترام حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم ہے۔

**حکایت** ایک بار حضرت زید ابن ثابت گھوڑے پر سوار ہوئے تو حضرت عبداللہ ابن عباس نے آپ کی رکاب تھام لی آپ نے فرمایا اے رسول اللہ کے اہل بیت ایسا نہ کریں فرمایا ہم کو حضور انور نے اپنے بڑوں کے ایسے ہی ادب کا حکم دیا ہے۔ تو! حضرت زید نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر بوسہ دیا اور فرمایا کہ ہم کو حضور نے اہل بیت اطہار کے ساتھ یہ ہی برتاؤ کرنے کا حکم دیا ہے۔ (روح البیان) جیسے جو ملا ادب سے ملا بے ادب منافقین صحبت پاک میں رہ کر بھی محروم رہے۔ حضرتِ اویس قرنی رَضِیَ اللہُ عنہ با ادب تھے دور رہ کر بھی مرحوم ہوئے۔

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ

نفاق والے مرد اور نفاق والی عورتیں ان کے بعض بعض سے ہیں

منافق مرد اور منافق عورتیں ایک تھیلی کے بٹے ہوئے ہیں

marfat.com

يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَ

حکم دیتے ہیں برائی کا اور منع کرتے ہیں اچھی باتوں سے اور

برائی کا حکم دیں اور بھلائی سے منع کریں اور

يَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ

سمیٹے رکھتے ہیں ہاتھ اپنے بھول گئے وہ اللہ کو پس چھوڑ دیا انکو اللہ نے

اپنی مٹھی بند رکھیں اور اللہ کو چھوڑ بیٹھے تو اللہ نے انہیں

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَعَدَ اللّٰهُ

تحقیق منافق ہی بدکار لوگ ہیں وعدہ فرمایا اللہ نے

جھوڑ دیا بیشک منافق وہ ہی پکے بے حکم ہیں اللہ نے منافق

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ

منافق مردوں اور منافق عورتوں سے اور کھلے کافروں سے دوزخ کی آگ

مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کو جہنم کی آگ کا وعدہ دیا

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ

کا رہیں گے اس میں ہمیشہ وہ کافی ہے انہیں اور پھٹکار کیا ان پر اللہ نے

ہے جس میں ہمیشہ رہیں گے وہ انہیں بس ہے اور اللہ کی ان پر لعنت ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۶۸﴾

اور واسطے اُن کے عذاب قائم رہنے والا ہے

اور اُن کے لیئے قائم رہنے والا عذاب ہے

تعلق۔ ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: دور سے صرف منافق مردوں کا ذکر اُن کی برائیاں ارشاد ہو رہی تھیں منافق عورتوں کا ذکر نہ تھا۔ اب

marfat.com

منافق عورتوں کا بھی ذکر ہوا کہ فرمایا گیا کہ جس قدر عیوب منافق مردوں کے بیان ہوئے وہ سب کے سب منافق عورتوں میں بھی ہیں یہ دونوں بالکل ایک ہی ہیں **دوسرا تعلق** پچھلی آیات سے معلوم ہوا تھا کہ منافق لوگ اپنے کو مسلمان ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں ظاہر کرتے ہیں کہ وہ تم مسلمانوں میں سے ہیں اب ارشاد ہے کہ ایسا نہیں ہے وہ آپس میں ایک دوسرے سے بدعقیدگی بدکاری میں یکساں ہیں۔

**تیسرا تعلق** پچھلی آیات میں منافقین کی بدعقیدگیوں ایذاء رسانیوں کا ذکر ہوا اب اِن آیات میں ان کی بدعملیوں کا تذکرہ ہے کہ یہ لوگ عقائد کے بھی خراب ہیں اور اعمال کے بھی۔ **چوتھا تعلق**۔ پچھلی آیات میں رب تعالیٰ نے منافقین کا ذِکر کفّار سے علیحدہ فرمایا جس سے شبہ ہو سکتا تھا کہ یہ دو الگ قومیں ہیں اب ارشاد ہو رہا ہے کہ کھلے کافر اور یہ منافق ایک ہی ہیں ان کی سزا بھی ایک۔

**تفسیر** اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ یہ جملہ نیا ہے۔ منافقین جمع ہے منافق کی اور منافقات جمع ہے مُنَافِقَہ کی اِس سے نفاق عقیدہ والے مراد ہیں یعنی منافقِ اعتقادی حضور انور کے زمانہ میں منافق مرد کل تین سو تھے اور منافق عورتیں کل ایک سو ستر تھیں۔ (روح البیان) یہ عبارت مبتدا ہے بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ یہ عبارت خبر ہے اَلْمُنٰفِقُوْنَ کی الخ بَعْضٌ سے مراد مطلقاً بعض ہیں خواہ وہ مشرکین میں سے ہوں یا یہودیوں میں سے ہوں یا عیسائیوں میں سے اس میں مِنْ بعضیت کا ہے یعنی یہ سب منافقت میں ایک دوسرے کے مشابہ ہیں یہ تمام ایک دوسرے کا گویا حصہ ہیں جیسے جسم کے اعضاء ایک شخص کے جسم کے اعضاء ایک شخص کے جسم کا حصہ ہوتے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ منافقین اگرچہ اپنے پرانے دین میں مختلف ہیں مگر منافقت اور بدعملیوں اور اسلام دشمنی میں ایک ہی ہیں اس کی تفصیل یہ ہے:۔

یَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ یہ دو کام کرتے ہیں ایک دوسرے کو برائیوں! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت میں اسلام دشمنی اور دوسرے برے کاموں کا حکم دیتے ہیں اور اچھے اچھے عقیدوں ایمان۔ اخلاص اور اچھے اعمال نماز حج وغیرہ سے روکتے ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ یہ لوگ خفیہ خفیہ بعض ضعفاءِ مومنین کو برائیوں کا مشورہ دیتے ہیں اور اچھائیوں سے روکتے ہیں ان مسلمانوں کے دلوں میں اسلام کی طرف سے شکوک وشبہات پیدا کرتے ہیں اُن میں تیسرا عیب یہ ہے۔ کہ یَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ اپنے ہاتھ سمیٹے رہتے ہیں کہ نہ صدقہ وخیرات کرتے ہیں نہ کراتے ہیں۔ یا ہر بھلائی سے اپنے ہاتھ روکے رہتے ہیں یا دعا میں مسلمانوں کے ساتھ عموماً ہاتھ نہیں اوٹھاتے (روح البیان) نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ یہ اُن کا چوتھا عیب پہلے نسیان سے مراد ہے غافل ہو جانا یا چھوڑ دینا بھلا بیٹھنا نہ کہ اتفاقاً بھول جانا۔ کیونکہ یہ گناہ نہیں دوسرے نسیان سے مراد ہے انہیں

marfat.com

چھوڑ دینا ان کی طرف سے بے توجہ ہو جانا کہ بھول جانا کہ رب تعالیٰ اس سے پاک ہے یا ان سے اپنا رحم وکرم دور کر دینا (روح البیان وخازن) ان چار عیبوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ۔ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۔ اِس مضمون کی اہمیت دکھانے کے لیئے اسے اِنَّ سے شروع فرمایا۔ هُمُ سے حصر کا فائدہ حاصل ہوا۔ اَلْفٰسِقُوْنَ سے مراد ہے بدترین بدکار یعنی صرف منافق ہی بدکار وبدعقیدہ ہیں کہ ہیں بدتر اور بنتے ہیں بہتر۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ وعدہ کے معنیٰ ہیں نفع یا نقصان پہنچانے کی خبر دینا وقوع سے پہلے عموماً نفع کی خبر کو وعدہ اور نقصان کی خبر کو وعید کہتے ہیں مگر دراصل لفظ وعدہ دونوں معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے عرب کہتے ہیں وَعَدْتُهٗ خَيْرًا وَعَدْتُهٗ شَرًّا یہاں بمعنیٰ وعید ہے یہاں منافق مردوں عورتوں کو کفار کے ساتھ جمع فرما کر یہ بتایا کہ چھپے کافر اور کھلے کافر مذہباً ایک ہی ہیں ان میں سے کوئی مومن نہیں اور کسی کی بخشش نہیں کوئی جنت میں نہیں جا سکتا اگر کفر ونفاق پر مرجاوے جہنم۔ دراصل جہنام تھا بمعنیٰ گہرا کنواں چونکہ دوزخ بہت ہی گہری ہے اس لیئے اسے جہنم کہتے ہیں یہ لفظ عربی ہے۔ (روح البیان) بعض نے فرمایا کہ یہ دراصل چاہِ نم تھا۔ بمعنیٰ گہرا کنواں یعنی یہ لفظ عجمی ہے اگرچہ دوزخ میں عذاب ٹھنڈا بھی ہے مگر وہ بھی آگ کا ہی عذاب ہے کہ آگ سے قرب گرمی کا باعث ہے اس سے بعد سردی کا باعث اس لیئے صرف نار جہنم کا ذکر ہوا۔ خَالِدِیْنَ فِیْهَا یہ عبارت حال مقدرہ ہے۔ منافقین۔ منافقات اور کفار کا خلود اگر کفار کے لیئے ارشاد ہو تو اس کے معنیٰ ہوتے ہیں ہمیشہ رہنا اور اگر گنہگار مومن کے لیئے ارشاد ہو تو اس کے معنیٰ ہوتے ہیں دراز مدت تک رہنا لہٰذا یہاں بمعنیٰ ہمیشہ رہنا ہے یعنی دوزخ کی آگ بنی ہی انہیں کے لیئے اور وہ ہی اس میں ہمیشہ رہیں گے ان دونوں معانی سے حصر بالکل درست ہوگیا۔ هِیَ حَسْبُهُمْ اس فرمانِ عالی کا مقصد عذاب جہنم کی ہولناکی دکھانا ہے وہ آگ ہی ان کے تمام بدعقیدگیوں بدعملیوں بدمعاملگیوں کیلئے کافی ہے اگر وہاں سانپ بچھو گرم پانی وغیرہ کے عذاب نہ بھی ہوتے تب بھی یہ کافی تھی چہ جائیکہ وہاں! تو اور صدہا عذاب بھی ہیں سمجھ لو کہ ان کا کیا حال ہوگا اس میں ان کی تیسری سزا کا ذکر ہے۔ لعنت کا فاعل جب اللہ تعالیٰ ہو تو اس کے معنیٰ ہوتے ہیں رحمت سے دور کرنا اگر اس کا فاعل بندے ہوں تو اس کے معنیٰ ہوتے ہیں۔ دوریِ رحمت کی دعا کرنا۔ یہاں پہلے معنیٰ مراد ہیں۔ اس فرمانِ عالی میں تین احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ کہ اوّل سے ہی ان پر اللہ نے لعنت کی ہوئی ہے۔ کہ علمِ الٰہی میں آچکا تھا کہ یہ لوگ منافق وکافر مریں گے یا دنیا میں اُن پر اللہ کی پھٹکار ہوتی ہے کہ نبی کریم کے پاس پہنچ کر بھی اللہ کی رحمت نہ لے سکے تا قیامت انپر بندوں کی پھٹکار ہوتی رہے دوسرے یہ کہ دوزخ میں اُن کو اللہ تعالیٰ کی ہر رحمت

marfat.com

سے دوری ہو گی۔ ان پر کسی قسم کا رحم نہ ہوگا۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ یہ فرمانِ عالی یا تو خَالِدِيْنَ فِيْهَا کی تفسیر ہے یا اُس عذاب سے کوئی اور دردناک سخت عذاب مُراد ہے جس کی شدت ہمارے خیال سے وراء ہے یا اِس سے دنیا کا عذاب مراد ہے۔ (روح البیان) یہاں بھی لَهُمْ کو مقدم فرمانے سے حصر کا فائدہ حاصل ہوا کیونکہ دوزخ میں ہمیشگی وہاں ایسے دردناک ہولناک عذاب دنیا کی یہ پھٹکاریں صِرف اِن تین کے لیئے ہیں۔

**خلاصۂ تفسیر** اگرچہ منافقین اپنے کو تم مسلمانوں میں سے کہتے ہیں اور ثابت کرنے کی کوشش! کرتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ منافق مرد ہوں یا عورتیں اور کسی ملّت کے ہوں مشرکین ہوں یا عیسائی یا یہودی یا کسی اور ملّت کے سب ایک دوسرے سے ہیں کہ منافقت اسلام دشمنی مسلمانوں سے عداوت میں سب یکساں ہیں ان سب کی حالت یہ ہے کہ لوگوں کو ہمیشہ بُرے عقائد بُرے اعمال! اسلام سے روکنا اسلام سے پھیرنا بُری حرکتیں کرنا ان ہی باتوں کا حکم یا مشورہ دیتے ہیں اور ہر قسم کی بھلائی عقائد صالحہ نیک اعمال اسلامی عبادات و معاملات سے منع کرتے ہیں۔ بڑے کنجوس و بخیل ہیں۔ کبھی اللہ کی راہ میں خرچ کے لیئے ہاتھ نہیں پھیلاتے دینے کے موقعہ پر ہاتھ سمیٹ لیتے ہیں اللہ تعالیٰ سے یکسر غافل ہو گئے۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دُنیا ہی میں اللہ تعالیٰ نے انہیں اُن کے حال پر چھوڑ دیا۔ اُنہیں بھولا بسرا بنا دیا۔ منافق بڑے ہی فاسق بدکار لوگ ہیں اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں منافق عورتوں اور کھلے کافروں ان سب سے دوزخ کی آگ کا وعدہ کر لیا ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ صِرف وہاں کا عذاب ہی ان کی سزا کے لیئے کافی ہے چہ جائیکہ وہاں جلنے کے علاوہ اور بہت سے عذاب ہیں اُن پر اللہ تعالےٰ کی پھٹکار ہے دنیا میں یا آخرت میں یا ہر جگہ اور انہیں اس کے علاوہ اور بہت سخت قسم کا عذاب کا دائمی عذاب ہو گا۔ یا دنیا میں انہیں دائمی عذاب ہے۔

**فائدے** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ ہر شخص اپنے ہم عقیدہ کا ہم جنس ہوتا ہے۔ مومن مومن کا ہم جنس ہے کافر کافر منافق منافق کا یہ فائدہ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ سے حاصل ہوا کہ منافقوں کو ایک دوسرے کا ہم جنس فرمایا گیا۔ دوسرا فائدہ منافقین قومیت کے لحاظ سے مسلمانوں میں شامل ہیں اس لیئے اُن پر جہاد جزیہ وغیرہ نہیں ہوتا انہیں نمازوں جہادوں میں شرکت کی اجازت ہوتی ہے مگر مذہبی لحاظ سے وہ نِرے کافر ہوتے ہیں اِس لیئے وہ عذابِ آخرت میں برابر کے شریک ہیں یہ فائدہ بھی بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ سے حاصل ہوا۔ تیسرا فائدہ۔ سارے کفّار خواہ مشرکین ہوں یا یہود و نصاریٰ یا کوئی اور اسلام دشمنی میں یکساں ہیں۔ اَلْكُفْرُ مِلَّةٌ وَّاحِدَةٌ یہ فائدہ یَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ (الخ)

marfat.com

سے حاصل ہوا۔ اگر مسلمان آپس میں ایک نہ ہوں برادریوں صوبائی تعصب میں بٹے رہیں تو بہت ہی افسوس ہے کفار بندۂ کفر بنیں مومن کو چاہیئے کہ بندۂ عشق بنے۔ شعر

بندۂ عشق شدی ترکِ نسب کن جامی

کدریں راہ فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست

چوتھا فائدہ۔ اچھی باتوں اچھے کاموں سے روکنا کفار منافقین کا طریقہ ہے یہ فائدہ یَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ سے حاصل ہوا اس سے موجودہ وہابیوں کو عبرت پکڑنا چاہیئے جو ہمیشہ نیاز فاتحہ میلاد شریف وغیرہ کارِ خیر سے ہی مسلمانوں کو روکتے ہیں۔ حرام رسموں کھیل تماشوں سے رُکنے پر زور نہیں دیتے روکتے ہیں تو اللہ رسول کے ذکر سے اچھی مجلسوں سے پانچواں فائدہ، راہِ خدا میں خرچ سے رُکنا اور روکنا منافقوں کا طریقہ ہے یہ فائدہ یَقْبِضُوْنَ اَیْدِیَهُمْ الخ سے حاصل ہوا۔ اِس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو راہِ خدا میں خرچ کرنے سے لوگوں کو روکتے ہیں رب فرماتا ہے۔ مَنَّاعٍ لِّلْخَیْرِ مُعْتَدٍ اَثِیْمٍ۔ آج بعض مسلمان کہلانے والے مسلمانوں کو قربانی حج۔ فاتحہ مردوں کے نام پر خیرات کرنے سے روکتے رہتے ہیں۔

چھٹا فائدہ۔ بدترین زندگی وہ ہے جو رب تعالیٰ سے غفلت میں گزرے۔ یہ زندگی منافقوں کی ہے یہ فائدہ نَسُوا اللّٰهَ سے حاصل ہوا۔ ساتواں فائدہ۔ خدا کے ذکر کا فائدہ یہ ہے کہ اللہ اُسے یاد کرتا ہے۔ فَاذْكُرُوْنِیْٓ اَذْكُرْكُمْ اِس سے غفلت کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ کریم بندے کو اس کے حال پر چھوڑ دیتا ہے یہ فائدہ فَنَسِیَهُمْ سے حاصل ہوا یاد کرلو۔ یاد کرالو۔ اُسے بھول جاؤ بھلوا لو۔ آٹھواں فائدہ۔ منافقین بدترین فاسق و بدکار ہیں باقی فاسق اُن سے نیچے ہیں یہ فائدہ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ کے حصر سے حاصل ہوا۔ نواں فائدہ رب کی بارگاہ میں منافق اور کھلے کافر کا حکم ایک ہی ہے بلکہ کھلے کافر سے یہ چھپے کافر یعنی منافق بدتر ہیں۔ دیکھو اس آیت میں رب تعالیٰ نے منافقین۔ منافقات۔ کفار کے عذاب یکساں بیان کیئے دوزخ کی آگ وہاں ہمیشگی چھٹکارا دائمی عذاب وغیرہ اگرچہ شرعی احکام میں اِن میں فرق ہے۔ دسواں فائدہ۔ کفار کو ہمیشہ عذاب ہوگا اور یکساں ہوگا۔ کبھی عذاب میں تخفیف نہ ہوگی۔ یہ فائدہ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا کہ مقیم کے معنیٰ ہیں ہمیشہ یکساں۔

**پہلا اعتراض** رب تعالیٰ نے منافقین کے متعلق فرمایا۔ نَسُوا اللّٰهَ وہ اللہ کو بھول گئے اور بھول چوک معاف ہے کہ یہ غیر اختیاری چیز ہے حضور فرماتے ہیں کہ میری امت سے بھول چوک خطا اُٹھا دی گئی۔ یعنی معاف کر دی گئی۔ پھر اُسے منافقین کے عیوب میں کیوں

marfat.com

گنایا۔ اور اِس پر سزا کیوں دی گئی۔ جواب۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ یہاں نسیان بمعنی غفلت ہے یعنی وہ خدا سے ایسے غافل ہو گئے جیسے بھول ہی گئے۔ خیال رہے کہ بھول جانا اور ہے بھلا دینا کچھ اور ہے ایک حافظہ خرابیِ حافظہ کی وجہ سے قرآن مجید بھول جاوے وہ گنہگار نہیں اور دوسرا حافظہ دور نہ کرنے کی وجہ سے بھول جائے وہ مجرم ہے اتفاقاً نماز فجر کے وقت آنکھ نہ کھلے وہ گنہگار نہیں۔ لیکن رات کو بلا وجہ بہت جاگنے کا عادی ہو جانا جس سے صبح کو اٹھا نہ کرے یہ جرم ہے۔ دوسرا اعتراض یہاں ارشاد ہوا کہ اللہ تعالےٰ انہیں بھول گیا رب تعالیٰ تو بھول چوک سے پاک ہے **جواب** یہاں بھی بھولنے سے مراد انہیں اُن کے حال پر چھوڑ دینا ہے۔ انہیں رحم وکرم سے محروم کر دینا۔ قرآن مجید میں کبھی جُرم کی سزا کو بھی جرم سے تعبیر کر دیتے ہیں رب فرماتا ہے۔ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا۔ تیسرا اعتراض۔ یہاں ارشاد ہوا کہ منافق ہی فاسق وبدکار ہیں تو کیا ظاہری کفار اور بڑے بڑے گنہگار متقی و پرہیزگار ہیں۔ حصر کے کیا معنیٰ۔ **جواب**۔ یہاں فسق سے مراد خاص فسق ہے یعنی مسلمانوں کو دھوکا دینے کفر چھپانے اسلام ظاہر کرنے کا فسق۔ یہ فسق واقعی صرف منافقین ہی کا ہے۔ ہم نے پہلے پارہ میں فسق کے معنیٰ اُس کے اقسام ہر قسم کے احکام عرض کر دئے ہیں کہ فسقِ تغابنی فسقِ انہماک۔ فسقِ جمودی ان سب میں بہت طرح فرق ہے۔ چوتھا اعتراض۔ یہاں منافقین کے متعلق ارشاد ہوا کہ وہ اپنے ہاتھ سمیٹے ہیں یعنی کنجوس ہیں مگر اُس زمانہ میں بھی بعض منافقین جہاد وغیرہ میں خوب چندے دیتے تھے اب بھی کفار بڑی سخاوتیں کرتے ہیں۔ **جواب**۔ ان میں کوئی بھی اللہ رسول کی رضا کے لیے کچھ خرچ نہیں کرتے۔ قومی۔ ملکی مفاد یا اپنے نفاق پر پردہ ڈالنے کے لیے یا اپنی شہرت وفاموری کے لیے خرچ کرتے ہیں لہٰذا یہ خرچ کرنا نہ کرنے کی طرح ہے وہ سب کچھ خرچ کریں مگر بخیل ہیں۔ پانچواں اعتراض۔ اس آیتِ کریمہ میں دوزخ میں ہمیشگی کے بعد فرمایا گیا لَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ یعنی انہیں دائمی عذاب ہے یہ بات تو خَالِدِيْنَ فِيْهَا سے معلوم ہو گئی تھی مکرر کیوں فرمائی گئی۔ **جواب** مفسرین کرام نے اس اعتراض کے بہت جواب دیئے ہیں۔ ۱ انہیں دنیا میں بھی دائمی عذاب ہے یعنی خَالِدِيْنَ میں اُخروی عذاب کا ذکر ہے یہاں دنیاوی عذاب کا۔ دل کی بے چینی ہر وقت اپنے پول کھل جانے کا خطرہ مسلمانوں اور کافروں دونوں میں ان کا اعتبار نہ ہونا۔ ہر ایک کی نظر میں ذلیل رہنا وغیرہ۔ ۲ اس سے مراد برزخی عذاب ہے۔ یعنی۔ خَالِدِيْنَ (الخ) میں اُخروی عذاب مراد تھا یہاں برزخی ۳ یہاں اخروی عذاب ہی مراد ہے۔ مگر دوزخ کی آگ کے سوا دوسرا عذاب مراد۔ رب فرماتا ہے

marfat.com

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ یعنی منافقین دوزخ کے نچلے طبقہ میں ہوں گے۔ جہاں سارے دوزخیوں کی پیپ پیخ لہو۔ پیشاب پاخانہ بہہ کر آوے گا نہیں پلایا جاوے گا۔

**تفسیر صوفیانہ** انسان کی زندگی تین طرح کی ہے شیطانی۔ نفسانی۔ ایمانی۔ شیطانی زندگی کا نام قرآن مجید میں معیشۃً ضَنْکًا ہے یعنی تنگ زندگی۔ نفسانی زندگی کا نام اَلْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا یعنی قریب الفنا زندگی ایمانی زندگی کا نام ہے۔ حَیٰوۃً طَیِّبَۃً اس کی تفصیل ہم پہلے عرض کر چکے ہیں۔ اسی طرح موت بھی تین طرح کی ہے وارنٹ یا پکڑ۔ جسے قرآنی اصطلاح میں اَخْذُ بَطْشٌ فرمایا گیا۔ یعنی رب کی پکڑ دوسری موت وفات کہ مزدور نے اپنی مزدوری پوری کرلی اب رب کی عطا شروع ہوتی ہے۔ اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِہَا۔ تیسری قسم کی موت وصالِ یار جسے قرآن رُجُوْعٌ اِلَی اللّٰہ فرماتا ہے اِرْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً۔ مومن جیتا ہے تو طیب مرتا ہے تو طیب۔ قیامت کو اٹھے گا طیب مومن مر کر اپنے گھر میں جاتا ہے کافر اپنے گھر سے جاتا ہے۔ شعر

کون کہتا ہے کہ مومن مر گئے قید سے چھوٹے وہ اپنے گھر گئے

اس کے برعکس کفار اور منافقین۔ ان کی زندگی ہے تو خبیث موت ہے تو خبیث۔ منافقوں کو ایک مصیبت یہ ہے کہ وہ مسلمانوں اور کافروں کو راضی رکھنے کے لیئے بڑی مصیبتیں جھیلتے ہیں ان آیاتِ کریمہ میں رب تعالیٰ نے منافقین و کفار کی زندگی موت کی ایک جھلک دکھائی۔ کہ زندگی میں وہ خدا سے غافل رہے خدا نے انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا۔ جس گھوڑے کی لگام مالک چھوڑ دے سمجھ لو کہ وہ کہاں گر کر ہلاک ہوگا۔ رب کا بڑا عذاب یہ ہے کہ بندہ پہلے خودی کو بھولے پھر خدا کو بھولے۔ یہاں خدا کو بھولنے کا ذکر ہے۔ دوسری جگہ خودی کو بھولنے کا یوں ذکر فرمایا نَسُوا اللّٰہَ فَاَنْسٰىھُمْ اَنْفُسَھُمْ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ۔ مبارک ہے وہ بندہ مومن جو اپنی خودی کو جانے اس کے ذریعہ خدا کو پہچانے مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ۔ خودی خدا کا زینہ ہے۔ اللہ کو یاد کرو اس سے اپنی یاد کرالو یہ بھول دنیا کا عذابِ مقیم ہے اس کے بعد برزخ محشر کا عذاب ہے۔ یہاں اِن تینوں عذابوں کا ذکر ہے فسق کے معنی ہیں حد سے بڑھ جانا۔ بندہ خودی سے بڑھا۔ مارا گیا۔

☆☆☆☆☆☆

marfat.com

كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّ

ان لوگوں کی طرح جو تھے پہلے تم سے تھے وہ زیادہ سخت تم سے طاقت میں اور

جیسے وہ جو تم سے پہلے تھے تم سے زور میں بڑھ کر تھے

اَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّ اَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ

زیادہ مالوں اور اولاد والے پس نفع حاصل کیا انہوں نے حصے سے اپنے

اور ان کے مال و اولاد تم سے زیادہ تھے تو وہ اپنا حصہ برت گئے تو تم نے اپنا حصہ برتا

فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ

پس نفع حاصل کیا تم نے حصے سے اپنے جیسے نفع اٹھایا ان لوگوں نے جو تم سے

جیسے اگلے اپنا حصہ برت گئے اور تم بیہودگی میں پڑے جیسے وہ پڑے تھے

مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ

پہلے تھے اپنے حصوں سے اور مشغول رہے تم اس گروہ کی طرح جو مشغول رہے

ان کے عمل اکارت گئے۔ دنیا اور

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

یہ ہی لوگ ہیں کہ ضبط ہوئے نیک عمل ان کے

آخرت میں اور وہی

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۹﴾

دنیا میں اور آخرت میں اور یہ ہی لوگ گھاٹے والے ہیں

لوگ گھاٹے میں ہیں

تعلق ۔ اس آیتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق ۔ گذشتہ آیات میں بہت دور سے منافقینِ مدینہ کا ذکر چلا آرہا ہے جو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں

marfat.com

تھے ان منافقین کا تذکرہ ہو رہا ہے جو گذشتہ نبیوں کے زمانوں میں مختلف ملکوں میں گذرے تاکہ حضور انور کے قلب پاک کو تسکین ہو کہ ایسے موذی ہمیشہ ہوتے ہی رہے گویا موجودہ منافقوں کے بعد گذشتہ منافقوں کا تذکرہ ہے۔ **دوسرا تعلق** ۔ پچھلی آیات میں موجودہ منافقین کی بدعملیاں بیان ہوئیں اچھائیوں سے روکنا برائیوں کا حکم دینا۔ بخیل ہونا وغیرہ اب ارشاد ہو رہا ہے کہ یہ ہی عیوب گذشتہ زمانہ کے منافقوں میں تھے جو سزا انہیں ملی وہ اِن کو بھی ملے گی۔ **تیسرا تعلق** ۔ پچھلی آیات کے آخر میں ارشاد ہوا کہ منافقوں کو دنیا میں بھی دائمی عذاب ملتا ہے۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۔ اب اِس کا ثبوت پچھلے منافقین کا حال سنا کر دیا جا رہا ہے۔ گویا پچھلی آیت میں دعویٰ تھا اب اِس کی دلیل ارشاد ہو رہی ہے کہ دیکھ لو اُن کو مرے ہوئے صدہا سال گذر گئے اُن پر پھٹکار برابر ہو رہی ہے حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام کے منافق ططیانوس یوں ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے منافقین پر تو نام بنام لعنت و پھٹکار پڑ رہی ہے۔

**تفسیر** كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ ۔ اس فرمانِ عالی میں غائب سے مخاطب کی طرف التفات ہے یعنی پہلے منافقوں کا غائب ضمیروں سے ذکر تھا۔ حَسِبُوْا، لَعَنَهُمُ، وغیرہ اب ارشاد ہے حاضر ضمیر سے مِنْ قَبْلِكُمْ التفات بھی فصاحت کا ایک شعبہ ہے اس سے پہلے یا تو اَنْتُمْ پوشیدہ ہے اور كَالَّذِيْنَ (الخ) اس کی خبر ہے۔ یہ پیش کی جگہ میں ہے یا فَعَلْتُمْ پوشیدہ ہے اور یہ عبارت اس کا مفعول بِہٖ اور نصب کی جگہ میں ہے۔ (روح المعانی وغیرہ) یا یہ متعلق ہے مقیم کا جو کاف کے بعد پوشیدہ ہے یعنی اے منافقو! تم کو دنیا میں دائمی عذاب ہے اُن منافقوں کے عذاب کی طرح جو تم سے پہلے گذرے (تفسیر تنویر المقیاس) اَلَّذِيْنَ سے مراد منافقین ہیں اور قَبْلِكُمْ سے مراد گذشتہ نبیوں کے زمانہ کے منافقین ہیں (تنویر المقیاس) كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۔ یہ فرمانِ عالی مشابہت مذکورہ کی وجہ بیان کر رہا ہے۔ كَانُوْا کا اسم وہ ہی اگلے منافقین ہیں۔ انسان کو ایک داخلی اور دو خارجی طاقتوں پر ناز اور غرور ہوتا ہے جسمانی قوت مال کی کثرت اولاد کی زیادتی انہیں یہ تینوں طاقتیں تم سے زیادہ حاصل تھیں کہ وہ تم سے زیادہ زور مند تم سے زیادہ مالدار تم سے زیادہ اولاد اور کنبے و جتھے والے کیونکہ زیادہ اولاد والا بڑے جتھے والا ہوتا ہے کہ اس کی رشتہ داریاں بہت ہوتی ہیں مگر انہوں نے ان تین طاقتوں سے ناجائز فائدہ اٹھایا کہ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ اِسْتِمْتَاعًا بنا ہے مَتْعٌ سے بمعنیٰ نفع۔ اس لیے دنیاوی سامان کو متاع کہتے ہیں کہ وہ نفع حاصل کرنے کا ذریعہ ہے استمتاع

marfat.com

خوب نفع حاصل کرنا نفع سے مراد دنیاوی نفع ہے عیش آرام فخر تکبر نبی کی مخالفت مسلمانوں کو ذلیل سمجھنا وغیرہ یہاں باب استفعال درازیٔ مدت کے لیئے ہے یعنی عرصہ تک وہ لوگ نفع حاصل کرتے رہے۔ خلاق بنا ہے خَلَقٌ بمعنی حصّہ سے۔ خَلَقٌ کے چند معنی ہیں پیدا کرنا خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ۔ گڑھنا بنانا تَخْلُقُوْنَ اِفْكًا۔ حصّہ۔ یہ آخری معنی یہاں مراد ہیں یعنی ان کو جو طاقت۔ دولت۔ اولاد کا حصہ ملا اُس کے انہوں نے خوب ناجائز دنیاوی فائدے اٹھائے کہ اللہ کی نعمتیں اس کی نافرمانی میں نبیوں کے خلاف سازشوں میں خرچ کیں۔ ان کے بعد اے منافقو! تمہاری باری آئی۔ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ تو تم نے بھی اپنی ان نعمتوں کے حصول سے فائدے ہی اٹھائے اگرچہ تمہاری نعمتیں اُن سے کم تھیں مگر کون! سے فائدے سے حضرت صدیق و فاروق کی طرح اخروی فائدے حاصل نہ کیئے۔ بلکہ۔ اِسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ اسی طرح کے دنیاوی فائدے اٹھائے جیسے ان اگلوں نے اٹھائے تھے ہماری اس تفسیر سے معلوم ہو گیا کہ یہ عبارت مکرر نہیں یہ ایسی ہے جیسے کہا جاوے کہ تو فرعون کی طرح ہے جو بے قصور بچوں کو قتل کرتا تھا اور لوگوں کو بلا وجہ ستاتا تھا تو بھی تو اس طرح کرتا ہے (از تفسیر کبیر و روح المعانی خازن وغیرہ)

اس طرز بیان سے تاکید کا فائدہ ہوتا ہے۔ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا یہ فرمانِ عالی معطوف ہے۔ اِسْتَمْتَعْتُمْ (اوپر) خُضْتُمْ بنا ہے خَوْضٌ سے بمعنی پانی میں گھسنا اب غلط اور ناجائز کاموں میں مشغول ہونے کو خوض کہا جاتا ہے۔ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ كَالَّذِيْ دراصل کَالَّذِيْنَ تھا تخفیف کے لیئے نون گرا دی گئی ایک شاعر کہتا ہے شعر

اِنَّ الَّذِيْ حَانَتْ بِفَلْجٍ دِمَائُهُمْ
هُمُ الْقَوْمُ كُلُّ الْقَوْمِ يَا اُمَّ خَالِدٍ

اس شعر میں اَلَّذِيْ دراصل اَلَّذِيْنَ تھا نون گرا دیا گیا لہٰذا یہ جمع ہی ہے۔ بعض نے فرمایا کہ کاف کے بعد قَوْمٌ یا جمعٌ پوشیدہ ہے چونکہ فوج یا جمع لفظاً واحد ہے لہٰذا اَلَّذِيْ واحد ارشاد ہوا (روح المعانی کبیر خازن وغیرہ)

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ظاہر یہ ہے کہ اُولٰٓئِكَ سے اشارہ موجودہ زمانہ کے منافقین و کفار کی طرف ہے۔ حَبْطٌ کے معنی ہیں ساقط ہو جانا گر جانا۔ باطل ہو جانا۔ مضمحل ہو جانا۔ اُن پر ثواب مرتب نہ ہونا۔ اعمال سے مراد نیک اعمال ہیں خواہ عبادات ہوں یا معاملات ان اعمال نیک کا فائدہ عامل کو دنیا میں بھی ہوتا ہے۔ صحت۔ وسعتِ رزق۔ عزت۔ عظمت وغیرہ

marfat.com

آخرت میں بھی اللہ کا کرم گناہوں کی معافی جنت کی عطا حضور انور کا دیدار وغیرہ - منافقین وکفار کو ان میں سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ کفار کو جو دنیاوی نعمتیں مِل جاتی ہیں وہ یا تو استدراج ہوتی ہیں یا بظاہر نعمت درحقیقت زحمت وعذاب ہیں لہٰذا یہ فرمانِ عالی بالکل درست ہے وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ یہ عبارت معطوف ہے اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ الخ پر اور کفار ومنافقین کے دوسرے نتیجہ کا ذکر ہے۔ خَاسِرُوْنَ بنا ہے خَسَارَةٌ سے۔ خَسَارَةٌ وہ نقصان ہے جس میں اصل رقم بھی بالکل ضائع ہو جاوے۔ یعنی یہ لوگ پورے ٹوٹے اور خسارہ میں ہیں کہ انہوں نے اپنی اصل دولت عمر وزندگی خرچ کر دی مگر اس میں کمایا کچھ بھی نہیں بلکہ اس سے دوزخ رب کا غضب ہی حاصل کیا۔ چونکہ کفر ونفاق ان دونوں نتیجوں کا مستقل سبب تھے اس لیئے دونوں جگہ اُولٰٓئِكَ ارشاد ہوا یعنی یہ کفر ونفاق والے وُہ ہیں جن کے اعمال برباد ہیں اور یہ ہی پورے نقصان والے ہیں۔ اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ دونوں جگہ حصر بالکل درست ہے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے منافقو! تم سب گزشتہ زمانوں کے منافقوں کی طرح ہو۔ عقائد میں اعمال میں دھوکہ بازیوں میں نبی کو پریشان کرنے مسلمانوں کو ستانے میں اور دو طرفہ مسلمانوں کافروں کو راضی رکھنے میں تم میں ان میں فرق یہ ہے کہ گزشتہ منافقین تم سے زیادہ طاقتور تھے تم سے زیادہ مالدار تھے۔ تم سے زیادہ آل واولاد والے تم سے زیادہ کنبہ اور جتھے والے تھے۔ انہوں نے اپنے زمانوں میں اپنے زور مال جتھے وغیرہ نعمتوں کے حصول سے صرف دنیاوی نفعے کمائے کہ اللہ کی اُن نعمتوں کو اس کی معصیت میں صرف کیا۔ تم نے بھی اے منافقینِ مدینہ اپنی اِن نعمتوں کو دُنیاوی نفعوں دین کی مخالفت میں صَرف کیا انہیں کی طرح جیسے انہوں نے کیا تھا اور جیسے وہ تمام منافقین کفر وگناہ۔ مخالفتِ نبی ایذاءِ مسلمین میں ہی مشغول رہے انہیں حرکات میں پھنسے رہے۔ جب تم دونوں کے اعمال حرکات یکساں ہیں تو نتیجے بھی یکساں اُن کا یہ حال ہوا کہ اُن کے سارے نیک کام صدقات خیرات صلہ رحمی۔ ماں باپ کی خدمت مخلوق کی نفع رسانی وغیرہ دُنیا میں بھی برباد گئے کہ اُن کے نتیجہ میں انہیں دُنیا میں کچھ نہ ملا اور آخرت میں بھی برباد کہ ان پر انہیں جزا ثواب نہیں اور وہ لوگ پورے نقصان میں رہے کہ اُن کی زندگی کی عزیز گھڑیاں بجائے نیکیوں کے گناہوں میں صَرف ہوگئیں بالکل اسی طرح تمہارا بھی حال ہے تم بھی برباد ہو چکے اور ہو گئے۔ اعمال یکساں نتیجہ یکساں۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ** - شرعی قیاس برحق ہے یعنی وجہ کے مشترک ہونے سے حکم کا مشترک ماننا یہ فائدہ اَلَّذِيْنَ سے حاصل ہوا کہ آیت کریمہ نے یہاں

marfat.com

موجودہ منافقوں کو گذشتہ منافقوں پر قیاس فرمایا کہ چونکہ تمہارے اعمال و حرکات ان جیسے ہیں لہٰذا تمہاری سزا بھی ان جیسی ہے۔ فقہا کے قیاس کا بھی یہ ہی طریقہ ہوتا ہے۔ **دوسرا فائدہ**۔ دنیا بھر کی مادّی طاقتیں ایک بندے کی روحانی طاقت کے مقابلہ میں فیل ہو جاتی ہے یہ فائدہ کَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْکُمْ قُوَّۃً (الخ) سے حاصل ہوا کہ منافقین جماعت۔ قوت۔ دولت۔ عزتِ دُنیادی میں بہت بڑھے چڑھے تھے مگر نبی کے مقابلہ میں شکست کھا گئے مادّی طاقت نبوت تو کیا ولایت کے مقابلہ میں نہیں ٹھہرتی بہتر ہزار فرعونی جادوگر ایک موسیٰ علیہ السلام کے مقابل ہار گئے۔ مگر ان کی ہار ہی جیت کا ذریعہ بن گئی مبارک ہے وہ ہار جو دین کی طرف رہبری کرے نبی کے قدموں تک پہنچا دے۔ **تیسرا فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے حصہ کافر و مومن دونوں کو ملتا ہے مگر اُن سے کافر صرف استمتاع کرتا ہے یعنی دنیادی نفع حاصل کرتا ہے مگر مومن استمتاع بھی کرتا ہے اور انتفاء بھی یعنی دُنیا و دین دونوں کے نفعے کماتا ہے یہ فائدہ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ سے حاصل ہوا۔ **چوتھا فائدہ**۔ کافر منافق دنیا میں ڈوب جاتا ہے۔ مومن دُنیا میں تیرتا ہوا پار نکل جاتا ہے یہ فائدہ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْٓا سے حاصل ہوا خوض کہتے ہیں پانی میں گھس جانے کو اس طرح کہ آدمی پانی میں گھس جاوے اور پانی آدمی میں پیٹ۔ کان ناک منہ میں پانی ہی پانی ہو۔ مومن کا جسم دُنیا میں رہتا ہے مگر اس کے دل میں دین رہتا ہے وہاں دنیا نہیں پہنچ سکتی۔ لفظ خَاضُوْا بہت گہرا ہے۔ **پانچواں فائدہ**۔ کافر کے نیک اعمال برباد ہوتے ہیں بُرے اعمال قائم مگر مومن کے بُرے اعمال معاف ہو جاتے ہیں نیک اعمال قائم یہ فائدہ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ سے حاصل ہوا حَبْطٌ اور عفو میں فرق یاد رہے۔ **چھٹا فائدہ**۔ مومن کو نیک اعمال کا فائدہ دنیا میں بھی ہوتا ہے اور آخرت میں بھی۔ کافر کو نہیں نہیں یہ فائدہ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ سے حاصل ہوا نیک اعمال کی برکت سے دنیا میں مصیبتوں سے نجات۔ رزق میں وُسعت و فراخی۔ ہر طرح کی عزت ملتی ہے رب فرماتا ہے وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ آخرت میں حضور کا دیدار رب کا قرب گناہوں کی معافی جنت کا داخلہ وغیرہ۔ **ساتواں فائدہ**۔ کفار کے دم درود دعائیں صحیح طور سے فائدہ مند نہیں یہ فائدہ بھی حَبِطَتْ اعمال سے حاصل ہوا۔ ضبطی عمل کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ اس کا عمل فائدہ نہ دے۔ **آٹھواں فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ مومن کو اس کے نیک اعمال کی برکت سے دنیا میں بھی فائدے عطا فرماتا ہے آخرت کے فائدے اُن کے علاوہ ہیں۔ بعض نیکیوں سے عمریں بڑھ جاتی ہیں بعض سے مال و اولاد میں برکت ہوتی ہے بعض سے آفات ٹل جاتی ہیں بعض سے عزت و عظمت ملتی ہے بعض سے خوفِ خُدا عشقِ رسول عطا ہوتا ہے بعض سے گھر میں اتفاق و اتحاد رہتا ہے بعض سے وقت پر بارشیں پیداوار میں برکتیں آتی ہیں رب فرماتا ہے يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا یہ فائدہ فی الدنیا والاخرہ سے حاصل ہوا کہ نیکیوں کی ضبطی دنیا و آخرت میں منافقین و کفار پر عذاب ہے جس سے انشاء اللہ مومن محفوظ ہے

marfat.com

**پہلا اعتراض** اس آیت کریمہ میں ایک مضمون دو بار بیان کیا گیا ہے فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ پھر ارشاد ہوا - كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ بِخَلَاقِهِمْ - مضمون کی تکرار فصاحت کے خلاف ہے **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا - کہ یہاں پہلا فرمان گذشتہ منافقین کی حالت بیان کرنے کے لیئے ہے اور دوسرا فرمانِ عالی تشبیہ دینے کے لیئے - مقصد میں فرق ہے اس لیئے تکرار نہیں اور اگر تکرار ہو تب بھی کوئی حرج نہیں کہ بے فائدہ تکرار خلافِ فصاحت ہے - فائدہ مند تکرار حسنِ کلام میں چار چاند لگا دیتی ہے سورۂ رحمٰن میں ایک آیت فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ بہت جگہ ارشاد ہوئی - **دوسرا اعتراض** - یہاں کَالَّذِیْ واحد ہے اور خَاضُوْا اس کا صلہ جمع یہ ترکیب کسی قاعدے سے جائز نہیں - یہاں کَالَّذِیْنَ چاہیئے تھا - **جواب** مفسرین کرام نے اس کے بہت جواب دیئے ہیں نفیس ترین جواب وہ ہے جو ہم نے روح المعانی کے حوالہ سے ابھی تفسیر میں عرض کیا کہ یہ اَلَّذِیْنَ جمع ہی ہے نون صرف تخفیف کے لیئے گرا دیا گیا - اس کی تائید ایک عربی شعر سے بھی پیش کی گئی - **تیسرا اعتراض** - اس قسم کے تصرفات سے کلام مشتبہ ہوتا ہے پتہ نہیں لگتا کہ واحد ہے یا جمع اشتباہ بھی تو بری چیز ہے - **جواب** ہو گا اور اشتباہ جب ہو جب معنیٰ مقرر کرنے پر قرینہ موجود نہ ہو - یہاں خاضوا کا جمع ہونا اس کی علامت ہے کہ اَلَّذِیْ جمع ہے دیکھو لفظ مختار اسم فاعل بھی ہے اسم مفعول بھی اس میں فرق علامات سے ہوتا ہے - اردو میں لفظ کل بہت معنیٰ میں استعمال ہے - گذشتہ کل آئندہ کل مشین دل کا چین وغیرہ اس میں قرینہ سے مدد لی جاتی ہے -

**چوتھا اعتراض** - کوئی نیکی دنیا کے لیئے نہ کرنا چاہیئے نیک اعمال صرف آخرت کے لیئے چاہئیں مگر تمہاری تفسیر سے معلوم ہوا کہ نیکیوں کا فائدہ دنیا میں بھی ہوتا ہے پھر وہ نیکی اللہ کے لیئے کہاں رہی - **جواب** نیکی کرو اللہ کی رضا کے لیئے اگر وہ کریم خوش ہو کر دنیاوی فائدے بھی عطا فرما دے اور اُخروی بھی تو اس کی مہربانی ہے دم درود دعائیں - تعویذ سب ہی نیک کام ہیں مگر ان سے دنیاوی فائدے بھی حاصل ہوتے ہیں - حضور انور نے حلِ مشکلات کے لیئے بہت دعائیں ارشاد فرمائیں - جیسا کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے ابھی سورۂ نوح کی آیت پیش کی گئی جس میں استغفار کے دنیاوی فوائد حضرت نوح علیہ السلام نے بیان کیئے قرآن مجید نے نقل کیئے اس کا انکار بڑی حماقت ہے - **پانچواں اعتراض** اس آیت میں ارشاد ہوا کہ کفار کے اعمال دین دنیا میں باطل ہیں - مگر دیکھا جا رہا ہے کہ کفار کو دولت - شہرت عزت مسلمانوں سے زیادہ ملتی ہے پھر اُن کے اعمال دنیاوی لحاظ سے ضبط کیسے ہوئے - **جواب** کفار کے

marfat.com

مال و متاع اُن کی نیکیوں کا دنیاوی ثواب نہیں بلکہ یہ رب کی طرف سے ڈھیل ہے تاکہ اور زیادہ گناہ کریں یا یوں کہو کہ کفار کے مال و متاع رب کا دنیاوی عذاب ہے جس سے اُن کی غفلت اور سرکشی میں اور بھی زیادتی ہوتی ہے۔ صدہا مصیبتیں آتی ہیں رب فرماتا ہے۔ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّعَذِّبَہُمْ بِہَا الخ۔ مومن کا مال اللہ کی رحمت ہے آخرت کمانے کا ذریعہ کافر کا مال! عذاب ہے۔ سرکشی و غفلت کا باعث۔

**تفسیر صوفیانہ** دنیا میں مومن بھی آتا ہے رہتا ہے اور کافر بھی مگر مومن تو ایسا آتا رہتا ہے جیسے کنویں میں ڈالا ہوا ڈول جس کی رسی مالک کے ہاتھ میں ہو جس سے ڈول وہاں پھنستا نہیں بلکہ پانی لے کر خیریت سے اوپر پہنچ جاتا ہے کافر اس گرے ہوئے ڈول کی طرح ہے جو مالک کے قبضہ میں نہ ہو وہ کنویں کی کیچڑ میں پھنس جاتا ہے مومن دنیا میں خوض نہیں کرتا اس کا جسم دنیا میں رہتا ہے مگر دل میں دنیا نہیں رہتی۔ دل میں دین رہتا ہے یا خدا کا خوف یا رسول کا عشق جس سے وہ دنیا میں ڈوبتا نہیں بلکہ تیرتا ہے کافر کا جسم دنیا میں رہتا ہے اور اس کے دل میں دنیا رہتی ہے جس سے وہ غرق ہو جاتا ہے تیرنے اور ڈوبنے میں یہ فرق ہے جس کا انجام یہ ہوتا ہے کہ جیسے دریا میں ڈوبنے والے کی جان برباد یوں ہی دنیا میں ڈوبنے والے کا دین ایمان سب برباد ہوتا ہے۔ اس لیے اس کے متعلق خاصوا اور پھر حَبِطَتْ اَعْمَالُہُمْ ارشاد ہوا۔ دنیا میں آئے تھے ایمان بچانے اعمال کمانے کے لیے مگر انہوں نے بجائے اعمال کمانیکے ایمان گنوا دیا لہٰذا وہ خاسر ہوئے یعنی پورے دیوالیے۔ نبی گویا پاور والا قدرتی تار ہیں جو انہیں ادب و اطاعت کے غلاف کے ساتھ پکڑے وہ کامیاب ہے جو اُن سے مقابلہ کرے بغیر اس غلاف کے اُن پر ہاتھ ڈالے وہ ہلاک ہے بجلی کا تار فقیر مالدار سب کو تباہ کر دیتا ہے ایسے ہی نبی کی بے ادبی سب کو تباہ کر ڈالتی ہے۔ یہ آیت کریمہ بہت عبرت ناک ہے گذشتہ طاقتوروں کے حالات پڑھو۔ عبرت پکڑو۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلَمْ یَاْتِہِمْ نَبَاُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ | | |
| کیا نہ آئی ان تک خبر ان لوگوں کی | جو پہلے ہوئے ان سے قوم نوح کی | اور |
| کیا انہیں اپنے سے اگلوں کی خبر نہ آئی | نوح کی قوم | اور |

marfat.com

عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ

عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم کی اور مدین اور الٹی ہوئی بستیوں

عاد اور ثمود اور ابراہیم کی قوم اور مدین والے اور وہ بستیاں

وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا

والوں کی لائے ان کے پاس رسول ان کے روشن دلیلیں پس نہیں

کہ الٹ دی گئیں ان کے رسول روشن دلیلیں ان کے پاس لائے تو اللہ کی شان

كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۷۰

تھا کہ ظلم کرتا ان پر اللہ اور لیکن تھے وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے

نہ تھی کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظالم تھے

**تعلق** - اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیت کریمہ سے ارشاد ہوا کہ موجودہ منافقین کی حالت گذشتہ کفار و منافقین کی طرح ہے۔ اب ان گذشتہ کفار میں سے چھ قوموں کا ذکر ہو رہا ہے۔ گویا پچھلی آیت میں اجمال تھا یہ آیت اس اجمال کی تفصیل ہے۔ دوسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ موجودہ منافقین گذشتہ منافقوں کی طرح مجرم و کافر ہیں۔ ان کی سزا یہ ہے کہ دین و دنیا میں ان کی نیکیاں برباد ہیں۔ اب ارشاد ہو رہا ہے کہ صرف یہ سزا اس لئے ہے کہ اب رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا در ہے۔ دنیا میں عمومی عذابوں سے امن ہے گذشتہ نبیوں کے مجرموں کے حال میں تو غور کرو کہ ان پر دنیا میں کیسے سخت عذاب آئے گویا موجودہ اور گذشتہ زمانوں کے عذابوں کے فرق کے لئے یہ آیت کریمہ ارشاد ہو رہی ہے۔ تیسرا تعلق پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ پچھلے کفار مال و اولاد و قوت و زور میں زیادہ تھے۔ اب ان زوروں کے انجام کا ذکر ہے کہ نبی کے مقابلہ میں کوئی زور کوئی طاقت کام نہیں آتی۔

**تفسیر** اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۔ اس فرمانِ عالی میں پھر التفات ہے مخاطب سے غائب کی طرف کہ پچھلی آیت میں موجودہ منافقوں کو حاضر ضمیروں سے ذکر فرمایا مِنْ قَبْلِكُمْ اور اَشَدُّ مِنْكُمْ وغیرہ اب انہیں کو پھر غائب ضمیروں سے یاد فرمایا جا

marfat.com

رہا ہے۔ اَلَمْ یَاْتِهِمْ وغیرہ اس میں الف سوال اور پوچھنے کا ہے اور پوچھنا اقرار کرانے کے لیئے ہے ہر خبر کو دیا نہیں کہتے بلکہ عظیم الشان خبر کو نبا کہا جاتا ہے اسی سے ہے نبی یعنی شاندار خبریں دینے والے۔ چنانچہ اخبار وغیرہ کو نبی نہیں کہتے کہ یہ عام اور معمولی خبریں دیا کرتے ہیں۔ آنے سے مراد ان تک خبریں پہنچانا ہیں یا عام مشہور ہونے کی وجہ سے کیونکہ حجاز مقدس میں ان چھ قوموں کے عذاب کے قصے عام مشہور تھے۔ ان کے گیت بچیاں گاتی تھیں یا ان علاقوں میں سفروں کی حالت میں ان کی اجڑی ہوئی بستیاں یہ لوگ دیکھا کرتے اور وہاں اردگرد کے لوگوں سے ان کے قصے سنا کرتے تھے اس لیئے یہاں صرف چھ قوموں کا ذکر ہوا جو ان منافقین سے قریب ہی آباد تھیں۔ دور دراز قوموں کا ذکر نہیں فرمایا۔ جیسے فرعون و ہامان وغیرہ یعنی کیا ان منافقین و کفار کو اپنے سے پہلے کفار کی خبریں نہیں پہنچی یعنی ضرور پہنچی ہیں۔ قَوْمِ نُوْحٍ یہ عبارت اپنے مابعد کے ساتھ اَلَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ کا بیان ہے نوح علیہ السلام کا جائے قیام عراق تھا۔ فقیر نے کوفہ میں دو تنور کا مقام دیکھا ہے جہاں سے پانی ابلا تھا۔ اور طوفان کی ابتدا ہوئی تھی یہ قوم پانی کے طوفان سے غرق کی گئی۔ وَعَادٍ یہ معطوف ہے قومِ نوح پر یہ حضرت ہود علیہ السلام کی قوم ہے جو یمن کے علاقہ احقاف میں آباد تھی۔ یہ سخت آندھی سے ہلاک کی گئی۔ وَثَمُوْدَ یہ معطوف ہے عاد پر یہ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ہے جو یمن کے علاقہ میں مقام حجر میں آباد تھی۔ حجر پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم مع صحابہ کرام کے گذرے تو آپ نے اس کے کنویں کا پانی استعمال کرنے سے وہاں ٹھہرنے سے منع فرما دیا کہ وہ جگہ عذاب الٰہی کے نزول کی تھی۔ یہ قوم اولاً چیخ پھر زلزلہ سے ہلاک ہوئی۔ خیال رہے کہ نوح کی طرح ان دونوں قوموں کو قوم ہود اور قوم صالح نہ فرمایا گیا کیونکہ حجاز مقدس میں یہ دونوں قومیں انہیں ناموں یعنی عاد و ثمود سے مشہور تھیں نیز ان دونوں قوموں میں ہزارہا آدمی مسلمان ہو گئے تھے بخلاف قومِ نوح کے کہ وہ ساڑھے نو سو برس کی تبلیغ کے باوجود صرف اسی آدمی ایمان لائے تھے۔ (تفسیر روح البیان) وَقَوْمِ اِبْرٰهِیْمَ۔ اس سے مراد نمرود اور اس کے متبعین ہیں جو بغداد کوفہ کے درمیان شہر بابل میں رہتے تھے۔ نمرود وہ کافر بادشاہ ہے جو ساری دنیا کا بادشاہ ہوا دعوائے خدائی کرتا تھا۔ ایک لنگڑے مچھر سے وہ اور مکانات کی چھتوں میں اڑا کر اس کی قوم ہلاک کی گئی (روح البیان) خیال رہے کہ ان کفار کو ان پیغمبروں کی قوم کہنا نسبی وطنی نسبت سے ہے نہ کہ دینی نسبت سے یہ بھی خیال رہے کہ نمرود کسی غیبی آسمانی عذاب سے ہلاک نہیں ہوا بلکہ مچھر جیسی معمولی چیز سے۔ رب چاہے تو ابابیل سے قبل مروا دے۔ وَاَصْحٰبِ مَدْیَنَ یہ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم ہے جو مدین کے علاقہ میں رہتی تھی اس قوم کا نام بھی مدین تھا کیونکہ یہ

marfat.com

ابن ابراہیم علیہ السلام کی اولاد تھی۔ انہیں کے نام سے یہ علاقہ مدین کہلاتا تھا۔ یہ قوم غیبی آگ سے ہلاک ہوئی۔

وَالْمُؤْتَفِكٰتَ ۚ یہ عبارت معطوف ہے اصحاب مدین پر ظاہر یہ ہے کہ اس سے وہ چار یا پانچ بستیاں مراد ہیں جن میں حضرت لوط علیہ السلام نبی بنا کر بھیجے گئے۔ سدوم۔ امورہ۔ عامورہ۔ صبویم۔ بریں۔ چونکہ ان بستیوں کا تختہ الٹ دیا گیا کہ اوپر کا حصہ نیچے کر دیا گیا۔ اور نیچے کا اوپر اور ان پر پتھر برسائے گئے۔ اس لیے انہیں مُؤْتَفِكَات کہتے ہیں یعنی الٹی ہوئی بستیاں۔ ان کا ذکر آٹھویں پارے سورۂ اعراف میں گذر چکا وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ ۔ کی تفسیر میں۔ احتمال یہ بھی ہے کہ مُؤتفکات سے مراد کفار کی سابقہ بستیاں ہیں جن پر عذاب آئے کیونکہ ان میں انقلاب آیا خیر سے شر کی طرف تو اور الٹے سے حالات کا بدلنا مراد ہوگا۔ ایک شاعر کہتا ہے

فَمَا الْخَسْفُ اَنْ تَلْقَى اَسَافِلُ بَلْدَةٍ ۔۔۔ اَعَالِيَهَا بَلْ اَنْ تُسَوَّ وَالْاَرَاذِلُ

دیکھو شاعر نے اس شعر میں ذلیلوں کے عزت پانے عزت والوں کو ذلیل ہو جانے کو خسف یعنی دھس جانا کہا (روح المعانی) مگر یہ احتمال ضعیف ہے اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ اس ایک کلمہ میں ان تمام قوموں کی وجہ عذاب بیان ہوئی۔ رسل سے مراد ان چھ قوموں کے چھ ہی رسول ہیں جن کا ابھی ذکر ہوا۔ حضرت نوح۔ ہود۔ صالح ابراہیم۔ شعیب اور لوط علیہم السلام۔ بیّنات سے مراد اُن کے معجزات ہیں جن کی تفصیل معلوم نہ ہو سکی۔ یا انکے فرمان اور دلائل و برہان یعنی اللہ کے پاس ان کے رسول اپنے معجزات اپنی حقانیت کے کھلے دلائل لائے۔ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ ۔ یہ عبارت ایک پوشیدہ جملہ پر معطوف ہے لہٰذا اس میں فِ عطف کی ہے یعنی ان قوموں نے ان نبیوں کو جھٹلایا ہم نے انہیں مختلف طریقوں سے ہلاک کیا اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا کہ بے قصور ہلاک کر دیا ہو۔ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۔ اس فرمانِ عالی میں اَنْفُسَهُمْ کو مقدم فرمایا گیا يَظْلِمُوْنَ پر جس سے حصر کا فائدہ ہوا یعنی وہ صرف اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے نہ کہ دوسروں پر اَنْفُسَ جمع ہے نفس کی بمعنی جان یا ذات یا اپنے آپ بھی اور اپنے عزیز و قرابت دار بھی جو ان کی وجہ سے کافر ہوئے۔ يَظْلِمُوْنَ بنا ہے ظلمٌ سے۔ یہاں ظلم کے معنی ہیں دوسرے کی چیز میں اس کی بغیر اجازت تصرف کرنا۔ کیونکہ ہر بندہ اس کا مال و اولاد اللہ کی ملک ہے جو اس کی بغیر اجازت اس میں تصرف کرے وہ ظالم ہے ظلم کے یہ معنی اللہ تعالیٰ کیلئے نہیں بنتے۔ وہاں ظلم کے چند معنی ہوتے ہیں وعدہ کر کے پورا نہ کرنا۔ کسی کو بغیر جرم سزا دینا لفظ سزا کا خیال ہے کہ کسی سے کام کرا کے اسکا اجر نہ دینا لہٰذا وہاں لِيَظْلِمَهُمْ میں ظلم کے اور معنی تھے اور یہاں يَظْلِمُوْنَ میں ظلم کے دوسرے معنی ہیں۔

**خلاصۂ تفسیر** موجودہ منافقین اللہ سے ایسے بے خوف کیوں ہو گئے کیا انہیں اُن سے کافر قوموں کی ہلاکت کی خبر نہیں پہنچی جو اُن سے قریب ہی آباد تھیں ان کے قصے سارے حجاز میں مشہور ہیں۔ ایک قوم نوح جنکا مرکز صوبہ عراق تھا جو پانی سے غرق ہوئی۔ دوسری قوم عاد جو ہود علیہ السلام کی قوم تھی جسکا مرکز یمن کا علاقہ احقاف تھا جو آندھی سے ہلاک کی گئی۔ تیسری قوم ثمود جو صالح علیہ السلام کی قوم تھی یہ یمن کے علاقہ حجر میں آباد تھی چنگھاڑ اور زلزلہ سے تباہ کی گئی۔ چوتھی حضرت ابراہیم،

marfat.com

کی قوم نمرود اور اس کی رعایا جو عراق کے شہر بابل میں تھی۔ نمرود مچھر سے اس کی قوم مکان کی چھت سے دب کر ہلاک ہوئی۔ پانچویں قوم شعیب علیہ السلام جو مقام مدین میں آباد تھی۔ یہ غیبی آگ سے ہلاک ہوئی۔ چھٹی قوم لوط علیہ السلام جو سدوم وغیرہ پانچ بستیوں میں آباد تھی۔ یہ غیبی پتھر برسنے اور زمین کا تختہ الٹ دینے سے ہلاک کی گئی۔ ان کی اجڑی ہوئی بستیاں ویران مکانات عرب والے اپنے سفروں میں دیکھتے یہ لوگ انکی ہلاکت میں غور کیوں نہیں کرتے ان تمام کے پاس ان کے رسول اپنے معجزات مثال تعلیم لائے۔ انہوں نے بجائے ماننے کے ان سب کا انکار کیا اور ہلاک ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہ کیا کہ بے قصور انہیں سزا دی ہوتی۔ بلکہ وہ خود اپنی جانوں اپنے خاندانوں پر ظلم کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے جان و مال و اولاد کو اللہ رسول کی مخالفت میں استعمال کرتے تھے۔ اگر یہ منافقین بھی سیدُ المرسلین کی مخالفت کریں گے تو مارے جائیں گے۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: صحیح تاریخ پڑھنا تاریخی مقامات پر جانا انہیں دیکھنا انہیں یاد رکھنا اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے یہ فائدہ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ الخ سے حاصل ہوا۔ اس لیئے قرآن مجید میں اچھے برے لوگوں کے حالات جگہ جگہ ارشاد ہوئے۔ عرس بزرگان۔ میلاد شریف کی مجلسیں قائم کرنے کا بھی یہی مقصد ہے کہ مسلمانوں کو ان ذریعوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حالاتِ طیبہ اولیا اللہ کے احوال بتائے سنائے جاویں۔ تاکہ ان میں نیک اعمال کا جذبہ پیدا ہو۔ دوسرا فائدہ: جن لوگوں پر جس نبی کی اطاعت لازم ہو وہ اس نبی کی قوم ہیں۔ اطاعت کر لینے والے لوگ قومِ اجابت ہیں اور نافرمان لوگ قومِ دعوت یہ فائدہ گذشتہ کفار کو قومِ نوح قومِ ابراہیم فرمانے سے حاصل ہوا۔ لہٰذا تا قیامت سارے انسان حضور انور کی قوم ہیں۔ مومنین تو قومِ اجابت ہیں اور منکرین قومِ دعوت۔ قوم بہت ہی معنیٰ میں بولا جاتا ہے۔ ہم وطن۔ ہم نسب۔ ہم پیشہ۔ ہم زبان۔ ہم مذہب وغیرہ۔ تیسرا فائدہ: لوگ رب تعالیٰ کی نافرمانی کریں حتیٰ کہ دعویٰ خدائی کریں مگر دنیاوی عذاب اُن پر نہ آئے گا۔ عذاب کی وجہ صرف ایک ہے نبی کی مخالفت۔ یہ فائدہ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ سے حاصل ہوا کہ مذکورہ قوموں پر عذاب اپنے نبیوں کی مخالفت سے آئے۔ **چوتھا فائدہ**: اللہ تعالیٰ کبھی بے قصور کو سزا نہیں دیتا۔ کہ اس کریم نے اِسے ظلم کہا ہے وہ ظلم سے پاک ہے یہ فائدہ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ سے حاصل ہوا۔ ہاں بغیر نیک اعمال جنت عطا فرما دینا کرمِ کریمانہ رحم خسروانہ ہے وہ ہم جیسے بے عملوں بلکہ بد عملوں پر انشاء اللہ ضرور ہوگا۔ ملک محمد جانس پدمامت میں فرماتے ہیں۔ شعر

بناؤنہ لیکن کین ٹھکرائی بن کینتی لکھ دین برائی

اللہ تعالیٰ نے ہم سے انصاف نہ کیا بلکہ ہم پر رحم خسروانہ کیا کہ ہماری کی ہوئی برائیاں بغیر کی بنا دیں۔

marfat.com

مولانا حسن فرماتے ہیں۔ شعر

گنہگار پہ جب لطف آپکا ہوگا　　کیا بغیر کیا ہے کیا کیا ہوگا

**پانچواں فائدہ۔** ہر کافر اپنے نفس اپنی ذات بلکہ اپنی اولاد اپنے عزیز و اقارب بلکہ اپنے ماتحتوں پر ظلم کرتا ہے کیونکہ وہ خود اور اس کے سارے تعلق دار رب تعالیٰ کی ملک ہیں ان سب میں وہ ہی عمل کرو جس کی رب نے اجازت دی ہو اس کی مرضی کے خلاف عمل ظلم ہے یہ فائدہ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ سے حاصل ہوا۔ بلکہ عمداً گناہ بھی ظلم ہے بلکہ مقبولین بارگاہ نے اپنی خطاؤں کو بھی ظلم کہا۔ آدم علیہ السلام نے عرض کیا تھا رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا (الخ)۔ رب تعالیٰ ہم کو اپنے معاملہ میں امانت داری کی توفیق بخشے خیانت سے بچائے۔ **چھٹا فائدہ:** مجرم جرم کرکے خود اپنا ہی برا کرتا ہے اللہ تعالیٰ یا اس کے نبی کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ یہ فائدہ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ میں انفس کو فعل يَظْلِمُوْنَ پر مقدم کرنے سے حاصل ہوا کہ اس میں حصر کا فائدہ ہے۔

**پہلا اعتراض۔** اس آیت کریمہ میں چھ قوموں کی ہلاکت کا ذکر ہوا مگر ان میں سے دو کو تو ان کے نبی کی طرف نسبت کیا گیا۔ قوم نوح اور قوم ابراہیم دو کو ان کے نسب کی طرف عاد اور ثمود اور دو کو ان کے وطن کی طرف۔ اصحاب مدین اور مؤتفکات اس فرق میں کیا حکمت ہے **جواب:** قرآن مجید کے راز اللہ رسول جانتے ہیں۔ صاحب روح المعانی نے فرمایا کہ یہ قومیں عرب خصوصاً حجاز مقدس میں جن ناموں سے مشہور تھیں انہیں ناموں سے ان کا ذکر کیا گیا۔ اگر عاد و ثمود کی قوم کو ہود و صالح فرمایا جاتا تو منافقین نہ پہچانتے۔ مقصد تو ان کو سمجھانا پہچان کرانا ہے۔ اس کی اور وجہیں بھی بیان کی گئی ہیں مگر یہ قوی معلوم ہوتی ہے وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ **دوسرا اعتراض:** یہاں قوم شعیب و قوم لوط علیہما السلام کو اصحاب مدین و المؤتفکات کیوں فرمایا۔ اہل مدین کیوں نہ فرمایا۔ شہر والوں کو اہل شہر کہتے ہیں اصحاب شہر نہیں کہتے۔

**جواب:** تاکہ معلوم ہو کہ یہ لوگ مرنے وقت تک اپنی انہیں بستیوں میں رہے وہاں ہی ہلاک ہوئے فرعون کی طرح باہر نکال کر ہلاک نہ کئے گئے بلکہ عذاب کے وقت ان کے نبیوں کو وہاں سے نکال لیا گیا۔

**تیسرا اعتراض۔** لوط علیہ السلام کی قوم پر پتھر برسنے کا عذاب آیا بستی الٹ دینے کا اس بارے میں آیات قرآنیہ مختلف معلوم ہوتی ہیں کہیں فرماتا ہے اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا۔ کہیں فرماتا ہے جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا ان میں مطابقت کیسے ہو۔ یہاں کو مؤتفکات فرمایا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بستیاں الٹی گئیں۔ **جواب۔** یا تو اولاً ان پر غیبی پتھر برسے پھر زمین الٹی گئی یا جو بستی میں تھے ان پر بستی الٹی گئی جو دو چار باہر تھے ان پر پتھر برسے ہم اس کے متعلق آٹھویں پارے کے آخر میں عرض کر چکے ہیں۔ **چوتھا اعتراض۔** اس آیت سے

marfat.com

معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی کو بے قصور ہلاک نہیں کرتا کہ یہ ظلم ہے فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ۔ مگر حدیث شریف میں ہے کہ اگر رب تعالیٰ سارے بندوں کو عذاب دیدے مومن و کافر متقی و فاسق کو تو یہ ظلم نہیں ان دونوں میں مطابقت کیونکر کی جاوے۔ **جواب**۔ ظلم کے چند معنیٰ ہیں ۱ کسی دوسرے کی چیز میں اس کی بغیر اجازت تصرف کرنا اس معنیٰ سے رب تعالیٰ ظالم ہو سکتا ہی نہیں کہ تمام جہان کی چیزیں اس کی اپنی ملک ہیں ۲ کسی کو بغیر جرم سزا دینا یا وعدہ کر کے خدمت لینا اور وعدہ پورا نہ کرنا اس معنیٰ سے رب تعالیٰ ظلم نہیں کرتا حدیث پاک میں پہلے معنیٰ مراد ہیں قرآن مجید میں یہ دوسرے معنیٰ واقعی رب تعالیٰ کسی کو بغیر جرم سزا نہیں دیتا۔ **پانچواں اعتراض**۔ اگر بغیر جرم سزا دینا ظلم ہے اور رب تعالیٰ اس سے پاک ہے تو وہ دنیا میں بے قصور بچوں دیوانوں اور بے گناہ نبیوں ولیوں پر تکالیف بیماریاں وغیرہ کیوں بھیجتا ہے **جواب**: یہ سزا نہیں بلکہ رحمت ہیں جن سے ان لوگوں کے درجات بڑھتے ہیں۔ لوہے کو آگ میں تپانا اسے قیمتی بنانے کے لیئے ہے اور سونے کو تپانا اسے محبوب سے قرب بڑھانے کے لیئے کہ زیور بن کر محبوب کے گلے کے لائق ہو جاوے۔ اور استاد کا بچوں پر سختی کرنا سزا نہیں بلکہ انہیں کامل بنانے کا ذریعہ ہے۔ سزا چیز ہی اور ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** جیسے پانی کا بلبلہ خود اپنی اندرونی ہوا کی وجہ سے ہی پھٹتا ہے یوں ہی بدکار مجرم انسان خود اپنے اندرونی فساد کی وجہ سے ہلاک ہوتا ہے جسمانی بیماریاں ہم میں سے پیدا ہوتی ہیں روحانی بیماریاں خود ہماری اپنی نفسوں سے نکلتی ہے۔ صائب کہتے ہیں شعر

چرا ز غیر شکایت کنم کہ ہمچو حباب ہمیشہ خانہ خراب ہوائے خویشتم

اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ انسان اپنی عزت و دولت اولاد مرتبہ سے دھوکا کھا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ تمام چیزیں عارضی ہیں قریب الزوال ہیں حافظ شیرازی فرماتے ہیں۔

ببال و پر مرہ ازرہ کہ تیر برتابی ہوا گرفت زمانے دہے بخاک نشست

یعنی دنیاوی اور بدنی قوت و قدرت سے دھوکا نہ کھا اور ان کی وجہ سے صراط مستقیم نبی کی اطاعت سے مت ہٹ کیونکہ تیر یا پتنگ اگرچہ کچھ دیر کے لیئے ہوا میں پہنچ جاتا ہے مگر آخر کار خاک پر ہی لوٹتا ہے۔ ہر بلندی کا مقام پستی ہے۔ ہر قدرت کا نتیجہ عجز ہے۔ ایذاء شرار کی سی آفت آنے سے پہلے توبہ و استغفار کرو۔ یہ چھ قومیں جن کا ذکر اس آیت میں ہوا یہ فانی اور باقی میں فرق نہ کر سکیں۔ فانی بلندی سے دھوکا کھا کر اللہ کی باقی نعمت یعنی ایمان و اعمال سے محروم رہیں، آخر ہلاک ہوئیں (روح البیان)

اے برادر چو عاقبت خاک است خاک شو پیش آنکہ خاک شوی

marfat.com

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

اور ایمان والے اور ایمان والیاں بعض ان کے مددگار ہیں بعض کے

اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں

بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

حکم دیتے ہیں اچھائی کا اور منع کرتے ہیں برائی سے

بھلائی کا حکم دیں اور ہر برائی سے منع کریں

الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ

اور نماز قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں

وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ

اور اطاعت کرتے ہیں اللہ کی اور اس کے رسول کی یہ لوگ ہیں کہ عنقریب رحم کریگا ان پر

اور اللہ رسول کا حکم مانیں یہی ہیں جن پر عنقریب اللہ رحم کرے گا

اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

اللہ تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا ہے

بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے

**تعلق**۔ اس آیتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: بہت دور سے منافقین کا ذکر چلا آرہا ہے اب ان کے مقابل مخلص مومنین کا تذکرہ ہو رہا ہے تاکہ قرآن پڑھنے والا منافقوں جیسا نہ بنے، مومن مخلص بنے گویا بیماروں کا ذکر پہلے ہوا روحانی صحت مندوں کا ذکر اب ہے۔ **دوسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں منافقوں کے عیوب کا ذکر ہوا اب اُن کے مقابل مخلص مومنوں کے صفات کا تذکرہ ہے تاکہ لوگ اِن عیوب سے بچیں اپنے میں یہ صفات پیدا کریں **تیسرا تعلق**۔ پچھلی آیات میں منافقوں کی سزا کا ذکر ہوا نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا اب مومنوں کی جزا و ثواب کا ذکر ہے **چوتھا تعلق**۔ ابھی پچھلی آیت میں گذشتہ چھ کافر قوموں کے عذابوں کا ذکر ہوا اب ان کے مقابلہ میں مومنوں کی چھ صفات اور ان کے نتیجہ کا تذکرہ ہو رہا ہے تاکہ ان پر دنیا و دین میں اللہ

marfat.com

کی رحمتیں اتریں۔

**تفسیر** وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ یہ لفظ کھلے کافر یعنی مجاہرین اور چھپے کافر یعنی منافقین کے مقابلہ میں ارشاد ہوا کیونکہ اس سے پہلے انہیں دو کا ذکر ہوا لہٰذا اس کے معنی ہیں کھلے و چھپے مومن یعنی دل و زبان سے ایمان لانے والے ایمان رکھنے والے مخلصین چونکہ مومن مرد مومنہ عورتوں سے افضل ہیں اس لیئے پہلے مردوں کا ذکر ہوا بعد میں مومنہ عورتوں کا اس سے مراد سارے مسلمان ہیں۔ تاقیامت خواہ کسی جگہ کے ہوں یا کسی درجے کے۔ ان میں سے جس درجہ کا مومن ہوگا اسی درجہ کی ولایت نماز زکوٰۃ تبلیغ پھر اسی مرتبہ کی اللہ کی رحمت۔ غرضکہ یہ ایک کلمہ بہت ہی جامع ہے یہ عبارت مبتدا ہے جس کی خبر اگلا فرمان عالی بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ یہ عبارت اَلْمُؤْمِنُوْنَ الخ کی خبر ہے۔ اولیا جمع ہے ولی کی جس کا مادہ وَلْیٌ ہے یا وِلَایَتٌ یعنی عداوت کا مقابل وَلْیٌ عَدُوٌّ کا مقابل۔ وَلْیٌ کے بہت معنی ہیں۔ والی۔ وارث۔ دوست محبت والا۔ مددگار۔ ناصر۔ ساتھی۔ قرآن مجید میں یہ لفظ ان سارے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ یہاں یا تو بمعنی دوست ہے یا بمعنی مددگار یا بمعنی رفیق اور ساتھی۔ یہ فرمان عالی منافقین کے اس عیب کے مقابل ارشاد ہوا اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ مگر فرق یہ ہے کہ وہاں من بعض ارشاد ہوا۔ کیونکہ وہاں نفسانی شیطانی دوستی تھی۔ یہاں اولیاء بعض فرمایا گیا۔ کیونکہ مومنوں کی دوستی رب تعالیٰ کی طرف سے ہے پھر جیسے مومن ویسی ان کی دوستی۔ ویسی ان کی مدد۔ ویسی ان کی رفاقت حتی کہ اولیا اللہ بعد وفات بھی مومنوں کے ساتھی ان کے دوست ان کے مددگار ہوتے ہیں۔ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ یہ مومنوں کی دوسری صفت ہے۔ منافقوں کے اس عیب کے مقابل يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ اس میں بھی بڑی وسعت ہے کیونکہ جیسا مومن ویسا اس کا حکم۔ حتی کہ اولیاء علماء بعد وفات بھی یہ حکم دیتے رہتے ہیں۔ ان کے قلمی قلبی اور روحانی حکم تاقیامت باقی رہتے ہیں۔ بعض علماء دین دینی کتابیں لکھ گئے۔ تاقیامت لوگ ان سے فیض پا رہے ہیں یہ ہے بعد وفات اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ معروف سے مراد ہر اچھی چیز ہے۔ اچھے عقیدے اچھی عبادات اچھے معاملات اچھے حالات وغیرہ معروف کے لفظی معنی جانی پہچانی چیز یعنی مشہور اصطلاح میں ہر وہ بات یا کام جس کا اچھا ہونا شریعت میں معلوم و مشہور رہے وہ شرعی معروف ہے۔ خیال رہے کہ ہر شخص کے لیئے معروف علیحدہ ہے۔ کفار کے معروف ایمان۔ انہیں ایمان کا حکم دیتے ہیں۔ گنہگار مسلمان کے لیئے معروف توبہ ہے۔ غافل کے لیئے معروف بیداری۔ خود اپنے نفس امارہ کے لیئے معروف شرارت سے باز رہنا۔ اللہ رسول کے حکم پر جھکنا ہے۔ یوں ہی امر بالمعروف زبانی لسانی تلوار سے جس طرح ممکن ہو سب کو شامل ہے۔ یہ فرمان عالی دریائے ناپیدا کنار ہے۔ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ یہ فرمان عالی منافقین کی اس حرکت کے مقابلہ

marfat.com

ہیں ہے یَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْکَرِ یعنی منافق تو لوگوں کو برائیوں کا حکم دیتے ہیں۔ مخلص مومنین برائیوں سے روکتے جتنی وسعتیں یَاْمُرُوْنَ اور بِالْمُنْکَرِ - میں تھیں وہی وسعتیں یہاں یَنْھَوْنَ اور بِالْمُنْکَرِ میں ہیں منع کرنا زبان سے۔ ہاتھ سے۔ قلم سے۔ جیتے جی منع کرتے رہنا۔ بعد موت اپنی تعلیم کے ذریعہ منع کرنا۔ منکر بنا ہے انکار سے بمعنی انکار کرنا غیر واجبی جاننا فَنَکِرَھُمْ وَاَوْجَسَ مِنْھُمْ خِیْفَۃً ۔ اصطلاح میں ہر وہ چیز جس سے شریعت منع کرے انکار کرے وہ مُنکَر ہے۔ خیال رہے کہ یَاْمُرُوْنَ اور یَنْھَوْنَ مضارع فرما کر یہ بتایا کہ صرف ایک بار ہی حکم یا منع نہیں کرتے بلکہ برابر کرتے ہیں۔ خود اپنے کو بھی اور دوسروں کو بھی وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ یہ فرمانِ عالی منافقین کے اُس عیب کے مقابلہ ۴ میں ارشاد ہوا نَسُوا اللّٰہَ اللہ کو بھول گئے۔ نماز قائم رکھنے اور نماز پڑھنے میں بڑا فرق ہے جو ہم پہلے پارہ میں وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ کی تفسیر میں کر چکے ہیں۔ نماز ہمیشہ پڑھنا۔ صحیح پڑھنا۔ صحیح وقت پر پڑھنا۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں دوسروں کی نمازیں قائم و درست کرنا بھی داخل ہو۔ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ یہ فرمانِ عالی منافقون کے اس عیب کے مقابلہ میں ہے یَقْبِضُوْنَ اَیْدِیَھُمْ یعنی منافقین تو بخیل و کنجوس ہوتے ہیں۔ مخلصین اپنے ہر طرح کے مالوں کی ہر طرح کی زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں۔ بلکہ دوسروں کو رغبت دے کر زکوٰۃ دلواتے ہیں۔ وَیُطِیْعُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔ یہ فرمانِ عالی منافقوں کے اس عیب کے مقابلہ میں ہے اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ کہ منافقین تو اللہ رسول کی اطاعت سے باہر ہیں مگر مومن ان دونوں ذاتوں کی فرمانبرداری کے حدود میں رہتے ہیں (تفسیر روح البیان و معانی و کبیر) خیال رہے کہ اگرچہ گذشتہ احکام بھی اطاعتِ خدا و رسول میں داخل ہیں۔ مگر اِن کی اہمیت ظاہر فرمانے کے لیئے خصوصیت سے ان کا ذکر علیحدہ کیا باقی تمام احکام کو اجمالاً اس ایک جملہ میں فرما دیا یعنی ہر ظاہری باطنی احکام میں ہمیشہ اللہ رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ سوتے جاگتے چلتے پھرتے بلکہ جیتے مرتے اللہ رسول کی اطاعت کرتے ہیں۔ خیال رہے کہ حضور انور کی اطاعت کے ضمن میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت بھی ہو جاتی ہے۔ رب فرماتا ہے۔ وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ یہاں دونوں ذاتوں کا ذکر فرما کر یا تو یہ بتایا کہ وہ فرائض کے بھی پابند ہیں اور سنتوں کے بھی یا یہ کہ وہ قرآن مجید کے ساتھ حدیث شریف کو بھی مانتے ہیں یا یہ کہ وہ اپنی ہر نیکی میں رضاءِ الٰہی کے ساتھ رضاءِ رسول کی بھی نیت کرتے ہیں۔ ہر نیکی میں دونوں اطاعتوں کی نیت کرتے ہیں اُولٰٓئِکَ سَیَرْحَمُھُمُ اللّٰہُ اس فرمانِ عالی میں مذکورہ صفات اور مذکورہ اعمال کا نتیجہ ارشاد ہوا۔ اُولٰٓئِکَ سے اشارہ انہیں مخلصین مومنین کی طرف ہے جن کا ذکر ہو رہا ہے اِن جیسے مقامات پر مضارع پر سین تاکید کے لیئے آتا ہے (تفسیر خازن) یہاں تفسیر روح المعانی نے فرمایا کہ اثبات میں سین ایسے

marfat.com

ہی تاکید کرتا ہے جیسے نفی میں لَنْ۔ یہ فرمانِ عالی منافقین ۷ کے اس سزا کے مقابلہ میں ہے کہ فَنَسِيَهُمْ رب نے انہیں چھوڑ دیا۔ یعنی اس نے مخلص مومنوں کو نہ چھوڑا ہے نہ چھوڑے گا۔ یہاں رحم سے مراد خاص رحمتیں ہیں جو دنیا میں مرتے وقت۔ قبر میں۔ حشر میں مسلمانوں پر ہوتی ہیں اور ہوں گی جن کا کچھ ذکر انشاء اللہ تفسیر صوفیانہ میں ہوگا۔ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ اس فرمانِ عالی میں اس پورے بیان کی تائید ہے کہ اللہ تعالیٰ غالب ہے۔ اسے کوئی عطا سے روک نہیں سکتا ہے اور حکمت والا ہے جو دیا یا دیتا ہے یا دے گا اس میں حکمت ہے۔ اس کی رحمتیں بے شمار ہیں اور رحمت پانے والے بندے بھی بے شمار ہیں۔ ہر بندہ کو اس کے لائق رحمت دے گا۔ حضراتِ انبیاء کرام پر اور قسم کی رحمت۔ اولیاء و علماء پر دوسری قسم کی رحمت انشاء اللہ ہم جیسے گنہگاروں پر اور قسم کی رحمت۔ اس فرمانِ عالی میں یہ بھی اشارۃً فرمایا کہ جسے جو ملتا ہے یا ملے گا اس کے رحم و کرم سے ملے گا نہ کہ محض اپنے اعمال سے اعمال مثل تخم کے ہیں۔ اور رحمت بارش کی طرح لہٰذا کرو اور مانگو۔

**خلاصۂ تفسیر** اس آیتِ کریمہ میں رب تعالیٰ نے منافقین کے چھ عیوب کے مقابلہ میں مخلصین کی ایک عظیم الشان خبر ارشاد کی۔ چنانچہ فرمایا کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم منافقین میں تو وہ عیوب تھے جو ہم نے بیان کیے مومنوں میں ان کے مقابل یہ صفات ہیں کہ وہ تا قیامت بعض بعض کے دوست۔ مددگار ہیں۔ ہر قسم کا مومن اپنی شان کے لائق دوسروں کی مدد کرتا ہے اور ہمیشہ ایک دوسرے کو اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں۔ اسلام کا دوسرا رکن یعنی نماز اسے صرف پڑھتے نہیں بلکہ اسے قائم کرتے ہیں زکوٰۃ دیتے ہیں ہمیشہ اللہ رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں یہ لوگ ہیں کہ ان پر اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور ہر قسم کی رحمتیں فرمائے گا۔ دنیا میں بھی۔ مرتے وقت بھی۔ قبر میں بھی حشر میں بھی پل صراط پر بھی اور جنت میں بھی۔ اللہ تعالیٰ غالب بھی ہے کہ اسے کوئی عطا و کرم سے روک نہیں سکتا اور ساتھ ہی حکمت والا بھی کہ جسے جو دیا جاوے گا حکمت سے دیا جاوے گا۔ حکمت سے دیا ہے اور دے گا۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ کسی مسلمان کو مسلمانوں سے دلی عداوت و دشمنی نہیں ہو سکتی۔ اگرچہ ان کی آپس میں جنگ۔ قتل و خون ہو جاوے۔ یہ چیزیں غل ہیں یعنی دل کا میل و کچیل عارضی نفرت یہ فائدہ لفظِ اولیاء کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ اولیاء بمعنیٰ دوست ہو۔ رب تعالیٰ نے مسلمانوں کے متعلق خبر دی کہ مومنین ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اس کی خبر سچی ہے۔ جنت میں جاتے وقت یہ غل یعنی دل کا میل بھی دور کر دیا جاوے گا

marfat.com

فرماتا ہے وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ حضور انور کے بعد صحابہ میں آپس میں جنگیں ہوئیں مگر انہیں مُحَمَّدَاءُ بَیْنَهُمْ فرمایا گیا۔ یعنی آپس میں رحیم و کریم۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے آپ کے ساتھ بہت کچھ کیا مگر رہے ہدایت کے تارے اَحَدَ عَشَرَ کو کہلائے یہ مخالفتیں عارضی ہوتی ہیں۔

دوسرا فائدہ: مسلمانوں کی محبت کافروں سے کبھی نہیں ہو سکتی۔ ہوگی تو عارضی۔ ظاہری یعنی نفسانی نہ کہ دلی جیسے آدمی اور پالتو سانپ کی محبتیں جو محض عارضی ہوتی ہیں۔ یہ فائدہ بھی اسی لفظِ اولیاء سے حاصل ہوا تیسرا فائدہ: مسلمانوں کی محبتیں مرنے سے ختم نہیں ہو جاتیں بلکہ باقی رہتی ہیں ایمان باقی ہے تو اس کی محبتیں بھی باقی۔ یہ فائدہ بھی لفظِ اولیاء سے حاصل ہوا۔ جب مومن مرنے بعد بھی مومن رہتے ہیں۔ تو ایک دوسرے کے دوست بھی رہتے ہیں۔ دیکھ لو زندہ مسلمان تمام مردہ و زندہ مسلمانوں کو اپنی دعاؤں ایصالِ ثواب۔ ختم خمات میں شامل کرتے۔ بلکہ اپنی نمازوں میں انہیں یاد کرتے ہیں۔ کہ کہتے ہیں رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ ادھر قبر والے زندہ مومنوں کو بقدرِ مرتبہ فیض پہنچاتے ہیں۔ **چوتھا فائدہ:** مسلمان آپس میں ایک دوسرے کے مددگار ہیں یہ مدد لینا و دینا شرک نہیں بلکہ برحق ہے یہ فائدہ اولیا کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ اُولیاء بمعنی مددگار ہو۔ رب فرماتا ہے اِنَّمَا وَلِیُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تمہارے مددگار اللہ رسول اور مومنین ہیں۔

**پانچواں فائدہ:** مسلمانوں کی یہ آپس کی مدد یں موت سے ختم نہیں ہو جاتیں بلکہ تاقیامت باقی رہتی ہیں یہ فائدہ بھی اسی اولیاء کی اس دوسری تفسیر سے حاصل ہوا کہ اس مدد کی وجہ ایمان ہے وہ تو بعد موت بھی قائم۔ دیکھو زندہ مسلمان مُردوں کی مدد اپنے صدقات و خیرات ایصالِ ثواب کبھی ان کی طرف سے قربانی اور حج بدل وغیرہ سے کرتے ہیں اسی آیت کا ظہور ہے ایمان بڑا مضبوط رشتہ ہے جو کبھی نہیں ٹوٹتا۔ **چھٹا فائدہ:** ایمان کے درجے مختلف ہیں۔ از ولی تا گنہگار سب ہی مومن ہیں لہٰذا ان کی مدد یں بھی مختلف ہیں حتیٰ کہ اولیاء اللہ کی ایک جماعت کا نام غوث ہے یعنی مددگار جیسے انصاری اور مسلمانوں میں جماعت انصار۔ یہ فائدہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ اور اَلْمُؤْمِنَاتِ کے اطلاق سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ:** ہر مسلمان مبلغ ہونا چاہیئے بقدرِ طاقت۔ تبلیغ صرف علماء اولیاء پر ہی نہیں یہ فائدہ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ:** تبلیغ صرف ایک بار تک جاوے بلکہ مرتے دم تک کی جاوے یہ فائدہ یَاْمُرُوْنَ اور یَنْهَوْنَ مضارع فرمانے سے حاصل ہوا۔

**نواں فائدہ:** تبلیغ صرف زبانی پر نہ قناعت کی جاوے بلکہ قلم۔ زبان۔ عمل۔ ہاتھ وغیرہ سب سے تبلیغ کرے حتیٰ کہ مسلمان بادشاہ۔ حکام بزورِ حکومت تبلیغ کریں یہ فائدہ یَاْمُرُوْنَ اور یَنْهَوْنَ کے اطلاق سے حاصل ہوا بعض اللہ کے بندے مرے بعد بھی تبلیغ کر رہے ہیں۔ مصنفین علماء کی تبلیغیں حضراتِ اولیاء اللہ کی قلبی اور

marfat.com

روحانی تبلیغیں اُن کی قبروں سے جاری ہیں۔ داتا گنج بخش لاہوری کے مزار مقدس سے وابستہ بدمذہب نہیں ہوتے۔ ان کے مزار پر حاضری سے دل کا رنگ بدل جاتا ہے یہ ہے یَامُرُوْنَ اور یَنْهَوْنَ کا ظہور۔ آج مشاہدہ کرلو۔ **دسواں فائدہ**۔ نماز پڑھنا زکوٰۃ دینا کمال نہیں بلکہ نماز قائم کرنا زکوٰۃ دیتے رہنا کمال ہے اللہ تعالیٰ یہ نعمت عطا کرے یہ فائدہ یُقِیْمُوْنَ اور یُؤْتُوْنَ سے حاصل ہوا۔

**گیارہواں فائدہ**: اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت بالکل ایک طرح ایک نوعیت کی چاہیئے مستقل، مطلق اور ہر طرح یہ فائدہ یُطِیْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ سے حاصل ہوا کہ ایک اطاعت کا تعلق اللہ تعالیٰ سے بھی ہے اور رسول سے بھی بیچ میں فِ نہیں بلکہ واؤ ہے بلکہ حضور کی اطاعت کے ضمن میں ہی خدا کی اطاعت ہے وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو راضی کرلو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو جاوے گی۔ شعر۔

وہ رب کے ہیں رب ان کا ہے جو ان کا ہے وہ رب کا ہے بے ان کے جو رب سے ملا چاہے دیوانہ ہے سودائی ہے

**بارہواں فائدہ**۔ حضور انور کا ذکر اللہ کے ساتھ ملا کر کرنا شرک یا کفر نہیں بلکہ سنتِ الٰہیہ ہے یہ فائدہ بھی یُطِیْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ کے واؤ سے حاصل ہوا رب نے خود اپنے حبیب کو اپنے سے ملا لیا پھر انہیں جدا کون کرے۔ حضرت حسان حضور انور کے شاعر فرماتے ہیں شعر

ضَمَّ اِلَا لُ اسْمَ النَّبِیِّ بِاسْمِهٖ اِذْ قَالَ فِی الْخَمْسِ الْمُؤَذِّنُ اَشْهَدُ

**تیرہواں فائدہ**: اللہ تعالیٰ ہم مسلمانوں پر رحم کر چکا کہ ایمان دیا۔ اپنے حبیب کا کلمہ عطا فرمایا۔ رحم کر رہا ہے کہ اعمال کی توفیق دے رہا ہے۔ رحم کرے گا کہ ہمارے گناہ بخشے گا۔ یہ فائدہ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ سے حاصل ہوا۔ ہم سب دریائے رحمت میں مچھلیوں کی طرح تیر رہے ہیں۔

**پہلا اعتراض**۔ ربُّ العالمین نے یہاں فرمایا کہ مومن آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں مگر جتنی عداوتیں دشمنیاں مسلمانوں کی آپس میں ہیں اتنی کسی اور قوم و مذہب میں نہیں۔ تو یہ کلام کیسے درست ہوا۔ **جواب**۔ اعتراض کا جواب ابھی فائدوں میں عرض کیا گیا کہ یہ عارضی دل کی کدورتیں ہیں جن کے لیئے بقاء نہیں جیسے کبھی باپ بیٹے بلکہ ماں بیٹی بھائی بھائی لڑ پڑتے ہیں۔ عارضی طور پر ان کی یہ کدورتیں بھی دنیاوی آفات میں سے ایک آفت ہے جس کے ذریعے گناہوں کی معافی ہوتی ہے۔ جسمانی نفسانی لڑائی جھگڑے ہوتے ہیں مگر ایمانی روحانی دوستی ہے یہ لڑائی جھگڑے اس دوستی کی ضد نہیں۔ **دوسرا اعتراض**: قرآنِ مجید نے منافقین کے متعلق فرمایا بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ اور مومنوں کے متعلق فرمایا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ یعنی بجائے مِنْ کے اولیاء ارشاد ہوا۔ اِس اختلافِ بیان کی وجہ کیا ہے۔ **جواب**: منافقین آپس میں ایک دوسرے کی

اتباع میں کفر و منافقت کرتے تھے محض نفسانی اور شیطانی دھوکوں سے لہٰذا ایک دوسرے کے گویا ہم جنس تھے یعنی نفسانیت شیطانیت میں یکساں۔ مگر مومنین آپس میں ایک دوسرے سے موافقت یعنی دوستی و مدد اللہ تعالیٰ کی توفیق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے توسّل سے کرتے تھے لہٰذا انہیں ایک دوسرے کا ولی فرمایا گیا (تفسیر خازن) یا یوں کہو کہ منافقین نہ تو ایک دوسرے کے مددگار تھے نہ دوست صرف اسلام دشمنی میں موافق تھے۔ وقت پر ایک دوسرے کا ساتھ چھوڑ دیتے۔ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا یَنْصُرُوْنَهُمْ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ مومنین بفضلہٖ تعالیٰ ایک دوسرے کے سچے دوست پکے مددگار ہیں اس لیئے طرز بیان میں فرق ہوا۔ **تیسرا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ سے اشارۃً معلوم ہوا کہ کفار ایک دوسرے کے دوست نہیں حالانکہ فی زمانہ جتنا اتفاق کفار میں ہے اتنا مسلمانوں میں نہیں۔ دیکھو آج عیسائی۔ ہنود اور یہود سے کیسے متفق اُن کے کیسے مددگار ہیں۔ **جواب**۔ یہ اتفاق نہیں بلکہ سیاسی چال ہے ان میں سے ہر ایک اپنی خود غرضی سے دوسروں کی مدد کرتا ہے۔ کسی سے لڑانے اپنے مُلک کو جنگ کے شعلوں سے بچانے کے لیئے عیسائی یہودی دوست تو کیا ہوں گے یہ تو خود آپس میں ایک دوسرے کے دوست نہیں۔ ولایتی عیسائیوں کا گرجا اور ہے دیسی عیسائیوں کا گرجا دوسرا بلکہ مرے بعد بھی متفق نہیں۔ دیکھ لو انگریز عیسائیوں کا قبرستان علیحدہ ہے۔ دیسی صاحب بہادروں کا قبرستان الگ اور چوہڑے عیسائیوں کا قبرستان بالکل ہی علیحدہ ہے یہ ایک دوسرے کے قبرستان میں دفن نہیں ہو سکتے۔ خود ہندو اونچی جاتی اور نیچی جاتی والے متفق نہیں بیاہ شادی تو کیا ایک دوسرے کا کھانا پانی حقہ استعمال نہیں کرتے۔ **چوتھا اعتراض**۔ اس آیت کریمہ میں تبلیغ نماز۔ زکوٰۃ کے بعد اللہ رسول کی اطاعت کا ذکر ہوا حالانکہ وہ کام بھی اللہ رسول کی اطاعت ہی ہے۔

**جواب**۔ یا اس لیئے کہ پہلے روزہ۔ جہاد وغیرہ کا ذکر نہ ہوا تھا۔ اطاعت میں ان سب کا اجمالی ذکر کر دیا گیا۔ یا یہ مطلب ہے کہ مومنین نماز۔ زکوٰۃ وغیرہ منافقوں کی طرح سیاسی چال کے لیئے نہیں کرتے بلکہ محض اللہ رسول کی اطاعت کے لیئے کرتے ہیں۔ **پانچواں اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا کہ ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کرے گا تو کیا ابھی ان پر رحم نہیں کیا قہر کیا ہے۔ **جواب**۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا۔ کہ توفیق خیر دنیا دنیا میں رحم ہے اور اعمال قبول کر کے ان کی جزا اپنا قرب عطا فرمانا اُخروی رحم ہے یہاں اس دوسرے رحم کا ذکر ہے نیز اس میں اشارۃً فرمایا گیا کہ جو کچھ مومنوں کو دیا گیا جو کچھ دے گا یہ سب رحم سے ہوگا۔ نہ کہ محض انکے استحقاق سے۔ **چھٹا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا کہ مومنین ایک دوسرے کے مددگار ہیں مگر دوسری جگہ ارشاد ہے وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ۔ اللہ کے سوا تمہارا مددگار اور ولی کوئی نہیں دونوں آیتوں میں تعارض ہے۔ **جواب**۔ وہاں دُوْنَ بمعنیٰ مقابل ہے یعنی اللہ کے مقابل نہ تمہارا کوئی ولی ہے

marfat.com

نہ مددگار مگر جسے اللہ اپنے بندوں کا مددگار بنادے وہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے مددگار ہے یا وہاں خطاب کفار سے ہے یعنی اے کافرو تمہارا مددگار کوئی نہیں اس کی تائید وہ آیت کرتی ہے۔ وَمَنْ يَّنْصُرُهُمُ اللّٰهُ فَلَا نَاصِرَ لَهٗ اس قسم کی آیات ہماری کتاب فہرست القرآن میں دیکھو نیز جاء الحق حصہ اوّل کا مطالعہ کرو۔

**تفسیر صوفیانہ** مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے سے ایمان اخلاص دین حق کی پیروی میں متفق ہیں اور بعض بعض کے دنیاوی دینی کاموں میں مددگار ہیں حتیٰ کہ مرشدین اپنے مریدوں کو درجاتِ سلوک طے کرانے تربیت اور تزکیہ نفس اور رب تعالیٰ تک پہنچانے میں مددگار ہیں ایک دوسرے کو طلبِ مولیٰ کا حکم کرتے ہیں۔ کفر و گناہ طلبِ دنیا اور ہر اُس چیز سے جو رب سے دور کرے منع کرتے ہیں۔ ہمیشہ نماز میں رہتے ہیں۔ جسمانی نماز میں پانچ وقت۔ جنانی اور روحانی نماز میں ہر وقت انہیں حضوری بارگاہ سے کوئی چیز نہیں روکتی رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ اور فرماتا ہے هُمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ دَآئِمُوْنَ یہ لوگ مکاشفہ اور قلوب والے ہیں۔ اپنے کمال اپنے حال کی زکوٰۃ دیتے ہیں کہ اکیلے رب تک نہیں پہنچتے۔ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی لے جاتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی عبادات ظاہری و باطنی میں اللہ و رسول دونوں کی اطاعت کرتے ہیں۔ منافقوں کی طرح نفسانی دنیاوی نماز نہیں پڑھتے بلکہ روحانی جنانی پڑھتے ہیں جو لوگ ان صفات سے موصوف ہیں انہیں اللہ تعالیٰ عذاب سے نجات اپنی تائید نصرت دے گا۔ بُعد (دوری) کے عذاب سے بچائے گا۔ صوفیا فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان پانچ صفات والوں پر پانچ جگہ رحم فرمائے گا۔ سکرات کے وقت آسانی کرے گا۔ شیطان سے ان کا ایمان بچائے گا۔ قبر میں وہاں کی تاریکی کے عذاب سے بچائے گا۔ قیامت میں نامۂ اعمال پڑھتے وقت ندامت سے بچائے گا۔ میزان پر ان کی نیکیاں وزنی گناہ ہلکے کرے گا۔ پیشی بارگاہ کے وقت ان کے عیب چھپائے گا۔ جواب آسان فرما دیگا۔ جو نماز فجر کا پابند ہو۔ اس پر سکرات موت آسان ہوگی۔ نماز ظہر کی پابندی سے قبر کی مشکلات حل ہوں گی۔ نمازِ عصر سے منکر نکیر کے امتحان میں کامیابی دے گا۔ نمازِ مغرب کی برکت سے میزان کی مشکل حل کرے گا۔ نمازِ عشاء کی برکت سے پل صراط آسانی سے طے کرائے گا۔ اب پڑھو سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ۔ (روح البیان)

marfat.com

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

وعدہ کیا اللہ نے مومن مردوں اور مومنہ عورتوں سے ان باغوں کا کہ بہتی ہیں

اللہ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں سے باغوں کا وعدہ دیا ہے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ

نیچے ان کے نہریں ہمیشہ رہنے والے وہ اُن میں اور گھروں کا۔

جن کے نیچے نہریں رواں ان میں ہمیشہ رہیں گے اور پاکیزہ مکانوں کا

طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ

عمدہ باغوں میں ٹھہرنے کے اور رضامندی اللہ کی بہت بڑی ہے

بسنے کے باغوں میں اور اللہ کی رضا سب سے بڑی یہ ہے

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۷۲﴾ ع ۹ ۱۵

یہی وہ کامیابی ہے بڑی

بڑی مراد پائی

**تعلق**۔ اس آیتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**۔ گذشتہ آیات میں منافقین وکفار کے متعلق دوزخ وغیرہ کی وعیدوں کا ذکر ہوا وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ (الخ) اب اس آیت میں اُس کے مقابل مومنوں سے جنت وغیرہ کے وعدوں کا ذکر ہے کیونکہ ہر چیز اپنے مقابل سے پہچانی جاتی ہے۔ **دوسرا تعلق** پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ منافقوں کافروں کے اعمال دنیا و آخرت میں ضبط ہو گئے۔ اب اُن کے مقابل مومنوں کے نیک عقائد نیک اعمال کی قبولیت اُن کے فائدہ مند ہونے کا تذکرہ ہے کہ وہ آخرت میں اُن کی برکت سے جنتیں وغیرہ پائیں گے۔ **تیسرا تعلق** پچھلی آیت میں مسلمانوں کے پانچ اعمال کا ذکر ہوا اب اُن پانچ اعمال کی تین جزاؤں ان کے ثوابوں کا تذکرہ ہے۔ گویا کاشت کا ذکر ہو چکا اب پھل پھول کا ذکر ہو رہا ہے۔ **چوتھا تعلق**۔ پچھلی آیت میں اجمالی طور پر اللہ کے رحم وکرم کا ذکر ہوا اب اِس رحم وکرم کی تفصیل ارشاد ہو رہی ہے۔

**تفسیر**:۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بعض مفسرین نے فرمایا کہ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ (الخ)

marfat.com

میں دنیاوی رحمت وکرم کا ذکر تھا جو متقی مومنوں پر ہوتا ہے اور ہوگا اور اب یہاں اُخروی رحمتوں کا تذکرہ ہے اس لیئے وہاں سَیَرْحَمُهُمُ ارشاد ہوا سین کے ساتھ اور یہاں وَعَدَ اللّٰهُ ارشاد ہوا (تفسیر روح المعانی) خیال رہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سارے وعدے بلا واسطہ کیئے کہ رب نے فرمائے حضور انور نے سُنے اور حضور انور کی امت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ سے کیئے کہ جو حضور انور نے فرمادیا وہ رب کا وعدہ ہوگیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ وعدے بعضوں سے مخفی ہوئے جیسے صدیق جنتی ہیں۔ عمرؓ عثمان علی جنتی ہیں۔ حسن وحسین جنتی جوانوں کے سردار ہیں وغیرہ۔ اور بعضوں سے صنفی یا نوعی یا جنسی۔ یہاں دونوں قسم کے وعدے شامل ہیں مومنین مرد اور مومنین عورتیں مختلف درجات کے ہیں گنہگار۔ نیک کار۔ پرہیزگار علماء صالحین۔ اولیاء کاملین جس درجہ کا مومن اس ہی درجہ کا اس سے وعدہ فرمایا کہ وَعَدَ اللّٰهُ اور اَلْمُؤْمِنِيْنَ ان دونوں میں بڑی وسعت ہے۔ چونکہ مرد عورت سے افضل ہے نیز مردوں میں نبی بھی ہیں اور عام و خاص اولیاء۔ عورتیں اِس کمال سے خالی ہیں کہ اِن میں نبی کوئی نہیں بہت تھوڑی بیبیاں ولیہ ہیں۔ ان وجوہ سے مومنین پہلے ارشاد ہوا اور مومنات بعد میں وعدہ کے معنیٰ ہیں آئندہ نفع کی خبر۔ جَنّٰت یہ وَعَدَ کا دوسرا مفعول ہے۔ جنات جنت کی جمع ہے۔ روضہ بستان۔ حائط۔ جنت ان سب کے معنیٰ ہیں باغ۔ مگر جنت وہ باغ ہے جو چار دیواروں سے گھرا ہو۔ ہر ایک کی اُس تک نظر نہ پہنچے یا گھنا باغ جس کی زمین درختوں سے چھپی ہوئی ہو۔ جُنَّ میں چھپنے کے معنیٰ ہیں۔ جیسے مومنین کے طبقے مختلف ہیں ایسے ہی جنت کے طبقے بھی ہیں۔ جیسا مومن ویسی اُس کے لیئے جنت۔ اِس لیئے جَنّٰات جمع ارشاد ہوا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایک مومن کو کئی جنتیں عطا ہوں گی لہٰذا جَنّٰات جمع فرمایا گیا۔ خیال رہے کہ بعض وہ حضرات ہیں جن کا وعدہ جنتی ہو چکا جیسے حضراتِ عَشَرَہ مُبَشَّرہ۔ شعر

وہ یارِ بہشتی اند قطعی ✧ ابوبکرؓ و عمرؓ علیؓ و عثمانؓ
سعدؓ است و سعیدؓ و ابوعبیدہؓ ✧ طلحہؓ و زبیرؓ و عبدالرحمٰنؓ
وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا ✧ اس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام

اور عام مومنوں سے وعدہ مشروط ہے کہ اگر تمہارا خاتمہ ایمان پر ہوا تو جنت پاؤ گے۔ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یہ فرمانِ عالی جنات کی صفت ہے مِنْ کے بعد قصور یا اشجار پوشیدہ ہے۔ اَنہار اور بحار یعنی نہر اور دریا کا فرق ہم بارہا بیان کر چکے یعنی ان جنتوں محلوں کے نیچے یا اُن کے درختوں کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ چونکہ وہاں چار قسم کی نہریں ہوں گی۔ پانی کی۔ دودھ کی۔ شراب طہور کی اور شہد کی۔ اس لیئے انہار جمع فرمایا یعنی ایسے باغوں کا وعدہ فرمایا جن کے درختوں کے نیچے نہریں رواں ہیں۔ جن سے اُن کا حسن تر و تازگی اور بھی زیادہ ہوتا

ہے ظاہر یہ ہے کہ ان جنتوں سے اہلِ جنت کے وہ باغات مراد ہیں جہاں سیر و تفریح کے لیئے جایا کریں گے۔ اگرچہ ان میں اُن کے آرام کرنے کے لیئے بنگلے بھی ہوں گے۔ رہائشی گھر اور ان گھروں کے ارد گرد باغ اِن کے علاوہ ہونگے۔ کیونکہ آگے ارشاد ہے وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً۔ یہ عبارت معطوف ہے جَنّٰتٍ پر مَسٰكِنَ جمع ہے مسکن کی بمعنیٰ رہائشی مکان کوٹھیاں بنگلے۔ طَيِّبَةً بنا ہے طِيْبٌ سے بمعنیٰ پاکیزگی یا خوشبو چونکہ وہ مکان گندگی۔ آلائش۔ بدبو اور کوڑے کرکٹ سے پاک وصاف ہوں گے لہٰذا انہیں طیبۃ فرمایا گیا۔

فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ یہ عبارت ثَابَتَةٌ پوشیدہ کے متعلق ہو کر مَسٰكِنَ کی صفت ہے۔ عَدْنٌ کے لغوی معنیٰ ہیں ٹھیرنا رہنا قرار پانا۔ عرب کہتے ہیں عَدَنَ بِالْمَكَانِ وہ گھر میں ٹھہرا رہا۔ اس لیئے مکان کو مَعْدِن کہتے ہیں کہ اس میں دیر تک رہتی ہے یعنی جنتیوں کے رہنے کے مکانات دوسرے باغوں میں ہوں گے۔ جو ہمیشہ قائم رہنے والے نہ فنا ہوں نہ پرانے ہو کر قابل مرمت ہوں۔ اس تفسیر سے یہ باغات سارے جنتیوں کے لیئے ہیں۔ مگر دوسری تفسیر یہ ہے کہ عَدْنٌ جنت کے ایک اعلیٰ طبقے کا نام ہے کیونکہ دوسری جگہ فرماتا ہے جَنّٰتُ عَدْنٍ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ دیکھو وہاں اَلَّتِيْ عدن کی صفت ہے۔ اگر عدن نام نہ ہوتا بلکہ نکرہ ہوتا تو اس کی صفت اَلَّتِيْ معرفہ نہ آتی نیز حضرت عمرو ابن عاص فرماتے ہیں کہ جنت میں ایک خاص محل ہے جسے عدن کہتے ہیں اس کے ارد گرد بے شمار محلات اور باغات ہیں۔ اس کے پانچ ہزار دروازے ہیں۔ اس میں نبی شہید یا صدیق جائیں گے۔ حضرت عطاء ابن سائب کہتے ہیں کہ عَدْنٌ جنت کی ایک نہر ہے جس کے دو طرفہ کناروں پر بے شمار محلات باغات ہیں (روح المعانی و کبیر) اس صورت میں مَسٰكِنَ طَيِّبَةً کا بعض خاص جنتیوں سے وعدہ کیا گیا ہے۔ یہاں دو قسم کے مومنوں سے دو وعدوں کا ذکر ہے (تفسیر کبیر و معانی) بہرحال اس آیت کی دو تفسیریں ہیں۔ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ یہ جنتیوں کی تیسری نعمت کا ذکر ہے جو ان دونوں سے اعلیٰ و افضل ہے۔ یہ جملہ مستقل ہے اس میں رضوان مبتدا ہے۔ اور اکبر خبر۔ رضوان کے معنیٰ ہیں راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ اس میں تنوین تلی بیان کرنے کے لیئے ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی تھوڑی سی رضامندی بھی ان سب سے بڑی ہے یہ بھی اہل جنت کو عطا ہوگی۔ حضرت ابو سعید خدری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رب تعالیٰ اہل جنت سے فرمائے گا۔ اے جنتیو! کیا تم راضی ہو گئے۔ عرض کریں گے مولا کیوں راضی نہ ہوں۔ تو نے ہم کو وہ نعمتیں دی ہیں جو کسی کو نہ دیں۔ فرمائے گا۔ میں تم کو اُن سب سے اعلیٰ نعمت دوں گا۔ عرض کریں گے۔ مولا اِن سے افضل کیا چیز ہو سکتی ہے فرمائے گا تم سے راضی رہوں گا کبھی ناراض نہ ہوں گا (معانی) چونکہ یہ نعمت سب نعمتوں سے اعلیٰ ہے نیز رضائے الٰہی۔ دنیا و آخرت دونوں جگہ کی نعمت ہے ان وجوہ سے طرز بیان اس میں بدلا ہوا ہے

marfat.com

روح المعانی وخازن کبیر) ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔ یہ فرمان گذشتہ سارے مضمون کا تتمہ ہے۔ ذٰلِكَ سے اشارہ یا تو گذشتہ ساری نعمتوں کی طرف ہے یا رضاءِ الٰہی کی جانب یعنی ان نعمتوں کا حاصل ہو بڑی کامیابی ہے جن کے مقابل تمام کامیابیاں ہیچ ہیں۔

**خلاصۂ تفسیر** ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس آیت کی کریمہ کی دو تفسیریں ہیں۔ ایک تفسیر کی بنا پر سارے مومنین سے تین وعدے ہیں۔ سیر و تفریح کے باغوں کا وعدہ۔ رہنے سہنے کے مکانات کا وعدہ جو دوسرے قسم کے باغوں میں واقع ہیں اور رضاءِ الٰہی کا وعدہ۔ دوسری تفسیر میں عام مومنوں سے دو وعدے باغات اور رضاءِ الٰہی کے۔ خاص مومنین سے جَنّٰتِ عَدْنٍ کا وعدہ جو جنت کے باقی طبقوں سے افضل و اشرف ہے۔ ہم پہلی تفسیر کا خلاصہ عرض کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مومن مردوں مومن عورتوں سے مطابق ان کے درجات کے بلا واسطہ یا بالواسطہ تین وعدے فرمائے۔ ایسے باغات کا جن کے نیچے چار نہریں دودھ۔ شراب طہور۔ پانی۔ خالص شہد کی نہریں رواں ہیں۔ یہ لوگ اپنے ان باغوں میں سیر و تفریح کیا کریں گے۔ دوسرے ایسے اعلیٰ درجے کے رہائشی کوٹھیوں بنگلوں کا جو دوسری قسم کے باغات ہیں جن کے لیئے کبھی نہ فنا ہے نہ خزاں سدا بہار ہیں۔ تیسرے رب تعالیٰ کا دائمی راضی رہنا۔ یہ اُن دونوں نعمتوں سے بڑی ہے۔ یہ چیزیں بڑی ہی کامیابی ہیں رب فرماتا ہے اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ مومنوں کو چاہیئے کہ اس کامیابی کی کوشش کریں کہ نعمتیں فانی ہیں۔ یہ نعمتیں اَبَدُ الْاٰبَاد تک باقی خَالِدِيْنَ فِيْهَا نہ انہیں موت آوے نہ فنا ہوں۔ طبری نے بروایت عمران ابن حصین و ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما روایت کی کہ جنت میں ایک محل ایک موتی کا ہوگا۔ جس میں ستر گھر سرخ یاقوت کے ہوں گے۔ ہر گھر میں ستر کمرے سبز زمرد کے ہر کمرہ میں ستر تخت ہر تخت پر ستر بستر ہر بستر پر ایک حور عین اور ہر کمرہ میں دسترخوان ہر دسترخوان پر ستر قسم کے کھانے (تفسیر خازن) رب تعالیٰ اپنے کرم سے نصیب کرے

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وعدے درحقیقت رب تعالیٰ کے وعدے ہیں جنہیں رب تعالیٰ ضرور پورا فرمائے گا یہ فائدہ وَعَدَ اللّٰهُ کے اطلاق سے حاصل ہوا کہ وعدۂ الٰہی خود بلا واسطہ ہو یا بالواسطۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ لہٰذا حضراتِ صحابہ کرام جنہیں جنت کی بشارت حضور انور نے دی وہ قطعاً یقیناً جنتی ہیں جیسے حضراتِ خلفاء راشدین یا عشرہ مبشرہ یا حضراتِ حسنین کریمین اور حضرتِ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہم اجمعین **دوسرا فائدہ:** جس درجے کا مومن اُسی درجہ کی اس کے لیئے جنت اسی لیئے جنت کے طبقات و درجات مختلف ہیں کہ اُن کے مستحقین مختلف ہیں یہ فائدہ مُؤْمِنِيْنَ مُؤْمِنٰتٌ اور جَنّٰتٌ کی جمع فرمانے سے اشارۃً

marfat.com

حاصل ہوا۔ تیسرا فائدہ۔ صرف ایمان جنتی ہونے کا ذریعہ ہے۔ اگرچہ مومن کے پاس نیک اعمال نہ ہوں یہ فائدہ صرف مومن مومنات فرمانے سے حاصل ہوا کہ اعمال صالحہ اس وعدے کے لیئے قید نہیں لگائی گئی۔ نیک اعمال تو اوّل سے جنتی ہونے یا بلندیٔ مراتب کا ذریعہ ہیں۔ گنہگار مومن بھی آخرکار جنتی ہوگا۔ بعض مومن وہ بھی ہیں جن کے پاس نیک اعمال نہیں۔ جیسے وہ صحابہ جو ایمان لاتے ہی وفات پا گئے یا مسلمانوں کے نابالغ ناسمجھ فوت شدہ بچے۔ مگر عند اللہ مومن وہ ہے جس کا خاتمہ ایمان پر ہو جائے۔ **چوتھا فائدہ۔** جنتی لوگوں کو کچھ باغ تو سیر و تفریح کے لیئے دیئے جائیں گے اور کچھ باغ رہائش کے لیئے جن میں ان کی کوٹھیاں بلڈنگیں ہوں گی۔ یہ فائدہ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ کہ یہاں جَنّٰتٌ دو جگہ ارشاد ہوا۔ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ الخ اور فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ اگر یہ وعدہ سارے جنتیوں کے لیئے ہو۔ **پانچواں فائدہ۔** بعض خوش نصیب بندوں کے لیئے جنت عدن ہے اور بعض کے لیئے جنت کے عام طبقہ۔ یہ فائدہ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ عَدْنٌ ایک خاص طبقہ کا نام ہو۔ اور یہ دو وعدے دو قسم کے جنتیوں سے ہوں۔ **چھٹا فائدہ۔** نہ جنت کو فنا ہے نہ جنتیوں کو نہ جنت کی نعمتوں حور و غلمان پھل وغیرہ کو۔ یہ فائدہ خَالِدِيْنَ فِيْهَا سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ:** اعلیٰ درجہ کی نعمت اللہ تعالیٰ کی رضا ہے جس سے رب تعالیٰ راضی ہو جاوے۔ وہ دین و دنیا میں کامیاب ہوا۔ یہ فائدہ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ:** جنت کی تمام نعمتیں ہمارے اعمال کا بدلہ ہو سکتی ہیں مگر اللہ تعالیٰ کی رضا کسی عمل کا بدلہ نہیں یہ محض رحم و کرم ہے یہ فائدہ اس نعمت کو الگ عنوان سے بیان فرمانے سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض:** اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ صرف مومن مردوں عورتوں سے جنت کا وعدہ ہے تو چاہیئے کہ مسلمان کے فوت شدہ ناسمجھ بچے جنتی نہ ہوں۔ کیونکہ انہیں ایمان لانے کا وقت ہی نہ ملا حالانکہ وہ بھی جنتی ہیں۔ **جواب۔** وہ اپنے ماں باپ کی تابع ہو کر مومن ہیں اسی لیئے ان پر نمازِ جنازہ بھی ہوتی ہے اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن بھی کیئے جاتے ہیں دوسری جگہ رب تعالیٰ فرماتا ہے وَاَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ غرضکہ مومنین عام ہے خواہ بذات خود مومن ہوں یا کسی کے تابع ہو کر۔ **دوسرا اعتراض۔** تو چاہیئے کہ کفار کے ناسمجھ فوت شدہ بچے جنتی نہ ہوں کیونکہ نہ خود مومن ہیں نہ ان کے ماں باپ مومن حالانکہ وہ بھی جنتی ہیں۔ **جواب۔** وہ جنتی نہیں بلکہ جنتیوں کے خدام ہیں۔ جیسے وہاں کے حور و غلمان۔ جنتی ہونے کے لیئے ایمان شرط ہے۔ اس کی دلیل بہت آیات و احادیث ہیں۔ **تیسرا اعتراض۔** دوسری آیات میں جنتی ہونے کے ایمان و اعمال دونوں کی شرط لگائی گئی ہے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ مگر یہاں صرف ایمان کا ذکر ہوا آیات میں تعارض ہے **جواب۔** ان آیات میں پہلے سے ہی جنتی ہونے کا ذکر

marfat.com

ہے یہاں مطلقاً جنتی ہونے کا۔ واقعی اوّل سے ہی داخلِ مومن متقی کو میسّر ہوگا۔ غیر متقی مومن کے لیئے یہ بات یقینی نہیں۔ **چوتھا اعتراض**۔ اس آیتِ کریمہ میں دو جگہ جَنّٰت ارشاد ہوا دو عنوانوں سے اوّلاً جَنّٰتٍ تَجْرِیْ الخ، دوسرے فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ اس فرق کی کیا وجہ ہے۔ **جواب**۔ اس کی دو وجہیں ابھی تفسیر میں عرض کی گئیں۔ ایک یہ کہ اہلِ جنت کو دو قسم کے باغات ملیں گے۔ ایک سیر و تفریح کے لیئے دوسرے رہنے کے لیئے۔ جہاں ان کے مکانات ہوں گے۔ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ میں پہلے قسم کے باغات مراد ہیں۔ اور جَنّٰتِ عَدْنٍ میں رہنے کے باغات۔ اس لیئے یہاں ارشاد ہوا مَسٰکِنَ طَیِّبَۃً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ۔ دوسرے یہ کہ پہلے جنات سے عام اہلِ جنت کے باغات مراد ہیں۔ اور دوسرے جَنّٰت سے حضراتِ انبیاء علماء اولیاء شہدا کے باغات مراد۔ اِس صورت میں عَدْن جنت کا ایک خاص طبقہ ہے۔ **پانچواں اعتراض**۔ یہاں جنت کی تین نعمتوں کا ذکر ہوا مگر آخری نعمت یعنی رضاءِ الٰہی کا ذکر علیحدہ انداز نئے عنوان سے تذکرہ ہوا وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰہِ اَکْبَرُ اس فرقِ بیان کی کیا وجہ ہے۔ **جواب**۔ دو وجہ سے ایک یہ کہ رضاءِ الٰہی کسی عمل کا بدلہ نہیں۔ خاص عطیۂ رب ہے۔ باقی نعمتیں اعمال کا بدلہ بھی ہو سکتی ہیں۔ دوسرے یہ کہ اللہ کی رضا مومن کو دنیا میں بھی مل سکتی ہے۔ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ مگر باقی دو نعمتیں صرف جنت میں ملیں گی اگر یکساں طریقہ سے بیان ہوتا تو یہ فرق معلوم نہ ہوتا۔

**تفسیر صوفیانہ** وہ مرد و عورتیں جنہیں رب تعالیٰ نے ایمان شہودی بخشا کہ درختِ ایمان کی جڑ ان کے دلوں میں قائم ہوئی۔ یعنی خوفِ خدا عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کی شاخیں اُن کے اعضاءِ ظاہری میں پھیلیں کہ ہر عضو میں تقویٰ کی جلوہ گری ہوئی۔ انہیں شاخوں یعنی تقویٰ کا بدلہ اور ملے گا۔ اور جڑ یعنی خوف و عشق کا بدلہ کچھ اور ظاہری تقویٰ کا بدلہ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِہَا الْاَنْھٰرُ اور خوف و عشق کا بدلہ مَسٰکِنَ طَیِّبَۃً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ہے۔ جَنّٰتِ عَدْن حق تعالیٰ کی خاص تجلی گاہ ہے۔ وہاں ہی حضور انور کا مقامِ وسیلہ ہے۔ وہاں ہی درختِ طوبیٰ ہے جس کا سایہ جنت کے دوسرے حصّوں پر ہے اسی درخت کی جڑ سے جنت کی نہریں جاری ہیں۔ یہ درخت حضور انور کے گھر میں ہے۔ دنیا میں حضور سے ظاہری شریعت باطنی طریقت کی نہریں جاری ہوئیں۔ وہاں وہ نہریں جاری۔ دنیا میں ایک نعمت خاص بعض مخصوص بندوں کو ملتی ہے یعنی سوز و گداز۔ دل کی تڑپ بے چینی۔ رضاء بالقضاء صرف رب کی طلب ان کا مقصدِ حیات ہے۔ ان کا قول یہ ہے کہ مولیٰ اگر تو دوزخ میں ڈالنے پر راضی ہو جاوے تو قسم تیری کبریائی کی ہم جنت کی طرف دیکھیں گے بھی نہیں۔ ایسے بندوں کے لیئے رضاءِ الٰہی ہے۔ شعر

marfat.com

یکے می خواہد از تو جنت و حور — یکے خواہد کہ از دوزخ شود دور
ولیکن ما نخواہم این و آں چیست — مرادِ ما ہمیں خوشنودیِ تست
جو تو خوشنود گردی درد و عالم — ہمیں مقصود بس اللہ اعلم

حافظ شیرازی کہتے ہیں ۔ شعر

محبتِ حور نخواہم کہ بود عین قصور — باخیالِ تو اگر یاد گرے پردازم

یحیٰ ابن معاذ فرماتے ہیں کہ دنیا دیرانہ جگہ ہے اور جو دل کو دنیا آباد کرے وہ اس سے بڑھ کر ویرانہ ہے۔ آخرت آبادہ گہ ہے اور اس سے بڑھ کر آبادہ دل ہے جسے آخرت آباد کرے۔ فرماتے ہیں دنیا میں ایک جنت ایسی ہے جو اس جنت سے بڑھ چڑھ کر ہے وہ ہے معرفتِ الٰہی یعنی جنتِ معرفت۔ بایزید بسطامی فرماتے ہیں کہ معرفتِ الٰہی کی لذت جنّت الفردوس، اعلیٰ علیین سے افضل ہے۔ ساری جنتوں کی لذتیں ہیچ۔ ایک لذت کے مقابلہ میں۔ لوگوں نے پوچھا کہ وہ کونسی لذت ہے۔ فرمایا۔ آخری شب کی گریہ زاری جو خوفِ باری عشقِ مصطفوی میں ہو۔ (روح البیان) رب نصیب کرے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ

اے پیارے نبی سختی کرو کھلے کافروں پر اور منافقوں پر اور شدت کرو

اے غیب کی خبریں دینے والے نبی جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر اور ان پر سختی

عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۳﴾

ان پر اور ٹھکانہ ان کا دوزخ ہے اور برا ہے وہ ٹھکانہ

کرو اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور کیا ہی برا جگہ پلٹنے کی

تعلق۔ اس آیت کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق۔ پچھلی آیات میں کفار و منافقین کی اُخروی سزاؤں کا ذکر ہوتا رہا اور مسلمانوں کی اُخروی جزاؤں ثوابوں کا اُن کے مقابلہ میں ابھی ذکر ہوا۔ اب انہیں کفار و منافقین کی دنیاوی سزاؤں کا ذکر ہے۔ یعنی ان پر سنانی اور زبانی جہاد کرنا گویا دائمی عذاب کے بعد موجودہ وقتی عذاب کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں ارشاد ہوا کہ منافقوں کے نیک اعمال دنیا میں بھی برباد ہیں اور آخرت میں بھی۔ آخرت میں بربادی تو ظاہر تھی مگر دنیا میں بربادی سمجھ میں نہیں آتی۔ اب اس آیت کریمہ میں اس کی تفصیل کی جارہی ہے کہ ان

marfat.com

سے مراد زبانی جہاد ہوگا ان پر شدت و غلظت ہوگی۔ وہ نرمی کے مستحق نہیں۔ گویا یہ آیت کریمہ پچھلے اجمال کی تفصیل ہے۔ **تیسرا تعلق**: کچھ پہلے ارشاد ہوا تھا کہ رب تعالیٰ نے منافقین اور کفار دونوں سے دوزخ کا وعدہ فرمایا لیا۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ اب ارشاد ہو رہا ہے کہ وہ دونوں یعنی کفار و منافقین دنیا کی سزا میں بھی شریک ہیں دونوں پر سختی کرو۔ اگرچہ سختی کی نوعیت میں فرق ہے گویا ایک مشارکت کے بعد دوسری مشارکت کا ذکر ہے۔

**تفسیر**۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ ۔ اللہ تعالیٰ نے گذشتہ نبیوں کو ان کے نام شریف سے پکارا مگر ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کے صفات اور القاب سے ہی پکارا۔ جس سے حضور انور کی شان اور خصوصی قرب الٰہی ظاہر ہوتی ہے۔ اَلنَّبِیُّ یا تو ہے نَبَأٌ سے بمعنی شاندار خبر یا نبوۃ سے بمعنی اونچی شان لہٰذا نبی کے معنی ہوئے خبر والے یعنی غیبی خبریں دینے والے یا دونوں عالم کی خبر رکھنے والے یا بے خبروں کی خبر لینے والے۔ شعر

اُن پر درود جن کو کسی بے کساں کہیں　　اُن پر سلام جن کو خبر بے خبر کی ہے

یا نبوت والے یعنی اونچی شان والے جو لوگوں کے خیال و وہم سے ورا ہو (از روح البیان) خیال رہے کہ قرآن مجید میں دو جگہ حضور انور کو رسول کے خطاب سے ندا فرمائی یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ الخ اور یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ لَا یَحْزُنْكَ الَّذِیْنَ الخ۔ باقی جگہ نبی کے پیارے لقب سے پکارا ہے۔ مگر جہاد حضور کی اطاعت کا حکم دیا وہاں آپ کو رسول ہی کہا ہے۔ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ یا وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وغیرہ اس کی حکمت انشاء اللہ تفسیر صوفیانہ میں عرض ہوگی۔ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ ! ! یہ فرمانِ عالی ندا کا مقصود ہے۔ جاہد بنا ہے جہادٌ سے جس کا مادہ ہے جہد بمعنی مشقت کوشش، اصطلاح میں تبلیغِ دین کی کوشش کو جہاد کہا جاتا ہے۔ یہ کبھی تلوار سے ہوتی ہے کبھی زبان کبھی قلم سے۔ یہاں عام معنی میں ہے جس کا ظہور کھلے کافروں کے لیے بذریعہ تلوار ہوگا۔ اور منافقین کے لیے زبان وغیرہ سے۔ اَلْكُفَّارَ سے مراد سارے ہی کھلے غیر مسلم ہیں۔ خواہ مشرک ہوں یا دہریے یا اہلِ کتاب یا کوئی اور یعنی حضور انور کے سارے انکاری۔ اس میں اَلِف لام عہدی ہے لہٰذا ان سے مراد حربی کافر ہیں جو ذمی مستامن یا معاہد نہ ہوں۔ کہ ان تینوں پر تلوار کا جہاد نہیں۔ منافقین جو چھپے کافر جو زبان سے کلمہ پڑھیں اپنے کو مسلمان بتائیں مگر دل میں کافر ہوں۔ ان پر جہاد تلوار کا نہیں بلکہ زبان کا ہے یعنی انہیں رسوا کرنا انہیں برا کہنا وغیرہ۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ ان پر جہاد یہ ہے کہ شرعی سزائیں چوری۔ زنا وغیرہ کی حد دان پر جاری کی جاویں کہ اس زمانہ میں منافقین ہی اس قسم

marfat.com

کے جرم زیادہ کرتے تھے۔ (تفسیر خازن۔ روح البیان و معانی وغیرہ) فَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ یہ فرمان عام معطوف ہے جَاهِدِ الْكُفَّارَ پر یا تو یہ جہاد کا بیان ہے اور عطف تفسیری ہے یا جہاد سے مراد ہے منافقوں پر دلائل اسلام پیش کرنا۔ ان کے تمام شبہات کا قلع قمع کرنا اور غِلْظَت بعد شدّت سے مراد ہے انہیں جھڑکنا۔ آئندہ کے متعلق ڈرانا دھمکانا۔ کسی قسم کا نرم برتاؤ ان سے نہ کرنا۔ یہ تو ان کے دنیاوی عذاب کا ذکر ہوا آگے اُخروی عذاب کا تذکرہ ہے وَمَاوٰهُمْ جَهَنَّمُ۔ یعنی دنیا کی یہ تھیلا ان کے اُخروی عذاب کو دفع کم نہ کریں گی۔ بلکہ وہاں انہیں پوری پوری سزا ملے گی۔ ماوٰی اسم ظرف ہے اَوٰی کا بمعنی پناہ ماوٰی ٹھکانہ دائمی قیام گاہ۔ خلاصہ یہ ہے کہ کھلے کافروں اور منافقوں میں دنیاوی عذاب میں تو فرق ہے مگر آخرت میں فرق نہیں۔ دونوں دائمی دوزخی ہیں۔ جنہیں کبھی وہاں سے نکالا نہ جائے۔ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ۔ مصیر یا تو مصدر میمی ہے بمعنی لوٹنا یا اسم ظرف بمعنی لوٹنے کی جگہ۔ خیال رہے کہ مرجع اور مصیر اگرچہ دونوں کے معنی لوٹنے کی جگہ مگر فرق صرف یہ ہے کہ مصیر میں شرط ہے کہ وہ پہلی حالت کے غیر پر ہو مرجع میں یہ قید نہیں چونکہ دنیا میں کفار و منافقین آرام میں تھے، آخرت میں مصیبت میں اس لئے اسے مصیر فرمایا جاتا ہے۔ (روح البیان)۔

**خلاصۂ تفسیر** اے ہر کھلے چھپے کی خبر رکھنے والے۔ لوگوں کے دلوں کے ایمان و نفاق پر خبردار نبی تمام جہان کی نبض اپنے ہاتھ میں لینے والے ہی۔ منافقوں کی پردہ پوشی چھوڑ دو اب کھلے کافروں پر بھی جہاد فرماؤ تلوار سے اور چھپے کافروں منافقوں پر بھی جہاد فرماؤ۔ ان کی پردہ دری سے انہیں ان پر خوب سختی کرو۔ کفار پر مار دھاڑ سے۔ منافقوں پر سخت الفاظ درشت پکار سے ان دونوں پر کسی قسم کی نرمی نہ کریں۔ یہ تو ان کی دنیاوی سزا تھی کھلے کافروں پر اور چھپے کافروں کی اور رہا آخرت کا عذاب اس میں یہ دونوں برابر ہیں کہ سب کا ٹھکانہ دائمی قیام گاہ دوزخ ہے۔ یہ لوگ دنیا میں اگرچہ آرام سے رہ لیں۔ ان کے پاس مال و دولت ہو جائے مگر آخرت میں پلٹنے کی جگہ یعنی دوزخ بہت ہی سخت تکلیف دہ جگہ ہے۔ حضرت عطا فرماتے ہیں کہ اس آیت سے تمام عفو و کرم درگذر کی آیات منسوخ ہو گئیں یہ آیت ان سب کی ناسخ ہے۔ اور بہ حکم تا قیامت باقی ہے محکم یعنی غیر منسوخ ہے (روح البیان و روح المعانی)۔

**لطیفہ** بعض بے دینوں نے اس آیت کریمہ میں یوں تحریف کی کہ وَالْمُنَافِقِيْنَ کی بجائے بِالْمُنَافِقِيْنَ پڑھا ہے۔ یعنی بس سبیہ بنا کر حضرات صحابہ پر تبرا کیا مگر وہ داؤ نہ چل نہ سکا قرآن کی آیت محفوظ رہی۔ رب اپنے قرآن کا محافظ ہے (روح المعانی)

marfat.com

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے محبوب خاص ہیں۔ بارگاہِ الٰہی میں جو رتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے وہ کسی کا نہیں۔ یہ فائدہ یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ ۔ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے سارے پیغمبروں کو نام شریف سے پکارا ہے۔ حضور کو پیارے القاب سے۔ **دوسرا فائدہ**: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یا محمد یا اور عام الفاظ سے ندا کرنا حرام ہے۔ جیسے اے بشر یا اے بھائی اے چچا وغیرہ۔ اس ایسے القاب سے پکارو جس سے کسی بادشاہ کو بھی نہ پکار سکو۔ یارسول اللہ یا نبی اللہ وغیرہ۔ یہ فائدہ بھی یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ سے حاصل ہوا کہ جب رب تعالیٰ انہیں معمولی یا عام لغت سے نہیں پکارتا تو بندے کیسے پکار سکتے ہیں۔ رب فرماتا ہے لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ کَدُعَآءِ بَعْضِکُمْ بَعْضًا ۔ **تیسرا فائدہ**۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو رب تعالیٰ نے ہر خفیہ و ظاہر پر مطلع فرمایا۔ جب خود خالق ان سے نہ چھپا تو مخلوق کیا چھپ سکے۔ یہ فائدہ بھی یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ سے حاصل ہوا کہ نبی کے معنیٰ ہیں خبر والا۔ جیسے کریم کرم والا۔ حسین حسن والا۔ رحیم رحم والا یوں ہی نبی نبا والا۔ یعنی خبر والا۔ **چوتھا فائدہ**: ہر قسم کے حربی کافر پر ہر طرح کی سختی کی جاوے جو بن پڑے یہ فائدہ جَاهِدِ الْكُفَّارَ سے حاصل ہوا۔ منافقین کے متعلق حضور انور کے پردہ فرمانے کے بعد حضرات صحابہ نے اعلان فرمایا کہ نفاق حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھا۔ اب یا کفر ہے یا اسلام (بخاری۔ مشکوٰۃ آخر باب الکبائر) یعنی اب جس کے منہ سے کفر کی ایک بات سنی جاوے گی وہ کافر ہوگا۔ اسے منافقوں کی سی رعایت نہ دی جاوے گی۔ **پانچواں فائدہ**۔ کفار و منافقین پر سختی کرنا۔ یہ ہی قرآنی اسلامی رسولی تہذیب ہے تاکہ وہ ہم کو گمراہ کرنے سے ناامید ہو جاویں۔ یہ فائدہ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ سے حاصل ہوا **چھٹا فائدہ**: اگرچہ دنیاوی احکام میں کھلے کافر اور منافقین میں فرق ہے مگر آخرت میں دونوں کی سزا یکساں ہے یعنی دوزخ میں ہمیشگی۔ یہ فائدہ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ سے حاصل ہوا۔ کیونکہ ہم کا مرجع کفار و منافقین سب ہی ہیں۔ **ساتواں فائدہ**: کسی گنہگار مسلمان کو دوزخ میں ہمیشگی نہیں۔ وہاں کی ہمیشگی صرف کفار کے لئے ہے۔ یہ فائدہ بھی مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ سے حاصل ہوا۔ دوزخ میں جانا کچھ اور دوزخ کا ٹھکانہ ہونا کچھ اور بھٹی میں گندا لوہا جاتا ہے مگر بھٹی اس کا ٹھکانہ نہیں وہ ٹھکانہ کوئلہ کا ہے۔

**پہلا اعتراض**۔ اس آیتِ کریمہ میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی کہہ کر کیوں ندا دی گئی۔ رسول یا دوسری صفات سے کیوں نہیں پکارا گیا۔ حضور کی صفات تو بے شمار ہیں۔ **جواب**۔ اس لئے کہ حضور انور ہر ایک کے دلی ایمان و کفر پھر کیفیتِ ایمان نوعیتِ کفر سے خبردار ہیں۔ مگر شانِ ستاری سے منافقین کی پردہ پوشی فرماتے تھے۔ اس آیت میں ان کی پردہ دری کا حکم دیا گیا۔ اس لئے نبی سے ندا بہت ہی مناسب ہوا

marfat.com

یعنی اے وہ غیب دان نبی جو کفار کے ظاہری کفر سے منافقوں کے چھپے کفر سے خبر والا ہے۔ منافقوں پر جہاد کرو کہ ان کی پردہ دری کر دو۔ **دوسرا اعتراض**۔ اس آیت میں جاہِد ایک لفظ ہے مگر تم نے اس کے معنی دو کیئے۔ کفار کے لیئے تلوار سے جہاد۔ منافقین کے لیئے قولی دلائل سے جہاد۔ حالانکہ ایک لفظ کے دو معنی بیک وقت مراد نہیں ہو سکتے۔ **جواب**۔ یہاں جہاد سے مراد ہے سختی کرنا۔ اس سختی کی ایک نوعیت یعنی قتال تو کفار کے لیئے ہے۔ دوسری نوعیت یعنی زبانی سختی منافقین کے لیئے۔ یہ دو معنی نہیں بلکہ ایک معنی کی دو نوعیتیں ہیں۔ جیسے اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ میں اللہ کی صلوٰۃ کی اور نوعیت ہے فرشتوں کی صلوٰۃ کی دوسری نوعیت ہے۔ **تیسرا اعتراض**۔ جاہد کے معنی بھی ہیں سختی کرو اور وَاغْلُظْ کے معنی بھی سختی کرو۔ یہ حکم مکرر کیوں ہوا۔ **جواب**۔ جہاد اور غلظت میں بڑا فرق ہے۔ ظاہری کفار پر تلوار سے جنگ جہاد ہے۔ اور ان سے ہمت و جرأت سے سخت بات کرنا نرم اور پتلا کلام نہ کرنا جس سے ان کی ہمت پست ہو جاوے۔ یہ ہے غلظت منافقین کا پردۂ نفاق چاک کرنا جس سے وہ بدنام ہو جاویں۔ ان پر جہاد ہے اور ان سے بات کڑوی کرنا۔ انہیں اپنی خاص مجلسوں۔ مشورہ کی محفلوں سے دور کرنا غلظت یعنی شدت ہے اسی سختی و غلظت میں بڑے فائدے ہیں **چوتھا اعتراض**۔ سخت کلامی ترش روئی اخلاق کے خلاف ہے۔ کانے کو کانا نہ کہو۔ یوں ہی کافر منافق کو منافق کہنا۔ ان الفاظ سے پکارنا تہذیب اور اخلاق دونوں کے مخالف ہے۔ **جواب**۔ جی ہاں یہ فرنگی تہذیب کے خلاف ہے۔ کہ بات میٹھی کرو دل میں چھری رکھو۔ یا کفار کے سامنے پتلے پن کی باتیں کرو۔ تاکہ وہ تم پر اور بھی دلیر ہو جاویں۔ اسلامی تہذیب یہ ہے کہ کفار کو تبلیغ نرم الفاظ اچھے لہجے سے کرو۔ مگر جو تم کو بہکانا چاہیں یا اسلام کے دشمن ہوں ان پر خوب سختی کرو۔ تاکہ تمہاری سختی سے ان کی ہمت ٹوٹ جاوے۔ بہت دفعہ جرأت مندانہ کلام سے بہت کام نکل جاتے ہیں۔ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ اِس اخلاق کی تفسیر ہے۔

**پانچواں اعتراض**۔ اگر کفار پر سختی اچھی چیز ہے تو رب تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو یہ حکم کیوں دیا فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا۔ اس سے نرم بات کرنا یہ عجیب بات ہے کہ رحمتِ عالم کو سختی اور شدت کا حکم دیا جا رہا ہے **جواب**۔ تین وجہ سے ایک یہ کہ موسیٰ علیہ السلام فطرۃً جلالی پیغمبر تھے۔ انہیں رب نے نرم فرمایا۔ ہمارے حضور فطرۃً سراپا رحم و کرم ہیں آپ کو سخت کیا گیا۔ دوسرے یہ کہ موسیٰ علیہ السلام کو فرعون نے پرورش کیا تھا اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا فرمایا گیا کہ چونکہ وہ تمہارا محسن ہے اس لیئے اس سے نرم کلام کرنا تیسرے یہ کہ وہاں موسیٰ علیہ کو تبلیغ کیلئے ابھی بھیجا جا رہا ہے۔ تبلیغ نرمی سے چاہیئے تاکہ وہ اسلام کی طرف مائل ہو۔

marfat.com

**تفسیر صوفیانہ** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نبی بھی ہیں رسول بھی۔ بشیر بھی ہیں نذیر بھی۔ بے شمار صفات سے موصوف ہیں۔ مگر عموماً حضور کو نبی کے لفظ سے پکارا جاتا ہے اور اطاعت کے موقعہ پر آپ کو رسول کہا جاتا ہے۔ اس لیئے کہ رسول کے لفظ میں ایک کشش ہے جس سے دل حضور کی طرف کھنچتے ہیں جیسے جسمانیات میں لفظ ماں میں کشش ہے اس سے دل میں ایک دم نرمی ہوتی ہے۔ دیکھو جب موسیٰ علیہ السلام نے حضرت ہارون علیہ السلام پر ایک دفعہ سختی کی تو آپ نے فرمایا یَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ اے میرے ماں جائے میری داڑھی اور سر نہ پکڑ۔ فوراً موسیٰ علیہ السلام کے دل میں رقت آگئی غصہ جاتا رہا۔ کیونکہ ماں کے سینے سے بچے نے دودھ پیا ہے۔ یوں ہی رسول کے سینے سے ایمان۔ عرفان کا روحانی دودھ ملتا ہے اس احسان کی وجہ سے اس میں کشش ہے۔ اطاعت کے لیئے لفظ رسول بہت ہی موزوں ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ کبھی نرمی مضر سختی مفید ہوتی ہے۔ شعر

ہست نرمی آفتِ جانِ سمور  وز درشتی می برد جان خار پشت

اس لیئے اسلام میں جہاد بھی ہے اور سختی بھی۔ امام اوزاعی کہتے ہیں کہ صحابہ کرام پانچ باتوں پر بڑے پابند تھے نماز باجماعت۔ اتباع سنت۔ مساجد کی آبادی۔ تلاوت قرآن۔ جہاد فی سبیل اللہ۔ قلب مومن کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ کافر نفس اور منافق شیطان پر ہمیشہ جہاد کرے انہیں صدق کی تلوار سے قتل کرے۔ شریعت و طریقت کے قلعوں میں اپنی حفاظت کرے نفوس کو شہوات سے روکے ان سے خلاف طبیعت شریعت پر عمل کرائے یہ سب جہاد کی قسمیں ہیں بلکہ نفس پر جہاد جہاد اکبر ہے

اگر پیلِ دماں شیر ببر مارا تو کیا مارا  بڑے موذی کو مارا نفس امارہ کو گر مارا

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۗ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ

قسم کھاتے ہیں وہ لوگ اللہ کی کہ نہ کہا انہوں نے  حالانکہ البتہ تحقیق کہی بات انہوں نے

اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا اور بے شک ضرور انہوں نے کفر کی بات کہی اور

الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا

کفر کی  اور کفر کیا انہوں نے پیچھے اسلام کے اپنے  اور ارادہ کیا اس چیز کا

اسلام میں آکر کافر ہو گئے اور وہ چاہا  تھا  جو انہیں ملا اور انہیں کیا برا لگا

marfat.com

لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ

جو نہ پایا اور نہیں ناراض ہوئے مگر اس سے کہ غنی کر دیا ان کو اللہ نے

یہی نہ کہ اللہ رسول نے اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ تو اگر وہ توبہ کریں تو ان کا

وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا

اور رسول نے اس کے فضل سے اپنے پس اگر توبہ کریں وہ تو ہو بہتر واسطے

بھلا ہے اور اگر منہ پھیریں تو اللہ انہیں سخت عذاب کرے گا

لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي

ان کے اور اگر منہ پھیریں تو عذاب دے گا اُن کو اللہ عذاب دردناک دنیا

دنیا اور آخرت میں اور زمین میں کوئی نہ ان کا حامی ہوگا

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

میں اور آخرت میں اور نہیں ہے واسطے اُن کے زمین میں کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار

اور نہ مددگار

**تعلق** :۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق :۔ پچھلی آیت کریمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقوں پر جہاد کا حکم دیا گیا۔ اب اُن کے وہ عیوب گنائے جا رہے ہیں جن کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا گویا حکم کے بعد وجہ حکم کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق :۔ پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ کھلے کافر اور منافق دونوں کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ اب ارشاد ہے کہ یہ بھی کھلے کافروں کی طرح ہیں ان کے اقوال و اعمال بیان فرمائے جا رہے ہیں۔ گویا ان کے دوزخی ہونے کا ذکر پہلے ہوا اس کی وجہ کا ذکر اب ہے۔ تیسرا تعلق :۔ پچھلی آیت کریمہ میں منافقوں پر سختی فرمانے کا حکم ہوا اب انہیں توبہ کی رغبت دی جا رہی ہے گویا زخم کے بعد مرہم کا ذکر ہے۔

**شانِ نزول** اس آیت کریمہ کے دو جز ہیں پہلا جز يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ الخ دوسرا وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا الخ ان دونوں کے شانِ نزول علیحدہ ہیں اول جز کے شانِ نزول کے متعلق چند روایات ہیں :۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک میں دو ماہ قیام فرمایا اس دوران میں حضور انور منافقوں کے برے انجام پر ان کے بدترین حالات کا ذکر فرماتے تھے۔ جو غزوہ تبوک سے پیچھے رہ گئے تھے۔ اس پر جلاس بن سوید نے کہا کہ وہ لوگ ہمارے بھائی ہمارے سردار ہم میں اشراف ہیں۔ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم سچ

marfat.com

کہتے ہیں تو ہم گدھے سے بدتر ہوئے اس پر عامر ابن قیس انصاری بولے اللہ کی قسم حضور انور سچے ہیں اور تو گدھے سے بدتر ہے۔ پھر عامر نے حضور انور کی خدمت میں یہ واقعہ عرض کیا۔ حضور انور نے جلاس کو بلا کر پوچھا وہ قسم کھا گیا کہ میں نے کچھ بھی نہیں کہا۔ حضرت عامر نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی کہ الٰہی ہمارے نبی پر سچے کی تصدیق اور جھوٹے کی تکذیب نازل فرما دے حاضرین صحابہ بلکہ حضور انور نے بھی آمین کہا تب یہ آیت نازل ہوئی پھر جلاس بولا کہ یا رسول اللہ عامر سچے ہیں مجھ سے قصور ہوا نفاق سے توبہ کرتا ہوں (تفسیر کبیر۔ خازن۔ روح البیان۔ معانی۔ خزائن) ع۲ ایک موقعہ پر عبداللہ بن ابی منافق نے کہا تھا کہ مدینہ پہنچ کر ہمارے عزت والے ذلیلوں کو نکال دیں گے۔ عزت والوں سے اس کی مراد اپنا قبیلہ تھا۔ ذلیلوں سے مراد مومنین مہاجرین۔ حضرت عمر کو جب یہ خبر پہنچی تو آپ نے اس کے قتل کا ارادہ کیا وہ قسم کھا گیا کہ میں نے نہیں کہا۔ حضرت زید بن ارقم نے اس کی بیخ کنی حضور کی خدمت میں عرض کی وہ حضور کے سامنے بھی قسم کھا گیا کہ میں نے نہیں کہا۔ اس پر آیت کریمہ اتری (کبیر۔ خازن۔ روح وغیرہ) اس کا مفصل بیان سورت منافقون میں انشاء اللہ آئے گا ع۳ ایک غزوہ میں جہینہ اور غفار کے دو آدمی آپس میں لڑ پڑے جس میں غفار جہینی پر غالب آگیا تو عبداللہ بن ابی نے پکارا کہ اے قبیلہ اوس کے لوگو اپنے بھائی کی مدد کرو۔ خدا کی قسم یہ تو ایسا ہو رہا ہے کہ اپنے کتے کو موٹا کرتا کہ وہ تجھے کھائے نعوذ باللہ۔ یہ خبر حضور انور کو پہنچی آپ نے اس سے پوچھا وہ قسم کھا گیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (تفسیر کبیر۔ خازن وغیرہ) رہا اس آیت کریمہ کا دوسرا جز وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا الخ، اس کے متعلق مجاہد فرماتے ہیں کہ جلاس بن سوید نے چاہا کہ عامر ابن قیس کو قتل کر دے تاکہ یہ خبر حضور انور تک نہ پہنچ سکے مگر وہ اس میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اور خبر حضور انور تک پہنچ گئی جیسا کہ ابھی ذکر کیا گیا۔ اس کے متعلق یہ جز نازل ہوا۔ (خازن) امام سدی فرماتے ہیں کہ منافقین نے ایک غزوہ میں کہا کہ ہم مدینہ منورہ پہنچ عبداللہ بن ابی کے سر پر سردار کی دستار باندھیں گے۔ وہ ہم سب کا سردار ہے مگر وہ یہ نہ کر سکے۔ اس پر یہ جز نازل ہوا۔ (خازن) ع۴ غزوہ تبوک سے واپسی پر منافقین نے چاہا کہ رستہ میں حضور انور کو رات کے وقت اچانک اس طرح قتل کر دیں کہ کسی کو اس کی خبر نہ ہو۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو ان کے شر سے بچا لیا۔ اس موقعہ پر یہ جز نازل ہوا۔ (کبیر۔ خازن وغیرہ)

**تفسیر** يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۔ اگرچہ مذکورہ واقعہ ایک بار ہو چکا تھا گذشتہ زمانہ میں مگر اس گذری ہوئی بات کا نقشہ ذہن نشین فرمانے کے لیے حال کے صیغہ يَحْلِفُوْنَ سے ارشاد فرمایا۔ جیسے گذری خواب حال سے بیان کرتے ہیں۔ نیز اگرچہ

marfat.com

یہ واقعہ ایک آدمی کا ہے کہ اس نے قسم کھائی تھی مگر چونکہ اس کی قوم اس کے ساتھ تھی اس قسم میں اس کی ہم نوا تھی لہٰذا یحلفون جمع ارشاد ہوا کیونکہ جرم کرنے والا کرانے والا راضی ہونے والا سب ہی مجرم ہوتے ہیں۔
حلف یعنی قسم گذشتہ پر بھی ہوتی ہے آئندہ پر بھی مگر یہاں گذشتہ پر قسم مراد ہے۔ جیسا کہ قالوا سے معلوم ہوا۔ نیز قسم سچی بھی ہوتی ہے جھوٹی بھی یہاں جھوٹی قسم مراد ہے جیسا کہ اگلے مضمون سے ظاہر ہے۔ قالوا کا مفعول پوشیدہ ہے یعنی وہ ہی بات جو حضور انور تک ان کے متعلق پہنچی تھی۔ یعنی منافقین جھوٹی قسم کھاجاتے ہیں کہ ہم نے وہ بات نہیں کہی۔ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ - یہ رب تعالیٰ کی طرف سے ان کی تردید و تکذیب ہے۔ رب تعالیٰ کی ان کے خلاف حضرات صحابہ کے حق میں گواہی ہے۔ یعنی اے محبوب ہم گواہی دیتے ہیں کہ انہوں نے کفر کی بات کہی کفر کیا ہے۔ آپ کی شان کا انکار آپ کے صحابہ کی توہین خیال رہے کہ یہاں کلمہ سے مراد نہ تو صرف نحو والا کلمہ ہے نہ شریعت والا۔ کلمہ بمعنی بات ہے۔ قرآن مجید میں کلمہ بہت معنی میں استعمال ہوا ہے۔ حتیٰ کہ عیسیٰ علیہ السلام کو کلمۃ اللہ فرمایا گیا ہے یہاں بمعنی بات یا بکواس ہے وہ ہی بکواس جو شان نزول میں عرض کی گئی۔ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ یہ فرمان عالی معطوف ہے قالوا الخ پر اور رب تعالیٰ کی دوسری گواہی پہلی گواہی کا تتمہ یا نتیجہ چونکہ منہ سے کفر کی بات نکالنا کبھی واقع میں کفر ہوتا ہے کبھی نہیں۔ رب فرماتا ہے اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ اس لیے قالو کلمۃ الکفر کے بعد یہ ارشاد ہوا یعنی وہ اس بکواس سے کافر ہو بھی گئے۔ خیال رہے کہ یہاں کفر و اسلام سے مراد ان دونوں کا اظہار ہے۔ ورنہ منافقین پہلے مسلمان تھے ہی نہیں وہ تو پہلے سے ہی کافر تھے۔ یعنی انہوں نے اسلام ظاہر کرنے کے بعد کفر ظاہر کر دیا (عام تفاسیر) بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہاں اسلام سے مراد اپنے کو مسلمانوں کی تلوار سے بچا لینا ہے مگر یہ قوی نہیں۔ کیونکہ یہاں کفر کے مقابل ارشاد ہوا نیز وہ منافقین اس کے بعد قتل نہ کیے گئے (تفسیر کبیر) وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا۔ یہ ان کا تیسرا جرم ہے یعنی انہوں نے اس چیز کا ارادہ کیا جو پا نہ سکے یا تو حضور انور کو شہید کرنے کا یا عبداللہ بن ابی کے سر پر سرداری کی دستار باندھنے کا۔ صرف ارادہ ہی کر کے رہ گئے اس میں کامیاب نہ ہو سکے وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ یہ فرمان عالی نیا جملہ ہے۔ اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اس میں ان منافقوں کی احسان فراموشی محسن کشی کا ذکر ہے۔ اللہ رسول کے احسانات کا ذکر ہے۔ جو دنیا میں ان پر ہیں۔ نَقَمُوْا بنا ہے نَقْمٌ سے بمعنی ناپسندیدگی یا برا لگنا اس کا فاعل مذکورہ منافقین ہیں
اَنْ اَغْنٰى (الخ) کا مفعول لہ ہے یعنی منافقین اِن مسلمانوں سے اور کسی وجہ سے تو ناراض ہو نہیں سکتے صرف اس لیے ناراض ہوئے ہوں گے کہ انہیں اللہ رسول نے اپنے فضل و کرم سے غنی و مالدار کر دیا کہ یہ لوگ

marfat.com

مدینہ منورہ میں حضور انور کی تشریف آوری سے پہلے انتظامی غریبی میں تھے۔ حضور انور تشریف لاکر انہیں غنی کر دیا۔ جلاس بن سوید کا غلام کسی کے ہاتھوں مارا گیا۔ حضور انور نے اسے قاتل سے بارہ ہزار درہم خود بہا دلوایا۔ یہی واقعہ عبداللہ بن ابی کا ہوا کہ اس کا غلام مارا گیا تو حضور انور نے اسے بھی اتنی ہی رقم دلوائی تھی جس سے وہ بھی امیر کبیر بن گیا تھا۔ یعنی اس کرم نوازی پر انہیں شکر گذار ہونا چاہئے تھا مگر وہ اور زیادہ دشمن ہو گئے یہ فرمانِ عالی ایسا ہی ہے جیسے۔ شعر

مَا نَقَمُوْا مِنْ بَنِیْ اُمَیَّةَ اِلَّا اَنَّهُمْ یَحْلُمُوْنَ اِذَا غُضِبُوْا

وَلَا عَیْبَ فِیْهِمْ غَیْرَ اَنَّ سُیُوْفَهُمْ بِهِنَّ فُلُوْلٌ مِنْ قِرَاعِ الْکَتَائِبِ

یعنی یہ لوگ بنی امیہ سے صرف اس لیے ناراض ہوئے کہ وہ لوگ غصہ میں بردباری سے کام لیتے ہیں یا ان میں اور کوئی عیب نہیں ہاں صرف یہ عیب ہے کہ ان کی تلواروں کی دھاریں دشمنوں کی سر کوبی کرتے کرتے مڑ گئی ہیں۔ یہ طریقہ ہے عیب بیان کرنے کا (تفسیر کبیر۔ روح المعانی وغیرہ) خیال رہے کہ یہاں اللہ تعالیٰ کا ذکر یا تو برکت کے لیے ہے کہ انہیں غنی حضور انور نے کیا تھا یا اس لیے کہ حضور کے کام رب تعالیٰ کے کام ہیں۔ ذاتی دینے والا وہی ہے۔ عارضی اور اس کے حکم سے دینے والے حضور انور ہیں۔ من فضلہ میں ضمیر رسولہ کی طرف ہے کہ وہ ہی قریب ہے لطف یہ ہے کہ اغنا بھی واحد اور فضلہ میں ضمیر بھی غائب درمیان میں اللہ رسول کا ذکر۔ یہ ہے یگانگت بعض مفسرین نے فرمایا کہ اغناھم کی ضمیر مومنوں کی طرف ہے یعنی منافقوں کو حسد اس پر ہوا کہ مومنوں کو اللہ رسول نے اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ یہ لوگ جل گئے کہ مسلمان محتاج اور ہمارے دست نگر کیوں نہ رہے (روح البیان)

فَاِنْ یَّتُوْبُوْا یَكُ خَیْرًا لَّهُمْ ۔ اس فرمان عالی میں ان جرموں کے بعد رب کے عفو و کرم کا ذکر ہے۔ یعنی اگرچہ انہوں نے ناقابل معافی قصور کیے ہیں مگر اب بھی انہیں موقعہ دیا جاتا ہے کہ اگر توبہ کریں ان کے لیے سب کچھ اچھا ہو جاوے گا۔ ہم سب معاف کر دیں گے۔ یہ فرمان سن کر جلاس ابن سوید توبہ کر گیا جیسا کہ ابھی شانِ نزول میں گذرا۔ وَاِنْ یَّتَوَلَّوْا یُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِیْمًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔ یہ فرمان عالی معطوف ہے فَاِنْ یَّتُوْبُوْا پر۔ اس میں تصویر کا دوسرا رخ دکھایا گیا ہے۔ تولّی سے مراد توبہ سے منہ موڑنا۔ اپنے قصور پر قائم رہنا۔ توبہ نہ کرنا۔ یعنی اگر یہ مجرم منافقین ہماری اس رعایت سے فائدہ نہ اٹھائیں توبہ نہ کریں تو اللہ تعالیٰ انہیں دنیا و آخرت میں دردناک عذاب دے گا۔ دنیاوی عذاب ان کی رسوائی۔ قیامت تک ان پر پھٹکار و بدنامی۔ موت کے وقت عذاب کے فرشتوں کا مشاہدہ بعد میں عذاب قبر وغیرہ۔ آخرت کا عذاب تو معلوم ہی ہے کہ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ

marfat.com

منافقین دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں ہوں گے جہاں عذاب بہت ہی سخت ہے۔ وَمَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ۱ - ان کے تیسرے عذاب کا ذکر کہ دنیا بھر میں نہ ان کا کوئی دوست جو انہیں شفا ارش کے ذریعہ عذاب سے بچا سکے نہ کوئی مددگار جو طاقت وقوت کے ذریعہ بچائے وہ ہر طرح بے کس و بے بس ہوں گے۔ الارض فرما کر بتایا کہ کسی جگہ انہیں پناہ نہ ملے گی رب کی پناہ لینا ہے تو توبہ استغفار کرو۔ شفیع المذنبین کے دامن سے وابستہ ہو جاؤ۔

**خلاصۂ تفسیر** منافقین ایسے بے باک ہیں کہ آپ کی بارگاہ عالیہ میں آکر آپ کے سامنے اللہ کی جھوٹی قسم کھا لیتے ہیں کہ ہم نے آپ کے یا آپ کے صحابہ کرام کے یا اسلام کے خلاف کچھ بھی نہ کہا حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے کفر بکا ہے۔ آپ کے اور حضرات صحابہ کے خلاف زہر اگلا ہے اب تک اسلام ظاہر کرتے تھے۔ اب کفر ظاہر کر دیا اسی پر بس نہیں بلکہ آپ کے خلاف بڑے خطرناک منصوبے باندھے۔ آپ کو شہید کرنے کے۔ جن میں وہ سخت ناکام رہے اپنے ناپاک ارادوں کی تکمیل نہ کر سکے یہ ناشکرے احسان فراموش یہ تو سوچیں کہ آخر انہیں آپ سے کیا تکلیف پہنچی ہے آپ کی کون سی بات انہیں ناپسند ہے یہ ناکہ یہ لوگ بڑے مفلس و قلاش تھے آپ کے رب نے اور آپ نے انہیں ہر طرح اپنے فضل وکرم سے غنی کر دیا۔ اس پر تو انہیں چاہیئے تھا کہ آپ کے قدم دھو کر پیتے مگر اس کے برعکس الٹے آپ کے دشمن ہو گئے۔ مگر خیر اب بھی انہیں موقع دیا جاتا ہے اگر یہ توبہ کریں کہ آپ سے معافی حاصل کر کے مخلص مسلمان بن جاویں تو ان کے لیے دین و دنیا میں بہتر ہو اور اگر اس کے برعکس یہ اکڑے اور منہ پھیرے ہی رہے تو انہیں دنیا و آخرت میں ایسی سخت سزا دی جاوے گی کہ انہیں کوئی پناہ دینے والا نہ ہوگا۔ نہ کوئی دوست ہوگا نہ مددگار کہ تا قیامت رسوا رہیں گے نیز نزع و قبر کی سختیوں میں گرفتار ہوں گے۔ قیامت اور بعد قیامت سخت پکڑ میں رہیں گے۔

خیال رہے کہ ہر جرم کی توبہ علیحدہ ہے کفر سے توبہ اسلام ہے گناہ سے توبہ نیک اعمال ہیں۔ نفاق سے توبہ اخلاص ہے۔ حضور انور کی حق تلفی کرنے کی توبہ ان سے معافی حاصل کرنا اور آئندہ کے لیئے ہمیشہ کے لیئے ان کا بندہ بنے رہ جانا۔ حضرات صحابہ کرام کی بے ادبی سے توبہ گذشتہ پر ندامت اور آئندہ ان کا مدح خواں رہنا ہے۔ یہاں توبہ سے آخری دو قسم کی توبہ ہے کیونکہ منافقین نے یہ ہی دو جرم کیئے تھے۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ۔ جھوٹی قسم کھانا ہر جگہ اور ہر وقت ہی برا ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کے نام شریف کی بے ادبی ہے کہ اس نام پاک کو اپنے جھوٹ پر گواہ بنانا۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر جھوٹی قسم کھانا غضب پر غضب ہے کہ اس میں رب تعالیٰ کے نام پاک کی بے ادبی کے ساتھ حضور انور کی مجلس پاک کی بھی بے ادبی و توہین۔ ہے یہ فائدہ

marfat.com

یحلفون باللہ الخ سے اشارۃً حاصل ہوا کہ ان منافقوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہی تو مذکورہ جھوٹی قسم کھائی تھی۔ بعض مسلمان اپنے مقابل سے کسی بزرگ کے پاس یا کسی بزرگ کی قبر کے پاس قسم لیتے ہیں ان کا ماخذ یہ آیت ہو سکتی ہے۔ **دوسرا فائدہ**۔ اللہ کی بارگاہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کا بڑا ہی احترام ہے کہ ان کی دعا پر اور ان کے کلام کو سچا کرنے کے لیے قرآن مجید کی آیات اتاری جاتی ہیں۔ دیکھو حضرت جلاس ابن قیس نے دعا کی تھی کہ خدایا ایسی آیت نازل فرما دے جس سے سچے کا سچ اور جھوٹے کا جھوٹ ظاہر ہو جائے انکی دعا پر یہ آیت نازل ہوئی انہیں سچا کرنے کے لیے منافق کو جھوٹا کرنے کے لیے۔ **تیسرا فائدہ**: حضور انور کے صحابہ کی توہین کرنی انہیں ذلیل کہنا کفر ہے، خواہ کسی خاص کا نام لے کر کہے یا عام صحابہ کو۔ یہ فائدہ اس آیت کے دوسرے شان نزول سے حاصل ہوا۔ کہ عبداللہ بن ابی نے کہا تھا کہ ہمارے عزت والے ذلیلوں کو نکال دیں گے رب نے فرمایا وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ۔ انشاء اللہ اس کی تحقیق سورہ منافقون میں آوے گی۔

**چوتھا فائدہ**۔ اللہ تعالیٰ کی حفاظت سارا جہان مل کر نہیں توڑ سکتا یہ فائدہ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا سے حاصل ہوا کہ منافقین نے حضور انور کو خفیہ اچانک طور پر قتل کرنے کی سازش کی مگر ناکام رہے کیونکہ حضور انور اللہ کی حفاظت میں تھے۔ **پانچواں فائدہ**۔ حضور انور سب کے محسن اعظم ہیں۔ آپ کی نافرمانی انتہائی ناشکری اور احسان فراموشی ہے اور طریقہ منافقین ہے یہ فائدہ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ۔ سے حاصل ہوا اللہ تعالیٰ ہم کو نمک حلال بنائے ہم حضور کے نمک خوار ان کے در کے پروردہ ہیں۔ **چھٹا فائدہ**: اللہ نے حضور کو ایسا غنی کر دیا ہے کہ آپ دوسروں کو بھی غنی فرما دیتے ہیں۔ رب فرماتا ہے وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى رب نے آپ کو بڑا عیال والا پایا تو غنی کر دیا۔ کہ تم ایسے ایسے ہزاروں جہانوں کو پال سکتے ہو (بخاری شریف) یہ فائدہ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ سے حاصل ہوا

شعر

کیوں جاؤں میں کہیں کہ غنی تم نے کر دیا
ان کے در نے کر دیا سب سے غنی
ہاتھ جس سمت اٹھے غنی کر دیا

اب ہے یہ گھر پسند یہ در یہ گلی عزیز
بے طلب بے مانگے اتنا مل گیا
ان کے دست سخاوت پہ لاکھوں سلام

ان کی دین ان کی کرم نوازی کوئی مجھ فقیر احمد بار سے پوچھے کہ انہوں نے مجھے مالا مال کر دیا ہے

مسئلہ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے لفظ فقیر استعمال کرنا حرام ہے۔ بے ادبی کی نیت سے ہو تو کفر ہے

**ساتواں فائدہ**: اللہ رسول پر کسی کا کوئی حق نہیں انہوں نے جسے جو دیا اپنے فضل سے دیا۔ بھکاری کا داتا پر کیا حق ہو تا ہے۔ یہ فائدہ من فضلہ سے حاصل ہوا۔ **آٹھواں فائدہ**: یہ کہنا جائز ہے کہ ہمیں اللہ رسول نعمتیں دیتے ہیں اللہ رسول جنت دیتے ہیں اللہ رسول دوزخ سے بچاتے ہیں یہ فائدہ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖٓ

marfat.com

سے حاصل ہوا۔ رب دیتا ہے حضور تقسیم فرماتے ہیں۔ رازق وہ ہے قاسم یہ ہیں۔ شعر

رب ہے معطی یہ ہیں قاسم — رزق اس کا ہے کھلاتے یہ ہیں
رب کی روزی ان کا صدقہ — کھاتے ہم ہیں کھلاتے یہ ہیں

نواں فائدہ: اللہ کے ساتھ حضور انور کا نام لینا واؤ کے ساتھ بالکل جائز ہے انشاء اللہ و رسولہٗ کہنا بالکل جائز ہے یہ فائدہ بھی اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ سے حاصل ہوا کہ رب نے حضور کا نام اپنے نام کے ساتھ ف سے نہیں بلکہ واؤ سے لیا۔ شعر

صبا پیام یہ کہنا میرا سلام کے ساتھ — تمہارے نام کی رٹ ہے خدا کے نام کے ساتھ
میں اپنی حیاتی پہ قربان جاواں — احد نال احمد ملیندے گذر گئی

دسواں فائدہ: اللہ تعالیٰ اور رسول کے لیئے ایک ضمیر لانا جائز ہے یہ فائدہ من فضلہ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا کہ من فضلہ کے معنی ہیں اللہ رسول دونوں نے اپنے اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ اس کی کچھ بحث پہلے سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗ۔ میں گذر چکی۔ گیارھواں فائدہ: بے ایمان لوگ اللہ رسول کی نعمتیں پاکر سرکش ہو جاتے ہیں۔ ان کے غلاموں سے الجھتے ہیں۔ یہ فائدہ وَمَا نَقَمُوْٓا (الخ) سے حاصل ہوا۔ شعر

تیرا کھائیں تیرے غلاموں سے الجھیں — ہیں منکر عجب کھانے غرانے والے

بارھواں فائدہ: دنیاوی بدنامی لوگوں کا پھٹکارنا بھی اللہ تعالیٰ کا عذاب ہے یہ فائدہ عَذَابًا اَلِيْمًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ سے حاصل ہوا۔ فرعون۔ ہامان۔ نمرود۔ ابوجہل وغیرہم پر آج یہ عذاب ہو رہا ہے کہ دنیا ان پر پھٹکار کر رہی ہے۔ اس کے برعکس ذکر خیر اچھا چرچہ اللہ کی رحمت ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ اے میرے رب آئندہ لوگوں میں میرا اچھا چرچہ رکھ۔ تیرھواں فائدہ: دنیاوی مددگار نہ ہونا انسان کا بے کس و بے بس ہونا بھی کفار پر اللہ کا عذاب ہے۔ جس سے مومنین بفضلہ تعالیٰ محفوظ ہیں یہ فائدہ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۔ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے اسے منافقین پر عذاب کے سلسلے میں بیان فرمایا۔ مومنوں کے متعلق فرماتا ہے اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ اور ہم کو یہ دعا سکھاتا ہے وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا۔ اگر مومنوں کا مددگار بھی کوئی نہ ہوتا تو یہ منافقوں پر عذاب کیسے بنتا۔

پہلا اعتراض۔ منافقین تو پہلے سے ہی کافر تھے۔ کبھی مسلمان ہوئے ہی نہیں پھر ان کے متعلق یہ کیوں ارشاد ہوا کہ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ اسلام کے بعد کافر ہو گئے۔ جواب: یہاں کفروا اسلام سے مراد ان کا ظہور ہے یعنی اب تک انہوں نے اپنا اسلام ہی ظاہر کیا تھا اور اب کفر ظاہر کر دیا۔۔۔

marfat.com

دوسرا اعتراض۔ اس آیت کریمہ میں پہلے فرمایا گیا قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ۔ انہوں نے کفر کی بات کہی پھر ارشاد ہوا كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وہ مسلمان ہونے کے بعد کافر ہو گئے۔ یہ مضمون مکرر ہے۔ جو کفر بولے گا وہ کافر ہو ہی جائے گا یہ کہنے کی ضرورت کیا ہے۔ جواب بہت دفعہ کفر کی بات بولنے پر انسان کافر نہیں ہوتا کفر بولنا اور ہے کافر ہونا کچھ اور۔ اگر بے خودی یا وصالِ رسول کے لیئے کفر بولے کافر نہ ہوگا۔ جندہ ابن ضمیرہ کا واقعہ یاد کرو۔ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ مطلب یہ ہے کہ انہوں نے کفر بکا بھی اور یہ کافر ہو بھی گئے تیسرا اعتراض: یہاں ارشاد ہوا هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا۔ اس کی بجائے اَرَادُوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا۔ کیوں نہیں فرمایا گیا۔ ارادہ اور ہم میں کیا فرق ہے جواب: جب ارادہ کے ساتھ کوشش بھی مل جائے تو وہ ہم کہلاتی ہے۔ منافقوں نے حضور انور کو شہید کرنے کا صرف ارادہ نہ کیا تھا بلکہ کوشش بھی کی تھی۔ کہ پہاڑ کی گھاٹی میں چھپ کر بیٹھے رہے تاک لگائی تھی۔ پھر بھی ناکام رہے اس لیے یہاں ہموا ارشاد ہوا۔ چوتھا اعتراض: یہاں اللہ اور رسول دونوں کے لیئے واحد ضمیر کیوں ارشاد ہوئی مِنْ فَضْلِهٖ۔ چاہیئے تھا کہ مِنْ فَضْلِهِمَا ارشاد ہوتا۔ جواب: اس کے دو جواب ابھی تفسیر میں گذر گئے۔ ایک یہ کہ فَضْلِهٖ کی ضمیر رسول کی طرف ہے کہ وہ ہی قریب ہے اللہ کا ذکر برکت کے لیے ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ ضمیر بتاویل مذکور دونوں کی طرف ہے یعنی جن ذاتوں کا ذکر ہوا ان میں سے ہر ایک نے انہیں غنی کر دیا۔ اس صورت میں اللہ رسول کی یگانگت دکھائی گئی۔ کہ اللہ کا کام رسول کا کام اور نبی کریم کا عمل رب تعالیٰ کا کام ہے۔ پانچواں اعتراض۔ یہ تو بالکل شرک ہوا کہ رسول کو اللہ کے برابر کر دیا۔ اَللّٰہُ اللّٰہ ہے رسول رسول ہیں۔ جواب اللہ رسول کا ذکر ایک ساتھ شرک نہیں بلکہ رسول کو خدا یا خدا کے برابر یعنی اس کا بیٹا اور اس کی طرح خالق ازلی ماننا شرک ہے اس کے لیئے ہماری کتاب اسلام کی چار اصلاحیں کا مطالعہ فرماؤ۔ جیسے کہتے ہیں مساوات یا عدل ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ یا جیسے اُنْشُرُوْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ **چھٹا اعتراض**۔ یہاں ارشاد ہوا کہ منافقین کو رب تعالیٰ دنیا و آخرت میں عذاب دے گا۔ مگر دوسری جگہ ارشاد ہے مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ۔ آپ چونکہ ان میں جلوہ گر ہیں لہٰذا اللہ انہیں عذاب نہ دے گا۔ دونوں آیتوں میں تعارض ہے۔ جواب۔ یہاں دنیاوی عذاب سے لعنت و پھٹکار کا عذاب کا مراد ہے۔ اس آیت میں آسمانی غیبی عذاب کی نفی ہے جیسے آگ برسنا۔ صورتیں مسخ ہونا وغیرہ لہٰذا دونوں آیتیں درست ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** کفر دو طرح کا ہے زبان کا اور دل کا یا ظاہری اور باطنی۔ دلی کفر تخم ہے اور زبانی کفر اس کا پھل جس سے دلی کفر کا پتہ لگتا ہے قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ میں پھل پھول یعنی زبانی کفر کا ذکر ہے اور كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ میں دلی کفر یعنی تخم کا تذکرہ هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا۔ میں اس دلی کفر کے دوسرے پھل کا تذکرہ اور مَا نَقَمُوْا الخ میں تیسرے پھل کا۔ جب ان کا دل کافر ہوا تو

marfat.com

منہ سے کفر نکلنے لگے۔ حضور انور کو شہید کرنے کے ارادے کرنے لگے۔ حضور انور کے احسانات کا غلط نتیجہ نکالنے لگے۔ اس درختِ کفر کا آرا یا کلہاڑا توبہ ہے اس لیے ارشاد ہوا ان یتوبوا یک خیرا لھم ۔ توبہ کی حقیقت دل ندامت حضور انور سے اخلاص و محبت اور حضور کی اطاعت ہے۔ منافق و کافر کا یار و مددگار صرف توبہ و استغفار ہے اور اپنی اَنا کو فنا کرنا ہے۔ **حکایت**۔ حضرت محمد بن جعفر سے ایک بادشاہ نے کہا کہ میں بھی ایک ہوں رب بھی ایک۔ آپ نے فرمایا تو خود دو ہے جسم اور روح اور دو سے پیدا ہوا یعنی ماں اور باپ سے اور دو میں رہتا ہے یعنی دن اور رات میں۔ دو سے تیری بقا ہے کھانے اور پانی سے۔ دو ہی تیرے ساتھی ہیں۔ فقیری اور عاجزی۔ وحدانیت اس کی صفت ہے جسے ہم کہتے ہیں ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ (روح البیان) استغفار دل کی صیقل ہے

شعر

دولت آئینۂ خدا نما است — روئے آئینہ تو تیرہ چرا است
صیقلی دار صیقلے میزن — باشد آئینت شود روشن
صیقلِ آں اگر نہ دِ آگاہ — نیست جز لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

یعنی تیرا دل خدا نما آئینہ ہے بشرطیکہ اسکو کلمۂ توحید کی صیقل کر۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ

اور ان میں سے وہ ہیں جنہوں نے عہد کیا اللہ سے البتہ اگر دے گا وہ ہم کو فضل سے اپنے تو ضرور ہم صدقہ کریں گے

اور ان میں سے کوئی وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر ہمیں اپنے فضل سے دے گا تو ہم ضرور خیرات کریں گے

وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ

اور ضرور ہم ہوں گے نیکوں میں سے — پس جب دیا ان کو اللہ نے اپنے

اور ضرور بھلے آدمی ہو جائیں گے۔ — تو جب اللہ نے انہیں اپنے

فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۶﴾

فضل سے تو کنجوسی کی اس میں — اور پھر گئے حالانکہ وہ منہ پھیرے تھے

فضل سے دیا اس میں بخل کرنے لگے اور منہ پھیر کر پلٹ گئے

**تعلق**۔ ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق۔ بہت دور سے منافقین کا ذکر چلا آرہا ہے یہ لوگ بہت قسم کے تھے۔ بعض حضور انور کو ایذا دینے والے وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ

marfat.com

بعض کفر یک کرالکار کرنے والے اور جھوٹی قسمیں کھانے والے یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ مَا قَالُوْا - بعض وعدہ کرکے پھر جانے والے (تفسیر کبیر) دوسرا تعلق: پچھلی آیات میں ان منافقوں کا ذکر ہوا جو اول سے ہی منافق تھے اب ان منافقین کا تذکرہ ہے جو پہلے مخلص تھے پھر مالدار ہو کر منافق ہو گئے تاکہ معلوم ہو کہ کبھی مال کی زیادتی ایمان سے ہٹا دیتی ہے۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں منافقوں کے ایک عیب کا ذکر ہوا۔ یعنی گذشتہ پر جھوٹ بولنا جھوٹی قسم کھا جانا۔ اب ان کے دوسرے عیب کا ذکر ہے یعنی آئندہ پر جھوٹ بولنا۔ عہد و پیمان کرکے پھر جانا۔

**شانِ نزول** اُس زمانۂ پاک میں ایک شخص تھا ثعلبہ ابن حاطب ابن ابی بلتعہ (تفسیر خازن) مگر وہ بدری صحابی نہیں وہ تو غزوۂ احد میں شہید ہو گئے تھے (روح المعانی) یہ انصاری ہے (روح البیان) یہ شخص بہت نمازی دن رات مسجد نبوی شریف میں حاضر رہتا حتی کہ اس کا لقب حمامۃ المسجد ہو گیا تھا۔ یعنی مسجد کا کبوتر۔ زیادہ سجدوں کی وجہ سے اس کی پیشانی اونٹ کے گھٹنے کی طرح ہو گئی تھی۔ پھر اس نے نماز فجر کے بعد فوراً بعد مسجد سے نکل جانا شروع کر دیا بغیر دعا مانگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جلدی کی وجہ پوچھی اور فرمایا مسجد سے جلد بھاگنے کی کوشش کرنا طریقہ منافقین ہے۔ وہ بولا کہ میری غریبی مسکینی کا یہ حال ہے اور خاوند بیوی کے درمیان صرف ایک کپڑا ہے پہلے میں اسے پہن کر نماز پڑھ لیتا ہوں پھر یہ ہی کپڑا بیوی کو دیتا ہوں تو وہ نماز پڑھ لیتی ہے ویسے وہ ننگی رہتی ہے۔ حضور دعا فرما دیں میں امیر ہو جاؤں فرمایا جس تھوڑے مال کا شکریہ ادا ہو وہ اس زیادہ مال سے بہتر ہے۔ جس کا شکریہ ادا نہ ہو۔ اس نے پھر اسی دعا کی درخواست کی۔ فرمایا تو مجھے دیکھ اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلیں مگر دیکھ میں کیسے گذارہ کرتا ہوں۔ اس نے تیسری بار اس دعا کی درخواست کی اور بولا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو نبی بنایا۔ اگر آپ کی دعا سے مجھے مال کثیر مل گیا تو میں اس سے ہر حق دار کا حق ادا کروں گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْ ثَعْلَبَۃَ مَالًا - الٰہی ثعلبہ کو بہت مال دے۔ چنانچہ اس کو ایک بکری ملی یا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا کی۔ واللہ اعلم۔ اس کے کیڑے مکوڑوں کی طرح اتنے بچے ہوئے کہ مدینہ منورہ کی گلیاں اسے تنگ ہو گئیں۔ اس نے جنگل میں مال رکھنا وہاں رہنا شروع کر دیا، اب صرف ظہر و عصر کی جماعت میں حاضری رہ گئی پھر وہ جنگل بھی ناکافی ہوا تو دور جنگل میں چلا گیا اب صرف جمعہ کی حاضری رہ گئی۔ پھر اور مال زیادہ ہوا۔ آخر کار زکوٰۃ کا وقت آیا تو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخصوں کو جانوروں کی زکوٰۃ وصول کرنے بھیجا۔ مگر بار بار فرماتے تھے ثعلبہ پر افسوس۔ ان دونوں صاحبوں کو زکوٰۃ کے احکام لکھ کر دیئے۔ یہ دونوں حضرات لوگوں سے زکوٰۃ وصول کرتے ہوئے ثعلبہ کے پاس پہنچے۔

marfat.com

ثعلبہ نے حضور انور کا فرمان نامہ پڑھا۔ تیوڑی چڑھا کر بولا یہ تو جزیہ (کفر کا ٹیکس) ہے جاؤ واپسی میں آنا۔ یہ حضرات واپسی میں اس کے پاس گئے وہ پھر یہ ہی بولا کہ یہ تو جزیہ ہے۔ اچھا میں سوچ لوں پھر دوں گا۔ جب یہ حضرات واپس حضور انور کی خدمت میں پہنچے تو ان کو دیکھتے ہی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ افسوس ثعلبہ پر۔ پھر ان صاحبوں نے وہ واقعہ عرض کیا۔ تب یہ آیت کریمہ ثعلبہ کے متعلق نازل ہوئی۔ بعض لوگوں نے ثعلبہ سے کہا کہ تیری خیر نہیں تیرے متعلق آیات قرآنیہ نازل ہوئی ہیں۔ تب وہ زکوٰۃ لے کر بطور منافقت صرف بدنامی سے بچنے کے لیئے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے رب تعالیٰ نے تیری زکوٰۃ قبول کرنے سے منع کر دیا ہے۔ جس پر وہ لوگوں کو دکھانے کے لیئے سر پر خاک ڈالنے اور واویلا پکارنے لگا۔ پھر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوگئی۔ وہ صدیق اکبر کے پاس زکوٰۃ لایا۔ انہوں نے بھی رد کر دی۔ پھر خلافت فاروقی میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس لایا۔ وہاں سے بھی رد ہوگئی۔ پھر خلافتِ عثمانیہ میں حضرت عثمان غنی کے پاس لایا۔ آپ نے فرمایا کہ جو زکوٰۃ بارگاہِ رسالت سے ٹھکرا دی گئی۔ حضرات شیخین کے دروازوں سے رد کر دی گئی۔ میں وہ وصول نہیں کر سکتا۔ آخر کار وہ خلافتِ عثمانیہ میں کافر ہو کر مرا۔ (تفسیر روح البیان۔ معانی۔ کبیر۔ خازن۔ بیضاوی۔ مدارک۔ خزائن العرفان وغیرہ) .....

**تفسیر** وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ ۔ ۔ ۔ ظاہر یہ ہے کہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے لہٰذا اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اور منہم خبر ہے مقدم مَنْ عٰهَدَ اللّٰهَ مبتدا ہے موخر اس ترتیب سے حصر کا فائدہ ہوا۔ ہم سے مراد منافقین ہیں۔ مَنْ سے مراد ثعلبہ یعنی یہ ثعلبہ منافقین میں سے ہی ہے اسے اسلام سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ نئے پرانے منافق و کافر نفاق و کفر میں یکساں ہیں۔ نیز موجودہ نفاق کی وجہ سے اس کے اسلام و اخلاص کے زمانہ کے سارے نیک اعمال بالکل ختم ہو چکے۔ وعدہ۔ عہد۔ میثاق اور اصران میں فرق ہم تیسرے پارہ میں عرض کر چکے اور اس آیت میں بھی وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ (الخ) ۔ بہرحال یہاں عہد سے مراد مضبوط وعدہ ہے جس کی نگہبانی کی جاوے چونکہ یہ وعدہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ہوا تھا لہٰذا اسے عہد کہا گیا۔ نیز اگرچہ یہ وعدہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تھا جیسا کہ ابھی شانِ نزول سے معلوم ہوا مگر چونکہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ رب تعالیٰ سے وعدہ ہے لہٰذا عٰهَدَ اللّٰهَ فرمایا گیا لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ یہ عاہد کا مفعولِ دوم ہے۔ اتا کا دوسرا مفعول پوشیدہ ہے مالاً یعنی اگر اللہ تعالیٰ نے ہم کو اپنے فضل سے بہت سا مال دے دیا۔ چونکہ ثعلبہ نے یہ مال اپنے اور اپنے بال بچوں سب کے لیئے مانگا تھا اس لیے نا جمع ارشاد ہوا۔ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ یہ فرمان عالی جزا ہے لَنَصَّدَّقَنَّ کی اصل میں لَنَتَصَدَّقَنَّ تھا باب تفعل سے ت کو صاد کر کے صاد میں ادغام کر دیا۔ یہ بنا ہے صدقۃ سے بمعنی خیرات خواہ فرضی ہو۔ جیسے

marfat.com

زکوٰۃ یا واجب جیسے فطرہ و قربانی یا نفلی جیسے ان کے سوا اور دوسرے صدقات خیال رہے کہ صدقہ بنا ہے صِدقٌ سے بمعنی سچائی۔ چونکہ خیرات مومن کے سچے مسلمان ہونے کی دلیل ہوتی ہے۔ اس لیئے اُسے صدقہ کہا جاتا ہے۔ دیکھو روح البیان۔ ثعلبہ نے یہ وعدہ اپنے اور اپنے بال بچوں کی طرف سے کیا تھا اس لیئے یہاں بھی جمع ارشاد ہوئی۔ ظاہر یہ ہے کہ یہاں صدقہ سے مراد فرضی صدقہ ہے زکوٰۃ اور ہو سکتا ہے کہ واجب صدقہ بھی مراد ہے ممکن ہے کہ صدقۂ نفلیہ مراد ہوں۔ یعنی جہادوں اور دوسرے دینی کاموں میں چندہ دینا وغیرہ۔ صالحین سے مراد ہے مالی عبادات کر کے نیک کار بننے والے جیسے حج و عمرہ وغیرہ ورنہ بدنی عبادت نماز روزہ تو وہ پہلے ہی کرتا تھا۔ نماز باجماعت کا بڑا پابند تھا مسجد نبوی کا حاضر باش تھا یعنی اب جو نیکیاں ہم غریبی کی وجہ سے نہیں کر سکتے وہ بھی ضرور بالضرور کریں گے۔ یا یہ مطلب ہے کہ سب یوں ہی نیک کار رہیں گے۔ مال کی وجہ سے نیکیوں میں سستی نہ کریں گے۔ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۔ اِس فرمانِ عالی میں اس کے انجام کا ذکر ہے۔ چونکہ ثعلبہ کے اس وعدے کے فوراً بعد حضور انور نے اُس کے لئے مالداری کی دعا فرمائی اور رب تعالےٰ نے اُسے بہت ہی جلد مالدار کر دیا اس لئے یہاں ف ارشاد ہوئی۔ یہاں بھی اٰتٰىهُمْ ۔ کا دوسرا مفعول پوشیدہ ہے۔ مالاً فضل اور رحم کا فرق بارہا عرض کیا جا چکا ہے۔ مِنْ فَضْلِهٖ فرما کر یہ بتایا کہ اُسے یہ مال اس کے اپنے کمال کی وجہ سے نہیں ملا بلکہ محض عطائے ذوالجلال۔ اُس کے فضل و کرم سے ملا۔ تو چاہیئے کہ اُس کا شکر ادا کرے مگر ہوا یہ کہ بَخِلُوْا بِهٖ یہ جزاء ہے عطا کی۔ بخل کے معنی ہیں کنجوسی کبھی بخل اور امساک میں یہ فرق کرتے ہیں کہ جو خود کھائے دوسروں کو نہ کھلائے ممسک وہ جو نہ خود کھائے نہ کسی کو کھلائے یوں ہی جمع کر کے چھوڑ جائے ان کا مقابل سخی اور جواد ہے سخی وہ جو خود بھی کھائے دوسروں کو بھی کھلائے جواد وہ جو خود نہ کھائے دوسروں کو کھلائے۔ اس لئے رب تعالیٰ کو سخی نہیں کہتے جواد کہتے ہیں۔ کیونکہ وھو یطعم و لا یطعم وہ کھلاتا ہے کھاتا نہیں۔ حضور انور بھی جواد ہیں۔ کیونکہ شعر

بوریا ممنون خواب راحتش  تاجِ کسریٰ زیرِ پائے اُمتش

وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ اس فرمان عالی میں تَوَلَّوْا تو معطوف ہے بَخِلُوْا پر مگر وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ میں دو احتمال ہیں یا یہ تَوَلَّوْا کے فاعل سے حال ہے اور واؤ حالیہ۔ یا یہ نیا جملہ ہے اور واؤ ابتدائیہ تَوَلَّوْا سے مراد ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے منہ پھیر لینا کہ باوجودیکہ حضور انور کے دو خادم دو دفعہ اُس کے پاس زکوٰۃ لینے گئے مگر نہ دی اور هُمْ مُّعْرِضُوْنَ سے مراد اُن کی پچھلی نافرمانی ہے یعنی مسجد نبوی کی حاضریِ جماعت کی پابندی بلکہ مدینہ منورہ کی رہائش سے دُور ہٹ جانا (از روح المعانی) وہ یہ کر سکتا تھا کہ جانوروں کا انتظام

marfat.com

نوکروں کے سپرد کر دیتا۔ خود حاضر بارگاہ رہتا۔ ہفتہ عشرہ میں وہاں پھیرا مار آیا کرتا مگر کرتا کیسے۔ نصیب میں تو یہ دن تھے۔ اور اگر یہ حال ہو تو معنی یہ ہوں گے۔ اطاعت سے منہ پھر گیا۔ دل سے تو پہلے ہی پھرا ہوا تھا۔ دیکھو (تفسیر روح المعانی)

**خلاصہ تفسیر** منافقین بہت قسم کے ہیں جن میں بعض کا حال تم معلوم کر چکے اور بعض وہ ہیں جو غریبی کے زمانہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اللہ تعالیٰ سے عہد و پیمان کرتے ہیں کہ اگر اس نے ہم کو اپنے فضل و کرم سے مالدار کر دیا تو ہم ہر طرح کے صدقات و خیرات کریں گے۔ اور وہ تمام نیکیاں کریں گے جو مال پر موقوف ہیں اور ہم ہر طرح نیکوکاروں سے ہو جائیں گے۔ حاجی وغیرہ بنیں گے۔ مگر ہوا یہ کہ جب رب نے انہیں اپنے فضل سے مال دے دیا تو وہ اوّل درجہ کے کنجوس بن گئے۔ زکوٰۃ تک نہیں دیتے اور ہمارے حبیب کی اطاعت سے منہ پھیر گئے۔ دل سے تو پہلے ہی پھرے ہوئے تھے۔ یا بدنی عبادات۔ نماز مسجد نبوی کی حاضری تو پہلے ہی چھوڑ چکے تھے۔

**فائدے** اِن آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک کی فطرت سے خبردار ہیں کہ کس کی طبیعت غریبی کے لائق ہے کس کی امیری کے لائق۔ رب نے حضور کو اپنی مخلوق کی کیفیت قلبی سے خبردار کیا ہے۔ یہ فائدہ شانِ نزول سے حاصل ہوا۔ دیکھو ثعلبہ کو حضور نے مالدار بننے سے منع کیا مگر حضرت عثمان کو منع نہ کیا کیونکہ ثعلبہ اور حضرت عثمان کی فطرت سے خبردار ہیں کہ حضرت عثمان مال کا تحمل کر سکتے ہیں ثعلبہ نہیں کر سکتا۔ پھر ظہور بھی ویسا ہی ہوا جیسا بتایا تھا۔ **دوسرا فائدہ** حضور انور لوگوں کے دلی اخلاص و نفاق سے خبردار ہیں دیکھو بڑے سے بڑے مجرموں کو معافی دیدی جیسے جناب ابوسفیان۔ ہندہ۔ وحشی عکرمہ وغیرھم۔ اُن کی توبہ منظور فرمائی مگر معافی نہ دی توبہ منظور نہ کی ثعلبہ کی اگرچہ وہ سر پر خاک ڈالتا رہا۔ کیونکہ ان حضرات کی توبہ اخلاص سے تھی اس کی یہ حرکات نفاق سے **فائدہ** بھی شانِ نزول سے حاصل ہوا جس پر حضور انور مطلع تھے شعر

خدا مطلع ساخت بر جملہ غیب — علیٰ کُلِّ شَیْءٍ خبیر آمدی
نہ آمد مثال تو در دو جہاں — تدبر آمدی بے نظیر آمدی

**تیسرا فائدہ** حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک کے انجام سے خبردار ہیں کہ کون کافر مرے گا کون مومن یہ فائدہ بھی اس شانِ نزول سے حاصل ہوا کہ حضور انور جانتے تھے کہ ثعلبہ اب بھی منافق ہے اور مرے گا بھی کافر اس لئے اس کا نہ تو صدقہ قبول فرمایا نہ اُس کے رُونے سر پر خاک ڈالنے کی پرواہ کی کہ اس کا انجام بُرا ہونے والا تھا۔ جب حضور اُحد پہاڑ کے دل کی جانتے ہیں تو انسان کے دل کی کیوں نہ جانیں۔ **چوتھا فائدہ**۔ حضور کے دروازے سے ٹھکرایا ہوا کہیں مقبول نہیں ہوتا یہ فائدہ بھی شانِ نزول سے حاصل ہوا کہ ثعلبہ کی زکوٰۃ نہ حضرت صدیق اکبر نے قبول کی نہ حضرت فاروق اعظم نے نہ عثمانِ غنی نے۔ کیونکہ حضور کے آستانہ عالیہ سے رَد ہو چکی تھی ایسے کو نورِ رب

marfat.com

بھی منظور و مقبول نہیں کرتا۔ شعر۔

قسم خدا کی نہ وہ اٹھ سکا قیامت تک کہ جس کو تو نے نظر سے گرا کے چھوڑ دیا (اعظم چشتی)

پانچواں فائدہ:۔ حضور سے عہد و پیمان خود رب تعالیٰ سے عہد و پیمان ہے یہ فائدہ مَنْ عٰهَدَ اللّٰهَ سے حاصل ہوا ثعلبہ نے حضور انور سے یہ معاہدہ کیا تھا مگر رب تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے کیا کیوں نہ ہو کہ حضور اللہ تعالیٰ کے رسول بھی ہیں وکیل مطلق بھی **چھٹا فائدہ:۔** جب فرض عبادت ادا کرنے کا وعدہ حضور سے کر لیا جاوے تو اس کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ یہ فائدہ لنصدقن کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ اس سے مراد زکوٰۃ ہے کہ زکوٰۃ خود بھی فرض ہے اور حضور انور سے اس کی ادا کا وعدہ کر لینے سے اور بھی ضروری ہو گئی کہ اس کے چھوڑنے پر ایمان سلب ہو گیا۔ **ساتواں فائدہ** نفلی صدقہ سنت مان لینے سے فرض ہو جاتا ہے۔ اور حضور انور سے وعدہ کر لینے سے اور زیادہ اہم فرض یہ فائدہ لنصدقن کی تیسری تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ اس سے مراد نفلی صدقہ ہو۔ کار خیر میں چندہ دینا وغیرہ جو اس پر اس نذر کی وجہ سے واجب ہو گئے تھے۔ **آٹھواں فائدہ:۔** واجب حقوق ادا نہ کرنا شریعت میں بخل ہے نفلی صدقات نہ دینا بخل نہیں یہ فائدہ بخلوا سے حاصل ہوا۔ (تفسیر کبیر) خیال رہے کہ ضروری مقام پر خرچ کرنا سخاوت ہے غیر ضروری جگہ خرچ کرنا اسراف ہے ناجائز جگہ خرچ کرنا تبذیر اس وجہ سے اسراف کے لئے ہلکی بات فرمائی گئی اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ اللہ تعالیٰ اسراف والوں کو پسند نہیں کرتا مگر تبذیر کے لئے سخت حکم ہے ان المبذرین کانوا اخوان الشیاطین۔ تبذیر کرنے والے شیطانوں کے بھائی ہیں۔ **نواں فائدہ:۔** کار خیر میں حیلے بہانے ٹال مٹول کرنا درحقیقت انکار ہے تو لی بھی اعراض ہے۔ یہ فائدہ تَوَلَّوْا اور مُعْرِضُوْنَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو ثعلبہ نے زکوٰۃ سے انکار نہیں کیا تھا ٹال مٹول کی تھی۔ رب نے اسے تولی قرار دیا۔ **دسواں فائدہ:۔** زکوٰۃ کو ٹیکس۔ خراج۔ جزیہ سمجھنا غلط بلکہ قریب کفر ہے یہ تو عبادت ہے جو نہایت خوشدلی سے ادا کرنی چاہیے اور ادا ہو جانے پر توفیق کا شکریہ فائدہ بھی تولوا اور معرضون سے حاصل ہوا کہ ثعلبہ نے کہا تھا کہ زکوٰۃ جزیہ کی طرح ہے رب نے اسے تولی فرمایا۔ پہلا اعتراض جس وقت ثعلبہ نے یہ مذکورہ وعدہ کیا تھا اس وقت وہ مخلص مومن تھا اس وقت اسے منافق کیوں فرمایا گیا۔ کہ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا (الخ) جواب اس لئے کہ وہ علم الٰہی میں منافق ہو جانے والا اور نفاق پر مرنے والا تھا۔ نیز اس میں بتایا گیا کہ نیا اور پرانا منافق یکساں ہیں یا یوں کہو کہ اس آیت کا نزول ثعلبہ کے زکوٰۃ نہ دینے پر ہوا تب تو کوئی سوال ہی نہیں۔ **دوسرا اعتراض:۔** اس آیۃ میں فرمایا گیا کہ ثعلبہ نے کہا تھا ہم صدقہ دیں گے اور نیک کاروں میں سے ہو جائیں گے وہ نیک کار تو پہلے ہی تھا غازی تھا مسجد نبوی شریف کا حاضر باش تھا۔ پھر اس کا کیا مطلب ہے جواب اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو گیا کہ یا تو یہ مطلب ہے کہ ہم مالی نیکیاں بھی کریں گے ابھی تو صرف بدنی نیکیاں کرتے ہیں یا یہ مطلب ہے ہم نیک کار رہیں گے۔ مال پا کر بدکار نہ ہو جائیں گے بہرحال مطلب واضح ہے۔ **تیسرا اعتراض** مالی نیکیاں تو صدقہ میں آگئیں لَنَصَّدَّقَنَّ پھر اب صالح ہو جانے کا کیا مطلب ہے **جواب** مالی نیکیاں بہت قسم کی ہیں۔ فرض جیسے زکوٰۃ

marfat.com

حج واجب جیسے فطرہ قربانی۔ نفل جیسے جہاد و عمرہ وغیرہ میں خرچ یہاں صدقہ سے مراد ضروری خیراتیں ہیں۔ اور صالحین سے مراد یہ بقیہ جگہ خرچ کر کے نیک بن جانا لہٰذا آیت میں تکرار نہیں۔ **چوتھا اعتراض**۔ ثعلبہ کے لیے تو اس کا مال وبال بنا پھر اسے رب تعالیٰ کا فضل کیوں فرمایا گیا۔ کہ فلما اتٰھم من فضلہ **جواب**۔ یہ بتانے کے لیے کہ اسے مال خود اس کے کمال سے نہ ملا۔ محض عطاء ذوالجلال سے ملا کہ ایک بکری سے اس کے جنگل بھر گئے نیز مال تو اللہ کا فضل ہی ہے اگر کوئی اس سے سرکش ہو جائے تو یہ اس کا اپنا قصور ہے۔ **پانچواں اعتراض**۔ یہاں ثعلبہ کے متعلق تین باتیں ارشاد ہوئیں بخل تولی۔ معرضون۔ انہیں کیا فرق ہے۔ **جواب**۔ زکوٰۃ نہ دینا ٹال مٹول کرنا بخل ہے۔ منہ سے کہنا کہ یہ تو ایک قسم کا ٹیکس ہے یہ ہوئی تولی۔ دل سے زکوٰۃ کو بوجھ جاننا یہ ہے اعراض یہ تینوں کام اس نے کیے۔

**تفسیر صوفیانہ** حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو رب تعالیٰ نے پتھروں کی دلی حالت پر مطلع فرمایا ہے کہ احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے۔ ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ عیر ہم سے عداوت رکھتا ہے، ہم اس سے نفرت کرتے ہیں۔ تو انہیں لوگوں کے دلوں کی حالت کیسے معلوم نہ ہوگی۔

قدرت کی تحریریں جانے　　امی اور تقریریں جانے
بخشش کی تدبیریں جانے　　وہ ہے رحمت والا
جس کا نام ہے محمد ان سے دو جگ ہے اوجیالا

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذوالنورین اور دوسرے مال دار انصار کے دلوں کی استعداد بھی جانتے ہیں اور ثعلبہ کی نا اہلی بھی۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ مبارک تمام جہان کی فطرت کی نبض پر ہے۔ اس لیے ثعلبہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مال دار بننے سے منع فرمایا۔ وہ نہ مانا اور دنیا نے اس کا انجام دیکھ لیا۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ جیسے کعبہ معظمہ کی طرف سجدہ اس کے آگے نماز پڑھنا۔ رب کو سجدہ رب کو نماز ہے۔ ایسے ہی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ کرنا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہو کر عہد کرنا رب تعالیٰ سے عہد ہے مَنْ عٰھَدَ اللّٰہَ۔ یہ ہی بتا رہا ہے۔ مال رحمت بھی بنے وبال بھی۔ یہ بات اس کے انجام سے معلوم ہوتی ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مال رحمت ذوالجلال تھا۔ ثعلبہ کا مال بڑا وبال ہوا۔

**فَاَعْقَبَھُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِھِمْ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَوْنَہٗ بِمَا**

پس سزا دی اللہ نے ان کو منافقت کی دلوں میں ان کے اس دن تک جب کہ ملیں گے وہ اس سے
تو اس کے پیچھے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں نفاق رکھ دیا اس دن تک جب کہ ملیں گے بدلہ اس کا

marfat.com

| |
|---|
| اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۷۷﴾ اَلَمْ |
| اس وجہ سے کہ خلاف کیا انہوں نے اللہ سے وہ جو عہد کیا انہوں نے |
| انہوں نے اللہ سے وعدہ جھوٹا کیا اور بدلہ اس کا کہ جھوٹ بولتے تھے کیا انہیں خبر نہیں |
| يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَ |
| اس سے اور اس وجہ سے کہ جھوٹ بولتے تھے کیا نہ جانا انہوں نے کہ تحقیق اللہ جانتا ہے انکے بھید کو اور |
| کہ اللہ ان کے دل کی چھپی اور ان کی سرگوشی کو جانتا ہے اور یہ کہ اللہ سب غیبوں |
| اَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾ ج |
| ان کے مشوروں کو اور تحقیق اللہ جاننے والا ہے غیبوں کا |
| کو بہت جاننے والا ہے |

**تعلق** ان آیات کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت کریمہ میں ثعلبہ کے تین گناہوں کا ذکر ہوا۔ بخل۔ وعدہ خلافی اور اعراض۔ یعنی اللہ رسول کے حکم سے منہ پھیرنا اب ان کے نتیجہ کا ذکر ہے یعنی دل میں نفاق پیدا ہو جانا۔ گویا بیماری کے ذکر کے بعد اس کے انجام کا تذکرہ ہے دوسرا تعلق: پچھلی آیت کریمہ میں ثعلبہ کے عملی گناہوں کا ذکر تھا۔ اب اس کے نتیجہ میں دلی گناہوں یعنی نفاق کا تذکرہ ہے گویا ابتداءِ مرض کے بعد انتہاءِ مرض کا ذکر ہو رہا ہے۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت کریمہ میں ثعلبہ کے بخل و جھوٹ۔ وعدہ خلافی کا تذکرہ ہوا کہ اس نے یہ تینوں جرم حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے سرتابی کرتے ہوئے گئے۔ جس سے اس کے جرم سخت ہو گئے۔ اب ارشاد ہے کہ اس بے ادبی کا ذکر پہلے ہوا اب اس بے ادبی کا نتیجہ ارشاد ہو رہا ہے

**مقصدِ نزول** پچھلی دو آیتوں کے شانِ نزول میں بتایا گیا تھا کہ ثعلبہ ابن حاطب بعد میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا مگر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے رد فرما دی جس سے وہ اپنے سر پر خاک ڈالنے لگا۔ یہ آیت کریمہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عمل شریف کی تائید فرمانے کے لیے آئی کہ آپ نے ٹھیک کیا وہ یہ کام اخلاص سے کیسے کر سکتا تھا۔ ہم نے تو منافقت اس کے دل میں مرتے دم تک کے لیے لازم کر دی۔

تفسیر۔ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۔ یہ عبارت پچھلی عبارت پر معطوف ہے لہٰذا

marfat.com

اس کی ف عاطفہ ہے چونکہ ان اعمال کے فوراً بعد نفاق ان کے دلوں میں پیدا ہوا۔ اس لیے ف ارشاد ہوئی ثُمَّ نہ فرمایا گیا۔ اور ہو سکتا ہے کہ یہ جملہ ایک پوشیدہ شرط کی جزاء ہو اور ف جزائیہ ہو۔ عام مفسرین نے فرمایا کہ اعقب بنا ہے عقب سے بمعنی پیچھے ہونا۔ اعقاب پیچھے لانا۔ پیچھے کرنا۔ ایک شاعر کہتا ہے۔

اَدْرِیْ بَنِیَّ وَاَعْقَبُوْنِیْ نَمْرَۃً بَعْدَ الرَّوَاءِ وَبَعْدَ لَذَّۃِ الْعَیْشِ

اس شعر میں اعقبونی بنا ہے عقبٌ سے (تفسیر کبیر) اسکا فاعل اللہ تعالیٰ ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان جرموں کے بعد ان کے دلوں میں نفاق ڈال دیا۔ مگر تفسیر خازن نے فرمایا کہ یہ عقاب بمعنی سزا سے بنا ہے اور فاعل رب تعالیٰ ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے انہیں نفاق کی سزا دی کہ ان کے دلوں میں دائمی نفاق پیدا کر دیا۔ خواجہ حسن بصری نے فرمایا کہ اَعْقَبَ کا فاعل رب تعالیٰ نہیں بلکہ ان کی مذکورہ وعدہ خلافی اور جھوٹ وغیرہ ہے۔ ان کے نزدیک جیسے ترک نماز کفر ہے ایسی ہی یہ مذکورہ گناہ منافقت ہیں۔ مگر یہ قول بہت ہی ضعیف ہے کیونکہ آگے ارشاد ہے۔ بِمَا اَخْلَفُوا اللّٰہَ وَبِمَا کَانُوْا یَکْذِبُوْنَ ... جس سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہ سب جرم سبب نفاق ہیں نہ کہ فاعل۔ اور ظاہر ہے کہ فاعل اور ہوتا ہے سبب کچھ اور یہاں تفسیر خازن۔ روح المعانی۔ کبیر وغیرہ نے فرمایا کہ حسنؒ نے اس تفسیر سے رجوع کر لیا۔ جیسا کہ ہم انشاء اللہ خلاصہ تفسیر میں عرض کریں گے۔ نفاق سے مراد اعتقادی منافقت ہے۔ یعنی دل میں کفر زبان پر اسلام نہ کہ محض عملی منافقت یعنی منافقوں کے سے کام کرنا اسی لیے ارشاد ہوا فِیْ قُلُوْبِہِمْ یعنی نفاقِ دلی پیدا کیا۔ خیال رہے کہ نفاقاً دوسرا مفعول ہے اَعْقَبَ کا اور قُلُوْبِہِمْ ظرفًا کی صفت الیٰ انتہاء کے لیے ہے یوم سے مراد وقت ہے نہ کہ نہار یعنی رات کا مقابل یلقونہ سے مراد ان کی موت کا دن ہے اور اس سے پہلے عذاب پوشیدہ ہے۔ کیونکہ بعد موت نہ کوئی کافر رہتا ہے نہ منافق سب توبہ کر کے اسلام قبول کرتے ہیں مگر وہ قبول کرنا معتبر نہیں نیز کفار اور منافقین نہ تو اللہ تعالیٰ کا دیدار کر سکیں گے نہ اس سے ملاقات۔ بلکہ مرتے وقت وہ اللہ کے عذاب سے ملتے ہیں۔ بِمَا اَخْلَفُوا اللّٰہَ مَا وَعَدُوْہُ ... یہ عبارت متعلق ہے اَعْقَبَ کے اس میں ب سببیہ ہے اور ما مصدریہ یا موصولہ یعنی انہیں نفاق کی یہ سزا اس لیے ملی کہ انہوں نے اللہ سے جو وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا۔ چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ رب تعالیٰ سے وعدہ ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وعدہ توڑنا رب تعالیٰ کا وعدہ توڑنا۔ اس لیے اَخْلَفُوا اللّٰہَ اور ساتھ ہی مَا وَعَدُوْہُ فرمایا۔ وَبِمَا کَانُوْا یَکْذِبُوْنَ۔ یہ عبارت معطوف ہے۔ بِمَا اَخْلَفُوا اللّٰہَ الخ پر یعنی اس وجہ سے بھی کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے جھوٹ کے عادی تھے۔ خیال رہے۔ کہ یہاں وعدہ سے تو وہ وعدہ مراد ہے لَنَصَّدَّقَنَّ ہم صدقہ وخیرات کریں گے اور جھوٹ سے مراد یا تو لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ میں جھوٹ بولنا مراد ہے کہ وعدہ کیا تھا

marfat.com

نیک بن جانے کا مگر بنے بد۔ یا اس سے ان کا دائمی جھوٹ مراد ہے یعنی وہ جھوٹ بولنے کے عادی ہیں۔ (روح البیان) اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ سِرَّھُمْ وَنَجْوٰىھُمْ اس فرمانِ عالی میں ان پر دوسرا عتاب ہے اس میں الف سوال انکاری کا ہے۔ سِر سے مراد ان کے دلی عقیدے ہیں اور نجوا سے مراد ان کی آپس کی سرگوشیاں اور مشورے۔ وہ دل سے کافر تھے۔ اور منہ سے کہتے تھے کہ زکوٰۃ ٹیکس کی طرح ظلم ہے۔ اس کا وصول کرنا ناجائز۔ کیا یہ جانتے نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی دلی بدعقیدگیاں اور آپس کی زبانی بکواس جانتا ہے۔ اس نے اپنے حبیب کو بھی ان پر خبردار کیا ہے۔ اس لیئے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے بدترین کفار کی توبہ قبول فرمائی کہ وہ اخلاص سے تھی۔ مگر ان کی زکوٰۃ قبول نہ کی وہ نفاق سے تھی۔ خیال رہے کہ ان تمام میں صیغے اور ضمیریں جمع لانا اس لیئے ہے کہ اس میں ثعلبہ کے گھر والے شامل کہ وہ اس کے تمام حرکات میں معاون و مددگار تھے یا دوسرے منافقینِ مدینہ شامل ہیں جو ان کے ہم نوا تھے۔ اس کی ان حرکات کو پسند کرتے تھے۔ وَاَنَّ اللّٰہَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ یہ فرمانِ عالی اِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ پر معطوف ہے اور یَعْلَمُوْنَ کا مفعول یعنی کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ سارے غیبوں کا جاننے والا ہے جو کچھ وہ کر چکے کہہ چکے یا کہتے اور کرتے ہیں یا کہیں گے اور کریں گے رب تعالیٰ کو سب کی خبر ہے۔ وہ لوگ یہ سب کچھ جانتے مانتے ہیں۔ کیونکہ وہ خدا تعالیٰ کی ذات و صفات کے انکاری نہیں مگر حرکات اس کے خلاف کرتے ہیں۔

**خلاصۂ تفسیر** اللہ تعالیٰ نے ثعلبہ کو اس کی مذکورہ حرکات کی سزا یہ دی کہ نتیجہ کے طور پر ان کے دلوں میں نفاق ایسا جاگزین کر دیا جو مرتے وقت تک اور عذاب ملنے تک ان کے دلوں میں قائم رہے انہیں کبھی توبہ کی توفیق نہ ملے یہ اس لیئے ہوا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے بارگاہِ نبوت میں کیئے ہوئے وعدے خلاف کیئے یعنی مال ملنے پر صدقہ خیرات نہ کی اور اللہ سے جھوٹ بولتے رہے۔ انہیں میں سے ایک جھوٹ یہ تھا کہ ہم نیک و صالح بن جائیں گے مگر بنے بدکار ان پر خدا کی کیسی پھٹکار ہے۔ کیا انہیں خبر نہیں کہ رب تعالیٰ ان کے دلوں کے چھپے ہوئے برے عقیدے بھی جانتا ہے اور ان کی سرگوشیوں سے بھی خبردار ہے وہ تو سارے غیبوں کا جاننے والا ہے۔ اس کے علم غیب کی دلیل یہ ہے کہ اس کے محبوب نے ان کی لائی ہوئی زکوٰۃ قبول نہ فرمائی۔ ان کے اپنے سروں پر خاک ڈالنے کی پرواہ نہ کی وہ جانتے تھے کہ یہ سب کچھ منافقت سے کر رہے ہیں حالانکہ یہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم بدتر سے بدتر کفار کی توبہ قبول فرما لیتے ہیں۔ جانتے ہیں کہ وہ توبہ اخلاص سے ہے یا اس میں آئندہ اخلاص پیدا ہو جاوے گا۔ دیکھو فتح مکہ میں مؤلفۃ القلوب کا ایمان منظور کر لیا۔ کیونکہ انجام سے خبردار ہیں۔

لطیفہ: حضرت خواجہ حسن بصری فرماتے تھے کہ زکوٰۃ نہ دینا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ جھوٹ بولنا منافقت

marfat.com

ہے اور ان جرموں کا مرتکب پکا منافق۔ ان کی دلیل یہ آیت تھی اور وہ حدیث کہ جس شخص میں یہ چار خصلتیں ہوں وہ منافق ہے۔ بات کرے تو جھوٹ بولے۔ وعدہ کرے تو خلاف کرے۔ لڑے تو گالیاں بکے۔ امانت میں خیانت کرے۔ آپ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا بولا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے جھوٹ بھی بولا۔ وَجَآءُوْا عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ وعدہ خلافی بھی کی۔ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۔ امانت میں خیانت بھی کی۔ آپ انہیں منافق کہتے ہیں۔ انہیں یوسف علیہ السلام نے خواب میں ستاروں کی شکل میں دیکھا تھا۔ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا۔ حضرت حسن نے اس فرمان سے رجوع کر لیا پھر کبھی یہ نہ کہا (تفسیر کبیر۔ خازن۔ روح البیان وغیرہ)

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: بعض گناہ کفر یا نفاق کا ذریعہ ہیں کہ ان کی نحوست سے آدمی آخر کار کافر یا منافق ہو جاتا ہے یہ فائدہ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا سے حاصل ہوا ثعلبہ حضور انور صلی علیہ وسلم سے کیے ہوئے وعدے خلافی سے منافق ہو گیا۔ دوسرا فائدہ: اللہ تعالیٰ مردوں کے دلوں میں نفاق پیدا فرماتا ہے ان کے بعض گناہوں کی وجہ سے۔ جیسے بعض بیماریوں کی وجہ سے موت پیدا فرماتا ہے۔ یہ فائدہ بھی فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا (الخ) سے حاصل ہوا کہ اعقب کا فاعل رب تعالیٰ ہے۔ تیسرا فائدہ: ثعلبہ مرتے دم تک منافق رہا اور منافق مرا اس کا بار بار زکوٰۃ لانا اور سر پر خاک ڈالنا سب نفاق سے تھا یہ فائدہ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ سے حاصل ہوا۔ چوتھا فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر دلوں کی گہرائیوں تک ہے وہ اخلاص و نفاق کو پہچانتے ہیں شعر

اے فروغت صبح آثار وجود ہور — چشم تو بینندہ مافی الصدور
در نظر بودش مقامات العباد — زاں سبب نامش خدا شاہد نہاد

دیکھو ثعلبہ کا بہت مال منظور نہ فرمایا اور ابو عقیل انصاری کے چار سیر جو نہایت خوشی سے منظور کیئے یہ نفاق سے تھا وہ اخلاص سے۔ یہ آیت تو بعد میں آئی۔ حضور انور کی اس عمل شریف کی تائید کے لیے۔ نبی ہوتا ہی وہ ہے جو باخبر ہو۔

بندہ مٹ جائے نہ آقا پہ وہ بندہ کیا ہے — بے خبر ہو جو غلاموں سے وہ آقا کیا ہے

پانچواں فائدہ: حضور انور سے وعدہ خلافی کرنا رب تعالیٰ سے وعدہ خلافی ہے یہ فائدہ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ سے حاصل ہوا کہ ثعلبہ نے حضور انور سے وعدہ خلافی کی رب تعالیٰ نے فرمایا کہ مجھ سے وعدہ خلافی کی۔ یوں ہی اس کے برعکس حضور انور سے وفاداری رب تعالیٰ سے وفا ہے۔ شعر

marfat.com

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

چھٹا فائدہ: غریبی میں خدا کو یاد کرنا امیری میں بھول جانا۔ منافقوں کا طریقہ ہے یہ فائدہ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ سے حاصل ہوا ثعلبہ کے انجام سے عبرت پکڑو۔ ساتواں فائدہ۔ مانی ہوئی نذر پوری نہ کرنا منافقوں کا طریقہ ہے اس سے دل میں نفاق پیدا ہوتا ہے۔ یہ فائدہ بھی۔ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۔ سے حاصل ہوا۔ اولاً تو نذر مانو نہیں مگر جب مان لو تو پوری کرو۔ ثعلبہ کا انجام سامنے رکھو۔ آٹھواں فائدہ۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا عذاب یہ ہے کہ بندہ ایمان۔ نیک اعمال سے محروم ہو جاوے۔ اور دنیاوی تکلیف تو اللہ کی رحمت بھی ہو جاتی ہے۔ نواں فائدہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے سے نکالا ہوا کہیں امن نہیں پاتا۔ دیکھو ثعلبہ کی زکوٰۃ جب بارگاہِ نبوت سے نکالی گئی تو نہ صدیق اکبر نے قبول کی نہ فاروق اعظم نے نہ عثمان غنی نے۔ اسے تو رب تعالیٰ بھی قبول نہیں کرتا۔ دسواں فائدہ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا علم غیب رب تعالیٰ کے علم غیب کی دلیل ہے۔ بلکہ حضور انور کی ہر صفت کمال صفات رب ذوالجلال کی دلیل ہیں یہ فائدہ۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ (الخ) سے حاصل ہوا۔ ثعلبہ رب تعالیٰ کے علم کا منکر نہ تھا وہ حضور کے علم کا انکاری تھا۔ اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں زکوٰۃ منافقت سے لایا تھا۔ کامل عالم وہ ہے جو عالم بنا بھی سکے۔ کامل مالک وہ ہے جو مالک بنا بھی سکے۔ شعر

وہ ہی رب ہے جس نے تجھ کو ہم تن کرم بنایا ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بتایا

**پہلا اعتراض** یہاں اَعْقَبَ کا فاعل رب تعالیٰ نہیں بلکہ ثعلبہ کا بخل اس کی وعدہ خلافی۔ جھوٹ وغیرہ ہے۔ نوٹ۔ یہ اعتراض معتزلہ کا ہے جو رب کو شر کا خالق نہیں مانتے۔ ان کے ہاں بندہ خود اپنے اعمال کا خالق ہے۔ جواب۔ یہ غلط ہے۔ کیونکہ بخل۔ جھوٹ۔ وعدہ خلافی تو نفاق پیدا ہونے کی وجہ ہے نہ کہ اس کا فاعل۔ دیکھو ارشاد ہوا۔ بِمَا اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ سبب ہونا فاعل نہیں ہوتا۔ اب ہماری خلقت کا سبب تو ہیں خالق نہیں۔ دوسرا اعتراض۔ معلوم ہوتا ہے کہ قیامت میں کفار و منافقین بھی رب سے ملاقات کریں گے۔ دیکھو ارشاد ہوا۔ اَلَا يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ اور ظاہر ہے کہ ملاقات دوست سے ہی کی جاتی ہے۔ لہٰذا کفار و منافقین بھی خدا کو پیارے ہیں۔ جواب۔ یہ غلط ہے یہاں اس دن سے مراد قیامت کا دن نہیں بلکہ ان کی موت کا دن ہے۔ اور يَلْقَوْنَهٗ کے معنی ہیں رب کا عذاب پائیں گے رب فرماتا ہے۔ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا متقی لوگ رب تعالیٰ سے وفد بن کر ملاقات کریں گے اور مجرمین پیاسے اونٹوں کی طرح دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے۔ تیسرا اعتراض۔ بِمَا اَخْلَفُوا اللّٰهَ ۔ ماضی مطلق

ارشاد ہوا۔ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۔ ماضی استمراری اس میں کیا فرقِ بیان کی وجہ کیا ہے۔ جواب۔ اس فرق کی وجہ ابھی تفسیر میں عرض کی گئی کہ ثعلبہ نے وعدہ خلافی تو صرف اس موقعہ پر کی تھی مگر جھوٹ بولنے کا پہلے سے عادی تھا۔ جھوٹ عام ہے مگر وعدہ خلافی خاص۔ چوتھا اعتراض۔ اس آیت سے اور ایک حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وعدہ خلاف منافق ہے وعدہ خلافی نفاق فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ منافق ہے وہ جس میں یہ عیوب ہوں۔ بات کرے تو جھوٹ بولے۔ امانت میں خیانت کرے۔ لڑے تو گالیاں بکے۔ لہٰذا بے نماز کافر ہے۔ وعدہ خلاف منافق۔ (خواجہ حسن بصری) جواب۔ اس اعتراض کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو گیا کہ حدیث شریف میں منافقت سے مراد عملی نفاق ہے یعنی ایسا شخص منافقوں کے سے کام کرتا ہے۔ یہاں تفسیر کبیر نے یہ جواب بھی دیا ہے کہ یہ عیوب خاص زمانہ نبوی میں نفاق تھے۔ جیسے اس زمانہ میں نماز چھوڑنا کفر کی خاص علامت تھی۔ جیسے آجکل چوٹی رکھنی کفر یعنی کفر کی علامت ہے۔ پانچواں اعتراض۔ ثعلبہ منافق تھا اس کی زکوٰۃ اور نذر شرعاً واجب الادا نہ تھی پھر اس کے پورا نہ کرنے پر معتوب کیوں ہوا جواب۔ نذر مانتے وقت ثعلبہ مسلمان تھا۔ بعد میں منافق بنا۔ کافر بھی۔ اگر کسی عبادت اسلامیہ کی نذر مان لے اس پر بھی اس کو پورا کرنا لازم ہے کہ مسلمان ہو اور نذر پوری کرے۔

**تفسیر صوفیانہ** بُرے سے بُرا متقی خاتمہ بالخیر سے پہلے اپنے پر اعتماد نہ کرے۔ ثعلبہ کا واقعہ تا قیامت عبرت ناک ہے۔ ابلیس نے اسی ہزار سال عبادات کیں مگر مارا گیا۔ (روح البیان) کبھی ایک چنگاری سارا گھر جلا دیتی ہے۔ ایسے ہی کبھی ایک گناہ ساری عبادات ضائع کر دیتا ہے۔ ابلیس کے ایک گناہ نے ہی اسے برباد کر دیا۔ عمر بن عبد العزیز فرماتے ہیں کہ ساری امتوں کے منافقین سے بدتر ایک حجاج ابن یوسف منافق ہے۔ یہاں روح البیان نے فرمایا آجکل کے سلطنتِ عثمانیہ کے وزراء حکام تمام جہان کے منافقین سے بڑھے ہوئے ہیں حتی کہ یہ مردود جہاد کے موقعوں پر کفار سے رشوت لے کر انہیں فتح اور مومنین مجاہدین کو شکست دلاتے ہیں۔ خدا انہیں ہلاک کرے ان کے شر سے مسلمانوں کو بچائے۔ (روح البیان) شعر

گنج قارون کہ فرو می برد از قہر ہنوز ۔۔۔ خواندہ باشی کہ ہم از غیرتِ درویشاں است

صوفیا فرماتے ہیں کہ اس بارگاہ میں زبانی دعوی نہیں دیکھا جاتا۔ وہاں دلی اخلاص پر نظر ہے۔ وہاں مال نہیں دیکھا جاتا۔ خرچ کرنے والے کی نوعیت کو دیکھا جاتا ہے۔

marfat.com

| |
|---|
| اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي |
| وہ لوگ جو طعنہ دیتے ہیں رغبت کرنے والوں کو مسلمانوں میں سے |
| اور جو عیب لگاتے ہیں ان مسلمانوں کو جو کہ دل سے خیرات |
| الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ |
| صدقات میں اور ان کو جو نہیں پاتے مگر مشقت اپنی کو |
| کرتے ہیں اور ان کو جو نہیں پاتے مگر اپنی محنت سے تو ان سے |
| فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ |
| پس مذاق کرتے ہیں ان سے بدلہ دے گا اللہ ان سے ہنسی کا اور واسطے |
| ہنستے ہیں اللہ ان کی ہنسی کی سزا دے گا اور ان کے لیے |
| عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ |
| ان کے عذاب ہے دردناک |
| دردناک عذاب ہے |

تعلق :۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق :۔ بہت دور سے منافقین کا ذکر چلا آرہا ہے۔ وہ مختلف قسم کے تھے اور ان کے عیوب بھی مختلف جن میں سے بہت سی قسموں اور ان کے عیوب کا ذکر پچھلی آیات میں ہو چکا۔ ان کی ایک قسم کا ذکر اس آیت کریمہ میں ہو رہا ہے۔ دوسرا تعلق :۔ پچھلی آیت کریمہ میں ثعلبہ منافق کا عیب بیان ہوا۔ بخل وعدہ خلافی جھوٹ۔ اب دوسرے منافقوں کا عیب بیان ہو رہا ہے، یعنی صحابہ کرام کی سخاوتوں پر طعنہ کرنا انہیں ریاکار وغیرہ بتانا گویا ان کے اپنے عیوب کا ذکر فرمانے کے بعد مومنین میں عیب نکالنے کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ تیسرا تعلق :۔ پچھلی آیات میں منافقوں کا یہ عیب بیان ہوا کہ وہ بارگاہ رسالت میں گستاخ ہیں۔ اب یہ ذکر ہے کہ وہ حضرات صحابہ کی بارگاہ میں گستاخ ہیں۔ گویا گستاخی رسول پاک کے بعد صحابہ کرام کے تبرے کا تذکرہ ہے۔ شانِ نزول غزوۂ تبوک کے موقعہ پر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرات صحابہ کو چندہ دینے کا حکم دیا تاکہ جہاد پر خرچ ہو۔ سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق اپنا سارا مال حتیٰ کہ سوئی دھاگہ بھی لے کر حاضر ہوئے جس کی قیمت چار ہزار درہم تھی۔ حضرت عمر اپنے سارے مال کا آدھا لے کر حاضر ہوئے۔ جب حضرت صدیق سے حضور انور نے پوچھا کہ تم نے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا عرض کیا اللہ رسول گھر والوں کے لیے کافی ہے۔ اور جب حضرت عمر سے پوچھا کہ تم نے گھر

Irfat.com

میں کیا چھوڑا تو عرض کیا کہ اتنا ہی جتنا یہاں حاضر کیا۔ فرمایا تم دونوں میں وُہ ہی فرق ہے جو تمہارے کلاموں میں فرق ہے۔ حضرت عثمان غنی نے دس ہزار غازیوں کو سامانِ جہاد دیا۔ جس پر دس ہزار دینار خرچ کیئے اور ایک ہزار دینار حضور کی خدمت میں حاضر کیئے تین اونٹ مع ان کے سامان کے پچاس گھوڑے۔ حضور نے فرمایا۔ اے عثمان! تم جو چاہو کرو۔ تم جنتی ہو چکے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف چار ہزار درہم لائے اور عرض کیا، یارسول اللہ میرے پاس آٹھ ہزار درہم تھے، آدھے یہاں لایا آدھے گھر رکھے۔ فرمایا، جو لائے اور جو چھوڑ آئے اللہ دونوں میں برکت دے۔ ان کے مال میں اس قدر برکت ہوئی کہ بعض روایات میں ہے، کہ ان کی چار بیویاں تھیں۔ ان کی وفات کے بعد انہیں آٹھواں حصّہ میراث ملی تو ایک بیوی کو اسّی ہزار درہم ملے۔ بعض میں ہے کہ ان کا چھوڑا ہوا کل مال تین لاکھ بیس ہزار تھا۔ حضرت عاصم ابن عدی ایک سو وسق کھجوریں لائے۔ ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔ اور ایک صاع ساڑھے چار سیر کا۔ مگر حضرت ابوعقیل انصاری جن کا نام شریف حجاب یا سہل ابن رافع ہے۔ وُہ ایک صاع کھجوریں لائے اور بولے یارسول اللہ! آج رات میں نے باغ میں پانی دینے کی مزدوری کی، رات بھر کی مزدوری دو صاع کھجوریں ہوئیں۔ ایک صاع میں نے گھر چھوڑیں، ایک صاع یہاں لایا ہوں۔ حضور انور نے ان کے اس معمولی صدقے کی ایسی قدر فرمائی کہ فرمایا۔ ان کھجوروں کو سارے جمع شدہ مال پر چھڑک دو۔ کہ سب میں شامل ہو جائیں۔ اِدھر تو حضور انور کی یہ کرم نوازیاں ہو رہی تھیں۔ دوسری طرف منافقین بیٹھے ہوئے ان چندہ دینے والوں پر آوازے کس رہے تھے۔ زیادہ لانے والوں کے متعلق کہہ رہے تھے کہ یہ ریاکاریاں ہیں۔ انہوں نے اتنا بڑا صدقہ چھپ کر یا متفرق طور پر کیوں نہ کیا حتّٰی کہ ایک منافق نے حضرت عمر سے کہا کہ آپ دکھلاوے کے لیئے اتنا چندہ لائے تو آپ نے فرمایا کہ ہاں اللہ رسول کو دکھانے کے لیئے لایا ہوں۔ دوسروں کو دکھانے کے لیئے نہیں۔ اور حضرت ابوعقیل کے متعلق طعنہ دیتے ہوئے بولے کہ ان کے اس معمولی صدقہ کی اللہ رسول کو ضرورت نہیں، یہ صرف اپنے کو بڑوں چندہ والوں کے زمرہ میں داخل کرنے کے لیئے لائے۔ اس موقعہ پر ان منافقین کی تردید میں یہ آیتہ کریمہ نازل ہوئی۔ جس میں ان بے دینوں پر انتہائی غضب کا اظہار فرمایا گیا۔ (روح البیان۔ روح المعانی۔ خازن۔ کبیر وغیرہ) خیال رہے کہ حضور انور حضرت عثمان سے اس قدر خوش تھے کہ اپنی صاحبزادی رقیہ کا نکاح ان سے کیا، غزوۂ بدر کے بعد وفات پا گئیں تو حضرت ام کلثوم یعنی ان سے چھوٹی بیٹی کا نکاح ان سے کر دیا۔ جب وُہ بھی فوت ہو گئیں تو فرمایا کہ اگر میرے تیسری بیٹی ہوتی تو وُہ بھی عثمان کے نکاح میں دیتا اس لیئے آپ کو عثمان ذوالنورین کہا جاتا ہے۔ کسی کے نکاح میں نبی کی دو بیٹیاں نہ آئیں سوائے آپ کے۔ (روح البیان)

**تفسیر:** اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ۔ یہ فرمانِ عالی یا تو پوشیدہ منہم کی مبتدا ہے یا پوشیدہ ہم کی خبر۔ یلمزون بنا ہے۔ لَمْزٌ سے بمعنی عیب لگانا۔ طعنے دینا۔ اس کی تحقیق پہلے مِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ میں ہو چکی۔ رب فرماتا ہے وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ وہاں بھی لمزہ جمع لامز کی اسی لمز سے ہے۔ اَلْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ۔ یہ عبارت یلمزون کا مفعول بہ ہے مطوعین اصل میں متطوعین تھا۔ ت ط میں مدغم ہو گئی۔ یہ بنا ہے طوع سے بمعنی خوشی

marfat.com

اس کے مقابل کُرْھًا یعنی ناخوشی رب فرماتا ہے۔ طوعًا اور کرھًا تطوع نفلی عبادت کو بھی کہتے ہیں۔ اور بخوشی عبادت کرنے کو خوبکہ نفلی عبادت مومن اپنی خوشی سے کرتا ہے وہ فرض نہیں ہوتی۔ اِس لیئے اِسے تطوع کہا جاتا ہے۔ یہاں مراد ہیں وہ لوگ جو بخوشی بہت زیادہ مال لائے تھے۔ چونکہ ہر صحابی اپنا صدقہ الگ لائے تھے۔ اس لیئے فِی الصَّدَقٰتِ جمع ارشاد ہوا یعنی بعض منافق وہ ہیں جو ان مومنوں کو طعنے دیتے، عیب لگاتے ہیں جو بخوشی بھاری بھاری صدقات حاضر کرتے ہیں۔ ان پر ریاکاری کا الزام لگاتے ہیں وَالَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ اِلَّا جُھْدَھُمْ ۔ ۔ ۔ ۔ قوی یہ ہے کہ یہ عبارت معطوف ہے۔ المطوعین پر اور اور یلمزون کا مفعول الذین سے مُراد وہ فقراء صحابہ ہیں جو تھوڑا سا چندہ لائے تھے جُھْدَھُمْ پیش سے بھی آتا ہے۔ اور فتحہ سے بھی دونوں ہم معنی ہی ہے۔ بمعنی مشقت یا مشقت سے حاصل کیا ہوا تھوڑا سا مال۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ جُھْدٌ جیم کے پیش سے تھوڑی جزا اور جیم کے فتحہ سے محنت مشقّت (روح البیان ومعانی۔ کبیر) یعنی ان فقراء صحابہ کو بھی عیب لگاتے طعنے دیتے ہیں۔ جن کے پاس تھوڑا سا مال ہے جو محنت مزدوری سے حاصل کیا ہوا فَیَسْخَرُوْنَ مِنْھُمْ یہ عبارت معطوف ہے یلمزون پر مِنْھُمْ میں ھُمْ کا مرجع وہ فقراء صحابہ ہیں جو تھوڑا چندہ لائے۔ یعنی ان فقراء صحابہ کا مذاق اڑاتے ہیں۔ کہ آپ کیوں انگلی کاٹ کر شہیدوں میں داخل ہوئے۔ اور ہو سکتا ہے کہ الذین الخ مبتداء ہو اور فیسخرون الخ خبر اور یہ نیا جملہ ہو۔ سَخِرَ اللّٰہُ مِنْھُمْ ۔ یہ ہے اُن بدنصیب منافقوں کی دنیاوی زبانی سزا۔ سخریہ یعنی مذاق کی سزا کو مذاق فرمایا گیا۔ اس کی تحقیق پہلے پارہ میں اَللّٰہُ یَسْتَھْزِئُ بِھِمْ ۔ میں ہو چکی، چونکہ یہ سزا دنیاوی ہے۔ جس کے لیئے فنا ہے۔ اس لیئے سَخِرَ ماضی ارشاد ہوا اور ممکن ہے اس سخریہ سے مراد ان منافقوں کی وہ ذِلّت وخواری اور مذاق ہو جو مومنین ان پر کرتے رہے اور کرتے رہیں گے۔ جسے رَبّ کی طرف نسبت کیا گیا۔ وَلَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ یہ ان منافقوں کی اخروی سزا ہے چونکہ اس کے لیئے دوام ہے اس لیئے اسے جملہ اسمیہ سے بیان فرمایا۔ یعنی اس طعنہ ومذاق کا بدلہ خُود یہ چندہ دینے والے نہ لیں بلکہ اس کی دنیاوی سزا تاقیامت ان کا مذاق اڑایا جانا اور اخروی سزا دوزخ کی دائمی سزا خُود رَبّ تعالیٰ انہیں دے گا۔ کیونکہ اپنے محبوب اور محبوب کے غلاموں کا بدلہ خُود رَبّ تعالیٰ لیتا ہے۔

خلاصۂ تفسیر: منافقین وہ بد باطن لوگ ہیں۔ کہ جب غزوۂ تبوک کے موقعہ پر مال دار صحابہ نہایت ہی فراخ دِلی سے بہت بڑی رقم چندہ میں لاتے ہیں تو یہ انہیں عیب لگاتے ہیں ان پر طعنہ بازی کرتے ہیں کہ لوگ نام ونمود دکھلاوے کے لیئے لائے ہیں۔ نہ کہ رضاءِ الٰہی کے لیئے اگر رضاءِ الٰہی کے لیئے لاتے تو خفیہ دیتے، علانیہ کیوں لائے۔ اور جب فقراء صحابہ محنت مزدوری کر کے تھوڑی رقم حاضر کرتے ہیں تو اُن کا مذاق اڑاتے ہیں کہ بارگاہِ الٰہی میں ایسی معمولی چیز لانے کی کیا ضرورت تھی یہ تو اپنے گھر میں رہتے اور اپنا یہ مال اپنے پاس سنبھال کر رکھتے تو اچھا تھا۔ ان منافقوں کو رَبّ تعالےٰ دنیا میں بھی سزا دے گا کہ تاقیامت ان کی بدنامی ہوگی، ان کا مذاق اڑایا جاوے گا اور آخرت میں ان کے لیئے دائمی دردناک عذاب ہے۔ جس سے کبھی چھٹکارا نہیں۔ اپنے پیاروں کا بدلہ ہم خُود لیتے ہیں۔

marfat.com

فائدے :۔ اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ :۔ بعض صورتوں میں نفلی صدقہ علانیہ کرنا بالکل جائز بلکہ بہتر ہے جب کہ مقصود یہ ہو کہ دوسرے لوگ بھی صدقہ دیں۔ لہٰذا چندہ کے موقعہ پر اعلانِ صدقہ جائز ہے۔ یہ فائدہ اس آیت کے شانِ نزول اور حضرت صدیقِ اکبر کی پہل فرمانے سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ :۔ نیکی میں ابتداء اور پہل کرنا سُنّتِ صدیقی ہے کہ غزوۂ تبوک کے اس مذکور چندے میں پہل آپ نے ہی کی۔ تیسرا فائدہ :۔ سارا مال اللہ کی راہ میں خیرات کر دینا اور گھر میں صرف اللہ رسول کا نام باقی رکھنا ہر شخص کو جائز نہیں۔ رب فرماتا ہے وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۔۔ ہاں جو خود اور اس کے بال بچے حضرت صدیق اکبر اور ان کے بال بچوں کے رنگ میں رنگا ہو، وہ سب کچھ راہِ خدا میں لٹا دے۔ چوتھا فائدہ :۔ نیک اعمال حضور کو دکھانے انہیں راضی کرنے کے لیئے نہ شرک ہے نہ ریا بلکہ قبولیّت کا ذریعہ ہے۔ یہ فائدہ بھی اس آیت کے شانِ نزول سے حاصل ہوا کہ حضرت عمر نے منافقین کو جواب دیا۔ کہ میں نے یہ چندہ اللہ رسول کو دکھانے کے لیئے دیا ہے۔ رب تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ ۔ جیسے خدا کو راضی کرنے کے لیئے اعمال کرنا ریا نہیں یوں ہی حضور انور کو۔ پانچواں فائدہ :۔ حضراتِ صحابہ پر بدگمانی کرنا ان کے نیک اعمال میں شبہ کرنا، انہیں ریاکار جاننا منافقوں کا طریقہ ہے۔ ایسے لوگ منافق ہیں۔ یہ فائدہ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ سے حاصل ہوا۔ چھٹا فائدہ :۔ حضراتِ صحابہ کے کسی عمل کا مذاق اڑانا کفر اور طریقۂ منافقین ہے۔ یہ فائدہ يَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ سے حاصل ہوا۔ ساتواں فائدہ :۔ ان کا دو سیر جو خیرات کرنا ہمارے پہاڑ بھر سونے کی خیرات سے افضل ہے (حدیث شریف) ساتواں فائدہ :۔ مذکورہ صدقے واجب صدقے نہ تھے۔ بلکہ نفلی صدقے اور چندہ تھے۔ یہ فائدہ الْمُطَّوِّعِيْنَ سے حاصل ہوا۔ جیسا کہ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ تَطَوُّعٌ نفلی عبادت کو کہا جاتا ہے۔ نیز الا جھدھم سے بھی یہ ہی معلوم ہو رہا ہے۔ کہ زکوٰۃ وغیرہ واجب صدقے غریبوں پر نہیں ہوتے۔ نیز صدقہ واجبہ میں نصاب اور صدقہ کی تعداد مقرر ہوتی ہے وہاں سارا مال آدھا مال خیرات کرنے کے کیا معنیٰ۔ آٹھواں فائدہ :۔ غریب کا تھوڑا صدقہ خیرات جبکہ اخلاص سے ہو غنی کے زیادہ صدقے سے بفضلہٖ تعالیٰ کم درجہ والا نہیں ہوتا۔ یہ فائدہ سے حاصل ہوا۔ دیکھو حضور انور نے حضرت ابو عقیل کی آدھا صاع کھجوریں تمام حضرات کے صدقات پر چھڑکوا دیں یعنی ان کے برابر کر دیں۔ نواں فائدہ :۔ اللہ تعالےٰ اپنے مقبول بندوں کا بدلہ خود لیتا ہے۔ یہ فائدہ اِلَّا جُهْدَهُمْ سے حاصل ہوا۔ دیکھو منافقین نے حضرات صحابہ کو طعنہ دیا۔ رب نے ان سے بدلہ لیا خود صحابہ نے بدلہ نہ لیا۔

؎ دشمن نے تیرے جو کچھ بھی کہا اللہ نے اس کا جواب دیا۔ پر تو نے پلٹ کر کچھ نہ کہا تیری شرم و حیا کا کیا کہنا

دسواں فائدہ :۔ جیسا جرم ویسی اس کی سزا، یہ فائدہ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ سے حاصل ہوا۔ دیکھو منافقین نے ایک بار حضرات صحابہ کو طعنہ دیا، تا قیامت ان پر لعن طعن ہوتی رہے گی۔ یہ ہے۔ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ کا مظہر۔ رب تعالےٰ ان بزرگوں کی ثنا خوانی کی توفیق دے۔ گیارھواں فائدہ :۔ غزوۂ تبوک میں چندہ دینے والے حضرات مومن متقی ہیں،

marfat.com

انہیں کافر یا منافق کہنا کفر ہے۔ یہ فائدہ مطوعین اور مومنین فرمانے سے حاصل ہوا۔ کہ رب نے انہیں مومن بھی کہا اور مطوع متقی بھی۔ لہٰذا حضرات صدیق و فاروق و عثمان غنی رضی اللہ عنہم مومن متقی صحابی ہیں۔

**پہلا اعتراض:** منافقین نے ایک بار حضرات صحابہ پر طعنہ کیا مگر رب نے فرمایا یَلْمِزُوْنَ یا فرمایا یَسْخَرُوْنَ جو طعنہ دیتے ہیں جو مذاق اڑاتے ہیں جس سے دوام معلوم ہوتا ہے یہ کیونکر درست ہوا۔ **جواب:** ان بدنصیبوں نے ہر صحابی پر طعن کیا۔ لہٰذا یہ طعن بہت سے ہوئے اور بہت دیر تک رہے نیز ایک بار طعن دیسے ہی کفر ہے جیسے بارہا طعن کرنا نیز تاقیامت ایسے بدنصیب بے دین پیدا ہوتے رہیں گے جو حضرات صحابہ پر طعن کیا کریں گے ان سب کی یہی سزا ہوگی۔ ان وجوہ سے یَلْمِزُوْنَ اور یَسْخَرُوْنَ مضارع ارشاد ہوا۔ **دوسرا اعتراض:** یہاں ایک دراز عبارت کیوں ارشاد ہوئی اَلْمُطَّوِّعِیْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ فِی الصَّدَقَاتِ صرف اَلْمُتَصَدِّقِیْنَ فرمانا کافی تھا۔ **جواب:** اس فرمانِ عالی میں اُن صحابہ کے بہت سے فضائل ارشاد ہوئے۔ ۱۔ یہ صدقہ ان پر واجب نہ تھا۔ وُہ خوشی سے نفلی صدقہ بڑے ہی اہتمام سے لائے تھے۔ ۲۔ وُہ حضرات پکے سچے مخلص مومن ہیں ان میں ریا۔ نفاق کی بو بھی نہیں (مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ) ۳۔ وُہ حضرات مختلف قسم کے صدقات لائے۔ کوئی گھر کا سارا مال کوئی آدھا مال کوئی ہزاروں روپیہ کوئی نقدی کوئی اور سامانِ جنگ وغیرہ (فِی الصَّدَقَاتِ) یہ فضائل صرف المتصدقین فرمانے سے معلوم نہیں ہو سکتے تھے۔ **تیسرا اعتراض:** اللہ تعالیٰ نے ان منافقوں کی دو سزائیں بیان فرمائیں ایک تو ماضی سے سَخِرَ اللّٰہُ مِنْہُمْ دوسری جملہ اسمیہ سے لَہُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ اس فرق بیان کی کیا وجہ ہے۔ **جواب:** اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو گیا کہ سَخِرَ اللّٰہُ میں دنیاوی عذاب کا ذکر تھا جو فانی ہے اور لَہُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ میں اُخروی سزا کا تذکرہ ہے جو دائمی ہے اس فنا و دوام کا فرق دکھانے کے لیے ذکر میں فرق کیا گیا۔

**تفسیر صوفیانہ:** اللہ کے پیاروں کا ہر عمل اللہ کو پیارا ہے۔ ان کی ہر نسبت اللہ کو پیاری ہے۔ ان کا دشمن رب کا دشمن ہے۔ ان کا دوست اللہ کا دوست ہے۔ رب تعالیٰ کو حضور انور پیارے حضرات صحابہ حضور کو پیارے۔ اُن کے صدقات و خیرات و اعمال ان حضرات کو پیارے۔ اس نسبت سے حضرات صحابہ اور ان کے اعمال خدا کو پیارے ہیں۔ تاقیامت جو کوئی ان صحابہ ان کے اعمال سے محبت کرے وُہ اللہ کو پیارا ہے۔ اور جو ان کا دشمن ہے وُہ اللہ کا دشمن ہے۔ ان پیاروں کی تعریف کرو، اللہ سے اس کی مخلوق سے اپنی تعریف کراؤ۔ دنیا تم سے محبت کرے گی۔ ان پیاروں سے عداوت ہو تو خدا بھی اس کا دشمن ہے مخلوق بھی اس کی دشمن۔ صوفیاء فرماتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ سخریہ یعنی ہنسی مذاق اڑانے سے پاک ہے مگر اللہ کے بندوں کا ہنسی اڑانا ان منافقین کا مذاق اڑانا، رب کی طرف سے منسوب کیا گیا۔ ان لوگوں پر ہمیشہ مسلمانوں کی پھٹکار پڑنا، رب کی طرف سے مار ہے۔

marfat.com

| |
|---|
| اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ |
| بخشش مانگیں آپ واسطے ان کے یا نہ بخشش مانگیں آپ واسطے ان کے اگر بخشش مانگیں آپ واسطے |
| تم ان کی معافی چاہو یا نہ چاہو اگر تم ستر بار ان کی معافی چاہو تو اللہ ہرگز |
| سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ |
| ان کے ستر دفعہ پس ہرگز نہیں بخشے گا اللہ انہیں یہ اس وجہ سے ہے |
| انہیں نہ بخشے گا یہ اس لیے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول |
| كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ |
| کہ کفر کیا انہوں نے اللہ کا اور پیغمبر کا اس کے اور اللہ نہیں ہدایت دیتا قوم |
| سے منکر ہوئے اور اللہ فاسقوں |
| الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ ع ۱۱ |
| بدکار کو |
| کو راہ نہیں دیتا |

**تعلق** :۔ اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق** :۔ پچھلی آیۃ کریمہ میں ارشاد ہوا تھا کہ حضرات صحابہ کرام کی توہین بدترین جرم ہے۔ جس کی سزا دنیا و آخرت میں ملے گی۔ اب ارشاد ہو رہا ہے۔ کہ یہ ایسا سنگین جرم ہے کہ اس کی معافی بڑی سے بڑی شفاعت یعنی آپ کی دعاء مغفرت سے بھی نہیں ہو سکتی۔ گویا پچھلی آیۃ میں ایک نوعیت سے اس جرم کی سنگینی بیان ہوئی۔ اب دوسری نوعیت سے بیان ہو رہی ہے۔ **دوسرا تعلق** :۔ پچھلی آیت کریمہ میں صحابہ پر تبرا کرنے کو بدترین جرم قرار دیا گیا۔ اب ارشاد ہو رہا ہے کہ اس کی نحوست کا یہ حال ہے۔ کہ اس سے توبہ کی توفیق نہیں ملتی گویا جرم ہونے کا ذکر پہلے ہوا، منحوس ہونے کا ذکر اب ہے۔ **تیسرا تعلق** :۔ پچھلی آیت کریمہ میں صحابہ پر تبرا کرنے والوں کو منافق کہا گیا۔ الذین یلمزون (الخ) اب ارشاد ہے کہ ان پر تبرا اللہ رسول کا انکار اس کا کفر ہے۔ اُن کا دشمن اللہ رسول کا کافر ہے۔ کَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

**شانِ نزول** :۔ اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق چند روایات ہیں۔ ۱۔ جب حضراتِ صحابہ پر تبرا کرنے والے منافقین کے متعلق گذشتہ آیت آئی تو وہ لوگ حضور انور کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر معافی مانگنے لگے۔ اور عرض کیا۔

marfat.com

کہ ہم سے قصور ہوگیا حضور ہمارے لیئے دُعاءِ مغفرت کردیں۔ حضور انور نے ان کے لیئے دُعا کرنی چاہی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان خازن، روح المعانی، کبیر وغیرہ) ۲۔ عبداللہ ابن ابی منافق کا بیٹا جس کا نام حباب تھا اور حضور انور نے اس کا نام بجائے حباب کے عبداللہ رکھا۔ فرمایا کہ حباب شیطان کا نام ہے۔ یہ لڑکا نہایت مخلص مومن تھا منافق اپنے لیئے کبھی کبھی حضور انور کی بارگاہ میں حاضر ہوکر دُعاءِ مغفرت کی درخواست کرتے تھے فقط اپنے نفاق کو چھپانے کے لیئے جب ان کا باپ یعنی ابن ابی منافق مرض موت میں گرفتار ہوا تو انہوں نے عرض کیا کہ میرے باپ کے لیئے دُعاءِ مغفرت فرمادیں۔ حضور انور نے ان کی دل جوئی کے لیئے اس کے حق میں دُعاءِ مغفرت کی۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ اس ابن ابی کے مرجانے پر حضور انور سے انہیں عبداللہ نے عرض کیا کہ حضور میرے باپ کو اپنی چادر شریف عطا فرمادیں اور اس کی نمازِ جنازہ پڑھیں حضور انور نے منظور فرمایا جب اس کی نماز جنازہ پڑھانے کھڑے ہوئے تو حضرت عمر نے عرض کیا کہ حضور یہ تو منافق تھا۔ فرمایا مجھے رب نے ابھی منافقوں کے لیئے دُعاءِ مغفرت سے منع نہیں فرمایا ہے بلکہ اختیار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ اگر ستر بار بھی ان کی بخشش کی دُعا کروگے ہم نہیں بخشیں گے۔ میں ستر سے زیادہ بار دُعا کروں گا۔ تب یہ آیت کریمہ اتری۔ سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ (تفسیر روح المعانی)۔ پھر بعد میں وہ آیت کریمہ نازل ہوئی وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ (خازن بیضاوی)۔ جس کے بعد کفار و منافقین کے لیئے دُعاءِ مغفرت ممنوع ہوگئی۔ ۳۔ منافقین اپنا نفاق چھپانے کے لیئے طرح طرح کے بہانے بناتے تھے کہ اس کام میں ہماری یہ مصلحت اِنْ اَرَادَ نَآ اِلَّا الْحُسْنٰى حضور انور اپنے کریمانہ سے اُن کے لیئے دُعاءِ مغفرت فرمادیتے تھے اس پر یہ آیۃ کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر)۔

**تفسیر** اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اس فرمان عالی کا مقصد یا تو حضور انور کو اس عمل شریف کی اجازت دینا ہے تب اس سے پہلے ایک شرط پوشیدہ ہے۔ اِنْ شِئْتَ یعنی اگر آپ چاہیں تو منافقوں کے لیئے دُعاءِ مغفرت کریں۔ اگر چاہیں تو نہ کریں، آپ پر کوئی اعتراض نہیں۔ یا مقصد یہ ہے کہ آپ کی دُعا سے انہیں کوئی فائدہ نہیں اُن کے لیئے آپ کا دُعا فرمانا برابر ہے تو اس سے پہلے سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ پوشیدہ ہے جیسے اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا (تفسیر روح المعانی) خیال رہے کہ ان بدنصیبوں کے لیئے دُعا کرنا حضور انور کو بھی مفید ہے کہ حضور کو اس پر ثواب ملتا ہے اور دوسرے لوگوں کو بھی کہ آپ کے اخلاق کریمانہ دیکھ کر لوگ ایمان قبول کرلیتے ہیں ہاں ان بدنصیبوں کے لیئے برابر ہے کہ حضور کی دُعا سے انہیں فائدہ نہیں پہنچتا۔ دوسری جگہ ارشاد ہے۔ سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ یا جیسے سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ ان میں عَلَيْهِمْ فرما کر یہی بتایا کہ اُن کے لیئے دُعا کرنا نہ کرنا برابر ہے۔ آپ کو اجر ملے گا۔ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً یہ فرمانِ عالی پچھلے فرمان عالی کی گویا تفسیر ہے۔ سَبْعِيْنَ کے معنی ہیں ستر انس سے مراد یا تو یہ خاص عدد ہے یا اس سے مراد ہے بے شمار۔ اہل عرب ستر سے مراد بے شمار لیا کرتے ہیں۔ کیونکہ ستر میں ایک ایسی خصوصیت ہے جو دوسرے عددوں میں نہیں۔ جیسا کہ اِن شاءَ اللہ فوائد میں عرض کیا جائیگا

marfat.com

یعنی اے محبوب اگر آپ ان منافقوں کے لیئے ستّر بار بھی دُعاءِ مغفرت فرمادیں۔ فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰہُ لَہُمْ ۔ ۔ ۔ ۔ اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔ یہاں بھی حضور انور کی جناب سے سکوت ہے۔ کیوں کہ حضور کو اس پر بھی ثواب ملے گا۔ کیونکہ آپ کی دُعا بھی تبلیغ ہے نیز دُعا عبادت ہے۔ چنانچہ عبداللہ ابن اُبی کی نمازِ جنازہ پڑھ دینے پر بہت سے منافق ایمان خالص لے آئے کہ اس میں حضور کے اخلاق کریمانہ کا ظہور تھا۔ اس فرمانِ عالی پر شُبہ ہوتا تھا۔ کہ شاید حضور انور کی دُعا ہی بے کار ہے رب تعالیٰ آپ کی نہیں مانتا۔ آپ کی دُعا سے کسی کو نہیں بخشتا۔ اس شُبہ کو دور فرمانے کے لیئے ارشاد ہوا۔ ذٰلِکَ بِاَنَّہُمْ کَفَرُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ۔ اس فرمانِ عالی میں ذٰلِکَ مبتداء ہے بانہم الخ، خَبَرُ ذٰلِکَ سے اشارہ لَنْ یَّغْفِرَ اللّٰہُ الخ کی طرف ہے۔ بِاَنَّہُمْ میں ب سببیہ ہے ھُمْ سے مُراد حضرات صحابہ پر تبرّا کرنے والے وہی منافقین ہیں جن کا ذکر ابھی ہوا، کَفَرُوْا بمعنی اَنْکَرُوْا ہے یعنی اے محبوب ان کی بخشش نہ ہونے کی وجہ یہ نہیں۔ کہ آپ کی دُعا کی ہمارے ہاں وُقعت وعِزّت نہیں۔ آپ کی دُعا بلکہ آپ کی ہر ادا قبول ہے۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے۔ کہ یہ مردود اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول دونوں کے انکاری ہیں۔ کیونکہ ہم اور آپ دونوں ان صحابہ کی تعریف وتوصیف کرتے ہیں۔ یہ ان کی توہین کرتے تہمت لگاتے ہیں۔ تو اُن کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ رسول سچے نہیں (نعوذ باللہ) ہم سچے ہیں۔ پھر یہ لوگ صرف معمولی درجے کے کافر نہیں بلکہ کفر میں حد سے بڑھے ہوئے ہیں یعنی فاسق ہیں اور رب کا قانون یہ ہے کہ وَاللّٰہُ لَا یَہْدِی الْقَوْمَ الْفَاسِقِیْنَ۔ اللہ تعالیٰ اس حد سے بڑھنے والی کافر قوم کو ایمان یا نیک اعمال کی ہدایت (توفیق) نہیں دیتا اور آخرت میں انہیں جنت تک پہنچنے کی راہ نہیں دکھائے گا۔ وُہ نہیں چاہتا کہ حضرات صحابہ کے تبرّے باز دشمن اس کی رحمت پائیں۔

**خلاصۂ تفسیر**:۔ اے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم یہ منافقین آپ کے صحابہ کی نیکیوں کو شک وشُبہ کی نظر سے دیکھنے والے، ان پر آوازے کسنے والے، اُن پر تبرّا کرنے والے ہماری بارگاہ میں ناقابلِ معافی ہیں آپ اپنے رحمِ رحیمانہ اور کرمِ کریمانہ کی بنا پر دُعاءِ مغفرت کریں یا نہ کریں۔ ان کے لیئے برابر ہے۔ اگر آپ ستّر بار بھی ان کی بخشش کی دعا کریں اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔ اس کے نہ بخشنے کی وجہ یہ نہیں کہ آپ کی دُعا یا استغفار میں تاثیر نہیں یا ہم آپ کی مانتے نہیں۔ بلکہ وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ اللہ رسول کے مُنکر ہیں۔ کیوں کہ ہم اور آپ ان حضرات صحابہ کی تعریفیں کرتے ہیں ان کے ایمان وتقویٰ کی گواہی دیتے اُن کے جنتی ہونے کی خبر دیتے ہیں اور یہ لوگ صرف کافر نہیں بلکہ کفر میں حد سے آگے بڑھے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حد سے بڑھے کافروں کو ہدایت نہیں دیتا جس سے وُہ منزلِ مقصود پر پہنچیں۔!

**فائدے**:۔ اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**:۔ دشمنانِ صحابہ اُن پر طعن کرنے والے ان کے نیک اعمال کو شُبہ کی نگاہ سے دیکھنے والے ایسے مجرم ہیں کہ ان کے لیئے پیغمبر کی دُعا بھی مفید نہیں۔ یہ فائدہ اِسْتَغْفِرْ اور لَا تَسْتَغْفِرْ (الخ) کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا جب کہ اس کا مقصود منافقوں کے لیئے دُعاءِ رسول کا فائدہ نہ دینا ہو۔

marfat.com

**دوسرا فائدہ**:۔ اولاً اسلام میں منافقین کے لیئے دُعاءِ مغفرت کرنا ممنوع نہ تھا یہ فائدہ اس آیت کی دوسری تفسیر سے حاصل ہُوا جب کہ اس فرمان کا مقصد حضور انور کو اِس دعا کا اختیار دینا ہو۔ اس صورت میں یہ فرمانِ عالی منسوخ ہے اِس کی ناسخ وُہ آیت ہے۔ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ۔ **تیسرا فائدہ**:۔ اس زمانہ میں حضورؐ کی دُعا سے منافقین کو تو فائدہ نہ تھا مگر حضور انور کو اس پر ثواب ضرور ملتا تھا۔ کہ جائز دعا کرنا عبادت ہے خواہ اپنے لیئے ہو یا دوسرے کے لیئے۔ یہ فائدہ بار بار ہم فرمانے سے حاصل ہُوا۔ جیسے سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ کہ جن کے ایمان سے مایوسی ہو انہیں تبلیغ کرنا بھی باعثِ ثواب ہے۔ **چوتھا فائدہ**:۔ حضرات صحابہ کا منکر ان پر تبرّے کرنے والا کافر مطلق ہے یہ فائدہ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ، سے حاصل ہُوا۔ دیکھو اُن منافقوں نے اس وقت اللہ رسُول کا انکار نہیں کیا تھا مگر رب نے انہیں اپنا اور اپنے رسول کا انکاری فرمایا۔ وجہ ظاہر ہے کہ ربّ تعالےٰ نے ان کے متعلق فرمایا۔ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۔ ۔ ۔ اُن سب سے اللہ نے جنّت کا وعدہ فرمالیا اور فرمایا رضی اللہ عنہم اللہ ان سے راضی ہو چُکا اور فرمایا وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى جو اِس دوزخ سے دُور رہے گا وُہ سب سے بڑا متقی الخ حضور انور نے تمام صحابہ کے جنّتی ہونے کا عموماً اور بعض صحابہ کی خصوصاً نام بنام جنّت کی بشارت دی۔ اب صحابہ کرام کو بُرا کہنے والا اِن آیات اور حضور انور کی اُن بشارات کو غلط سمجھتا ہے۔ اس لیئے موجودہ تبرّائی اس قرآن کو نقلی قرآن یا مصحف عثمانی کہتے ہیں۔ اُن کے عقیدے میں اصل قرآن امام مہدی غار میں لیئے ہوئے بیٹھے ہیں۔ قریب قیامت آئیں گے خیال رہے کہ قرآن مجید نے دشمن صحابہ کے سوا کسی کو نام لے کر کافر نہ کہا، ایک جگہ فرماتا ہے لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ۔ یہاں فرمایا۔ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۔ **پانچواں فائدہ**:۔ اللہ والوں سے عداوت کرنے والے کو توبہ کی توفیق نہیں ملتی، نہ وُہ بخشا جائے۔ یہ فائدہ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ اور لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ سے حاصل ہُوا اس لیئے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے کافر سے رسول کا کافر بدتر ہے۔ جب بھی عذاب آیا رسول کے کافر پر آیا۔ اللہ کے کافر پر نہ آیا۔ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا، شعر

یہیچ کافر را خدا رسوا نہ کرد۔ تا دلِ صاحب دلے نامد بہ درد

**چھٹا فائدہ**:۔ ستّر کا عدد بڑا ہی عظیم الشان عدد ہے کیوں کہ یہ سات کی دہائی ہے۔ اور سات وُہ پہلا عدد ہے۔ جو طاق اور جُفت دونوں کی جمع ہے کہ اس میں تین تو طاق ہیں۔ ۳۔ ۵۔ ۷ اور تین ہی جُفت۔ ۲۔ ۴۔ ۶۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب امیر حمزہؓ پر نمازِ جنازہ پڑھی تو اس میں ستّر تکبیریں کہیں۔ (خازن و کبیر) سات کی اہمیّت تو معلوم ہے کہ آسمان بھی سات ہیں زمین بھی سات، سمندر بھی سات، لہٰذا سات کی دہائی یعنی ستّر بھی اہم ہے۔ موسیٰ علیہ السلام طُور پر اپنی قوم کے ستّر آدمی ہی لے گئے۔ اَخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا اور دوسری بیعت عقبہ میں ستّر ہزار انصار نے حضور انور کے ہاتھ شریف پر بیعت کی۔ اِسی بیعت پر ہجرت ہوئی۔ (از خازن و کبیر و مدارک) اسی عظمت کے اظہار

marfat.com

کے لیئے یہاں سَبْعِیْنَ مَرَّۃً ارشاد ہوا۔ اسی لیئے اہل عرب کسی عدد کی زیادتی بیان کرنے کے لیئے سَبْعِیْنَ یعنی ستر یا ستر ہزار کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ رب تعالٰی نے فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ خیرات کرنے والوں کے متعلق فرمایا مَثَلُ حَبَّۃٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ کہ ان کی خیرات کی مثال اس دانہ کی سی ہے جس سے سات بالیاں پیدا ہوں ہر بالی میں سو سو دانہ

**پہلا اعتراض** ۔ جب کفار و منافقین کے لیئے دعاء مغفرت کرنا جائز ہی نہیں تو یہ کیوں فرمایا گیا کہ آپ ان کے لیئے دعاء مغفرت کریں یا نہ کریں ناجائز چیز میں اختیار نہیں ہوتا۔ صاف یہ فرمانا چاہیئے تھا کہ ان کے لیئے دعا نہ کریں۔ **جواب** اس کا جواب ابھی تفسیر سے معلوم ہو چکا کہ یہ آیت کریمہ اس وقت کی ہے۔ جب منافقین کے لیئے دعاء مغفرت ممنوع نہ تھی۔ پھر اس آیت سے منع ہوئی۔ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْھُمْ مگر ان کے لیئے بیکار اس وقت بھی تھی۔ اسی کا یہاں بیان ہے۔ **دوسرا اعتراض** ۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا سے کوئی فائدہ نہیں۔ حضور کی دعا سے رب تعالٰی نہیں بخشتا۔ دیکھا فرمایا گیا کہ اگر آپ ان کے لیئے ستر بار بھی دعا کریں ہم جب بھی نہیں بخشیں گے۔ پھر تم لوگ ان کی دعا کی آس کیوں لگائے بیٹھے ہو۔ **جواب** ۔ جی ہاں حضور کی دعا کافر و منافقین کے لیئے فائدہ مند نہیں۔ اس لیئے کہ وہ بخشش کے لائق نہیں۔ چمگادڑ کی آنکھ سورج سے روشنی حاصل نہیں کر سکتی۔ اگر معترض بھی انہیں میں سے ہے تو واقعی اسے حضور اکرم سے نفع نہیں پہنچے گا۔ ہم گنہگاروں کے متعلق رب نے اپنے حبیب کو فرمایا وَصَلِّ عَلَیْھِمْ اِنَّ صَلٰوتَکَ سَکَنٌ لَّھُمْ اے محبوب اپنے غلاموں کے لیئے دعاء رحمت کرو۔ اور فرماتا ہے کہ جو لوگ اپنی جانوں پر ظلم کر کے تمہارے پاس آجاویں اور آپ ان کے لیئے دعاء مغفرت کریں تو وہ اللہ کو توّاب و رحیم پائیں گے۔ **تیسرا اعتراض** ۔ کیا حضور کو اس وقت یہ خبر نہ تھی۔ کہ منافقوں کو دعاء مغفرت بیکار ہے۔ اگر نہ تھی تو حضور کی بے علمی ہوئی۔ اور اگر تھی تو یہ بیکار کام حضور نے کیوں کیا؟ **جواب** ۔ حضور انور کو یہ بھی خبر تھی کہ ان کے لیئے دعا بیکار ہے اور یہ بھی خبر تھی کہ ہمارے لیئے باعث ثواب ہے اور یہ بھی خبر تھی کہ اس دعا کے ذریعہ بہت سے کفار ہمارے اخلاق کریمانہ دیکھ کر ایمان لائیں گے۔ یہ بھی خبر تھی کہ ہم رحمۃ للعالمین ہیں۔ ہمارا کام ہے ہر ایک پر برسنا رحم کرنا، کوئی فائدہ اٹھائے یا نہ اٹھائے۔ جیسے حضور انور جانتے تھے کہ بعض کفار ایمان نہیں لائیں گے جیسے ابو جہل وغیرہ۔ رب نے فرما بھی دیا تھا کہ سَوَآءٌ عَلَیْھِمْ ءَاَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ مگر پھر بھی حضور انور انہیں تبلیغ فرماتے تھے۔ رب نے فرمایا۔ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ اور عَلَیْکَ الْبَلَاغُ وَعَلَیْنَا الْحِسَابُ **چوتھا اعتراض** ۔ یہاں ستر فرمانا بیانِ زیادتی کے لیئے ہے۔ پھر حضور انور نے یہ کیوں فرمایا کہ ستر سے زیادہ بار دعا کریں گے۔ **جواب** ۔ یہ فرمانِ عالی انتہائی کرم نوازی کی بناء پر ہے۔ مقصد یہ ہے کہ مجھے رب نے ابھی اس سے منع نہیں فرمایا۔ ستر بار دعا کا بے کار ہونا ارشاد ہوا ہے۔ اچھا ہم زیادہ دعا کریں گے۔ ڈاکٹر کہتا ہے کہ اس بچے کو سو روپے کی دوا بھی مفید نہیں اب اس کی موت قریب ہے ماں تڑپ کر کہے کہ اچھا سوا سو روپیہ کی دوا دے دو، یہ قول انتہائی محبت کا ہے۔ وہ بچے کی زندگی پر حریص ہے۔ حضور ایمان قوم پر حریص ہیں حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ ۔ ہم یہ کہے کہ حریص حضور دینے کے حریص اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ

marfat.com

**پانچواں اعتراض**:۔ ان منافقین نے حضرات صحابہ کے صدقات پر طعن کیا تھا کہ زیادہ لانے والے کو ریاکار کہا اور تھوڑا لانے والے کی ہنسی اڑائی۔ نہ تو اس وقت رب تعالےٰ کا انکار کیا نہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ پھر رب تعالےٰ نے یہ کیوں فرمایا۔ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۔ یہ فرمان الٰہی کیونکر درست ہوا۔ **جواب**:۔ اللہ رسول پر ایمان لانے کی حقیقت یہ ہے۔ کہ ان کے ہر فرمان، ہر کلام کو صحیح مانا جاوے۔ اگر ان کی ایک بات کا انکار کیا تو اللہ تعالیٰ کی الوہیت اور حضور کی رسالت کا انکار کر دیا۔ اِن حضرات صحابہ کے ایمان۔ اخلاص عمل کی قبولیت کی گواہی رب تعالےٰ نے قرآن مجید میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فرمانِ عالی میں بہت طرح دے دی۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ یا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ یا کُلُّ یُوْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَکّٰی ۔ وغیرہ، اب ان بدنصیبوں کا ریاکار وغیرہ کہنا ان تمام آیات و فرمانِ نبوی کا کھلا ہوا انکار ہے۔ لہٰذا وہ اللہ رسول کے منکر تا قیامت صحابہ کے ایمان و اخلاص کے منکر ہیں۔ اللہ رسول کے منکر ہیں اور اوّل درجے کے کافر ہیں۔ **چھٹا اعتراض**:۔ اسلام کا قانون ہے کہ ہر گناہ حتیٰ کہ کفر و شرک کی بھی توبہ ہے۔ اگر اسلام میں بھی کوئی گناہ ناقابلِ توبہ ہے تو اسلام اور آریہ دھرم میں فرق کیا ہوا۔ فرماتا ہے۔ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا۔ مگر یہاں اس کا الٹ ہے۔ کہ منافقوں کا جرم ایسا ناقابلِ معافی ہے کہ اگر حضور بھی اُن کے لیئے ستر بار دعاءِ مغفرت کریں تو بھی ان کے لیئے بخشش نہیں۔ **جواب**:۔ واقعی اسلام میں ہر گناہ ہر کفر ہر قسم کا شرک قابلِ بخشش ہے۔ مگر جب کہ اس سے صحیح توبہ کی جائے۔ ہر جرم کی توبہ علیحدہ ہے لیکن بعض گناہ ایسے ہیں۔ کہ اُن کی نحوست سے مجرم کو توبہ کی توفیق نہیں ملتی۔ وہ توبہ کرتا ہی نہیں۔ انہیں میں سے مذکورہ منافقوں کا یہ مذکورہ جرم ہے توبہ قبول ہونا اور چیز ہے۔ اور توبہ کی توفیق نہ ملنا رب کے دروازے پر نہ جھکنا کچھ اور چیز۔ اگر وہ خود توبہ نہ کریں حضور انور ان کی درخواست پر ان کے لیئے دعاءِ مغفرت کریں تو وہ کیسے قبول ہو۔ اس لیئے دوسرے مقام پر ہے۔ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ۔ پہلے مجرم کی استغفار، پھر نبی کی شفاعت۔ **ساتواں اعتراض**:۔ یہاں ارشاد ہے کہ اللہ فاسق قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔ مگر دوسرے مقام پر اس کے خلاف ہے۔ اللہ ہدایت دیتا ہے۔ رسولِ کریم ہدایت دیتے ہیں قرآن ہدایت دیتا ہے۔ آیات میں تعارض ہے۔ **جواب**:۔ اُن آیات میں ہدایت سے مراد رہبری راہ دکھانا یہاں ہدایت سے مراد ہے۔ انہیں قبول کی توفیق دے کر منزل مقصود پر پہنچانا۔ رب تعالےٰ نے اس کے رسول اس کی کتاب نے راہ حق سب کو دکھا دی مگر قبول کی توفیق کسی کسی کو دی۔ جن کا کفر پر مرنا علمِ الٰہی میں آچکا۔ وہ کسی طرح بھی راہ پر نہیں آتے۔ توبہ کی توفیق نہیں پاتے۔

**تفسیر صوفیانہ**:۔ محبوب کے حسن اور محب کے تقاضاءِ محبت میں فرق عظیم ہے۔ محبوب کا حسن غیر اختیاری ہوتا ہے مگر محب کا تقاضاءِ محبت یہ ہے کہ محبوب کے دشمن پر کبھی کرم نہ کرے۔ حضورِ انور کی رحمتِ عامّہ کا اثر یہ ہے کہ دشمنوں کا کافروں موذیوں خون کے پیاسوں کے لیئے بھی دعاءِ مغفرت کرتے ہیں۔

سلام اس پر کہ جس نے خوں کے پیاسوں کو قبائیں دیں۔ سلام اس پر کہ جس نے گالیاں سن کر دعائیں دیں۔

marfat.com

ان منافقوں کے لیئے دعاءِ مغفرت فرمادینا اس رحمتِ عامہ کی بنا پر ہے۔ کتا بھونکتا ہوا چاند پر حملہ کرنے کی کوشش کرتا ہے مگر چاند اس کے پھیلے ہوئے منہ میں بھی نور ڈال دیتا ہے۔ شعر

مہ فشاند نور سگ عو کند ہر کسے بر طینتِ خود می تند

اس آیۃ میں حسن غیر اختیاری اور تقاضاءِ محبت دونوں کا تذکرہ ہے کہ محبوب تم تو اپنے دشمن کو بھی دعائیں ہی دیتے ہو مگر ہم نہیں چاہتے کہ تمہارے دشمن ہماری جنت میں جائیں۔ ہم انہیں ہرگز نہیں بخشیں گے۔ اس میں حضور انور کی دعا کا رد نہیں بلکہ محبوبیت کا اظہار ہے۔ کہ محبوب تو ہمارے پیارے اور حضرات صحابہ تمہارے پیارے لہٰذا وہ بھی ہمارے پیارے اُن کا دشمن تمہارا دشمن، تمہارا دشمن ہمارا دشمن۔ ہم انہیں کسی صورت سے جنت میں داخل نہ کریں گے۔ خیال رہے کہ دعا کرانے اور دعا لینے میں بڑا فرق ہے۔ جس نے نبی کی دعا لے لی۔ وہ دونوں جہاں تر گیا۔ دعا کرانے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو عرض و معروض کر کے دعا کرائی جائے۔ دوسرے نبی کو ستایا پریشان کیا پھر منافقت سے دعا کرانے آگئے۔ انہوں نے اخلاص کر مایانہ سے زبانی دعائیہ کلمات کہہ دیئے وہ قبول نہیں کہ یہ دعا نہیں بلکہ موذی کو دفع کرنے کا طریقہ ہے۔ یہاں یہ تیسری قسم کی استغفار ہے۔ فرزندانِ یعقوب نے حضرتِ یعقوب علیہ السلام سے عرض کیا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ابا جان ہمارے لیئے دعاءِ مغفرت کریں۔ فرمایا۔ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۔ ابھی آئندہ عنقریب کروں گا۔ یہ ہی مقصد تھا کہ جب تم میری دعا لو گے مجھے میرے یوسف کے پاس پہنچاؤ گے تب دعا کروں گا۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ جیسے مقبولین خدا کے در کا دربار جسڑی شدہ کافر ہوتا ہے وہ کبھی مومن ہو سکتا ہی نہیں لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ایسے ہی ان کا منظورِ نظر جسڑی شدہ مومن ہوتا ہے۔ کبھی کافر ہو سکتا ہی نہیں ابفضلہ تعالیٰ لہم مغفرۃ واجر عظیم اللہ ان سے دور نہ کرے۔ شعر

دل کو ان سے خدا جدا نہ کرے بے کسی لوٹ لے خدا نہ کرے

انہیں مقبولِ نظر لوگوں کے متعلق ارشاد ہے۔ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ ۔ اللہ نے ان کے دلوں میں ایمان نقش کر دیا۔ کھود دیا جو مٹ سکتا ہی نہیں۔ ایمان نقش کرنے والی نگاہِ ولی ہے۔ اس لیے اولیاء کے سرتاج شاہ بہاؤ الدین کا لقب ہے۔ نقشبند دل میں ایمان نقش کر دینے والے۔ شعر

اے شاہِ نقشبند تو نقش مرا بہ بند نقشے چناں بہ بند کہ گویند نقش بند

| |
|---|
| فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ |
| خوش ہو گئے پیچھے رکھے ہوئے بیٹھ رہنے ان کے پیچھے رسول اللہ کے اور |
| پیچھے رہ جانے والے اس پر خوش ہوئے کہ رسول کے پیچھے۔ |

marfat.com

كَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ

اور ناپسند کیا انہوں نے یہ کہ جہاد کریں مالوں سے اپنے اور جانوں سے اپنے راستہ

بیٹھ رہے اور انہیں گوارا نہ ہوا کہ اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ

میں اللہ کے اور کہا انہوں نے نہ نکلو گرمی میں فرما دو کہ آگ

میں لڑیں اور بولے اس گرمی میں نہ نکلو تم فرما دو

جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَلْيَضْحَكُوْا

دوزخ کی بہت سخت گرم ہے اگر ہو تم سمجھتے پس چاہیئے

جہنم کی آگ سب سے سخت گرم ہے کسی طرح انہیں سمجھ ہوتی تو انہیں

قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾

ہنسیں تھوڑا اور روئیں زیادہ سزا اس کی جو وہ کسب کرتے تھے

چاہیئے کہ تھوڑا ہنسیں اور بہت روئیں بدلہ اس کا جو کماتے ہیں

**تعلق:** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** پچھلی آیات کریمہ میں منافقین کے کفریہ اقوال کا ذکر ہوا یعنی مومنین صحابہ پر طعن کرنا۔ اب ان کے کفریہ افعال و اعمال کا تذکرہ ہے۔ یعنی غزوۂ تبوک میں نہ جانا اور اس پر خوش نہ ہونا۔ جانے والے مخلصین کو بے وقوف سمجھنا گویا قولی کفر کے بعد عملی کفر کا تذکرہ ہے۔ **دوسرا تعلق:** پچھلی آیات میں منافقوں کے مومنوں کو جہاد میں صدقہ و خیرات کرنے سے عملی طور پر روکنے کا ذکر ہوا۔ اب خود مومنین کو جہاد میں جانے سے قولاً روکنے کا تذکرہ ہے۔ لا تنفروا فی الحر گویا جہادِ مال سے روکنے کے بعد جہاد جانی سے روکنے کا تذکرہ ہے۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیۃ کریمہ میں فرمایا گیا تھا کہ اللہ ان منافقوں کو ہدایت نہیں دے گا۔ اب اس کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ دیکھو انہیں رب تعالیٰ نے غزوۂ تبوک کا موقعہ دیا مگر یہ منحوس نہ گئے۔ ایسا بے مثال موقعہ دیا۔ یہ ہے ہدایت نہ ملنے کا ظہور۔

**نزول:** سیدنا عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم جب غزوۂ تبوک کے لیئے روانہ ہونے لگے تو لوگوں کو ساتھ روانگی کا حکم دیا اس وقت سخت گرمی تھی باغوں میں کھجوریں پکی ہوئی تھیں جنہیں توڑنا تھا تو بعض منافقین تو بیماری وغیرہ کا بہانہ بنا کر مدینہ منورہ میں رہ گئے۔ اور بعض نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ گرمی سخت ہے سفر دراز ہے ہم اس کی طاقت

marfat.com

نہیں رکھتے، ان کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں (تفسیر خازن) معلوم ہوتا ہے کہ وُہ بدنصیب اپنی اس حرکت پر خوش ہوئے، کہ ہم تدبیر کر کے رہ گئے۔

تفسیر۔ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ ... ۔ فرح بنا ہے فرحۃ سے، بمعنیٰ دلی خوشی یہ جائز بلکہ عبادت بھی ہوتی ہے اور حرام بلکہ کفر بھی۔ اللہ کی نعمتوں پر خوشی کبھی عبادت ہوتی ہے۔ جیسے عید۔ بقرعید۔ حج وغیرہ کی خوشی۔ حضور انور کے میلاد کی، معراج کی خوشی، رب تعالیٰ فرماتا ہے قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا بیٹے کی پیدائش۔ دُنیا کے عیش و آرام پر خوشی جائز ہے اگر شکر کے طور پر ہو تو ثواب۔ مگر گناہ پر خوشی یا فخر حرام ہے۔ نبی کی تکلیف پر خوشی کفر ہے۔ رب فرماتا ہے۔ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۔ یہاں یہ آخری قسم کی دو خوشیوں میں سے کوئی خوشی مُراد ہے۔ مخلفون بنا ہے تخلیف سے بمعنیٰ پیچھے چھوڑنا۔ اس لیئے میّت کے متروکہ مال کو بھی مخلف کہا جاتا ہے۔ یہ بنا ہے خلف سے بمعنیٰ پیچھے مخلفون پیچھے کیئے ہوئے یا پیچھے چھوڑے ہوئے۔ اس سے مُراد وُہ منافقین ہیں جو غزوۂ تبوک میں نہیں گئے۔ مدینہ منورہ میں ہی حضور انور اور نمازیوں کے پیچھے رہ گئے۔ انہیں یا تو حضور انور نے ہی اجازت دے کر چھوڑ دیا۔ تاکہ غزوہ میں فساد نہ پھیلائیں۔ یا رب تعالیٰ نے انہیں پیچھے رکھا۔ جانے کی ہمت نہ دی یا ان کے آرام طلب نفسوں نے یا ابلیس نے دھوکا دے کر پیچھے رکھا۔ ان وجوہ سے انہیں فرمایا گیا۔ بہر حال وُہ پیچھے خود نہ رہے بلکہ رکھے اور چھوڑے گئے۔ یہ لفظ خلافت بمعنیٰ نیابت سے نہیں بلکہ خلف سے ہے۔ یہ بات خیال میں رہے بِمَقْعَدِهِمْ ... ۔ اس فرمانِ عالی کا تعلق فرح سے ہے۔ اس میں ب سببیہ ہے مقعد مصدر میمی بمعنے بیٹھ رہنا۔ یہ بیٹھنا کھڑے ہونے یا لیٹنے کا مقابل نہیں بلکہ جانے کا مقابل ہے۔ یعنی ٹھہر جانا۔ مدینہ منورہ میں رہ جانا مراد ہے۔ خِلَافَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اگر یہ خلاف بمعنیٰ خلف ہے (پیچھے) جیسے۔ لَا يَلْبَثُوْنَ خِلَافَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ۔ تو یہ مقعد کا ظرف ہے۔ اور اگر بمعنیٰ مخالفت ہے تو مقعد کا مفعول لہ یا خَلَفُوْا ۔ پوشیدہ کا مفعول مطلق ہے (روح المعانی۔ بیان۔ خازن وغیرہ۔) یعنی رسول اللہ کے پیچھے رہ جانے سے یا حضور انور کی مرضی کے خلاف کر کے رہ جانے سے یا انہوں نے محبوب کی پوری پوری مخالفت کی۔ بہر حال اس فرمانِ عالی سے ان صحابہ کو علیحدہ رکھ دیا گیا۔ جو حضور انور کے حکم سے حضور کے نائب ہو کر مدینہ منورہ میں رہے۔ جیسے حضرت علی یا حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم یا اور معذور صحابہ۔ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ یہ عبارت معطوف ہے۔ فَرِحُوْا پر یہاں فرح کا مقابلہ کرہ سے عجیب لطف دے رہا ہے جس میں بتایا گیا کہ یہ مومنین مخلصین کے بالکل مقابل ہیں۔ مخلصین ۔ کو جہاد کرنے سے فرحت بیٹھ رہنے سے کراہت ہے۔ ان مردودوں کو اس کے برعکس بیٹھ رہنے سے فرحت اور جہاد کرنے سے کراہت و نفرت ہے۔ چونکہ جہاد کے لیئے جانا بھی جہاد ہے۔ خواہ جنگ ہو یا نہ ہو اس لیئے يُجَاهِدُوْا فرمانا بالکل درست ہوا۔ ورنہ تبوک میں کفار سے جنگ نہ ہوئی تھی۔ مجاہد غازی مال خرچ کے جان دے کر جہاد کرتا ہے۔ اس لیئے بِاَمْوَالِهِمْ اور اَنْفُسِهِمْ فرمانا بالکل موزوں ہے۔ یعنی یہ لوگ جہاد میں مال خرچ

marfat.com

کرنے کو نقصان اور جان دینے کو ہلاکت سمجھتے ہیں۔ سفرِ جہاد کو محض تکلیف اس لیئے جہاد میں جانے سے نفرت و کراہت کرتے ہیں۔ کراہۃ فطری بھی ہوتی ہے۔ جیسے موت سے ڈر لگتا ہے اور اختیاری بھی۔ یہاں اختیاری کراہت مُراد ہے یہ کراہت سخت جُرم ہے۔ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِی الْحَرِّ ۔۔ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے کَرِهُوْ پر اور اس میں منافقین کا تیسرا عیب مذکور ہے جو قولی ہے ظاہر ہے کہ قَالُوْا کا فاعل سارے وُہ منافقین ہیں جو غزوۂ تبوک سے بیٹھ رہے تھے۔ مگر محمد بن کعب قرظی فرماتے ہیں کہ کہنے والا صرف ایک شخص تھا بنی سلمہ کا، چونکہ دوسرے منافقین اس کے ہمنوا تھے اس لئے قَالُوْا جمع ارشاد ہوا۔ بہرحال منافقوں نے یا تو آپس میں ایک دوسرے سے یہ کہا کہ آج کل گرمی سخت ہے سفر دراز ہے ہماری کھجوریں پختہ ہو چکی ہیں۔ ان کا توڑنا ہے نہ توڑی گئیں تو برباد ہو جائیں گی۔ یا غزوہ میں جانے والے مسلمانوں سے یہ کہا تاکہ وُہ بھی ہمت ہار کر بیٹھ جائیں اور یہ عذر کر دیں۔ تَنْفِرُوْا بنا ہے نفر سے معنیٰ روانگی یا نکلنا یعنی سخت گرمی میں جہاد کے لیئے نہ جاؤ۔ کیونکہ موسم بھی سخت گرم ہے اور تبوک گرم جگہ ہے۔ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۔ ظاھر یہ ہے کہ قُل میں خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔ اور روئے سخن انہیں بہانہ باز منافقین سے یعنی اے محبوب آپ ان بہانہ باز منافقین سے کہہ دو کہ دوزخ کی آگ کی گرمی اس موسم کی گرمی سے کہیں زیادہ ہے۔ کہ دُنیا کی آگ سے دوزخ کی آگ ستر گُنا زیادہ تیز ہے تم اِس وقت بلا وجہ جہاد میں نہ جانے سے اس آگ کے مستحق ہو گے۔ اِس معمولی عارضی گرمی سے بچ کر اُس سخت اور دائمی آگ کے مستحق کیوں بنتے ہو۔ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ۔۔۔۔ یہ فرمانِ عالی شرط ہے جس کی جزا پوشیدہ ہے یعنی اگر یہ لوگ اس بات کو سمجھتے ہوتے تو آپ کے حکم کی مخالفت اور ایسے نازک موقع پر گھر بیٹھ رہنے کی جرأت نہ کرتے۔ لہٰذا، آیت واضح ہے۔ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۔ یہ عبارت ایک پوشیدہ عبارت کی جزا ہے لہٰذا اس کی ف جزائیہ ہے ضحک سے مُراد منافقین کا مجاہد غازی مسلمانوں پر ہنسنا ہے کہ یہ لوگ بے وقوف ہیں ہم عقل مند پالیسی والے۔ تو قلیل سے مُراد مسلمانوں غازیوں کی واپسی تک کا زمانہ ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ ہنسی سے مُراد ان کا عمر بھر اپنی منافقت اور چالاکیوں پر خوش ہونا ہو۔ چونکہ دنیا کی زندگی آخرت کے مقابل بہت تھوڑی ہے لہٰذا انہیں قلیل فرمایا گیا۔ ان دو تفسیروں کی بنا پر بہت رونے کی بھی دو تفسیریں ہیں۔ ایک یہ کہ نمازیوں کے تبوک سے واپسی تک یہ ہنس لیں پھر عمر بھر روتے رہیں گے۔ اپنی منافقت کھل جانے لوگوں میں بدنام ہو جانے ان کی لعن طعن کی وجہ سے دوسرے یہ کہ دُنیا میں ہنسی خوشی رہ لیں۔ اپنی چالاکیوں پر ناز کر لیں پھر بعد موت ہمیشہ روئیں گے۔ بہرحال یہ دونوں امر بمعنی خبر ہیں۔ دوسری تفسیر زیادہ قوی ہے۔ کہ اگلا مضمون اس کی تائید کرتا ہے۔ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۔ ظاہر یہ ہے کہ یہ فرمانِ عالی گذشتہ دونوں فعلوں کا مفعول بہ ہے چونکہ منافقین دِن رات بُری حرکتیں کرتے تھے۔ اس لیئے كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ماضی استمراری ارشاد ہوا (رُوح المعانی) یعنی ان کے یہ دونوں کام اُن کی بد عملیوں کی سزاء کی بنا پر ہیں۔

خلاصۂ تفسیر:۔ وُہ منافقین جن کو شیطان یا اُن کے نفس امارہ کی آرام طلبی نے غزوۂ تبوک سے بٹھا دیا۔ وُہ رسول اللہ

marfat.com

کے پیچھے یا ان کے حکم کے خلاف بیٹھ رہنے پر بڑے خوش ہوئے اور دونوں نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے نفرت کی اور آپس میں یا مومنین سے کہا کہ اس سخت گرمی میں مدینہ سے نہ نکلو بہت تکلیف اٹھاؤ گے۔ اے محبوب آپ ان بے وقوفوں سے فرما دو کہ دوزخ کی آگ جس کے تم اس حرکت سے مستحق ہو گئے اس سے کہیں زیادہ گرم ہے اور دائمی ہے اگر وہ یہ سمجھ لیتے تو ایسی بات کبھی نہ کہتے۔ خیال رکھیں کہ یہ لوگ بہت تھوڑی مدت ہنس گے خوش ہوں گے۔ اور بعد دراز مدت یعنی ابدالآباد تک اپنے کئے پر روئیں گے یہ بدلہ ہوگا، ان کے اپنے کمائے ہوئے اعمال کا جو وہ دن رات کماتے رہے۔ خیال رہے کہ رونا گیارہ قسم کا ہے ۱۔ خوشی کا رونا۔ ۲۔ غم کا رونا۔ ۳۔ رحمت کا رونا۔ ۴۔ خوف کا رونا۔ ۵۔ فریب کا رونا۔ ۶۔ موافقت کا رونا کہ کسی کو روتے دیکھا خود بھی رونے لگا۔ ۷۔ محبت کا رونا۔ ۸۔ گھبراہٹ کا رونا۔ ۹۔ ظلم و ضعف کا رونا۔ ۱۰۔ شوق کا رونا۔ ۱۱۔ منافقت کا رونا روپ شکل بنانا دو طرح کا ہے۔ ملا اچھا۔ ۱۲ اور برأت قلبی حاصل کرنے کیلئے یہ اچھا رہیا کاری کیلئے یہ برا (روح البیان)

روایت ہے کہ حضرات ابو خیثمہ بھی غزوۂ تبوک سے رہ گئے تھے جب حضور انور کو مع صحابہ کرام گئے ہوئے کچھ دن ہو گئے تو ایک دوپہر کے وقت یہ اپنے باغ میں گئے جہاں ان کے دو مکان تھے۔ ہر مکان میں ان کی ایک ایک بیوی تھی۔ گرمی تیز تھی گھر میں چھڑکاؤ کیا ہوا تھا۔ پانی کے ٹھنڈے گھڑے بھرے رکھے تھے۔ گوشت بھن رہا تھا، آٹا گوندھا ہوا تھا یہ اپنا سامان عیش دیکھ کر رو پڑے۔ بولے یہ انصاف نہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تپتی ریت میں ہوں اور میں درختوں کے سایہ میں ٹھنڈے پانی میں ہوں یہ کہہ کر تبوک کی طرف چل پڑے اور حضور انور سے جا ملے یہ نہایت اعلیٰ کفارہ ہے (روح البیان۔)

**فائدے:** ان آیات کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** گناہ پر خوش ہونا اس پر فخر کرنا کفر ہے۔ یہ فائدہ فرح کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا۔ جب کہ خوشی سے مراد ان منافقوں کا اپنے بیٹھ رہنے پر خوش ہونا ہو۔ **دوسرا فائدہ:** اللہ کے مقبول بندوں کی تکلیف پر خوش ہونا سخت جرم ہے۔ حضور انور حضرات صحابہ کے رنج و غم و تکلیف پر خوش ہونا کفر ہے یہ فائدہ بھی فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا جب کہ فرحت سے ان منافقوں کا صحابہ کرام کی تکلیف پر خوشی منانا مراد ہو۔ بعض بدنصیب دسویں محرم کو حضرت امام حسین کی شہادت کی خوشی مناتے ہیں۔ بعض اٹھائیسویں ذی الحجہ کو حضرت عمر کی شہادت پر خوشی مناتے ہیں۔ دونوں بے دین ہیں۔ وہ اس آیت سے عبرت پکڑیں اس کے برعکس حضور انور کی ولادت یا معراج پر بزرگوں کی خوشی کی یادگار میں خوشی منانا عبادت ہے۔ رب فرماتا ہے:۔ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۔۔ **تیسرا فائدہ:** حضور انور کی ناراضگی لیکے مدینہ منورہ میں رہنا گناہ ہے۔ اگر حضور مدینہ منورہ سے باہر رہنے یا باہر جانے پر راضی ہوں تو باہر رہنا جانا ثواب ہے۔ یہ فائدہ يَضْحَكُوْا سے حاصل ہوا کہ غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرات صحابہ تبوک میں گئے۔ منافقین مدینہ منورہ میں رہے مگر صحابہ کرام پر رحمتیں ہوئیں، منافقین پر غضب۔ **چوتھا فائدہ:** اس موقعہ پر حضور انور کے حکم سے غزوہ میں شریک نہ ہونا مدینہ

marfat.com

منورہ میں رہ جانا عین ایمان وعبادت تھا یہ فائدہ خلف رسول اللہ کی ایک تفسیر سے حاصل ہوا۔ جب کہ خلاف سے مراد مخالفت ہو جو حضور انور کے فرمان کی مخالفت کرتے ہوئے مدینہ منورہ میں رہ گئے۔ ان پر عتاب ہے چنانچہ حضرت علیؓ کو حضور انور نے حکم دیا۔ کہ تم یہاں مدینہ میں رہو۔ انہوں نے تبوک کو ساتھ جانے کی درخواست کی، تو فرمایا کہ تم اس وقت میرے ایسے خلیفہ ہو جیسے حضرت ہارون، موسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ عارضی ہوئے تھے۔ یوں ہی حضرت عبد اللہ ابن مکتوم کو وہاں چھوڑا۔ مسجد نبوی کی امامت کے لیئے یہ رہ جانا اور طرح کا ہے۔ **پانچواں فائدہ**:۔ ہر ایمان کی برکت سے نیک اعمال پر دلیری ہوتی ہے۔ اور کفر ونفاق سے کم ہمتی۔ یہ فائدہ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا (التوبہ) سے حاصل ہوا۔ دیکھو غزوۂ تبوک میں حاضری مخلصین پر آسان تھی مگر منافقین پر سخت دشوار فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منافق پر عشاء اور فجر کی نماز بھاری ہے۔ جب فرعونی جادوگر مسلمان ہو گئے تو فرعون سے بالکل بے خوف ہو کر بولے فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ۔ جو تجھ سے ہو سکے کر لے۔ جسے گناہ آسان ہو نیکیاں بھاری سمجھو اوس کے دل میں نفاق ہے **چھٹا فائدہ**:۔ مومن کو چاہیئے کہ وہ منافق کی صحبت سے دور بھاگے۔ یہ ہزار بہانوں سے نیکیوں سے روکتا ہے یہ فائدہ لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ سے حاصل ہوا۔ **ساتواں فائدہ**:۔ دوزخ میں ہمیشہ رہنا وہاں بہت رونا کفار ومنافقین کے لیئے ہے جس سے اِن شاء اللہ گنہگار مومن محفوظ ہوں گے۔ یہ فائدہ۔ وَلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا۔ سے حاصل ہوا چنانچہ منافقین دنیا کی عمر کے برابر وہاں آنسوؤں سے روئیں گے پھر خون سے۔ حتّٰی کہ ان کے رخساروں پر آنسوؤں سے نالیاں بن جائیں گی سزا یافتہ فاسق مومن تو وہاں جلا کر کوئلے ہو چکے ہوں گے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔ **آٹھواں فائدہ**:۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو بغیر جرم دوزخ میں سزا نہ دے گا۔ یہ فائدہ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ سے حاصل ہوا۔ کیونکہ یہ ظلم ہے اور رب تعالیٰ ظلم سے پاک۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ۔۔ ہاں وہاں بعض کو بغیر نیک عمل جنت دے گا کہ یہ اکرم ہے

**پہلا اعتراض**:۔ اس فرمانِ عالی میں منافقین کو مخلفین کیوں فرمایا گیا۔ وہ تو متخلفین تھے۔ یعنی پیچھے رہ جانے والے نہ کہ مخلفین۔ یعنی پیچھے چھوڑے جانے والے۔ انہیں کسی نے پیچھے نہیں چھوڑا تھا۔ **جواب**:۔ تاکہ معلوم ہو کہ وہ خود بخود پیچھے نہیں رہے۔ بلکہ شیطان نے انہیں پیچھے رکھا۔ یا اُن کی حرکتوں کی وجہ سے رب نے انہیں پیچھے رکھا۔ غزوہ میں شرکت کی ہمت نہ دی۔ تاکہ وہاں جا کر فساد نہ پھیلائیں۔ دیکھو جادوگروں کے سجدے کے متعلق ارشاد ہوا۔ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِيْنَ جادوگر سجدہ میں گرائے گئے وَقَعُوْا نہ فرمایا کیوں کہ وہ سجدہ میں نہ گرے رب کی توفیق نے گرایا۔ **دوسرا اعتراض**:۔ یہاں مخلفون کے ساتھ خِلَافَ رسولِ اللہ کیوں فرمایا۔ یہ معنی تو صرف مخلفون سے حاصل ہو چکے تھے۔ جب وہ بیٹھ رہے تو حضور سے پیچھے ہی رہے۔ جو حکم سے رہے وہ حضور کے ساتھ رہے۔ **جواب**:۔ یہ بتانے کے لیئے کہ اُن کا پیچھے رہنا جرم نہ تھا۔ بلکہ حضور انور کے حکم کی مخالفت کرتے ہوئے پیچھے رہنا جرم تھا۔ جو حضور کے حکم سے مدینہ منورہ میں رہے وہ مجرم نہ ہوئے۔ بلکہ انہیں ثواب ملا گویا مخلفین دو طرح کے تھے۔ ایک مخالف دوسرے

موافق ہے تفسیر اعتراض ۴ اس کے بعد کَمَا هُمْ اَنْ يُّجَاهِدُوْا (الخ) کیوں ارشاد ہوا۔ یہ بات تو مخلفون سے معلوم ہو گئی تھی۔ جواب اِس فرمانِ عالی میں منافقوں کے پیچھے رہ جانے کی وجہ ارشاد ہوئی یعنی دل سے جہاد سے نفرت کرنا اُسے بے فائدہ کا بوجھ سمجھنا یہ کفر ہے۔ صرف سُستی کر کے رہ جانا گناہ تھا کفر نہ تھا جیسے کعب ابن مالک وغیرہم کا رہ جانا جس کا واقعہ آئندہ آوے گا۔ **چوتھا اعتراض** ۴ اِس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر منافقین سمجھیں تب تو دوزخ کی آگ بہت گرم ہے ورنہ نہیں ارشاد ہوا نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ۔ حالانکہ وہ آگ بہر حال گرم ہے۔ جواب لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ۔ کی جزا پوشیدہ ہے یعنی اگر وہ سمجھتے ہوتے تو ایسا جرم نہ کرتے۔ اَشَدُّ حَرًّا اس کی جزا نہیں اس لیئے حَرًّا پر ط۔ علامتِ وقف ہے۔ **پانچواں اعتراض** ۵ اس آیت میں فَلْيَضْحَكُوْا اور وَلْيَبْكُوْا۔ دونوں امر ہیں۔ تو کیا منافقوں کو ہنسنے اور رونے کا حکم دیا گیا۔ ہنسنا تو کفر تھا اور رونا اس کی سزا۔ یہاں دونوں کے لیئے امر کیوں ارشاد ہوا جواب۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ دونوں اَمر بمعنی خبر ہیں یہ ہنسیں گے کم اور روئیں گے زیادہ۔ یا تو دُنیا میں بھی روئیں گے یا آخرت میں ہی۔ امر فرما کر بتایا کہ یہ ہونا ضروری ولازمی ہے۔ ربّ کے امر لازم الوقوع ہوتے ہیں مزدور ہو کر رہتے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ:۔ ان آیات میں منافقین کے چند جرم بیان ہوئے تاکہ تا قیامت مخلصین اُن سے بچیں۔ ۱۔ حضور انور کے حکم کے خلاف مدینہ میں رہ جانا، تبوک نہ جانا۔ ۲۔ اس جرم پر دل سے خوش ہونا اپنی چالاکی پر ناز کرنا۔ ۳۔ مالی یا جانی جہاد کو دِل سے ناپسند کرنا کہ بلا وجہ کی تکلیف ہے۔ ۴۔ لوگوں کو جہاد سے ڈرانا۔ انہیں روکنے کی کوشش کرنا۔ ۵۔ انہیں رہ جانے کے بہانے سکھانا کہ حضور انور صلّے اللہ علیہ وسلم سے عرض کرو کہ گرمی سخت ہے جگر دُور ہے پھل پکّے ہوئے ہیں۔ انہیں توڑنا ہے ہم بیمار ہیں۔ سفر کے قابل نہیں وغیرہ۔ یہ پانچوں چیزیں کفر ہیں۔ اگر حضور مدینہ میں رہنے سے ناراض ہوں۔ تو وہاں رہنا گناہ بلکہ کفر ہے۔ وہاں سے نکلنا عبادت بلکہ ایمان ہے۔ ان کی رضا ایمان ہے۔ جہاں رہنے سے سیّر ہو۔ ایسی حالت میں مدینہ میں رہنے پر خوش ہونا بھی کفر ہے۔ کہ یہ حضور انور کی مخالفت پر خوشی ہے صوفیاء کرام فرماتے ہیں۔ کہ اس وقت جو لوگ حضور کے حکم سے مدینہ میں رہے۔ وُہ حضور انور کے ساتھ ہی ہیں۔ اگرچہ وُہ مدینہ میں تھے۔ اور حضور تبوک میں منافقین دُور رہے۔ اس لیئے ان کے لیئے خِلَافَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ارشاد ہوا۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ ہر کام اپنے وقت پر اچھا ہوتا ہے۔ دُنیا جگہ محنت کی عبادت کی رونے کی، آخرت جگہ آرام کی انعام کی اور ہنسنے کی ہے یہاں عبادت والی ہنسی ہنسو نہ غرور والی ہنسی۔ حضرت خضر نے موسیٰ علیہ السّلام کو چند نصیحتیں کر کے وداع کیا۔ علیہم السّلام۔ مخلوق کے سامنے بحاجت نہ کرو۔ بلا ضرورت کہیں مت جاؤ، زیادہ نہ ہنسو کہ اس سے دِل مُردہ ہوتا ہے اپنی خطا پر روؤ کہ آنسوؤں سے دوزخ کی آگ بجھتی ہے۔ خوفِ خدا کا ایک آنسو ہزار دِینار خیرات کرنے سے افضل ہے۔ اس آنسو کو کپڑے سے نہ پونچھو بلکہ ہاتھ سے منہ پر مَل لو۔ (از رُوح البیان) ہنسنے ہے کہ وضو کا داڑھی سے کا

marfat.com

پانی اور نماز میں گریہ وزاری کا پانی ملے جلے منہ پر پھریں۔ خواجہ حسن بصری ایک جوان پر گزرے جو بے تحاشا ہنس رہا تھا فرمایا اے جوان کیا تو بخیریت ایمان لیکر دنیا سے نکل گیا۔ بولا نہیں۔ کیا تو قبر کے امتحان میں کامیاب ہو گیا بولا نہیں کیا تو بخیریت صراط سے گزر گیا بولا نہیں کیا تو نے اپنے جنتی ہونے دوزخ سے بچنے کا یقین کر لیا بولا نہیں فرمایا پھر کس چیز پر ہنستا ہے وہ جوان پھر مرتے دم تک نہ ہنسا۔ (از روح البیان)

فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ

پس اگر لوٹائے آپ کو اللہ طرف ایک ٹولہ کے ان میں سے پس وہ اذن مانگیں آپ سے

پھر اے محبوب اگر اللہ تمہیں ان میں سے کسی گروہ کی طرف واپس لے جائے اور وہ تم سے جہاد

لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا

واسطے نکلنے کے تو فرما دو ہرگز نہیں نکلو گے میرے ساتھ کبھی اور ہرگز نہیں جہاد کرو گے

کیلئے جہاد سے نکلنے کی اجازت مانگے تو تم فرما دو کہ تم کبھی میرے ساتھ نہ چلو

مَعِيَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ

میرے ساتھ کسی دشمن سے تحقیق تم راضی ہو گئے بیٹھ رہنے سے پہلی بار

اور ہرگز میرے ساتھ کسی دشمن سے نہ لڑو تم نے پہلی دفعہ بیٹھ رہنا پسند کیا تو بیٹھ رہو

فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ﴿۸۳﴾

پس بیٹھو ساتھ بیٹھنے والوں کے

پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ

**تعلق** اس آیۃ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**:۔ پچھلی آیت کریمہ میں منافقین کی یہ بدنصیبی بیان ہوئی کہ غزوۂ تبوک میں چلنے کی دعوت دی گئی مگر وہ نہ گئے اب ان کی بدنصیبی کا ذکر ہے کہ آئندہ وہ خود جہادوں میں جانے کی اجازت چاہیں گے۔ مگر انہیں نہ لے جایا جاوے گا۔ گویا نہ جانے کا ذکر پہلے ہوا اور نہ لے جانے کا ذکر اب ہے۔ **دوسرا تعلق**:۔ پچھلی آیت کریمہ میں یہ ذکر تھا کہ منافقین غزوۂ تبوک کے موقعہ پر اس میں حاضری کی شرف سے محروم رہے۔ اب ارشاد ہے کہ وہ آئندہ غزوات کی شرکت سے محروم کر دیئے گئے۔ گویا ان کے ایک منحوس کام کا ذکر پہلے ہوا اس کی نحوست کا ذکر اب ہو رہا ہے۔ کہ وہ اس جرم کی وجہ سے

marfat.com

آئندہ تمام جہادوں سے محروم کر دیئے گئے۔ تیسرا تعلق:۔ پچھلی آیت کریمہ میں ذکر تھا کہ منافقین ہنسیں گے تھوڑا روئیں گے زیادہ اس میں احتمال تھا کہ آخرت میں زیادہ روئیں گے یا دنیا میں اس آیت کریمہ نے اس کی تفسیر فرما دی کہ دنیا میں بھی زیادہ روئیں گے اس کی وجہ یہ ہوگی کہ آئندہ انہیں جہادوں میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جس سے اُن کی منافقت پورے طور پر ظاہر ہو جاوے گی۔ اور وہ کسی کو منہ دکھلانے کے قابل نہ رہیں گے۔ اکیلے گھروں میں رویا کریں گے۔

**مقصدِ نزول** اس آیتہ کریمہ میں غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضور انور کو غیبی خبر دی گئی ہے کہ آپ کی اس غزوہ سے واپسی کے موقعہ پر یہ بہانہ خود منافق اپنی پیشانی کی کالک چھوڑانے کے لیے تقیتہً عرض کریں گے۔ کہ اس بار تو ہم نہ جا سکے اگلے جہادوں میں ہم حضور انور کے ساتھ ضرور چلا کریں گے تو ان کو منع فرما دینا کہ اَب تم کو کسی جہاد میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں اَب تک ہم تم کو مناتے تھے تم نہیں مانتے تھے اب تم ہم کو مناؤ گے ہم نہیں مانیں گے۔ گویا دنیا میں ہی حشر کا نمونہ تمہارے لیے قائم ہوگا۔ شعر

آج لے اُن کی پناہ آج مدد مانگ اُن سے　　کل نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

**تفسیر:۔** فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ ۔ ۔ ۔ ظاہر یہ ہے کہ اس فرمانِ عالی میں ف فصیحہ ہے یعنی اگر منافقین نے اس نازک موقعہ پر آپ کی اطاعت نہ کی تو اب اگر شریکِ جہاد ہونا بھی چاہیں تو نہ انہیں شریک کریں۔ اِنْ یا تو بمعنیٰ اذا ہے۔ یقین کے لئے استعمال ہوا ہے۔ کیونکہ حضور انور کا واپس مدینہ منورہ میں تشریف لانا اور منافقین کا یہ عرض کرنا یقینی تھا اور ہو سکتا ہے کہ اِنْ اظہارِ شک کے لئے ہو کیونکہ منافقین سمجھے ہوئے تھے کہ اب حضور انور اور غازیوں کا واپس آنا مشکوک ہے کیونکہ گرمی سخت ہے سفر دُور دراز سے سامانِ سفر تھوڑا ہے۔ اُن کا شک یہاں ظاہر کیا گیا۔ رجع اگر رجوع سے بنے تو بمعنیٰ لوٹنا ہوتا ہے یعنی لازم اور اگر رَجَعَ سے ہے تو بمعنیٰ لوٹانا ہوتا ہے۔ یعنی متعدی۔ یہاں رَجَعَ سے ہے اور متعدی (روح البیان و معانی) رب فرماتا ہے ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۔ ۔ ۔ طائفہ سے مراد ایک ٹولہ ہے منہم کا مرجع منافقین ہیں چونکہ حضورِ انور کی واپسی تک بعض منافقین مر چکے تھے بعض مدینہ منورہ سے باہر جا چکے تھے بعض سچے دِل سے توبہ کر چکے تھے بعض اپنے نفاق پر قائم رہے تھے۔ جو صرف بارہ تھے۔ اس لئے طَائِفَةٍ مِّنْهُمْ ارشاد ہوا (بیضاوی روح البیان) بعض نے کہا کہ منہم میں ہُم سے مراد مخلفین ہیں۔ جن میں سے بعض ماجور تھے بعض معذور بعض دھوکہ باز منافقین (بیضاوی) اس لئے منہم فرمانا بالکل درست ہوا کہ یہ لوگ مخلفین کے بعض تھے۔ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ ۔ یہ عبارت معطوف ہے رَجَعَكَ پر اور شرط ہے چونکہ اُن کا یہ اجازت مانگنا حضور کی واپسی کے فوراً بعد تھا اس لیے ف ارشاد ہوئی بمعنیٰ فوراً۔ خروج سے مراد ہے آئندہ غزوات کے لئے مدینہ منورہ سے روانگی یعنی وہ منافقین

marfat.com

بطورِ جھوٹی خوشامد کے۔ اپنا گذشتہ جرم چھپانے کے لیئے۔ آپ سے عرض کریں گے۔ کہ حضور ہمکو آج ہی اجازت دیدیجئے۔ ہم بالکل تیار ہیں۔ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ اَبَدًا ۔ یہ فرمانِ عالی مذکورہ شرط کی جزاء ہے۔ اور تخرجوا سے مراد یا تو مطلقاً سفر کرنا ہے یا جہاد کے لئے سفر اور یہ خبر بمعنی نہی و ممانعت ہے یعنی اُن کے جواب میں آپ فرما دینا کہ تم آئندہ میرے ساتھ کسی سفر میں یا سفر جہاد میں نہیں جا سکتے وَلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ عَدُوًّا ۔ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے لَنْ تَخْرُجُوْا پر اور مذکورہ شرط کی جزا کا ایک جز یہ بھی خبر بمعنی ممانعت ہے یعنی تم لوگ میرے ساتھ کسی دشمن دین سے جہاد نہیں کر سکتے یعنی تم میرے ساتھ سفر اور جہاد کرنے کے اہل ہی نہیں رہے تمہارا نام رب کی فہرست میں غازیوں کے رجسٹر سے نکال دیا گیا لہٰذا آیۃ کریمہ صاف اور واضح ہے ورنہ نہ تو اس کے بعد حضور انور نے کوئی جہاد کیا کیونکہ غزوۂ تبوک آخری غزوہ ہے جو ۹ھ ہجری میں واقع ہوا نہ یہ لوگ صحابہ کرام کے زمانہ میں کسی جہاد میں شریک ہوئے غرضکہ یہاں اہلیت کی ہی نفی مقصود ہے اس نفی کی وجہ یہ ہے کہ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۔ یہ فرمان عالی مذکورہ نہی کی وجہ ہے اس میں رضا بمعنی خوشی اور پسندیدگی ہے قعود سے مراد بیٹھنا نہیں بلکہ مدینہ منورہ میں رہ جانا اور غزوہ کے لئے نہ روانہ ہونا ہے۔ اَوَّلَ مَرَّةٍ سے مراد غزوۂ تبوک ہے۔ قوی یہ ہے اَوَّلَ کی فتحہ ظرفیت کی وجہ سے ہے مرۃ مصدر ہے مَرَّ یَمُرُّ کا مگر اَب بمعنی ظرفیۃ استعمال ہوتا ہے بمعنی دفعہ یا بار اگرچہ یہ خود مؤنث ہے۔ اور اوّل صیغہ واحد مذکر کا مگر اوّل کا استعمال مذکر مؤنث دونوں کے لئے ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے اوّل رجل اور اوّلی امراۃ (روح المعانی وکبیر وغیرہ) خیال رہے کہ اوّل کہ اوّل اسم تفضیل ہے اُوْلٰی بمعنی لوٹنا یہ دراصل اَوْءَلَ تھا۔ ہمزہ کو واؤ سے بدل کر واؤ میں اِدغام کر دیا اوّل ہو گیا اس کا مؤنث اُوْلٰی ہے یعنی تم لوگ پہلی بار ہی رہ جانے پر خوش ہو گئے۔ جہاد کے لیئے نہ گئے اس کی نحوست یہ ہوئی کہ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۔ تم ہمیشہ خالفین کے ساتھ بیٹھے ہی رہا کرو۔ ہمارے ساتھ کسی سفر کسی جہاد میں نہ جاؤ۔ خیال رہے خالف نبا ہے خَلْفٌ سے بمعنی پیچھے خالفین پیچھے رہ جانے والے منافقین بعض نے فرمایا کہ یہ بنا ہے خلف بمعنی فساد یا خرابی اسی لیئے منہ کی بدبو کو خلوف کہتے ہیں یعنی بگڑی ہوئی بو ایک قرأت میں ہے الخالفین بروزن حذرین صفت مشبہ یعنی اب تم فسادی بہانہ خور منافقین کے ساتھ بیٹھے رہا کرو تم اُن کے ساتھی ہو نہ کہ ہمارے

**خلاصہ تفسیر** اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم ہم آپ کو دو غیبی خبریں دیتے ہیں۔ ایک یہ آپ اس دشوار دور دراز سفر غزوۂ تبوک سے بخیریت تمام مدینہ منورہ واپس ہونگے دوسرے یہ کہ آپ کی واپسی پر منافقین جھوٹی خوشامد اور اپنا نفاق چھپانے کے لیئے فوراً عرض کریں گے کہ یا رسول اللہ ہم آئندہ غزواتِ میں ضرور بالضرور حضور کے ہمراہ جایا کریں گے۔ ہم کو آپ آج ہی اُن غزوات میں جانے کی اجازت دے دیں۔ ہم کو اُن غزوات کا بے چینی سے انتظار ہے اور اس کی اجازت سے ہماری بیقراری ابھی دور فرما دیں

marfat.com

کہ ہاں ضرور چلنا ہے محبوب جب یہ عرض کریں تو آپ اُن سے فرما دینا کہ تم لوگ آئندہ نہ تو ہمارے ساتھ کسی سفر میں جا سکتے ہو، نہ ہمارے ساتھ کسی کافر قوم پر جہاد کر سکتے ہو۔ تم لوگوں کا ہمارے ساتھ سفر وغیرہ بند۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تم لوگ پہلی بار ہی میں پیچھے رہ گئے اور اس پر خوش ہوئے اس آرام پسندی کا وبال تم پر یہ پڑا کہ تم آئندہ غازیوں کی فہرست میں ہی نہ رہے اب تم فسادیوں پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ رہو تم ہمارے ساتھی نہیں اُن کے ساتھی ہو **خیال رہے**:۔ کہ غزوہ تبوک ۹ھ ہجری میں ہوا حضور انور ماہ رجب میں جمعرات کے دِن اس غزوہ کے لیے روانہ ہوئے اس غزوہ کے بعد حضور انور کسی جہاد میں تشریف نہ لے گئے ۱۰ھ میں حضرت خالد کو بنی حارثہ کے مقابل روانہ فرمایا ۱۱ھ میں وفات شریف واقع ہو گئی۔ دیکھو مدارج النبوۃ جلد دوم۔

**فائدے**:۔ اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے **پہلا فائدہ** اللہ تعالےٰ نے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو کو علومِ غیبیہ بخشے یہ فائدہ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اور فَاسْتَاْذَنُوْكَ (الخ) سے حاصل ہوا کہ وہ واقعات غزوۂ تبوک سے واپسی پر پیش آنے والے تھے۔ **دوسرا فائدہ**:۔ رب تعالیٰ نے پہلے سے ہی ان کی خبر حضور کو دے دی یہ بھی بتا دیا کہ اس وقت تک یہ سارے منافقین باقی نہ رہیں گے بعض رہیں گے یہ فائدہ۔ اِلٰی طَائِفَةٍ مِّنْهُمْ فرمانے سے حاصل ہوا۔ **تیسرا فائدہ**:۔ اللہ تعالیٰ نجی کریم کو لوگوں کے دلی حالات ان کے ایمان و کفر نفاق و اسلام سے بھی خبردار کیا تا ابد جہاد حضور کے ساتھ ہوتا ہے بروں کی ہمراہی بری ہے۔ یہ فائدہ اِسْتَاْذَنُوْكَ سے حاصل ہوا جس میں بتایا گیا کہ ان کا یہ اجازت مانگنا منافقت سے ہوگا۔ نہ کہ اخلاص۔ سے اور نہ گذشتہ کوتاہی کا کفارہ کرنے کے لیے اس لیے اس اجازت طلبی کو اُن کے عیوب میں شمار فرمایا۔ **چوتھا فائدہ**:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو رب تعالیٰ نے لوگوں کے انجام سے بھی خبردار کیا کہ کون ایمان پر مریگا اور کون کفر پر کون اخلاص پر مریگا۔ اور کون نفاق پر یہ فائدہ لَنْ نَّخْرُجَ مَعِيَ اَبَدًا (الخ) اور لَنْ يَّنْقَلِبَ (الخ) سے حاصل ہوا۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ تم چونکہ آخر تک منافق رہو گے۔ اور منافق ہی مرو گے۔ لہٰذا تم ہرگز ہمارے ساتھ نہ تو سفر کر سکتے ہیں نہ جہاد ورنہ اُن سے ارشاد ہوتا کہ توبہ کر لو مخلص مومن بن جاؤ۔ اور جہاد میں شریک ہوا کرو توبہ کا دروازہ کھلا ہے یہ واقعہ ثعلبہ کے واقعہ سے مشابہ ہے کہ زکوٰۃ لاتا رہا رد ہوتی رہی۔ کیونکہ وہ منافق رہا۔ **منافق مرا پانچواں فائدہ**:۔ بعض گناہ ایسے منحوس ہوتے ہیں کہ ان سے توبہ کی توفیق نہیں ملتی بلکہ وہ کفر بلکہ خاتمہ علی الکفر کا ذریعہ بن جاتے ہیں یہ فائدہ اِنَّكُمْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ۔ (الخ) سے حاصل ہوا۔ جس میں فرمایا گیا کہ چونکہ تم غزوۂ تبوک میں ہمارے ساتھ نہ گئے۔ اس لیے نفاق تمہارے دلوں سے ایسا چمٹ گیا کہ اب چھوٹ نہیں سکتا۔ جیسے بعض نیکیاں ایسی ہیں جن سے ایمان کی رجسٹری ہو جاتی ہے کہ پھر ایمان دل سے نکل نہیں سکتا وہ ہے ادبِ رسول دیکھو حبِ ادب صحابہ کے متعلق ارشاد ہوا وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى الله

marfat.com

اللہ ادب کی توفیق دے **چھٹا فائدہ**:۔ حجۃ الوداع میں کوئی منافق حضور انور کے ساتھ نہ گیا سارے مومن مخلص ہی گئے۔ یہ فائدہ لَنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ سے حاصل ہوا۔ جس میں فرمایا گیا کہ اَب میرے ساتھ تم کسی سفر میں نہیں جا سکتے اور حجۃ الوداع تبوک کے بعد ہوا جبکہ منافقین کو حضور انور کے ساتھ سفر کی ممانعت ہو چکی تھی۔ **ساتواں فائدہ**:۔ اللہ کا سخت عذاب بندے پر یہ ہے کہ اُسے اچھوں کی خصوصاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمراہی سے محروم کر دیا جاوے یہ فائدہ لَنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ اور لَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ الخ سے حاصل ہوا یہاں معی کا خیال رکھنا۔ **آٹھواں فائدہ** بے دینوں سے الگ رہنا چاہیئے اگرچہ وہ کلمہ پڑھتے اور اپنے کو مسلمان کہتے ہوں یہ فائدہ بھی لَنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ الخ سے حاصل ہوا دیکھو منافقین کلمہ گو تھے اپنے کو مسلمان کہتے تھے مگر ان کو حضور انور نے اپنے سے دور کر دیا **نواں فائدہ**:۔ بے دینوں کو مسلمان اپنی مسجدوں میں نماز پڑھنے سے روک سکتے ہیں اگرچہ وہ اپنے کو مسلمان کہتے ہوں کلمہ پڑھتے ہوں خصوصاً جبکہ اُن کے آنے سے فتنہ و فساد ہو۔ یہ فائدہ وَلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ عَدُوًّا ۔ سے حاصل ہوا دیکھو جہاد فی سبیل اللہ بہترین عبادت ہے مگر اس میں منافقین کو شرکت سے منع کر دیا گیا۔ ہر کلمہ گو مسلمان نہیں بعض لوگ مرزائیوں کو اپنی مسجدوں میں نہیں آنے دیتے ان کی اصل یہ آیت کریمہ ہے۔ **دسواں فائدہ** امر ہمیشہ وجوب کے لیئے نہیں آتا کبھی اظہار غضب کے لیئے بھی آتا ہے یہ فائدہ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخَالِفِیْنَ (الخ) سے حاصل ہوا دیکھو اقعدوا صیغہ امر کا ہے مگر نہ وجوب کے لئے ہے نہ مباح کرنے کے لیئے بلکہ اظہارِ غضب و عتاب کے لیئے ہے کہ اَب بیٹھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔ **گیارہواں فائدہ** اللہ کا بڑا عذاب یہ ہے کہ بندہ اچھوں کی صحبت سے محروم کر کے بروں کا ساتھی بنا دیا جاوے یہ فائدہ بھی فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخَالِفِیْنَ۔ سے حاصل ہوا پہلے معی تھا یہاں مع الخالفین ہے یعنی اے منافقو اَب تم میرے ساتھ نہ رہو بلکہ منافقین کے ساتھ بیٹھو اٹھو۔ شعر

چوں شدی دور از حضورِ اولیاء آں بجناں دان دُور گشتی از خدا

**پہلا اعتراض**:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی واپسی غزوۂ تبوک سے مدینہ کی طرف بالکل یقینی تھی پھر اُسے اِن سے کیوں فرمایا گیا فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى تو شک کے لیئے آتا ہے۔ **جواب** اگر اِن بمعنی اِذَا ہے تب تو کوئی اعتراض نہیں اور اگر اپنے معنی میں ہو۔ یعنی اگر تو بھی شک کے لیئے نہیں بہت جگہ اِن یقینی چیز پر بھی بولا جاتا ہے رب فرماتا ہے اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَاٰتٰنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ ۔ دیکھو نوح علیہ السلام کا نبی ہونا رحمت والا ہونا یقینی تھا مگر آپ نے اسے اِن سے بیان فرمایا اور فرماتا ہے اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ دیکھو قرآن مجید کا اللہ کی طرف سے ہونا یقینی ہے مگر اسے اِن سے بیان کیا گیا اس سے مقصود ہے مضمون کی اہمیت بیان کرنا۔ **دوسرا اعتراض**:۔ یہاں اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ

marfat.com

کیوں ارشاد ہوا جب حضور انور تبوک سے واپس ہوئے تو سارے منافقین مدینہ منورہ میں موجود تھے۔ **جواب** نہیں بلکہ بعض منافقین مر چکے تھے بعض اس دوران میں توبہ کر کے مومن مخلص بن چکے تھے بعض اپنے نفاق پر اڑے رہے تھے اور دھوکا دینے کے لیے آئندہ جہادوں میں شرکت کی اجازت مانگتے تھے وہ ہی یہاں مراد ہیں لہٰذا طائفہ فرمانا بالکل درست ہے۔ دیکھو تفسیر جو ابھی کی گئی۔ **تیسرا اعتراض**:۔ ان منافقوں کو توبہ کرنے مخلص بن جانے کا حکم کیوں نہیں دیا جہاد و سفر میں اپنی ہمراہی سے کیوں روک دیا دور کرنے سے قریب کرنا اچھا ہے۔ **جواب** اُن کی تقدیر میں اخلاص اور ایمان نہ تھا انہیں اس کی توفیق ملنے والی نہ تھی۔ جیسے ثعلبہ کی زکوٰۃ رد کر دی گئی ایسے ہی انہیں اپنی ہمراہی سے نکال دیا گیا۔ حضور انور کی نظر روح محفوظ پر تھی۔ **چوتھا اعتراض** پھر انہیں صرف جہاد سے کیوں روکا گیا نماز اور مسجد مبارک کی حاضری سے کیوں روکا گیا یہ بھی تو اسلامی کام ہیں۔ **جواب**:۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک عالمانہ دوسرا عاشقانہ جواب عالمانہ تو یہ ہے کہ جہاد میں منافقین کا جانا خطرناک تھا وہ کفار کی جاسوسی کرنے اور مسلمان غازیوں کو کفار سے ہیبت دلاتے تھے نماز کی حاضری میں یہ خطرے نہ تھے جواب عاشقانہ یہ ہے کہ وہ اپنی زبان سے مسلمان تھے دل سے کافر انہیں مسجدوں میں حاضری کی اجازت دینا شریعت تھی کہ شرعی احکام ظاہر پر ہوتے ہیں اور جہاد سے روکنا طریقت کہ طریقت میں حقیقت اور انجام پر حکم ہوتا ہے حضرت خضر کا بچے کو مار ڈالنا طریقت تھا۔ **پانچواں اعتراض**:۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ منافقین کو غزوۂ تبوک سے بیٹھ رہنے کی یہ سزا ملی کہ وہ دوسرے جہادوں سے محروم کر دیئے گئے تو اس وقت بعض مخلصین صحابہ بھی بیٹھ رہے تھے جیسے حضرت کعب ابن مالک مرارہ ابن لوی اور ہلال ابن اُمیّہ انہیں یہ سزا کیوں نہ ملی۔ **جواب** اس اعتراض کا جواب اسی آیت میں موجود ہے کہ ارشاد ہوا اَرَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ تم لوگ بیٹھ رہنے پر راضی ہوئے خوش ہوئے وہ حضرات اس پر خوش نہ تھے گناہ کرنا اور ہے گناہ پر خوش ہونا کچھ اور مگر انہیں بھی بائیکاٹ کی سزا دی گئی کہ پچاس دن ان کا مکمل بائیکاٹ کیا گیا۔

**تفسیر صوفیانہ** بدنصیب لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی فیضِ صحبت نہ پا سکے جیسے چمگادڑ سورج سے کھاری زمین بارش سے فیض نہیں لے سکتے فیوز اڑا ہوا بلب بجلی کے پاور سے روشن نہیں ہوتا منافقین انہیں بدنصیبوں میں سے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ صحبت پاک ہمراہی سفر و جہاد سے محروم کر دیئے گئے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام کے زمانہ کے سارے جہاد حضور انور کی ہمراہی میں جہاد ہوئے جو لوگ اُن میں اخلاص سے شریک ہوئے وہ حضور انور کی ہمراہی حضور ہی کے زیر سایہ تھے۔ دیکھو فرمایا گیا لَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا تم میرے ساتھ جہاد نہ کرو اس کا مطلب یہ نہیں کہ میری وفات کے بعد صحابہ کرام کے جہادوں میں شریک ہو جایا کرنا۔ حضور انور نے تو اس کے بعد کوئی جہاد کیا ہی نہیں حضرات صحابہ نے کیے۔ اُن کے متعلق ارشاد ہوا لَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ میرے

marfat.com

ساتھ جہاد نہ کرو۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ تاقیامت ہر قبول جہاد میں حضور انور مخلص غازیوں کے ساتھ ہوتے ہیں اور بحکم خدا اُن کی مدد فرماتے ہیں ہاں جنگِ مردود حضور کی ہمراہی سے خالی ہوتی ہیں۔ دیکھو فرمایا گیا وَلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ عَدُوًّا۔ ان جہادوں سے مراد تاقیامت خصوصاً صحابہ کرام کے جہاد میں اس کا تجربہ ابھی ۱۹۶۵ء کے جنگ میں ہوا جو پاکستان و ہندوستان میں ہوئی جس میں حضور انور کی شرکت دیکھی گئی۔

| |
|---|
| وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى |
| اور نہ نماز پڑھیں آپ کسی پر ان میں سے جو مر جاوے کبھی بھی اور نہ کھڑے ہوں آپ |
| اور ان میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا بے شک |
| قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ |
| قبر پر اس کے تحقیق ان لوگوں نے کفر کیا ساتھ اللہ کے اور اس کے رسول کے اور مر گئے |
| وہ اللہ اور رسول سے منکر ہوئے اور |
| فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ |
| حالانکہ وہ فاسق ہیں |
| فسق ہی میں مر گئے |

**تعلق:** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** پچھلی آیت کریمہ میں منافقین کو ان کی زندگی میں ذلیل کرنے کا ذکر تھا کہ انہیں جہادوں کی شرکت سے محروم فرما دو۔ اب انہیں بعد موت ذلیل فرمانے کا تذکرہ ہے کہ اُن کی لاشوں پر نماز بھی نہ پڑھو۔ **دوسرا تعلق:** پچھلی آیت کریمہ میں حکم تھا کہ اے محبوب انہیں اپنے سے دُور فرما دو اب حکم ہے کہ انہیں بعد موت بھی اپنی دُعاؤں سے دُور رکھو حضور انور ہماری زندگی اور بعد موت ہمارے ساتھی ہیں اُن سے دُور رہ کر زندگی موت ہے۔ شعر

اُن کے در پر موت آجائے تو جی جائیں حسن اُن کے در سے دُور رہ کر زندگی اچھی نہیں

**تیسرا تعلق:** پچھلی آیت کریمہ میں منافقین سے خطاب تھا کہ اب تم بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ رہو۔ اب ارشاد ہے کہ اے محبوب منافقوں کو مرنے بعد بھی انہیں کے ساتھ رکھو آپ اُن کی قبر کے پاس بھی عارضی طور پر کھڑے نہ ہوں۔ تمہارے لائق وہ ہے جو نرا تمہارا ہو۔ وہاں خالص چاہیے ملاوٹی کی گنجائش نہیں۔ **چوتھا تعلق:** پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا

کہ منافقوں کو اپنی ہمراہی کا شرف نہ بخشو اب ارشاد ہے کہ جس قبر میں منافق دبا ہو اُس کی قبر کو بھی اپنے قدم شریف کی عزت نہ بخشیں وہاں آپ نہ جائیں نہ کھڑے ہوں وہ مٹی بھی آپ کے قدم کے لائق نہیں۔

**شانِ نزول** اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق بخاری شریف وغیرہ میں مختلف روایات ہیں یہ فقیر ایسی جامع تقریر عرض کرتا ہے جس میں بفضلہ تعالیٰ تمام روایات جمع ہو گئیں اس جمع میں تفسیر خازن سے مدد لی گئی ہے۔ قبیلہ بنی خزرج کا سردار منافقین کا پیشوا اعظم جس کے اشارہ پر سارے منافقین چلتے تھے یعنی عبداللہ ابن اُبی جس کی ماں کا نام سلول تھا (صادی) جب یہ مرض موت میں گرفتار ہوا تو اس نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس بلایا اور عرض کیا کہ مجھے اپنی قمیض شریف عطا فرمادیں تاکہ میں اس میں کفن دیا جاؤں میری نماز جنازہ حضور انور پڑھائیں میرے لیئے دعاءِ مغفرت فرمادیں حضور انور نے گھر واپس تشریف لاکر اپنی اوپر والی قمیص بھیج دی اُس نے وہ واپس کردی اور کہلا بھیجا نیچے والی دیجئے جو جسم شریف سے متصل رہی ہے کچھ وقفہ کے بعد وہ مر گیا اس کا بیٹا جس کا نام بھی عبداللہ تھا جو مخلص مومن صحابی تھا حاضر ہوا اور قمیص مانگی حضور انور نے جب قمیص شریف عطا فرمانے کا ارادہ فرمایا تو حضرت عمر نے عرض کیا کہ ایسے نجس العین خبیث کو قمیص طاہر و طیب کیوں عطا فرمائی جاوے تو ارشاد فرمایا کہ اے عمر اسے تو قمیص کچھ فائدہ نہ دیگی مگر مجھے امید ہے کہ اس کی برکت سے انشاء اللہ ایک ہزار منافقین ایمان و اخلاص قبول کر لیں گے۔ پھر حضور انور اس کی میت تیار ہو جانے پر اس کی نماز پڑھانے تشریف لے گئے۔ جب مصلے پر تشریف فرما ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ تو منافق بلکہ منافقوں کا سردار ہے حضور اس کی نماز کیوں پڑھاتے ہیں۔ فرمایا کہ ابھی تک مجھے میرے رب نے منافقوں کی نماز یا ان کے لیئے دعا سے منع نہیں فرمایا ہے یہ فرمایا ہے کہ اگر ستّر بار بھی آپ ان کے لیئے دعاءِ مغفرت کریں ہم نہ بخشیں گے۔ اگر میں جانتا کہ ستر بار سے زیادہ دعا کرنے سے اس کی بخشش ہو جاوے گی تو زیادہ دعا کرتا۔ بہر حال حضور نے اس کی نماز پڑھادی۔ گھر واپس تشریف لائے۔ جب اسے دفن کیا جانے لگا تو پھر تشریف لے گئے اس وقت وہ اپنی قبر میں رکھا جا چکا تھا اس کی میت نکلوائی اسے اپنے نیچے والی قمیص پہنائی اور لعابِ دہن شریف اس کے منہ میں ڈالا۔ یہ سارے واقعات اسی کے متبع منافقین دیکھ رہے تھے۔ انہوں نے دو باتوں پر غور کیا۔ ایک یہ کہ ایسا دشمنِ رسول منافق بھی حضور سے آپ کے تبرکات مانگتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ حضور کے تبرکات واقعی دافعِ بلا اور مشکل کشا ہیں۔ دوسرے یہ کہ حضور انور نے ایسے موذی دشمن کو بھی منع نہ فرمایا بلکہ اس کی ساری گذارشات قبول فرمالیں۔ یہ سوچ کر اس دن چھوٹے بڑے ایک ہزار منافقین نفاق سے سچی توبہ کر کے مخلص مسلمان ہو گئے۔ اس کے بعد یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی جس میں حضور کو ہمیشہ کے لیئے منافقین کی نمازِ جنازہ پڑھنے ان کی قبور پر جانے وغیرہ سے منع فرمادیا گیا (تفسیر کبیر۔ روح المعانی روح البیان۔ بخاری۔ مسلم وغیرہ۔ کتب احادیث) انشاء اللہ اس بیان ساری روایات جمع ہو گئیں کہ حضور

marfat.com

انور تین بار اس کے ہاں تشریف لے گئے۔ بیماری میں مرنے بعد اور دفن کے وقت۔ جب وہ قبر میں رکھا جا چکا تھا اور تین بار ہی حضور انور کی قمیص مانگی گئی دو بار اُس نے خود مانگی اور ایک بار اس کے بیٹے سیدنا عبداللہ نے۔ اور حضور انور نے خود اُسے قمیص بھی پہنائی تھی۔ اور لعاب دہن شریف بھی اُس کے منہ میں ڈالا تھا خیال رہے کہ یہ بہت دراز قد تھا اور ادھر حضور کے چچا حضرت عباس بھی بہت دراز قد تھے۔ جب وہ جنگِ بدر میں گرفتار ہو کر آئے تو اُن کے جسم پر کرتا نہ تھا۔ حضور انور نے فرمایا کہ کوئی صاحب اسے قمیص پہنا دیں کسی کی قمیص آپ کے جسم شریف پر نہ آئی اِس منافق کی قمیص بالکل درست آگئی اور اس نے وہ ہی پہنا دی۔ حضور انور کے اس عمل شریف سے اس کے احسان کا بدلہ بھی ہو گیا۔ جو اُس نے حضور کے چچا پر کیا تھا (عام تفاسیر)

**تفسیر** وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ - - - قوی یہ ہے کہ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے لہٰذا اس کا واؤ عاطفہ نہیں بلکہ ابتدائیہ ہے۔ صلوٰۃ کے معنیٰ نماز درود۔ دعا۔ نمازِ جنازہ سب ہی ہیں مگر یہاں آخری معنیٰ یعنی جنازہ مراد ہے جیسا کہ شانِ نزول سے معلوم ہوا نیز آگے ہے۔ وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ۔ قبر کے ذکر سے بھی یہ ہی ظاہر ہوتا ہے۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس سے مراد دعاءِ مغفرت ہے رب تعالیٰ نے ایک جگہ فرمایا صَلِّ عَلَيْهِمْ مسلمانوں کے لیے دعاءِ مغفرت فرماؤ۔ مگر دو جگہ دعاءِ مغفرت سے منع فرمایا ایک جگہ مشرکین کے لیے مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ اور یہاں منافقین کے لیے مگر پہلی تفسیر قوی ہے۔ ہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ نمازِ جنازہ بھی اس لیے منع ہے کہ اس میں دعاءِ مغفرت ہے منہم فرما کر یہ بتایا کہ نمازِ جنازہ اس کی منع ہے جو مرتے وقت تک منہم رہے یعنی منافق رہے (روح المعانی) کیونکہ مِنْهُمْ اَحَدٌ کا حال ہے مَاتَ اَبَدًا اس فرمانِ عالی میں مَاتَ تو اَحَدٍ کی صفت ہے اور اَبَدًا یا تو لَا تُصَلِّ کا ظرف ہے یا مَاتَ کا یعنی جو منافق مر جائے اس پر ہمیشہ نماز نہ پڑھیں یعنی کبھی یا جو منافق ہمیشہ کے لیے جاوے اس طرح کی منافقت پر اس کا دم نکلے اس کی نماز نہ پڑھیں کیونکہ اگرچہ اُسے بھی قبر میں زندہ کرتے ہیں مگر ناکافی اور سزا کے لیے نہ کہ جزا کے واسطے لہٰذا وہ زندگی بھی موت ہے۔ (تفسیر روح المعانی بیان خازن۔ کبیر وغیرہ) یہ دوسری تفسیر قوی ہے لہٰذا یہ بھی وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ۔ یہ دوسری ممانعت ہے جو براہِ راست حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے حضور انور کے واسطے سے سارے مسلمانوں کو منافق کی قبر پر کھڑا ہونا یہاں قیام سے مراد صرف کھڑا ہونا نہیں بلکہ وہاں جانا۔ بیٹھنا۔ کھڑا ہونا ٹھہرنا سب ہی مراد ہے جبکہ زیارت کرنے دعا کرنے دفن کرنے یا دفن کے بعد دعا کرنے کے لیئے ہو۔ کہ سب حرام ہے قَبْرِهٖ میں ہٖ کا مرجع وہ ہی مذکور منافق ہے یعنی اے محبوب اُن کی قبر پر زیارت کرنے فاتحہ پڑھنے دعاءِ خیر کرنے احترام کرنے کے لیئے نہ جاؤ۔

marfat.com

تحقیر۔ عبرت کے لیے وہاں جانا جائز بلکہ بہتر ہے۔ حضور انور ابوجہل وغیرہ کی لاشوں پر تشریف لے گئے اُن سے کلام بھی فرمایا۔ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۔ اس فرمانِ عالی میں مذکورہ ممانعتوں کی وجہ ارشاد ہوئی یعنی اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اگرچہ زبانی طور پر مسلمان محسوس ہوتے ہیں مگر حقیقۃً وہ اللہ رسول کے منکر پختہ کافر ہیں اور کفار کے لئے نہ دعاءِ مغفرت جائز ہے نہ ان کی قبر کی زیارت جائز کہ اس میں اُن کی قبروں کی تعظیم و توقیر ہے جو ناجائز ہے یہ دونوں چیزیں صرف مومنوں کے لئے ہیں۔ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ۔ اِس فرمانِ عالی میں یا تو ان ممانعتوں کی دوسری وجہ کا ذکر ہے یا کُفْرُہُمْ بِاللّٰہِ کے دوام کا یہاں فاسق سے مراد کفر نہیں کہ وہ پہلے ہی مذکور ہو چکا بلکہ وہ صرف مسلمانوں کو ستانا۔ حضور انور کو دکھ دینا وغیرہ مراد ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بعض کافر مروّت والے ہوتے ہیں ان میں شرم وحیا ہوتی ہے۔ دل کے نرم ہوتے ہیں۔ کسی کو ستاتے نہیں مگر یہ لوگ تو کافر بھی ہیں موذی بھی حضور انور کو ایذا رسانی بھی۔ اسی حالت میں یہ مرے پھر یہ دعا یا نمازِ جنازہ یا کسی عزت، واحترام کے مستحق نہیں ہو سکتے۔ وہ مر گئے اس حال میں کہ وہ بدکار مسلم آزار تھے

**خلاصۂ تفسیر** ابھی تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس آیت کریمہ کی چند تفسیریں ہیں قوی اور ظاہر تفسیر یہ ہے کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کسی منافق کی جو مر جائے کبھی نمازِ جنازہ نہ پڑھیں۔ اور نہ کبھی ان کی قبر کی زیارت کریں نہ وہاں جا کر دعاءِ خیر کریں کیونکہ یہ صرف زبانی کلمہ گو ہیں در حقیقت اللہ رسول کے انکاری۔ پرلے درجے کے کافر ہیں صرف کافر ہی نہیں بلکہ موذی اور مومنوں کے دشمن ہیں اس حال یعنی کفر و دشمنی پر وہ مر گئے ایسوں کی نہ نمازِ جنازہ درست ہے نہ اُن کے لئے دعاءِ خیر۔ **خیال رہے**:۔ عبداللہ ابن ابی کی نمازِ جنازہ اس کی قبر پر جانے سے تو حضور انور کو منع فرمایا گیا مگر اُس کو کفن میں رکھنے کے لیے چادر دینے کا ذکر نہ تو قرآن مجید میں کیا گیا نہ حضرت عمر نے اس پر زور دیا کہ حضور اُسے چادر نہ دیں۔ کیونکہ اس کے مانگنے پر چادر عطا نہ کرنا جود و سخا کے خلاف تھا۔ نیز اس صورت میں اُس خبیث کا احسان حضرت عباس پر رہ جاتا۔ روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حذیفہ ابن یمان سے خفیہ طور پر فرما دیا تھا کہ فلاں فلاں کا خاتمہ منافقت پر ہوگا۔ مجھے اُن کی نمازِ جنازہ سے منع فرما دیا گیا ہے۔ حضور انور کی وفات کے بعد جب کوئی مشکوک آدمی مرتا تو حضرتِ عمر اُس کے جنازہ کے لئے حضرت حذیفہ کو بلاتے۔ اگر آپ جاتے تو حضرت عمر بھی جاتے تھے اگر نہ جاتے تو حضرتِ عمر بھی نہ جاتے تھے سمجھ جاتے کہ یہ اس فہرست کا آدمی ہے جو حضرت حذیفہ کو بتا دی گئی ہے (روح البیان) یہ ہے حضور انور کا علمِ غیب۔

**فائدے**:۔ اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ:۔ عبداللہ ابن ابی

marfat.com

جیسا سخت منافق بھی جانتا تھا کہ حضور انور کے تبرکات قبر میں مشکل کشائی کرتے ہیں۔ جیسا کہ شانِ نزول سے معلوم ہوا آج جو اس کا انکار کرے اور کہے قبر میں تبرکات لے جانا محض بیکار ہے صرف اپنے اعمال ہی فائدہ دیں گے۔ وہ اس منافق سے بھی بدتر ہے دوسرا فائدہ کافر و منافق کے لیئے کوئی تبرک قبر و حشر میں مفید نہیں کیونکہ اس کے پاس ایمان نہیں۔ بغیر جان کوئی دوا مفید نہیں۔ بغیر ایمان کوئی تبرک مفید نہیں یہ فائدہ بھی اسی شانِ نزول سے حاصل ہوا کہ حضور نے حضرت عمر سے فرمایا کہ میری چادر اُسے فائدہ نہ دے گی۔ تیسرا فائدہ حضور انور کے ہر عمل میں صدہا حکمتیں ہوتی ہیں دیکھو منافق کو چادر شریف عطا کی اس کی نمازِ جنازہ پڑھی یہ جانتے ہوئے کہ اس کے لئے یہ چیزیں بیکار ہیں مگر اس عمل شریف سے ایک ہزار منافقوں کو ایمان مل گیا۔ چادر نے منافقوں کو ایمان بخش دیا۔ چوتھا فائدہ حضور کے تبرکات تہبند شریف چادر مبارک بال شریف وغیرہ مومن کے لئے قبر میں کام آتے ہیں پانچواں فائدہ مردے کے کفن میں متبرک چیزیں رکھنا جائز ہے وہاں یہ نہ کہو کہ مردہ پھول لے پھٹے گا تو اس کی آلائش ہے یہ چیزیں لتھڑ کر خراب ہونگیں ، دیکھو آبِ زمزم پلینا جائز ہے حالانکہ معلوم ہے کہ وہ پیٹ میں جاکر کیا بنتا ہے۔ چھٹا فائدہ :- مردے کو کفنی (الفی) دنیا اسے غلافِ کعبہ میں لپیٹ کر دفن کرنا جائز ہے۔ کہ حضور انور کی چادر شریف غلافِ کعبہ سے افضل ہے کہ غلافِ کعبہ بیت اللہ کا صحبت یافتہ ہے اور یہ چادر شریف حبیب اللہ کی صحبت یافتہ۔ مگر حضور انور نے ابن ابی کو اس میں لپیٹا اور دفن کیا حضرت زینب کی وفات پر اُن کے سینہ پر اپنا تہبند شریف رکھوا کر دفن فرمایا اس کی پوری بحث ہماری کتاب جاء الحق میں دیکھو۔ ساتواں فائدہ :- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شانِ بہت بلند و بالا ہے کہ آپ کی رائے کے مطابق بہت سی آیات آئیں۔ چنانچہ کافر قیدیوں سے فدیہ لینا انہیں پر چھوڑنا انہی رائے کے مطابق شراب کی حرمت۔ مقام ابراہیم کو جاءِ نماز بنانا۔ عورتوں کے پردہ واجب ہونے منافقوں پر نماز جنازہ نہ پڑھنے کی آیتہ یعنی یہ آیات آپ کی رائے شریف کے مطابق آئیں۔ (کبیر) اس لیئے حضور انور نے فرمایا کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتے۔ یا فرمایا کہ گذشتہ امتوں میں الہام والے اولیاء ہوتے اگر میری امت میں ہیں تو عمر ہیں۔ یعنی اس امت میں ضرور ہوں گے کہ یہ اشرفِ امت ہے اور حضرت عمر ضرور الہام والے ہیں۔ آٹھواں فائدہ مردہ کافر و منافق کو مرحوم کہنا یا رحمتہ اللہ یا رضی اللہ عنہ کے القاب دینا یا اُن کے لئے ختمِ قرآنِ مجید کرنا اُن کی فاتحہ قل وغیرہ کرنا حرام ہے۔ یہ فائدہ لا تصلّ کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا جبکہ صلوٰۃ سے مراد دعاءِ رحمت و مغفرت ہو۔ نواں فائدہ :- کافر و منافق کی نماز جنازہ پڑھنا حرام ہے یہ فائدہ بھی لا تصلّ کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا۔ جبکہ صلوٰۃ سے مراد نمازِ جنازہ ہو۔

marfat.com

دسواں فائدہ :۔ نمازِ جنازہ کا ثبوت قرآنِ مجید سے ہے یہ فائدہ بھی لَا تُصَلِّ کی دوسری تفسیر سے حاصل ہوا کہ جب کفّار منافقین کی نمازِ جنازہ پڑھنا ممنوع ہے تو مسلمان پر نماز درست ہے۔ گیارہواں فائدہ :۔ جو منافق یا کافر توبہ کرکے مسلمان مخلص ہو کر مرے اس کا جنازہ پڑھا جائے گا یہ فائدہ مِنْہُمْ فرمانے سے حاصل ہوا کہ جو تمام عمر منافق ہی رہے اور رہتے ہوئے مرے اس پر نماز نہیں جو منافق رہتا ہوا مرے اس پر نماز نہیں۔ بارہواں فائدہ کافر و منافق کی قبر کی زیارت کرنا وہاں پھول چڑھانا وہاں فاتحہ پڑھنا۔ کسی ہندو کی سمادھی پر پھول وغیرہ ڈالنا حرام ہے یہ فائدہ وَلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِہٖ ۔ سے حاصل ہوا۔ افسوس کے مسلمان یہ سبق بھول گئے وہ مشرکین کی خوشامد میں تلک ہندو کے مرثیے لکھنے لگے گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھانے اس کی کریا کرم کرنے گنگا جانے لگے۔ تیرھواں فائدہ :۔ حضور انور کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ مومنہ ہیں یہ فائدہ بھی لَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِہٖ سے حاصل ہوا۔ کیونکہ کافر و منافق کی قبر کی زیارت ممنوع ہے اور حضور انور بہ اجازت رب تعالیٰ جناب آمنہ کے مزار پر انوار پر مدینہ منورہ سے سفر کرکے زیارت کے لئے تشریف لے گئے وہاں بہت روئے اور سب کو رلایا اور فرمایا کہ میں نے اپنی والدہ کے لیئے دعاءِ مغفرت کی اجازت مانگی تو مجھے منع کر دیا گیا۔ زیارتِ قبر کی اجازت مانگی تو دے دی گئی۔ اس اجازت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مومنہ ہیں (روح المعانی) رہا دعاءِ مغفرت سے منع فرمانا وہ اسلئے ہے کہ وہ بے گناہ ہیں چودہواں فائدہ :۔ ہر کلمہ گو مومن نہیں بعض کافر بھی ہیں لہٰذا ہر کلمہ گو کی نمازِ جنازہ نہیں یہ فائدہ کَفَرُوْا بِاللّٰہِ سے حاصل ہوا۔ دیکھو کلمہ گو منافقوں کو قرآنِ مجید نے کافر کہا اور ان پر نماز سے منع کیا۔ پندرہواں فائدہ :۔ حضور انور کی عظمت کا انکار رب تعالےٰ کا انکار ہے یہ فائدہ کَفَرُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ سے حاصل ہوا۔ دیکھو منافقین اللہ تعالےٰ کے منکر نہ تھے حضور انور کے مرتبہ سے چلتے تھے اُن کے متعلق قرآن مجید نے فرمایا کَفَرُوْا بِاللّٰہِ سولھواں فائدہ :۔ سارے کافر یکساں بعض کافر بھی ہیں موذی بھی اور بعض کافر ہیں مگر موذی نہیں یہ فائدہ تَھُمْ فَاسِقُوْنَ سے حاصل ہوا۔ ابوطالب اور ابولہب یکساں نہیں ۔

پہلا اعتراض :۔ جب عبداللہ ابن ابی نے حضور انور کی چادر شریف اپنے کفن کے لیئے مرض الموت میں مانگی تو وہ مومن ہو گیا کہ اس نے حضور انور کی نبوّت مان لی پھر اس کی نماز پر کیوں اعتراض ہوا۔ جواب غالب یہ ہے۔ کہ اس کا عرض کرنا بھی نفسانی بنا پر تھا کہ میری میت بعد موت خراب نہ ہو حضور انور نماز پڑھیں تو دوسرے مسلمان بھی پڑھیں۔ ورنہ مجھے نہ کفار دفن کریں گے نہ مسلمان واللہ اعلم دوسرا اعتراض :۔ معلوم ہوا کہ نبی کی چادر آپ کا لعاب شریف یا آپ کے بال مردے کا عذاب دفع نہیں کر سکتے محض بیکار ہیں دیکھ لو عبداللہ ابی یہ چیزیں اپنے ساتھ قبر میں لے گیا مگر اس کا عذاب کم نہ ہوا۔ جواب جی ہاں کافر و منافق کو ان سے فائدہ نہیں ہوتا مومنوں کو ضرور ہوتا ہے حافظ شیرازی کہتے ہیں۔

marfat.com

بہ آب کوثر و زمزم سفید نتواں کرد
کلیم بخت کسے را کہ باقند سیاہ
تواں پاک کردن ز زنگ آئینہ
ولیکن نہ آید ز سنگ آئینہ (سعدی)

کالی کملی آپ زمزم و کوثر سے دھو و سفید نہ ہو گی
آئینہ کا زنگ دور ہو سکتا ہے مگر پتھر کا آئینہ نہیں بن سکتا

**تیسرا اعتراض** :- اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق روایتیں مختلف ملتی ہیں بعض روایات میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چادر اور نماز جنازہ کے لیے خود عبداللہ ابن ابی نے عرض کیا۔ بعض میں ہے کہ اس کے مرنے بعد اس کے بیٹے نے بعض میں ہے۔ کہ حضور انور نے اُسے چادر شریف اُس کی زندگی ہی میں دے دی بعض میں ہے کہ مرنے بعد جب دفن کیا جا رہا تھا۔ تو قبر سے نکلوا کر عطا فرمائی اِن میں مطابقت کیونکر ہو۔ **جواب** :- ان روایات کی مطابقت اس بیان سے ہو گئی جو ہم نے شان نزول میں عرض کیا۔ کہ عبداللہ ابن ابی نے اپنی زندگی میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قمیص منگائی پھر واپس کر دی۔ کہ مجھے قمیص وہ دیں جو جسم اطہر سے لگی ہے۔

پھر اس کی موت کے بعد اس کے لڑکے نے قمیص مانگی لہٰذا وہ دونوں روایات مطابق ہو گئیں پھر اس کی موت کے بعد حضور انور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی۔ پھر واپس تشریف لے آئے اور پھر اُس وقت تشریف لے گئے۔

جب وہ قبر میں رکھا جا چکا تھا۔ اسے نکلوا کر چادر مبارک عطا فرمائی اور لعاب مبارک ڈالا لہٰذا تمام روایات درست ہیں (از تفسیر خازن)

**چوتھا اعتراض** :- اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ حضور انور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ پتہ نہ تھا کہ میرے قمیص اور لعاب مبارک ڈالنا اس کو مفید نہ ہو گا ورنہ ہرگز عطا نہ فرماتے۔ علم غیب کی نفی ہو گئی۔

**جواب** :- اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ حضور انور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب معلوم تھا یہ بھی معلوم تھا۔ کہ اس عطا پر ایک ہزار منافقین کو دولت ایمان و اخلاص نصیب ہو گی جیسا کہ ابھی شانِ نزول میں عرض کیا گیا۔ اسی لئے رب تعالےٰ نے قمیص شریف عطا فرماتے ہوئے یا اس کی نمازِ جنازہ پڑھتے وقت ممانعت کی یہ آیت نہیں بھیجی بلکہ یہ تمام کچھ ہو چکنے کے بعد آئندہ کے لیے

marfat.com

منع فرمایا۔ یعنی اے محبوب تمہارا منشار پورا ہو چکا ایک ہزار کو تمہاری قمیص کی عطا نے ایمان دے دیا۔ آپ آئندہ ایسا نہ کرنا۔ **پانچواں اعتراض** :۔ ان منافقین کے متعلق اولا کافر ارشاد ہوا پھر وَهُمْ فَاسِقُوْنَ حالانکہ فسق کفر سے کہیں ہلکا ہے کہ کفر بد عقیدگی کا نام ہے اور فسق بد عملی کا۔ پھر اس ترتیب سے ان دونوں کا ذکر کیوں ہوا **جواب** :۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گزر گیا کہ یہاں فسق سے مراد اُن کی ایذا رسانی ہے۔ یعنی یہ ایسے کافر ہیں جو کفر کے ساتھ اوّل درجہ کے موذی بھی ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** جیسے رحمت کی بارش اگرچہ بعض زمینوں کو فائدہ نہیں دیتی مگر دوسری جگہوں میں بہار لگا دیتی ہے۔ یوں ہی حضور انور کی قمیص نے اگرچہ ابن ابی کو فائدہ نہ دیا کہ وہ زمین شور تھی مگر اُس قمیص نے ایک ہزار کو ایمان و اخلاص بخش دیا۔ یہ ہی حال ہر تبرک کا ہے مومن کو کسی ولی کے قریب میں دفن کرو۔ کیونکہ مردہ بھی زندہ کی طرح اچھے پڑوس سے تکلیف پاتا ہے۔ ایک بار حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حجامت کی۔ سر کے بال مبارک آدھے تو ابو طلحہ کو عطا فرمائے اور آدھے دیگر صحابہ کرام میں تقسیم فرما دیئے جنہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہ جہاد کے وقت اپنی ٹوپی میں رکھتے تھے۔

اور بعد وفات اپنے کفن میں ساتھ لے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بال کی برکت سے مکان آفات سے قبر عذاب سے محفوظ رہتے ہیں۔ حضرت عبد اللہ ابن انیس کو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ شریف کی لاٹھی عطا فرمائی اور فرمایا کہ اس لاٹھی سے جنت کی سیر کیا کرنا۔ وہ وفات تک اپنے ساتھ رکھتے تھے بوقت وفات وصیت کی کہ میرے ساتھ یہ لاٹھی دفن کر دی جاوے اس لیے مسلمان آب زمزم میں بھگو کر کپڑا کفن کے لیئے رکھتے ہیں عہد نامہ۔ غلاف کعبہ قبر میں رکھواتے ہیں۔ یہ واقعہ شریف بہت سے مسائل کا خزانہ ہے۔ صوفیا فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے لئے حضور سے فرمایا گیا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ان کے حق میں دعا کرو منافقین کے لیے فرمایا گیا لَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُن میں سے کسی کے لیئے دعا نہ کرو۔ کافر کی قبر پر جانے سے محبوب کو روک دیا۔ زندہ مومن کے دل میں مردہ مومن کی قبر میں حضور کو جلوہ گر دیکھنا نصیب کافر تک۔ اگر کوئی کہے کہ بعض دفعہ حضور انور کے تبرکات پاس ہوتے ہیں۔ مگر وبائیں آجاتی ہیں۔ تو اس کی وجہ ہماری ناقدری ہے دیکھو مکہ معظمہ مدینہ منورہ کی زمین طاعون سے محفوظ کر دی گئی ہیں۔ مگر جب وہاں کے باشندوں نے ان کی حرمت نہ کی تو بعض وہاں طاعون سے مرنے لگے۔ رب تعالیٰ تبرکات کی قدر شناسی کی توفیق دے۔ (روح البیان)

marfat.com

| |
|---|
| وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ |
| اور نہ حیرت میں ڈالیں تم کو مال ان کے اور اولاد ان کی اس کے سوا نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ |
| اور ان کے مال اور اولاد پر تعجب نہ کرنا اللہ یہی چاہتا ہے کہ اسے |
| اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ |
| یہ کہ عذاب دے انہیں بسبب ان کے دنیا میں اور نکل جائیں جانیں ان کی اس حال میں کہ وہ |
| دنیا میں ان پر وبال کرے اور کفر پہ ہی ان کا دم نکل جاوے |
| كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ |
| کافر ہوں |

**تعلق:۔** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق:۔ پچھلی آیات کریمہ میں منافقین پر ظاہری عذابوں کا ذکر ہوا یعنی زندگی اور بعد موت حضور انور کے فیوض و برکات سے محروم رہنا کہ زندگی میں سے حضور کے ہمراہی اور سفر سے محروم کہ نہ سفر میں حضور کے ساتھ جاسکیں نہ جہاد میں اور بعد موت حضور انور کی نماز اور دعاؤں سے محروم اب انہیں منافقوں کے باطنی عذابوں کا ذکر ہے جو بظاہر نعمت ہیں اور درحقیقت عذاب یعنی مال و اولاد گویا ایک قسم کے عذاب کے بعد دوسرے قسم کے عذاب کا تذکرہ ہے۔ دوسرا تعلق:۔ پچھلی آیاتِ کریمہ میں منافقوں کے رحمت عام کی رحمت سے محرومی کا ذکر تھا اب خاندانی نعمت سے ان کی محرومی کا تذکرہ ہے گویا عام رحمت سے محرومی کا ذکر فرما کر خاص نعمت سے محرومی کا ذکر ہے کہ وہ اولاد اور مال کے ذریعہ رب تعالیٰ کا قرب حاصل نہ کرسکے۔ تیسرا تعلق:۔ پچھلی آیات میں منافقوں کی آرام طلبیوں کا ذکر ہوا اب اس آرام طلبی کے برے انجام کا تذکرہ ہے یعنی راہِ خدا میں گرمی میں سفر نہیں کر سکتے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ان کے لئے مال و اولاد وبال بن گئے۔

**تفسیر** وَلَا تُعْجِبْكَ:۔ یہ فرمانِ عالی یا تو معطوف ہے وَلَا تُصَلِّ (الخ) پر تو واؤ عاطفہ ہے اور اس میں خطاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے مگر درحقیقت اُمت سے ہے اور یا نیا جملہ ہے اور واؤ ابتدائیہ ہے یہ فرمان نیا جملہ اور خطاب ہر قرآن پڑھنے والے مسلمان سے تُعْجِبْ بنا ہے اِعْجَابٌ سے جس کا مادہ عُجْبٌ ہے اِعْجَابٌ پسند آنا۔ تعجب کرنا حیرت کرنا اِعْجَابٌ حیرت میں ڈالنا۔ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ یہ فرمانِ عالی فاعل ہے لَا تُعْجِبْكَ کا اموال جمع ہے مال کی مال وہ جس کی طرف نفس مائل ہو۔ اور اُس سے ضروریات پوری کی جاویں۔ چونکہ مال منقولی اور غیر منقولی بہت قسم کے ہیں اس لئے اموال جمع ارشاد ہوئی اولاد جمع ہے ولد کی بیٹے بیٹی بلکہ ان کی اولاد یعنی پوتے نواسے سب کو

marfat.com

شامل ہے اگرچہ اولاد مال سے زیادہ عزیز ہوتی ہے مگر چند وجہوں سے اموال کا ذکر اولاد سے پہلے ہوا ۱؎ مال کی ضرورت ہر فرد ہر ذات کو ہر وقت ہر جگہ ہے اولاد کی اتنی ضرورت نہیں ۲؎ مال کے بغیر اولاد وبال معلوم ہوتی ہے مال ہو تو اولاد بھلی معلوم ہوتی ہے ۳؎ مال سے نفس یعنی ذات کی بقاء ہے اولاد سے نسل کی بقا۔ اور ظاہر ہے کہ نفس نسل پر مقدم ہے ۴؎ مال اولاد پر مقدم ہے کہ مال سے غذا حاصل ہوتی ہے جس سے خون اس سے نطفہ اس سے بچہ پیدا ہوتا ہے۔ ۵؎ اولاد کی ضرورت اور محبت بالغ ہونے پر ہوتی ہے مال سے محبت اول سے ہی ان وجوہ سے اموال کو اولاد سے پہلے بیان فرمایا (روح البیان) اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّعَذِّبَہُمْ بِہَا۔ یہ فرمانِ عالی لَا تُعْجِبْكَ کی وجہ ہے انما سے حصر کا فائدہ ہوا۔ عذاب سے مراد ان کے کرتوتوں کی دُنیا میں سزا ہے جیسا کہ اس فرمان سے ظاہر ہے۔

فِی الدُّنْیَا یہ بِعَذَابٍ کا ظرف ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا ارادہ صرف یہ ہے کہ انہیں ان کے مال و اولاد کے ذریعہ دنیا میں سزا دی جائے کہ لوگ مشقّت سے حرام حلال ذریعوں سے مال جمع کریں بہت جانفشانی سے اس کی حفاظت کریں اور حسرت سے چھوڑ جائیں۔ نیز اولاد کے لیے ہر طرح کی محنت مشقت کریں مگر وہ جوان ہو کر نالائق نکلے بجائے خدمت کرنے کے انہیں پریشان کرے نہ مال سے انہیں آرام ملے نہ اولاد سے۔ دنیا میں تو ان کے مال و اولاد کا نتیجہ یہ ہے۔ وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ان کا انجام یہ ہے کہ مرتے وقت ان کی جان بہت سخت تکلیف سے نکلے کہ ان کے دل مال و اولاد میں پھنسے ہیں مرتے وقت نزع کی تکلیف اور اُن پیاری چیزوں کے چھوٹنے کی تکلیف ان وجوہ سے آفت بالائے آفت ہے۔ نیز یہ مشغولیتیں انہیں اللہ رسول کی طرف متوجہ نہیں ہونے دیتیں اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔

**خلاصۂ تفسیر** اے قرآن پڑھنے والے مسلمان تو منافقوں کافروں کی مال و اولاد جائداد کی فراوانی دیکھ کر حیرت نہ کرنا کہ جب یہ لوگ اللہ کے دشمن ہیں تو انہیں اس قدر مال و اولاد کیوں ملے یہ چیزیں ان کے لئے رحمت نہیں اللہ تعالیٰ کا ارادہ صرف یہ ہے کہ انہیں ان کے مال و اولاد وبال ہو جائیں۔ کہ ان چیزوں کے حاصل کرنے حفاظت کرنے میں مشغول رہیں اور یہ چیزیں ان کے لئے دُنیا میں عذاب بن جاویں اور ان کی جان نہایت سختی سے نکلے۔ یہ کافر ہو کر مر جاویں۔ خیال رہے کہ یہی آیت کریمہ ابھی چند رکوع پہلے رکوع ۶؎ میں گذر چکی مگر اس آیت اور اُس آیت میں چار طرح فرق ہے ۱؎ وہاں فَلَا تُعْجِبْكَ تھا یہاں وَلَا یُعْجِبْكَ واؤ سے کیونکہ وہاں پہلے گذر چکا تھا کہ یہ منافقین نماز پڑھتے ہیں تو سُستی سے اور راہِ خدا میں مال خرچ کرتے ہیں تو بوجھ سمجھ کر پھر ارشاد ہوا فَلَا تُعْجِبْكَ یعنی جب ان کا یہ حال ہے تو تم ان کی مال و اولاد پر حیرت نہ کرو یعنی اُن کی بدعملی کے بعد اس کا ذکر تھا مگر یہاں پہلے ان کی چند سزاؤں کا ذکر ہوا یہ بھی ایک سزا کا ذکر لہٰذا واؤ ارشاد ہوا ۲؎ وہاں ارشاد ہوا وَلَا اَوْلَادُهُمْ اور یہاں ارشاد ہوا اَوْلَادُهُمْ یعنی وہاں اولاد کے ساتھ بھی لا ہے یہاں نہیں وہاں دوبارہ لا تاکید نہی کے لئے آیا کہ نہ اُس پر تعجب کرو

marfat.com

نہ اس پر یہاں لاکے بغیر ارشاد فرما کر بتایا گیا کہ اُن کے مال و اولاد عذاب ہونے میں یکساں ہیں ۳۔ وہاں ارشاد تھا لِيُعَذِّبَهُمْ لام سے یہاں ارشاد ہے اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ یعنی اَنْ سے تاکہ معلوم ہو کہ وہاں بھی لام بمعنیٰ اَنْ تھا کیوں کہ رب کے کام عِلّت سے دلا ہوتے ہیں جیسے رب فرماتا ہے وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ وہاں بھی لام بمعنیٰ اَنْ ہے ۴۔ وہاں ارشاد تھا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اور یہاں ارشاد ہوا فِي الدُّنْيَا یعنی یہاں حیٰوۃ نہیں ہے جس میں اشارۃً فرمایا گیا کہ اُن کی زندگی قابلِ ذکر نہیں وہ ایسی ہی دُنی اور حقیر ہے جیسے دُنیا حقیر و ذلیل (تفسیر خازن۔ کبیر۔ معانی وغیرہ)

**فائدے** اس آیتِ کریمہ کے فوائد پہلے اسی آیت کی تفسیر میں عرض کئے گئے برکت کے لئے یہاں کچھ عرض کئے جاتے ہیں۔ پہلا فائدہ:۔ کفار کی مالداری عیالداری پر کبھی للچاتی نظر نہیں کرنی چاہئے مومن کی غریبی کافر کی امیری سے بہتر ہے یہ فائدہ وَلَآ تُعْجِبْكَ سے حاصل ہوا۔ دوسرا فائدہ:۔ کافر کی مالداری کو اُس کی محبوبیت یا مقبولیت کی دلیل نہ سمجھے کہ یہ عقیدہ کفر ہے یہ کہنا کہ خدا تعالیٰ فرعون نمرود ابوجہل سے راضی ہے کیونکہ انہیں دولت سلطنت بخشی یہ کفر ہے مال و دولت دشمن کو بھی دے دی جاتی ہے۔ یہ فائدہ بھی لَا تُعْجِبْكَ الخ سے حاصل ہوا۔ تیسرا فائدہ:۔ کفار اپنے کمائے ہوئے حاصل کئے ہوئے مالوں کے مالک ہوتے ہیں اگرچہ انہوں نے ناجائز عقود سے حاصل کئے ہوں جیسے سُوْد، شراب وغیرہ یہ فائدہ اَمْوَالُهُمْ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان کے جائز ناجائز مالوں کو ان کے مال کہا حتیٰ کہ اگر جنگ میں کفار مومنوں سے مال چھین لیں تو احناف کے نزدیک مالک ہو جائیں گے حتیٰ کہ مجاہدین غازیِ اسلام ان کے وہ سارے مال غنیمت میں حاصل کر سکتے ہیں اگرچہ سود و شراب کی تجارت وغیرہ سے حاصل کئے ہوئے ہوں۔ چوتھا فائدہ:۔ مشرکین و کفار کے نکاح درست ہیں اگرچہ اسلامی طریقے سے نہ ہوئے اور ان کی اولاد حلالی ہے یہ فائدہ اَوْلَادُهُمْ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان کے بچوں کو اُن کی اولاد کہا نیز رب تعالیٰ نے جمیلہ کو ابولہب کی بیوی فرمایا۔ وَامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ مسئلہ اگر کافر خاوند بیوی مسلمان ہوں تو ان کے کفر کے زمانہ کا نکاح قائم رہے گا دوبارہ نکاح کرنے کی ضرورت نہیں یہ مسئلہ بھی اس آیت سے نکل سکتا ہے۔ پانچواں فائدہ:۔ جو مال و اولاد رب تعالیٰ سے غافل کر دے وہ اللہ کا عذاب ہے یہ فائدہ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ سے حاصل ہوا۔ چھٹا فائدہ:۔ غافل۔ کافر منافق کی جانکنی بہت سخت ہوتی ہے کہ انہیں نزع کی شدت کے ساتھ دنیا چھوٹنے کی تکلیف بھی ہوتی ہے دو تکلیفوں کا اجتماع ہوتا ہے یہ فائدہ۔ وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ سے حاصل ہوا۔ ساتواں فائدہ:۔ عاقل کافر سے غافل کافر بدتر ہے کہ عاقل کبھی سوچ سمجھ کے بعد مسلمان ہو جاتا ہے مگر غافل کو یہ نصیب نہیں ہوتا وہ کبھی بُرا بھلا سوچتا ہی نہیں یہ فائدہ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ کبھی کفار کی دولت کی طرف نہیں اُٹھی نہ حضور نے کبھی

marfat.com

اُن پر تعجب کیا حضور کی شان تو یہ تھی۔ شعر

دولت دُنیا خاک برابر ہاتھ کے خالی دل کے تونگر مالکِ کشور تخت نہ افسر صلی اللہ علیہ وسلم

پھر حضور انور سے لَا تُعْجِبْكَ فرمانا کیونکر درست ہوا۔ جواب:۔ ان جیسی آیات میں خطاب مسلمان سے ہوتا ہے اور اگر حضور انور سے ہو بھی تو منظور ہوتا ہے سنانا اُمت کو رب فرماتا یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ دیکھو وہاں ندا حضور کو ہے مگر خطاب طَلَّقْتُمْ میں خطاب مسلمانوں سے ہے دوسرا اعتراض۔ یہ آیت بِعینہٖ ابھی دو رکوع پہلے گذر چکی پھر دوبارہ کیوں ارشاد ہوئی جس کلام میں ایک بات بار بار کہی جاوے وہ کلام رب کا نہیں بندے کا ہے (آریہ) جواب:۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی جواب الزامی تو یہ ہے کہ سورج بار بار نکلتا ہے رات بار بار آتے جاتے ہیں پنڈت جی بار بار سانس لیتے ہیں تو چاہیئے کہ اُن میں سے کوئی چیز رب کی نہ ہو سب انسان کی بنائی ہوئی ہوں۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ بندہ بار بار غافل ہو جاتا ہے قرآن مجید بار بار جگاتا ہے فطری چیز ہے کہ کفار کا مال و منال دیکھ کر بے سمجھ مسلمانوں کے منہ میں پانی آ جاتا ہے اس لئے بار بار اعلان ہوتا ہے کہ اُن کے مال سے دھوکا نہ کھانا یہ عذاب ہے سورۂ رحمٰن شریف میں قریباً ایک ہی آیت اکتیس جگہ ہے اسی حکمت سے تیسرا اعتراض۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ بعض بندوں کا برا چاہتا ہے یہ رب العالمین کی شان سے بعید ہے جب وہ مومن و کافر سب کا رب ہے تو اسے سب ہی کا بھلا چاہنا مناسب ہے اگر اب یعنی باپ اولاد کا بُرا چاہے تو وہ مہربان باپ نہیں۔ اگر خدا بندوں کا برا چاہے تو وہ رب رحیم نہیں (ہندو۔ آریہ) جواب:۔ اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی۔ جواب الزامی تو یہ ہے کہ تم بتاؤ رب تعالیٰ مسلمانوں کا بھلا چاہتا ہے یا بُرا مسلمان وہ ہیں جو دن رات گائیں ذبح کرتے رہتے ہیں یقیناً تمہارے نزدیک بھی اُن کا بھلا تو چاہے گا نہیں ورنہ تم اور مسلمان دونوں برابر سرگ باش (جنتی) ہوئے تو یقیناً اُن کا برا چاہے گا کہ انہیں دوزخ یعنی نرک میں بھیجے گا۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ پسند کرتا ہے کہ سارے بندے مومن متقی بن جاویں مگر جو بندے ایسا نہیں کرتے انہیں سزا ضرور دیتا ہے مجرم کو سزا دینا شانِ ربوبیت کے بالکل مطابق ہے کفار کی اولاد کا بُرا چاہنے اور سزا دینے میں بڑا فرق ہے۔

## تفسیر صوفیانہ

ایک پھول کا رس شہد کی مکھی کے پیٹ میں شہد بنتا ہے مگر بھڑ۔ (تمبوڑی) کے پیٹ میں زہر۔ یہ نہ پھول کا قصور ہے نہ پھول لگانے والے باغ کے مالک کا بلکہ معدہ کا ہے مال اولاد اللہ کی نعمت ہے مگر بیدار دل مومن کے پاس ہو تو قربِ الٰہی کا ذریعہ بلکہ کبھی صدقہ جاریہ بن جاتے ہیں اور کافر کے پاس غفلت و تکبر کا سبب۔ یہ لوگ سانپ یا بھڑیں ہیں کہ ہر چیز ان کے پاس غفلت بنتی ہے ابوجہل کا مال زہر تھا۔ کیونکہ وہ ایک سانپ کے معدہ میں تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق اور عثمان غنی کا مال شہد ہوا

marfat.com

اس آیت میں اس کا ذکر ہے کہ اے مومن تو اُن کے مال و اولاد کو دیکھ کر یہ نہ سمجھنا کہ ان کے لئے یہ بہتر ہے ان کے لئے یہ وہ سانپ ہے جو انہیں کوڈسے گا وہ زہر ہے جو انہیں پر چڑھیگا حتیٰ کہ یہ کفر پر مر جائیں گے یہ ان سے زندگی موت کے وقت اور موت کے بعد مصیبتیں ہی اٹھائیں گے۔ سانپ کا زہر دوسروں کو ہلاک کرتا ہے ان کا زہر یعنی یہ مال خود انہیں ہلاک کرے گا۔

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا

اور جب اتاری جاتی ہے کوئی سورت یہ کہ ایمان لاؤ اللہ پر اور جہاد کرو ساتھ

اور جب کوئی سورت اترے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ہمراہ جہاد

مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا

رسول کے اس کے تو اجازت مانگتے ہیں آپ سے طاقت والے ان میں سے اور کہتے ہیں

کرو تو ان کے مقدور والے تم سے رخصت مانگتے ہیں اور کہتے ہیں ہمیں چھوڑ دیجئے

ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ

چھوڑ دو ہم کو رہیں ہم ساتھ بیٹھ رہنے والوں کے راضی ہوئے اس سے کہ ہوں ساتھ

کہ بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ ہوں انہیں پسند آیا کہ پیچھے رہنے والی عورتوں

الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾

پیچھے رہنے والیوں کے اور مہر کر دی گئی اوپر دلوں کے پس وہ نہیں سمجھ رکھتے

کے ساتھ ہو جائیں اور ان کے دلوں پر مہر کر دی گئی تو وہ نہیں سمجھتے

تعلق: ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیتِ کریمہ میں ارشاد ہوا کہ منافقوں کے مال اُن کی اولاد دنیا میں عذاب ہیں اب اس عذاب ہونے کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ انہیں یہ مال و اولاد ہی اخلاص۔ اور جہاد سے روکتے ہیں جو چیز نیک اعمال سے روکے وہ عذاب ہی ہے گویا پہلے عذاب ہونے کا دعویٰ تھا اب اُس کی دلیل بیان ہو رہی ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیتہ کریمہ کے آخر میں ارشاد ہوا کہ ان منافقوں کی جان بہت سختی سے نکلے گی اور یہ کفر پر مریں گے اب اس کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ ایمان سے کتراتے ہیں جس سے کفر دُور ہو اور جہاد سے بچتے ہیں جو شہادت کا ذریعہ ہے اور شہادت میں جان نہایت آسانی سے نکلتی ہے۔

marfat.com

**تیسرا تعلق:** گذشتہ آیات میں ذکر تھا کہ منافقین جہاد سے بچنے کے لئے مختلف بہانے بناتے ہیں اب فرمایا جارہا ہے کہ ان بہانوں کی وجہ یہ ہے کہ وہ جہاد میں نہ جانے والی عورتوں سے محبت ان کی طرف میلان رکھتے ہیں (کبیر)

**تفسیر:** - وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ چونکہ یہ نیا جملہ ہے اس لئے اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اِذَا کے لغوی معنی ہیں جب مگر یہاں اس کے معنی ہیں جب کبھی یعنی دوام کے لئے ہے (معانی) سورت کے معنی اُس کے اقسام ہم پہلے پارہ میں فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ کی تفسیر میں عرض کرچکے ہیں یہاں مُراد سورۃ کی آیات ہیں جیسے قرآن مجید کی ہر آیت کو قرآن کہہ دیتے ہیں۔ کتاب کی ہر عبارت کو کتاب یوں ہی سورت کی آیات کو سورۃ فرمایا گیا۔ کیونکہ کسی ساری سورت میں ایمان و جہاد کا حکم نہیں۔ بعض کے خیال میں اس سے مراد سورۂ توبہ ہے کیونکہ اس میں ایمان و جہاد کا حکم بہت ہے مگر پہلی توجیہ قوی ہے۔ (روح البیان و کبیر و معانی) اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهٖ۔ اس فرمانِ عالی میں اَنْ سے پہلے بِ پوشیدہ ہے اَنْ یا تو مصدریہ ہے یا تفسیر کا اگرچہ منافقین اللہ تعالیٰ کو مانتے تھے مگر حضور انور کے بغیر مانے ہوئے اللہ کو ماننا ایمان نہیں۔ نیز وہ کلمہ بھی پڑھتے تھے۔ تو ریاکاری منافقت کے لئے نہ کہ اِخلاص سے اس لئے ارشاد ہوا کہ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ کہ اخلاص کے ساتھ اللہ تعالےٰ پر ایمان لاؤ اس طرح کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا نبی مانو اگرچہ جہاد ہمیشہ ہی اچھی عبادت ہے مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد سونے پر سہاگہ ہے کعبہ معظمہ کے قرب کی وجہ سے ایک کا ثواب ایک لاکھ ہے تو حضور انور کی ہمراہی حضور کے قُرب میں عبادت کس شان کی ہوگی۔ اندازہ لگالو چونکہ عبادات پر ایمان مقدّم ہے اس لئے ایمان کا ذِکر پہلے ہوا اور جہاد کا ذکر بعد میں مع رسولہ فرماکر یہ بتایا کہ تم کو رب تعالیٰ نے اچھا موقعہ دیا کہ اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمراہی میں جہاد نصیب ہوگا جس سے اُس کا ثواب اور زیادہ ہوگا۔ خیال رہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان یہ ہی ہے کہ اُس کو رسول کی معرفت جانا مانا جاوے۔ بعض اوقات بعدِ ایمان جہاد ہی اعلیٰ عبادت ہوتا ہے لہٰذا یہ فرمان اور ترتیبِ بیان بالکل درست و قوی ہے۔ اِسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ۔ یہ عبارت جزاء ہے اُنْزِلَتْ (الخ) کی اِستیذان کے معنی ہیں اِذن یعنی اجازت مانگنا اُولُوْ جمع ہے ذُوْ کی طُوْل ط کے پیش سے اس کے معنی لمبائی اس کا مقابل عرض (چوڑائی) اور عمق گہرائی ہے مگر طَوْل کے فتح سے معنی طاقت و قوّت ہے مالی طاقت ہو یا جسمانی طاقت چونکہ انسان جسمانی اور مالی طاقت سے وہ لمبے چوڑے کام کرسکتا ہے جو کمزور غریب آدمی نہیں کرسکتا۔ اس لئے غِنیٰ طاقت وغیرہ کو طَوْل کہا جاتا ہے (روح البیان) جہاد کے موقعہ پر معذور مجبور لوگوں کا معذرت پیش کرنا برا نہیں۔ ہاں مقدور والے لوگوں کا بہانے بنانا بُرا ہے اس لئے یہاں اُولُوا الطَّوْلِ فرمایا وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ یہ عبارت معطوف ہے اِسْتَاْذَنَكَ (الخ) پر قول سے مراد اشارۃً کنایۃً کہنا ہے

marfat.com

نہ کہ صَرَاحَۃً یعنی وہ جو کچھ کہیں اُس کا مطلب و مقصد یہ ہوتا ہے کہ جیسے اور مجبور و معذور لوگ بیٹھ رہے ہیں ہم بھی اُن کے ساتھ بیٹھ رہیں ورنہ وہ صَرَاحَۃً یہ کہنے کی ہمت نہیں کر سکتے تھے۔ ہم ذَرْ کے متعلق بارہا عرض کر چکے ہیں کہ یہ غیر متصرّف فعلوں میں سے ہے اس کا صرف امر اور مضارع ہی آتا ہے نہ اس کا مصدر ہے نہ اور دوسری گردانیں یعنی وہ کہتے ہیں کہ ہم کو مدینہ منوّرہ ہی میں چھوڑ دیجئے کہ ہم بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ آرام سے یہاں بیٹھ رہیں یہ ہی بات بتانے کے لیے آگے ارشاد ہوا۔ رَضُوْا بِاَنْ یَّکُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ یہ فرمان عالی یا تو قَالُوْا ذَرْنَا (الخ) کی تفسیر ہے یا اُس کی عِلّت یَکُوْنُوْا کے معنی میں رہیں خَوَالِفُ جمع ہے خَالِفَۃٌ کی فَاعِلٌ کی جمع فَوَاعِلُ کبھی نہیں آتی سوائے دو لفظوں کے حَائِضٌ کہ اس کی جمع حَوَائِضُ ہے اور فَارِسٌ کہ اس کی جمع فَوَارِسُ ہے (تفسیر کبیر) خَالِفَہ پیچھے رہنے والی عورت خَوَالِفُ ایسی عورتیں بعض مفسرین نے فرمایا کہ ہر خیر و برکت سے پیچھے رہ جانے والا مرد بھی خالفہ ہے اس میں ت تانیث کی نہیں بلکہ اس لفظ کو وصفیت سے اسمیت کی طرف منتقل کرنے کی ہے (رُوح البیان) اس صورت میں خوالف سے مراد منافقین ہیں ہر خیر سے پیچھے ہر رحمت سے دُور یعنی یہ کوشش کرتے ہیں کہ دوسرے منافقین کے ساتھ یہ بھی رہیں اِس فرمانِ عالی میں اُن کی موجودہ حالت کا ذکر ہوا۔ وَطَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ ۔ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے رَضُوْا (الخ) پر اس میں اُن کے آئندہ حال کا ذکر ہے یعنی ان کے دلوں پر بے ایمانی۔ منافقت۔ کم ہمتی وغیرہ کی مہر لگ گئی وہ آئندہ بھی کسی جہاد میں جانے کی ہمت نہ کریں گے۔ طَبَعَ اور خَتَمَ دونوں کے معنی چھاپ۔ مہر۔ اس کی پوری تحقیق ہم پہلے پارہ میں خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ ۔ کی تفسیر میں کر چکے ہیں دل کی سختی جس کی وجہ سے اس کے اندر کا کفر نکل نہ سکے۔ ایمان محبتِ رسول خوفِ خدا۔ آخرت کا دھیان داخل نہ ہو سکے۔ خَتَمَ یا طَبَعَ کہلاتا ہے اسی مہر کا نتیجہ یہ ہے کہ فَہُمْ لَا یَفْقَہُوْنَ ۔ اب وہ سمجھتے ہی نہیں کہ جہاد اللہ اور رسول کی اطاعت میں کیا فائدے ہیں اور کفر منافقت جہاد سے جی چرانے وغیرہ میں کیا نقصانات خیال رہے کہ فہم بر سمجھ کو کہتے ہیں فِقْہ خاص دینی سمجھ کو جس سے انسان دینی نقصان و نفع کو سمجھے اللہ تعالیٰ یہ سمجھ کسی سے سلب نہ کرے۔

**خلاصۂ تفسیر** جب کبھی ایسی آیات نازل ہوتی ہیں جس میں اخلاص والے ایمان اور جہاد کا حکم ہو کہ لوگو! مخلص مومن بنو جان و مال سے جہاد کرو۔ تو معذورین کا تو ذکر نہیں، ان منافقوں میں اچھے خاصے ہٹے کٹے صحت۔ مال والے بھی آپ سے مدینہ میں رہ جانے کو سو بہانے بنا کر اجازت چاہتے ہیں وہ تمام باتیں بنا کر کوشش یہ کرتے ہیں کہ ہم کو چھوڑ جائیے ہم معذور مجبور لوگوں کے ساتھ ہی بیٹھ رہیں۔ یہ لوگ بہادر مجاہدین کے ساتھ جانے پر خوش نہیں اس پر خوش ہیں کہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں یا بزدل منافقوں کے ساتھ رہیں اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے دِلوں پر نفاق و کفر کی مہر کر دی گئی اب وہ بھلا بُرا نہیں سمجھتے۔

**فائدے:۔** ان آیاتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ:۔ کبھی آیتہ کو بھی سورۃ کہہ دیا جاتا ہے

یعنی جزٗ کو کُل کا نام دے دیا جاتا ہے۔ یہ فائدہ۔ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ (الخ) سے حاصل ہوا۔ کیونکہ کسی پوری سورت میں ایمان وجہاد کا حکم نہیں۔ ان کا حکم آیات میں ہی ہے۔ رب فرماتا ہے فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۔ وہاں بھی سورۃ سے مراد آیت ہوسکتی ہے۔ دوسرا فائدہ: حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو مانے بغیر اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات بلکہ تمام ایمانیات کو ماننا ایمان نہیں یہ فائدہ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ سے حاصل ہوا کہ مذکورین منافقین اللہ تعالیٰ اور قیامت وغیرہ کے منکر نہ تھے مگر انہیں حکم دیا گیا کہ اللہ پر ایمان لاؤ یعنی رسول اللہ پر ایمان لاؤ۔ تیسرا فائدہ: بعض علماء نے فرمایا کہ ایمان کے بعد جہاد سب سے اعلیٰ عبادت ہے کہ رب تعالیٰ نے یہاں ایمان کے ساتھ جہاد کا ذکر کیا۔ نماز وغیرہ کا ذکر نہ کیا اس دلیل کا جواب اِنْ شَآءَ اللہ اعتراض وجواب میں دیا جائے گا۔ چوتھا فائدہ: حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عبادات بہت ہی افضل ہیں کہ اُن میں حضور کی ہمراہی کا فیضان بھی شامل ہوتا ہے یہ فائدہ مَعَ رَسُوْلِهٖ سے حاصل ہوا۔ آج مسجد نبوی کی ایک نماز پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے کیوں اس لئے کہ وہاں حضور کا قرب میسّر ہے۔ لہٰذا دنیا بھر کے مسلمانوں کی نمازوں سے صحابہ کرام کی نمازیں افضل تھیں۔ جو حضور انور کی ہمراہی یا ان کے پیچھے ادا ہوئیں۔

پانچواں فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگنا کبھی جانِ ایمان ہوتا ہے اور کبھی اصلِ کفر اگر دھوکہ بازی بہانہ حیلے کے لئے ہو تو کفر ہے یہ فائدہ اِسْتَاْذَنَكَ (الخ) سے حاصل ہوا خصوصاً۔ جب کہ یہ عقیدہ ہو کہ حضور کو ہمارے دلی حالات وارادوں کی خبر نہیں۔ ہم حضور کو دھوکا دے سکتے ہیں معاذ اللہ۔ چھٹا فائدہ: بعضے گناہوں کی نحوست سے دل پر کفر ونفاق کی مہر لگ جاتی ہے کہ پھر ایمان اور نیک اعمال کی توفیق نہیں ملتی یہ فائدہ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ سے حاصل ہوا

ساتواں فائدہ: دینی صحیح سمجھ جسے فقہ کہتے ہیں وہ کامل ایمان سے نصیب ہوتی ہے جتنا ایمان قوی اِنْشَآءَ اللہ اتنا ہی تفقہ زیادہ۔ یہ فائدہ فِيْهِمْ لَا يَفْقَهُوْنَ سے حاصل ہوا۔

پہلا اعتراض: یہاں ارشاد ہوا کہ جب کبھی ایمان وجہاد کے حکم کی سورت اترتی ہے۔ قرآن مجید میں نہ تو کوئی سورۃ ایمان ہے نہ جہاد نہ کسی سورت میں اول سے آخر تک ایمان یا جہاد کا حکم پھر یہ فرمانِ عالی کیونکر درست ہوا۔

جواب: تفسیر کبیر وغیرہ نے اس اعتراض کا جواب یہ دیا کہ یا تو اس سورت سے مراد سورۃ توبہ ہی ہے کہ اس میں جہاد کا بہت سختی سے حکم دیا گیا یہ ضروری نہیں کہ سورت میں اول سے آخر تک ایک ہی حکم ہو۔ سورۃ بقر میں اول سے آخر تک گائے کا ذکر نہیں ہے مگر سورۃ بقر ہے ہم سورتوں کے نام کی وجہیں پہلے پارہ میں عرض کر چکے ہیں۔ یا سورۃ سے مراد آیات ایمان وجہاد ہیں کہ ہر آیتہ کو سورۃ بلکہ قرآن کہہ سکتے ہیں جیسے پانی کا ہر قطرہ پانی ہے۔ دوسرا اعتراض: یہاں ایمان کے ساتھ صرف اللہ کا ذکر کیوں ہوا ایمان تو بہت باتوں پر ہوتا ہے۔ جواب: صحیح طور سے جو اللہ پر ایمان لائے گا وہ ساری ایمانیات پر ضرور ایمان لائے گا جیسے ہمارے ماں باپ بہت سے رشتوں کا ذریعہ ہیں کہ اُن کا ہر رشتہ دار ہمارے عزیز ہیں ان کا باپ ہمارا دادا اُن کے بھائی بہن ہمارے چچا پھوپھی وغیرہ ایسے ہی اللہ تعالیٰ کی بندگی اس کے

marfat.com

سارے بندوں سارے ایمانیات کے ماننے کا ذریعہ لہٰذا اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ میں یہ سب کچھ آگیا۔ **تیسرا اعتراض**: سارے منافقین ایمان تو رکھتے تھے اُن کے ایمان کا شرعاً اعتبار بھی تھا پھر اُن سے اٰمِنُوْا کیوں فرمایا گیا کہ ایمان لاؤ۔ **جواب**: مفسرین نے فرمایا کہ یا تو اس کے معنی ہیں ایمان پر قائم رہو جیسے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا ۲ یا اس سے مراد ہے کہ اخلاص کے ساتھ ایمان لاؤ جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہو کہ اس کے ذریعہ اعمال بھی قبول ہوتے ہیں۔ شرطِ جواز اور ہے شرطِ قبول کچھ اور فقیر کے نزدیک یہ ہی جواب قوی ہے۔ **چوتھا اعتراض**: مَعَ رَسُوْلِهٖ کا تعلق اٰمِنُوْا سے ہے یا جَاهِدُوْا سے جواب ظاہر یہ ہے کہ اس کا تعلق جَاهِدُوْا سے ہے چونکہ حضور انور کے ساتھ نیک اعمال درجہ بہت ہی بڑھ جاتا ہے اس لئے مَعَ رَسُوْلِهٖ فرمایا گیا۔ کون ہے جو ایمان میں حضور انور کے ساتھ ہو۔ **پانچواں اعتراض**: اس آیتہ کریمہ سے معلوم ہوا کہ جہاد نماز سے بھی افضل ہے۔ ایمان کے بعد جہاد ہی کا درجہ ہے فرمایا گیا۔ اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَجَاهِدُوْا۔ **جواب**: حق یہ ہے کہ نماز ساری عبادات سے عموماً افضل ہے کہ ساری عبادات فرش پر آئیں مگر نماز عرش پر بلا کر عطا ہوئی۔ معراج کا تحفہ نیز نماز کا حکم قرآن مجید میں بہت زیادہ دیا گیا نیز جہاد بھی نماز قائم کرنے کے لئے کیا جاتا ہے اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ہاں بعض ہنگامی حالات میں جب کہ کسی جگہ جہاد فرض عین ہو جائے تو عارضی طور پر جہاد افضل ہوگا۔ حتیٰ کہ جہاد کے لئے نمازیں قضا کرنی پڑ جاویں تو کی جائیں گی یہاں یا تو یہ صرف ہنگامی حالات کی حالت میں ارشاد ہوا ہے یا منافقین جہاد سے ہی بچنے کے لئے حیلے بہانے بنایا کرتے تھے نمازیں تو پڑھ لیا کرتے تھے ان وجوہ سے صرف جہاد کا ذکر ہوا بہرحال یہ فرمان اس خصوصی موقعہ کے لحاظ سے ہے جب کہ جہاد کی سخت ضرورت تھی۔ **چھٹا اعتراض**: یہاں ارشاد ہوا وَقَالُوْا ذَرْنَا (الخ) ہم کو چھوڑ دیجئے کہ ہم بیٹھنے والوں کے ساتھ رہیں مگر وہ منافقین یہ تو نہ کہتے ہوں گے ورنہ اُن کا نفاق کھل جاتا وہ تو کوئی اور ہی حیلے بہانے کرتے ہوں گے۔ **جواب**: ظاہر یہ ہے کہ قَالُوْا سے مراد ہے ان کا مقصدِ کلام یعنی یہ سب کچھ اس مقصد سے کہتے ہیں کہ انہیں عورتوں بچوں کے ساتھ چھوڑ دیا جائے یا وہ اپنی بیماری آزاری کا بہانہ کر کے کہتے تھے کہ جیسے فلاں فلاں بیمار کو رہ جانے کی اجازت دی گئی ہے ہم بھی ان ہی کی طرح بیمار ناچار ہیں ہم کو بھی ان کے ساتھ رہ جانے کی اجازت دی جاوے یا یہ مطلب ہے کہ ہم کو بیماروں بچوں کے ساتھ رہنے دیجئے تاکہ ان کی خدمت و نگرانی کریں

## تفسیرِ صوفیانہ

اللہ تعالیٰ کبھی کسی کو توشۂ آخرت جمع کرنے کا سنہرا موقعہ دیتا ہے خوش نصیب ہے وہ جو نادر موقعہ سے فائدہ اٹھائے۔ بدنصیب ہے وہ جو ایسے موقعہ کے فیوض سے محروم رہے منافقین کو رب نے موقعہ دیا تھا کہ حضور انور کے ساتھ جہاد کرتے مگر انہوں نے فائدہ نہ اُٹھایا خیال رہے کہ جہاد وغیرہ میں حضور کی جسمانی ہمراہی خاص اُن صحابہ کو میسّر ہوئی مگر حضور کی غیبی ہمراہی تاقیامت غازیوں کو حاصل ہے جہادوں میں حضور انور عموماً تشریف فرما ہوتے ہیں جیسا کہ بعض لوگوں نے مشاہدہ بھی کیا ہے۔

marfat.com

صوفیاء فرماتے ہیں کہ مقبولینِ بارگاہ کے مزارات کے پاس مسجدیں اس لئے بنوائی جاتی ہیں کہ نمازیں ان کے قرب میں ادا ہوں اور قابلِ قبول ہوں دیکھو جاہِدُوْا کے ساتھ مع رسولہ ارشاد ہوا نیکیوں سے اللہ کی رحمت کے دروازے کھلتے ہیں۔ گناہوں سے زحمتوں اور غضب کے دروازے کھلتے ہیں - انبیاء کرام اور اولیاءِ عظام و علماءِ ربانی کی صحبت میں رہنا وہ عبادت نیکی ہے جس سے رحمت کے دروازے کھلتے ہیں۔ بعض گناہوں سے دل پر کفر کی مہر لگ جاتی ہے فرمایا گیا وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ۔ بعض گناہوں سے حافظہ خراب ہوتا ہے امام شافعی نے اپنے استاذ امام وکیع سے خرابیِ حافظہ کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا گناہ چھوڑ دو۔ حافظہ قوی ہو جاوے گا۔ علم نور ہے اور نور قصور والوں کو نہیں دیا جاتا۔ خود فرماتے ہیں:

شَكَوْتُ اِلٰى وَكِيْعٍ سُوْءَ حِفْظِيْ ۔۔۔ فَاَوْصَانِيْ اِلٰى تَرْكِ الْمَعَاصِيْ

فَاِنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ مِنْ اِلٰهٍ ۔۔۔ وَاِنَّ النُّوْرَ لَا يُعْطٰى لِعَاصِيْ

غرضیکہ جیسے غذاؤں کا اثر معدہ جگر بلکہ دل و دماغ پر پڑتا ہے ایسے ہی اعمال ظاہری کا اثر دل و دماغ خیالات بلکہ روح تک پہنچتا ہے۔ منافقوں کے دلوں پر مہر لگ جانا پھر اُن کا کچھ بھی نہ سمجھ سکنا اُن کے مذکورہ باطل اعمال کا نتیجہ ہوتے ہیں

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا

مگر پیغمبر اور وہ جو ایمان لائے ساتھ ان کے جہاد کیا انہوں نے

لیکن رسول اور جو ان کے ساتھ ایمان لائے انہوں نے اپنے مالوں اور

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۫

ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے اور یہ لوگ ہیں کہ واسطے ان کے بھلائیاں ہیں

جانوں سے جہاد کیا اور انہیں کے لیے بھلائیاں ہیں

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ

اور یہ لوگ ہی کامیاب ہیں تیار کیں اللہ نے واسطے ان کے جنتیں

اور یہ ہی مراد کو پہنچے اللہ نے ان کے لیے تیار کر رکھی ہیں بہشتیں جن

marfat.com

| |
|---|
| تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ ذٰلِكَ |
| کہ بہتی ہیں اُن کے نیچے سے نہریں ہمیشہ رہیں گے وہ اُن میں یہ ہے |
| کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ اُن میں رہیں گے یہ ہی |
| الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۸۹﴾ ع ۱۱ ۱۷ |
| کامیابی بڑی |
| بڑی مراد ملنی ہے |

**تعلق:** ان آیاتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیات میں منافقوں کے جہاد سے بچنے کا حیلہ بہانہ کر کے وطن میں رہ جانے کا ذکر ہوا اب تصویر کا دوسرا رخ دکھایا جا رہا ہے کہ مخلص مومنین بخوشی ہر طرح کے جہاد کرتے ہیں گویا منافقین کے عیوب کے بعد مخلصین کے صفات کا تذکرہ ہے تاکہ مسلمان اُن عیوب سے بھی یہ صفات اختیار کریں۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں اشارۃً فرمایا گیا تھا کہ منافقین خوالف یعنی ہر خیر و برکت سے دور رہنے والے منافقوں کے ساتھ رہنے پر راضی ہیں اب ارشاد ہے کہ مخلصین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنے پر خوش ہیں جن کے دم قدم سے کامیابیاں وابستہ ہیں گویا بُروں کی ہمراہی کے بعد اچھوں بلکہ اچھوں کے بادشاہ کی ہمراہی کا ذکر ہے۔ اللہ نصیب کرے۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت کریمہ میں منافقوں کے جہاد سے رہ جانے کا ذکر ہوا اب ارشاد ہے کہ اس سے جہاد پر کوئی اثر نہ پڑے گا کیونکہ سارے مخلصین مومنین اپنے مال و جان سے جہاد کرتے ہیں وہ آپ کے ہمراہ ہیں گویا منافقین کی علیحدگی کے بعد مومنین مخلصین کی ہمراہی کا ذکر ہے۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیت کریمہ میں فرمایا گیا کہ منافقوں کا جہاد سے الگ رہنا ذریعہ ہے ان کے دلوں پر کفر کی مہر لگ جانے کا اب ارشاد ہے کہ مخلصین کا آپ کے ساتھ رہنا ذریعہ ہے دل پر ایمان نقش ہو جانے کا گویا کفر کی مہر لگ جانے کے بعد ایمان لازم ہونے کا تذکرہ ہے۔

**تفسیر** - لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا - لفظ لٰكِنْ دور کرنے کے لئے آتا ہے۔ جس سے بتایا گیا کہ جہاد سے بچنے والے صرف منافقین ہیں رہے ہمارے رسول اور اُن کے جان نثار صحابہ وہ تو دل و جان سے حاضر رہتے ہیں۔ یا مطلب یہ ہے کہ منافقین کے جہاد نہ کرنے سے یہ وہم نہ کرنا کہ جہاد نہ ہو سکے گا۔ اللہ کے رسول اور مومنین تو ہر طرح جہاد کرتے ہیں لہٰذا جہاد جاری رہیں گے قرآن کریم میں جہاں کہیں اَلرَّسُوْلُ یا رَسُوْلَ بغیر قید کے آئے وہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی مراد ہوتے ہیں وہ ہی یہاں مراد ہے اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا میں سارے مہاجرین و انصار داخل ہیں چونکہ لفظِ مومنون اور لفظِ اٰمَنُوْا میں حضور داخل نہیں ہوا کرتے کیونکہ لوگ ہیں ایمان لانے والے یا

marfat.com

ایمان لینے والے۔ حضور انور ہیں ایمان دینے والے اس لیے حضور انور کا ذکر علیحدہ کیا جاتا ہے آپ کو مُؤْمِنِیْنَ یا اٰمَنُوْا میں داخل نہیں کیا جاتا یہ بات یاد رہے مَعَہٗ یہ ظرف ہے اٰمَنُوْا کا یعنی وہ لوگ جو رسول کے ساتھ ایمان لائے خیال رہے کہ یہاں ہمراہی سے زمانی یا مکانی ہمراہی مراد نہیں۔ کیونکہ حضور انور کا ایمان عالم ارواح کا ہے اوروں کا ایمان دنیا میں آنے کے بعد حضور کا ایمان عرشی ہے ہمارا فرشی پھر ہمراہی کیسی بلکہ ایک قسم کی نوعیت میں ہمراہی مراد ہے کہ رسول کی طرح دل و زبان ارکان سے ایمان لائے۔ منافقوں کی طرح صرف زبانی ایمان نہ رکھا۔ جیسے بلقیس نے کہا تھا اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمٰنَ حالانکہ بلقیس کا ایمان حضرت سلیمان کے بعد تھا۔ خیال رہے کہ نوعیتِ ایمان میں بھی نبی اور اُمتی کے ایمان میں بڑا فرق ہے ہم مومن حضور انور ایمان ہمارا کلمہ محمد رسول اللہ حضور کا کلمہ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰہ ہمارا ایمان حصولی حضور کا ایمان حضوری ہمارا ایمان بالغیب حضور کا ایمان بِالشَّہَادَۃ کہ سارے ایمانیان حضور کے دیکھے بھالے۔ صرف اخلاص میں ہمراہی ہے اس کی کچھ بحث یہاں روح البیان نے بھی کی ہے اور ہم نے جاء الحق حصہ اول میں بہت تفصیل سے اس کا ذکر کیا۔ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ۔ یہ فرمان عالی لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۔ کی خبر ہے۔ جَاهَدُوْا سے مراد ہیں اب تک کے کئے ہوئے سارے جہاد بدر سے لیکر تبوک تک اموال سے مراد ہر قسم کے وہ مال جو جہاد میں کام آویں۔ روپیہ پیسہ سواریاں۔ ہتھیار غازیوں کی غذا دوا وغیرہ جانوں سے جہاد کرنے سے مراد ہے میدانِ جہاد میں حاضر ہو جانا۔ خواہ وہاں کفار سے جنگ کریں یا جنگ کرنے والوں کی مدد کریں۔ کھانا پکائیں زخمیوں کی مرہم پٹی کریں وغیرہ سب ہی جہاد بالنفس ہیں بعض اوقات یہ لوگ مال و جان دونوں سے جہاد کرتے تھے بعض اوقات صرف مال سے بعض اوقات صرف جان سے یہ فرمانِ عالی سب کو شامل ہے۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَیْرٰتُ قوی یہ ہے کہ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے جَاهَدُوْا (الخ) پر جملہ اسمیہ کا عطف جملہ فعلیہ پر جائز ہے۔ خیرات سے مراد یا تو دین دنیا کی بھلائیاں ہیں فتح۔ غنیمت عزت عظمت دنیا کی نعمتیں خاتمہ بالخیر قبر کے حساب سے معافی۔ آخرت میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی جنّات میں داخلہ سب ہی مراد ہیں اور ہو سکتا ہے کہ خیرات سے مراد حسنی حوریں ہوں رب فرماتا ہے۔ فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ حِسَانٌ۔ لَهُمْ کے مقدم فرمانے سے حصر کا فائدہ ہوا۔ واقعی جہاد کی بھلائیاں صرف مجاہدین کے لئے ہیں۔ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ یہ فرمانِ عالی معطوف ہے اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَیْرٰتُ پر اگر خیرات سے مراد بہشتی حوریں تھیں تو مفلحون سے مراد ہے جنت کی دوسری نعمتوں سے بہرہ ور ہونا اور اگر خیرات سے دین دنیا کی ساری نعمتیں تھیں تو فلاح سے مراد ہے دونوں جہان کی آفات سے محفوظ رہنا ہے فلاح کے معنی اس کے اقسام ہم پہلے پارہ کے شروع میں عرض کر چکے لَقَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ یہ فرمانِ عالی یا تو لَهُمُ الْخَیْرٰتُ کی تفسیر و تفصیل

marfat.com

ہے یا مُفْلِحُوْنَ کی یا علیحدہ مستقل نعمتوں کی تفصیل ۔ اَعَدَّ بنا ہے اِعْدَادٌ سے بمعنی طیار کرنا یا نامزد فرد دینا کسی کے نام پر لگا دینا لفظ اللہ فرما کر یہ بتایا کہ یہ نامزدگی کسی طرح ختم یا تبدیل نہیں ہو سکتی کیونکہ رب تعالیٰ کی طرف سے ہے لَھُمْ میں لام ملکیت کا ہے یا نفع کا چونکہ ہر جنتی کو خصوصاً غازی مجاہدوں کو بہت سے باغات عطا ہوں گے لہٰذا جَنّٰت جمع ارشاد ہوا تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۔ یہ فرمانِ عالی جنات کی صفت ۔ ہے پانی کی روانی اور فراوانی سے باغ کی رونق و سبزی میں بہت اضافہ ہو جاتا ہے نیز درمیان باغ نہرِ رواں سے وہ نظارہ ہوتا ہے کہ سبحان اللہ اس لئے ہر جگہ جنّٰت کے ساتھ روانی نہر کا ذکر ہوتا ہے تَحْتِهَا کے معنی ہیں اہلِ جنت کے محلوں کے نیچے یا درختوں کے نیچے چونکہ وہاں صرف پانی کی نہر نہ ہوگی بلکہ دودھ ۔ شہد ۔ شراب طہور کی نہریں بھی ہونگی اس لئے اَنْهٰر جمع ارشاد ہوا ۔ نہر اور بحر (دریا) کے بہت سے فرق ہم بارہا عرض کر چکے ہیں خَالِدِیْنَ فِیْهَا یہ فرمانِ عالی لَھُمْ کی ضمیر سے حال ہے خلود کے معنی دراز قیام بھی ہیں اور ہمیشہ قیام بھی یہاں ہمیشگی مراد ہے کیونکہ دوسری جگہ اَبَدًا بھی ہے یعنی وہ اہلِ جنت ان باغات میں ہمیشہ رہیں گے کہ نہ انہیں موت آئے نہ باغات کو فنا نہ اُن میں خزاں یہ تمام باتیں اس ایک فرمان میں آئیں فنا کی دھڑکن ہر لذّت کو بے مزہ کر دیتی ہے وہاں یہ نہیں ۔ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ یہ فرمانِ عالی منافقین کے اس خیال کی تردید میں ہے کہ جہاد سے بچ جانا گھروں میں آرام کرنا بڑی کامیابی ہے فرمایا گیا کہ بے وقوفو اس راہ میں فنا بقا ہے ۔ جان دینا زندگی ہے لٹ جانا سب کو پا لینا ہے سب کو کھو دینا پا لینا ہے یہی تو بڑی کامیابی ہے شعر

جو جواں بیٹے کی میت پر نہ رویا وہ حسین جس نے سب کچھ کھو کے پھر کچھ بھی نہ کھویا وہ حسین

**خلاصۂ تفسیر** ان منافقوں کے جہاد سے جان چرانے بہانے بنا کر رہ جانے سے بالکل فکر نہ فرمائیں کہ اگرچہ یہ جان چرائیں لیکن خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھی مخلص مومنین نے اپنی جان و مال سے جہاد کئے اور نہایت شاندار کامیابیاں حاصل کیں ان مردودوں کے دور رہنے سے کوئی فرق نہیں ہزار ایسے مخلصین مجاہدین کے لئے دین و دنیا کی بھلائیاں ہیں کہ انہیں دنیا میں فتوحات غنیمتیں ۔ عزت ۔ حرمت ۔ حکومت مرتے وقت آئندہ کی بشارت قبر میں حساب سے رہائی قیامت اور بعد میں اللہ کی رضا سب انہیں کے لئے ہیں رب تعالیٰ نے اُن کے نامزد ایسی جنتیں کر دی ہیں جن کے مکانات درختوں کے نیچے بہت سی نہریں رواں ہیں وہاں سے نکلنے کا احتمال نہیں ہمیشہ رہیں گے نہ انہیں موت نہ باغوں کو فنا بڑی کامیابی یہ ہے کہ فانی جان و مال خرچ کر کے باقی نعمتیں حاصل کر لیں

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ :۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نفسِ ایمان میں تمام مسلمانوں سے ممتاز ہیں مطلقاً مُؤْمِنِیْنَ یا اٰمَنُوْا میں داخل نہیں ہوا کرتے یہ فائدہ یہاں اَلرَّسُوْلُ کے بعد اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فرمانے سے حاصل ہوا معطوف علیہ غیر ہوتا ہے معطوف کا حضور انور ۔ ایمان ہیں ہم لوگ مومن ۔

شعر

marfat.com

شعر - قرآن تو کہتا ہے کہ ایماں ہیں یہ -:- ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ

**دوسرا فائدہ** :۔ مومنین اگرچہ گنہگار ہوں مگر بفضلہٖ تعالیٰ حضور انور کے ساتھ ہیں اور قیامت میں ساتھ ہوں گے جیسے غلام آقا کے ساتھ ہوتے ہیں یہ فائدہ آمنوا معہ سے حاصل ہوا ان کا ساتھ ہی ذریعۂ نجات ہے

میں مجرم ہوں آقا مجھے ساتھ لے لو کہ رستہ میں ہیں جا بجا تھانہ والے (اعلیٰحضرت)

گو نیست جمال و رنگ و بویم آخر نہ گیاہِ باغِ اویم - سعدی

**تیسرا فائدہ** :۔ حضرات صحابہ کرام مخلص مومن مجاہد غازی تھے۔ ان کے تمام جانی مالی جہاد اللہ کی راہ میں تھے۔ یہ فائدہ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ (الخ) سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان کی جنگوں کو جہاد قرار دیا **چوتھا فائدہ** :۔ ان حضرات کے جہاد وغیرہ سارے عبادات مقبول ہیں اور وہ حضرات ہر طرح کامیاب ہیں یہ فائدہ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ اور هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ سے حاصل ہوا۔ **پانچواں فائدہ** :۔ جنت پیدا ہو چکی ہے اور جنتی لوگوں کو نامزد بھی ہو چکی کہ فلاں محل فلاں باغات فلاں کے لئے ہیں یہ فائدہ اَعَدَّ اللّٰهُ ماضی فرمانے سے حاصل ہوا بلکہ وہاں کے محلات پر ان لوگوں کے نام بھی تحریر ہیں جن کی خبر حضور انور نے معراج سے واپس تشریف لا کر دی۔ **چھٹا فائدہ** :۔ جنتی حضرات اپنی اپنی جنت کے مالک ہوں گے صرف مہمان نہ ہوں گے یہ فائدہ لَهُمْ جَنّٰتٍ کے لام سے حاصل ہوا کہ لام ملکیت کا ہے۔

**ساتواں فائدہ** :۔ جنت کے باغات میں نہریں آج بھی بہہ رہی ہیں اُن کے پھل اب بھی موجود ہیں یہ فائدہ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ سے حاصل ہوا کہ یہ حال ہے بعض بزرگوں نے اِس دنیا میں وہاں کے پھل کھائے ہیں جیسے حضرت مریم اور بعض نے اُن نہروں کا پانی پیا جیسے وہ صحابہ جنہوں نے حضور انور کی مبارک انگلیوں سے جاری ہونے والا پانی پیا۔ وہ انہیں نہروں کا تھا۔

**پہلا اعتراض** :۔ عام مومنوں کا ایمان حضور انور کے ایمان سے ہر طرح بعد میں ہے حضور کا ایمان ازلی عرشی بالذات باقی کا ایمان یہاں دنیا میں آ کر فرشی اور بالواسطہ پھر بعد فرمانا کیونکر درست ہوا۔ **جواب** :۔ اس کا جواب ابھی تفسیر میں گذر گیا کہ یہاں معیت اور ہمراہی زمانی یا مکانی نہیں بلکہ نوعیتِ ایمان میں موافقت مراد ہے۔ یعنی ان کا ایمان اس قسم کا ہے جس قسم کا ایمان حضور صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا ہے۔ دل سے اخلاص سے۔ اِس اخلاص وغیرہ میں انہیں حضور انور کی ہمراہی حاصل ہے اگرچہ درجے ایمان میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ غلام خدام اپنے آقا کے ساتھ ہوتے ہیں۔

**دوسرا اعتراض** :۔ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ اور هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ کی عبارت سے حصر ظاہر ہوتا ہے تو کیا سوائے مجاہد غازیوں کے اور کسی کے لئے بھلائیاں اور کامیابی حاصل نہیں اگر حاصل ہیں اور ضرور حاصل ہیں تو اس حصر کا کیا مطلب ہے۔ **جواب** :۔ واقعی وہ بھلائیاں اور کامیابیاں جو جہاد اور غزوات کا اجر ہیں وہ انہیں کے لیے خاص ہیں خیرات اور فلاح بہت قسم کی ہیں۔

marfat.com

**تیسرا اعتراض:** - جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ (الخ) جملہ فعلیہ ہے اور اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ جملہ اسمیہ اور نحوی قاعدے سے جملہ اسمیہ کا عطف جملہ فعلیہ پر درست نہیں پھر یہاں یہ عطف کیوں ہوا۔

**جواب** یہ قاعدہ کلیہ نہیں بہت جگہ ایسے عطف واقع ہیں

**تفسیر صوفیانہ** اس آیت کریمہ میں اشارۃً فرمایا گیا کہ تا قیامت مومنین مجاہدین بفضلہٖ تعالیٰ حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتے ہیں جو کوئی جو بھی نیکی کرتا ہے حضور انور کی ہمراہی اُسے میسر ہوتی ہے۔ اگر اُن کے ساتھ ہونا ساتھ رہنا ہے تو نیک کار بنو۔ خیال رہے کہ عابدین کی حسنات بھی اور ہیں اور اُن کی خیرات اور فلاح بھی کچھ اور مگر عارفین کی حسنات کچھ اور ہیں ان کی خیرات و فلاح بھی کچھ اور عاشقین کی حسنات خیرات و فلاح چیز ہی دوسری ہیں دنیا میں نفس کے حجاب سے چھٹکارا بڑی کامیابی ہے بڑا کافر ہمارا نفس ہے اور اس پر جہاد اکبر ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

جملہ قرآں شرحِ جنت نفسہا است
بنگر اندر مصحف آں چشمت کجا است
ہیں مرو اندر پئے نفسِ چو زاغ — کو بگورستاں بروئے سوئے باغ
نفس اگرچہ زیرک است و خردہ داں — قبلہ اش دنیا است اورا مردہ دان

کفار پر جہاد ایمان رسول کے بعد ہے۔ نفس پر جہاد ایمان بحضور رسولِ اللہ ہے جنہیں حضور انور کی ہمراہی نصیب ہو گئی انہیں جنت کا آج دنیا ہی میں مالک کر دیا گیا۔ بعد قیامت تو انہیں اس کا قبضہ دیا جاوے گا۔ وہاں وہ مالک ہوں گے مگر اُن کی خاطر تواضع مہمانوں کی سی ہو گی۔ اب پڑھو اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ (الخ) پھر وہ آیۃ پڑھو۔ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ۔ یہ حضرات جنت کے مالک بھی ہیں اور رب تعالےٰ کے دائمی مہمان بھی یا حضور انور کے مہمان۔ **شعر**

آسمان خوان زمیں خوان زمانہ مہمان — صاحبِ خانہ لقب کس کا ہے تیرا تیرا۔ (اعلیٰحضرت)

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ

اور آئے حیلے کرنے والے دیہاتی لوگ تاکہ اجازت دی جاوے ان کو اور بیٹھ
اور بہانے بنانے والے گنوار آئے کہ انہیں رخصت دی جائے اور بیٹھ

marfat.com

| |
|---|
| اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ |
| رہے وہ لوگ کہ جھوٹ بولا اُنہوں نے اللہ سے اور رسول سے اس کے عنقریب پہنچے گا اُن کو |
| رہے وہ جنہوں نے اللہ اور رسول سے جھوٹ بولا تھا جلد اُن میں کے کافروں |
| كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۹۰﴾ |
| جنہوں نے کفر کیا عذاب دردناک |
| کو دردناک عذاب پہنچے گا |

**تعلق:۔** اس آیت کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق:۔ پچھلی آیاتِ کریمہ میں مدینہ منورہ کے منافقین اور مخلص مجاہدین کا ذکر ہوا۔ اب آس پاس کے دیہاتی مومنین و منافقین کا ذکر ہو رہا ہے گویا قریبی لوگوں کے بعد بعیدی لوگوں کا تذکرہ ہے۔ دوسرا تعلق:۔ پچھلی آیات کریمہ میں اُن لوگوں کا ذکر ہوا جنہیں کوئی عذر نہ تھا صرف منافقت کی بیماری تھی۔ اس وجہ سے غزوۂ تبوک سے رہ گئے اب اُن سست لوگوں کا ذکر ہے جو منافق تو نہ تھے مگر کاہل اور سست تھے۔ اِس لیے بہانے بناتے مدینہ منورہ حاضر ہوئے۔ اجازت لینے کے لیے رہ جانے کی تیسرا تعلق پچھلی آیات میں اُن منافقین کا ذکر ہوا جو معذور نہ تھے مگر جھوٹے عذر بنا کر غزوۂ تبوک سے رہ گئے اب اُن دیہاتی مخلصین کا تذکرہ ہے جو واقعی معذور تھے اور عذر صحیح ظاہر کر کے رہ گئے۔ خیال رہے۔ کہ

جاء المعذرون میں معذرون کے متعلق بہت اختلاف ہے کہ اس سے کون لوگ مراد ہیں اس لیے مفہوم میں اختلاف ہے۔

## نزول

یہ آیت کریمہ کن لوگوں کے متعلق نازل ہوئیں اور یہ کہ اس میں کن کا ذکر ہے۔ اِس کے متعلق تین قول ہیں۔ ۱ جب غزوۂ تبوک کا اعلان ہوا اور سب کو وہاں جانے کا حکم دیا گیا تو مدینہ طیبہ کے بیرونی علاقہ سے عامر ابن طفیل اور اُس کے قبیلہ کے لوگ حاضرِ خدمت ہوئے۔ بولے کہ اگر ہم حضور کے ساتھ تبوک جائیں تو ہم کو خطرہ ہے کہ ہمارے پیچھے ہمارے گھروں کو قبیلہ بنی طے لوٹ لیں ہمارے بچوں کو ہلاک کر دیں اس لیے ہم حاضری سے معذور ہیں سرکار نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ مجھ کو تم سے بے نیاز کر دے گا۔ رب نے مجھے تمہارے متعلق خبر دے دی ہے۔ اِن کے متعلق یہ آیت کریمہ آئی اِمیں ان کا بیان ہے یہ لوگ واقعی ہیں

معذور نہ تھے۔ جھوٹ بولے تھے۔ ع۲ جب غزوۂ تبوک کا اعلان ہوا تو دیہات کے معذور لوگ مدینہ منوّرہ حاضر ہو کر حضور کی خدمت میں معذرت کرنے حاضر ہوئے اور وہاں کے منافقین اپنے گھروں میں رہے حاضر نہ ہوئے نہ غزوۂ تبوک میں گئے ان دونوں فریقوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس کے اوّل جزء میں ان سچے معذوروں کی معذرت کا ذکر ہے۔ دوسرے جزء قَعَدَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا میں گھروں میں رہ جانے والے منافقین کا تذکرہ ہے۔ ع۳ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر دیہاتی منافقوں کے دو گروہ ہو گئے ایک گروہ دہوکہ دہی کے لیئے حضورِ انور کی خدمت میں جھوٹے بہانہ بنانے کے لیئے حاضر ہوا۔ دوسرا گروہ اپنے دیہات ہی میں رہا۔ حاضر نہ ہوا۔ اس آیتِ کریمہ کے ان دو جزؤں میں ان دونوں جماعتوں کا ذکر ہے۔ (از تفسیر خازن۔ روح البیان۔ معانی۔ مدارک کبیر وغیرہ) یہ تیسرا قول بہت ہی ضعیف ہے کیونکہ حاضر ہو جانے والوں کو معذورون فرمایا گیا۔ اور رہ جانے والوں کو کَذَبُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فرمایا۔ اگر حاضر ہونے والے بھی منافق ہوتے تو اُن کیلیئے الگ صیغہ استعمال نہ ہوتا سیدنا ابن عباس فرماتے ہیں کہ حاضر ہونے والے دیہاتی واقعی معذور تھے قبیلہ بنی غفار کے یا دوسرے قبیلہ کے دیکھو اروح المعانی

**تفسیر** وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے لہٰذا اس کا واؤ ابتدائیہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ پہلی عبارت پر معطوف ہو اور واؤ عاطفہ جَآءَ کے بعد کی ضمیر خطاب پوشیدہ ہے ہماری قراءت میں مُعَذِّرُوْنَ ہے عین کے فتحہ اور ذال کی شد سے یا بابِ تفعیل کا اسم فاعل ہے یا بابِ افتعال کا کہ اصل میں تھا مُتَعَذِّرُوْنَ تِ ذال سے بدل کر ذال میں مدغم ہو گئی اگر بابِ تفعیل سے ہے تو اس کے معنیٰ ہوں گے جھوٹے عذر بنانے والے۔ تعذیر جھوٹے بہانے بنانا۔ اور اگر بابِ افتعال سے ہو تو دونوں احتمال ہیں۔ جھوٹے بہانے بنانے والے یا سچے عذر معذوری والے اعتذار دونوں معنیٰ میں آتا ہے لبید شاعر کہتا ہے

مصرع۔ وَمَنْ یَّبْکِ حَوْلًا کَامِلًا فَقَدِ اعْتَذَرْ

اس مصرع میں اِعْتَذَرَ کے معنیٰ ہیں صحیح عذر بیان کیا۔ (تفسیر روح البیان و خازن و کبیر) سیدنا حضرت عبد اللہ ابن عباس نے تیسری تفسیر کی۔ یعنی آپ کی خدمت میں معذور لوگ عذر خواہی کے لیئے حاضر ہوئے ایک قراءت میں مُعَذِّرُوْنَ ہے۔ عین کے شد سے کہ اصل میں مُتَعَذِّرُوْنَ تھا۔ تِ عین بن کر عین میں مدغم ہو گئی اور ذال پہلے ہی شد والی تھی یعنی باب تفعل کا اسم فاعل مگر یہ قراءت قوی نہیں کیونکہ کبھی تاء عین نہیں بنتی نہ اس میں مدغم ہو (روح المعانی) مِنَ الْاَعْرَابِ یہ فرمانِ عالی مُعَذِّرُوْنَ کا بیان ہے من بیانیہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ من بعضیت کا ہو۔ کیونکہ سارے

دیہاتی نہ آئے تھے۔ بلکہ بعض آئے تھے۔ اعراب۔ جمع ہے مگر اس کا واحد کوئی نہیں۔ جیسے نساء یہ بنا ہے عَرَبٌ سے بمعنی ملکِ عرب کے جنگلی گاؤں یا عَرْبَۃٌ سے مدینہ منورہ کا دیہاتی علاقہ (روح البیان) ان سے مراد یا بنی اسد و غطفان اور یا عامر ابن طفیل اور اس کی قوم یا بنی غفار۔ لِیُؤْذَنَ لَھُمْ۔ یہ فرمانِ عالی جَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ کے متعلق ہے اس میں لام بمعنی کَے ہے یعنی اس لیے آئے تاکہ انہیں غزوہ میں نہ جانے گھر پر رہنے کی آپ کی طرف سے اجازت دے دی جائے۔ یا رب تعالیٰ کی طرف سے کہ ان کے متعلق اجازت کی آیتہ آجاوے یہاں تک تو اس ایک جماعت کا ذکر ہوا۔ وَقَعَدَ الَّذِیْنَ کَذَبُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ۔ یہ دوسری جماعت یعنی دیہاتی منافقوں کا ذکر ہے قَعَدَ کے معنی ہیں اپنے دیہات میں بیٹھ رہے آپ سے اجازت لینے حاضر ہی نہ ہوئے کَذَبُوْا کے معنی ہیں کہ انہوں نے کلمہ پڑھ کر مسلمان بن کر اللہ رسول سے جھوٹ بولا کہ دل میں کافر تھے زبان سے مسلمان بنے اگرچہ انہوں نے حضور انور سے جھوٹ بولا تھا مگر چونکہ حضور سے جھوٹ بولنا رب تعالیٰ سے جھوٹ بولنا ہے۔ اس لیے کَذَبُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فرمایا گیا۔ اس مقابلہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جن کا ذکر ابھی پہلے ہوا وہ منافقین نہ تھے بلکہ مومنین تھے یا کاہل و سست لوگ یا واقعی معذور لوگ (روح البیان و خازن وغیرہ) سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْھُمْ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے اس میں دوسری جماعت یعنی دیہاتی منافقوں کی سزا کا ذکر ہے مِنْھُمْ میں مِنْ بعضیت کا ہے کَفَرُوْا کے معنی ہیں جو مرتے دم تک کافر رہے نفاق سے توبہ نہ کی لہٰذا مِنْھُمْ کی ضمیر منافقین کی طرف ہے ان دیہاتی منافقوں میں بعض وہ تھے جو آگے جاکر مخلص مومن بننے والے تھے اور ایمان پر مرنے والے۔ بعض وہ تھے جو کفر و نفاق پر ہی مرنے والے۔ تھے اس لیے مِنْھُمْ فرمانا بالکل درست ہے۔ عَذَابٌ اَلِیْمٌ یہ فرمانِ عالی فاعل ہے سَیُصِیْبُ کا۔ عَذَابٌ اَلِیْمٌ سے مراد قبر و حشر کا عذاب ہے جو کفر کی وجہ سے ہوگا۔ بعض نے فرمایا کہ اس سے دنیا کی سزا قتل و قید مراد ہے۔ کہ وہ کھلے کافروں سے مل کر مسلمانوں کے مقابل لڑیں اور ان کے ہاتھوں قتل یا قید ہوں۔ وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ۔

**خلاصۂ تفسیر** مدینہ منورہ کے مخلصین مومنین اور منافقین کا ذکر تو آپ سن چکے۔ رہے آس پاس کے دیہاتی علاقہ کے لوگ ان میں بھی دو قسم کے لوگ ہیں واقعی معذورین مخلصین وہ تو آپ کی خدمت میں اپنا عذر پیش کرنے اور رہ جانے کی اجازت لینے مدینہ منورہ حاضر ہوئے تاکہ آپ کی اجازت سے گھر میں رہیں بغیر پوچھے نہ رہیں۔ دوسرے وہاں کے منافقین جو مسلمان بننے کلمہ پڑھنے میں اللہ رسول سے جھوٹ بول گئے کہ دل میں کافر تھے زبان سے مومن بن گئے۔ یہ

marfat.com

لوگ اپنے گھروں میں بیٹھے رہے آپ کے پاس آئے ہی نہیں اُن میں پھر دو طرح کے لوگ ہیں بعض وُہ جو آئندہ مومن مخلص بن جائیں گے اور اُن کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ بعض وُہ جو کفر پر ہی مریں گے یہ آخری لوگ سخت عذاب پائیں گے۔ یا دنیا و آخرت دونوں جگہ یا صرف آخرت میں۔

**فائدے** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ، بحالت معذوری حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عذر کرنا کہ میں فلاں عبادت سے معذور ہوں۔ رب تعالیٰ کو پسند ہے اور اکڑ کر گھر بیٹھے رہنا حاضرِ بارگاہ نہ ہونا۔ رب تعالیٰ کو سخت ناپسند یہ فائدہ جَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ کی پہلی تفسیر سے حاصل ہوا جب کہ مُعَذِّرُوْنَ سے مراد واقعی معذور ہوں۔ دوسرا فائدہ:۔ گناہ کر کے حضور کی خدمتِ اقدس میں حاضر نہ ہونا اپنے کو حضور سے مستغنی جاننا کفر بلکہ اللہ رسول سے جھوٹ بولنا ہے یہ فائدہ۔ وَقَعَدَ الَّذِیْنَ کَذَبُوْا (الخ) سے حاصل ہوا۔ رب فرماتا ہے۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ (الخ) حضور انور گنہگار مومنوں کی پناہ ہیں۔ تیسرا فائدہ:۔ حضورِ انور کی بارگاہ رب تعالیٰ کا آستانہ عالیہ ہے وہاں جھوٹ بولنا رب سے جھوٹ بولنا ہے یہ فائدہ۔ کَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ سے حاصل ہوا۔ دیکھو منافقین نے حضور انور سے جھوٹ بولا تھا مگر رب تعالیٰ نے فرمایا کہ انہوں نے اللہ رسول سے جھوٹ بولا اس کے برعکس حضور سے سچ کہنا رب تعالیٰ سے سچ عرض کرنا ہے حضور انور کے روبرو عجز و نیاز خود رب تعالیٰ سے عجز و نیاز ہے رب تعالیٰ نصیب فرمائے۔

چوتھا فائدہ:۔ عند اللہ کافر وہ ہے جس کا انجام کفر پر ہو۔ موجودہ حالت کا اعتبار نہیں یہ فائدہ اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض** جن مفسرین نے مُعَذِّرُوْنَ سے حیلے بہانے والے منافقین مراد لیے ہیں۔ وُہ قَعَدَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا سے کیا مراد لیتے ہیں منافق تو سارے ہی کافر ہیں خواہ حضور کی خدمت میں بہانے بنانے آئیں یا نہ آئیں۔ جواب وہ حضرات فرماتے ہیں کہ اِس وقت دیہاتی منافق دو طرح کے تھے ایک وُہ جو بہانے بنانے حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے دوسرے وُہ جو اپنے گھروں میں رہے حضور کے پاس آنے کی انہوں نے ضرورت ہی نہ سمجھی پہلے قسم کے لوگ کافر بھی تھے اور مُعَذِّرِیْنَ یعنی دہوکے باز بھی۔ دوسرے قسم کے لوگ صرف کافر تھے۔ اس حکمت سے اُن دونوں جماعتوں کے لیے الگ الگ لفظ ارشاد ہوئے۔ دوسرا اعتراض:۔ یہاں فرمایا گیا۔ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔ چاہیئے تھا۔ كَذَّبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ذال کے شد سے ہوتا۔ جواب۔ اُس وقت

marfat.com

وہ لوگ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جھوٹ بولنے آئے تھے۔ جھٹلانے نہ آئے تھے۔ اس لیے کَذَبُوْا فرمانا بغیر شد کے بالکل درست ہے۔ تیسرا اعتراض یہاں ارشاد ہوا۔ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْھُمْ۔ جو اُن منافقوں میں سے کافر ہوئے منافق تو سارے ہی کافر ہیں پھر مِنْھُمْ فرمانا کیونکر درست ہوا۔ جواب یہاں کَفَرُوْا کے معنیٰ یہ نہیں کہ کافر ہوئے بلکہ معنیٰ یہ ہیں کہ کافر رہے یعنی مرتے دم تک کافر رہے کفر پر مرے اِس سے ان کو نکال دیا گیا جو مرنے سے پہلے توبہ کر کے مخلص مومن بن گئے۔ رب فرماتا ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ وَالْمُشْرِکِیْنَ وہاں بھی یہ معنیٰ ہیں کہ جو کتابی اور مشرک کافر رہے۔

**تفسیر صوفیانہ** حضورِ انور کے آستانہ پر حاضری دینا ایمان بھی ہے گناہوں کی بخشش کا ذریعہ بھی اور کفر بھی منافقت بھی۔ رب فرماتا ہے۔ اِذَا جَآءَکَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِنَا۔ اور فرماتا ہے۔ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْکَ اور فرمانا۔ اِذَا جَآءَکَ الْمُنٰفِقُوْنَ اور یہاں فرماتا ہے۔ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ۔ اِن تمام آیات میں جَآءَ یا جَآءُوْ آیا اور حضور انور کی خدمت میں آنا مراد ہے مگر پہلے دو آیتوں میں جس آنے کا ذکر ہے وہ آنا عین ایمان اور معافیِ گناہ کا ذریعہ ہے آخری دو آیتوں میں جس آنے کا تذکرہ ہے وہ آنا عین کفر ہے۔ عقیدت و محبت سے حاضری ایمان ہے دھوکا دینے جھوٹی قسمیں کھانے کے لیے حضور کے پاس آنا بے دینی ہے اور منافقوں کا کام جھوٹ بولنا ہر جگہ ہی منع ہے مگر حضورِ انور کی بارگاہ میں حاضر ہو کر جھوٹ بولنا بدترین گناہ ہے کہ حضور کا آستانہ رب تعالیٰ کا دربار عالیہ ہے۔ یہاں جھوٹ بولنا درحقیقت رب تعالےٰ سے جھوٹ بولنا ہے اس لیے کَذَبُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ارشاد ہوا۔ اس کے برعکس حضور کے آستانۂ عالیہ پر حاضر ہو کر بھیک مانگنا اپنے گناہوں کا اقرار کرنا معافی مانگنا رب تعالیٰ سے ہی معافی مانگنا ہے کسی کے دروازے پر جا کر صدا دینا خود مالک سے ہی مانگنا ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم رب تعالیٰ کا دروازہ ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ | وَلَا عَلَی الْمَرْضٰی | وَلَا عَلَی الَّذِیْنَ |
| نہیں ہے کمزوروں پر | اور نہ بیماروں پر | اور نہ ان لوگوں پر جو |
| ضعیفوں پر کچھ حرج نہیں | اور نہ بیماروں پر | اور نہ ان پر جنہیں خرچ |

marfat.com

لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَ

نہیں پاتے وہ جو خرچ کریں کوئی حرج جب خیر خواہی کریں اللہ کی اور

کا مقدور نہ ہو جب کہ اللہ اور رسول کے خیر خواہ رہیں

رَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ

اس کے رسول کی نہیں ہے نیک کاروں کے لیے کوئی راستہ اور اللہ

نیکی والوں پر کوئی راہ نہیں اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾

بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے

بخشنے والا مہربان ہے

**تعلق:۔** اس آیۃ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیات میں جھوٹے عذر کرنے والے بہانے بنانے والوں کا تذکرہ ہوا اور اُن پر عتاب فرمایا گیا۔ اب واقعی سچے عذر والوں کا ذکر ہے جو جہاد سے معذور ہیں کہ اُن پر نہ جہاد فرض اور نہ وہ رہ جانے پر معتوب گویا جھوٹوں کے بعد سچوں کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق :۔ پچھلی آیات میں اُن بدنصیبوں کا ذکر ہوا جو سفر کر کے جہاد فی سبیل اللہ نہ کریں اب اُن خوش نصیبوں کا تذکرہ ہے جو گھر میں رہ کر بھی جہاد کریں اور مجاہدین میں شمار ہوں کہ مجاہدین کی بیوی بچوں کی خبر گیری اُن کے گھر بار کی نگرانی کام کاج کریں۔ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔ تیسرا تعلق۔ گذشتہ پچھلی آیات میں اُن غازی مجاہدوں کا ذکر ہوا جو اپنے مالو جانو غرضکہ ہر چیز سے جہاد کریں۔ وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اب اُن لوگوں کا ذکر ہے جو غریب بھی ہوں لاچار بھی مگر جہاد کریں۔ غرضکہ دو قسم کے جہادوں کے بعد تیسری قسم کے جہاد کا ذکر ہے جو مال و جان خرچ کرنے سے بے نیاز ہے۔

**شانِ نزول** دار قطنی نے اپنے افراد میں حضرت زید ابن ثابت سے روایت کی کہ سورۂ برأت میں جہاد کی آیات اتریں جن میں جہاد سے جان بچانے والوں پر سخت عتاب تھا۔ میں کاتب وحی تھا۔ لکھ رہا تھا کہ ایک نابینا صاحب حاضر ہوئے۔ بولے یا

marfat.com

رسول اللہ میرے متعلق کیا حکم ہے میں تو معذور ہوں تب یہ آیت نازل ہوئی۔ (روح المعانی) قتادہ کہتے ہیں کہ یہ آیت عائذ ابن عمرو اور اُن کے ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی جو جہاد اور سفر سے معذور تھے ضحاک کہتے ہیں کہ آیتِ کریمہ حضرت عبداللہ ابنِ اُمِّ مکتوم کے متعلق آئی جو نابینا تھے۔ (تفسیر خازن) ممکن ہے کہ روح المعانی کی روایتہ میں نابینا سے مراد یہ ہی ہوں رضی اللہ عنہم۔

## تفسیر

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ۔ یہ ارشاد عالی نیا جملہ ہے جس میں ایک نیا قانون ارشاد ہوا۔ ضُعَفَاءُ جمع ہے ضَعِیْفٌ کی۔ جیسے رُحَمَا جمع ہے رَحِیْمٌ کی یا عُلَمَاءُ جمع ہے عَلِیْمٌ کی فُقَہَاءُ جمع ہے فقیہٌ کی۔ یہاں اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو کسی بیماری سے نہیں بلکہ خلقی (پیدائشی) طور پر کمزور ہیں۔ جہاد نہ کر سکیں جیسے عورتیں۔ کمزور بچے ضعیف بوڑھے یا پیدائشی ناقص الخلقت لولے لنگڑے (روح المعانی۔ بیان۔ خازن) وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى یہ فرمانِ عالی معطوف ہے۔ عَلَى الضُّعَفَاءِ پر مرضٰی جمع ہے مریض کی۔ صفت مشبہ مرض کا بمعنی بیماری اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو کسی بیماری کی وجہ سے سفر اور جہاد کے قابل نہ ہوں خواہ وہ مرض قابلِ علاج اور جلد جانے والا ہو جیسے بخار اور بیماریاں یا دائمی اور ناقابلِ علاج جیسے لولا لنگڑا پن یا نابینا پن غرضکہ ان دونوں لفظوں میں بہت وسعت ہے (تفسیر روح المعانی) یہاں تک تو جسمانی معذوروں کا ذکر ہوا۔ وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ۔ اس میں مالی مجبوروں کا ذکر ہے کہ جو ہیں تو تندرست مگر اِن کے پاس سفرِ جہاد کے لیئے سواری اور سامان سفر نہ ہو۔ جیسے غزوۂ تبوک کے موقعہ پر قبیلہ مزینہ۔ جہینہ اور بنی مذرہ وغیرھم (روح المعانی) مگر ان کے لیئے دو قیدیں ہیں ایک یہ کہ انہیں کوئی امیر مسلمان سامان سفر نہ دے سکے دوسرے یہ کہ سفر کر کے جہاد کرنا ہو۔ اگر کوئی سالمان جہاد دے یا اپنے شہر پر ہی کفار کا حملہ ہو جاوے تو ان معذورین پر جہاد ضرور کی ہے حَرَجٌ۔ یہ ہے میں کا مؤخر اسم حَرَجٌ کے لغوی معنی ہے تنگی۔ اصطلاح میں بمعنی گناہ آتا ہے وہ ہی یہاں مراد ہے۔ یعنی ان معذورین پر جہاد میں نہ جانے پر گناہ نہیں۔ خیال رہے۔ کہ اس فرمانِ عالی میں گناہ کی نفی ہے ان لوگوں کے لیئے جہاد میں نکلنا حرام نہیں لہٰذا اگر یہ لوگ بشاشت سے جہاد میں پہنچ جاویں وہاں نمازیوں کی خدمت یا اُن کے سامان کی نگرانی کریں یا کم از کم ان کی تعداد بڑھا دیں تو ثواب پاویں گے بشرطیکہ نمازیوں پر بوجھ نہ بن جاویں کہ ان کا سنبھالنا مشکل ہو جاوے (کبیر۔ خازن) ان سب باتوں کے باوجود شرط یہ ہے کہ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ یہ فرمانِ عالی لَيْسَ کی شرط یا ظرف ہے نَصَحَ کے معنی میں خلوص یا خالص ہونا چونکہ غیر خواہ کے دل میں خلوص ہوتا ہے اپنی غرض اس میں شامل نہیں ہوتی اس لیئے اس کو نصیحت کہا جاتا ہے حضور کے دین کی حضور کے اُمت کی مجاہدین کے بال بچوں کی خیر خواہی اُن کی خدمت

marfat.com

حضور انور کی خیر خواہی ہے اور حضور کی خیر خواہی رب تعالےٰ کی خیر خواہی ہے اس لیے نَصَحُوا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ارشاد ہوا یعنی یہ مجبور لوگ مدینہ میں رہ کر دینی خدمات مجاہدین کے بال بچوں کی خدمت کریں جو اللہ رسول کی خیر خواہی ہے۔ منافقوں کی طرح یہاں مجاہدوں کے متعلق غلط تکلیف دہ خبریں نہ اڑائیں۔ ان کے بال بچوں کو پریشان نہ کریں۔ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ۔ اس فرمانِ عالی میں اُن رہ جانے والوں اور رہ کر خدمتِ دین کرنے والوں کا نتیجہ اور انجام ارشاد ہوا۔ یعنی یہ لوگ محسن اور نیک کار ہیں نیک کاروں پر نیکی کی وجہ سے گناہ نہیں ہوتا بلکہ ثواب ملتا ہے۔ محسن ہر نیک کار کو کہا جاتا ہے جو فرائض واجبات سنن نوافل وغیرہ جو بن پڑے وہ کرے مِنْ اِسْتِغْرَاق کا ہے بمعنی کوئی سَبِیْل سے مراد ہے گناہ کا راستہ یعنی اس کام میں اُن پر کوئی گناہ نہیں یا اُن کو سزا دینے کی کوئی راہ نہیں۔ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ یہ یا تو نیا جملہ ہے یا پہلے فرمان کی وجہ اور علت یعنی رب تعالیٰ نے ایسے لوگوں کو رہ جانے کی اجازت اس لیے دی کہ وہ غفور بھی ہے اور رحیم بھی۔ مغفرت اور رحمت میں فرق بارہا بیان ہو چکا گناہ پر پکڑ نہ کرنا بخشش دینا مغفرت ہے نیکی پر ثواب دینا رحمت گناہ چھپا لینا مغفرت ہے نیکی تمام پر ظاہر فرما دینا رحمت اس فرمانِ عالی کا مقصد یہ ہے کہ کوئی بندہ کسی حال میں رب تعالیٰ کی مغفرت و رحمت سے بے نیاز نہیں ہو سکتا ہر شخص کو ہر وقت اس کی مغفرت و رحمت کی ضرورت ہے۔

**خلاصۂ تفسیر**

اس آیتِ کریمہ میں تین قسم کے لوگوں کو غزوات میں شرکت نہ کرنے کی اجازت دی گئی۔ ضعیف[1] مریض[2]۔ غریب[3] مگر ضعیف اور مریض کو مطلقاً اجازت ہے خواہ سفر کر کے جہاد کرنا پڑے یا اپنے گھر رہ کر ہی۔ مگر غریب کو اجازت تب ہے جب کہ سفر کر کے جہاد کرنا ہو اور اس کے پاس سامانِ سفر نہ ہو۔ جیسے حج کے لیے سامانِ سفر پر قدرت ضروری ہے مگر دور رہنے والوں کے لیے۔ خود مکہ والوں پر ضروری نہیں وہاں غریبوں پر بھی فرض فرمایا گیا۔ کہ کمزور لوگ یعنی بچے بوڑھے۔ عورتوں پر یوں ہی ایسے بیماروں پر جو سفر نہ کر سکیں جیسے لولے لنگڑے اندھے وغیرہم یوں ہی جو غریب ہوں پر سفر کے لیے سامان نہ پائیں کہ نہ ان کے پاس ہو نہ کوئی دے ان پر جہاد میں شرکت نہ کرنے اور مدینہ منورہ میں رہ جانے پر کوئی گناہ نہیں بشرطیکہ مدینہ میں رہ کر بقدرِ طاقت اللہ رسول کی خیر خواہی کریں کہ مجاہدین کے بال بچوں کی خدمت اور اُن کے گھر بار کی حفاظت کریں۔ انہیں تسلی تشفی دیتے رہیں یہ لوگ نیک کار ہیں گھر میں رہ کر مجاہد غازی ہیں اُن پر کوئی گناہ نہیں اللہ تعالیٰ غفور بخشنے والا بھی ہے اور رحمت والا بھی وہ انہیں معذوروں کی اِس خدمت کی وجہ سے اُن کے سارے گناہ بخش دے گا۔ اور اُن کو اپنے فضل و کرم سے ثواب دے گا۔ وہ اُن کے لیے ان کے گھروں کو

marfat.com

ہی میدانِ جہاد بنادے گا۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ اللہ تعالیٰ طاقت سے زیادہ کسی بندے پر بوجھ نہیں ڈالتا یہ فائدہ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ (الخ) سے حاصل ہوا۔ اِس سے بہت سے فقہی مسائل مستنبط ہو سکتے ہیں دیکھو نابینا اور بے دست و پا پر جمعہ فرض نہیں اگرچہ وہ شہر میں رہتے ہوں۔ کہ اِس نماز میں جماعت شرط ہے اور اُن پر جماعت کی حاضری دشوار ہوگی۔ دوسرا فائدہ:۔ قرض لے کر یا بھیک مانگ کر مالی عبادت ادا نہ کرے۔ یہ فائدہ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ۔ سے حاصل ہوا۔ دیکھو اُن مساکین سے یہ نہ فرمایا گیا قرض یا بھیک سے مال جمع کر کے جہاد میں جاؤ۔ بلکہ اُن سے جہاد کی حاضری معاف کر دی لہٰذا قرض یا بھیک کے ذریعہ حج زکوٰۃ۔ فطرہ ادا نہ کرو۔ بلکہ یہ چیزیں مساکین پر معاف ہیں۔ تیسرا فائدہ۔ وہ ضعف اور بیماری جو سفر سے رُوکے اس سے وہ جہاد معاف ہوگا۔ جس میں سفر کرنا پڑے اگر اپنے شہر میں ہی کفار پر جہاد کرنا ہو تو اُن کو بھی کرنا پڑے گا یہ فائدہ اس فرمانِ عالی کی روش سے معلوم ہوا۔

چوتھا فائدہ:۔ یہ لوگ بھی اگر کسی طرح جہاد میں پہنچ جائیں تو گنہگار نہیں۔ کیونکہ ان پر جہاد فرض نہیں۔ انہیں حرام نہیں یہ فائدہ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ (الخ) کے علیٰ سے حاصل ہوا علیٰ وجوب کے لیئے آتا ہے۔ اگر کوئی قرض سے حج کرکے بعد میں قرض ادا کر دے تو اس کا حج ہو جاوے گا۔ پانچواں فائدہ۔ جو لوگ جہاد میں نہ جا سکیں وہ بھی وطن میں ایک قسم کا جہاد کریں یعنی مجاہدین کے بال بچوں کی خدمت اُن کے گھر بار کی نگرانی اُن تک مجاہدین کے متعلق اچھی خبریں پہنچانا۔ اگر کوئی تشویش ناک خبر ہو تو اسے شائع نہ ہونے دینا وغیرہ یہ فائدہ اِذَا نَصَحُوا اللّٰهَ (الخ) سے حاصل ہوا۔ چھٹا فائدہ جو مجبور و بے بس کسی نیکی سے محروم ہو وہ بھی محسن ہے اُس پر گناہ نہیں بلکہ ایک لحاظ سے ثواب ملے گا۔ یہ فائدہ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ سے حاصل ہوا کہ رب تعالےٰ نے اُن ضعفاء وغیرھم کو محسن فرمایا اس سے تفسیر روح المعانی نے یہ مسئلہ مستنبط کیا۔ اگر کوئی شخص حملہ آور جانور کو اپنے بچاؤ کے لیئے قتل کر دے تو اس پر اس کی قیمت یا تاوان واجب نہیں نہ وہ گنہگار ہے وہ محسن میں داخل ہے۔ (روح المعانی یہی مقام)

**پہلا اعتراض** یہاں ارشاد ہوا کہ کمزوروں اور بیماروں پر گناہ نہیں کمزوروں اور بیماروں میں کیا فرق ہے ہر بیمار کمزور ہوتا ہے۔ **جواب**۔ ابھی تفسیر میں عرض کیا گیا کہ خلقی یعنی پیدائشی کمزوری والے ضعفاء ہیں۔ جیسے عورتیں بچے بوڑھے وغیرہ اور کسی عارضہ سے کمزوری والے مریض ہیں لہٰذا فرمانِ عالی میں تکرار نہیں۔ دوسرا اعتراض۔ اس تفسیر سے

marfat.com

معلوم ہوا کہ عورتیں جہاد نہ کریں کیونکہ وہ ضعفاء میں داخل ہیں مگر تواریخ بلکہ احادیث شریفہ سے ثابت ہے کہ عورتوں نے جہادوں میں شرکت کی ہے۔ عہدِ فاروقی میں حضرت خولہ بنت ازور کے کارنامے مشہور ہیں کیا یہ بُرا تھا۔

**جواب**:۔ یہاں فرمایا یہ گیا کہ اُن پر جہاد ضروری نہیں یہ نہیں فرمایا کہ ان پر جہاد حرام ہے یہ بھی عام حالات میں حکم ہے۔ بعض ہنگامی حالات میں جب کفّار کا دباؤ بڑھ جاوے عورتیں بچّے بھی ضرور جہاد کریں حالات پر منحصر ہے۔ تیسرا اعتراض یہاں اتنی دراز عبارت کیوں ارشاد ہوئی۔ لَا یَجِدُوْنَ مَا یُنْفِقُوْنَ۔ مساکین یا فقراء فرما دینا کافی تھا۔

**جواب**:۔ شریعت میں مسکین وُہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ فقیر وُہ جس کے پاس نصاب سے کم ہو۔ جہاد معاف ہونے کے لیئے یہ دونوں چیزیں کافی نہیں جس کے گھر میں سامان کافی ہو مگر جہاد میں خرچ کرنیکا سامان کافی نہ ہو بلکہ جہاد میں خرچ کرنیکا سامان بہت تھوڑا ہو یا جہاد میں خرچ کرنیکا سامان نہ ہو وُہ اگرچہ مسکین نہیں مگر اس پر جہاد فرض نہیں اور جس کے پاس کچھ نہ ہو مگر سامانِ جنگ موجود ہو وہ اگرچہ مسکین ہے مگر جہاد اس پر فرض ہے پھر جہاد کے خرچ مختلف مختلف کبھی تھوڑے خرچ سے جہاد ہو سکتا ہے کبھی بہت سے خرچ سے یہ تمام صورتیں اس مختصر سی عبارت میں آگئیں فقیر یا مسکین فرمانے سے یہ جامعیت حاصل نہ ہوتی اگر کسی مسکین کو کوئی امیر آدمی سامانِ جہاد عاریتہً دیدے اس پر بھی جہاد فرض ہے۔ دیکھو ہر قسم کی زکوٰۃ کے لیئے نصاب مقرر ہے۔ مگر حج کے لیئے نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا خرچ مقرر نہیں مختلف زمانوں مختلف ٹھکانوں میں اس کے خرچ مختلف ہوتے ہیں۔ **چوتھا اعتراض**۔ یہاں اللہ رسول کی خیر خواہی کی قید کیوں لگائی کہ فرمایا اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ۔

**جواب**:۔ اس لیئے کہ منافقین حیلے بہانے بنا کر مدینہ منوّرہ رہ جاتے تھے پھر مجاہد غازیوں کے بال بچّوں میں غلط اندوہ ناک خبریں پھیلاتے تھے اور طرح طرح انہیں دکھ پہنچاتے تھے ان عیوب سے بچانے کے لیئے مسلمانوں کو ہدایت کی کہ تم اُن جیسے کام نہ کرنا بلکہ خیر خواہی کرنا تب تم کو مذکورہ ثواب ملے گا۔ **پانچواں اعتراض**۔ اس آیتِ کریمہ کو مغفرت و رحمت پر کیوں ختم فرمایا کہ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔ یہ عبارت تو گناہوں کے ذکر کے بعد چاہیئے یہاں تو نیکیوں کا ذکر ہے۔

**جواب** یہ بتانے کے لیئے کہ کوئی شخص کسی درجہ پر پہنچ کر اللہ تعالیٰ کی بخشش اور رحمت سے بے نیاز نہیں ہو سکتا یہ مذکور حضرات اگرچہ نیک صالح ہیں مگر اللہ تعالےٰ کی

marfat.com

مغفرت و رحمت کی انہیں بھی ضرورت ہے یا یہ مطلب ہے کہ ان نیک اعمال کی برکت سے اللہ تعالیٰ ان کے گذشتہ گناہ معاف فرما دے گا۔ اور خصوصی رحمتیں عطا فرمائے گا۔

**تفسیر صوفیانہ** اس آیتِ کریمہ میں چند باتیں بتائی گئیں ایک یہ کہ تری۔ مالدار حضرات جو جہاد میں جائیں وہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہتے ہیں مگر یہ تین قسم کے لوگ کمزور۔ بیمار۔ نادار جو وہاں سے نہ جاسکیں دل پکڑ کر رہ جائیں حضور انور انکے ساتھ ہوتے ہیں۔ یہ قاعدہ ہر جگہ جاری مدینہ منورہ حاضر ہونے والے حضور انور کے پاس پہنچتے ہیں معذور مجبور لوگ جو یہاں رہتے رہ جائیں حضور انور ان کے پاس پہنچتے ہیں دوسرے یہ کہ حضور انور کے غلاموں کی خیر خواہی کرنا حضور کی خیر خواہی ہے اور حضور انور کی خیر خواہی خود رب تعالیٰ کی خیر خواہی۔ دیکھو مدینہ منورہ میں رہ جانے والے کمزور لاچار مسلمان غازیوں کے بیوی بچوں کی خدمت کرتے تھے ان کے متعلق ارشاد ہوا کہ اِذَا نَصَحُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ پھر ایسے لوگ گنہگار نہیں بلکہ محسنین یعنی نیک کار ہیں۔ کیونکہ نیک کاروں کے متعلقین کے ندمت گار ہیں۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مغفرت و رحمت بہت قسم کی ہے جیسا بندہ ویسی اس کی مغفرت و رحمت گنہگاروں پر اور قسم کی رحمت و مغفرت ہے نیک کاروں پر دوسری قسم کی۔ خود حضور صلے اللہ علیہ وسلم پر کوئی اور ہی خاص قسم کی رحمت و مغفرت جیسا مرحوم ویسی رحمت جیسا مغفور ویسی اس کی مغفرت یہ آیت کریمہ دریائے ناپیدا کنار ہے جس سے طریقت کے بے شمار بے بہا موتی نکلتے ہیں جیسا مرزق ویسا رزق جیسا مرحوم ویسی رحمت پھر جو مرحومیں کے پاس رہے وہ مرحوم ہو جاتا ہے جو ملعونین کے پاس رہے وہ ملعون بن جاتا ہے

وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ

اور نہ ان لوگوں پر کہ وہ جب کبھی آئیں آپکے پاس تاکہ سواری دیں آپ ان کو تو فرمادیں

اور نہ ان پر جو تمہارے حضور حاضر ہوں کہ تم انہیں سواری عطاء فرماؤ تم سے یہ جواب

اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ

آپ کہ نہیں پاتا ہوں میں وہ کہ سوار کروں میں تم کو جس پر تو لوٹیں وہ اس حال میں کہ ان کی

پائیں کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس پر تمہیں سوار کروں اس پر یوں واپس ہوں

marfat.com

مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾

آنکھیں بہتی ہوں آنسوؤں سے اس رنج سے کہ نہیں پاتے وہ جو خرچ کریں
کہ اُن کی آنکھوں سے آنسو اُبلتے ہوں اس غم سے کہ خرچ کا مقدور نہ پایا

**تعلق**:۔ اس آیت کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت کریمہ میں اُن مساکین کا ذکر ہوا جن کے پاس کچھ نہ تھا اس لیئے وہ جہاد میں شرکت سے معذور رہے فرمایا گیا کہ اُن پر کوئی گناہ نہیں اب اُن حضرات کا ذکر ہے جن کے پاس خانہ داری کے لیئے تو کچھ تھا مگر جہاد کے لیئے نہ سواری تھی نہ سواری کی قیمت فرمایا گیا کہ ان پر کوئی گناہ نہیں جہاد پر نہ جانے کا گویا تین قسم کے معذوروں کے بعد چوتھی قسم کے معذوروں کا تذکرہ ہے۔ (تفسیر کبیر) دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں اُن مجبوروں کا تذکرہ تھا جن کے پاس سامانِ جہاد نہ تھا ورنہ انہوں نے کسی سے مانگا اب اُن مجبوروں کا ذکر ہے جن کے پاس سامانِ جہاد نہ تھا اور انہوں نے حاصل کرنے کی کوشش کی مگر کامیاب نہ ہوسکے کہ اُن پر بھی جہاد میں شرکت نہ کرنے کا کوئی گناہ نہیں۔ تیسرا تعلق۔ پچھلی آیتِ کریمہ میں ان کے اجر و ثواب کا ذکر ہوا جو جہاد سے رہ گئے مگر اللہ رسول کے خیر خواہ رہے اب اُن کے قربِ الٰہی کا ذکر ہے جو رہ گئے اور رہ جانے پر رونے لگے کہ انہوں نے اس گریہ وزاری سے بڑا درجہ پا لیا کہ نیکی نہ کر سکنے پر حسرت و افسوس بھی عبادت ہے۔

**شانِ نزول** اس آیتِ کریمہ کے شانِ نزول کے متعلق تین روایات ہیں۔ ۱۔ مجاہد فرماتے ہیں کہ تین بھائی۔ مقرن۔ سوید اور نعمان جو مقرن کے بیٹے تھے اس غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ عرض کیا کہ حضور ہم کو جہاد میں حاضری کا بہت شوق ہے ہم کو پرانے جوتے اور پرانے موزے ہی عطا فرما دیئے جاویں ہم بہن کر پیدل سفر کر کے تبوک پہنچیں گے جواب ملا کہ اس وقت وہ بھی موجود نہیں یہ لوگ روتے ہوئے واپس ہوئے۔ اُن کے متعلق یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی (تفسیر کبیر و خازن وغیرہ) اس صورت میں تَوَلَّوْا سے مراد جوتے اور موزے عطا فرمانا ہے۔ ۲۔ حسن فرماتے ہیں کہ یہ آیتِ کریمہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور اُن کے ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی کہ یہ حضور انور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سفرِ جہاد کے لیئے سواری مانگی اتفاقاً اُس وقت حضور انور کسی پر ناراض تھے اس حالت میں فرما دیا قسم خدا کی میں تم کو سواری نہ دونگا ہمارے پاس سواری ہے نہیں یہ حضرات روتے ہوئے لوٹے پھر حضور انور نے

انہیں بلایا اور بہترین اونٹ عطا فرمائے۔ انہوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ حضور انور نے تو ابھی عطاء نہ فرمانے پر قسم ارشاد فرمائی تھی۔ فرمایا کہ ہم انشاء اللہ اگر کسی اچھے کام نہ کرنے کی قسم فرمایا کریں گے تو قسم توڑ کر وہ کام کیا کریں گے اور کفّارہ ادا کر دیا کریں گے۔ (تفسیر کبیر) حضور انور کے پاس یا تو بعد میں اونٹ آگئے تھے یا کسی سے قرض لے کر اُن کو دیئے ۱۲ سات (۷) جو ساتوں صحابی تھے۔ معقل ابن یسار صخر ابن خنساء عبداللہ ابن کعب۔ سالم ابن عمیرہ۔ ثعلبہ ابن غنمہ۔ عبداللہ ابن مغفّل۔ علیہ ابن زید ان حضرات کو بَکّاؤُنَ سَبْعَۃ کہتے ہیں یعنی سات رونے والے حضور انور کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہم لوگ اپنے گھروں سے جہاد کی شرکت کی نیت سے حاضر ہوئے ہیں مگر ہمارے پاس نہ سواری ہے نہ موزے نہ جوتے۔ انہیں حضور انور نے وہ جواب دیا جو یہاں مذکور ہے (روح البیان وغیرہ) ہو سکتا ہے کہ یہ سارے واقعات ہوئے ہوں جن پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جب یہ حضرات روتے ہوئے واپس ہوئے تو انہیں حضرت عمر۔ عبّاس۔ عثمان غنی سواری وغیرہ دے کر اپنے ساتھ جہاد میں لے گئے۔ (روح البیان) اِن کے اس واقعہ کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

**تفسیر** وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ یہ عبارت معطوف ہے لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ پر یا مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ پر لہٰذا واؤ عاطفہ ہے اور لا زائدہ ہے تاکید کے لیے اِذَا مَا میں ما عموم کے لیے نہیں کیونکہ وہ حضرات صرف ایک بار ہی حضور انور کی خدمت میں سواری مانگنے حاضر ہوئے تھے۔ بلکہ مَا صرف زائدہ ہے لِتَحْمِلَهُمْ میں لام بمعنی تاکہ ہے حمل کے معنی ہیں سوار کرنا سواری دینا۔ بوجھ لادنا۔ سوار کر کے لیجانا۔ یہاں سوا بوجھ لادنے کے باقی سارے معنی درست ہیں (روح البیان) یعنی وہ آپ کے پاس اس لیئے آئے تاکہ آپ انہیں سواری دیں یا سوار کریں یا اپنے ہمراہ غزوۂ تبوک میں لے جائیں۔ مطلب ایک ہی ہے۔ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ یہ فرمان حال یا اِذَا کا جواب اور یا اَتَوْکَ پر معطوف۔ اور حرفِ عطف واؤ یا فا پوشیدہ ہے (روح البیان) حضور انور نے نہ تو یہ فرمایا کہ ہم دیں گے نہیں نہ یہ کہ ہمارے پاس سے نہیں بلکہ فرمایا ہم تمہارے لیئے سواری پاتے نہیں۔ یعنی دینے کا ارادہ بھی کیا غور بھی کیا۔ تلاش بھی کی مگر ملی نہیں تاکہ سائلین کا دل نہ ٹوٹے اُن کی ہمّت افزائی بھی ہو۔ اور عزّت افزائی بھی کہ اُن کا سوال رد نہیں فرمایا بلکہ سواری کو نہیں پایا اس لیئے اتنی دراز عبارت ارشاد ہوئی چونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال اس موقعہ پر سواری کا بھی ہوا تھا اور موزوں و جوتوں کا بھی جیسا کہ شانِ نزول سے معلوم ہوا اسلیئے مَا سَاءَ کو مطلق ارشاد ہوا جو اِن سب کو شامل ہے نیز سوال اُن ہی چیزوں کا ہوا تھا ہتیار یا

marfat.com

کھانہ وغیرہ کا سوال نہ تھا۔ اس لیے اس طرح ارشاد ہوا تَوَلَّوْا وَاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ۔ اگر قُلْتَ لَآ اَجِدُ الخ اِذَا کا جواب تھا تو یہ فرمانِ عالی نیا کلام ہے۔ گذشتہ کا بیان اور اگر وہ معطوف یا حال تھا تو یہ فرمانِ عالی اِذَا کا جواب ہے تَوَلَّوْا کے معنی ہیں واپس ہوئے انہوں نے پیٹھ پھیری اور اَعْيُنُهُمْ الخ تَوَلَّوْا کے فاعل سے حال۔ اصل عبارت یوں تھی دُمُوْعُهُمْ تَفِيْضُ مِنْ اَعْيُنِهِمْ یعنی ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ مگر آنسوؤں کی زیادتی بتانے کے لیے اس کے برعکس فرمایا گیا۔ کہ اُن کی آنکھیں آنسوؤں سے بہہ رہی تھیں۔ یہ عرب کا محاورہ ہے وہ کہتے ہیں سَالَ الْمِيْزَابُ مِنَ الْمَطَرِ پرنالہ پانی سے بہا۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ پرنالے سے پانی بہت زیادہ بہا۔ وہ ہی محاورہ یہاں استعمال ہوا تَفِيْضُ بنا ہے فَيْضٌ سے بمعنی بہنا بزرگوں کے فیضان کو فیض اس لیے کہتے ہیں کہ وہ اُن کے دل سے مرید کے دلوں پر بہتا ہوا جوش مارتا ہوا آتا ہے۔ یہ بھی عربی محاورہ ہے۔ حُزْنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ۔ اِس فرمانِ عالی میں حُزْنًا مصدر ہے اور تَفِيْضُ کا مفعول لَہٗ۔ اس لیے تَفِيْضُ اس میں عامل ہے۔ جیسے آنکھ تَفِيْضُ کا فاعل تھا ایسے ہی حُزْنًا کا بھی فاعل ہے رنج وغم رونے کا کام بھی ہے اور آنکھ کا کام بھی۔ جب دو نوں کا فاعل ایک ہوا تو لام کا پوشیدہ کرنا جائز ہوا (تفسیر روح المعانی۔ روح البیان وغیرہ) اَلَّا يَجِدُوْا (الخ) حُزْنًا کا مفعول ہے یعنی اس رنج وغم میں رونے کی وجہ یہ ہے کہ اُن کو جہاد میں خرچ کرنے کیلئے مال میسّر نہ ہونے کا سخت رنج وغم ہے۔ حُزْنًا کی تنوین کثرت اور عظمت بتانے کے لیے ہے اس لیے بِالْحُزْنِ یا بِالْحُزْنِ نہ فرمایا۔ فقیر نے اس عبارت کی ترکیب نحوی جو عرض کی اس کا خیال رہے ذرا مشکل ہے۔

**خلاصۂ تفسیر** جیسے مذکورہ بالا جماعتوں پر جہاد میں حاضر نہ ہونے پر کوئی گناہ نہیں یوں ہی ان لوگوں پر بھی کوئی گناہ نہیں جو غزوۂ تبوک کا اعلان سن کر آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوئے کہ آپ انہیں سواری اور سامانِ سفر عطا فرمائیں انہوں نے آپ سے یہ چیزیں مانگیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہم اس وقت وہ سواری وغیرہ اپنے پاس نہیں پاتے جو تم کو عطا کریں وہ یہ فرمانِ عالی سن کر اس حال میں واپس ہوئے کہ اُن کی آنکھوں سے آنسو اُبل رہے تھے۔ اِس غم سے کہ انہیں غزوہ میں خرچ کرنے وہاں حاضر ہونے کے لیے سامان نہ ملا۔ ایسے مجبوروں معذوروں پر حاضر نہ ہونے کی وجہ سے کوئی گناہ نہیں بلکہ اس کوشش اور غم کرنے کا انہیں ثواب ملے گا۔

**فائدے** اس آیتِ کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ اپنی دینی و دنیا کی حاجات لے کر حضورِ انور کے دروازے پر جانا سنتِ صحابہ

marfat.com

ہے حضرات صحابہ حضور انور کو حلالِ مشکلات حاجتوں کو پورا فرمانے والا مانتے تھے۔ یہ فائدہ اِذَا مَا اَتَوْکَ سے حاصل ہوا۔ دیکھو فقراءِ صحابہ حاجت روائی کے لیے حضور کے پاس آئے۔

**دوسرا فائدہ:** حضور انور سے دینی و دنیا کی بھیک مانگنا مومن کے لیے عزت ہے یہ فائدہ لِتَحْمِلَهُمْ (الخ) سے حاصل ہوا۔ ؎

منگتے تو ہیں منگتے کوئی شاہوں میں دکھا دو
جس کو میری سرکار سے ٹکڑا نہ ملا ہو

**تیسرا فائدہ:** مومن کو چاہیے کہ سائل کو نہ تو جھڑکے نہ اُسے رد کرے بلکہ اگر اس کا سوال پورا نہ کر سکے تو اچھے الفاظ سے معذرت کر دے یہ فائدہ لَآ اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ (الخ) سے حاصل ہوا۔ دیکھو حضور انور نے کیسی مبارک طریقہ سے معذرت فرمائی۔ نہ انہیں جھڑکا نہ یہ فرمایا کہ ہم نہ دیں گے۔ وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ اس فرمانِ عالی میں تا قیامت مسلمانوں کو معذرت کرنے کی تعلیم دی گئی ہے۔ **چوتھا فائدہ:** نیکی نہ کر سکنے پر افسوس کرنا رونا بھی اعلےٰ درجہ کی عبادت ہے یہ فائدہ وَاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ سے حاصل ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان حضرات کے اس وقت رونے کو بطریق احسن بیان فرمایا۔ یوں ہی گناہ کر بیٹھنے پر پچھتانا رونا بھی عبادت ہے یہ رونا توبہ کی اعلیٰ قسم ہے اس پر بہترین ثواب کی امید ہے۔ **پانچواں فائدہ:** کسی کو نیکی کرتے دیکھ کر اس پر رشک و غلبہ کرنا کہ کاش میں بھی یہ کر سکتا عبادت ہے انشاء اللہ اس کو نیکی کرنے والے کا ثواب ہی ملے گا۔ یہ فائدہ اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ سے حاصل ہوا جو ہم جیسے مساکین مدینہ کے مسافر کو دیکھ کر روتے آنسو بہاتے ہیں ان شاء اللہ اس پر ہم بھی اِن مسافروں کے زمرہ میں آجاتے ہیں۔ شعر

جب مدینہ کا مسافر کوئی پا جاتا ہوں ---:--- حسرت ہوتی ہے وہ پہنچا میں رہا جاتا ہوں

یوں ہی مدینہ والوں کو دیکھ کر اپنی دوری پر رونا ان کی خوش قسمتی پر رشک کرنا عبادت ہے

ہمیں بھی یاد رکھنا ساکنانِ کوچۂ جانا ں
سلامِ شوق پہنچے بیکسانِ دشتِ غربت کا

**پہلا اعتراض** تم نے تفسیر میں کہا حُزْنًا نحوی ترکیب میں تفیض فعل کا مفعول لہٗ ہے جس پر لام پوشیدہ ہے اصل میں لِحُزْنٍ تھا۔ مگر مفعول لہٗ کا لام تو پوشیدہ ہو سکتا ہے جب کہ فعل اور مفعول کا فاعل ایک ہو۔ یہاں تَفِيْضُ کا فاعل آنکھیں ہیں اور حُزْنًا کا فاعل دل پھر لام کیسے پوشیدہ ہو گیا؟ جواب، اس کا تفسیر کبیر وغیرہ نے یہ جواب دیا ہے کہ رنج و ملال کا

marfat.com

فاعل بھی آنکھیں ہیں دل پچھتاتا ہے آنکھ آنسو بہاتی ہے یہ آنسو آنکھ کا رنج ہے۔ دوسرا اعتراض تم کہتے ہو کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی سائل کو رد نہیں فرمایا آپ کی زبانِ پاک پر لَا۔ یعنی نہیں کبھی نہیں آیا شعر

زمانہ نے زمانہ میں سخی ایسا کہیں دیکھا زباں پر جس کے سائل نے نہیں آتے نہیں دیکھا

مگر اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور انور نے سائل کو رد بھی کیا اور نہیں بھی ارشاد فرمایا۔ لَآ اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ (الخ) جواب یہاں لافرمانا رد کے لیئے نہیں بلکہ معذرت کے لیئے ہے رد اور معذرت میں بڑا فرق ہے۔ اور ہم کو تعلیم ہے کہ سائل سے اس طرح معذرت کیا کرو یعنی یہ نہیں کہا کہ نہیں دیں گے یا تمہیں ہمارے پاس سے کچھ نہیں ملے گا۔ بلکہ فرمایا تمہارے دینے کے لیئے اس وقت سواری موجود نہیں۔ اس میں سائل کی عزت افزائی بھی ہے اور ہمت افزائی بھی۔ اس کی تفسیر صوفیاءِ کرام نے عجیب کی ہے۔ جو انشاء اللہ تفسیرِ صوفیانہ میں عرض کی جاوے گی۔ تیسرا اعتراض۔ تم تو کہتے ہو کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم خزانۂ الٰہیہ کے مالک ہیں شعر

کنجی تمہیں دی اپنے خزانوں کی خدا نے مختار بنایا تمہیں مختار بنایا

مالک ہیں خزانۂ قدرت کے جو جس کو چاہیں دے ڈالیں

دی خُلد جنابِ ربیعہ کو بگڑی لاکھوں کی بنائی ہے

مگر یہ آیت بتا رہی ہے کہ حضور کسی کو ایک اونٹ بھی نہیں دے سکتے لَآ اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ جو اونٹ نہ دے سکے وہ اور کوئی چیز کیا دے گا۔ (دیوبندی وہابی) جواب اس کا جواب اعلیٰحضرت قُدِّسَ سِرُّہٗ نے ایک شعر میں دیا ہے۔ شعر

مالکِ کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں دو جہاں کی نعمتیں ہیں اُن کے خالی ہاتھ میں

مالک ہونا اور بات ہے اور پاس ہونا پانا کچھ اور بات یہاں ملکیت کی نفی نہیں بلکہ پانے کی نفی ہے لَآ اَجِدُ اور اَحْمِلُكُمْ کی ضمیر خطاب میں غور کرو۔ یہ بھی خیال رہے کہ یہ حضرات حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے سے محروم نہیں لوٹے۔ انہیں خود حضورِ انور نے یا حضرتِ عمر۔ حضرتِ عباس حضرتِ عثمان غنی نے سواریاں اور سارا خرچ جہاد عطاء کیا اور ساتھ لے گئے۔ دیکھو شانِ نزول اور پھر یہ لوگ منگتے نہ تھے اس لیئے ان کو سائل نہ فرمایا کیونکہ سائل وہ ہوتا ہے جو اپنی ضرورت کیلئے مانگے یہ لوگ تو رادِ خدا کی جہاد کے لیئے طلب تھے۔ لہٰذا اَمَّا السَّآئِلَ سے اس پر کوئی اعتراض نہیں

marfat.com

ہو سکتا۔

**تفسیر صوفیانہ** اس آیت کریمہ میں تین باتیں فرمائی گئیں۔ بعض صحابہ کا حضور انور سے جہاد کے لیئے سواریاں یا سامانِ سفر مانگنا دوسرے حضور انور کا بظاہر منع فرما دینا تیسرے ان حضرات کا گریہ وزاری کرنا اس میں عجیب لطف ہے۔ رب کی رحمت لینا ہو تو اس کے دروازے پر جاؤ۔ دروازۂ رحمت حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پھر حضور انور کا معذرت فرمانا منع کرنے کے لیئے نہ تھا۔ بلکہ اُن کے شوق کی آگ اور تیز کرنے کے لیئے انہیں رلانے تڑپانے کے لیئے یہ گریہ وتڑپ رب کو بڑی پیاری ہے۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دیدارِ الٰہی مانگا تو رب نے فرمایا لَنْ تَرٰىنِيْ تم ہم کو نہ دیکھو گے۔ جس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے شوقِ دیدار کی آگ اور بھی زیادہ بھڑک گئی۔ پھر لطف یہ ہے کہ اُس لَنْ تَرٰىنِيْ فرمانے والے رب نے تجلّی بذریعہ پہاڑ دکھا بھی دی فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ۔ یہاں بھی لطف یہ ہوا کہ اُن کو آتش شوق بھڑکا کر انہیں رلا کر بذریعہ عُمر وعباس وعثمان سواریاں عطا بھی فرما دیں۔ گویا انہیں سلوک کی منزلیں طے کرا دیں۔ انہیں شوقِ جہاد زیادہ کر کے جہاد کی شرکت عطا فرمائی۔ چڑیوں کا بچہ بغیر پر اُگے ہوئے اُڑ نہیں سکتا پھر اُگ جانے پر اڑتا پھرتا ہے۔ یوں ہی عاشق بغیر عشق کے پَر کے اِس عالَم میں پرواز نہیں کر سکتا۔ اس کے پَر شوق کی زیادتی ہے۔ یہ آنسو عشاق کے پرواز کے پَر ہیں رب تعالیٰ نصیب فرمائے غرضکہ یہ آیت سلوک کا راستہ بتا رہی ہے (روح البیان)

اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ

طعن راستہ اوپر ان لوگوں کے ہے جو اجازت مانگتے ہیں آپ سے حالانکہ وہ غنی ہیں

مواخذہ تو ان سے ہے جو تم سے رخصت مانگتے ہیں اور وہ دولت مند ہیں

رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى

غنی ہوئے وہ اس سے کہ رہیں وہ ساتھ پیچھے رہنے والیوں کے اور

انہیں پسند آیا کہ عورتوں کے ساتھ پیچھے بیٹھ رہیں اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی

قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

مہر کر دی اللہ نے دلوں پر ان کے پس وہ نہیں جانتے

تو وہ کچھ نہیں جانتے

marfat.com

**تعلق :-** اس آیتِ کریمہ کا پچھلی آیات سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا کہ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ نیک کاروں پر اس جہاد میں رہ جانے سے پکڑ کی کوئی راہ نہیں اب اس کے مقابل مُسِيْئِيْنَ یعنی اُن بدکاروں کا ذکر ہے جن پر غزوۂ تبوک میں شرکت نہ کرنے کی وجہ سے عتاب عقاب سب کچھ ہے۔ گویا نیک کاروں کے بعد بدکاروں کا اور اُن کی رہائی کے بعد اُن کی گرفتاری کا تذکرہ ہے (از تفسیر کبیر)

دوسرا تعلق :- پہلے تین قسم کے معذوروں کا ذکر ہوا کہ اُن پر پکڑ نہیں پھر چوتھی قسم کے مجبوروں کا تذکرہ ہوا اب پانچویں قسم کے لوگوں کا ذکر ہے جن پر سخت پکڑ ہے یا لوگوں کی پانچ قسمیں تھیں۔ چار معذور و مجبور پانچویں مقہور اب مقہورین کا ذکر ہے تیسرا تعلق :- پچھلی آیات میں ارشاد ہوا کہ خوش نصیب لوگ جہاد سے رہ جانے کے تصور پر روتے آنسو بہاتے ہیں اور جانے پر خوش ہوتے ہیں اب ارشاد ہے کہ بدنصیب لوگ رہ جانے پر خوشیاں مناتے ہیں جہاد میں جانے پر آنسو بہاتے ہیں۔ گویا خوش نصیبوں کے عمل کے بعد اب بدنصیبوں کی بدعملی کا تذکرہ ہے۔

**نزول** یہ آیتِ کریمہ عبداللہ ابن اُبَیّ۔ جد ابن قیس۔ معتب ابن قشیر اور اُن کے ستر ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی جو غزوات میں عموماً پیچھے رہ جاتے تھے۔ خصوصاً غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گئے اور اُس رہ جانے کو اپنا کمال سمجھا اُس پر خوش ہوئے۔ (تفسیر تنویر المقباس)

**تفسیر** اِنَّمَا السَّبِيْلُ یہ فرمانِ عالی نیا جملہ ہے اس میں انما حصر کے لیئے ہے۔ اور حصر بھی اضافی ہے گذشتہ چار قسم کے معذوروں کے اعتبار سے۔ سبیل سے مراد ہے پکڑ اور مواخذہ کی راہ اور مواخذہ بھی تبوک میں نہ جانے پر لہٰذا آیۃ کریمہ واضح ہے یہ تفسیر دھیان میں رہے اس سے بہت اعتراض اٹھ گئے۔ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ یہ فرمانِ عالی خبر ہے اَلسَّبِيْلُ کی۔ اَلَّذِيْنَ سے مراد وہ ہی پہلے مذکورہ ستر منافقوں کی جماعت ہے جن کا ذکر نزول میں کیا گیا۔ اجازت یا رخصت مانگنے سے مراد ہے حضور انور کی بارگاہ میں جھوٹے بہانے بنا کر غزوۂ تبوک سے رہ جانے مدینہ منورہ میں بیٹھ رہنے کی اجازت طلبی ہے۔ غرضکہ ان کا اجازت مانگنا محض فریب تھا۔ تاکہ مسلمانوں سے کہہ سکیں کہ ہم تو حضور انور کی اجازت سے رہے تھے۔ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ یہ فرمانِ عالی يَسْتَاْذِنُوْنَكَ کے فاعل سے حال ہے اَغْنِيَآءُ جمع ہے غَنِیٌّ کی جیسے اَغْنِيَا جمع ہے غَنِیٌّ کی۔ یہاں غنی سے مراد ہے غزوہ میں خرچ کرنے کے لیئے مال۔ جانے کے لیئے سواری کا مالک ہونا۔ ساتھ ہی تندرست ہونا۔

marfat.com

جانے سے کوئی عذر نہ ہونا غنا بہت قسم کی ہے بھیک مانگنا حرام ہونے کی غنا صدقہ فطر و قربانی واجب ہونے کی غنا۔ زکوٰۃ اور صدقات واجبہ نہ لے سکنے کی غنا۔ زکوٰۃ واجب ہونے کی غنا۔ جہاد میں جانے کے لیئے غنا آخری دو قسم کی غنا کی حد مقرر نہیں حالات اور سفر کے لحاظ سے مختلف ہے حتیٰ کہ جن کو گھر بیٹھے حج یا جہاد میسّر ہو جیسے مکہ والوں کے لیئے حج یا جس شہر میں کفار یلغار کردیں وہاں کے رہنے والوں کے لیئے جہاد ان کے لیئے دولت شرط نہیں۔ رَضُوْا بِاَنْ یَّکُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ یہ فرمانِ عالی یا تو اِنَّمَا السَّبِیْلُ (الخ) کی وجہ ہے یَسْتَاْذِنُوْنَكَ کی یہاں رضاء سے مراد ہے خوش ہونا مَعَ سے مراد ہے مدینہ منورہ میں ساتھ رہنا۔ خَوَالِفُ جمع ہے خَالِفَۃٌ کی بمعنیٰ پیچھے رہ جانے والی۔ گھروں میں بیٹھ رہنے والی عورتیں یعنی وہ مدینہ منوّرہ میں رہ جانا کسی دینی خدمت کے لیئے نہیں چاہتے بلکہ صرف آرام طلبی کے لیئے چاہتے ہیں کہ مدینہ کی عورتوں کمزوروں میں ان کا بھی شمار ہو جاوے گھر میں مزے کریں اور ان پر کوئی عتاب نہ ہو۔ اپنی اس تدبیر پر خوش ہیں کہ ہم بڑے پالیسی والے سیاست دان ہیں۔ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ یہ فرمانِ عالی اگر نیا جملہ ہے تو واؤ ابتدائیہ ہے جس میں ان کی ان چالاکیوں کا انجام مذکور ہے اور اگر رَضُوْا کے فاعل سے حال ہے تو واؤ حالیہ ہے یعنی وہ تو اپنی چالاکیوں پر خوش ہیں کہ ہم جہاد کی تکالیف سے خوب بچے مگر حالت یہ ہے کہ اس سے ان کے دلوں پر غفلت یا کفر کی مہر اللہ نے لگا دی جس سے اب انہیں انجام سوچنے کی توفیق نہیں ملتی۔ فَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ یہ فرمان عالی طَبَعَ اللّٰهُ کا نتیجہ بیان فرمارہا ہے کہ جب اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کردی تو اب وہ اپنی ذلّت و خواری۔ آخرت میں عذاب مجاہدین کی عزت و عظمت آخرت میں ثواب رب کی رضا کچھ بھی نہیں جانتے ان کا مبلغِ علم صرف یہ ہے کہ ہم بہانہ بنا کر جہاد کی محنت سے خوب بچ گئے ہم بڑے شاطر و چالاک ہیں۔

**خلاصۂ تفسیر** غزوۂ تبوک میں نہ جانے پر مواخذہ اور پکڑ کی راہ مذکورہ چاروں معذوروں پر نہیں یہ پکڑ تو صرف ان بہانہ خور منافقوں پر ہے جو وہاں جانے پر پوری قدرت رکھتے ہوئے آپ سے اجازت مانگتے ہیں کہ ہم کو مدینہ منوّرہ میں رہ جانے کا اذن دیجئے۔ ہم بڑے مجبور ہیں ان کے اجازت مانگنے کی وجہ صرف ایک ہے وہ یہ کہ یہ لوگ مجبور معذور عورتوں کے ساتھ مدینہ منوّرہ میں رہنا پسند کرتے ہیں اور اپنی ان چالبازیوں پر خوش ہوتے ہیں۔ بہادر مجاہدین کے ساتھ جہاد میں جانا انہیں ناگوار ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ نے ان کے دلوں پر غفلت بلکہ کفر کی مہر لگا دی اب یہ انجام سے بے خبر ہیں بھلا برا کچھ نہیں جانتے صرف آرام طلب ہیں۔

**فائدے:۔** اس آیت کریمہ سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ حضور انور سے

marfat.com

کسی کام کی اجازت مانگنا اگر اچھی نیت سے ہو تو عبادت ورنہ حرام اور خدا کا عذاب رب فرماتا ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وہاں عبادت والی اجازت مراد ہے۔ دوسرا فائدہ :۔ غنا بہت قسم کا ہے جہاد میں حاضری کا غنا مختلف قسم کا ہے یہ فائدہ وَهُمْ اَغْنِیَآءُ کی تفسیر سے حاصل ہوا۔ دیکھو تفسیر تیسرا فائدہ مدینہ منورہ میں رہنا مدینہ والوں کے ساتھ رہنا بہترین عبادت ہے بشرطیکہ نیک نیتی سے ہو بدنیتی سے وہاں رہنا اہل مدینہ کے ساتھ رہنا غضب الٰہی کا ذریعہ ہے یہ فائدہ یَكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ سے حاصل ہوا کہ منافقین نے مدینہ منورہ میں رہنا وہاں کی مومنہ عورتوں معذور مومنوں کے ساتھ رہنا پسند کیا۔ غزوۂ تبوک میں جانے پر اس قیام کو ترجیح دی اُن پر یہ عتاب ہوا۔ چوتھا فائدہ :۔ عورتوں پر جہاد میں جانا فرض نہیں یہ فائدہ بھی مَعَ الْخَوَالِفِ سے حاصل ہوا کہ مدینہ منورہ میں بیٹھ رہنے والی عورتوں پر عتاب نہ ہوا۔ ہاں جب دشمن کا دباؤ بڑھ جاوے اور مرد مجاہدوں کی کمی ہو تو ایسی خاص حالت میں عورتوں پر بھی فرض ہے۔ پانچواں فائدہ۔ حضور انور کو ناراض کر کے مدینہ منورہ میں رہنا دل پر غفلت بلکہ کبھی کفر کی مہر لگ جانے کا ذریعہ ہے یہ فائدہ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ سے حاصل ہوا کہ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر منافقین کا مدینہ منورہ میں رہ جانے سے ان کے دلوں پر یہ مہر لگی۔ حضور جہاں رکھیں وہ جگہ ہی مدینہ ہے۔ چھٹا فائدہ :۔ دل جب بگڑ جاوے تو علم عقل۔ حواس سب ہی غلط کام کرتے ہیں پھر عاقل بے عقل ہو جاتا ہے عالم بے علم۔ انکھیارا اندھا ہو جاتا ہے سننے والا بہرا بلکہ زندہ مردہ بن جاتا ہے یہ فائدہ لَا یَعْلَمُوْنَ سے حاصل ہوا۔

**پہلا اعتراض** یہاں حضور انور سے رہ جانے کی اجازت مانگنے پر عتاب ہوا مگر اس سے پہلے اجازت نہ مانگنے گھر میں بیٹھ رہنے پر عتاب فرمایا گیا وَقَعَدَ الَّذِیْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فرما کر ان دونوں میں سے کونسا کام برا ہے دونوں آیتوں میں تعارض ہے۔ جواب حضور انور کی نافرمانی میں دونوں کام برے ہیں تعمیل حکم کی اطاعت کرنا انکے حکم پر جہاد میں جانا ہی اچھا ہے۔ لہٰذا یہ آیت بھی ٹھیک ہے وہ بھی۔ دوسرا اعتراض :۔ یہاں غنا کی کیوں قید لگائی۔ وَهُمْ اَغْنِیَآءُ۔ کیا فقراء کے لیے بہانے بنانا جائز تھا۔ جواب ان کا جھوٹ ظاہر فرمانے کے لیے کیونکہ انہوں نے کہا تھا کہ ہم جہاد میں جانے سے معذور ہیں ہمیں فلاں فلاں عذر ہے۔ اغنیاء فرما کر بتایا کہ انہیں عذر کوئی نہیں جہاد کے لائق دولت صحت سب کچھ انہیں میسر ہے۔ تیسرا اعتراض :۔ آخر میں فَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ کیوں فرمایا وہ تو جانتے تھے کہ ہم جھوٹ بول رہے ہیں نا سمجھ بادیانے نہ تھے۔ جواب یہ جاہلاک لوگ صرف نفس اور

marfat.com

نفسانیات کو ہی جانتے تھے روح اور روحانیات سے بے خبر تھے۔ لَا یَعْلَمُوْنَ میں اس علم کی نفی ہے۔ وہ یہ جانتے تھے کہ مدینہ منوّرہ میں رہ کر آرام کرنا اچھا ہے جہاد میں جاکر تکلیف اٹھانا ٹھیک نہیں لہٰذا لَا یَعْلَمُوْنَ فرمانا بالکل درست ہے۔ ؎

سعدی بشوئے لوحِ دل از ذکرِ غیرِ حق
علمے کہ راہِ حق نہ نماید جہالت است

بلندی پر چڑھنا مشکل ہے۔ اوپر سے نیچے گرنا آسان۔ نیچے گرانے والی چیز میل

**تفسیر صوفیانہ** زیادہ[1] چالاکی ہنسنے[2] دانت[3] خشک آنکھیں راحت[4] پسند دل ہیں اوپر چڑھ جانے والی سیڑھی۔ تر[1] آنکھیں غمگین[2] دل۔ مشقت[3] برداشت کرنے والا جسم راہِ خدا[4] کی بھوک پیاس ہے۔ دنیا[5] آخرت کا بازار ہے عقل[6] سلیم بہترین[7] رہبر۔ مال و نفس گناہوں کی سواری ہے یہاں کا غم آخرت کی خوشی کا پیش خیمہ مخلصین توکِ عشق میں جانے پر خوش تھے۔ منافقین رہ جانے پر خوش۔ مخلصین راہ کی گرد و غبار مگر صحبت یار سے راضی تھے۔ رہ جانے والے صحبتِ اغیار راحت و آرام پہنتے خوش ہوتے تھے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

ہر کجا آبِ رواں سبزہ بود
ہر کجا اشکِ رواں رحمت شود

جہاں پانی بہتا ہے وہاں سبزہ ہوتا ہے۔ جہاں آنسو بہتا ہے وہاں رحمت ہوتی ہے۔ حضور کی بارگاہ کی محتاجی عین ایمان ہے اُن سے بے نیازی صریح کفر وَهُمْ اَغْنِيَاءُ میں اُسی بے نیازی کی طرف اشارہ ہے کہ یہ لوگ آپ سے بے نیاز بنتے ہیں اور آپ سے جدائی کی اجازت مانگتے ہیں اغیار کے ساتھ رہ جانا چاہتے ہیں خوالفِ منافقین کی وہ جماعتیں جو حیلے بہانوں سے مدینہ منوّرہ میں ہی رہ گئیں۔

---

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے تفسیر نعیمی کی دسویں جلد پارہ وَاعْلَمُوْٓا آٹھ جمادی اولیٰ ۱۳۹۰ھ ہجری ۱۲ جولائی ۱۹۷۰ء کو دوشنبہ کو شروع ہوئی اور آج ۲۰ محرم الحرام ۱۳۹۱ھ ۱۸ مارچ ۱۹۷۱ء پنج شنبہ کے دن سوا دس بجے دوپہر نو مہینے بارہ دِن میں بخیر و خوبی ختم ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب دلوں کے طبیب حضور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ میں اس ناچیز خدمت کو قبول فرمائے۔ اسے صدقہ جاریہ بنائے۔ مجھ گنہگار کے گناہوں کا کفّارہ کرے بقیہ جلدوں بقیہ پاروں کی تکمیل کی توفیق دے۔ آمین۔

⁂

marfat.com

آمین آمین یارب العلمین بحرمۃ نبیک الکریم الرؤف الرحیم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ ونور عرشہ سیدنا ومولانا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین!

دستخط۔ احمد یار خان نعیمی اشرفی گجرات مغربی پاکستان

۲۰ محرم الحرام ۱۳۹۱ھ پنج شنبہ

حروفِ عقیدت از شاعر اہلسنت جناب حکیم سردار علی عاجز کاتب خوشنویس گلشن رقم

محلہ گیان پورہ گجرات

# یادداشت عاجز

ذ۱ پارہ تفسیر نعیمی حضرت نے لکھ پائی
نقل کرن دی نعمت یار وے میرے ہتھ آئی

یار یاراں نوں بھلدے ناہیں بھاویں رحلت پاون
اپنے ہی یاراں دے کولوں کم اپنا کراون

دن ہفتے دا سن چودہ سو ٹھائی تاریخ شعبانوں
سوہنی نقل تمامی ہوئی پھل کھڑ گئے قرآنوں

سردار علی عاجز نے کھولی پھلاں بھری پٹاری
طفیلِ کلام اس اللہ بخشے ہووے نہ کوئی خواری

صاحبزادے حضرت جی دے ناں اقتدار جنہاں دا
ہمت طبع کرن دی کردے سچا کم انہاں دا

محمد صدیق خوشنویس حضرت کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ

marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فہرست مضامین تفسیر نعیمی پارہ دہم


| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۱ | ۲ | وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ |
| ۲ | ۳ | تقسیمِ غنیمت صرف اسلام میں شروع ہوئی |
| ۳ | ۵ | نبی کریم اور عثمانِ غنی کا نسب نامہ |
| ۴ | ۵ | مسکین وفقیر کا فرق |
| ۵ | ۷ | کفار کے متروکہ مال کی قسمیں اور حکم |
| ۶ | ۸ | مومنین کی شان نبی کریم کے طفیل ہے |
| ۷ | ۹ | حدیث متواتر سے نسخِ قرآن جائز ہے |
| ۸ | ۱۱ | اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا |
| ۹ | ۱۶ | بدر کے قیدیوں میں صدیق اکبر کی رائے کا فائدہ |
| ۱۰ | ۱۷ | اِذْ یُرِیْكَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ |
| ۱۱ | ۱۸ | نبی کریم کو خواب میں کون سی چیز دکھائی گئی |
| ۱۲ | ۲۳ | خواب اور نظر گاہ کا فرق |
| ۱۳ | ۲۴ | یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَةً |
| ۱۴ | 〃 | جہاد کے چار آداب |
| ۱۵ | ۳۰ | نعرۂ تکبیر ونعرۂ رسالت بھی ذکر اللہ ہے |
| ۱۶ | ۳۱ | وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ |
| ۱۷ | ۳۴ | بطر فخر اور نفاق کا فرق |
| ۱۸ | ۳۵ | کس نیکی پر ثواب ملتا ہے کس پر نہیں |

| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۱۹ | ۳۶ | وَاِذْ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ |
| ۲۰ | ۳۷ | کفارِ بدر سے شیطان کی ملاقات کا واقعہ |
| ۲۱ | ۳۸ | عقبہ کی وجہ تسمیہ |
| ۲۲ | ۴۰ | شیطان وفرشتے شکل انسانی میں آسکتے ہیں |
| ۲۳ | ۴۱ | شیطان بدر میں کس وجہ سے ڈر کر بھاگا |
| ۲۴ | ۴۱ | محبت کی قسمیں |
| ۲۵ | ۴۲ | اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ |
| ۲۶ | ۴۳ | بدر اور صلح حدیبیہ میں منافق نہ گئے |
| ۲۷ | ۴۷ | وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ یَتَوَفَّی الَّذِیْنَ كَفَرُوْا |
| ۲۸ | ۴۸ | کتنے فرشتے کس طرح جان نکالتے ہیں |
| ۲۹ | ۵۱ | کافر ومومن کی موت میں فرق |
| ۳۰ | ۵۲ | كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ |
| ۳۱ | ۵۳ | آل کا معنیٰ |
| ۳۲ | ۵۷ | ذکر اللہ اور نعمت اللہ کی کون قدر کرتا ہے |
| ۳۳ | ۵۸ | كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ الخ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ |
| ۳۴ | ۵۹ | نبی علیہ السلام الوہیت وربوبیتِ خدا کی آیت ہیں |
| ۳۵ | ۶۱ | کفر کی قسمیں اور اُن میں فرق |


marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۶ | اَلَّذِیْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ | ۶۲ |
| ۳۷ | صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کی سن ہجری | ۶۷ |
| ۳۸ | وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا | ۶۸ |
| ۳۹ | کس مومن کے گھر جن نہیں جاتے | ۷۲ |
| ۴۰ | ظلم کے اقسام | ۷۲ |
| ۴۱ | تیاریٔ جہاد کی فضیلت | ۷۳ |
| ۴۲ | بڑا جہاد نفس سے ہے | ۷۷ |
| ۴۳ | وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا | ۷۷ |
| ۴۴ | کافر خود صلح چاہیں تو قبول کرو خود نہ جھکو | ۸۱ |
| ۴۵ | نبی پاک اور امتی کی ماں باپ کی دعا | ۸۴ |
| 〃 | میں فرق | 〃 |
| ۴۶ | محبت پیدا کرنے کا مجرب عمل | ۸۵ |
| ۴۷ | یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ | ۸۶ |
| ۴۸ | شانِ نزول حضرت عمر کا ایمان اور اس وقت | ۸۶ |
| 〃 | کتنے مسلمان ہو چکے تھے | 〃 |
| ۴۹ | ابوجہل یعنی عمرو ابن ہشام حضرت عمر کا سگا | ۸۷ |
| 〃 | ماموں تھا | 〃 |
| ۵۰ | حضرت عمر کے فضائل | ۹۰ |
| ۵۱ | یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ | ۹۳ |
| ۵۲ | حث اور تحریض و رغبت کا فرق | ۹۵ |
| ۵۳ | مومن کی لڑائی جہاد کیوں کافر کی جنگ کیوں | ۹۷ |
| ۵۴ | فرض کفایہ اور فرض عین کا ایک فرق | ۹۹ |
| ۵۵ | مَا كَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗ | ۱۰۳ |
| ۵۶ | اللہ کے دشمنوں کا خلاف ناممکن ہے | ۱۱۱ |
| ۵۷ | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مثلِ سورج کبھی جلال | ۱۱۲ |
| 〃 | کبھی جمال ہیں | 〃 |
| ۵۸ | یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّمَنْ فِیْۤ اَیْدِیْكُمْ | ۱۱۲ |
| ۵۹ | نبی کریم کی نگاہِ پاک اندھیرے اجالے دور | ۱۱۸ |
| 〃 | و نزدیک ہر وقت دیکھ سکتی تھی اور ہے | 〃 |
| ۶۰ | اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا | ۱۲۰ |
| ۶۱ | نبی کریم کے والدین طیبین کے مزارات کہاں ہیں | ۱۲۳ |
| 〃 | اور کیوں ہوئے اس کی وجہ۔ | 〃 |
| ۶۲ | مہاجرین صحابہ کا درجہ انصار سے زیادہ | ۱۲۵ |
| 〃 | ہے چھ وجہ سے ولی کے پانچ معنیٰ | 〃 |
| ۶۳ | وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ | ۱۲۷ |
| ۶۴ | مسلمانوں کی آپس کی دشمنی فرقہ پرستی اور کفار | ۱۳۱ |
| 〃 | سے محبت تباہی ہے | 〃 |
| ۶۵ | وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا | ۱۳۳ |
| ۶۶ | سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِیَّةٌ | ۱۳۸ |
| ۶۷ | سورہ توبہ کے دس نام اور ان کی وجہ | ۱۳۹ |
| ۶۸ | سورہ توبہ میں بسم اللہ شریف کیوں نہیں | ۱۳۹ |
| 〃 | لکھی گئی۔ | 〃 |
| ۶۹ | صدیق اکبر خلیفۂ برحق اور علی مرتضےٰ ان کے | ۱۴۱ |
| ۷۰ | وزیر ہیں | ۱۴۱ |
| ۷۱ | بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ | ۱۴۰ |


marfat.com

| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۷۲ | ۱۴۲ | نکتۂ عجیبہ حضرتِ علی جلال الٰہی کے مظہر |
| 〃 | 〃 | صدیقِ اکبر جمالِ الٰہی کے |
| ۷۳ | ۱۴۵ | سَیْرٌ سَرِیٌ اور سیاحۃ کا لغوی فرق |
| ۷۴ | ۱۵۰ | وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ |
| ۷۵ | ۱۵۲ | علمِ نحو کس نے مُرتّب کیا |
| ۷۶ | ۱۵۹ | اِلَّا الَّذِیْنَ عٰھَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ |
| ۷۷ | ۱۶۰ | فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْھُرُ الْحُرُمُ |
| ۷۸ | ۱۶۱ | نسخِ قرآن حدیث اور اجماعِ امت سے |
| 〃 | 〃 | جائز ہے |
| ۷۹ | ۱۶۴ | نومسلم مرد و عورت نماز کب پڑھیں |
| 〃 | 〃 | زکوٰۃ کب دیں |
| ۸۰ | ۱۶۷ | وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ اسْتَجَارَکَ |
| ۸۱ | ۱۷۰ | دین و عقائد میں تقلید جائز نہیں |
| ۸۲ | ۱۷۱ | کَیْفَ یَکُوْنُ لِلْمُشْرِکِیْنَ عَھْدٌ |
| 〃 | 〃 | عِنْدَ اللّٰہِ |
| ۸۳ | ۱۷۶ | کَیْفَ وَاِنْ یَّظْھَرُوْا عَلَیْکُمْ لَا یَرْقُبُوْ |
| 〃 | 〃 | فِیْکُمْ |
| ۸۴ | ۱۷۹ | ابو طالب دل کے مومن تھے |
| ۸۵ | ۱۸۰ | لَا یَرْقُبُوْنَ فِیْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّۃً |
| ۸۶ | ۱۸۴ | وَاِنْ نَّکَثُوْٓا اَیْمَانَھُمْ مِّنْ بَعْدِ |
| 〃 | 〃 | عَھْدِھِمْ |
| ۸۷ | ۱۸۸ | نبی کریم کے گستاخ کو ضرور قتل کیا جائے گا اگرچہ |
| 〃 | 〃 | توبہ کرے |

| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۸۸ | ۱۸۹ | نعلینِ پاک اور بال شریف کی گستاخی |
| 〃 | 〃 | کفر ہے |
| ۸۹ | ۱۹۱ | قَاتِلُوْھُمْ یُعَذِّبْھُمُ اللّٰہُ بِاَیْدِیْکُمْ |
| ۹۰ | ۱۹۵ | ذاتی دشمن کی موت پر خوشی منع ہے دینی دشمن |
| 〃 | 〃 | کے مرنے پر خوشی منانا سنتِ انبیاء حکمِ |
| 〃 | 〃 | ربّی ہے |
| ۹۱ | ۱۹۶ | اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَکُوْا وَلَمَّا یَعْلَمِ اللّٰہُ |
| ۹۲ | ۱۹۹ | مَا کَانَ لِلْمُشْرِکِیْنَ اَنْ یَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰہِ |
| ۹۳ | ۲۰۱ | گیارہ طریقے سے مسجد کی آبادی ہوتی ہے |
| ۹۴ | ۲۰۳ | کون لوگ مسجد کی آبادی کے اہل ہیں |
| ۹۵ | ۲۰۴ | حضرت سلیمان علیہ السلام نے مسجد میں |
| 〃 | 〃 | چراغاں کیا |
| ۹۶ | ۲۰۵ | کن صحابہ نے مسجد نبوی میں کیا زینت کی |
| ۹۷ | ۲۰۶ | اَجَعَلْتُمْ سِقَایَۃَ الْحَاجِّ |
| ۹۸ | ۲۱۱ | کعبہ۔ قرآنِ لفظی عرش فرش سب سے افضل نبی کریم |
| 〃 | 〃 | صلی اللہ علیہ وسلم ہیں |
| ۹۹ | ۲۱۳ | اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَھَاجَرُوْا وَجٰھَدُوْا |
| ۱۰۰ | ۲۱۹ | سب سے بڑا درجہ صحابہ کا ہے |
| ۱۰۱ | ۲۲۰ | خادم اور متخادم کا فرق |
| ۱۰۲ | ۲۲۰ | یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْ |
| 〃 | 〃 | اٰبَآءَکُمْ |
| ۱۰۳ | ۲۲۳ | ولایت و محبت کا فرق |
| 〃 | 〃 | ولی کے معنیٰ |


marfat.com

| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۱۰۴ | ۲۲۶ | یہود و نصاریٰ عورت سے کس مسلمان |
| // | // | کا نکاح حرام ہے |
| ۱۰۵ | ۲۲۶ | حقوق اللہ و حقوقِ رسول سب سے مقدم ہیں |
| ۱۰۶ | ۲۲۹ | تمام مسلمانوں کی نسبت بھی نبی کریم سے ہے |
| // | // | اور نسب بھی |
| ۱۰۷ | ۲۳۰ | لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ |
| // | // | كَثِيْرَةٍ |
| ۱۰۸ | ۲۳۱ | غزوۂ حنین کا واقعہ |
| ۱۰۹ | ۲۳۴ | حنین سے پہلے اثنیٰ غزوات ہوئے اور |
| // | // | اثنیٰ کا عدد کثیر ہے |
| ۱۱۰ | ۲۳۵ | آقائے کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سب جہان |
| // | // | سے زیادہ بہادر ہیں |
| ۱۱۱ | ۲۳۷ | عادل کسے کہتے ہیں معصوم صرف انبیاء |
| // | // | اور ملائکہ ہیں |
| ۱۱۲ | ۲۳۸ | ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى |
| // | // | رَسُوْلِهٖ |
| ۱۱۳ | ۲۴۰ | مقامِ جعرانہ کی وجہ تسمیہ |
| ۱۱۴ | ۲۴۲ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ |
| ۱۱۵ | ۲۴۵ | حرم شریف کے حدودِ اربعہ |
| ۱۱۶ | ۲۴۶ | کفار کے نجس ہونے کے متعلق چند قول |
| ۱۱۷ | ۲۴۷ | کفار جسماً ناپاک یعنی نجس العین نہیں حنفی مسلک |
| // | // | اور اس کے دلائل |
| ۱۱۸ | ۲۴۸ | نَجِسٌ اور نَجَسٌ کا فرق |

| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۱۱۹ | ۲۵۰ | قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ |
| ۱۲۰ | ۲۵۳ | یَدٌ بمعنیٰ ہاتھ کتنے معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے |
| ۱۲۱ | ۲۵۴ | جزیہ کے احکام |
| ۱۲۲ | ۲۵۸ | وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ا۟بْنُ اللّٰهِ |
| ۱۲۳ | ۲۶۰ | یہود یوں اور عیسائیوں کو یہود و نصاریٰ |
| // | // | کیوں کہتے ہیں |
| ۱۲۴ | ۲۶۴ | اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ |
| ۱۲۵ | ۲۶۹ | يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ |
| // | // | بِاَفْوَاهِهِمْ |
| ۱۲۶ | ۲۷۱ | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کا نور کس وجہ |
| // | // | سے ہیں |
| ۱۲۷ | ۲۷۱ | اِکمال اور اِتمام کا فرق |
| ۱۲۸ | ۲۸۰ | ابوذر غفاری اور امیر معاویہ کا مناظرہ |
| ۱۲۹ | ۲۸۴ | يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ |
| ۱۳۰ | ۲۸۵ | بخیل کے تین اعضا کیوں داغے جائیں گے کم و بیش |
| // | // | کیوں نہیں |
| ۱۳۱ | ۲۹۰ | قمری شمسی مہینوں کا تذکرہ |
| ۱۳۲ | ۲۹۱ | ہجرت کس مہینہ میں ہوئی سنہ ہجری سنتِ |
| // | // | فاروقی ہے |
| ۱۳۳ | ۲۹۳ | اسلامی مہینوں کے نام اور وجہ تسمیہ |
| ۱۳۴ | ۲۹۴ | سب سے افضل مہینے کون سے ہیں |
| ۱۳۵ | ۲۹۷ | اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ |
| ۱۳۶ | ۳۰۰ | مہینہ بدلنے کا موجد کون ہے |


marfat.com

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۳۷ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ | ۳۰۴ |
| " | اِذَا قِيْلَ لَكُمْ | " |
| ۱۳۸ | سورۂ توبہ کا نام سورۂ توبہ کیوں ہے | ۳۰۷ |
| ۱۳۹ | غزوۂ تبوک نبی کریم کا آخری جہاد ہے | ۳۰۷ |
| ۱۴۰ | دنیا آخرت کے مقابل بہت تھوڑی ہے | ۳۰۸ |
| " | چند وجہ سے | " |
| ۱۴۱ | اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ | ۳۱۲ |
| ۱۴۲ | پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کا واقعہ | ۳۱۴ |
| " | " | " |
| ۱۴۳ | حضرت عمر کا رشک | ۳۱۷ |
| ۱۴۴ | ثانی اثنین کی عجیب عددی تحقیق | ۳۱۸ |
| ۱۴۵ | اللہ تعالے کی ہمراہی کتنی طرح کی ہے | ۳۱۹ |
| ۱۴۶ | فضائل صدیق اکبر | ۳۲۱ |
| ۱۴۷ | چار خلفاء چار صفات کے مظہر اتم ہیں | ۳۲۵ |
| ۱۴۸ | اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا | ۳۲۶ |
| ۱۴۹ | لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا | ۳۳۰ |
| " | قَاصِدًا | " |
| ۱۵۰ | جھوٹی قسمیں کھانے کا وبال اور نقصان | ۳۳۲ |
| ۱۵۱ | نبی کریم سے جہان کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں | ۳۳۵ |
| ۱۵۲ | عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ | ۳۳۵ |
| ۱۵۳ | عَفْوٌ کے چھ معنیٰ | ۳۳۶ |
| ۱۵۴ | تین چیزوں سے سختی سے بچو | ۳۴۰ |
| ۱۵۵ | اللہ تعالیٰ کس کو کس طرح جانتا ہے | ۳۴۱ |

| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۵۶ | اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا | ۳۴۲ |
| ۷ | يُؤْمِنُوْنَ | " |
| ۱۵۷ | تحقیق و تدقیق کا فرق | ۳۴۶ |
| ۱۵۸ | لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ | ۳۴۶ |
| " | اِلَّا خَبَالًا | " |
| ۱۵۹ | خَبَالَ کے سات معنیٰ | ۳۵۰ |
| ۱۶۰ | وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ | ۳۵۶ |
| ۱۶۱ | نبی کریم کی رضاء کے بغیر مدینے پاک میں رہنا گناہ بلکہ کفر ہے | ۳۶۰ |
| " | " | " |
| ۱۶۲ | اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ | ۳۶۳ |
| ۱۶۳ | غم اور فخر تکبر اور بے صبری سے بچنے کا طریقہ | ۳۶۸ |
| " | " | " |
| ۱۶۴ | قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى | ۳۷۰ |
| " | الْحُسْنَيَيْنِ | " |
| ۱۶۵ | نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے نام کی تاثیر گناہ کو بھی تکلیف کو راحت بنا دیتا ہے | ۳۷۵ |
| " | " | " |
| ۱۶۶ | وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ | ۳۷۶ |
| " | نَفَقَاتُهُمْ | " |
| ۱۶۷ | خلافتِ صدیقی میں منکرین زکوٰۃ نہ تھے | ۳۸۱ |
| ۷ | بلکہ مانعین زکوٰۃ پیدا ہوئے | " |
| ۱۶۸ | مال اولاد کی محبت تین طرح کی ہے | ۳۸۲ |
| ۱۶۹ | ہلاک کرنیوالی تین چیزیں | ۳۸۲ |
| ۱۷۰ | وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ | ۳۸۲ |


marfat.com

| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۱۷۱ | ۲۸۷ | شروع سے ہی مسلمان دو قسم کے ہیں دینی |
| 〃 | 〃 | اور قومی |
| ۱۷۲ | ۲۹۱ | لَہُمْ کے معنیٰ اور اس کا فرق |
| ۱۷۳ | ۲۹۶ | ذکر الٰہی کی قسمیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام |
| 〃 | 〃 | کا واقعہ |
| ۱۷۴ | ۲۹۷ | اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ |
| 〃 | 〃 | وَالْمَسٰكِيْنِ |
| ۱۷۵ | ۲۹۸ | فقراء اور مسکین کا لغوی ترجمہ اور |
| 〃 | 〃 | ان کا فرق |
| ۱۷۶ | ۳۰۲ | زکوٰۃ کی حکمتیں |
| ۱۷۷ | ۳۰۸ | وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ |
| ۱۷۸ | ۳۱۲ | نبی کریم سب کی سنتے ہیں مگر مانتے صرف |
| 〃 | 〃 | مومنوں کی ہیں |
| ۱۷۹ | ۳۱۴ | اٰمَنُوْا کے ساتھ ب اور لام |
| 〃 | 〃 | کا فرق |
| ۱۸۰ | ۳۱۶ | يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ |
| 〃 | 〃 | لِيُرْضُوْكُمْ |
| ۱۸۱ | ۳۲۰ | اللہ رسول کو ملانا ایمانِ کامل ہے |
| ۱۸۲ | ۳۲۱ | نبی کریم کی رضا سب پر مقدم ہے |
| ۱۸۳ | ۳۲۱ | نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے والدین |
| 〃 | 〃 | کی طرف سے قربانی اور حج کرنا جائز |
| 〃 | 〃 | ہے۔ |

| نمبر شمار | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|
| ۱۸۴ | ۳۲۳ | يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ |
| 〃 | 〃 | عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ |
| ۱۸۵ | ۳۳۲ | اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ |
| 〃 | 〃 | مِنْ بَعْضٍ |
| ۱۸۶ | ۳۳۴ | منافقوں کی تعداد |
| ۱۸۷ | ۳۳۵ | وعدہ اور وعید کا فرق۔ ہم کے معنیٰ |
| ۱۸۸ | ۳۴۰ | كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْا |
| 〃 | 〃 | اَشَدَّ مِنْكُمْ |
| ۱۸۹ | ۳۴۶ | مومن دنیا میں نیرتا رہتا ہے اور کافر |
| 〃 | 〃 | ڈوبتا ہے |
| ۱۹۰ | ۳۴۶ | اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ |
| 〃 | 〃 | قَبْلِهِمْ |
| ۱۹۱ | ۳۴۸ | چھ ہلاک شدہ کافر قوموں کے |
| 〃 | 〃 | نام و سکونت |
| ۱۹۲ | ۳۵۳ | وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ |
| 〃 | 〃 | بَعْضُهُمْ |
| ۱۹۳ | ۳۵۴ | ولی کے معنیٰ اور امر بالمعروف کے |
| 〃 | 〃 | کہتے ہیں |
| ۱۹۴ | ۱۵۹ | کافر کبھی آپس میں مخلص دوست نہیں |
| 〃 | 〃 | ہوتے ان کی محبتیں سیاسی ہیں |
| ۱۹۵ | ۳۶۰ | اللہ تعالیٰ نمازیوں کو پانچ نمازوں سے |
| 〃 | 〃 | پانچ رحمتیں عطاء فرمائے گا |
| ۱۹۶ | ۳۶۱ | وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ |


marfat.com